UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224112
UNIVERSAL
LIBRARY

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] يكم محرم سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۱

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

جسقدر روپيه بابت اِس پرچه كے بطور چنده خواه بطور قيمت وصول هو وه كسي خاص شخص كي ملكيت نهوگا بلكه اِس پرچه كے اجرا و ترقي ميں صرف كيا جاويگا *

مسلمانوں ميں سے جو شخص ساٹهه روپيه سالانه پيشگي بطور چنده دے وه اس پرچه كے متعلق معاملات ميں ممبر متصور هوگا *

علاوه اِس كے جو شخص كچهه روپيه بطور ڈونيشن دے وه بشكر گذاري تمام ليا جاويگا *

يهه پرچه هر مهينے ميں ايک بار يا دو بار يا تين بار جيسا كه مقتضاے مضامين هوگا چهپا كريگا قيمت في پرچه دو آنه اور مع محصول تين آنه هوگي مگر خريداروں كو كم سے كم تين روپيه قيمت اور ايكروپيه آٹهه آنه محصول جمله چار روپيه آٹهه آنه پيشگي بهيجنے هونگے *

اگر كوئي شخص كوئي خاص پرچه خريدنا چاهے گا اُس كو في پرچه چار آنه قيمت اور ايک آنه محصول دينا هوگا *

ممبروں كو بلا قيمت يهه پرچه مليگا اور اُن كو اُس كے تقسيم كا بهي بلا قيمت جسكو وه چاهيں اختيار هوگا *

اِس پرچه ميں بجز مضامين متعلق تهذيب اخلاق و حسن معاشرت كے جهاں تک كه وه مسلمانوں سے متعلق هيں اور كچهه مندرج نهوگا *

مضمون نمبر ۲۳

دين اور دنيا كا رشته

نجات ابدي جو نتيجه سچے مذهب يا سچے دين كا هى وه دنيا كے ساتهه لازم و ملزوم نهيں هى ايک شخص جسنے تمام عمر عسرت و تنگي ميں بسر كي هو اور لباس برهنگي كے سوا اور كوئي لباس زيب تن نه كيا هو اور بناس پتي كے سوا جو كے بن چهنے آٹے كي روٹي بهي نصيب نهوئي هو وه بهي سچے مذهب كي بدولت نجات ابدي حاصل كرسكتا هى اور جس شخص نے لاكهوں كروڑوں روپيه بطور جايز پيدا اور خرچ كيئے هوں اور مصمودي و تن زيب زيب تن كيا هو اور محلوں ميں سويا هو اور باغوں كي ٹهنڈي هوا ميں پهرا هو پري تمثال عربي گهوڑوں پر چڑها هو وه بهي سچے دين ومذهب كي بدولت نجات ابدي پاسكتا هى — هم دنيا ميں بے انتها مذاهب مختلفه كے لوگ ديكهتے هيں جنميں بلاشبهه كوئي سچے اصول پر اور كوئي غلط بنياد اور جهوٹے اصول پر مبني هوگا اور هر مذهب كے لوگوں ميں تنگي و فراخي دولت

 دين اور دنيا کا رشته

و مفلسي کو پاتے هيں اِسليئے يقين کرتے هيں که دنيا کسي کے ساتهه لازم و ملزوم نهيں هى مسلمانوں کو اِس مضمون پر يقين کرنے کے ليئے حضرت ابوذر غفاري رحمةالله عليه کي زندگي کا حال جاننا کافي هى جو علانيه اور حضرت عمر رضى الله تعالى عنه کے سے تقيهه کے مقابله ميں فرماتے تهے که " و الله صاحب المال کافر " مگر دنيا اور دين سے ايسا مستحکم رشته هى جو کسيطرح ٹوٹ نهيں سکتا جسطرح که بد بختي سے کبهي دنيا دين کو غارت بهي کرديتي هى اُسيطرح خوش‌قسمتي سے دنيا دين کو سنوار بهي ديتي هى مشهور مقوله هى— پراگنده روزي پراگنده دل *

اب ان عقلي باتوں کو جانے دو اِس پر تو يقيني سب مسلمان يقين کرتے هونگے که کسي بنده پر خدا کا غضب دنياوي امور کے سبب نهيں هوتا بلکه ديني قصور اور نافرماني اور گناه و معصيت کے سبب هوتا هى اور يهه بهي ظاهر هى که دنيا دار جزا نهيں هى اور جو گناه اور معصيت بندوں کي هى اُس کي سزا کے ليئے دنيا نهيں بااين همه هم قران مجيد ميں ديکهتے هيں که خدا تعالى نے ديني تقصيرات پر يهوديوں کے ساتهه دنيا ميں کيا معامله کيا کيونکه خدا تعالى قران مجيد ميں يهه فرماتا هى " و ضربت عليهم الذلة والمسکنة وباؤا بغضب من الله ذلک بانهم کانوا يکفرون بايات الله و يقتلون النبيين بغير الحق ذلک بما عصو و کانوا يعتدون " پس اگر دنيا کو دين کے ساتهه کوئي مستحکم رشته نه تها تو خدا تعالى نے بيچارے يهوديوں کو دنيا ميں ذليل اور مسکين کيوں کيا *

اب دوسري طرح پر غور کرو اور ايک خيالي دنيا بناؤ اور يهه تصور کرو که هندوستان ميں تمام مسلمانوں کے پاس دولت و حکومت اور منصب نرهے سب مفلس اور نان شبينه کو محتاج هوں (جيساکه انشاء الله تعالى اُن بد عقليوں اور بد فهميوں اور بد نصيبيوں کے سبب جو زمانه حال ميں اُن کے خطوط پيشاني سے پڑهي جاتي هيں عنقريب هونے والا هى) اور در بدر بهيک مانگتے پهريں ان کي اولاد جاهل اور نالايق چور اور بد معاش هو واعظين کو جو محض رياکاري اور مکاري سے دنيا کماتے پڑے پهرتے هيں کوئي ٹکا دينے والا يا حرام کا لقمه تو کهلانے والا نرهے جناب حضرت پير جي صاحب جو لوگوں کو مريد کرکر اپنا لشکر بناتے پهرتے هيں اور سالانه ٹيکس يا جزيه اُنپر مقرر کرتے هيں اور هرسال اُسکي تحصيل ميں مصروف هيں اُنکو کوئي دينے والا نرهے يا جناب مولوي صاحب قبله جو حديث و تفسير يا صدرا و شمس بازغه طالبعلموں کو پڑهاتے هيں اُنکو کوئي چار پيسے کو نوکر رکهنے والا نرهے جيسا که اب بهي يهي حال موجود هى که اچهے مولوي ٹکے ٹکے کو مارے پهرتے هيں اور کوئي نهيں پوچهتا تو اُسوقت دين کا کيا حال هوگا *

مگر اسکے ساتهه يهه بهي تصور کرنا چاهيئے که پيٹ ايسي چيز هى که دين رهے يا جاوے' خدا ملے يا نه ملے اُسکو بهرنا چاهيئے تو ايسي‌حالت ميں مسلمانوں کو پيٹ بهرنے کي تو کچهه فکر کرني چاهيئے گي اور؛ فکر کيا هوگي اُسکا خيال بڑے دينداروں کي نسبت تو يهه هوسکتا هى که کسي کے گهر چهيتڑي ڈهو رهے هيں کسي جنگل ميں گهانس چهيل رهے هيں کسي پهاڑ پر لکڑياں چن رهے هونگے کسيکا گهوڑا مل رهے هوں اور جو ايسے پکے ديندار نهيں هيں اُنکي نسبت کچهه خيال نهيں هوسکتا که وه کيا کيا کرينگے معلوم نهيں که اُن سے جيلخانے اور جزائر نو آباد بهرينگے يا يتيم خانے اور کليسيا رونق پارينگے پس ايسي حالت ميں خيال کرنا چاهيئے که دين اسلام کي کيا شان هوگي اور اُسوقت هم سلام کرينگے اور پوچهيں گے کہ کيوں جناب قبله و کعبه هم جو مسلمانوں ميں دنيوي؛ ترقي، و تهذيب تربيت و شايستگي ميں کوشش کرتے تهے وه همارا امر معاش ميں منهمک هونا اور ترغيب دينا اور امر معاد کي طرف سے بالکل ڈهول اور غفلت کا پرده ڈالنا تها يا يهه کام خاص خدا کا اور بالکل دين کا اور سرتاسر معاد کا تها *

خدا تعالى نے مذهب اسلام کو عين حکمت بنايا هى اُسکي بهلائي چاهنے والے کو ضرور هى که وه بهي حکيم هو نه مکار اور دغاباز اور حکيم کا يهه کام هى که جو مرض ديکهتا هى اُسکي دوا کرتا هى اِسوقت هندوستان کے مسلمانوں کا يهه حال هى که امور معاش و تمدن و حسن معاشرت اور علم کي ابتري و خرابي کے سبب روز بروز خراب و ذليل و حقير و برباد هوتے جاتے هيں اور يهه واعظ و مولوي اور پير جي خدا و رسول کے دشمن اُنکو روز بروز برباد و تباه کرتے جاتے هيں پس ايسي حالت ميں که هم بخوبي يقين کرتے هيں که وه يعني مسلمان يقيني اپنے مذهب پر پخته هيں خدا کو ايک جانتے هيں رسول کو بر حق سمجهتے هيں نماز روزه حج زکواة فرض جانتے هيں ايک ايک جولاها بهي ضروري نماز روزے کے مسئلے جانتا هى يا هر طرح پر اُسکے جاننے کا سامان يا موقع موجود هى مذهب اسلام کے دوستدار کا يهه کام هى که اپنے تئيں پيرجي يا حضرت صاحب يا مولوي صاحب کهلانے اور دغابازي سے دنيا کمانے کے ليئے اُنهي باتوں کا جنکي ضرورت نهيں هى بيٹها هوا وعظ کها کرے يا جنکي ضرورت درحقيقت مسلمانوں کو اور خود اسلام کو هى اُسکي تدبير اور کوشش کرے *

افسوس خدا هاتهه نهيں اتا جناب رسول خدا صلى الله عليه وسلم دنيا ميں موجود نهيں هيں ورنه ايک ايک کا هاتهه پکڑ کر اُنکے سامنے ليجاتا اور کهتا او خدا اور اے جناب رسول خدا تم مجهه ميں اور اِنميں محاکمه کرو اور بتاؤ که کون تمهارا دوستدار هى ميں گنهگار يا يهه ديندار اور اِنشاالله تعالى اگر خدا سچ هى اور قيامت درست هى تو يهه معرکه هونا هى ليکن باايںهمه اگر کوئي مباهله پر امادہ هو تو ميں مباهله کو موجود هوں *

تعجب کي بات هى که اِسبات پر کوشش کرنا که مسلمانوں ميں قومي ترقي هو علوم ديني قايم رهيں علوم دنياوي جو مفيد و بکار آمد هيں اُنکا رواج اور ترقي هو لوگ معاش سے فارغ البال هوں اکل حلال پيدا کرنے کے وسيلے هاتهه آويں حسن معاشرت ميں جو نقص هيں وہ رفع هوں جن بدرسموں اور خراب عادتوں سے غير قوميں مسلمانوں کو اور اسلام کو حقير و ذليل سمجهتي هيں وہ موقوف کي جاويں جو خلاف شرع تعصبات و توهمات هيں اور هر طرح کي ترقي کے مانع هيں وہ دور کيئے جاويں اِن تمام باتوں کو محض دينداري اور حب قومي سے نه سمجهنا اور انهماک دنيا کا الزام دينا کس طرح خدا کے نزديک درست هوگا *

باقي رها اختلاف بعض مسائل ميں وہ ايک جدابات هى ميں جس مسئلة کو حق اور سچ سمجهتا هوں بلا خوف اُسکو کرتا هوں بقول شخصے — از خدا شرم دار و شرم مدار * اَن مسائل ميں سے جب کوئي مسئله کسي صاحب کي تحرير يا تقرير سے غلط ثابت هوگا مجهکو اُسکا اقرار کرنے اور توبه کرنے ميں ايک لمحه کي بهي خدا نے چاها تو دير نهوگي والله ولي التوفيق *

يهه امور جو ميںنے لکهے مجهکو لکهنے زيبا نه تهے مگر بمجبوري جو کچهه اپني نيت اور اپنا ارادہ اور قصد هى اُسکا عام طرح پر ظاهر کرنا ضرور تها اِس ليئے دوچار حرف اُسي سختي سے جو ميرے دامےں هى لکهے گئے هيں تاکه ميرے مخالف اور موافق سب اُسپر غور کريں *

راقـــــــــــم
سيد احمد

نمبر ٢٣

دوستي

خدا نے اِنسان کو مدني الطبع پيدا کيا هى اور اِس ليئے اُس کو صحبت اور جلسة کي حاجت هى اور صحبت و مجالست نهيں هوسکتي بغير کسيقدر هونے اُس مناسبت کے جو که ارکان مجلس کے درميان اِتحاد پيدا کرتي هى اور جسکو لوگ لفظ دوستي سے تعبير کرتے هيں اِس ليئے صاف ظاهر هى که اِنسان کي حظ زندگي کے ليئے دوستي ضرور هى ليکن دوستي کي حقيقت قرار واقعي دريافت کرني البته دشوار هى بعض اُس کو وہ طبيعت همدردي قرار ديتے هيں جو که بني نوع انسان ميں بسبب مختلف وجوهات کے انثر بسبب بهت سے ارتباط کے پيدا هوجاتي هى مگر ايک نوع کي دوستي اشخاص متفق الراے يا متفق الحال کے درميان بهي هوتي هى گو وہ آپسميں ايک دوسرے سے واقف نهوں اِس قسم کي دوستي سب سے زيادہ هم مذهبوں ميں هوتي هى اور ايسي جگهه جهاں که اُن کے ساتهي کم هوں سب سے زيادہ نماياں هوتي هى اِس هي طرح ايک خاص قسم کي دوستي کسي بڑے نامي گرامي اُستاد اور اُسکے مداحوں ميں بلکه خود مداحوں ميں آپسميں بهي هوتي هى گو وہ اُستاد اپنے مداحوں اور مداح آپسميں ايک دوسرے سے ناواقف هو غرض که کسيطرح دوستي پيدا هوتي هو اِس ميں کچهه کلام نهيں که اِنسان کي آسايش و راحت کے ليئے لازم هى *

اِنسان گويا هزار ها خواهشوں اور جذبات کا مجموعه هى اور اُن ميں سے هزاروں خواهشيں اور جذبات ايسے هيں که بغير دوست کے هرگز نهيں سير هوسکتے اور لارڈ بيکن † سچ کهتا هى که " سب سے بڑا فائدہ دوستي کا وہ فرحت قلبي اور اظهار جوش دلي هى جو که هر قسم کي خواهشيں اور ولوله پيدا کرتا هى " هر زمانه کے حکماء اور عقلا اور بڑے امير و کبير ايسے دوست کي جسکو وہ اپنے رنج و خوشي کا همدم اور صلاح و مشورہ ميں محرم بناسکيں نهايت قدر کرتے آئے هيں اور سلاطين جو که تمام خلايق کي نسبت عالي مرتبه هونے کے سبب دوستي کے اِس مقدم فائدہ سے محروم رہ جاتے اُس فائدہ سے بهرہ اندوز هونے کے ليئے اپني رعايا ميں سے ادنى درجه کے لوگوں کو مراتب عالي عطا فرماکر اُن کو اپنا " رفيق رنج و راحت " کرليتے تهے اِس کي متعدد مثاليں هيں منجمله اُن کے ايک شاہ جوليس سيزر کي هى جس نے بروطس کو مرتبه عالي عطا کرکے اپنا دوست بنايا تها اور دوسرے شاہ اگسطس کي هى جس نے اگريا پر اِسي غرض سے عنايت و نوازش فرمائي تهي *

علاوہ فوائد مذکورہ بالا اَوْر بهي ايسے فائدے هيں جو بغير دوست حقيقي کے حاصل نهيں هوسکتے کيونکه وہ سچي دوستي کے ثمرہ هوتے هيں مثلاً وہ فوائد جو که اِنسان کو صلاح و مشورہ سے حاصل هوتے هيں بشر کے خيالات کي اصل قدر (يعني اُن کي صحت و غلطي يا حسن و عيب) بغير بيان کرنے کے نهيں معلوم هوسکتي بلکه بيکن نے تو يهانتک

---

† يهه بڑا فلسفي انگريز گذرا هى اور اس سے بڑھ کر آج تک کوئي اِنگلستان ميں نهيں هوا *

کہا هی کہ " انسان کا اپنے خیالات کو ایک بت یا تصویر کے سامنے بیان کرنا اُنکو اپنے دل هي دل میں گھونٹ رکھنے سے بدرجہا بہتر هی " اور في الحقیقت نہایت دانشمند تھا وہ عربي حکیم جو اپنے مسائل علمي کي صحت بخوبي دریافت کرنے کے لیئے اُن کو اپنے بکرے کے روبرو بیان کیا کرتا تھا *

صلاح و مشورے سچے دوست کے سب سے بہتر هوتے هیں خود اپني راے سے بھي بڑھکر کیونکہ اپني راے اپني هي بابت مثل خوشامدي کي راے کے هوتي هی " کیونکہ کوئي اپنے سے زیادہ اپنا خوشامدي نہیں هوتا " † انسان کي سمجھہ اکثر اُس کي راے کے صرف حسن دکھاتي هی اور اُس کے عیب دریافت کرنے کے لیئے دوسرے کي راے ضرور هی چنانچہ عربي شاعر نہایت خوبصورتي سے کہتا هی *

اقرن برائک راے غیرک واستشر * فا الراے لایخفي علی الاثنین
فالمرء مرأة تریه و جهه * ویری قفاه بجمع مراتین

علاوہ اِن سب باتوں کے دنیا دارالاسباب هی اور انسان کے کاروبار زندگي پیچ در پیچ هیں اِس لیئے مدد اور سہارے کے بغیر کام نہیں چل سکتا اور مدد اور سہارے کا همیشہ دستیاب هوجانا بغیر سچي دوستي کے تحقیق نہیں هوتا نظر بریں دنیا میں انسان کے کاروبار اور ضروریات بے انتہا هیں اور اُس کا وسیلہ و قدرت کیا مکاناً اور کیا زماناً محدود پس بہت سے ایسے کاروبار هیں اور بہت سي ایسي ضرورتیں هیں کہ جنکا قرار واقعي انجام دینا همارے بس میں نہیں لیکن همارے دوست کي حد قدرت میں هی اور اِس لیئے بدون اُس کي سعي اور مدد کے اُن کا پورا اور مہیا کرنا ممکن نہیں اِس قسم کے کاروبار وہ هوتے هیں جو کہ آدمي ایسے مکان و زمان میں جہاں اور جب وہ موجود نہیں هوسکتا کرنے چاهتا هی مثلاً ایسے کام جو کہ کوئي شخص ایسي جگہہ جہاں کہ وہ جا نہیں سکتا کرنے چاهتا هو یا ایسے وقت میں جب کہ وہ زندہ نہوگا پس ایک بڑے فلسفي نے کیا خوب کہا هی کہ " دوست خود هم سے زیادہ هوتا هی " *

اِن سب باتوں سے صاف ثابت هی کہ اِس عالم فاني میں بہ عیش و خوشي زندگي بسر کرنے کے لیئے دوستي فرض هی یہہ وہ جوش محبت هی جو کہ قدرت سے صرف انسان هي میں نہیں بلکہ حیوانات مطلق میں بھي کسیقدر پایا جاتا هی اور اگر کوئي شخص دوست نہ رکھتا هو اور نہ دوستي کرسکتا هو تو بہتر کہ وہ دنیا سے سفر کرجاوے *

رقیمہ
محمد محمود عفي عنہ

از کریسٹ کالج کیمبرج
۳ فروري سنہ ۱۸۷۱ ع

† یہہ قول هی ایک نہایت بڑے عالم فلسفي کا

نمبر ۲۵

تقلید مروجہ کي مضرت

تقلید کے معني لغوي قلادہ گردن میں ڈالنا هی اور اصطلاح میں اِس لفظ سے یہہ مراد هی کہ کسي شخص کا قول اُسکي معنیت سے بلا نظر و فکر قبول کیا جاوے اور جب تعصب اور عناد سے جو فلاح دارین کے همیشہ سنگ راہ هوتے هیں قطع تعلق کیا جاوے تو خانہ برانداز مصالح دیني و دنیوي اِس کي تفسیر بالالزام بہت ٹھیک هی همنے جو یہہ لزوم پیدا کیا اِس کي تسلیم میں شاید بعض ناظرین بلکہ اکثر کو تامل هوگا لہذا همکو اسمقام پر اسقدر مجملاً لکھنا ضرور هی کہ هم جملہ اقسام تقلید کو بہبودي و فلاح کے مضر نہیں بتاتے بلکہ همکو صرف اُس تقلید پر اعتراض هی جو بالفعل رائج اور مسلمانوں کي ترقیات علمي و اخلاقي کي مزاحم هی اور جب هم صفحہ خاطر پر جو حقیقت اشیاء کا جلوہ گاہ هی نظر ڈالتے هیں تو جملہ صفات ذمیمہ مثلاً اپنے منعم کا حق نہ پہچاننا نفاق و اختلاف کا شعلہ بھڑکانا اپني ترقیات میں ساعي نہونا هٹ دھرمي کو ایمان جاننا هر ایک کا منشاء یهي تقلید مروجہ هی اور سب کا سلسلہ یکساں اسي تقلید تک پهونچتا هی *

هر چند اکثر اقوام ایشیائي تقلید کي ظلمت میں گھرے اور اسي ایک سلسلہ میں سب کے سب بندھے هیں مگر انصاف یہہ هی کہ هندوستان کے مسلمانوں پر یہہ ظلمت زیادہ تر چھائي هی اور چونکہ اهل اسلام کے اسلاف ایسي تقلید سے همیشہ متنفر تھے اور اُس کو اپني ترقیات روز افزوں کي مانع تصور کرکے کنارہ کش تھے لہذا اب اِس زمانہ کے مدعیان اسلام کا ابتلاء اِس امر مذموم میں کون کہہ سکتا هی کہ زیادہ تر بدنما نہیں هی هر شخص جانتا هی کہ خوبصورت شکل میں اندک عیب زیادہ معلوم هوتا هی اور سفید برف کے تودہ میں میلا داغ صاف دیکھائي دیتا هی ویسا هي هرگاہ مذهب اسلام خوبیوں سے آراستہ هی لہذا اُس پر پابندي رسم و رواج و تقلید بیہودہ کا دهبہ جو حال کے پیروان اسلام نے لگایا هی دوست دشمن دونوں کي نظروں میں بدنما دیکھائي دیتا هی پس اِن خیالات کي بنیاد پر اگر کوئي مخالف همارے اصول مذهبي پر جو في نفسہ عیوب سے مبرا هی معترض هویا همکو حقارت کي نظر سے دیکھے تو همکو انصافا سواے سکوت کے چارہ نہیں هی هاں جب هم اُس آفتاب عالمتاب کو اپنے خیالات خارجي کے کسوف سے نکالیں اُس وقت جو شخص اُس کے انوار کے چھپانے کا ارادہ کرے وہ ارباب عقول کے نزدیک امر محال میں ساعي متصور هوگا *

تقلید مروجہ کی مضرت

ہمارے علماے صاحب الراے کا قول مسلم ہی کہ مدار تکلیف عقل پر ہی ایسے بےصحیح و مجہول لایعقل پر احکام شرعیہ متوجہہ نہیں ہیں اور ظاہر ہی کہ ہر چند سب نعمتیں جو ہمکو مبدأ فیاض سے عطا ہوئیں اپنی خوبیوں میں بےبہا ہیں مگر یہہ جوہر لطیف عقل و درایت کا اِن سب میں یکتا ہی کہ اُسیکی بدولت ہم دوسرے حیوانات پر دعوے شرافت کرتے ہیں پس انسان پر واجب ہی کہ مجرد تقلید پر اپنے کام کا مدار نہ کرے بلکہ اُس قوت کو بھی جو مایہ افتخار انسانی ہی اچھے و برے کے پہچاننے میں آزماوے مثلاً جب دو قوتوں میں تعارض ہو یا جب کوئی فعل ہمارا پہلے سے چلا آیا ہو اور اب زمانہ مابعد میں کوئی شخص اُس کے مخالف راے دیوے تو ایسی حالتوں میں بے دست و پا ہوکے ہمیں دوسروں کا منہہ تکنا یا ہٹ دھرمی کے ساتھہ اپنے عمل قدیم پر ثابت قدم رہنا بیہودہ بات ہی اور اناوجدنااباءنا علی امۃ وانا علی اثارہم مہتدون کے مفاد کی جسکی مذمت فرقان پاک میں مذکور ہی پیروی کرنی ہی دیکھو صناع ازل نے بمقتضاے صنعت کاملہ واسطے کفایت اِن مہمات کے عقل و درائت کی ایک نعمت بےبہا ایسی بخشی ہی کہ اگر ہم تعصب اور عناد کے اکاڑ کو چھوڑ کے ثابت قدمی کے ساتھہ تامل کریں تو نیک و بد میں بخوبی تمیز کرسکتے ہیں *

ہمارے زمانہ کے مدعیان اسلام قوت عقلیہ کو کام میں لانا اور اچھے و برے کو باعانت انوار عقلیہ دریافت کرنا کفر جانتے ہیں حالانکہ ایسے جوہر پاکیزہ کی قدر نہ جاننا اور اپنی مہمات دارین میں اِس مرشد کامل کو رہنما نہ بنانا عین خطا اور کفران نعمت بلکہ لایعقلون شیأ و لایہتدون کا مصداق بننا ہی بعضے اہل اسلام جو تھوڑے بہت حرف آشنا ہیں دو چار بیتیں مثنوی اور دیوان کی پڑہ کے مہمات دینی میں استدلال کو بیکار بتاتے ہیں اور یہہ نہیں جانتے کہ وہ کتابیں جنسے اِس مضمون کا استخراج کیا گیا ہمارے عقائد کی کتابوں میں شمار نہیں کی گئی ہیں مزیدے براں اُن ابیات کا منشاء یہی ہی کہ صرف قوت علمی و اِدراکی سے تکملہ ایمان ممکن نہیں بلکہ مومن کامل ہونے کے لیئے اپنے مفاد علمی پر بصدق نیت عمل کرنا ضرور ہی نہ یہہ کہ استدلال محض بے سود اور اندھوں کی مانند بن دیکھے چلنا مقتضی الی المطلوب ہی *

جب یہہ گوہر گرانمایہ ہمارے بھائیوں کی نظروں میں محض بیکار نظر آیا تو اب اپنے مصالح و منافع دارین کے دریافت کرنے کی کوئی سبیل دوسری سواے اسکے باقی نہیں رہی کہ بعض اشخاص کو بلا دلیل عارف باللہ و شریعت کا حامی قرار دیویں اور اُن کے فرمانے کو بے سمجھے بوجھے کالوحی من السماء معتبر اتصور کرکے اپنی عمر عزیز کو وحشیانہ خیالات میں رایگاں کریں *

کوئی مذہب ہو اُسمیں بہت ایسے پیشوا و ہادی بنتے ہیں جنکی کوششوں کی اصلی غایت اشاعت دین نہیں بلکہ اُنکا منشاء اِس پیرایہ میں مال و دولت کا حاصل کرنا ہوتا ہی ہاں ہمکو اِس امر سے انکار نہیں ہی کہ بعضے حضرات اپنی دلی توجہہ سے اپنی قوم و ملت کی ترقی اور اپنی شریعت کے اشاعت کے خواستگار ہوتے ہیں اور ریا و نمایش کو اُنکی کوششوں میں مداخلت نہیں ہوتی پس ہمکو اِن دونوں فرقوں میں تمیز کرنے کے لیئے اُسی عقل کے آلہ سے جو اِنہیں دنوں کے لیئے ایجاد کیا گیا ہی کام لینا چاہیئے تاکہ صاف ظاہر ہو جاوے کہ اِن مدعیوں میں کون ہمارا دل سے ہوا خواہ اور کون اِسی پیرایہ میں اپنی خاص منفعت کا طالب ہی اور اِس مطلب کے لیئے صرف رتبہ قایل پر نظر عقل کو مقتصر کرنا کافی نہیں بلکہ اُس کے اقوال پر بحث کرنا اور دلایل پر نظر کرنا واجبات سے ہی تاکہ ہر قول کا علم الیقین حاصل ہوجاوے اور پھر تشکیک مشکک کے لیئے کوئی موقع و گنجایش باقی نرہے *

اکثر ایسابھی دیکھا جاتا ہی کہ بعضے بزرگ زادے عابد و خداترس پیشوائی کا عمامہ اپنے سرپر رکھتے ہیں اور اپنی عمر اِس پیشہ میں جو ہدایت کے نام سے مشہور ہی بسر کرتے ہیں ہم کہہ سکتے ہیں کہ اُنکی نیت میں ہوا خواہی اسلام بےشبہہ جاگزین ہی مگر اِسبات میں گفتگو ہی کہ تفقہ فی الدین اور ادراک صحیح مصالح دنیوی میں اُن کو حاصل ہی یا نہیں پس بسا اوقات اُن کی تقلید آفت جان ہوتی ہی اِس لیئے کہ وے لوگ تو خود اُس راہ سے جسکی رہبری پر کمر چست باندھے ہوئے خلایق کو اپنی طرف بلاتے ہیں نا آشنا ہیں بقول مشہور * او خویشتن گم است کرا رہبری کند * اُن کی پیروی میں سواے خطر کے دوسری کیا اُمید ہی *

جب ہم دریافت کیا چاہیں کہ کیا وجہہ ہی کہ ہندوستانی مسلمان مثل اپنے ہموطنوں کی شایستگی اور ترقیات روز افزوں کے حاصل کرنے میں ساعی نہیں ہوتے اور اپنے میں اُن خصایل پسندیدہ سے جو تہذیب نفس کے لیئے ضروری ہیں مجلے نہیں کرتے تو اِس کی وجہہ سواے اِس تقلید بےمحل کے جس کے وہ عادی ہو رہے ہیں اور ضعیف و بیکار کردینے قوت عقلیہ کے دوسری معلوم نہیں ہوتی اور کیونکر یہہ سب خرابیاں باعث انتشار خاطر و تفرق جماعت اسلامی کے نہوں کہ زمانہ حال کے پیشوایان اسلام کا یہہ حال پہونچا ہی کہ اگر کوئی ناصح مشفق اہل اسلام کی ترقی میں بحث کرے اور اُنکی اصلاح حال کی تدبیر مناسب بتاوے تو اُس کی بات ابھی تمام بھی

نہیں ہونے پاتي کہ یہہ حضرات بعوض سپاس نہایت خشونت کے ساتھہ جدل و خلاف کے لیئے آمادہ ہوجاتے ہیں اور حکم کفروارتداد کا جو اُنکي پندار میں عامۃالورود ہی اُس بیچارہ کے حق میں صادر فرماتے ہیں ہم یہہ کب کہتے ہیں کہ کسي امر میں مناظرانہ بحث کرنا بیجا ہی البتہ ہمکو اُن کي ترش روئي اور مجادلہ نالایم کي شکایت ہی اور جسقدر اِس شکایت کا سلسلہ دراز کیا جاوے بجا ہی *

پس جبتک ہمارے مسلمان بھائي تقلید مروجہ و پابندي رسم و رواج کو نچھوڑیں اور اپنے ہوا خواہ و بدخواہ کو بقوت عقلیہ نہ پہچانیں کوئي تدبیر کو کیسي ہي عمدہ ہو اُن کي اصلاح حال کے لیئے مفید نہیں ہوسکتي اور نہ اُنکي ترقیات کا ستارہ جو خانہ پستي میں آگیا ہی بلندي اقبال پر چمک سکتا ہی و باللہ التوفیق و ماعلینا الا البلاغ *

الراقـــــم
محمد عبدالغفور
مقام محمدآباد ضلع اعظم گڈھ

نمبر ۲۶

طلب علم

صانع حقیقي نے ایک نہایت عمدہ اور قیمتي گوہر طینت انساني میں سپرد کیا ہی اور ایک نہایت لطیف اور صاف آئینہ کہ جس سے تمام ممکنات کو دیکھہ سکے بشر کو عطا فرمایا ہی کبھي اُس سے ساتھہ دل کے تعبیر کیجاتي ہی اور کبھي ساتھہ عقل کے لیکن جیسے کہ گوہر اور آئینہ چرک اور بخارات سے مکدر اور بے آب ہو جاتا ہی ویسے ہي عقل اور دل خیالات فاسد اور اوصاف ذمیمہ کے باعث کہ جب وہ ہجوم کرکے گھیر لیتے ہیں اپني آب و تاب اور روشني دکھانے میں معطل و بیکار ہو جاتے ہیں *

یہہ بات کسیطرح تسلیم نہیں ہوسکتي کہ اخلاق حمیدہ اور اوصاف ذمیمہ ایک جگہہ جمع ہوں حقیقت میں یہہ دو جنس بیگانہ ہیں وہ آپس میں کیسے مل سکتي ہیں اور کیسے ہوسکتا ہی کہ ایک ظرف میں آگ و پاني جمع ہوسکیں ان دونوں میں ایسا بعد ہی جیسے مشرق اور مغرب میں جب کوئي ایک طرف سے دوسري طرف کو چلے تو ضرور ہوگا کہ ایک سے قرب دوسرے سے بعد ہوتا جاویگا جب تک طبیعت انسان میں وجود خیالات فاسد کا باقي رهیگا تب تک اوصاف حمیدہ اُسکو کسي طرح پسند اور مرغوب نہونگے — دیکھو بیمار کي حالت کو کہ جب مرض طبیعت کو بگاڑ دیتا ہی اور خراب کردیتا ہی تو عمدہ سے عمدہ خوشگوار غذا جسکي خوبي پر جمہور کا اتفاق ہو اُس مریض کو تلخ اور بدمزہ معلوم ہوتي ہی *

یہہ تلخي اور ناگواري کچھہ اس سبب سے نہیں ہی کہ وہ غذا بمجرد اسکے کہ جب اُس پر قوت ذائقہ اپنا عمل و تصرف کرتي ہی تب وہ غذا بنفسہ تلخ اور ناگوار ہوجاتي ہی بلکہ یہہ بات ہی کہ وہ قوت ذائقہ خودہي ناقص ہوتي ہی اور اُس میں وہ لیاقت بسبب مرض کے باقي نہیں رهتي ہی کہ جس سے وہ اصلي مزہ غذا کو دریافت اور اُسکي تمیز کرسکے *

پس آدمي کو لازم ہی کہ وہ تدبیر کرے جس سے روشن ضمیري اور ادراک عقلي اُسکا ترقي پاوے اور قبایح اور خیالات فاسد کي آلودگي زایل ہوجاوے اور تلاش اور طلب اُس آلہ کي کرے جس سے اُنکي کدورت و آلایش دور ہو جاوے اسبات سے کوئي شخص انکار نہیں کرسکتا ہی کہ وہ آلہ اُنکے صاف اور صیقل اور صحیح کرنے کے لیئے علم ہی اور بغیر علم کے کسي طرح ممکن نہیں ہی کہ وہ صاف اور شفاف اور صحیح ہوسکیں — علم اشرف سعادات اور افضل کمالات سے ہی اور اُسکي تحصیل اور طلب کي بابت بہت اخبار اور احادیث وارد ہوئي ہیں اور طرح طرح پر اُسکے اجر اور ثواب مذکور ہوئے ہیں بعض احادیث میں لفظ علم عام ہی اور بعض احادیث میں لفظ دین کے ساتھہ خاص کیا گیا ہی اور بعض جگہہ مثل علم ادیان باطلہ اور علم سحر اور علم کہانت اور مثل اُسکے سیکھنے کي ممانعت بھي ہی — بہر حال سواے اُس علم کے کہ جسکي بتصریح ممانعت ہوئي ہی (یہہ امر بھي تحقیق طلب ہی کہ کس کس علم کي تحصیل کي ممانعت ہی اور کون کون شعبہ اُس میں داخل ہوسکتے ہیں) باقي علم عام ہو یا خاص علم دین ہو اس میں کسي بات کو طول سے لکھنا ضرور نہیں ہی اسلیئے کہ مسلمانوں میں علم دین کے ادراک کے واسطے علوم متعارفہ مثل علم هیئت اور علم طبیعات اور ریاضي یا اُنکے شعبہ کا حاصل کرنا ضروریات سے سمجھا گیا ہی اور جب تک ان علوم میں آدمي کو کچھہ دستگاہ نہو تب تک اُسکا علم دین بھي ناقص سمجھا جاتا ہی غور کرو کہ خاص قران شریف اور عام مسائل شرع کے لیئے کیا علم هیئت کي ضرورت نہیں ہی کیا علم انتظام مدن اور حسن معاشرت کي حاجت نہیں ہی کیا علم جغرافیہ درکار نہیں ہی کیا علم هندسہ کي ضرورت نہ پڑیگي کیا علم طب کا حاصل کرنا ضرور نہیں ہی کیا علم تواریخ کي مہارت بیکار ہوگي وہ کون سا رطب اور یابس ہی جو قران مجید میں نہیں ہی اور جب تک مفصل پر عبور نہو مجمل کا ادراک بہت اشکال شي ہی حقیقت میں یہہ علوم ایک جہت سے متعلق علم دین سے ہیں اور ایک جہت سے انتظام مدن اور حسن معاشرت سے تعلق رکھتے ہیں جسکو عرف عام میں لوگ دنیا بولتے ہیں لیکن حقیقت میں شریعت مسلمانوں میں سواے اُن بعض امور کے جنکي بالتصریح ممانعت ہوئي ہی ایسے

بسبب امور داخل دینیات ہیں — اب ہمکو اسبات پر غور کرنا چاہیئے کہ مسلمانوں میں بابت اُن علوم کے جسقدر کہ متقدمین نے تحقیق کرکے اپنی کتابیں تالیف کی ہیں اُسی پر اکتفا کرنی چاہیئے یا جو کچھہ کہ اُن علوم کو کسی اور محنتوں اور کوششوں اور عمدہ عمدہ وسیلہ اور ذریعوں سے نئی نئی تحقیقاتیں اور تجربہ ہوکر جو کچھہ ترقی ہوئی ہو اُسکو بھی ہم لوگ تحصیل کریں — ظاہر ہی کہ محض متقدمین کی تحقیقات تک علم بہم پہونچانا اور کسی دوسری ترقی کی طلب نہ کرنا ایک بیہودہ اور لغو بات ہی — قران شریف میں یا حدیث میں ایسے امور کے لیئے کوئی حد معین نہیں کی گئی اور عقل بھی کسی طرح ایسے امر کو پسند نہیں کرتی ہی جو مانع ترقی کی ہو خصوص اُس حالت میں کہ جب کوئی ممانعت شرعی اُس میں نہیں ہی — نہیں ہمکو یہہ کہنا چاہیئے کہ جو کچھہ نئی ترقی علوم کو ہوئی ہی اُسکا ہمکو حاصل کرنا ضرور اور لازم ہی کیونکہ یہہ مسئلہ مسلم ہی کہ اصول دین کی تقویت اور استحکام کے لیئے اُن علوم متعارفہ کا استحصال ضروری اور ایک رکن ارکان امور دین سے ہی اور وہ علوم متعارفہ جب اپنی ایک حالت سے دوسری حالت اعلی پر پہونچتے ہیں تو حالت اول ناقص متصور ہوتی ہی بمقابلہ حالت ثانی کے اور ہم مسلمان لوگ جب اول ہی حالت کو پکڑے رہینگے جو ناقص ہی تو ہمارے امور دینی میں بھی نقصان ضرور لازم آویگا اور جب ہم حالت ثانی پر جو ترقی کی حالت ہی پہونچ جاوینگے تو ضرور ہی کہ ہمارے امور دینی بھی ترقی پاوینگے ترقی امور دینی سے مراد میری اِس جگہہ یہہ نہیں ہی کہ جو اصلی امور دینی معین و محدود ہیں اُنمیں کچھہ بڑہ جاویگا بلکہ مقصود میرا اُسکے استحکام سے ہی مثلاً فرض کرو کہ علوم متعارفہ کی تحقیقات کی بنا پر جو کوئی ثبوت یا دلیل استحکام کسی امر دینی کے لیئے قایم کی گئی ہی اور اب وہ بنام غلط ثابت ہوجاوے تو اِس سے اُس امر دینی ہمارے میں بھی غلطی یا ضعف سمجھا جاویگا لیکن جب ہم اُس حالت ترقی پر پہونچے ہوئے ہونگے تو نئی تحقیقاتوں کی بناء پر ہم دوسرا ثبوت یا دلیل قایم کر لینگے اور اُسکی اصلاح کرسکینگے اور اِسی طرح ہمارے امور دینی زیادہ تر مستحکم اور مضبوط ہوتے جاوینگے مسلمانوں کو یہہ بات تسلیم ہی کہ قران شریف قول ہی صانع حقیقی کا اور تمام اشیاء موجودہ جو قدرتی کہلاتی ہیں وہ اُسکی مصنوعات سے ہیں یعنی اُسکے فعل سے ظہور میں آئیں ہیں پس ضرور ہی کہ صانع کا قول اور فعل مطابق ہووے اب فرض کرو کہ مسلمانوں میں جو حقیقت اشیاء کی بعد تحقیقات کے دریافت ہوچکی ہی اُسکو جس جگہہ ضرورت ہوئی ہی قول سے مطابق کیاگیا ہی تا کہ قول اور فعل میں اختلاف واقع نہووے لیکن جبکہ اُنہیں اشیاء کی حقیقت کی تحقیقات کی ترقی کی جاوے اور اس تحقیقات میں کوئی بات لایق یقین کے ایسی ثابت ہوجاوے جو پچھلی تحقیقات کے سراسر مخالف ہووے تو جب تک کہ ہمکو ان تحقیقات جدید پر جس سے ترقی عبارت ہی عبور اور اُنکے تمامی حالات بلکہ ماہیت دریافت نہووے تب تک ضرور ہی کہ قول اور فعل صانع کا مختلف سمجھا جاویگا اور جبکہ قول اور فعل میں اختلاف پایا گیا تو ضرور ہوا کہ ایک کو اُنمیں سے صحیح اور دوسرے کو غلط قرار دیں اور فعل کی صحت پر یقین کرچکے ہیں تو پھر قول کو کسطرح سے صحیح مان سکینگے ہاں جب ان تحقیقات جدیدہ کا ہمکو علم حاصل ہوگا اور ہم اُسکے حالات سے بخوبی ماہر ہونگے تو ہمکو بہت آسان ہوگا کہ یا تو کسی دوسرے وسیلہ سے ایسی تحقیقات کریں کہ جس سے غلطی اُس تحقیقات درمیانی کی واضح ہوجاوے یا ایسی دلیل پیش کریں یا ایسی عمدہ تاویل کریں کہ اُس تحقیقات کی حالت ترقی سے بھی قول مطابق ہو جاوے اِس فرضی صورت پر یہہ اعتراض ہوسکتا ہی کہ جب ہم قول کی صحت کو یقینی جان چکے ہیں تو پھر کسطرح ترقی تحقیقات کے باعث جو خلاف تحقیقات مرتبہ اول کے ہی اور جو اب قول کے مخالف ظاہرا معلوم ہوتی ہی یقین کرسکینگے لیکن میرا مقصود یہہ نہیں ہی کہ قول کی صحت جسکو یقینی جان لیا گیا ہی مستلزم صحت تحقیقات اشیاء ہی بلکہ مراد یہہ ہی کہ ان دونوں کو باہم مطابق ٹھہرایا ہی پس جبکہ کوئی تحقیقات غلط ثابت ہو جاوے تو اُس قول کی غلطی خواہ مخواہ لازم نہیں آویگی بلکہ قول سے پھر مطابق کرنے کے لیئے موقع اور قوت باقی ہوگی الا یہہ قوت اور موقع تب ہی باقی رہیگا کہ جب اِس ترقی تحقیقات پر ہمکو کامل مہارت ہو ورنہ گو زبان سے نہ کہہسکیں مگر دل میں شبہہ ضرور رہیگا اور مراد جو استحکامی دین سے ہی اُس میں بڑا خلل پڑیگا پھر ہمکو یہہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ آیا جو نئی ترقی ہوئی ہو اُسکا علم ہمکو حاصل کرنا اُسی حالت میں چاہیئے کہ جب ہم میں سے کسی کے باعث وہ ترقی ہوئی ہو یا کسی دوسری قوم اور فرقہ نے وہ ترقی حاصل کی ہی تو بھی اُسکے حاصل کرنے کے لیئے کوئی امر ہمکو مانع ہی یا نہیں تو عقلاً یا نقلاً کوئی امر اُسکا مانع نہیں نکلیگا بلکہ اسی بات کی تائید نکلیگی کہ علم کے حاصل کرنے کے لیئے لازم ہی کہ اُسکے حصول کا حصر کسی خاص وسیلہ سے یا کسی خاص مقام سے نہ کیا جاوے بلکہ جس وسیلہ سے اور جس مقام سے

چين هو يا اِنگلستان روم هو يا ايران هند هو يا روس جسطور سے ممکن هو حاصل کرے — اطلبوا العلم ولو کان في الصين *

العبد الحقير

مرزا عابد علي عفي الله عنه

مقام هاتهرس ضلع عليگڈه

نمبر ۲۷

تدبير فلاح

هم اِن چند سطروں کو نهايت افسوس کے ساتهه تحرير کرتے هيں که جب ادبار آتا هی تو آدمي کي عقل بالکل سلب هوجاتي هی بهلے برے کي تميز باقي نهيں رهتي اگر کوئي شخص اُس کے حال تاسف خيز پر رحم کرکے کوئي فکر اُس کي فلاح کي کرتا هی تو اُس کو برعکس سمجهتے هيں في زماننا بعينه يهي حالت هم مسلمانان هند کي هی که باوجوديکه اِس حالت تنزل ميں هيں ليکن کوئي فکر اپني بهبودي کي نهيں کرتے تحصيل علم کو جو که ذريعه فلاح دارين هی بالکل ترک کرديا هی علم کي روز بروز کمي هوتي جاتي هی اور اسي سبب سے اُن لوگوں کي نظروں ميں جو روز بروز هر قسم کے علوم اور فنون ميں ترقي کرتے جاتے هيں حقير اور ذليل معلوم هوتے هيں اب همکو لازم هی که خواب غفلت سے بيدار هوں اور فکر حصول بهبودي دنيا ونجات اُخروي کي کريں علم کے رواج دينے ميں جان اور مال سے کوشش کريں تاکه همارے اور هماري آينده نسل کي عزت اور بهتري کي کوئي صورت نکلے علوم اور فنون حاصل کريں اور اُن تعليم يافته لوگوں ميں جو که في الحال همکو بسبب ادبار کے (جسنے که هماري عقلوں کو اِس قدر زايل کرديا هی که هم لوگ نهيں سمجهتے که هم کس حالت ميں هيں اور کون سي تدبير عزت حاصل کرنے کے واسطے کريں) حقير سمجهتے هيں عزت حاصل کريں اور بے شک جهالت ايک بهت بڑا ادبار هی که جسکے سبب سے آدمي نه دين کا رهتا هی نه دنيا کا اور صرف بوجهه کمي علم کے هم لوگ اِس حالت کو پهونچے هيں که تعليم يافته لوگوں کے سامنے حقير معلوم هوتے هيں اگر هم لوگ علم کو حاصل کريں اور فنون کو ترقي ديں تو ضرور اگر خدا نے چاها تو هم لوگ وهي عزت حاصل کرينگے جو اب تعليم يافته لوگوں کو حاصل هی وه لوگ جو که اِس زمانه ميں هر قسم کے علوم اور فنون ميں کامل هيں علم اور هنر ليکر پيدا نهيں هوئے يهه صرف ثمره اُن کي کوشش کا هی که اِس درجه ترقي کو پهونچے هيں هم بهي آدمي هيں حيوان مطلق نهيں اگر کوشش کريں تو کيوں نه علوم اور فنون مين کامل هوں هم لوگوں کو پست همت هونا نچاهيئے خود حتی الامکان سعي اور کوشش کريں اور اپنے هم مذهبوں کو جو که سب کے سب ايک هي حالت ميں هيں مستعد کريں که وه لوگ حصول عزت و رفع ذلت کي تدبير کريں تمام مسلمانان هند کو لازم بلکه فرض هی که وه ذريعه جو که دافع ذلت اور باعث عزت هو پيدا کريں اور وه ذريعه کيا هی علم هی جب تک آدمي علم حاصل نهيں کرتا هی تب تک سبکي نظروں ميں حقير معلوم هوتا هی عزت جس کا نام هی صرف ايک اِن عمده نتيجوں ميں سے هی که جو علم سے حاصل هوتے هيں هر مسلمان کو بقدر امکان کے چنده دينا چاهيئے تاکه هر ضلع ميں مدارس اسلاميه قايم هوں اور هر طرح کے علوم مثلاً عربي فارسي هندي انگريزي پڑهائے جاويں تاکه هر شخص جو علم چاهے بخوشي و آساني تمام حاصل کرے سو پهر ديکهيں که کون هم پر هنستا هی اور کون هم سے زائد شايستگي حاصل کرتا هی ايسي حالت ميں يهه بهي ضرور هی که اگر کوئي شخص ذي رتبه جس کي کوششيں عمده هوں کوئي صورت هماري فلاح کي نکالے اور همارے حال پر رحم کرکے هماري دستگيري کيا چاهے تو بوجهه زايل هوجانے عقل کے جو اکثر حالت ادبار ميں هوتا هی اگر هم اُس کي نيت کو نه سمجهيں تو بے سمجهے بوجهے اُس پر اعتراض نکريں پهلے غور کرکے ديکهيں اور معلوم کريں که اسکي اصل غرض کيا هی نه که بلا تامل اُس کي راے کو غلط ٹهرانے لگيں ايسي حالت ميں اگر کوئي ايسا شخص مددگار ملے تو نهايت خوشي کے ساتهه اور خوبي تقدير سمجهکر اُس کي پيروي کريں اور جو تدبير وه هماري بهتري کے واسطے نکالے اُس کو خوب سمجهکر اُس پر عمل کريں اب غرض همارے اِس لکهنے سے صرف يهي هی که جسقدر ممکن هو اپنے هم مذهبوں کي مدد کريں اور اعتراضات وغيره جو اِس حالت ميں نهايت مضر هيں چهوڑ ديں ايسے وقت ميں جب که گورنمنٹ بهي هر طرح سے اپني رعايا کي فلاح کے واسطے کوشش کر رهي هی اِس کي تدبير بهت جلد ممکن هی ورنه جس قدر عرصه هوتا جائيگا تدبير مشکل هوتي جائيگي جتنا عارضه پرانا هوتا هی وتنا هي لاعلاج هوتا هی آينده اختيار *

محمد عنايت الرحمن

از مقام بنارس

بمقام عليگڈه — مطبع عليگڈه انستيٹيوٹ ميں چهپا اور باهتمام

منشي محمد مشتاق حسين شايع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد دوم] ۱۵ محرم سنہ ۱۲۸۸ ھجري [نمبر ۲

بسم‌الله الرحمن الرحیم

اطلاع

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

علاوہ اِس کے جو شخص کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن دے وہ بشکر گذاري تمام لیا جاویگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا۔ چھپا کریگا قیمت في پرچہ دو آنہ اور مع محصول تین‌آنہ ہوگي مگر خریداروں کو کم سے کم تین روپیہ قیمت اور ایکروپیہ آٹھہ آنہ محصول جملہ چار روپیہ آٹھہ آنہ پیشگي بھیجنے ہونگے *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہے کا اُس کو في پرچہ چار آنہ قیمت اور ایک آنہ محصول دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

[illegible] پرچہ میں بجز مضامین متعلق تہذیب اخلاق و حسن معاشرت کے جہاں تک کہ وہ مسلمانوں سے متعلق ہیں اور کچھہ مندرج نہوگا *

مضمون نمبر ۲۸

طبقات علوم الدین

ہم خیال کرتے ہیں کہ اِس زمانہ میں جو مسلمان بعض مسائل مذہبي کي تدقیقات کو دیکھہ کر متعجب ہوتے ہیں اور اِس تدقیق کو خلاف جمہور اور خرق اجماع سمجھتے ہیں غالباً اُسکا سبب یہہ ہی کہ وہ علوم دین کے طبقات سے واقف نہیں ہیں اِس لیئے مناسب ہی کہ کچھہ اُنکا ذکر کیا جاوے *

شاہ ولي الله صاحب نے اپني کتاب حجۃ‌الله‌البالغہ میں طبقات علوم‌الدین کي تفصیل اِس طرح پر بیان کي ہی *

طبقہ اول — حدیثوں کے پہچاننے کا علم کہ کونسي صحیح ہی اور کونسي ضعیف اور کونسي معتبر ہی اور کونسي نامعتبر چنانچہ اِس کام کو علماء محدثین رحمہ‌الله علیہم اجمعین نے اختیار کیا اور حدیث کي کتابیں اُسمیں تالیف کیں *

طبقہ دوم — کلام الہي اور اُن حدیثوں کے معني بیان کرنے کا علم کہ مطابق محاورہ اور استعمال زبان عرب کے اِس کے کیا معني ہیں چنانچہ اِس کام کو علماء علم ادب نے اختیار کیا *

طبقه سوم — کلام الهي اور حديثوں کے معنوں کو بطور اصطلاحات شرعيه قرار دينے اور اُن سے احکام شرعيه کے نکالنے اور ايک حکم سے دوسرے پر قياس کرنے اور اشارات و کنايات عبارت سے حکم نکالنے اور ناسخ منسوخ قرار دينے اور راجح مرجوح ٹهرانے کا علم چنانچه اِس کام کو فقها نے اختيار کيا *

طبقه چهارم — مذهب اسلام کے اسرار جاننے کا علم اور يهه وه علم هی جسميں مذهب اسلام ميں جو کچهه هی اُسکي حقيقت اور اصليت اور جو حکمت که شارع نے اُسميں رکهي هی وه بيان کي جاتي هی *

شاه صاحب فرماتے هيں که يهي علم هی جس سے آدمي پکا مسلمان هوتا هی اور اُسکا ايمان مثل ايسے شخص کے کامل يقين کے پخته هوجاتا هی جسکو کسي نهايت سچے شخص نے يهه بات کهي هو که سنکهيا زهر قاتل هی اُسکے کهانے سے آدمي مرجاتا هی اور اُس شخص نے بسبب اُس قايل کي سچائي اور معتبري کے اُسکي تصديق کي اور پهر قواعد علم حکمت سے يهه بات بهي جاني که زهر ميں حرارت اور يبوست بے انتها هی اور وه دونوں خاصيتيں انسان کے مزاج کے برخلاف هيں اور اِس لئے اُسکو مارڈالتي هيں اور اِس بات کے جاننے سے اُسکا يقين اُس قايل پر اور اُسکي بات پر اَور زياده پخته هوجاتا هی پس اسرار دين کے علم کا يهي نتيجه هی که وه انسان کے ايمان کو ايسا پخته کرديتا هی که کسي طرح ڈگمگا هي نهيں سکتا *

شاه صاحب يهه بهي لکهتے هيں که اگرچه عام عالموں نے فقه کو لب لباب علوم دين کا سمجها هی مگر اُن کے نزديک علم اسرار دين هي سب کا سرتاج هی پهر وه تسميه بيان کرتے هيں که يهي علم اِس لايق هی که بعد اداے فرائض کے آدمي اسي علم ميں اپني تمام اوقات عزيز صرف کرے اور ذخيرهٔ آخرت ليجاوے *

شاه صاحب يهه بهي فرماتے هيں که جبکه اِس قسم کے مطالب پر لوگ غور کرتے آئے هيں اور مسائل اور مطالب نکالتے رهے هيں تو اب علم اسرار دين پر گفتگو کرنا اور بحث کرنا خرق اجماع هي نهيں رها ميں کهتا هوں که خرق اجماع کيسا اب اسپر بحث کرنا فرض عين هوگيا هی *

حال يهه هی که جو حالات که انسان کي روح سے متعلق هيں اور جو انکشافات که انسان کي روح پر هوتے هيں اور اعمال صالح اور غير صالح سے جو کيفيت انسان کي روح ميں پيدا هوتي هی اور جو حالات که اُسپر بعد موت کے طاري هوتے هيں جسکو معاد کهتے هيں وه بدوں تمثيل کے انسان کے خيال ميں نهيں آسکتے کيونکه جو چيز که همارے آنکهه سے دکهائي نهيں ديتي نه هم اُسکو چهوسکتے هيں تو اُسکا خيال همارے دل ميں بجز ايسي چيزوں کي تمثيل کے جنکو هم جانتے هيں اَور ديکهتے هيں اور کسي طرح پر نهيں آسکتا مثلاً اگر عذاب قبر ميں گنهگاروں کي نسبت سانپوں کا چمٹنا اور کاٹنا بيان کيا جاوے تو اُسکا يهه مطلب نهيں هوتا که درحقيقت سچ مچ کے يهه سانپ جنکو هم دنيا ميں ديکهتے هيں مردے کو چمٹ جاتے هيں بلکه جو کيفيت که گناهوں سے روح کو حاصل هوتي هی اُسکا حال اِنسانوں ميں اُس رنج و تکليف و مايوسي کي مثال سے پيدا کيا جاتا هی جو دنيا ميں سانپوں کے کاٹنے سے اِنسان کو هوتي هی عام لوگ اور کٹملا اُسکو واقعي سانپ سمجهتے هيں اور عارف باالله اُسکي حقيقت اور اصليت پر پے ليجاتے هيں اور اسي اصليت کے جاننے اور اور بيان کرنے کو علم اسرار دين کهتے هيں اور يهه وهي علم هی جس سے اِنسان کا ايمان تصديق کے درجه سے بهي بڑه کر علم اليقين اور حق اليقين بلکه عين اليقين کے درجه تک پهونچ جاتا هی *

اگلے زمانه ميں فلما کي يهه راے تهي که علم اسرار الدين کو عام لوگوں ميں پهيلانے سے جو اُنکي سمجهه سے باهر هی کچهه فائده نهيں بلکه اُنکي تصديق کو تشکيک ميں ڈالنا هی مگر اب وه زمانه نهيں رها حال کے زمانه ميں هر چهار طرف علوم کي ترقي بهت زياده هوگئي اور اُسکي شعائيں تمام دنيا ميں پهيل گئيں اور پهيلتي جاتي هيں اور پهيلتي جاوينگي بعض ملکوں ميں تو عام و عوام اور خاص و خواص سب کے خيالات کو وسعت هوگئي اور بعض ملکوں ميں شايد ابهي عوام کے خيالات کو وسعت نهوئي هو الا عام کے خيالات کو تو ضرور وسعت هوگئي هی اور اِس لئے اب دين کي تمثيلي باتوں کا بيان کرنا کافي نهيں رها بلکه اسرار دين کے علانيه بيان کرنے کا وقت هی اور جو بات که اگلے زمانه ميں کسي عالم کے دو چار شاگرد رشيد جانتے تهے اُسکو عموماً هر ايک کو بتلانا چاهيئے تاکه حقايق مسايل اور اسرار دين سے لوگ واقف هوکر اپنے مذهب کي سچائي پر مطمئن هوں اور کٹملاؤں کے اس فتوی کفر سے که عذاب قبر سے اِنکار کيا اور معراج سے منکر هوئے اور شيطان کے وجود کو حيز جداگانه ميں نماننے سے نص قراني کا انکار کيا کچهه ڈرنا نهيں چاهيئے اگلے لوگوں نے جنميں سب کے سرتاج امام حجة الاسلام غزالي هيں اور سب کے آخر شاه ولي الله صاحب هيں اُنکي نسبت بهي ان کٹملاؤں نے اسرار دين کے بيان کرنے کے سبب سے بهت سے کفر کے فتوی دیئے هيں اُن فتوؤں سے اُنکا تو کچهه نهيں بگڑا مگر ان کٹملاؤں کي هنڈيا ميں جو تها وهي اُنکے چمچوں ميں نکل آيا *

اِس علم یعنی علم اسراردین میں احیاءالعلوم امام حجۃالاسلام غزالی کی اور حجۃاللہ البالغہ شاہ ولی اللہ صاحب کی نہایت عمدہ کتابیں ہیں مگر زمانہ حال کے مطابق اُنکو بھی کامل نہ سمجھنا چاہیئے اِس لیئے کہ اِس زمانہ میں بہت سی چیزیں اب معلوم یا مروج ہوئی ہیں جو اُس زمانہ میں نہ تھیں اور یہہ کہ طرز تحریر و طریق تقریر اور مناط استدلال اور طریقہ ایراد اِس زمانہ میں نئے طور پر شروع ہوا ہی جو اُن زمانوں میں نہ تھا اور یہہ کہ حال کے زمانہ کے لوگوں کے خیالات کو بہ نسبت اُس زمانہ کے بہت زیادہ وسعت ہوگئی ہی اور یہہ کہ اُن کتابوں میں بہت باتیں بر بنیاد امورات مسلمہ مذہبی بیان کی گئی ہیں جو صرف معتقدین اسلام کے لیئے بلاشبہہ مفید ہیں مگر بلحاظ شان و قدر و منزلت اُس علم کے اُس کے بیان کا ایسا عام ہونا چاہیئے جو معتقدین اور غیر معتقدین سب کے لیئے مفید اور برابر موثر ہو پس وہ مطالب اس لایق ہیں کہ اُنکو حال کے پیرایہ تقریر کے موافق از سر نو بیان کیا جاوے مگر یہہ کام اُسی سے ہوسکتا ہی جسپر خدا کی مہربانی ہوئی ہو اور اُس کے دل کو نور ایمان سے منور کیا ہو اور کچھہ حصہ علم لدنی سے عطا فرمایا ہو وان من اعظم نعم اللہ علي ان اتاني منہ حظا و جعل لي منہ نصیبا و ما انفک اعترف بتقصیري و ابرء و ماابرء نفسي ان النفس لامارۃ بالسوء *

راقـــــــم
سید احمد

نمبر ۲۹

عبادت

تمام نیکیاں اور عبادتیں جو قانون قدرت کے برخلاف ہیں پوری نیکیاں اور عبادتیں نہیں ہیں مگر انسوس ہی کہ بہت سے لوگ اِس کا خیال نہیں کرتے اگر صرف اس کا خیال ہي نہ کیا جاتا تو چندان مشکل نہ تھي دقت یہہ ہی کہ قانون قدرت کے مطابق جو نیکیاں اور عبادتیں ہیں اُن کو نیکیاں اور عبادتیں ہي نہیں سمجھتے *

اِس مطلب کے ثابت کرنے کو ہمارے لیئے اِرشاد رسول خدا صلی اللہ علیہ و سلم کا کافي اور وافي ہی اور اُس کے بعد کسي دوسري کے قول و فعل کي سند کي حاجت نہیں *

عن انس قال جاء ثلثۃ رھط الی ازواج النبي صلعم یسألون عن عبادۃ النبي فلما اخبروا بہا کانہم تقالوھا فقالوا این نحن من النبي صلي اللہ علیہ و سلم وقد غفراللہ ماتقدم من ذنبہ و ماتاخر فقال احدھم اما انا فاصلي الیل ابدا و قال الاخر انا اصوم النہار ابدا ولا افطر و قال الاخر انا اعتزل النساء فلا اتزوج ابدا فجاء النبي صلعم الیہم فقال انتم الذین قلتم کذا و کذا و اللہ اني لاخشاکم للہ و اتقاکم لہ لکنني اصوم و افطر و اصلي و ارقد و اتزوج النساء فمن رغب عن سنتي فلیس مني متفق علیہ *

بخاري و مسلم نے حضرت انس سے یہہ حدیث نقل کي ہی نہ عرب کي تین قوموں کے کچھہ لوگ پیغمبر خدا صلعم کي ازواج مطہرات کے پاس آنحضرت صلعم کي عبادت کا حال دریافت کرنے کو آئے جب اُن کو بتایا گیا تو اُنہوں نے اُس کو بہت کم سمجھا اور آپسمیں کہنے لگے کہ کجا ہم اور کجا پیغمبر صاحب اُن کو تو بہت سي عبادت کرنے کي ضرورت نہیں ہی اُن کو تو اللہ تعالی نے اگلے پچھلے گناہوں سے پاک کردیا ہی پھر اُن میں سے ایک نے کہا کہ ہم تو ہمیشہ تمام رات نماز پڑھا کرینگے اور دوسروں نے کہا کہ ہم ہمیشہ دن کو روزہ رکھا کرینگے اور کبھي روزہ نہ چھوڑینگے اوروں نے کہا کہ ہم عورتوں کے پاس نہ جاوینگے اور کبھي جورو نکرینگے اتنے میں جناب پیغمبر خدا صلعم تشریف لے آئے اور فرمایا کہ تم نے ایسي ایسي باتیں کہیں ہیں جانو خدا کي قسم میں تمہاسے زیادہ خدا سے ڈرتا ہوں اور تم سے زیادہ اُسکے حضور میں پاک رہنا چاہتا ہوں لیکن میں تو روزہ رکھتا بھي ہوں اور نہیں بھي رکھتا اور نماز بھي پڑھتا ہوں اور سو بھي رہتا ہوں اور عورتوں سے نکاح بھي کرتا ہوں پھر جو کوئي میرے طریقہ کو پسند نکرے وہ میرے ساتھیوں میں سے نہیں *

یہہ حدیث ہم مسلمانوں کے لیئے بہت بڑي سند اِثبات کي ہی کہ اصلي اور سچي عبادت وہي ہی جو قانون قدرت کے اصول کے مطابق ہی تمام قوی جو خدا تعالی نے اِنسان میں پیدا کیئے ہیں وہ اِسلیئے پیدا نہیں کیئے کہ وہ بیکار کردیئے جاویں بلکہ اِس لیئے پیدا ہوئے ہیں کہ سب کام میں لائے جائیں شریعت حقہ مصطفویہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام نے کوئي نئي بات نہیں پیدا کي بلکہ صرف اُن قوی کے کام میں لانے کے طریقہ کو بتایا ہی جس سے جملہ قوی اعتدال پر اور شگفتہ و شاداب رہیں اور ایک کے غلبہ سے دوسرا بیکار اور پژمردہ نہوجاوے مگر بہت ہي کم لوگ ہیں جو اِس نکتہ کو سمجھتے ہیں بلکہ اُس طریقہ کو جسکو ہمارے پیغمبر خدا صلعم نے رہبانیت قرار دیا ہی اور جسکو ہندي زبان میں جوگي یا جوگ کہتے ہیں کمال عبادت اور منتہاے زہد و تقوی قرار دیتے ہیں *

فرایض جو مذہب اسلام میں ہیں اُن کا ادا کرنا بلاشبہہ باعث نجات ابدي ہی عن ابي ہریرۃ قال اتي اعرابي النبي صلعم فقال دلني علی عمل اذا عملتہ دخلت الجنۃ قال تعبد اللہ ولاتشرک بہ شیا و تقیم الصلوۃ المکتوبۃ و تودي الزکوۃ المفروضۃ و تصوم رمضان قال والذي

نفسي بيدہ لا ازيد على هذا شيأً ولا انقص منه فلما ولي قال النبي صلعم من سرہ ان ينظر الى رجل من اهل الجنة فلينظر الى هذا متفق عليه *

بخاري و مسلم نے حضرت ابوهریرہ سے یہہ حدیث نقل کي هی کہ ایک دهقاني عرب پیغمبر خدا صلعم پاس آیا اور کہا کہ مجھکو ایسي بات بتلائیئے کہ اگر میں اُسکو کیا کروں تو بہشت میں جاؤں آپنے فرمایا کہ خدا هي کي عبادت کیا کر اور کسي دوسرے کو اُسکي عبادت میں مت ملا اور فرض نمازیں پڑھاکر اور زکوۃ دیا کر اور رمضان کے روزے رکھا کر اُسنے کہا کہ خدا کي قسم نہ تو میں اسمیں کچھہ بڑھاونگا اور نہ گھٹاؤنگا جب وہ پیٹھ پھیر کر چلا تو آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جو شخص جنتي آدمي کو دیکھنا چاهے تو اس شخص کو دیکھہ لے *

غرضکہ اداے فرایض بلاشبہہ اصلي عبادت هی جسکا ادا کرنا هر شخص مکلف پر فرض هی مگر هم اِس مقام پر فرایض کے سوا جو اور عبادتیں هیں اُنسے بحث کرني چاهتے هیں اور اُنمیں بھي اسبات سے بحث کرنا مقصود نہیں هی کہ وہ عبادتیں عبادتیں نہیں هیں بلکہ اِسبات سے بحث منظور هی کہ عبادت کو اُنھي میں منحصر سمجھنا غلط هی اور یہہ کہ بعضي دفعہ بسبب تبدل حالت کے ادنیٰ درجہ کي عبادت اعلیٰ درجہ کي عبادت هوجاتي هی اور اعلیٰ درجہ کي عبادت اِس درجہ کي نہیں رهتي اور شریعت محمدیہ على صاحبها الصلوۃ والسلام میں بھي ایک حکمت بالغہ هی جس سے تمام قوانین قدرت قایم رهتے هیں الا افسوس هی کہ اِس زمانہ میں اکثر لوگوں کو اِس حکمت بالغہ پر خیال نہیں هی *

همارے زمانہ کے مسلمان بھائیوں نے سواے فرایض کے باقي عبادتوں کو صرف نماز روزہ و تلاوت قران مجید اور خیالي ترک دنیا اور درس تدریس علوم دینیہ اور اوراد ماثورہ یا وظایف مقررہ پیران هي میں منحصر کر رکھا هی حالانکہ اُنھي پر اُن کا انحصار محض غلط هی بلکہ اُن میں سے بعض ایسے درجہ پر پہونچ گئي هیں جو قانون قدرت کے برخلاف هیں اور اس لیئے مقصود شارع نہیں هیں اور بہت سي ایسي متروک هیں جو بسبب تغیر و تبدیل حالت کے اُن سے بھي مقدم اور اعلیٰ هیں اب هم اپنے اس مطلب کو چند مثالوں کے بیان کرنے سے زیادہ وضاحت سے بیان کرتے هیں *

علم — مسلمانوں کے دلوں میں یہہ بات سمائي هی کہ علمي عبادت صرف علوم دینیہ هي کے پڑھنے پر منحصر هی اور اُس کے سوا کسي علم کا پڑھنا یا پڑھانا یا اُس پر روپیہ خرچ کرنا داخل عبادت نہیں اور اسي لیئے ثواب بھي نہیں اُن میں یہہ مثل مشہور چلي آتي هی کہ * علم دین فقہ است و تفسیر و حدیث * هرکہ خواند غیر ازیں گردد خبیث * مگر یہہ خیال اُس کا محض غلط هی اور اسي سبب سے مسلمانوں میں روز بروز علم کا تنزل هی اور جس کے ساتھہ خود علم دین بھي معدوم هوتا جاتا هی *

جاننا چاهیئے کہ علم کے معني دانستن کے هیں علوم دینیہ کا صرف جاننا نہ کچھہ عبادت هی اور نہ کچھہ ثواب البتہ وہ اُس وقت عبادت یا ثواب هو سکتا هی جب کہ اُس کو امور دیني کے کام میں لانے کي نیت سے پڑھا جاوے پس مدار عبادت اور ثواب تحصیل علوم دینیہ کا نیت پر منحصر رها نہ نفس علم پر — یہي حال تمام باقي علوم کا هی تمام علوم جن کو علوم دنیوي کہتے هیں واسطے ترقي اور استحکام اور تعلي علوم دیني کے ضروري هیں گو اُن کا پڑھنا في نفسہ عبادت نہو جیسا کہ علوم دینیہ کا پڑھنا بھي في نفسہ عبادت نہ تھا مگر جب کہ وہ اس نیت سے پڑھے جاویں یا پڑھائے جاویں کہ علوم دینیہ کے لیئے مثل آلہ کے هیں تو اُن کا بھي پڑھنا یا پڑھانا ویسا هي عبادت هی جیسا کہ علوم دینیہ کا تھا پس ایک کو عبادت سمجھنا اور دوسرے کو نہ سمجھنا کیسي غلطي هی *

علاوہ اس کے وہ علوم بھي جن کو هم علوم دنیوي کہتے هیں اگر اُن کي تعلیم نیک طرح پر هو تو باعث ترقي ایمان اور سبب محبت اور ترقي معرفت ذات باریتعالی جل شانہ کے هوتے هیں امام غزالي صاحب احیاءالعلوم میں جہاں خدا تعالی کي محبت کے اسباب کو بیان فرماتے هیں لکھتے هیں کہ قوت معرفت سبب قوت محبت هی اور یہہ بات خدا تعالی کي صفات اور ملکوت سموات و ارض پر دھیان لگانے سے هوتي هی اس لیئے کہ کوئي ذرہ آسمان و زمین سے ایسا نہیں هی جو اُس کي حکمتوں اور عجیب نشانیوں سے خالي هو جس ذرہ پر نظر کي جاوے وہ اُس کي قدرت کاملہ پر شہادت دیتا هی اور جس برگ درخت پر نظر کي جاوے اُس کي حکمت بالغہ پر دلالت کرتا هی کوئي دانہ زمین سے نہیں اُگتا کہ اپنے اُگانے والے کي توحید پر هزار زبان سے اقرار نہ کرتا هو اور اُس کي قدرت کاملہ پر هزار طرح سے شہادت نہ دیتا هو جس درخت پر نظر کي جاوے هر ورق اُسکا الله جل شانہ کي وحدانیت کا مقر هی اور جس ورق پر غور سے خیال کیا جاوے اُس کي معرفت کا دفتر هی اور اِن سب باتوں کا علم باعث ایمان کامل اُس قادر مطلق پر هی جس کي عبادت کرنا عین مسلمانوں کا ایمان هی پس تمام علوم دنیوي اس اعتبار سے علوم دینیہ سے کم نہیں هیں *

جس وقت کہ هم علم ریاضي پڑھ کر خدا تعالی کي اُس قدرت کاملہ سے واقف هوتے هیں جو خلق آسمان و زمین و کواکب سیارہ

و ثوابت میں کام میں آئي هی اور کتنے بڑے بڑے کرات کو کیسي سریع حرکت سے معلق پهرتے دیکهتے هیں اور اُس کي عجائب حکمت کو دریافت کرتے هیں تو کس طرح هم کو وجود صانع اور اُس کي قدرت کاملہ پر یقین هوتا هی *

جس وقت کہ هم علم ارض یعني جیالوجي پڑهتے هیں اور اُن عجائبات سے واقف هوتے هیں جو خدا تعالی نے صرف اس کرہ خاک میں بنائے هیں جو دن رات همارے پاؤں کے تلے روندا جاتا هی تو همکو کیسا مستحکم اُس خدا کي خدائي پر یقین هوتا هی *

علم نباتات اور علم حیوانات سے جب هم کو واقفیت هوتي هی تو پهولوں کي پنکهڑیوں کي رنگ آمیزي اور مکهي کي آنکهہ کي پچي کاري هي هم کو اُس حکیم مطلق کي حکمت کاملہ پر یقین کامل دلاتي هی *

اسیطرح تمام علوم کیا علم آب اور کیا علم هوا اور کیا علم جر ثقیل اور کیا علم برق و مقناطیس سب کے سب هماري معرفت کو قوت اور همارے ایمان کو خداے واحد پر پخته اور مستحکم کرتے هیں اور حق الیقین بلکه عین الیقین کے مرتبہ تک پهونچاتے هیں پس اگر اِس اعتبار سے هم اِن علوم کو بهي علوم دینیہ کے شامل سمجهیں تو کچهہ بعید نهیں *

بعض علمانے علم معقول اور علم کلام دونو کا پڑهنا ناجایز سمجها تها اور بعضوں نے اُس کے برخلاف اُنکو ضروري ٹهرایا تها هم اُنکے جایز یا ناجایز هونے کي بحث سے در گذر کرکے یہہ کهتے هیں کہ وہ علم معقول جس پر علماء نے انکار کیا صرف یوناني حکیموں کے عقلي تکے تهے وہ اپني عقل ناقص سے خدا کي ذات و صفات سے بحث کرتے تهے جس کا الهیات اُنهوں نے نام رکها تها وہ علوم اُن کے ساتهہ گئے اب جو نئے علوم پیدا هوئے اور جو انگریزوں کي بدولت هندوستان میں آئے وہ علوم صرف عقلي نهیں هیں نہ الهیات سے علاقہ رکهتے هیں وہ تو اشیاء موجودہ کے حقایق کے علوم هیں جن سے هر ایک شے جسکو هم دیکهتے هیں اُسکي حقیقت معلوم هوتي هی پس اِن علوم کو اُس قدیم یوناني معقولات پر قیاس کرنا کتني بڑي غلطي کي بات هی وہ علم تو هماري عقلوں کو گمراہ کرنے والے تهے اور یہہ علم حقیقت اشیاء کے بتانے والے اور خدا کي قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ پر یقین دلانے والے هیں *

بعضے کٹ ملا یہہ کهتے هیں کہ اِن علوم میں بهي جو حقیقت بعض اشیاء کي ثابت کي گئي هی وہ مذهب اسلام کے برخلاف هی اور اِس لیئے اِن علوم سے بهي عقاید اور مسایل اسلام میں نقصان آنے کا احتمال هی مگر ایسي راے پر بجز افسوس اور نفرین کے کیا کها جاسکتا هی ایسے شخص کا مطلب یہہ هی کہ نعوذ باللہ مذهب اسلام حقیقت کے برخلاف هی ایسے شخص کي نسبت یہہ کهنا چاهیئے کہ یا تو وہ مذهب اسلام کي حقیقت سے واقف نهیں هوا یا اُسکو مذهب اسلام کے سچے هونے پر کامل یقین نهیں هی *

اب هم اِس خیال کو کہ عبادت صرف علوم دینیہ هي کا پڑهنا اور پڑهانا هي دوسري طرح پر باطل کرتے هیں خدا تعالی نے انسان میں وہ تمام قوی پیدا کیئے هیں جن سے وہ علم دین اور وہ علوم جنکو دنیاوي علوم کهتے هیں دونوں کو حاصل کرسکتا هی پس اِن دونوں قوتوں کو همیں کام میں لانا چاهیئے تاکہ همنے خالق کي مرضي کے مطابق کام کیا هو نہ یہہ کہ ایک کو شگفتہ و شاداب اور دوسرے کو معطل و بیکار کردیں کیونکہ یہہ امر قانون قدرت کے برخلاف هی اور اِس لیئے نیکي نهیں هوسکتا اور جب نیکي نهیں هوسکتا تو عبادت بهي نهیں هوسکتا هاں اتني بات ضرور هی کہ هم اِن دونوں قوتوں کو حد اعتدال پر رهنے دیں اور ایک کو دوسرے سے مغلوب نکردیں *

خدا تعالی نے همکو همارا مذهب ایسا عمدہ دیا هی جو هماري معاد اور معاش دونو کو قانون قدرت کے مطابق اصلاح کرنے والا اور ترقي دینے والا هی جس طرح کہ هم اسباب کو خیال کرسکتے هیں کہ اگر تمام لوگ صرف علوم دنیوي کي تحصیل کیا کریں تو دین کا کیا حال هوگا اسیطرح اگر تمام لوگ صرف علوم دیني هي پڑها کریں تو هماري دنیا کا جس کي اصلاح شریعت سے خارج نهیں هی کیا حال هوتا بلکہ علوم دنیاوي کے معدوم هونے سے دین اور علوم دیني دونوں کے معدوم هونے کا قوي اندیشہ هی پس همارا فرض هی کہ هم دونوں قسم کے علوم کي ترویج پر سعي و کوشش کریں اور ایک کو دوسرے کا آلہ سمجهکر دونو کو پڑهنا اور پڑهانا داخل عبادت جانیں *

قطع نظر اِن سب باتوں کے اکل حلال کا پیدا کرنا هر شخص پر فرض هی اور اُس کے لیئے اسباب و سامان اور ذریعے اور وسیلے بهم پهونچانے بلاشبہہ ثواب اور داخل عبادت هونگے دنیوي علوم بلاشبہہ کسب حلال کے لیئے نهایت عمدہ ذریعے اور وسیلے هیں پس مسلمانوں کے لیئے اُن ذریعوں کا مهیا کرنا بلاشک و شبہہ بهت بڑي نیکي اور عمدہ ثواب تصور کیا جاویگا اور اِس لیئے ٹهیک عبادت هوگا *

زهد و ریاضت — ایک بڑي غلطي جس میں مسلمان پڑے هیں وہ یہہ هی کہ اُنهوں نے زهد و ریاضت کو صرف راتوں کو جاگنے اور ذکر و شغل کرنے اور نفل پڑهنے اور نفل روزہ رکهنے پر منحصر سمجها هی قطع نظر اِس کے کہ اُن کا ایسا کرنا اور حد اعتدال سے گذر جانا جو قانون قدرت کے برخلاف هی مقصود شارع هی یا نهیں هم تسلیم کرتے

ہیں نہ وہ عبادت صحیح مگر اُس کے سوا اور نیک باتوں کو عبادت نہ سمجھنا جو اُن سے بھی بہت زیادہ مفید ہیں بہت بڑی غلطی ہی *

زہد و ریاضت جہاں تک کہ حد شرعی سے تجاوز نکرے بلاشبہہ نیکی و عبادت ہی مگر عام فلاح پر کوشش کرنا اور ایسے اُمور پر کوشش کرنا جو اپنے ہم مذہبوں کے دینی اور دنیوی حال اور مال کی بھلائی و بہتری کے ہوں اُس سے بہت زیادہ تر مفید ہیں زہد و ریاضت ایک بخیل نیکی ہی جو صرف اپنی ذات کے لیئے کی جاتی ہی اُسکی مثال ایسے شخص کی ہی جو ایک کوٹھری میں بیٹھہ کر کھانا کھاوے اور صرف اپنا پیٹ بھرلے عام فلاح چاہنے والا جو اِس کام میں زہد و ریاضت کرتا ہی اُس کی مثال حاتم کی سخاوت کی سی ہی جو ہزاروں آدمیوں کو کھلاکر کھاتا ہی پس کیسی بڑی غلطی ہی جو تن پروری کو تو عبادت سمجھا جاوے اور اصلی فیاضی اور سخاوت اور ہمدردی کو عبادت نہ سمجھا جاوے *

علاوہ اِس کے درجہ ثواب و عبادت تبدل حالات سے بالکل بدل جاتا ہی فرض کرو کہ اگر کسی مقام میں پانی کا قحط ہو تو اُس مکہ بیٹھہ کر نفل پڑھنے یا قران مجید کی تلاوت کرنے یا ذکر و شغل کی ضرب لگانی زیادہ ثواب کی بات ہی یا کندھے پر پانی لانا اور لوگوں کو پلانا زیادہ ثواب ہی پس جو حالت کہ اِس زمانہ میں مسلمانوں کی ہی اگر اُن کی بہتری پر سعی کی جاوے تو نفل و رات کے جاگنے کی ریاضت سے بلاشبہہ زاید ثواب ہی انصاف سے دیکھو کہ اگر پیرجی صاحب مریدوں سے حلوا مانڈے لینے کے بدلے مسلمانوں کی تعلیم کے لیئے کچھہ جمع کریں اور جناب مولوی صاحب و قبلہ جو منبر پر بیٹھہ کر دنیا کی ہیچ اور اہل دنیا کے کافر ہونے کا وعظ فرماتے ہیں مگر جب سفید سفید گول گول نذر پیش ہوتی ہی تو جھٹ ہات لنبا کرکر اور ایک عجیب شتر غمزہ سے اُٹھاکر جیب مبارک میں رکھہ لیتے ہیں اگر اُسی پلید کو و ناپاک دنیا یعنی نذر کو مسلمانوں کی تعلیم میں دنیوی نہ سہی دینی ہی تعلیم میں صرف کریں تو کیسا کچھہ ثواب کمائیں پس جھوٹ موٹ کی عبادت اور دکھلاوے کی ریاضت جس سے انسان کا دل بعوض نرم ہونے کے پتھر سے بھی زیادہ سخت ہوجاتا ہی ہماری سمجھہ میں تو کچھہ کام کی نہیں ہی *

ترک دنیا — ایک اور جھوٹا اور غلط خیال یہہ ہی کہ ترک دنیا عبادت ہی یہہ ایک ایسا غلط اور جھوٹا قول ہی کہ اِس سے زیادہ دوسرا نہیں ہوسکتا دنیا کا ترک کرنا جس طرح کہ لوگ سمجھتے ہیں غیر ممکن ہی البتہ جس طرح شارع نے فرمایا ہی اور ترک دنیا سے جو اُس نے مراد لی ہی وہ بالکل صحیح اور نہایت درست اور بالکل قانون قدرت کے مطابق ہی مگر اِس زمانہ کے لوگوں کے خیال کے مطابق شارع والی ترک دنیا عین شقاوت اور کمال دنیاداری ہی نعوذباللہ منہا دنیا ہمارے لیئے پیدا ہوئی ہی اور ہم دنیا کے لیئے پھر ہم اُس کو اُس طرحپر جس طرح کہ جھوٹے دنیا ترک کرنے والے ترک کرنے کو کہتے ہیں کیونکر ترک کرسکتے ہیں ہاں جسطرح کہ شارع نے دنیا کا ترک کرنا بتایا ہی اُس طرح پر ترک کرنا سچا ہی اور وہ یہہ ہی کہ ہم دنیا کو اس طرح پر برتیں جس طرح کہ شارع نے بتایا ہی نہ اپنے جذبات نفسانی کی مرضی پر اور اُس کو اسطرح ہر کام میں لاویں جس طرح قانون قدرت نے ہمکو سکھایا ہی نہ اپنی ہوائے نفسانی کے مطابق *

لندن میں ایک یوروپین لامذہب میرا دوست تھا اُسکو اسبات کے معلوم ہونے سے کہ میں حضرت مسیح علیہ السلام کو اور اُن کی وعظ و نصائح کو جو انجیلوں میں مندرج ہیں مانتا ہوں نہایت تعجب تھا لندن میں دستور ہی کہ اتوار کے دن تمام دوکانیں بند ہوجاتی ہیں اور اگر ایک دن پہلے نہ خرید لیں تو کھانے پینے کی بھی کوئی چیز نہیں ملتی ایک دفعہ وہ دوست اتوار کے دن کھانے کے وقت مجھہ سے ملنے آیا اور میز پر تمام کھانے کی چیز چنی ہوئی دیکھکر تعجب سے پوچھنے لگا کہ آج یہہ سب چیزیں آپکو کیونکر میسر ہوئیں میںنے کہا کہ ہفتہ کے دن سب کچھہ لے رکھا تھا وہ ہنس کر بولا کہ خوب ہوا جو آپ نے حضرت مسیح کے اِس قول پر کہ اسبات کی فکر مت کرو کہ کل کیا کھاؤگے عمل نہیں کیا ورنہ آج بھوکے رہ جاتے میںنے ہنس کر یہہ کہا کہ یہہ مطلب اُس کا نہیں پس جو مسلمان کہ خلاف قانون قدرت ترک دنیا کا وعظ فرماتے ہیں وہ اسی طرح سے اپنے مذہب کو مضحکہ بناتے ہیں اور غور کرکے دیکھو تو وہ خود جو کچھہ کرتے ہیں دنیاہی کمانے کو کرتے ہیں پس یہہ بات سمجھنا کہ اُمورات دنیا میں مصروف ہونا عبادت نہیں ہی عین غلطی ہی ہاں اُسکو قانون قدرت کے برخلاف استعمال میں لانا شقاوت اور اُس کے مطابق برتاؤ میں لانا عین عبادت ہی *

راقم
سید احمد

نمبر ۳۰

شیریں زبانی

شیریں زبانی بھی انسان کے واسطے ایک نہایت عمدہ صفت ہی اور تہذیب انسانی کا ایک بڑا رکن ہی یہہ وہ جوہر ہی جسکے ذریعہ سے انسان بغیر استعانت زور اور زر کے دوسرے انسانوں کی طبیعت پر غالب آسکتا ہی اور اپنے خیالات کو دوسروں کے ذہن میں بٹھلا سکتا

ہی فصاحت اور بلاغت بلکہ ہر قسم کے صنائع اور بدائع جو انسان کے کلام کے بڑے بڑے رکن ہیں اور جن کے سبب سے آدمی بڑا قابل اور بڑا فصیح اور ادیب یا ایک بہت بڑا شاعر مشہور ہو سکتا ہی ان سب کمالات کا صلہ اکثر اوقات صرف زبانی مدح و ثنا سے کافی طور پر ادا ہو جاتا ہی لیکن وہ کلام جس سے انسان کسیقدر کچھہ کام نکال سکتا ہی اور دوسروں کو اُس کے ذریعہ سے اپنی طرف متوجہہ کر سکتا ہی وہ در حقیقت اُس قسم کا کلام ہوتا ہی جس میں شیرینی ہو میٹھا پرانا دشمنوں کو بھی دوست بنا لیتا ہی اور برخلاف اُس کے تلخی سے اپنے بھی بیگانے ہوجاتے ہیں اور بہت سے کیئے کرائے کام ملیا میٹ اور اور گئے گذرے ہو جاتے ہیں *

زبان شیریں انسان کی وہ ذاتی صفت ہی جو اُس کو ہر موقع پر ہر درجہ کے لوگوں کے ساتھہ چھوٹا ہو یا بڑا اعلے ہو یا ادنے ہم قوم ہو یا غیر قوم ہم مذہب ہو یا غیر مذہب دوست ہو یا دشمن امیر ہو یا فقیر سب سے یکساں برتنی چاہیئے عمدہ ترین انسانوں میں وہ انسان ہی کہ جو لوگ اُس کو برا کہیں اُن سے بھی وہ نہایت نرمی اور ملائمت سے کلام کرے اور دوسروں کی جہالت اور نا شایستگی کے مقابلہ پر اپنی تہذیب کو ہاتھہ سے نہ جانے دے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ بڑے بڑے حلیم الطبع آدمی بعض اوقات اس انسانی حد سے آگے کو قدم بڑھا جاتے ہیں چنانچہ ہمارے بعض مسلمان بھائیوں نے کسی غیر مذہب والے یا کسی خاص فرقہ کے مقابلہ پر جو کتابیں تحریر فرمائیں اُن میں بھی ان صاحبوں نے اس عمدہ صفت کو اکثر فروگذاشت کیا ہی یہہ سچ ہی کہ بعض اوقات کسی غیرت یا غصہ یا جوش میں آدمی کو اس بات کا خیال نہیں رہتا لیکن اس میں بھی شبہہ نہیں کہ کسی قدر بلکہ اکثر اُسکا یہہ بھی سبب ہوا ہی کہ اُن بزرگواروں نے کسی فضول اور غیر مہذب شخص کے مقابلہ پر ویسی ہی فضولی سے پیش آنے کو معیوب خیال نہیں کیا ورنہ یہہ ممکن نہ تھا کہ وہ عارضی غصہ یا جوش کتابوں کی صورت پکڑکر ایک قوم کے اخلاق کا جزو ہو جاتا *

عمدہ غرض اور اعلے مقصد ان تصنیفات کا یہہ ہونا چاہیئے تھا کہ جن لوگوں کے سمجھانے اور قائل کرنے کی غرض سے وہ کتابیں تحریر ہوئی تھیں وہ اُنکو انصاف کی نظروں سے دیکھتے مگر یہہ جب ہی ہوتا جب وہ کتابیں نامناسب الفاظ سے پاک و صاف ہوتیں اور طرز بیان اُن کا نہایت شیرینی اور لطافت کے ساتھہ ہوتا حالانکہ اب اُن کتابوں سے سواے اس کے اور کوئی فائدہ بظاہر مترتب نہیں ہوسکتا کہ خود وہ مصنف یا اُن کے اَور چند ہم مذہب آپس ہی میں اُن تصنیفات کو دیکھہ کر خوش ہوں اور باہم ایک دوسرے کو واہ واہ اور مرحبا کہہ لیں پس کس قدر افسوس کی بات ہی کہ ہمارے ان معزز بھائی مسلمان مصنفوں نے اپنی نہایت عمدہ محنتوں اور تحقیقاتوں کو تلخی اور سختی کلام سے فقط داغ ہی نہیں لگایا بلکہ اُن محنتوں کو بالکل بیکار کردیا اور اِس سے بھی بڑہ کر جو نقصان مسلمانوں کو ان تصنیفات سے ہوا وہ یہہ ہی کہ ہمارا اخلاق بھی غیر قوموں کے نزدیک ایسا ہی معیوب سمجھا گیا جیسا ہمارے نزدیک اُن نا مہذب لوگوں کا اخلاق تھا جن کے جواب میں بلکہ در حقیقت اُن کے جلانے کے واسطے ہم نے یہہ کتابیں لکھیں *

بھلا اِن اہل تصنیفات سے جو یہہ غلطی ہوئی اُس کو نا سمجھی سے یہہ کہا جا سکتا ہی کہ ان تصنیفات کا حال جواب ترکی بہ ترکی ہی حالانکہ ہم کبھی اس جواب کو تسلیم نکرینگے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ بعض وہ با ہمت مسلمان جو اس بات کا بیڑہ اُٹھاتے ہیں کہ ہم اپنے مسلمان بھائیوں کی اصلاح میں جہانتک ممکن ہوگا کوشش کرینگے اور اس لیئے اُن پر فرض ہی کہ جو حرف اُن کے مونہہ سے نکلے اور جو لفظ اُن کے قلم سے لکھا جاوے اُس کے ہر ایک پہلو پر خوب غور کر لیں کہ اس سے کوئی ناحق کی نا رضامندی تو مسلمانوں کو نہوگی اُن صاحبوں کا بعض اوقات یہہ حال ہوتا ہی کہ وہ بھی جادہ اعتدال سے تجاوز کر جاتے ہیں اور فرط محبت اور جوش ہوا خواہی میں آکر بعض دفعہ ایسے نامناسب لفظ اُن کی زبان اور قلم سے سرزد ہو جاتے ہیں جن پر عام لوگ پے نہیں لیجا سکتے اور اُن عوام کے سامنے خواص کا تالیاں کرتے کرتے ناک میں دم آجاتا ہی ہم یہہ تسلیم کرتے ہیں کہ ناصح جتنا دلسوز ہوگا اُسی قدر اُس کی نصیحت کے فقرے تلخ ہونگے لیکن ایک دانا ناصح یقیناً اپنے جوشوں کو ضبط ہی کریگا اور بلا شبہہ وہ جس مطلب کو اچھے لفظوں میں بیان کر سکتا ہی اُن کو برے لفظوں میں بیان نہ کریگا *

ہم مسلمانوں کے اعتقاد کے بموجب ابتداے آفرینش سے آج تک اس دنیا میں کوئی ایسا دانا اور دلسوز ناصح پیدا نہیں ہوا اور نہ آیندہ ہونے کی اُمید ہی جیسے ہمارے رسول خدا صلی اللہ علیہ و سلم ہوئے پھر دیکھو کہ اُس خدا نے جو بڑی حکمتوں والا اور تمام مخلوق کے قلوب پر حاوی اور متصرف ہی اپنے رسول سے اس معاملہ میں جسپر ہم یہہ گفتگو کر رہے ہیں کیا ارشاد فرمایا ہی † قال تبارک و تعالی ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ وجادلہم بالتی ہی احسن — یعنی جن لوگوں کی اصلاح مد نظر ہی اگر فی الواقع اُن میں کوئی

---

† اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بولا لوگوں کو اپنے رب کی راہ پر پکی باتیں سمجھا کر اور اچھی طرح نصیحت کر کر اور الزام دے اُن کو جس طرح بہتر ہو — رکوع اخیر پارہ ۱۴

شیریں زبانی

الزام کي بات هی تو اُس کے بیان کرنے کا مضائقه نهیں لیکن طرز بیان ایسا هونا چاهیئے که اُس سے لوگوں کو آزردگي نهو چنانچه کچهه شبهه نهیں که جناب رسول خدا صلی الله علیه و سلم نے اس ارشاد کي تعمیل نهایت خوبي اور خوش اسلوبي سے کي تمام حدیث کي کتابیں اس کي شاهد حال هیں که جو مطالب اُن میں بیان کیے گئے هیں کیسے معتدل اور ملایم اور شریں لفظوں میں بیان هوئے اور گو یهه صحیح هی که جن لوگوں کي قسمت میں هدایت نه تهي اُن کو هدایت نصیب نه هوئي لیکن یهه الزام شاید رسول خدا صلی الله علیه وسلم پر کسي نے نهیں لگایا که معاذالله وه مغلوب الغضب تهے یا اپنے جوش میں آکر ایسے سخت لفظ کهه جاتے تهے که سامعین کو ناگوار خاطر هوتے تهے اور اس لیئے وه لوگ اُن کے ذریعه سے هدایت پانے سے باز رهے پس همارے مسلمان بهائیوں کو مناسب هی که جو نهایت سچا اور عمده راسته اُن کے نبي نے خود اختیار کیا اور اَوْروں کو بهي اُسي پر چلنے کي نصیحت کي اُسي راسته پر قایم رهیں *

اس بات پر بهي اچهي طرح غور کرنا چاهیئے که خدا نے یهه مذکورہ بالا نصیحت اپنے ایسے نبي کو فرمائي تهي جن کو شر شیطان سے هر طرح محفوظ رکها تها واے بر حال هم گنهگاروں کے که کیسي بري طرح سے اُس کے پهندے میں پهنسے هوئے هیں یهه اُسي شیطان کا فریب هی که همکو کسي غیر مذهب یا هم مذهب کے کسي نامهذب شخص کے مقابله میں لاکر هم سے بهي ویسي هي حرکتیں کرانے لگتا هی جیسي اُس غیر مهذب شخص میں تهیں اور پهر اُس کا نام همارے خوش کرنے کي غرض سے کبهي جو اب ترکي به ترکي ٹهیراتا هی کبهي اُس کو جواب دنداں شکن کے نام سے تعبیر کراتا هی کبهي همکو هماري اِن بیجا حرکتوں پر ثواب کا اُمیدوار کرتا هی اور کبهي اُن غیر معتدل بلکه نامناسب الفاظ کو جو هم سے تقریر یا تحریر میں ناسمجهي کي راه سے سرزد هوتے هیں اپني قوم کي فرط محبت سے منسوب کرتا هی اور پهر خود هي وه آفت روزگار دوسروں کے دلوں میں اُن الفاظ اور فقرات کے سبب سے ایک رنج پیدا کردیتا هی اور اس حیله و نیرنگ سے باهم عداوت کرادیتا هی بڑے بڑے اتفاقوں اور محبتوں کو طرفةالعین میں درهم برهم کردیتا هی اور بڑے بڑے عالي ارادوں کو جو عام کے فائده کے واسطے کیئے جاتے هیں بالکل پریشان کردیتا هی *

علم اخلاق میں یهه بات عقلاً اور نقلاً هر طرح سے ثابت هو چکي هی که تعلیم اور فهمایش همیشه نرم لفظوں میں چاهیئے اور اس کے برخلاف کبهي وه کارگر نه هوگي اور تمام عقلاء روزگار اور انبیاء علیهم السلام کا عمل در آمد اسي پر رها لیکن اکثر اوقات انسان اپنے جوش یا غصه سے مجبور هو جاتا هی اور زور تحریر یا زور تقریر تمام مصلحت پر غالب آجاتا هی چنانچه ان شیطاني وسوسوں اور آفتوں سے محفوظ رهنے کے واسطے خدا تعالی نے اپنے کلام پاک میں اپنے نبي کي معرفت هم کو یهه ارشاد فرمایا هی *

† " قل لعبادي یقول التي هی احسن ان الشیطان ینزغ بینهم ان الشیطان کان للانسان عدوا مبینا ربکم اعلم بکم ان یشا یرحمکم او ان یشا یعذ بکم " *

کبهي کبهي یهه بهي هوتا هی که ایک شخص کے ذهن میں یهه بات جم جاتي هی که میں نے جو کچهه سمجها هی سب سچ سمجها هی اور جو کچهه میں کهه رها هوں اور کر رها هوں وهي بالکل سچ هی اور اس لیئے وه اَوْر آدمیوں کو جو اُس کي راے سے نا واقف یا برخلاف هوتے هیں خواه مخواه حقارت سے دیکهنے لگتا هی اور اُسي حقارت کي نظر سے کوئي کوئي سخت اور نامناسب لفظ بهي اُن لوگوں کي نسبت اُسکي زبان یا قلم سے نکل جاتا هی اور یهه عملدرآمد بالاخر باهمي نزاع اور برهمي کا سبب هو جاتا هی پس خدا تعالی نے اپنے اس کلام پاک میں اس قسم کے خیالات کي بهي روک تهام فرمائي اور ارشاد کیا که ان باتوں کو تمهارا پروردگار هي خوب جانتا هی جسکا علم هر طرح پر کامل هی تم اپنے خیالات کے لحاظ سے ایک دوسرے کي نسبت ایسے نامناسب الفاظ نه کهو جو باهمي رنجش کا سبب هو جاویں اور شیطان کو جو همیشه اسي فکر میں رهتا هی اپنا موقع هاتهه آوے اعمال کي بهلائي اور برائي پر جزا اور سزا دینا یهه خدا هي کا کام هی چنانچه اَوْر ایک مقام پر بهي خدا تعالی نے اس کي تصریح فرمائي هی *

‡ " قل کل یعمل علی شاکلته * فربکم اعلم بمن هو اهدی سبیلا "

پس میري غرض اور میرا التماس عموماً اپنے تمام مسلمان بهائیوں سے اور خصوصاً اُن اهل همت سے جو علم کلام کے لوگ هیں اور جو اپني قوم کو اپني عمده نصیحتوں سے مهذب بنانا چاهتے هیں یهه هی که اپنے کلام کو دوست سے هو یا دشمن سے اعلی سے هو یا ادنی سے نهایت شیریني اور لطافت اور نرمي سے استعمال میں لاویں اور سخت اور درشت الفاظ سے جس قدر هوسکے کناره کریں اور جو قانون کارخانه قدرت کے بنانے والے نے همارے لیئے مقرر کردیا اُس کو اپنے کسي جوش و خروش کا تابع نه کریں اور جو عمده اور نهایت عمده مذهب اُن کو خوش قسمتي سے نصیب هوا هی اُس پر بهت سچائي اور نیک نیتي سے قایم رهیں که یهي سچي شایستگي هی اور یهي سچي تهذیب هی اور دونوں جهان کي هر قسم کي خوبیاں سب اس میں موجود هیں *

راقـــــــم
مشتاق حسین

---

† یعني اے محمد (صلی الله علیه وسلم) کهدے میرے بندوں کو که بات وهي کهیں جو بهتر هو بیشک شیطان جهڑپ کرادیتا هی آپس میں بے شک شیطان انسان کا دشمن صریح هی تمهارا رب بهتر جانتا هی تمکو اگر چاهے تم پر رحم کرے اور اگر چاهے تم پر عذاب کرے (پاره ۱۵ رکوع ۵)

‡ کهدے اے محمد (صلی الله علیه وسلم) هر کوئي اپني اپني وضع پر عمل کرتا هی سو یهه بات که کسنے اچهي راه اختیار کي تیرا رب هي خوب جانتا هی (پاره ۱۵ رکوع ۸)

بمقام علیگڈه —— مطبع علیگڈه انستیتیوٹ میں چهپا اور باهتمام
منشي محمد مشتاق حسین شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد دوم] یکم صفر سنہ ۱۲۸۸ ھجري [نمبر ۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

علاوہ اِس کے جو شخص کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن دے وہ بشکر گذاري تمام لیا جاویگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا قیمت فی پرچہ دو آنہ اور مع محصول تین آنہ ہوگي مگر خریداروں کو کم سے کم تین روپیہ قیمت اور ایکروپیہ آٹھہ آنہ محصول جملہ چار روپیہ آٹھہ آنہ پیشگي بھیجنے ہونگے *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہے گا اُس کو فی پرچہ چار آنہ قیمت اور ایک آنہ محصول دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اِس پرچہ میں بجز مضامین متعلق تہذیب اخلاق و حسن معاشرت کے جہاں تک کہ وہ مسلمانوں سے متعلق ہیں اور کچھہ مندرج نہوگا *

مضمون نمبر ۳۱

امام حجۃالاسلام غزالي

منجملہ اُن مشہور شخصوں کے جو کہ مسلمانوں میں ہوئے ہیں امام غزالي ہیں ہماري قوم میں سے کیا عالم کیا جاہل چند ہي ایسے لوگ ہونگے جو اُن کے نام سے واقف اور اُن کے کمالات سے آگاہ نہوں مگر اکثر لوگ اُن کے ذاتي حالات سے اِطلاع نہیں رکھتے اِسلیئے ہم اُنکا مختصر حال لکھتے ہیں *

انکا نام زین‌الدین ابو حامد محمد بن محمد بن محمد بن احمد ہے اور غزالہ کے رہنے والے ہیں جو کہ ایک قصبہ طوس کے قصبات سے ہے اِسي واسطے اُنکو غزالي کہتے ہیں شہر طوس میں سنہ ۴۵۰ ھجري میں پیدا ہوئے اور ۵۵ برس کے ہوکر سنہ ۵۰۵ ھجري میں رحلت کي اُنہوں نے اول طوس میں احمد رازکاني سے تعلیم پائي بعدہ نیشاپور میں آئے اور امام الحرمین ابوالمعالي جوئني سے علم حاصل کیا چونکہ ذہن اور عقل اُن کو خدا نے اعلی درجہ کي دي تھي اِسلیئے تھوڑے ہي عرصہ میں علوم معقول و منقول کے جامع اور اپنے اُستاد کے

 امام حجة الاسلام غزالي

جيتے جي مشهور اور نامور هوگئے اور کتابوں کا تاليف بلکه تصنيف کرنا شروع کيا جب اُن کے اُستاد ابوالمعالي نے اِنتقال کيا تب وہ نيشاپور سے چلے اور وزير نظام الملک سے ملے اُس نے اُن کي نهايت هي تعظيم و تکريم کي اور اُس کي مجلسوں ميں اکثر علماء و محدثين سے نوبت مناظرہ کي پهنچي جب اُن کے علم و کمالات کي شهرت هوگئي تب وزير نے اُن کي قابليت اور اِستعداد ديکهکر مدرسه عاليه نظاميه کو جو بغداد ميں تها اُن کے تعلق کيا چنانچه سنه ۴۸۴ هجري ميں اُنهوں نے اِنتظام اور تدريس اُس مدرسه کي اپنے ذمه لي اور تمام اهل عراق اُن کي طرف رجوع کرنے اور اُن سے علوم معقول و منقول تحصيل کرنے لگے چار برس تک وہ خدمت اُنهوں نے اپنے تعلق رکهي سنه ۴۸۸ هجري ميں اپنے بهائي احمد غزالي کو اپنا قايم مقام کرکے اُس سے دست کش هوئے اور زهد اختيار کرکے بيت المقدس کو چلے گئے بعد اُس کے شام اور دمشق اور مصر اور اسکندريه کي سياحت کي اور بسواري جهاز کے ديار مغرب کي طرف گئے اور حج کرکے اپنے وطن طوس کو لوٹ آئے *

اُن کي تاليفات و تصنيفات چار سو سے زيادہ هيں منجمله اُن کے مشهور کتابيں يهه هيں فقه ميں وسيط بسيط و جيز اصول فقه ميں مستصفي منخول منتخل علم کلام ميں تهافة الفلاسفه محک النظر معيار العلم مقاصد مضنون به على غير اهله مشکوة الانوار منقذ من الضلال تفسير ميں ياقوت التاويل جس کي چاليس جلديں هيں علم اخلاق و تصوف ميں احياء العلوم اسرار علم الدين منهاج العابدين در فاخرہ في کشف علوم الاخرة انيس في الوحدت کتاب القربة الى الله اخلاق الابرار ونجاة من الاشرار بداية الهداية جواهر القران اربعين في اصول الدين المقصد الاسنى في شرح اسماء الله الحسنى ميزان العمل القسطاس المستقيم التفرقة بين الاسلام و الزندقه کتاب الذريعه الى مکارم الشريعه کتاب المبادي و الغايات کيمياء سعادت تدليس ابليس نصيحة الملوک کتاب الاقتصاد في الاعتقاد شفاء العليل في القياس والتعليل اساس القياس کتاب المقاصد کتاب الجام العوام عن علم الکلام کتاب الانتصار کتاب الماخذ القول الجميل في الرد على من غير الانجيل کتاب المستظهري کتاب الاماني کتاب في علم اعداد الوفق وحدوده کتاب مقصد الخلاف اور ايک چهوٹا رساله في الرد على المنکرين في بعض الفاظ احياء علوم الدين *

تمام علماء کا اِتفاق هی که منجمله مؤلفات امام غزالي کے احياء العلوم کيا باعتبار فصاحت و بلاغت کے اور کيا بلحاظ مضامين اور معاني کے عمدہ ترين کتابوں سے هی جسميں اُنهوں نے تمام علوم نقلي کو نهايت خوبي سے بيان کيا هی اور دلايل عقلي سے مسايل شرعي کو مدلل کيا هی اور منقول کو معقول سے ملايا هی يهه طرز جديد اُنهيں سے جاري هوا اور اسرار و نکات مسائل شرعيه کے بيان کرنا اُنهيں کي ذات سے شروع هوا اس کتاب کو اُنهوں نے نيشاپور ميں ايک هزار پانسو پچيس دن ميں تاليف کيا چونکه اُنهوں نے احياء العلوم ميں نيا طريقه اختيار کيا يعني تقليد کو چهوڑا اور تحقيق پر مستعد هوئے اور الفاظ کے معني اور مطالب اصلي بيان کيئے اور بخلاف اُس وقت کے فقهاء کے دقايق و حقايق ظاهر کرنے پر آمادہ هوئے نظر برين بهت سے متعصبين و مقلدين نے اُن کي کتاب کو ناپسند کيا اور اُس کے الفاظ و عبارت کو خلاف اپنے طريقه کے جانکر اُنپر الحاد کا الزام لگايا بلکه فقهاء جهال نے اُن کے کفر کا فتوى ديا اور اُن کي کتاب احياء العلوم کے ديکهنے کو حرام بتلايا اور اُس کے جلا دينے کا حکم ديا اور اِس امر کے استفتاء تحريري علماء و فضلاء کے پاس آنے لگے چنانچه شيخ کبير عارف بالله ابوالعباس نے يهه فرمايا که انا نشهدله بالصديقية العظمى که هم امام غزالي کي صديقيت پر شهادت ديتے هيں اور شيخ ابوالحسن شاذلي رحمت الله عليه نے جو اپنے وقت کے قطب تهے يهه کها که من کانت له الى الله تعالى حاجة فليتوسل به اليه بالامام احمد غزالي اور ابوالفداء اِسماعيل بن محمد حضرمي کے پاس فقهاء جهال نے ايک استفتاء مشعر طعن و قدح امام غزالي کے بهيجا جسميں اُنهوں نے يهه لکها تها هل يجوز قراة کتب الغزالي که آيا پڑهنا غزالي کي کتابوں کا جايز هی اُنهوں نے يهه جواب لکها که انا لله و انا اليه راجعون الغزالي سيد المصنفين علاوہ ان مختصر جوابوں کے اُسوقت کے علماء نے منکرين امام غزالي کے اعتراضات کے تفصيلي جواب لکهے اور اُن کے تعصبات کو رد کيا بلکه خود امام غزالي نے اُن اعتراضات کو جو الفاظ و عبارات پر احياء العلوم کے فقها نے کيئے تهے ايک علحدہ رساله لکهکر رد کيا مگر با اين همه لوگ اُن پر اعتراض کرنے سے باز نه آئے چنانچه علي بن يوسف مؤلف کتاب مغرب نے جو نهايت ديندار اور متشرع مشهور تها اور جو پلے سرے کا عابد تها اور جسکے پاس اکثر سوائے علماء اور فضلاء کے اور کوئي نهوتا تها سنه ۵۳۷ هجري ميں يهه فتوى ديا که کتاب احياء العلوم کا نام و نشان نرهے اور بالکل جلا دي جاوے تاکه مسلمانوں کے عقايد ميں اُس سے کچهه خلل نه آوے *

يهه حال چند هي روز رها اور نيا طريقه ديکهکر لوگوں کو جو اول اول تنفر هوا آخر وہ امام غزالي کي مولفات ديکهه ديکهکر جاتا رها اور لوگوں نے احياء العلوم کے خلاصه کرنا شروع کيئے چنانچه ابو ذکريا يحيى نے جو سنه ۵۵۸ ميں مرے اور امام احمد برادر امام حجة الاسلام نے جنهوں نے سنه ۵۲۰ ميں وفات پائي احياء العلوم کو مختصر کيا وعدہ اور لوگوں نے بهي اُس سے فائدے حاصل کيئے اور هزاروں

 امام حجة الاسلام غزالي

عالموں نے أس كتاب كي تعريف ميں اشعار اور قصيدے كہے اور منكرين امام غزالي پر اعتراضات كيئے چنانچهه شيخ الاسلام قطب الدين محمد ابن الشيخ الامام ابي العباس قسطلاني نے ايک بڑي كتاب معترضين امام غزالي كے رد ميں تصنيف كي اور أس ميں معترضين كے اعتراضات كو بيان كركے بخوبي باطل كيا اور ابي الذبيح شيخ فقيه نے امام غزالي كي نہايت تعريف لكهي اور أن كي كتابوں كو به سبب تطبيق معقول و منقول كے بہترين كتب سے تصور كيا *

امام غزالي هي پہلے وہ شخص هيں جنہوں نے نيا طريقه تطبيق بين المعقول و المنقول كا نكالا اور عقايد اور اعمال كے اسرار و حقايق كو بيان كيا إس طريقه كے اختيار كرنے اور اسرار و حقايق كے بيان كرنے ميں جو كچهه أس پر اعتراضات هوئے أس كو أنہوں نے جابجا اپني تاليف ميں ذكر كيا هى اور أن متعصبين و متقشفين فقہاء پر جو منقول ميں عقل كو دخل دينا حرام جانتے هيں بہت ملامت كي هى اور جنہوں نے شريعت كو صرف ظاهر پر محمول كيا هى اور أس كے اسرار و حقايق سے انكار كيا هى أن پر نہايت انسوس فرمايا هى چنانچهه وہ ايک مقام پر لكهتے هيں † كه علوم شرعي كے ظاهر و باطن پر منقسم هونے سے كوئي صاحب بصيرت انكار نہيں كرسكتا سوائے أن كوتاه فہموں كے جنہوں نے لڑكائي ميں كوئي چيز سن لي اور أس پر جم گئے اور مقامات عاليه پر نه پہنچے حالانكه خود حضرت صلى الله عليه و سلم نے فرمايا هى كه قران ظاهر و باطن كا جامع هى اور حضرت ابن عباس رضي الله تعالى عنه نے أس آية كي تفسير ميں جسميں ذكر سات آسمانوں و زمين كا هى يهه فرمايا هى كه اگر ميں أس كي تفسير كروں تو لوگ مجهے سنگسار كرديں يا كافر كہنے لگيں *

امام غزالي نے اپني تاليفات ميں قبل بيان كرنے اسرار و حقايق شريعت كے ايک نہايت عمدہ بيان نسبت اختلاف شريعت كے ظاهر اور باطن كے كيا هى وہ لكهتے هيں كه جو لوگ نا سمجهه هيں وہ جب شريعت كے حقايق سنتے هيں تو حيران هوكر پوچهتے هيں كه اگر حقيقت خلاف شريعت هى تو كفر هى اور اگر موافق أس كے هى تو پهر أس ميں كيا فرق هى حالانكه وہ نہيں جانتے كه ظاهر اور باطن شريعت كے اختلاف كے چند سبب هيں اور أسكي أنہوں نے پانچ قسميں كي هيں *

پہلي قسم كه شى في نفسه ايسي دقيق هو كه اكثر لوگ أس كے سمجهنے سے عاجز هوں اور أس حقيقت كے بيان كرنے سے أن كو توهمات اغلو پيدا هوں تو ايسي شى كي حقيقت بيان كرنے سے شارع نے احتراز كيا هى اور أس كو ظاهر نہيں كيا مثل حقيقت روح كے *

دوسري قسم كه اگرچه وہ شى في نفسه ايسي دقيق نهو كه اكثر لوگ أس كو سمجهه نه سكيں ليكن عام سننے والوں كے حق ميں أسكے سننے سے انديشه ضرر پيدا هونے كا هو إس واسطے أس شى كي حقيقت كو شارع نے ظاهر نہيں كيا مثل مسئله جبر و قدر كے *]

تيسري قسم اگرچه أس شى كي حقيقت ظاهر كرنے سے احتمال ضرر پيدا هونے كا بهي نهو ليكن استعارہ اور رمز ميں بيان كرنے سے أسكي وقعت عام لوگوں كے دلوں ميں زيادہ هو جيسا كه حضرت صلى الله عليه و سلم نے فرمايا هى اما يخشي الذي يرفع راسه قبل الامام ان يحول الله راسه راس حمار كه جو شخص امام سے پہلے اپنا سر أٹهاتا هى كيا وہ اس سے نہيں ڈرتا كه خدا أسكا سر گدهے كا سا كردے پس باعتبار صورت كے آدمي كا سر گدهے كا سا هوجانا نه هوا هى نهوگا ليكن مقصود اس سے صورت گدهے كي نہيں هى بلكه خاصيت أسكي هى يعني حماقت يا حضرت نے فرمايا هى كه قلب المومن بين اصبعين من اصابع الرحمن كه مومن كا دل خدا دو أنگليوں پر ليٹے هوئے هى يهه كلام بهي باعتبار ظاهر كے نہيں هى إسليئے كه اگر كسي كے دل كو ٹكڑے ٹكڑے كركے كوئي ديكهے تو ايک أنگلي كا نشان بهي نه مليگا تو يہاں بهي أنگليوں سے مراد قدرت هى *

چوتهي قسم كه كسي شى كي ماهيت اجمالاً بيان كردي جاوے اور أس كي حقيقت كي تفصيل اهل ذوق كي طبيعتوں پر چهوڑ دي جاوے كه وہ اجمال بمنزله ظاهر كے اور وہ تفصيل بمنزله باطن كے هوگي *

پانچويں قسم كه كسي شى كا بيان بزبان حال كيا جاوے اور أس سے ظاهري نطق و بيان مراد نهو بلكه أسكي كيفيت اور حقيقت مقصود هو جيسا كه خدا فرماتا هى ثم استوى الى السماء وهي دخان فقال لها والارض ائتيا طوعاً اوكرها قالتا اتينا طائعين كه خدا نے آسمان و زمين سے كہا كه تم دونوں خوشي سے چلے آؤ أنہوں نے كہا كه هم خوشي سے حاضر هوتے هيں تو اس سے مراد باهم خدا اور زمين و آسمان كے گفتگو هونا نہيں هى بلكه أن كي تسخير اور اطاعت مراد هى اور إسي قبيل سے هى خدا كا يهه فرمانا كه ان من شئ الا يسبح بحمده كه كوئي چيز نہيں هى جو خدا كي تسبيح نه كرتي هو تو إس سے يهه

---

† واعلم ان انقسام هذه العلوم الى خفية و جلية لا ينكرها ذو بصيرة و انما ينكرها القاصرون الذين تلقفوا في اوايل الصبى شيئاً و جمدوا عليه فلم يكن لهم ترقي الى شيئاً و العلاء و مقامات العلماء والاولياء و ذلک ظاهر من ادلة الشرع قال صلى الله عليه و سلم ان للقران ظاهراً و باطناً و جداً و مطلقاً و قال ابن عباس في قوله عزوجل الله الذي خلق سبع سموات و من الارض مثلهن لوذكرت تفسيره لرجمتموني و في لفظ آخر لقلتم انه كافر —

امام حجۃالاسلام غزالي

مطلب نہیں ھی کہ جمادات بھي حیات اور عقل اور نطق رکھتے ھیں اور سبحان اللہ سبحان اللہ بولتے ھیں بلکہ مراد اِس سے اُن کا وجود ھي ھی کہ وہ اپنے صانع اور پیدا کرنے والے کي پاکي پر شاھد ھیں اور اُنکي ھستي ھي زبان حال سے اپنے صانع کي قدرت بیان کر رھي ھی *

امام غزالي نہایت تعجب اپنا نسبت اُن لوگوں کے ظاھر کرتے ھیں جو فقط تقلید پر چلتے ھیں اور خود تحقیق کو دخل نہیں دیتے اور اپني عقل کو بیکار کردیتے ھیں اُن کا مقولہ ھی کہ وہ صفت جس سے اِنسان اِنسان ھوا اور جسنے اُسکو حیوان اِسے جدا کردیا ھوالذي استعدبہ لقبول العلوم النظریۃ و تدبیر الصناعات الخفیۃ الفکریۃ وہ ایک استعداد قبول کرنے علوم نظاریہ کي اور پیدا کرنے تدبیر صنعتوں پوشیدہ کي ھی اور اسي استعداد کا نام عقل ھی اور کوئي انسان نہیں ھی جسکو یہہ اِستعداد ندي گئي ھو تمام علوم اور جمیع فنون اُسي سے پیدا ھوتے ھیں گویا وہ سب اُس میں پوشیدہ ھیں اور صرف ایک سبب کي حاجت ھی جو اُن علوم کو اُس سے پیدا کرے کوئي علم اور فن نہیں ھی کہ جو اُس سے خارج ھو اور اُسمیں پوشیدہ نہو عقل کي اور علوم کي اُسمیں پوشیدہ ھونے کي مثال بعینہ پاني اور مٹي کي ھی کہ کوئي زمین نہیں ھی جسمیں پاني نہو مگر اُسکا نکلنا محتاج کھودنے اور نکالنے اوپر کي مٹي کا ھی یا اُسکي تمثیل مثل روغن کے ھی کہ وہ ھر دردہ میں موجود ھی مگر اُس کا پیدا ھونا ایک تدبیر خاص پر موقوف ھی پس جو شخص اُس اِستعداد کو کام میں لاوے اور عقل کو بیکار کردے وہ در حقیقت اُس اِستعداد کو ضایع کرتا ھی جو خدا نے اُس کو دي ھی اور وہ انسان ھوکر اپنے آپ کو حیوان بناتا ھی *

وہ کہتے ھیں کہ کسي کے علم اور صناعت اور فن کے اوپر یہہ یقین نہ کرنا چاھیئے کہ جو کچھہ معلوم ھوگیا یا جو ظاھر ھو چکا رھي اُس کا کمال ھی اور اب اُس سے زیادہ لحاظ ھونا غیر ممکن ھی اور نہ کبھي کسي خاص قوم یا فرقہ یا شخص کي نکالي ھوئي بات پر یہہ بھروسہ کرنا چاھیئے کہ وہ اخیر درجہ اُس استعداد کے ظہور کا ھی بلکہ ھمیشہ اُس کو ابتدائي حالت سمجھے اور اُس میں ترقي کرے اور اُس استعداد کے ظہور کے ختم ھونے کا معتقد نہووے اور جو امر عقل کے خلاف ھووے اُس کو کبھي نہ مانے اور کسي شرعي مسئلہ کو مخالف عقل کے نہ سمجھے اور اگر اُس کي سمجھہ قاصر ھووے تو اُس کے اسرار اور اسباب دریافت کرے اور اُس مغز کو جو الفاظ کے پوست میں چھپا ھوا ھو باھر نکالے اور اُس پاني کو جو مٹي کے اندر موجود ھو کھود کھود کر پیدا کرے *

اُس استعداد کا کمال اور ترقي تجربہ اور تحقیقات اور محنت پر موقوف ھی قدرت نے بدو فطرت میں وہ قوت سب کو دي ھی جو اُس کو کام میں لاتے ھیں وہ اُس کي حقیقت سے واقف ھوتے ھیں اور اُس کے ثمرات اور نتایج کا لطف اُٹھاتے ھیں جو اُس کو کام مین نہیں لاتے وہ اُس کي حقیقت ھي کے منکر ھو جاتے ھیں اور اُس کو استعمال میں لانے اور اُس سے فائدہ اُٹھانے سے محروم رھتے ھیں *

امام غزالي الست بربکم قالوا بلی کي تفسیر میں لکھتے ھیں کہ یہہ فرمانا خدا کا کہ ھمنے بني آدم سے اپني ربوبیت کا روز ازل میں اقرار لیا اور اُن سے کہا کہ کیا میں تمہارا خدا نہیں ھوں تو سبھوں نے اقرار کیا اُسي استعداد کے عطا کرنے کا بیان ھی کہ انسان کو روز ازل میں ھمنے وہ استعداد دي ھی جس سے اُن کي ذات نے میري ربوبیت پر ازل کے دن اقرار کیا اس اقرار سے مراد زباني اقرار نہیں ھی اس لیئے کہ ازل کے روز نہ جسم تھا نہ زبان بلکہ وھي استعداد مراد ھی اور اُس اقرار اور میثاق کا بھلا دینا اور یاد رکھنا اشارہ اسي استعداد کے کام میں لانے اور نہ لانے پر ھی یعني جو اُس استعداد سے کام لیتے ھیں وہ میري ربوبیت کا اقرار کرتے ھیں اور جو اُس کو استعمال میں نہیں لاتے خواہ تقلید آباء و اجداد کے سبب سے یا اپني غفلت اور کاھلي کے سبب سے وہ میري ربوبیت سے انکار کرتے ھیں اور یہي مطلب ھی خدا کے اس قول کا کہ لئن سالتھم من خلقھم لیقولن اللہ کہ اگر تو پوچھے لوگوں سے تو سب یہي کہینگے کہ ھمکو خدا نے پیدا کیا حالانکہ باعتبار ظاھر کے یہہ کلیہ صحیح نہیں ھی اس لیئے کہ بعض فرقے بالکل خدا کے منکر ھیں *

فمعناہ ان اعتبرت احوالھم شھدت بھذا نفوسھم و بواطنھم فطرۃ اللہ التي فطرالناس علیھا اے کل إنسان فطر علی الایمان باللہ عزوجل بل علی معرفۃ الاشیاء علی ماھي علیہ پس مطلب اس کا یہي ھی کہ اُن کي ذاتیں خود اس کي مقر ھیں کہ ھمکو خدا نے پیدا کیا ھی اور خدا نے ھر آدمي میں استعداد ایمان کي بلکہ تمام چیزوں کي حقیقت کماھي ھي دریافت کرنے کي دي ھی اگر اُن کو ایسي استعداد نہ دي ھوتي تو تکلیف ایمان کي اور اُس کے قبول پر جزا اور اُس کے انکار پر سزا دینا جایز نہوتا *

امام غزالي ان آیات کو اور اس کي مانند اَور آیات کي تفسیر بیان کرکے لکھتے ھیں کہ وہ لوگ جو تقلید سے نہیں نکلتے اور اپني اُس استعداد کو کام میں نہیں لاتے ایسي آیتوں کو دیکھہ کر حیران ھوتے ھیں اور اُسکا مطلب جب اُنکي سمجھہ میں نہیں آتا تو اُس یقین سے جو ھونا چاھیئے حقیقت میں پھر جاتے ھیں اور اپنے نزدیک اُنکو غیر صحیح سمجھتے ھیں گو زبان سے اُسکي تصدیق کرتے رھیں حقیقت میں اُنکي مثال ایک ایسے آدمي کي ھی جو کہ آنکھہ بندکرکے کسي محل میں

امام حجة الاسلام غزالي

امام حجة الاسلام غزالي

داخل هو اور وهاں اسباب زينت رکها هو اور وه أس سے ٹهوکر كهاوے اور کهنے لگے كه كيسے وه لوگ هيں جنهوں نے راه ميں برتنوں كو ركهديا هی حالانكه وه چيزيں سب اپني اپني جگهه پر رکهي هوئي هيں مگر يهه أسيكا تصور هی كه آنكهه موجود هی اور پهر أس سے كام نهيں ليتا اور اندها بنكر چلتا هی تو وه كيونكر ٹهوكريں نه كهاوے *

وه كهتے هيں كه أسي استعداد كا نام عقل هی اور أسيكا خطاب بصيرت هی اور أسيكا لقب نور هی اور أسيكو ايمان كهتے هيں وه سب ايكهي چيز هی صرف نام علحده علحده هيں تو جس شخص نے أس كو دنيا ميں استعمال كيا وه آخرت ميں بهي بينا هی جسنے أس سے يهاں كام نه ليا وه وهاں بهي اندها هی اور يهي معني هيں اِس آيت كے من كان في هذه اعمی فهو في الاخرة اعمی و اضل سبيلا *

وه ايک سوال لكهتے هيں كه جب عقل بهترين مخلوقات هی تو كيوں بعض علماء نے أسكو شريعت كے مسائل ميں دخل دينے سے منع كيا هی اور پهر خود هي يهه جواب ديتے هيں كه يا تو وه منع كرنے والے خود بےعقل تهے اور أنهوں نے اپني عقل كو بيكار كرديا تها يا كه وے لوگوں كي عقل پر توهمات كا اطلاق كرنے پاتے تهے جيساكه بعض اهل كلام نے عقايد ديني ميں اپنے توهمات اور خيالات كو دخل ديا اور أس كا نام عقل رکها تو صرف أن كا منع كرنا اصلي عقل كے استعمال سے نه تها بلكه أن توهمات اور خيالات كے دخل دينے سے *

أنهوں نے اِس شک كو كه عقل اور وهم ميں كيا فرق هی اور أس ميں كيونكر تميز هوسكتي هی نهايت خوبي سے رفع كيا هی اور اِس مشكل مسئله كو نهايت عمده تمهيدات اور تمثيلات سے حل فرمايا هی چنانچه كتاب منقذ من الضلال اور اسرار علم الدين اور مشكواة الانوار كے ديكهنے سے أسكي حقيقت معلوم هوتي هی † *

مگر وه اپنے اِس قول پر نهايت مضبوطي سے قايم رهے هيں كه

• كل قلب فهو بالفطرة صالح لمعرفة الحقايق لانه امر رباني شريف فارق سائر جواهرالعالم بهذه الخاصية والشرف واليه الاشارة بقوله عزوجل انا عرضنا الامانة علی السموات والارض والجبال فابين ان يحملنها واشفقن منها كه جو دل هی وه باعتبار اپني فطرت كے صلاحيت اور استعداد حقايق اشياء كے دريافت كرنے كي ركهتا هی اور اسي صلاحيت اور استعداد سے مراد وه امانت هی جو آية انا عرضنا الامانة ميں مذكور هی كه يهه استعداد نه آسمان ميں هی نه زمين ميں نه پهاڑ ميں نه كسي ميں سوائے انسان كے وه كهتے هيں كه خدا نے هر انسان كے دل كي لوح پر اپنے قدرت كے قلم سے حقيقت اشياء كو لكهديا هی اور اسي كي طرف اشاره

† هم كسي اگلے پرچه ميں أسكا خلاصه بهي لكهينگے —

اپني اس آيت ميں كيا هی كه الذي علم بالقلم علم الانسان مالم يعلم پس جس طرح پر جو كچهه كتاب ميں لكها هو وه وهي پڑه سكتا هی جس نے محنت اور تجربه سے أس استعداد كو ظاهر كرليا هو اسيطرح پر حقايق اشياء كو جو دلوں پر انسان كے بقلم قدرت منقوش هی يعني أنكو صلاحيت أس كے سمجهنے كي هی وهي سمجهه سكتا هی جس نے أس صلاحيت كو مشق اور تجربه اور طريق معين سے لايق كام ميں لانے كے بناليا هو مثال أسكي بعينه ايک پڑهے اور بے پڑهے آدمي كي هی كه دونوں كي آنكهيں بينائي ميں برابر هيں مگر كيا سبب هی كه پڑها هوا أن لكيروں كو جو سياهي سے كاغذ وغيره پر كهنچي هوتي هيں سمجهه ليتا هی اور بن پڑها هوا أس كو اور لكيروں ميں كچهه تميز نهيں كرسكتا اور وه أن كي حقيقت پر نهيں پهونچ سكتا يهي سبب هی كه پڑهے هوئے آدمي نے اپني آنكهه كي استعداد كو جو واسطے سمجهنے أن نقوش مرئيه كے قدرت نے دي تهي ظاهر كرديا اور بن پڑهے هوئے نے ظاهر نهيں كيا *

وه كهتے هيں كه بڑے نادان وه لوگ هيں جو علوم اور حقايق كے دريافت كرنے ميں سعي نهيں كرتے اور وه علوم ديني هوں يا دنياوي أن ميں اَوروں كي بتلائي هوئي باتوں پر قناعت كرتے هيں حالانكه دين ميں كسي كو سوائے نبي كي بتلائي هوئي بات كے اور كسي پر كلية اعتماد كرنا اور لوگوں كي بنائي هوئي كتابوں پر اپنے يقين كو قايم كرنا نه چاهيئے اور رسول كي بتلائي هوئي باتوں كے اسرار اور حقايق كے دريافت كي فكر كرنا لازم هی اِس ليئے كه اِن اكتفی بالحفظ مايقال كان وعاءاللعلم ولاعالما كه اگر أسنے أسكي حقيقت نه جاني تو وه أس علم كا برتن هوا نه عالم پس كيا سبب هی كه انسان باوجود هونے استعداد كے حقيقت اشياء كے دريافت سے غافل رهے اور اپنے آپ كو جاهل ركهے *

وه أن فقهاء اور علماء پر نهايت افسوس كرتے هيں جو تقليد پر قانع هيں اور جنهوں نے صفات نفس اور حالات قلب كا علم چهوڑ كر وعظ اور قصه گوئي پر قناعت كرلي هی اور علم يقين كو چهوڑ كر مجادله اور مناظره ميں پڑگئے هيں اور جنهوں نے تعصب اور تقشف كو ديندار ي سمجهه ركها هی وه كهتے هيں كه ان علماء كے حالات بالكل مخالف صحابه كے هيں اور جهلا اور متعصبين آج كل علماء كهلائے جاتے هيں † *

† كما قال رحمة الله عليه فصار يسمي المجادل المتكلم عالما و القاص المزخرف الكلامه بالعبارت المسجعة عالما هكذا ضعف الدين في قرون سالفة فكيف الظن بزمانک هذا و قد انتهي الامر الی ان مظهر الانكار يستهدف لنسبة الی الجنون فالاولي ان يشتغل الانسان بنفسه و يسكت *

وہ کہتے ہیں کہ جو لوگ تعصب کو دینداری سمجھتے ہیں وہ احمق ہیں اس لیئے کہ احمق اُسی کو کہتے ہیں جس کی غرض تو صحیح ہو مگر اُس کے حصول کا طریق غلط ہو اور جس راہ سے اُس مقصود تک پہونچنا ممکن ہو اُس سے وہ منحرف ہووے *

یہی حال متعصب کا ہی کہ وہ جانتا ہی کہ میں اپنے دین میں کامل اور اپنے مذہب میں مضبوط اور شریعت پر قایم ہوں اور اس سے وہ درجہ عزت کا جو خدا نے کاملوں کے لیئے مقرر کیا ہی مجھے ملیگا حالانکہ جس طور سے وہ دین اور مذہب پر چلتا ہی اور جس طرح سے وہ شریعت کو لیتا ہی اُس میں وہ غلطی پر ہی متعصب ہمیشہ اَوْروں کو ذلت اور حقارت کی نظر سے دیکھتا ہی اور لوگوں سے بغض ور عداوت رکھتا ہی جو کچھہ اُس کے توہمات اور خیالات ہیں اُنہیں کو یقینیات سمجھتا ہی جو جھوٹے تخیلات دینی خود اُس کے دل میں پیدا ہوتے ہیں وہ تعصب کے سبب سے اُس کی آنکھوں کو سچے عقائد کی صورت پر دکھلائی دیتے ہیں اور جو بیہودہ وسوسے اور واہی مذہبی اُس کی سمجھہ کی غلطی سے اُس کی خاطر میں گذرتے ہیں وہ اُس کو خدا کے بتلائے ہوئے اور نبی کے فرمائے ہوئے مسئلہ معلوم ہوتے ہیں تعصب اُس کے دل کو غرور اور تکبر سے ایسا گھیر لیتا ہی کہ انصاف اور سوچ اور سمجھہ کی رسائی بھی اُس تک نہیں ہوتی نصیحت یا ملامت کسی کی اُس کے دل کے کنارہ تک پہونچنے نہیں پاتی اُس کی آنکھوں کے سامنے تعصب مثل ایک سیاہ کثیف غبار کے ہر وقت چھایا رہتا ہی جس سے وہ کسی چیز کی برائی بھلائی کو دیکھہ نہیں سکتا وہ کسی شی کی حقیقت سے واقف نہیں ہوسکتا وہ ہمیشہ لوگوں کو برا اور احمق اور فاسق سمجھتا رہتا ہی اور جس کو اپنا سا سخت اور متعصب نہیں جانتا اُس کو دین میں ضعیف اور سست جانتا ہی اور چونکہ غرور اور تکبر انسان کی جبلی عادت ہی اس لیئے وہ اپنے غرور کے سبب سے اَوْر بھی احمق ہو جاتا ہی اور یہہ سمجھہ کر کہ اصل دینداری یہی ہی جو مجھہ میں ہی وہ شیطان کا کھیل ہو جاتا ہی شیطان اُس کے دل میں یہہ وہم پیدا کر دیتا ہی کہ جو میں جانتا ہوں اور جو میں سمجھتا ہوں وہی اصل دین اور عین مذہب ہی اور اس سے اُس کے دل میں ایک حلاوت اور چاشنی پہونچتی ہی اور جس کو وہ کبھی کسی کے کہنے سے چھوڑ نہیں سکتا اور اپنی اس حماقت پر نہایت خوش رہتا ہی کما قال رحمہ فاذا خیل الیہ الشیطان ان ذلک ہو الحق و کان موافقا لطبعہ غلبت حلاوتہ علی قلبہ فاشتغل بہ بکل ہمۃ و ہو بذالک فرحان مسرور و یظن انہ یسعی فی الدین و ہو ساع فی اتباع الشیاطین برخلاف اس کے جو شخص سچا دیندار ہوگا وہ کبھی کسی کو ذلت سے نہ دیکھیگا کسی کی حقارت نہ کریگا ہمیشہ اپنے دل کو لوگوں کی باتوں کے سننے کے لیئے کھولا رکھیگا ہر ایک کی بات پر غور کریگا ہر چیز کی حقیقت اور ماہیت دریافت کرنے کی فکر میں رہیگا ہر شے کی وجوہات اور اسباب کی تحقیق کریگا انصاف اور سچائی اور راستی اور محبت کو ہمیشہ اپنی آنکھوں کے سامنے رکھیگا وہ اصول شریعت میں خاص خدا اور اُس کے رسول کے قولوں پر متمسک ہوگا اور اُس کے حقایق اور اسرار کو دریافت کریگا وہ کبھی اپنے آپ کو برائیوں سے پاک اور عیبوں سے صاف نہ سمجھیگا وہ مذہب اور شریعت کو اپنے مطالب کی تحصیل کا ذریعہ نہ گردانے گا وہ جاہ و عزت کا مذہب کے حیلہ سے خواہاں نہوگا وہ اپنے آپ کو کامل نہ جانیگا وہ سب کو شفقت کی نظر سے دیکھیگا وہ ہمیشہ اپنے دل کے پاک کرنے اور اپنے نفس کے مہذب کرنے پر متوجہ رہیگا *

وہ کہتے ہیں کہ تعصب سے لوگوں نے اپنے سچے دین اور اصلی مذہب کی خوبیوں کو چھپا دیا ہی اور برائیوں کو بھلائی اور بھلائیوں کو برائی سمجھہ رکھا ہی اگر کسی متعصب کے سامنے کوئی شریعت کے اسرار اور مصالح بیان کرے وہ اُسکے دشمن ہوجاتے ہیں اور اُسکو ملحد اور زندیق سمجھتے ہیں اُنکے نزدیک شریعت میں نہ کوئی خوبی ہی نہ اُس میں کوئی مصلحت ہی جتنے احکام شریعت کے ہیں وہ سب جبری ہیں اور خدا نے بلا کسی حکمت اور سبب کے اپنے بندوں کو اپنے احکام کا مقید کردیا ہی اُسکے نزدیک خدا مثل ایسے جابر بادشاہ کے ہی جو بلا سبب اپنے نوکروں کو کسی بیہودہ کام کے کرنیکا حکم دے اور اُس سے صرف اُسکی اطاعت کا امتحان اُسے منظور ہووے حالانکہ یہہ بڑی تہمت خدا پر ہی کوئی حکم اور کوئی مسئلہ شریعت کا علت اور سبب اور مصلحت سے خالی نہیں ہی ہاں وہ مسئلے اور وہ باتیں جو لوگوں کی ایجاد اور اختراع ہیں اور جنکا کچھہ نشان شریعت میں نہیں ہی وہ بیشک بیفائدہ ہیں اور جب کہ تعصب سے وہ اپنی نکالی ہوئی باتوں یا اپنے بزرگوں کے گھڑے ہوئے مسئلوں کو خدا کی طرف منسوب کرتے ہیں اور اُسکو بیفائدہ اور لغو جانتے ہیں تو اسی سے اُنکو یہہ وہم پیدا ہوتا ہی کہ سب احکام خدا کے ایسے ہی ہیں ورنہ اگر وہ آنکھہ کھولکر دیکھیں اور تعصب کے پردہ کو اپنی بصیرت قلبی سے اوٹھاویں اور اپنے مسئلوں اور خدا کے حکموں کو جدا جدا کرکے اُسکی حقیقت کے دریافت کرنے پر متوجہ ہوں تب اُنکو اُسکی ماہیت معلوم ہوجاوے *

اکثر متعصب اپنے تعصب پر قایم رہنے کے لیئے یہہ بیان کرتے ہیں کہ ہمارے دین و مذہب کا مدار تعصب پر ہی اگر تعصب کو ہم برا جانیں تو ہم ملحد اور لامذہب ہوجاویں اور اپنے عقاید دینی میں شک کرنے لگیں اگر تعصب منع ہوتا تو اصحاب رسول کیوں اپنے دین

نہيں سمجهتے هوتے اُنکا يهه كهنا تعصب و دينداري ميں اور يقين اور شک ميں مابه الامتياز نه سمجهنے سے هى اسليئے هم اُنكي حقيقت بيان كرتے هيں *

جو تصور اور خيال دل ميں آوے خواه وه خود اُسي كے دل ميں پيدا هوا هو خواه وه كسي سے سنا هو اُسكي تين حالتيں هيں *

اول يهه كه اُسكي صحت اور غلطي دل ميں ايک سي هو نه اُسكي تصديق كو غلبه نه تكذيب كو رجحان هووے تو اس حالت كا نام شک هى *

دوسرے يهه كه اُسكي صحت اور غلطي ميں سے كسيكا دل پر غلبه هووے اور ايک كو دوسرے پر رجحان هووے ليكن اُسكي ضد و نقيض كے امكان سے انكار نهو اس حالت كو ظن كهتے هيں *

تيسرے يهه كه اُسكي صحت اور غلطي ميں سے كسي جانب كو دل پر ايسا غلبه هووے كه اُسكي ضد اور نقيض كے امكان سے بهي انكار هو اس حالت كو يقين كهتے هيں *

پهر يقين كي دو حالتيں هيں ايک يهه كه اگرچه اُسكے خلاف كو دل قبول نه كرے ليكن اُسكا يقين كسي اصل صحيح پر مبني نهو بلكه وه اسباب جسنے اُسكے دل ميں اُس تصور اور خيال كو مضبوط كرديا هى اور اُسكو صحيح ٹهرا ديا هى غلط هوں *

دوسرے يهه كه وه يقين كسي اصل صحيح پر مبني هو اور وه امور جسنے اُسكي صحت پر دل كو قوي كرديا هى وه بالكل صحيح اور سچے هوں *

پس جو خيالات ديني كسي شخص كے دل ميں پيدا هوں اگر وه اول قسم كے هيں يعني وه شخص نه اُنكي تصديق كرے نه تكذيب تو اُسپر اطلاق اعتقاد كا نهوگا نه وه خيال كرنے والا خود اپنے آپ كو اُسكا معتقد جانيگا اور اگر وه دوسري قسم كے هيں يعني گو اُسكو اُن كي صحت پر گمان غالب هووے مگر اُسكے خلاف كے هونے سے منكر نهووے تو اُسكا اعتقاد ظني كهلايا جاويگا اور اگر وه تيسري قسم كے هيں يعني اُن خيالات كے صحيح هونے پر وه دل سے يقين ركهے مگر اُسكي بناء اصول صحيحه پر نهو تو اُس كا اعتقاد تو پكا اور مضبوط كهلايا جاويگا ليكن غلط اور غير صحيح، اور چوتهي قسم وه هى كه اُن خيالات كي بناء اصول صحيحه پر هو تو اُسكے اعتقاد كو مضبوط اور كامل بهي كهينگے اور صحيح اور درست بهي *

پس تعصب اُس حالت كا نام هى جو تيسري قسم ميں مذكور هى يعني اُن خيالات كي صحت پر يقين هونا جس كي بناء غلط اصول پر هى اور دينداري اُس حالت كو كهتے هيں جس كا ذكر چوتهي قسم ميں هوا يعني اُن خيالات كي صحت پر يقين هونا جسكي بناء صحيح اصول پر هى *

متعصب اپنے خيالات كي صحت پر گو يقين ركهتا هى مگر اُسكا يقين مثل ايک ديندار كے يقين كے نهيں هوتا اِس ليئے كه متعصب كے خيالات كي بناء صحيح نهيں هوتي اِس ليئے ممكن هى كه كبهي وه اپنے خيالات كي بناء كے غلط هونے پر آگاه هوجاوے اور تب وه اپنے خيالات كے غلط هونے پر متنبه هووے اور ديندار كے خيالات كي بناء هميشه اُن مضبوط اور صحيح دليلوں پر هوتي هى جن ميں احتمال بهي غلطي كا نهيں هوتا اور شک اور ظن كا اُس ميں دخل نهيں هوتا اِس ليئے كبهي وه اپنے يقين سے پهر نهيں سكتا *

متعصب جس طرح پر اول اپني سمجهه كي غلطي سے اپنے خيالات كو غلط اصول پر قايم كرليتا هى اِس طرح پر اخير تک اُسي غلطي ميں گرفتار رهتا هى يعني وه كبهي اپنے خيالات پر غور و تامل نهيں كرتا جو لوگ اُس كي غلطي بيان كرتے هيں اُن كے سننے كا متحمل نهيں هوتا اپنے مخالفوں كي آواز مخالفت اپنے كان ميں آنے نهيں ديتا اور اسي سبب سے اُسكو كبهي موقع اُس غلطي سے نكلنے اور اُس بلا سے چهوٹنے كا نهيں ملتا بخلاف ايک ديندار كے كه وه اول هي اپنے خيالات كي بناء صحيح اصول پر قايم كرتا هى اور اخير تک اُس پر عمل كرتا هى جو كوئي اسكے مخالف بات كهتا هى اُس كو سنتا هى اور سوچتا هى جو كوئي اُس كے يقين ميں شكوک پيدا كريں اور اُسكي غلطي بيان كريں وه اُن سے نفرت نهيں كرتا بلكه اُن كو اپنے دل ميں جگهه ديتا هى اور تامل كرتا هى اور جبكه اُن شكوک اور اعتراضات كو بالكل غلط پاتا هى تو وه اپنے يقين كي صحت پر اور بهي زياده خوش هوتا هى اور اُن غلط خيال كرنے والوں كو ذريعه اپنے يقين كے اصول پر مطلع كرنے كا پيدا كرتا هى *

پس جو لوگ تعصب اور دينداري ميں فرق نهيں كرتے اور اپنے تعصب كو دين سمجهتے هيں اور اپني حالت كو ظاهري حالت سے صحابه كي ملاتے هيں يهه غلطي اُن كي ناواقفيت اور جهالت كي هى وه بےشک اپني جهوٹي دينداري پر مضبوط هونے ميں صحابه كي سچي صلابت في الدين سے مشابهت پيدا كرتے هوں مگر وه مشابهت جهوٹے موتي كي سچے موتي سے هى كه جو صرف صورت ظاهري ميں هى نه حقيقت باطني ميں *

تعصب ايک ايسي بري خصلت هى كه جس سے صرف متعصب هي كي ذات كو نقصان نهيں پهونچتا بلكه اُسكا بد اثر دوسروں كي طبيعت پر پهونچتا هى اور سادي سچي طبيعتوں كو بهي بگاڑ تا هى تعصب ايک زهر آميز خمير هى كه وه اچهے صاف ميدے كو بهي تهوڑي هي دير ميں اپنا سا كرليتا هى اور اُس هي كو جو باعث زندگي انسان هى

اُس کي موت کا سبب کردیتا هی دین و مذھب انسان کي اُس روحاني زندگي اور چین کا ذریعہ هی جو بعد اِس جسماني حیات کے ملنے والي هی اور تعصب اُسي زندگي کا مٹانے والا هی اور اُسي چین کا کھودینے والا هی *

اِس لیئے کہ اُس نے باطل کو حق اور غلط کو صحیح سمجھہ رکھا هی اُس کي سختي اور درشتي کسي مخالف کو موقع اُن باتوں کے ظاھر کرنیکا نہیں دیتي جو اُنکے دلوں میں هی اور جسکے ظاھر ھونے سے اگر وہ غلط ھیں اُن کي اصلاح ممکن هی متعصب کي یہہ حالت دیکھکر اُس کا مخالف بھي متعصب ھوجاتا هی اور وہ بھي اپنے خیالات کو صحیح سمجھہ کر اُن کي حقیقت کا اعتقاد کرنے لگتا هی چنانچہ تعصب ھي تمام مذاھب باطلہ کي بناء اور تمام عقائد فاسدہ کي جڑ هی اور ایک جہان اسي مرض میں مبتلا اور اسي بیماري میں گرفتار هی اسي لیئے خدانے اور شارع نے اور تمام دیندار عالموں اور دانشمند حکیموں نے اُسکي برائي بیان کي هی *

راقـــــــم

سید مھدي علي

تحصیلدار مرزا پور

نمبر ۳۲

تقوی

وخیرالزادالتقوی

ھمارے اخبار یکم ذیحجہ میں ایک مختصر فہرست اُن مراتب کے چھپي تھي جن میں مسلمانوں کو تہذیب کرنا چاھیئے لیکن میري دانست میں اُس میں ایک بڑا امر فروگذاشت ھوا یعني تقوی جو مسلمانوں کي موروثي ملک هی اور اب ھندوستان کے مسلمانوں میں پہلے زمانہ کي بہ نسبت اُسکي نہایت کمي هی اس زمانہ میں اکثر تقوی اتني بات پر ختم ھوتا هی کہ بیجامہ ٹخنوں سے نیچا نرھے اور ناچ رنگ وغیرہ کي مجلس میں شریک نہ ھوں اور بس (خیر خدا اسکو بھي باقي اور قایم رکھے) *

کسب حلال جسکي نسبت یہہ کہنا بجا هی کہ وہ ایک زمانہ میں مسلمانوں کا خمیر تھا اب اُسکي طرف سے ایسي غفلت برتي جاتي هی کہ خدا محفوظ رکھے — سود سي شی جسکي لینے والوں کي نسبت خدا یوں ارشاد فرماوے کہ " فاذنو بحرب من‌اللہ و رسولہ " یعني اوٹھہ کھڑے ھو خدا اور اُسکے رسول سے لڑنے کے واسطے اب وہ ھندوستان کے مسلمانوں میں ھماري شامت اعمال سے ایسا عام ھوگیا کہ کھاتے پیتے مسلمان شاید فیصدي دس بھي اس بلاے عالمگیر سے محفوظ نہ ھونگے اور روپیہ سیکڑہ کے سود سے نالش عدالت میں کرنا یہہ تو اب کچھہ عیب ھي نہیں رھا دو وقت کي نماز قضا ھونے کا کبھي اتنا ملال نہ ھو جتنا ایک سود کي نالش ڈسمس ھونے کا بڑے بڑے موٹے مرتے حافظ اور بڑي بڑي نیچي ڈاڑھیوں والے مولوي جو وھابیت میں بھي ماشاءاللہ دم بھرتے ھیں اس لقمہ حرام کي چاٹ اور مال و دولت کي طمع خام میں مبتلا ھیں *

رونا تو اس بات پر آتا هی کہ اپني ان حرکات کے سبب سے کبھي ماتھے پر پسینا نہ آوے مگر جب کسي مسلمان کو کسي اھل کتاب کے ساتھہ ھم طعام دیکھیں تو حمیت اسلامي جوش میں آجاوے اور بغیر نعوذباللہ اور توبہ توبہ کے اُس مسلمان کمبخت کا نام نہ لیں فاعتبروا یا اولی‌الابصار *

معاش کے اَوْر ذریعوں کا بھي یہي حال ھو رھا هی — نوکروں میں چوري اور رشوت — زمینداروں میں زیادہ ستاني و شوق سیاست سوداگروں میں دغابازي اور حرفت دن‌بدن ترقي پر ھیں و علی‌ھذاالقیاس لیکن میرے نزدیک جب تک مسلمانوں میں سے یہہ خرابیاں رفع نہ ھونگي تبتک کبھي اُنکي قوم کو سچي ترقي اور عزت نصیب نہوگي کیسے ھي پھولوں اور پھلدار درختوں سے اپنے گھروں کو رشک گلذار ارم کیوں نہ بناویں اور جاکٹ پتلون کیوں نہ پھنیں اور میز و کرسي پر چھري کانٹے سے طلائي نقرئي نہایت شفاف اور چلادار برتنوں میں کیوں نہ کھاویں اور کیسا ھي اپنے طریق زندگي کو آج کل کي مہذب اور روشن ضمیر قوموں کي مانند اعلی اور عمدہ کیوں نہ بناویں — پس مسلمانوں کو چاھیئے کہ اول اپنا تقوی درست کریں اُسکے بعد قومي ترقي کا نام لیں ورنہ ٹھیک اس آیت کے مصداق ھونگے —

قل ھل ننبئکم بالاخسرین اعمالا الذین ضل سعیھم فی الحیواۃالدنیا وھم یحسبون انھم یحسنون صنعا *

راقـــــــم

مشتاق حسین

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوت میں چھپا اور باھتمام
منشي محمد مشتاق حسین شایع ھوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] ۱۵ صفر سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۳

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

جسقدر روپيه بابت اِس پرچه کے بطور چنده خواه بطور قيمت وصول هو وه کسي خاص شخص کي ملکيت نهوگا بلکه اِس پرچه کے اجرا و ترقي ميں صرف کيا جاويگا *

مسلمانوں ميں سے جو شخص ساٹهه روپيه سالانه پيشگي بطور چنده دے وه اس پرچه کے متعلق معاملات ميں ممبر متصور هوگا *

علاوه اِس کے جو شخص کچهه روپيه بطور ڈونيشن دے وه بشکر گذاري تمام ليا جاويگا *

يهه پرچه هر مهينے ميں ايک بار يا دو بار يا تين بار جيسا که مقتضاے مضامين هوگا چهپا کريگا خريداروں کو تين روپيه قيمت اور ايکروپيه آٹهه آنه محصول جمله چار روپيه آٹهه آنه پيشگي بهيجنے هونگے *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچه خريدنا چاهے گا اُس کو في پرچه چار آنه قيمت اور ايک آنه محصول دينا هوگا *

ممبروں کو بلا قيمت يهه پرچه مليگا اور اُن کو اُس کے تقسيم کا بهي بلا قيمت جسکو وه چاهيں اختيار هوگا *

اِس پرچه ميں بجز مضامين متعلق تهذيب اخلاق و حسن معاشرت کے جهاں تک که وه مسلمانوں سے متعلق هيں اور کچهه مندرج نهوگا *

مضمون نمبر ۳۳

اميرالامرا جناب سيد خيرالدين صاحب بهادر وزير مملکت تونس

چند روز سے هماري خواهش اپنے هم قوموں سے يهه هی که وه تهذيب و شايستگي ميں ترقي کريں اور تعصب کو جسکا منشاء جهل مرکب هی چهوڑيں اور اچهي باتوں کو گو وه کسي قوم کي هوں اور جو شريعت اسلاميه ميں بهي مباح هوں اختيار کريں تاکه مهذب قوموں کي نگاه ميں ذليل و خوار نهوں همکو اسبات کے بيان کرنے سے نهايت خوشي هی که صرف هماري هي يهه راے يا يهه خواهش نهيں هی بلکه جو بڑے بڑے عالم اور مدبر بلاد اسلاميه کے هيں اُن کي بهي يهي راے هی چنانچهه هم اِس دعوي کي سند پر جناب اميرالامرا سيد خيرالدين صاحب بهادر وزير مملکت تونس کي راے کا خلاصه اِس مقام پر مندرج کرتے هيں *

تونس کنارة افريقه پر ايک چهوٹي سي خود مختار اسلامي سلطنت هی وهاں کا بادشاه بے آف تونس کهلاتا هی اُس کے وزير سيد خيرالدين

خطبه كتاب اقوم المسالك ١٥ صفر سنه ١٢٨٨ هجري مقدمه كتاب اقوم المسالك

صاحب نے نہایت عمدہ اور فصیح عربی زبان میں ایک کتاب یورپ کی سلطنتوں کے حال میں لکھی ہی اور اُسکا نام اقوم المسالک فی احوال الممالک رکھا ہی وہ کتاب ٹونس میں چھپی ہی اور اُسکی ایک جلد ہمارے پاس موجود ہی اُس کتاب کے مصنف نے اُسکے دیباچہ اور مقدمہ میں سبب اُس کتاب کی تالیف کا بیان کیا ہی جو آگے لکھا جاتا ہی اور جس سے اُس بڑے مدبر اور عالم کی رائے واضح ہوتی ہی *

راقـــــــم

سید احمد

و هو هذا

خطبة كتاب اقوم المسالك

اما بعد فيقول جامع هذه الورقات ارشده الله تعالى الى اقوم الطرقات اني بعد ان تأملت تاملا طويلا في اسباب تقدم الامم و تاخرها جيلاً فجيلاً مستنداً في ذلك لماامكن تصفحه من التواريخ الاسلامية و الافرنجية مع ماحرره المؤلفون من الفريقين فيما كانت عليه و آلت اليه الامة الاسلامية و ما سيؤل اليه امرها في المستقبل بمقتضى شواهد التي قضت التجربة بان تقبل التجأت الي الجزم بمالا اظن عاقلا من رجال الاسلام يناقضه اوينهض له دليل يعارضه من انا اذا اعتبرنا تسابق الامم في ميادين التمدن و تحزب عزائمهم على فعل ماهواعود نفعا واعون لايتهيأ لنا أن نميز مايليق بنا على قاعدة محكمة البنا الا بمعرفة احوال من ليس من حزبنا لا سيما من حق بنا وحل بقربنا ثم اذا اعتبرنا ماحدث في هذه الازمان من الوسائط التي قربت تواصل الابدان و الاذهان ثم نتوقف ان نتصور الدنيا بصورة بلدة متحدة تسكنها امم متعددة حاجة بعضهم لبعض متاكدة و كل منهم وان كان في مساعيه الخصوصية غريم نفسه فهو بالنظر الى ماينجر بها من الفوائد العمومية مطلوب لسائر بني جنسه فمن لا حظ هذين الاعتبارين اللذين لا تبقي المشاهدة في صحتهما ادنى رين و كان بمقتضى ديانته من الدارين ان الشريعة الاسلامية كافلة بمصالح الدارين ضرورة ان التنظيم الدنيوي اساس متين لاستقامة نظام الدين يسوءه ان يرى بعض علماء الاسلام المو كول لامانتهم مراعاة احوال الوقت في تنزيل الاحكام معرضين عن استكشاف الحوادث الداخلية و اذهانهم عن معرفة الخارجية خلية ولا يخفى ان ذلك من اعظم العوائق عن معرفة ما يجب اعتباره على الوجه اللايق انيحسن من اساة الامة الجهل بامراضها او صرف الهمة الى اقتناء جواهر العلوم مجردة عن اعراضها كما انه يسوءنا الجهل بذلك من بعض رجال السياسة والتجاهل من بعضهم رغبة في اطلاق الرياسة فلذلك هجس ببالي ما استند كيت لاجله ذيالي من اني اوجمعت بعض ما استنبطته متذسنين باعمال الفكر والروية مع ماشاهدته اثناء اسفاري للبلدان الاوربياوية التي ارسلني الى بعض و دلها الفخام الطودالرفيع الاسمى والكهف المنيع الاحمى جناب ولي النعم وزكي الاخلاق والشيم من لم تزل عزائمه كاسمه صادقة والسنة الانام بالثناء عليه ناطقة لم يخل سعيي من فايدة خصوصا اذا صادف افئدة على حماية بيضية الاسلام متعاضدة واهم تلك الفوائد عندي التي في هذا التاليف مناط قصدي تذكير العلماء الاعلام بما يعينهم على معرفة ما يجب اعتباره من حوادث الايام وايقاظ الغافلين من رجال السياسة و سائر الخواص والعوام ببيان ماينبغي ان تكون عليه التصرفات الداخلية والخارجية و ذكر ماتتاكد معرفته من احوال الامم الافرنجية خصوصا من لهم بنا مزيد اختلاط و شديد علقة و ارتباط مع ما اوجبه من صرف الهمم الى استيعاب احوال سائر الامم و استسهالهم ذلك بطي مسافات الكرة الذي الحق شاسعها بالامم فجمعت ما تيسر بعون الله مستحدثاتهم المتعلقة بسياستي الاقتصاد والتنظيم مع الاشارة الى ماكانو عليه في العهد القديم و بيان الوسائل التي ترقوا بها في سياسة العباد الى غاية القصوى من عمران البلاد كما اشرت الى ما كانت عليه أمة الاسلام المشهود لها حتى من مورخي اوربا الاعيان بسابقية التقدم في مضماري العرفان والعمران وقت نفوذ الشريعة في احوالها و نسج سائر التصرفات بمنوالها والغرض من ذكر الوسائل التي اوصلت الممالك الاوربياوية الى ماهي عليه من المنعة والسلطنة الدنيوية ان نتخير منها مايكون بحالنا لا يقا ولنصوص شريعتنا مساعدا وموافقاً عسى ان نسترجع منها ما اخذ من ايدينا ونتخرج باستعماله من ورطات التفريط الموجود فينا الى غير ذلك مما تتشوق اليه نفس الناظر في هذا الموضوع المحتوي من الملاحظات النقلية والعقلية على ماانشره بطي فصوله يضوع و سميته اقوم المسالك في معرفة احوال الممالك مرتباله على مقدمة و كتابين يشتمل كل منهما على ابواب و بهداية الله نستوضح منا هج الرشد والصواب والجري في هذا المجال و ان كان فوق طاقتي لكن اغضاء الفضلاء مامول في جنب فاقتي و صدق النية كافل انشاء الله تعالى ببلوغ الامنية *

المقدمة

لما كان السبب الحامل على الشي متقدما عليه طبعا ناسب ان نقدمه وضعا ولم نكتف بالايماء في الخطبة الى ما دعانا لجمع هذا التاليف بل راينا من المهم ان نعود الى ايضاحه ههنا ونبني عليه ما

اردنا ايراده في المقدمة فنقول ان الباعث الاصلي على ذلک امران آيلان الى مقصد واحد احدهما اغراء ذوي الغيرة والحزم من رجال السياسة والعلم بالتماس ما يمكنهم من الوسائل الموصلة الى حسن حال الامة الاسلامية و تنمية اسباب تمدنها بمثل توسيع دوائر العلوم والعرفان و تمهيد طرق الثروة من الزراعة والتجارة و ترويج سائر الصناعات و نفي اسباب البطالة و اساس جميع ذلک حسن الامارة المتولد منه الامن المتولد منه الامل المتولد منه اتقان العمل المشاهد في الممالک الاوروباوية بالعيان و ليس بعده بيان ثانيهما تحذير ذوي الغفلات من عوام المسلمين عن تماديهم في الاعراض عما يحمد من سيرة الغير الموافقة لشرعنا بمجرد ماانتقش في عقولهم من ان جميع ماعليه غير المسلم من السير والتراتيب ينبغي ان يهجروتاليفهم في ذلک يجب ان تنبذ ولاتذكر حتى انهم يشددون الانكار على من يستحسن شيا منها وهذا على اطلاقه خطا محض فان الامر اذا كان صادرا من غيرنا وكان صوابا موافقا للادلة لاسيما اذا كنا عليه واخذ من ايدينا فلاوجه لانكاره واهماله بل الواجب الحرص على استرجاعه و استعماله و كل متمسک بديانته و ان كان يرى غيره ضالا في ديانته فذلک لايمنعه من الاقتداء به فيما يستحسن في نفسه من اعماله المتعلقة بالمصالح الدنيوية كماتفعله الامة الافرنجية فانهم مازالوا يقتدون بغيرهم في كل مايرونه حسنا من اعماله حتى بلغوا في استقامة نظام دنياهم الى ماهو مشاهد و شان الناقد البصير تميز الحق بمسبار النظر في الشي المعروض عليه قولا كان او فعلا فان وجده صوابا قبله واتبعه سواء كان صاحبه من اهل الحق او من غيرهم فليس بالرجال يعرف الحق بل بالحق تعرف الرجال والحكمة ضالة المومن يا خذها حيث وجدها *

ولما اشار سلمان الفارسي رضي الله عنه على رسول الله صلى الله عليه وسلم بان عادة الفرس ان يطوقوا مدنهم بخندق حين يحاصرهم العدو اتقاء من هجومه عليهم اخذ رسول الله صلى الله عليه و سلم برايه وحفر خندقا المدينة في غزوة الاحزاب عمل فيه بنفسه ترغيبا المسلمين و قال سيدنا علي كرم الله وجهه لاتنظر الى من قال وانظر الى ماقال و اذا ساغ للسلف الصالح اخذ مثل المنطق من غير اهل ملتهم و ترجمته من لغة اليونان لما راوه من الالات النافعة حتى قال الغزالي رحمه الله من لامعرفة له بالمنطق لايوثق بعلمه فاي مانع لنا اليوم من اخذ بعض المعارف التي نرے انفسنا محتاجين اليها غاية الاحتياج في دفع المكائد و جلب الفوائد و في سنن المهتدين للعلامة الشيخ المواق المالكي مانصه ان مانهينا عنه من اعمال غيرنا هو ماكان على خلاف مقتضي شرعنا اما مافعلوه على وفق الندب او الايجاب اوالاباحة فانا لانتركه لاجل تعاطيهم اياه لان الشرع لم ينه عن التشبه بمن يفعل ما اذن الله فيه و في حاشية الدر المختار للعلامة الشيخ محمد بن عابد ين الحنفي مانصه ان صورة المشابهة فيما تعلق به صلاح العباد لاتضر على انا اذا تاملنا في حالة هؤلاء المنكرين لما يستحسن من اعمال الافرنج نجدهم يمتنعون من مجاراتهم فيما ينفع من التنظيمات و نتائجها ولا يمتنعون فيما يضرهم و ذلک انا نراهم يتنافسون في الملابس و اثاث المساكن و نحوها من الضروريات وكذا الاسلحة و سائر اللوازم الحربية والحال ان جميع ذلک من اعمال الافرنج ولايخفى مايلحق الامة بذلک من الشين والخلل في العمران و في السياسة اما الشين فبالاحتياج للغير في غالب الضروريات الدال على تاخر الامة في المعارف واما خلل العمران فبعدم انتفاع صناع البلاد باصطناع نتائجها الذي هو اصل مهم من اصول المكاسب و مصداق ذلک مانشاهده من ان صاحب الغنم منا و مستولد الحرير و زارع القطن مثلا يقتحم تعب ذلک سنة كاملة و يبيع ماينتجه عمله للافرنجي بثمن يسير ثم يشتريه منه بعد اصطناعه في مدة يسيرة باضعاف ما باعه به و بالجملة فليس لنا الان من نتائج ارضنا الا قيمة موادها المجردة دون التطويرات العلمية التي هي منشاً توفر الرغبات منا و من غيرنا ثم اذا نظرنا الى مجموع ما يخرج من المملكة وقايسناه بما يدخلها فان وجدناهما متقاربين خف الضرر و اما اذا زادت قيمة الداخل على قيمة الخارج فحينئذ يتوقع الخراب لامحالة *

ترجمه خطبه کا

حمد و نعت کے بعد کہتا هی مولف اِس کتاب کا الله اُسکو سیدهي راه بتاوے که جب میں نے دنیا کي مختلف قوموں کي ترقي اور تنزل کے اسباب کو نہایت فکر و تامل کے ساتهه دیکها اور مسلمانوں اور انگریزوں کي تواریخ سے جہاں تک ممکن تها ڈهونڈ ڈهونڈ کر اُن کو نکالا اور جو کیفیت مسلمان لوگوں کے اُن حالات کي جو اُن پر ابتداے زمانه میں طاري تهے اور جو في زماننا طاري هیں اور جو آینده تجربه کي رو سے اُن پر طاري هونے والے هیں انگریز اور مسلمان مورخوں نے لکهي هی اُسکو بهي میںنے دیکها تو خواه مخواه مجهکو یهه یقین هو گیا (اور میرے اِس یقین کا شاید کوئي مرد مسلمان مخالف نهوگا اور نه اُسکي مخالفت کے واسطے وجهه نکلیگي) که جب هم ایک قوم کي ترقي اور انتظام مملکت کي خوبي کا خیال کریں اور اُسکي همت کو بهلائي اور نفع کي باتوں پر حد سے زیاده مائل پاویں تو اِس صورت میں همکو اپني بهلائي کي باتوں کے اچهي طرح پر سمجهنے اور جانچنے کے لیئے بجز اِسکے اور کوئي طریقه نهیں هی که هم ایک ایسي قوم کے حالات کو نظر تامل سے دیکهیں جو همارے گروه کي نهیں هی اور اُسکي ترقي کے اسباب کو دریافت کریں خصوصاً اُس قوم کے حالات کو جو همارے قرب و جوار میں هي رهتي هو اور پهر هم اُن جدید هنرمندیوں اور کمالات کو خیال کریں جو في زماننا علم و

عمل کے موافق ھونے سے پیدا کي گئي ھیں اور ان باتوں کا لحاظ کرکے ھم تمام دنیا کو یہہ سمجھیں کہ گویا ساري دنیا بمنزلہ ایک شہر کے ھی جسمیں مختلف قومیں اِس قسم کي رھتي ھیں جنکي ضرورتیں باھم ملي جلي ھیں اور ایک دوسري پر موقوف ھی اور یہہ خیال کریں کہ گو ھرایک فرقہ اپني خاص ضرورتوں میں اپنے ھي نفس کا محتاج ھی مگو بلحاظ اُن فوائد کے جو سب کي نسبت عام ھیں سب قومیں ایک دوسرے کي محتاج ھیں پس جو شخص ان سب باتوں پر غور کریگا جو ھمارے تجربہ کي رو سے بلاشبہہ صحیح ھیں اور یہہ بھي اپني دیانت کي رو سے جانتا ھوگا کہ شریعۃ اسلامیہ دین و دنیا دونوں کي مصلحتوں پر مشتمل ھی کیونکہ دنیوي معاملات کي اصلاح امور دینیہ کے استحکام کي بنیاد ھی اُس شخص کو یہہ بات نہایت بري معلوم ھوگي کہ وہ ایسے علماء اسلام کو جو بسبب اپني امانت اور دیانت کے اِسبات کے ذمہ دار ھیں کہ احکام شرعیہ کے جاري کرنے میں مصلحت وقت کا بھي ضرور لحاظ رکھیں غوامض اور دقایق شرعیہ کے کھولنے اور مصالحہ دینیہ کي حقیقت بیان کرنے سے پہلو تھي کرتا دیکھے اور دانستہ اغماض کرتا پاوے یا ایسے علماء کي عقلیں ظاھري اور باطني مصلحتوں کے سمجھنے سے قاصر ھوں اور اُن کے ذھن اُنسے خالي رھیں کیونکہ یہہ بات سب جانتے ھیں کہ ایسے خاص لوگوں کا ایسا ھونا عوام‌الناس کو بہتري اور ترقی کي اُن باتوں کے دریافت کرنے سے محروم رکھتا ھی جو اُن کے لیئے ضرور ھیں بھلا انصاف کرو کیا یہہ بات کچھہ اچھي ھی کہ طبیب ھي مریضوں کے حال سے غافل ھو یا یہہ بات کسیکو زیبا ھی کہ وہ صرف ایک چیز کي اصلیت تو دریافت کرلے اور اُس کے لوازم اور عوارض سے جاھل رھے اور جیسي یہہ بات بري معلوم ھوتي ھی اِسي طرح یہہ بات بھي بري معلوم ھوتي ھی کہ جو لوگ صاحب سیاست ھیں وہ سیاست کے طریقوں سے جاھل ھوں یا اپني ریاست کي باگ چھوڑ دینے کے واسطے دانستہ تجاھل کریں پس جب مجھکو اِس بات کا یقین ھوگیا کہ ترقي کے سامان بغیر دریافت کرنے کسي ترقي یافتہ قوم حالات کے ھرگز ھم کو میسر نہیں آسکتے تو میرے دل میں یہہ خیال آیا کہ اگر میں اُن سب باتوں کو بطور کتاب کے جمع کر کے لکھوں جو مینے برسوں کي فکر اور تجربہ سے حاصل کي ھیں اور جن کو مینے اپني آنکھہ سے یورپ کے اُس سفر میں دیکھا ھی جس پر مجھکو میرے ایسے آقاے نامدار نےمامور کیا تھا جو نہایت مفخم اور معظم اور بلند رتبہ پاکیزہ اخلاق پسندیدہ خصلت ھی اور جس کے ارادے ھمیشہ اُس کے نام کي مثل صادق ھوتے رھتے ھیں اور جس کي تعریف میں تمام دنیا رطب‌اللسان ھی تو شاید میري یہہ محنت رایگاں نہ جاویگي خصوصاً اُس حالت میں جب کہ بہت سے لوگ یکدل ھوکر شریعت غراے

اسلام کي حمایت کرنے پر مستعد ھوں گے اور سب سے بڑا کام اس کتاب کے تالیف کرنے سے مینے اپنے دل میں یہہ ٹھہرایا تھا کہ میں اُس کے ذریعہ سے بڑے بڑے نامي علماء کو اُن باتوں سے آگاہ کروں جن کي اطلاع سے اُن لوگوں کو ایسي باتوں کے دریافت کرنے میں مدد ملیگي جنکي حسب مقتضاے زمانہ اور مصلحت وقت ھم کو نہایت بڑي ضرورت ھی اور اُن باتوں کا ذکر کروں جن پر في زماننا انسان کے جملہ معاملات ظاھري اور باطني کا مدار ھونا چاھیئے تاکہ جو اھل سیاست بلکہ علی‌العموم جو لوگ خواب غفلت میں ھیں وہ سب بیدار ھو جاویں اور یہہ بھي ارادہ کیا کہ کچھہ حالات انگریزي قوم کے خصوصاً اُن لوگوں کے جن کے ساتھہ ھم کو زیادہ خصوصیت اور ربط و ضبط اور سخت تعلق ھی بیان کروں اور اُن کے حالات کے ساتھہ انگریزي قوم کي اُن عالي ھمتیوں کا بھي ذکر کروں جن کي بدولت اُنھوں نے تمام دنیا کي قوموں کے حالات مفصل دریافت کر لیئے ھیں اور اس کام کو اُنھوں نے اپني سیر و سیاحت اور تمام عالم کے سفر سے اپنے اُوپر آسان کیا ھی پس میں نے اپنے ارادہ کے موافق اس کتاب میں اُن سب باتوں کو جمع کیا جو انگریزي قوم نے تدابیر ملکیہ سے متعلق نظم و نسق کي غرض سے ایجاد کي ھیں جہاں تک کہ خدا نے مجھہ پر آسان کیا اور ان جدید باتوں کے ضمن میں مینے اُن باتوں پر بھي ایما کردیا جو زمانہ سابق یعني عہد قدیم میں انگریزوں کے ھاں رائج تھیں اور اُن طریقوں کو بھي بیان کیا جن کي بدولت انگریزي قوم نے سیاست مدن میں ایسي ترقي حاصل کي ھی جس کے سبب سے وہ ترقي ملک کي حد پر پہونچ گئي ھیں اور اسي طرح میں نے اس کتاب میں اُمۃ اسلامیہ کے اُن قدیمي حالات کو بیان کیا ھی جن سے اس قوم کے کمالات اور فضائل کي وہ کیفیت معلوم ھوتي ھی جو اُس زمانہ میں تھي جب کہ احکام شریعہ اپنے اپنے موقع پر جاري تھے اور جملہ معاملات اپنے اپنے طریقہ سے برتے جاتے تھے اور انگریزي قوم کے تمام معاملات نظم و نسق اور طریقہ سیاست اور تمدن کو میں نے اس غرض سے بیان کیا ھی کہ مسلمان لوگ بھي اُن میں سے جن باتوں کو اپنے حسب حال اور اپنے حق میں بہتر دیکھیں اُن کو اختیار کرلیں اور جو باتیں ھماري شریعت کے مخالف نہیں ھیں بلکہ مساعد ھیں اُن کو اپنے برتاؤ میں داخل کریں تاکہ وہ شاید اس تدبیر سے پھر اپنے اُن کمالات کو حاصل کرلیں جو کسي زمانہ میں ھمارے ھاتھوں سے نکل گئے ھیں اور شاید ھم اس ذریعہ سے اپنے ھاں کي اس تفریط کے گرداب سے نجات پاویں جو آج کل ھم لوگوں میں پھیل رھي ھی اور علاوہ ان باتوں کے اَوْر بہت سي عقلي اور نقلي باتیں اس کتاب میں ایسي ھیں

جو کو دیکھنے والا نہایت شوق سے دیکھیگا اور اس کتاب کا نام اقوم المسالک في معرفتہ احوال الممالک رکھا هی (یعني نہایت سیدھي راہ مملکتوں کا حال دریافت کرنے کے باب میں) اور اس کتاب کو ہمنے ایک مقدمہ اور دو حصوں پر منقسم کیا هی اور اُسکے هر ایک حصہ میں متعدد باب هیں اور اللہ کي هدایت سے مجھکو توقع هی کہ وہ سیدھے راستے مجھہ پر کھول دیگا اور چونکہ ایسے مشکل کام کا سرانجام میري بساط سے بڑھکر تھا اِس لیئے مجھکو علما اور فضلا سے اِس بات کي اُمید هی کہ وہ میري خطا سے چشم پوشي فرماوینگے اور اِسمیں کچھہ شبہہ نہیں هی کہ جو کام صدق نیت اور خلوص قلب سے کیا جاتا هی اُسمیں کامیابي عطا کرنے کا خود اللہ هي کفیل هوجاتا هی *

ترجمہ مقدمہ کتاب کا

جب هر چیز کا اصلي سبب اُسکے وجود پر مقدم هوتا هی تو اُس سبب کو کتاب میں بھي بیان کرنا زیبا معلوم هوتا هی اور مجھکو یہہ بات منظور نہیں هی کہ میں اِس کتاب کے سبب تالیف کا اظہار صرف اُسیقدر کافي سمجھوں جسقدر کہ مینے خطبہ میں ایماءً بیان کردیا بلکہ میں اُسکي تصریح اِس موقع پر بھي ضروري سمجھتا هوں کیونکہ جو بات مجھکو اِس مقدمہ میں بیان کرني منظور هی اُسکي بنا یهي سبب تالیف هی چنانچہ کہتا هوں میں کہ اِس کتاب کے تالیف کرنے اور اسمیں مطالب مذکورۂ بالا کے بیان کرنے کي ضرورت مجھکو دو وجہہ سے معلوم هوئي اگرچہ اُن دونوں وجہوں کا مآل واحد هي هی ایک تو انمیں سے غیرت دلاکر برانگیختہ کرنا غیرت‌دار عقلمند عالم صاحب ثروت اهل سیاست مسلمانوں کا اسبات پر کہ وہ ذرا هوشیار هوکر اُن وسیلوں کو دریافت کریں جنکے سبب سے مسلمانوں کي یہہ حالت آیندہ اصلاح پذیر هو اور جنکے سبب سے اُنکے علم و فضل اور طریق تمدن وغیرہ میں ترقي هو اور جنکي بدولت اُنکي ثروت اور عزت کے سامان مہیا هوں مثلاً تجارت یا زراعت یا صناعي اور دستکاري کے کام رونق پکڑیں اور ان سب کاموں کے اسباب اُنکے لیئے پیدا هوجاویں اور جن باتوں سے اُن پر ذلت اور افلاس چھا رہا هی وہ سب رفع هوجاویں اور ایسي بہبودي کي باتوں کي جز حقیقت میں اِنتظام ملکي اور طرق سیاست کي اصلاح هی کہ اُس اصلاح سے امن پیدا هوتي هی اور امن سے دلوں کي آرزوئیں بڑھتي هیں اور آرزو پیدا هونے سے کام مضبوط هوتا هی جیسا کہ هم سب لوگ ممالک یورپ میں آنکھوں سے مشاهدہ کرتے هیں اور جسکا بیان هم نہیں کرسکتے اور دوسري بات جو اِس تالیف کا باعث هی اُن غافل لوگوں کا هوشیار کرنا اور متنبہ کرنا هی جو ایک اچھي بات کو بھي صرف اِس خیال سے نہیں اختیار کرتے کہ وہ ظاهرا اُنکي شریعت میں کہیں هی اور اِس غلط خیال کا منشاء یہہ هی کہ وہ دوسرے مذهب کے لوگوں کي جملہ باتوں کو اِسي قابل سمجھتے هیں کہ اُنکو ترک کیا جاوے خواہ وہ باتیں کسي قوم کي عادات میں سے هوں خواہ تدبیر ملکیہ سے متعلق هوں اور وہ غافل لوگ غیر مذهب والے کي تالیفات کو پڑھنا بھي برا سمجھتے هیں یہاں تک کہ اگر کوئي شخص اُنکے سامنے غیر مذهب کي تالیفات یا عمدہ باتوں کي تعریف کرے تو وہ اُس شخص کو بھي برا بھلا کہنے پر مستعد هوجاتے هیں حالانکہ یہہ بات بالکل حماقت کي هی اور سراسر خطا هی اِس لیئے کہ جو کام فی‌نفسہ اچھا هو اور هماري عقل بھي اُسکو تسلیم کرے خصوصاً وہ کام جسکو کبھي هم لوگ هي کیا کرتے تھے اور غیروں نے اُسکو هم سے هي اوڑا لیا هی تو ایسے کام سے انکار کرنے اور یا اُسکو چھوڑ دینے کي کوئي وجہہ نہیں هی بلکہ جب وہ کام کسي زمانہ میں هماري هي قوم کے عمل در آمد میں تھا تو همکو ایسے کام کے پھر حاصل کرنے میں نہایت شوق اور تمنا ظاهر کرني چاهیئے اور گو یہہ بات مسلم هی کہ هر اهل مذهب اپنے مذهب کے سامنے دوسرے کے مذهب کو ضلالت خیال کیا کرتا هی لیکن اِس سے یہہ بات لازم نہیں آتي کہ غیر مذهب والے کي دنیوي باتیں بھي بري هوجاویں یا جو کام مصلحت ملکي کے لحاظ سے اُسنے کیا هی وہ بھي ضلالت هوجاوے اور همکو اُن کاموں میں غیر مذهب والي قوم کا اتباع ممنوع هو دیکھو انگریزوں کا همیشہ سے یہہ دستور هی کہ جب وہ کسي قوم کا کوئي کام اچھا دیکھتے هیں فوراً اُسکے کرنے پر مستعد هوجاتے هیں چنانچہ وہ اپني ایسي هي باتوں کے سبب سے آج اپني ترقي اور بلندي کے اُس رتبہ پر هیں جسکو سب لوگ آنکھوں سے دیکھتے هیں اور حقیقت میں ایک بڑے پہنچے دانشمند کا کام بھي یهي هی کہ جو بات اُسکے سامنے پیش آوے خواہ وہ کسیکا قول هو یا فعل هو اُس کو نظر امتیاز سے تاڑکر جانچے اور اگر اُس کو اچھا دیکھے تو فورا اخذ کرلے اور دل سے اُس کو بہتر سمجھے گو اُسکا موجد دین کے لحاظ سے سچا هو یا جھوٹا اِس لیئے کہ حق بات کچھہ لوگوں سے نہیں پہچاني جاتي بلکہ لوگ حق بات سے پہچانے جاتے هیں اور حکمت مسلمان کے لیئے بمنزلہ ایک گم شدہ چیز کے هی کہ جہاں کہیں اُسکو پاوے فورا لیلے *

ایک مرتبہ حضرت سلمان فارسي رضي اللہ تعالی نے جناب رسول خدا صلی‌اللہ علیہ و آلہ و سلم کي خدمت میں بطور مشورہ عرض کیا کہ یا رسول اللہ اهل فارس محاربہ کے وقت اپنے شہروں کے گرد خندقیں کھود لیتے هیں تاکہ دشمن کے مقابلہ اور حملہ سے محفوظ رهیں حضرت رسول خدا صلی‌اللہ علیہ و آلہ و سلم نے اِس رائے کو پسند فرماکر غزوۂ احزاب میں مدینہ کے گرد خود خندق کھودي تاکہ اور مسلمان بھي اِس تدبیر پر عمل کیا کریں اور حضرت علي کرم اللہ وجہہ نے ارشاد فرمایا هی کہ قول کي خوبي کي طرف دیکھو قایل کے حال کي طرف مت دیکھو اور جبکہ همارے متقدمین نے غیر ملت کے لوگوں سے علوم منطقیہ کو نفع کي چیز سمجھہ کر اپني زبان میں ترجمہ کرلیا اور اُسکے رواج کو مستحسن جانا یہاں تک کہ امام غزالي علیہ‌الرحمۃ نے لکھا هی کہ جو شخص منطق نہ جانتا هو گویا اُسکا علم کچا هی تو همکو کس چیز نے منع کردیا هی کہ هم بھي اس زمانہ میں غیر ملت قوم کي جن باتوں کو اپنے حق میں نافع اور کار آمد دیکھیں اُنکو نہ کریں اور جن باتوں کي طرف همکو مکائد اعداء سے محفوظ رهنے اور منفعتوں کے حاصل کرنے میں نہایت حاجت هو اُنکو اختیار نہ کریں کتاب سنن‌المهتدین میں شیخ المواق‌المالکي نے

صاف لکھا ہی کہ غیر قوم کے ساتھہ جن باتوں میں مشابہت ممنوع ہی وہ صرف وہي باتیں ہیں جو ہماري شریعت کے خلاف ہیں ورنہ جن باتوں کو غیر ملت کے لوگ موافق طریقہ مندوبہ یا مباح یا واجب کے کرتے ہوں اُنکو ہم صرف اِس خیال سے نہیں چھوڑسکتے کہ غیر ملت کے لوگوں کا بھي اُن پر عمل در آمد ہی اِسواسطے نہ ہماري شریعت نے ہمکو غیر قوم کے ساتھہ اُن باتوں میں مشابہ ہونے سے منع نہیں کیا جنکو وہ قوم بھي کارخانہ قدرت کي اجازت سے کرتي ہو اور حاشیہ در مختار میں علامہ شیخ محمد بن عابد بن الحنفي نے تو یہاں تک بہ تصریح لکھا ہی کہ جن باتوں میں مخلوق خدا کي بہتري اور ترقي ہو اگر اُنکے کرنے میں ہم کسي غیر ملت قوم کے ساتھہ بھي مشابہ ہوجاویں تو کچھہ خرابي نہیں ہی اور بڑے تعجب کي بات یہہ ہی کہ جو لوگ انگریزي قوم کي باتوں کے اتباع سے سخت انکار کرتے ہیں وہ اپني بھلائي کي باتوں میں تو انکار کرتے ہیں اور جو باتیں اُن کے حق میں مضر ہیں اُن میں کچھہ اُن کو انکار نہیں ہی کیونکہ وہ لوگ انگریزي بنا ہوا کپڑا پہنکر خوش ہوتے ہیں اور انگریزي اسباب گھروں میں رکھتے ہیں اور انگریزي ہتیار اور اَوْر ضرورت کي چیزیں اِستعمال میں لاتے ہیں مگر اُن چیزوں کو انگریزي تدبیر سے کام میں لانے میں بڑا پرہیز کرتے ہیں حالانکہ اِن باتوں سے اُن کے ملکي اِنتظام اور ملکي ترقي میں بڑا نقصان اور خرابي پڑتي ہی اور وہ خرابي کچھہ پوشیدہ نہیں بلکہ ظاہر ہی اور گویا اِس سبب سے اِن میں ایک عیب رہتا ہی اِسلیئے کہ جب وہ اپني ذاتي ضرورتوں کے سامان میں دوسري قوم کے محتاج ہیں تو گویا علم میں وہ اُس قوم سے پست درجہ ہیں اور اُن کي ملکي ترقي میں یہہ نقصان رہتا ہی کہ وہ اپنے ملک کي پیداوار وغیرہ کے ثمرہ سے نفع نہیں اُٹھا سکتے حالانکہ ترقي ملک کي یہي علامت اور اُس سے یہي مقصود ہی اور تصدیق اِس کي ہمارے اس مشاہدہ سے ہوتي ہی کہ ہماري قوم کے صناع لوگ اپني صنعت اور دستکاري سے کچھہ فائدہ حاصل نہیں کرتے مثلاً جو لوگ روئي بوتے ہیں یا بکریوں کي اُون تراشکر درست کرتے ہیں اور سال بھر اُس پر جان مارتے ہیں وہ اپني سال بھر کي محنت کي پیداوار یعني روئي اور اُون وغیرہ کو تھوڑي سي قیمت پر انگریزي قوم کے ہاتھہ بیچ ڈالتے ہیں اور جب اُسي روئي اور اُون سے انگریز لوگ تھوڑے عرصہ میں اپني صناعي کي بدولت طرح طرح کے کپڑے بن کر لاتے ہیں تو پھر وہي ہماري قوم کے لوگ جنھوں نے اُن کو روئي دي تھي انگریزوں کو چوگني قیمت دیکر کپڑا خریدتے ہیں غرض کہ ہم کو اپنے ملک کي صرف اصلي پیداوار کي قیمت ملجاتي ہی اور کسي قسم کي ہنر مندي یا صناعي سے ہم اُس سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتے پس جب ہم یہہ بات دیکھیں کہ ہمارے ملک میں سے یہہ چیز جاتي ہی اور یہہ چیز آتي ہی اور اس بات کا اندازہ کریں کہ آنے والي چیز کا خرچ اور جانے والي چیز کي آمدني مساوي ہی تو یہاں تک گویا خیریت ہی تھوڑا ہي سا ضرر ہی اور جب ہم کو جانے والي چیز کي قیمت کم ملے اور آنے والي چیز کي قیمت چہار چند دیني پڑے تو یقین کرلو کہ ایسا ملک آج نہ تباہ ہوا کل تباہ ہوگا *

نمبر ۳۴

تعلیم قومي

في زماننا شاید کوئي ایسا ملک ہوگا کہ جہاں تعلیم قومي کي کرید اور چھیڑ چھاڑ نہوتي ہوگي یورپ اور ایشیا دونوں بڑے اعظموں میں آجکل اِس کا ہي چرچا ہی انگلستان میں فرانس میں روس میں گورنمنٹ وقت کا اور کل لائق اور دانشمند لوگوں کا خیال اِسي طرف ہی ہندوستان اور ٹرکي کا علی ہذاالقیاس یہي نقشہ ہی اَوْر ملکوں سے ہمیں کیا کام اپنا مطلب تو ہندوستان سے ہی پس ایسي حالت میں جبکہ گورنمنٹ ہندوستان کي اور کل قوم کي توجہہ اِس جانب ہی میري دانست میں ایک مختصر تاریخ تعلیم قومي کي بے محل اور نامناسب نہوگي *

تعلیم قومي کا خیال درحقیقت ایک حال کي ایجاد ہی لیکن یہہ خیال پیدا ہوتے ہي اِسقدر جلد تمام دنیا میں پہیل گیا اور اسکے طرفداروں اور مددگاروں نے اپنے مدعا کے حصول کے واسطے اسقدر جانفشاني اور دلدہي سے سعي و کوشش کي ہی کہ نظر اول میں یہي معلوم ہوتا ہی کہ تعلیم قومي کا خیال نہایت قدیم اور عام ہی — لوگ یہہ بالکل بھول جاتے ہیں کہ اسکي چھیڑ چھاڑ کل سے شروع ہوئي اور ایسے مدعاے مشکل و دشوار کے حصول کماحقہ کے واسطے خواہ مخواہ بہت عرصہ درکار ہی *

تعلیم في نفسہ تو بیشک نہایت قدیم زمانہ سے مروج ہی کل اہل یورپ اور ایشیا تعلیم کي ضرورت کو وقتاً فوقتاً تسیم کرتے آئے ہیں اور اُسکے حصول کے واسطے بہت سي قابل تعریف اور تحسین کوششیں اور تدبیریں بھي کي ہیں لیکن کبھي تعلیم قومي نہ حاصل ہوئي ایک محدود فرقہ تعلیم یافتہ ہوجاتا تہا جس زمانہ میں کہ مغربي یورپ وحشیوں سے آباد تھا یونان اور روم اور مصر و عرب میں تعلیم کا بکثرت چرچا تھا اگرچہ خود یورپ میں بھي ادنی مدرسہ اور اعلی یونیورسٹیاں کسیقدر قدیم زمانہ سے جاري ہیں لیکن ہمکو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اِنسے صرف چند اشخاص مستفید ہوتے تھے کل قوم کي قوم کو مدرسہ میں بھیجنا کبھي متقدمین کے خواب و خیال میں بھي نہ گذرا ہوگا *

ملک ایشیا میں تو کبھي تعلیم قومي کا کسیکو خیال بھي نہ گذرا اگرچہ بادشاہان اسلام کے عہد میں تعلیم نے نہایت رونق پائي کل اعلی درجہ کے باشندے اور اکثر متوسط درجہ کے لوگ اور بیشتر عوام الناس تعلیم یافتہ ہوتے تھے اور اگرچہ شایستگي اور سولیزیشن بھي اُس زمانہ میں خاصي تھي لیکن تاہم عام خیالات کي اِسقدر ترقي ہرگز نہ تھي کہ کل قوم کي تعلیم کا اُن لوگوں کو خیال گذرتا *

یورپ میں فرنچ رولیوشن سے قبل تعلیم قومي کے خیال کا بھي سان و گمان نہ تھا خود تعلیم قومي کا في الحقیقت موجود ہونا تو چیز دیگر ہی لیکن فرنچ رولیوشن نے ہر ایک چیز کو یکمشت بدل دیا انتظام تمدن جوکہ اُس سے پیشتر مروج تھا بالکل برباد ہوگیا پیشتر لوگ اس خیال ناقص میں گرفتار تھے کہ حکومت و اختیار اور تعلیم و تربیت صرف اعلی درجہ کے حقوق ہیں عوام الناس کو اِن نعمتوں

سے کچھہ سروکار نہیں لیکن بعد فرنچ رولیوشن کے لوگوں کي آنکھیں کھلیں سب نے اپني غلطي کو قبول کیا اور تسلیم کیا کہ اعلی و ادنی درجہ کے حقوق برابر ھیں کسیطرح ایک کو دوسري پر فوقیت اور برتري نہیں — صرف یہہ خیال تعلیم قومي کي اصل جز ھی ملک فرانس سے تو یہہ شروع ھوا مگر چند عرصہ میں تمام روے دنیا پر پھیل گیا *

یورپ کي قوموں میں تعلیم قومي کے امر میں جرمني کا سب میں اول درجہ ھی محاربہ سنہ ۱۸۱۵ ع کے اختتام کے بعد کل قوم کا یہہ ارادہ ھوا کہ اب امن چین سے بیٹھکر اپنے گھر کے بندوبست میں مصروف ھوجیئے سنہ ۱۸۱۸ ع میں گورنمنٹ وقت نے تعلیم قومي کے واسطے ایک قانون بنایا صرف اس مکمل قانون کا فیض ھی کہ آج جرمني ترقي خیالات عوام‌الناس اور کثرت علوم و فنون حال و ماضیہ اور بندوبست و انتظام جنگي اور حسن و معاشرت میں یورپ کي کل قوموں سے اول اور افضل ھی دلي خوشي اور خواھش سے اھل جرمن نے اپنے ملک میں قومي تعلیم کي قلم لگائي تھي آج اُس کے ثمرہ سے حظ اُٹھا رھے ھیں اس جگھہ ھمکو جرمني کے سررشتہ تعلیم‌کو بطور اختصار بیان کرنا فرض‌ھی *

جرمني میں دس قسم کے مدرسہ ھیں (۱) ابتدائي مدرسے یہہ مدرسے کل قصبات اور دیہات میں ھیں (۲) تجارتي مدرسے ان میں فن تجارت کي تعلیم ھوتي ھی (۳) وہ مدرسے جہاں زبان اور علوم و فنون حال و ماضیہ کي تعلیم ھوتي ھی (۴) وہ مدرسے جہاں ابتدائي مدرسوں کے واسطے معلم تیار کیئے جاتے ھیں (۵) کالج (۶) وہ مدرسہ جنمیں کل اقسام کا حرفہ اور کسب سکھایا جاتا ھی (۷) وہ مدرسہ جہاں فن عمارت سکھایا جاتا ھی (۸) وہ مدرسہ جہاں معدنیات وغیرہ کي تعلیم ھوتي ھی (۹) وہ مدرسہ جہاں علم فلاحت کي تعلیم ھوتي ھی (۱۰) یونیورستي — ابتدائي مدرسوں میں تعلیم جبراً دي جاتي ھی کل والدین کو قانوناً فرض ھی کہ اپني اولاد کو ابتدائي مدرسوں میں داخل کریں خواہ اُنہیں خرچ تعلیم ادا کرنے کا مقدور ھو یا نہو تجارتي مدرسوں من لاطن فرنچ اور علم ھندسہ پڑھایا جاتا ھی کوئي طالبعلم یونیورستي میں نہیں داخل ھوسکتا تاوقتیکہ وہ کالج کے آخري امتحان میں حکام کالج کے حسب دلخواہ کامیاب نہو جاوے علی ھذالقیاس کوئي شخص مدرسہ حرفہ میں نہیں داخل ھو سکتا یا عہدہ ھاے گورنمنٹ پر نہیں ممور ھوسکتا جب تک کہ وہ امتحان مذکورہ بالا میں بخوبي کامیاب نہو جاوے جو لوگ صرف بنظر طالبعلمي تحصیل علم میں مصروف ھوتے ھیں اُن کو فرض ھی کہ یونیورستي کي بھي تعلیم پاویں ورنہ اُن کو تمغہ طالب علمي نہ ملیگا *

یونیورستي میں چار برس تک تعلیم ھوتي ھی اور یہہ انتہائي تعلیم ھی *

یونیورستي میں کل علوم و فنون جدیدہ و ماضیہ میں درس ھوتا ھی یونیورستي کي تعلیم میں قریب ڈیڑہ سو روپیہ کے خرچ ھوتا ھی کیا عمدہ قاعدہ مقرر کیا ھی کہ غریب طلباء کو جو بسبب افلاس کے خود اخراجات تعلیم یونیورستي ادا نہیں کر سکتے زر یونیورستي سے اس شرط پر قرض ملجاتا ھی کہ جب کبھي وہ اپني تصنیف سے فائدہ اُٹھاویں زر قرضہ ادا کریں کل معلموں کا قبل نوکري کے امتحان ھوتا ھی اور صرف وھي چیدہ اشخاص درس دے سکتے ھیں جن کو بعد امتحان کے سند معلمي ملجاتي ھی *

برعکس جرمني کے ملک فرانس جہاں سے تعلیم قومي کے خیال نے اصل نشو و نما پائي صرف خیال ھي خیال میں مبتلا رھا کبھي اُس خیال کو عمل میں لاکر تعلیم قومي سے مستفید نہیں ھوا اگرچہ اسقدر اُس ملک میں بھي ھوا کہ اعلے اور ادنے درجوں میں جو تمیز و فرق قدیم زمانہ سے مروج تھا موقوف ھوگیا اور کل باشندوں کے حقوق برابر تصور کیئے گئے مگر اس میں اور تعلیم قومي میں زمین آسمان کا تفاوت ھی تعلیم قومي میں فرانس آج تک کامیاب نہوا فرانس میں تعلم قومي کا سب سے زیادہ جوش و ولولہ سنہ ۱۸۳۲ ع میں ھوا تھا ھر ایک اسي طرف متوجہہ تھا جس جگھہ دیکھو اسیکا چرچا تھا گورنمنٹ وقت نے بھي تعلیم قومي کي ضرورت کو تسلیم کیا اور اس مدعا کے حصول کے واسطے ایک نہایت عمدہ قانون بنایا اگر وہ قانون اج تک جاري رھتا تو اس وقت فرانس میں ھر کہ و مہ مرد و زن عالم ھوتا لیکن وہ زمانہ شاہ لوئي فلپ کا تھا وہ سن رسیدہ اور آزمودہ کار بادشاہ خود عالم تھا علم دوست تھا اور تعلیم قومي کو بدل عزیز رکھتا تھا لیکن ملک فرانس کي یہہ بد بختي ھی کہ کوئي گورنمنٹ عرصہ دراز تک قایم نہیں رھتي کوئي حکومت پائدار نہیں ھوتي لوئي فلپ کي بھي بادشاھت غارت ھوگئي اور اُس کے ساتھہ وہ قانون اور تعلیم قومي کا انتظام برباد ھوگیا بعد اس لایق بادشاہ کے شاہ نیپولین کے دور دورے ھوئے اُن کے عہد میں تعلیم قومي اور اصل ترقي و بہبودي قومي کي طرف کچھہ توجہہ نہوئي سب لوگ ظاھري دھوم دھام اور کروفر میں مبتلا ھوگئے نتیجہ اِس غفلت کا یہہ ھوا کہ دیہات کے قریباً کل باشندے اور شہروں کے بیشتر آج تک جاھل مطلق اور نیم تعلیم یافتہ ھیں اپنے کردار کے اعمال سخت کو بھگت رھے ھیں *

تعلیم قومي کے بارہ میں انگلستان یورپ کي کل قوموں سے ھمیشہ پیچھے رھا ھی وجہہ اِسکي یہي ھی کہ اِس ملک میں رعیت کو منظور نہ تھا اور اب بھي منظور نہیں ھی کہ امور تمدن اور کاروبار معاشرت میں گورنمنٹ کسي نوع کي مداخلت کرے اِس قسم کے امور سے گورنمنٹ کو کچھہ سروکار نہیں ھوتا خود باشندے ھر ایک چیز کا انتظام کرتے ھیں انگلستان میں علی‌العموم تعلیم کي قلت کو متعدد اشخاص تسلیم کرتے آئے ھیں اور اِس کمي کے دور کرنے کے واسطے اکثر لوگوں نے متفق ھوکر بہت تدبیریں اور کوششیں بھي کي ھیں — حال ھي کي صدي کے ابتدا میں بل اور لانکاسٹر نے تعلیم کي طرف توجہہ کي اور اُس کے انجام کے واسطے ھر طرح کي سعي اور کوشش کي اُن کي تحریک سے فایدہ تو بیشک ھوا لیکن جسے تعلیم قومي کہتے ھیں اُس کے حاصل کرنے میں مطلق کامیاب نہوئے اب بھي متعدد ایسي عمارتیں موجود ھیں کہ شروع صدي رواں میں تعلیمي مقصد سے تعمیر کي گئي تھیں اور اُس زمانہ کے لوگوں کي تعلیم قومي کے جوش و ولولے کي مصداق اور گواہ ھیں *

ايک عمارت اِس قسم کي شهر مانچسٹر ميں هى جو که خود مشهور و معروف جوزف لانکاسٹر کے تحت انتظام ميں تعمير هوئي تهي يهه مدرسه ايسا کامياب هوا که اب اس ميں ايک هزار طلباء کي روز مرّه اوسط حاضري هوتي هى متعدد جلسے اور انجمن تعليمي اِس غرض سے قائم کيئے گئے *

اِس زمانه کے کل مدرسه اور تعليم گاهيں پادريوں اور مذهبي شخصوں کي امداد سے جاري هوتے تهے مفصل کے جس ديهه اور قصبه ميں پادري چالاک اور هوشيار هوتا تها فوراً اهل مذهب کو جمع کر چندهٔ عام سے ايک مختصر عمارت بناکر تعليم ابتدائي شروع کرديتا تها اسي طريقه سے مفصل ميں ابتدائي تعليم جاري هوگئي بڑے بڑے شهروں ميں بهي يهي حال تها متعدد امدادي مدرسے اور تعليم گاهيں مختلف جلسوں اور انجمنوں کے تحت انتظام ميں لوگوں کو علم کا فيض پهنچانے لگيں رفته رفته تمام ملک ميں اِس قسم کے مدرسه اور تعليم گاهيں اِسقدر کثرت سے هوگئيں که اعلى درجه کے قريباً کل باشندے تعليم يافته هونے لگے اِس قسم کي تعليم من ابتداے سنه ۱۸۱۲ع لغايت ۱۸۲۴ع متواتر جاري رهي — اگرچه يهه تعليم کسي طرح تعليم قومي تو نهيں کهي جاسکتي مگر تاهم ايک نوع کي تعليم تهي اور نهونے سے هزار درجه بهتر تهي *

يهاں تک تو تعليم کے حق ميں گورنمنٹ ملک نے مطلق کچهه نهکيا جو کچهه هوا باشندوں کي ذاتي سعي اور کوشش سے هوا ليکن سنه ۱۸۳۲ع ميں حکام وقت کي تعليم قومي کي طرف توجهه هوئي ليکن گورنمنٹ کي اِس توجهه سے کچهه بهت فائده نهوا جو اشخاص اُس زمانه ميں تعليم کے کاروبار کا سرانجام کرتے تهے اُن سے گورنمنٹ نے عهد و پيمان کيا که در صورت مکتفي نهونے زر چندہ کے خزانه شاهي سے بقدر ضرورت زر نقد بنظر امداد حسب درخواست بلا شرايط ملجايا کريگا گرنه گورنمنٹ کي مداخلت اور شرکت سے نهايت قليل فائده هوا ليکن يهه معلوم هوجاتا هى که حکام وقت کي بهي توجهه اِس جانب تهي او اُنکو بهي تعليم کا عمده انتظام بدل منظور تها کيونکه دس برس بعد پارليمنٹ نے فيکٹري ايکٹ يعني قانون کارخانهاے سرکاري جاري کيا اِس قانون سے تيره برس سے کم عمر لڑکوں پر جو سرکاري کارخانوں ميں مختلف کاموں پر نوکر تهے ابتدائي تعليم فرض کي گئي اگرچه گورنمنٹ کي جبرا مداخلت سے اکثر اشخاص اول اول خوب ناراض هوئے ليکن کچهه مدت گذر نے کے بعد سب نے اُسکي ضرورت اور فائده کو تسليم کيا اِسکے بعد سنه ۱۸۴۶ ع ميں پهر گورنمنٹ اِس طرف متوجهه هوئي اور ايک تعليمي قانون جاري کيا سال آينده ميں سرجيمز کے شٹلورتهه اور اُن کے ساتهيوں کي سعي و کوشش سے پرائيوي کونسل ميں ايک سررشته تعليم بهي مقرر هوا — اِس قانون سے في الحقيقت انجمن اور جلسهاے موجوده کو نهايت مدد ملي اِس زمانه سے انگلستان ميں بهي تعليم قومي کا جوش و ولوله شروع هوا کل لئيق اور ذي رتبه شخصوں کي اِس طرف توجهه هوئي گورنمنٹ رقت اور رعيت نے اِس مدعا کے حصول کے ليئے متفق کوشش کرني شروع کي متمول لوگوں نے اپنا مال اور اهل لياقت نے اپني لياقت اس طرف دلي خوشي سے صرف کي بهت تهوڑے عرصه ميں چاروں طرف مدرسه هي مدرسه هوگئے اور اس خوبي اور حسن انتظامي سے تعليم هوئي که چند مدت ميں قريبا کل اعلى درجه کے لوگ اور اکثر متوسط درجه کے اشخاص اور کسيقدر عوام الناس تعليم يافته هوگئے *

روز بروز اِس بندوبست کو ترقي هوتي گئي جگهه بجگهه نئے مدرسه اور مکتب جاري هوتے گئے باوجود اِس حسن انتظامي اور ترقي کے ايک نقص باقي ره گيا يعني رعيت کے ذاتي چنده اور امداد سرکاري ميں کچهه ايسي بے ربطي رهي که بعض مقام ميں تو تعليم گاهيں بخوبي جاري هوگئيں اور حسب دلخواه کام چلنے لگا اور بعض جگهه مدرسوں کي قلت رهي اور کام بهي ناقص انجام هوا بعض جگهه تو ضرورت سے زياده مدرسے قايم هوگئے اور بےفائده اخراجات زائد هوگئے اور بعض مقام پر بالکل مدرسے نه بن سکے اور لوگوں کو تعليم نهوسکي *

چنانچه في الحال بکثرت ايسے اضلاع هيں که جهاں کوئي مدرسه نهيں هى اور وهاں کے باشندے مطلق تعليم نهيں پاتے اور متعدد ايسے شهر هيں که جهاں بسبب کثرت آبادي کے زر چنده اور امداد سرکاري دونوں کافي نهوئے لهذا کل باشندوں کو تعليم نهوسکي قطع نظر کمي و بيشي روپيه کے سب سے بڑا نقص يهه تها که سب لوگ بخوشي خود تعليم سے مستفيد نهوتے تهے بکثرت ايسے اشخاص تهے که وه اپني اولاد کو مدرسه ميں نه داخل کرتے تهے اور کوئي ايسا قانون اُس زمانه تک جاري نهوا تها جس سے اولاد کا مدرسوں ميں داخل کرنا والدين پر فرض هوتا يهه سب موانع اور اُنکے سوا اور بهت سے جنکا بيان کرنا ناحق طول عمل هوگا تعليم قومي کے حصول کماحقه ميں هارج آتے تهے اِن سب کے رفع دفع کرنے کي غرض سے سن گذشته ميں گورنمنٹ نے ايک مکمل تعليمي قانون جاري کيا جو ملک جرمني ميں سنه ۱۸۱۸ ع ميں ظهور ميں آيا تها وه انگلستان ميں آج هوا *

حال مذکوره بالا سے معلوم هوگا که تعليم قومي کا خيال في الحقيقت حال کي ايجاد هى ليکن تاهم کل قوميں اِسکے حصول ميں بدل و جان کوشش کر رهي هيں *

هميں خوف هى که اگر باشندگان هندوستان بهي اِس مهم عظيم کے نتيجے کے حاصل کرنے کے ليئے بدل و جان سعي اور کوشش نکرينگے اور گورنمنٹ هندوستان رعيت کي سعي اور کوشش کي کاميابي کے ليئے به نيک نيتي اور بصدق دلي امداد نکريگي تو هندوستان يقناً اس نعمت عظمى سے محروم ره جاويگا *

راقـــــــم

خداداد

بمقام عليگڈه —— مطبع عليگڈه انسٹيٹيوٹ ميں چهپا اور باهتمام

منشي محمد مشتاق حسين شايع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد دوم] یکم ربیع‌الاول سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۵

بسم‌الله الرحمن الرحيم

اطلاع

جسقدر روپیه بابت اِس پرچه کے بطور چنده خواه بطور قیمت وصول هو وه کسي خاص شخص کي ملکیت نهوگا بلکه اِس پرچه کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاریگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساتهه روپیه سالانه پیشگي بطور چنده دے وه اس پرچه کے متعلق معاملات میں ممبر متصور هوگا *

علاوه اِس کے جو شخص کچهه روپیه بطور ڈونیشن دے وه بشکر گذاري تمام لیا جاویگا *

یهه پرچه هر مهینے میں ایک بار یا دوبار یا تین بار جیسا که مقتضاے مضامین هوگا چهپا کریگا خریداروں کو تین روپیه قیمت اور ایکروپیه آٹهه آنه محصول جمله چار روپیه آٹهه آنه پیشگي بهیجنے هونگے *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچه خریدنا چاهے گا اُس کو فی پرچه چار آنه قیمت اور ایک آنه محصول دینا هوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یهه پرچه ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بهي بلا قیمت جسکو وه چاهیں اختیار هوگا *

اِس پرچه میں بجز مضامین متعلق تہذیب اخلاق و حسن معاشرت کے جہاں تک که وه مسلمانوں سے متعلق هیں اور کچهه مندرج نهوگا *

مضمون نمبر ۳۵

حکایت

ایک نادان خدا پرست اور دانا دنیادار کي

کیا عجیب بات هی اَن هوئي اور اَن سني — دو شخص پچهلي رات کو جنگل میں چلے جاتے تهے صبح هونے هي کو تهي که اُنکے سامنے روشني کا ایک شعله نمودار هوا اُنهوں نے کہا که یهه کیا هی شعله میں سے آواز آئي که میں خدا هوں میرے سوا کوئي خدا نهیں تب تو یهه دونوں گهبرائے اور ننگے پاؤں هوکر آگے بڑهے قدموں کو هاتهه لگایا اور هاتوں کو چوما اور کہا که اے پیارے خدا هم تو تجهکو ملکوں ملکوں میں ڈهونڈ پهرے مگر تو تو همارے پاس هي نکلا اب هم پر مهرباني کر *

شعله میں سے آواز آئي که تمهاري دعا قبول هوئي کل صبح کو نور کے تڑکے تم دونوں میں سے ایک اِس پہاڑ پر اور دوسرا اِس دوسرے پہاڑ پر جو دکهائي دیتے هیں آ حاضر هو جو تمهاري تمنا هوگي دي جاویگي *

سارا دن اور ساري رات دونوں کو بیقراري میں گذرا اور هر ایک اپنے دلمیں منصوبے کرتا رها که کیا مانگوں کیا مانگوں اتنے میں وقت آپهونچا اور یهه دونوں اپنے اپنے پهاڑوں پر جا حاضر هوئے اتنے میں جهاڑي چمکنے لگي اور خدا کي آواز آئي دونوں لبیک لبیک کهه کر چلا اُٹهے جهاڑي میں سے آواز آئي جو مانگنا هو مانگو خدا پرست نے کها که مجهکو اپني محبت اور چند روزه دنیا کي مزخرفات سے نفرت دے دنیادار نے کها که مجهکو نیک کاموں کے لیئے دنیا دے خدا کے هاں کس بات کي کمي اور کاهیکي دیر تهي جو اُنهوں نے کها وهي هوگیا وه دونوں پهاڑ پر سے اپنے اپنے گهر آئے ایک خدا کي محبت سے نهال اور دوسرا دنیا کي جاه و حشمت سے مالا مال *

خدا پرست خدا کي محبت میں چور تها اور اپنے دوست دنیادار کے حال پر افسوس کرتا تها که کس طرح دنیا کے کاموں میں مصروف هی اور اسکو خدا کي عبادت اور زهد و تقوي کے سوا اور کچهه کام نه تها مگر دنیا کي طرف سے نهایت عاجز اور ذلیل کبهي کبهي زکواة دینے کا جو ثواب هی اُسکے حاصل کرنے کي خواهش هوتي تهي مگر مقدور نه تها که اُس دولت کو حاصل کرے حج کرنے کا شوق دلمیں اُٹهتا تها الا بےاستطاعتي کے سبب سے مجبور تها اپني قوم کو خدا پرست هونے کي راه بتا تا تها مگر بےاستطاعت اور بےمقدور قوم کیا کرے — پراگنده روزي پراگنده دل - کسي سے کچهه بن نهیں آتا تها *

اِن بیچاره کا یهه حال که نان شبینه کو محتاج کپڑا بدن پر نهیں جس سے ستر ڈهانکیں روٹي کهانے کو نهیں که بدن میں عبادت کي طاقت آوے چار ناچار شهر چهوڑنا پڑا لوگوں سے کناره گزیں هونے پر مجبور هوا جنگل میں جا بسیرا کیا وحوش و طیور سے جا صحبت کو گرم کیا دنیا اور دنیا کے کاموں سے نفرت کي اور خدا اور خدا کي محبت سے الفت کي *

فاقے پر فاقے هوتے تهے مگر یهه شیر خدا کي محبت سے سیر تهے مگر جب تین تین دن کے فاقے گذرنے لگے تو مردار کهانے یا ایک ٹکرا روٹي کا مانگنے پر مستعد هوئے لکڑي ٹیکتے ٹیکتے پاؤں لڑکهڑاتے لڑکهڑاتے کسي گانوں گنویں میں جاتے هیئت مبارک دیکهکر گانوں کے کتے پیچهے پڑتے یهه بیچارے خدا پرست کتوں سے بچتے بچاتے هشت هشت کرتے کسي کے دروازه تک پهونچتے کسي نے دیا تو لے لیا ورنه دوسرا دروازه جا دیکها جب قوت لایموت جهولي میں آیا پهر اُس سے زیاده سوال کرنا حرام سمجها کسي کنویں کے کناره پر بیٹهے سوکهے بهیک کے ٹکڑے چبائے کسي چلتے نلوئیں پر جا کهڑے هوئے پاني کے دو چلو پي لیئے خدا کے نور کے شعلے سینه میں بهڑکتے تهے مگر نکل نه سکتے تهے جس سے دنیا روشن هو *

رفته رفته اُنکي بزرگي کا شهره پهیلا دور و نزدیک کے لوگوں نے زیارت کا قصد کیا لوگ جمع هونے لگے منتیں ماننے لگے هر ایک نے اپنے مطلب کي دعا منگواني چاهي کسي نے بیٹے کي خواهش کي کسي نے دولت چاهي کسي نے روزگار کي تمنا کي کسي نے تجارت کي ترقي کي آرزو کي اِن کو تو دنیا کي باتوں سے نفرت تهي لاٹهي لے سامنے هوئے لوگوں کو سمجهانے لگے دنیا چند روز هی اُسکے لیئے کیوں ولواه کرتے هو واواه کے لایق تو دین کي باتیں هیں دنیا کو چهوڑو اور دین کي باتیں پکڑو *

عقلمند اور نیک بخت آدمي اُنکو بهت بزرگ سمجهتے تهے مگر اُنکي نصیحتوں سے متعجب هوتے تهے که اگر سچ مچ دینداري یهي هی تو دنیا کا کیا حال هوگا اور دنیا کا کیونکر کام چلیگا پیغمبر کا بهي زمانه گذرا صحابیوں کا بهي زمانه گذرا کسي نے دنیا کو نهیں چهوڑا مگر دنیا کو دین کے لیئے برتا وه احکام شرعي کو بجالاتے تهے کینه و بغض و حسد سے دلکو صاف رکهتے تهے دغا و فریب اور جهوٹ سے بچتے تهے اور اچهے خاصے دنیادار تهے مولوي روم نے بهي یهي کها هی

چیست دنیا از خدا غافل بودن
نے قماش و نقرهٔ و فرزند و زن

طوطی کي طرح الله الله جپنا اور یاهو کبوتر کي مانند غوٹر غوں غوٹر غوں کرنا الله کي یاد نهیں هی بلکه اُس نے جو چیزیں همکو مرحمت کي هیں اُنکو اُسي کے کام میں صرف کرنا خدا کي یاد هی عقل همکو خدا نے اِس لیئے دي هی که اُسکي صنایع و بدایع پر غور کریں اُسکي عجائب قدرت کو دیکهیں اور اُسکے وجود ازلي و ابدي بےضد و ند پر یقین کریں آنکهه ناک حس وحرکت اِس لیئے بخشي هی که هماري عقل کے مصاحب اور مددگار هوں نطق همکو اِس لیئے دیا هی که هم اَوْروں کو اپنے خیالات کا فائده پهونچاویں مال و متاع اِس لیئے همارے لیئے مهیا کیا هی که هم خود بهي اُس سے فائده اُٹهاویں اور اَوْروں کوبهي فائده پهونچاویں یهه کیسا وحشیانه طریقه هی جسمیں اپني ذاتي غرض کے سوا اور کچهه مد نظر هي نهیں *

گر ان گلیم خویش بروں مي برد زموج
من سعي میکنم که برارم غریق را

بعضے دس پانچ سو پچاس آدمي جو اُنهي سے بیوقوف تهے خدا پرست صاحب کے گرد هوئے دنیا کو اپنے خیال کے موافق چهوڑ چهاڑ دهوني رما مسلمان جوگي جي کے ساتهه هولیئے اور دنیا کے عیش و

آرام اور اُسکے کار و بار کو ترک کرکر خدا کي خيالي محبت ميں سرشار هوگئے *

اب خيال کرو ان بزرگواروں سے اسلام نے کيا عزت پائي اور اُنکے حال سے اسلام کي صورت کيسي ديکهائي دي — اسلام ايسا دکهائي ديا جيسے ايک ضعيف پير مرد بزرگ پر کڑکهايا هوا ميلا بدن ٹوٹے دانت هڈي پر چمڑا چمٹا هوا کنپٹياں بيٹهي هوئيں پيٹ پيٹهه سے ملا هوا کمرهکبهوڑي ٹانگيں ٹيڑي هاتهه پاؤں کانپتے هوئے لڑکهڑا لڑکهڑا لاٹهي ٹيک ٹيک ايک قدم آگے دهرا اور کپکپا کر دو قدم پيچهے هٹ گيا پهٹي گدڑي پڑي هوئي ادهر سے ران کهلي اودهر سے چوتڑ کهلا جدهر گئے اودهر هزاروں مکهياں چمٹ گئيں اودهر لڑکے بهوں بهوں کرکر پيچهے پڑگئے جس قوم کے سامنے سے نکلے اُس نے نفرت کي هر طرف سے دور دور پرے پرے کي آواز سني اور ذلت کے ليئے مسلمان دنيا ميں ضرب‌المثل ٹهرے سبحان الله ان نادان خدا پرست نے خوب اسلام کي صورت ديکهائي اور نهايت اُسکي عزت بڑهائي *

اب دنيا دار صاحب کا حال سنيئے جب وه گهر آئے دوست آشنا بهائي بند جمع هوئے لعنت ملامت کرنے لگے که دنيا کا لالچي دنيا کا کتا ايمان اسلام سے بے بهره دنيا کے عيش و آرام ميں غرق اور اُسي کا طالب دين کے بدلے دنيا ليکر آيا هی *

يهه بيچاره چپ اُن جاهلوں سے کيا کهے اپنے دل ميں کهتا هی که مينے تو نيک کاموں کے ليئے دنيا لي هی اگر دنيا کو نيک کاموں کے ليئے برتا جاوے تو وه تو هزاروں زهد و تقوی اور جنگل ميں بيٹهنے اور مالا جپنے سے بهتر هی *

خدا نے جو کچهه هم پر فرض کيا هی وه بهت تهوڑا هی اگر هم " والله لاازيد ولاانقص " کے مضمون پر يقين کريں تو صرف فرايض کے ادا کرنے سے قطعي بهشتي هيں باقي رهي اوپر کي نيکي وه نادان خدا پرست بننے سے حاصل نهيں هوتي همکو ديندارى کے ليئے دنيا کے کاموں ميں مصروف هونا چاهيئے محرمات شرعيه سے بچنا اور مباحات شرعيه کے مزے اڑانا اور دنيا کو نيک کاموں ميں برتنا بهي سب سے بڑي نيکي اور اصلي خدا کي عبادت هی *

پهر وه اس سونچ ميں گيا که کسي قوم پر خدا کي خفگي اور خدا کي لعنت هونے کي کيا نشاني هی هرچند سوچتا تها کچهه سمجهه ميں نه آتا تها لوگوں سے پوچهتا تها پر تشفي نه پاتا تها اخر ايک دن قران مجيد پڑهتے پڑهتے يهوديوں کے حال ميں يهه آيت اُس نے پڑهي " و ضربت عليهم الذلة والمسکنة و باؤابغضب من‌الله " يهه پڑهتے هي وه چلا اوٹها که پاليا پاليا بےشک دنيا ميں قومي ذلت خدا کے غضب کي نشاني هی دنيا ميں غريب مسکين محتاج هر قوم ميں هوتے هيں مگر جب قومي ذلت اور قومي مسکنت دنيا ميں هو جاتي هی تو وه ٹهيک نشاني خدا کے غضب اور خدا کے لعنت کي هوتي هی *

اب تو اسکا دل شير هوا اور ڈهارس بندهي اور کها که بےشک ميں نے اُس نادان خداپرست سے اچها کام کيا هی ميں نے تو نيک کاموں کے ليئے دنيا کو اختيار کيا هی ابتو ميں دنيا هي سے دين کو لے لونگا اور ايسے ايسے لنگڑے لولے بوڑهے ٹهيڑے نادان خداپرستوں کو کوڑي کوڑي پر خريد کر پهينک دونگا پر اے خدا جيسے که تونے ميري دعا قبول کي هی ميرے ساتهه ره اور نيک کاموں ميں دنيا کو برتنے دے *

اب وه اس سونچ ميں گيا که اس دنيا کو کيونکر نيک کاموں ميں برتوں سب سے پهلے يهه خيال کيا که بهوکوں کو روٹي اور ننگوں کو کپڑا دو پهر اپنے دل ميں کها که بات تو اچهي هی کرني تو چاهيئے پر اس سے قومي ذلت تو نهيں جاتي جو خدا کے غضب کي نشاني هی *

پهر سونچا که حافظ نوکر رکهکر قرآن بهت سے پڑهواو لوگوں سے چله کهنچواو ختم خواجگان کرواو بخاري شريف کي منزليں پڑهواو پهر هنسا که اس سے کيا فائده ايک کا کهايا دوسرے کے پيٹ ميں کب آتا هی *

پهر سونچا که سب سے عمده يهه بات هی که مسجديں بنواؤ اور ٹوٹي مسجدوں کي جو خدا کے گهر هيں مرمت کے ليئے روپيه اکهٹا کرو اور جهاڑ فانوس روشن کرو پهر هنسا اور کها که زنده خدا کے زنده گهر يعني قوم کے دل ٹوٹے پڑے هيں دل کي آنکهوں کے پهوٹ جانے سے بے نور هو رهے هيں مسجد کس کے ليئے بناوں اور چراغ کس کے ليئے جلاؤں *

پهر سونچا که مکه شريف روپيه بهيجدو وهاں کے غريبوں پر بانٹو ايک ايک کے لاکهه لاکهه ملينگے روپيه بهيجکر حاجيوں کے ليئے رباطيں بنواو اور خير جاري کا ثواب کماو پهر هنسنے لگا که کيا بيوقوفي کي بات هی جهاں شديد ضرورت هی وهيں روپيه خرچ کرنے سے زياده ثواب هی ديکهنا چاهيئے که جو ضرورت مکه ميں پهلے تهي وه اب بهي هی يا نهيں همارے ملک اور هماري قوم ميں جو ضرورت هی وه اُس سے زياده هی رباطيں بنوانے اور متوليوں کي آمدني کرديني بري نه سهي مگر جب هماري قوم کے گهروں پر چهپر نهيں هيں تو مکه ميں رباطيں بنوانے سے کيا منفعت هی *

ايک صاحب اوٹهے که اجي سب سے عمده يهه بات هی که غريبوں کو جهاز کرايه کردو اور مکه حج کو بهيجدو اُس نے کها که هاں اپني

حكايت

تو بڑي نيک‌نامي هى مگر خدا كے نزديک تو پشيماني هى خدا نے جسپر جو بات فرض نهيں كي ميں اُسپر فرض كرنے والا كون *

بڑے خيرخواه اور عقلمند جو تهے وه اُٹهے كه مياں عربي كا مدرسه قايم كرو قال‌الله وقال‌الرسول كا ذكر سنو حديث تفسير فقه پڑهاو همارے هاں كي معقول منطق حكمت فلسفه ڈوبي جاتي هى اُسكو بلي لگاو مگر يهه شخص سونچا كه علوم دينيه قوم كے زيور هيں مگر جب قوم هي نهيں تو وه زيور كون پهنے گا پراني حكمت اور فلسفه كو اب كوڑي كو بهي كوئي نهيں پوچهتا اُس سے قومي ترقي اور قومي عزت كي كيا توقع هى *

غرضكه سب كي باتيں اُسنے سنيں اور كها كه يهه سب مكر كي باتيں يا شيطان كا نيكي كي صورت ميں جلوه افروز هوكر دهوكے ميں ڈالنا هى اِن سب كو چهوڑو اور نيک نيت سے خدا پر بهروسا كركے قومي عزت اور قومي ترقي كي فكر كرو اور اصلي نيک كام ميں دنيا كو برتو *

اُس نے سمجها كه بهلا سب سے بڑا سبب قومي ذلت كا آپسميں همدردي كا نهونا هى ميري قوم خودغرضي كي بيماري ميں مبتلا هى اپنے فائدے كے ليئے هزاروں محنتيں كرتے هيں اور اچها كپڑا پهنے اور چين سے سونے اور هنس هنس كر ميٹهي ميٹهي باتيں بنا دينے كو تمام اخلاق اور لياقت كا منتها سمجهتے هيں قوم كي بهلائي اور رفاه عام كي طرف مطلق توجهه نهيں هى اُس نے اِس بيماري كو كهونا چاها اور فرض پنجگانه اداكرنے كے بعد قران كي تلاوت اور اوراد مندوبه اور اعمال مشايخ كے بدلے اپني قوت لساني اور مراقبه قلبي كو اِس طرف متوجهه كيا خلوت ميں اسباب كي فكر كي كه يهه بيماري كيونكر جاوے جلوت ميں پند و نصائح تقرير بيان سے اسي بات كا چرچا اگرچهه بهت سي نااُميدياں اُسكو پيش آتي گئيں الا اپنے اراده ميں مستحكم اور ثابت قدم رها اور يهه سمجها كه اِس كام ميں جتنا ميرا وقت صرف هوتا هى وه اُس مندوب عبادت سے جسكو لوگ عبادت سمجهتے هيں كچهه كمتر عبادت ميں صرف نهيں هوتا *

اُسنے بقدر اپني طاقت كے مسائل شرعيه اور حقائق و معارف قران و حديث پر غور كيا اُسنے ديكها كه علماے سابق نے اپنے زمانه كے علم كے موافق بهت سي باتيں ايسي كهي هيں جو زمانه حال ميں يقيني غلط اور جهوٹي ثابت هوئي هيں اور تمام مسلمانوں نے اُن علما كے غلط اقوال كو مثل احكام شارع سمجهه ركها هى اور اِس سبب سے اسلام كو يهه مضرت پهونچي هى كه جو لوگ زمانه حال كے علوم سے واقف هوتے هيں وه مذهب اسلام كو غلط سمجهتے هيں حالانكه مذهب اسلام ميں غلطي نهيں هى بلكه اُن علماء كے اقوال ميں غلطي هى چند روز تک تو اُس نے اُن علماء كا بڑا ادب كيا پهر وه سمجها كه علماء كے اقوال كا غلط هونا مذهب اسلام ميں كچهه نقص نهيں لاتا اگر بالفرض ابو بكر و عمر نے كسي بات ميں غلطي كي هو تو بهي مذهب اسلام پر كچهه داغ نهيں لگتا پهر اور بيچارے مولوي ملا كس شمار قطار ميں هيں تب اُسنے علماء وقت كي خدمت ميں رجوع كي اور هرايک كے آگے هاتهه جوڑے ناک رگڑي كه خدا كے واسطے آپ اِن غلطيوں كے رفع كرنے پر مستعد هوجيئے يهه بيچاره خود جاهل صرف دو چار لفظ سے آشنا تها خود كيا كرسكتا تها مگر جب كوئي متوجهه نهيں هوا تب اُسنے كها كه جو عقل خدا نے مجهكو دي هى اُسكو كام ميں لانا اور اپنے خيالات كو دوسروں تک پهيلانا خاص ميري عبادت هى اُسنے ملامت كرنے والوں كي ملامت كا ڈر نكيا اور اسلام كي محبت كو ابو حنيفه و شافعي مالک و حنبل كي محبت سے زياده سمجها اور نيک نيتي اور صرف اسلام كي محبت سے جو كيا سو كيا اور اُس كے عوض اپنے هم مذهبوں سے جو سنا اُسكو بخنده پيشاني گوارا كيا *

اُس نے بهادرانه طور سے مذهب كو عقل كے سامنے ڈالديا كه جس طرح چاهو جانچو سچا سچاهي هى اُس نے مذهب كو حقائق موجودات سے موازنه كيا اور دنيا كو يهه دكهلانا چاها كه خدا كا قول يعني مذهب اور خدا كا فعل يعني فطرت موجودات دونوں ايک هيں جس سے ثابت هوتا هى كه دونوں كا مبداء ايک هي هى *

اُس نے اپني قوم سے تعصبات اور پابندي رسومات اور اوهام مذهبي كے جو حقيقت ميں مذهب سے متعلق نه تهے چهوڑانے پر كوشش كي تاكه لغو خيالات سے لوگوں كے دل پاک هوں اُسنے لوگوں كو اس بات پر رغبت دلائي كه اچهي باتيں جس ميں هوں اُن كو لو اور بري باتيں جس ميں هوں اُنسے پرهيز كرو جو علوم غير قوم اور غير مذهب كے لوگوں نے پيدا كيئے هيں بلا تعصب سيكهو جس زبان كے ذريعه سے وه علم آسكتے هوں خواه وه انگريزي هو يا فرانسيسي يوناني هو يا لاطني سب كو سيكهو اور اپني قوم ميں پهيلاؤ تاكه اُن كو عجائبات قدرت الهي زياده تر معلوم هوں اور دنيا حاصل كرنے كي بهي لياقت هو *

صنايع و بدائع هر قسم كے جو كسي قوم ميں هوں اُن كو اپني قوم ميں لانے كي كوشش كي تجارت كے اصول جو غير قوموں نے عمده طور پر قايم كيئے هيں اُن كي اپني قوم ميں مروج هونے كي خواهش كي اور ان تمام باتوں سے يهه مقصود تها كه قوم كي مسكنت اور اُسكے باعث سے جو ذلت هى وه رفع هو اور قوم اسوده حال هو اور اپني قوم كے لوگوں كو سنبهالے اور شعار اسلامي كو بجا لا سكے جس سے اسلام كو رونق هو *

اُس نے خیال کیا که طریقه تمدن و معاشرت اگر خراب هی تو وه بهي ذلت قومي کا باعث هی اُس نے اپني قوم کے طریقه معاشرت و تمدن کے ادنی ذلیل درجه سے اعلی درجه پر تبدیل هونے کي کوشش کي تا که اسلام پر سے یهه جهوٹا دهبه که خرابي معاشرت و تمدن کا باعث اسلام هی مٹ جاوے *

قوم کا معزز اور ذلیل نظر آنا اُن کے طریقه لباس اور اکل و شرب اور چال و چلن اخلاق اور عادات پر بهت زیاده منحصر هی اُسنے اُنکي درستي پر کوشش کي اور طهارت اور صفائي اور اوجلاپن اور لباس اور اکل و شرب کے طریقه کو بهت اعلے اور عمده درجه پر پهونچانا چاها جسکے سبب سے اور قوموں کي نظر حقارت جو اسلامي قوم کے ساتهه تهي وه نرهي اُس نے خوب غور کیا تها که اسلام ایک مٹي کا پتلا بنکر دنیا کے سامنے نهیں آسکتا وه اُس کے پیرووں کي خصلت اور افعال سے دکهائي دیتا هی پس اُن کا طریقه زندگي ایسا عمده و پاک صاف کیا جاوے جس سے اسلام کي جو اصلي صورت هی دنیا کو نظر آوے *

فرض کرو که یهه سب خواهشیں پوري هو گئیں تو انکي بدولت اسلام کي کیسي صورت دکهائي دي —— ایسي دکهائي دي جیسے ایک نوراني فرشته جس نے رحمت کے پر پهیلا کر تمام عالم کو اپني رحمت سے ڈهانپا هی پس بڑي ناداني اور کم سمجهي کي بات هی جو دنیا دار کے ان کاموں کو دنیا کے کام سمجهے اور عین خدا کي عبادت نه جانے *

راقـــــــم

سید احمد

نمبر ۳۶

دین کي تحریف

ابتداے پیدایش آدم علیه‌السلام سے شیوع اسلام تک جتنے دین جاري هوئے اور جتني شریعتیں قایم هوئیں اور جنکا علم همکو هی اُنکي نسبت یهه سمجهنا که هر ایک دین اور هر ایک شریعت ایک زمانه معین تک جاري اور قایم رهي اور جب اُسمیں تحریف نے راه پائي اور اُس دین کے قبول کرنے والوں نے اُسکو اپني اصلي حالت پر نرکها تب خدا نے بذریعه دوسرے پیغمبر کے دوسري شریعت قایم کي بهت آسان هی لیکن اُن اسباب کا سوچنا جنسے دین میں تحریف هوئي اور اُن وجوه کو سمجهنا جنسے شریعت اپني اصلي حالت پر نه رهي نهایت هي مشکل هی اور اُن سب باتوں سے واقف هوجانا انسان کي قدرت سے باهر هی اِسیواسطے بهت هي تهوڑے لوگ گذرے هیں جنهوں نے اِس طرف توجهه کي هو یا اُن وجهوں اور علتوں کو لکها هو بلکه بعضوں نے تو ایسے اسرار اور حکمتوں میں غور کرنے هي کو برا جانا هی اور بعضوں نے اُسکو قدرت بشري سے خارج سمجهکر لغو محض تصور کیا هی اور بعضوں نے پچهلے بزرگوں کو ایسي باتوں پر متوجهه نه دیکهکر اُسکو بدعت خیال کیا هی لیکن حقیقت میں نه اُن باتوں پر غور کرنا برا هی اور نه لغو اور عبث هی اور نه بدعت هی بلکه وه چیز جس سے حکیم مطلق کي کامل حکمت کا دلپر یقین هووے اور خدا کے احکام کے معلل بالمصالح هونے پر اعتقاد هووے وه یهي هی که اُسکے احکام اور افعال پر جهاں تک انسان کي طاقت هو غور کرے اور اُس کے اسرار اور وجوه کو سوچے اِس لیئے هم اپنے مذهب کے ایک بڑے نامي محقق کے کلام سے اس مضمون کو که ادیان سابقه اور شرایع گذشته میں کیونکر تحریف هوئي اور کس ضرورت سے بجاے اُسکے دوسري شریعت قایم هوئي اخذ کرکے لکهتے هیں *

جب هم کسي دین اور کسي مذهب پر خیال کریں اور اُسکي ترقي اور تنزل اور زوال کے تاریخي حال پر غور کریں تو همکو معلوم هوگا که جب کسي پیغمبر کے ذریعه سے خدا نے کوئي دین اور مذهب جاري کیا اور لوگوں کو اُسکا تابع بنایا تو وه طبقه جو خاص اُس پیغمبر سے تعلیم پاتا هی اور جو اپنے کانوں سے اُسکي باتیں سنتا هی اور اپنے دل میں بے واسطه اور بغیر علاقه دوسرے کے اُسکے احکام اور مسائل کو جگهه دیتا هی تو وه هر طرح پر اشاعت دین میں ساعي هوتا هی اور امر بالمعروف اور نهي عن‌المنکر میں ٹهیک ٹهیک اپنے نبي کے قدم پر چلتا هی اور یهه پهلا طبقه هر برائي سے پاک اور هر عیب سے صاف هوتا هی اُس طبقه کے تهوڑے هي لوگ ایسے هوتے هیں جنکو عادت اور سیرت میں اپنے نبي سے مشابهت اور اخلاق اور اعمال میں اپنے پیغمبر سے مناسبت نهو بعد اُسکے دوسرے طبقه کا زمانه آتا هی جنهوں نے نه اپني آنکهوں سے پیغمبر کو دیکها نه اپنے کانوں سے اُسکي وعظ و نصیحت کو سنا نه بلاواسطه خود اُنکو تعلیم اُس پیغمبر کي نصیب هوئي بلکه طبقه اولی کو اُنهوں نے دیکها اور اُنکي باتوں کو سنا اور اُن سے دین میں تعلیم پائي تو اگرچه یهه کل طبقه دین میں کامل اور مذهب میں مضبوط ایسا نهیں هوتا جیسا که پهلا طبقه تها لیکن تب بهي به سبب اِسکے که صرف ایک هي واسطه بیچ میں هوتا هی اور طبقه اولی کي تعلیم اور هدایت میں بهي ایک کامل تاثیر هوتي هی اِس لیئے یهه دوسرا طبقه بهي اچهي حالت پر رهتا هی لیکن جسقدر نئے لوگ بڑهتے گئے اور اُمت کثرت سے هوتي گئي اور اغراض اور خواهشیں دنیاوي پیدا هونے لگیں اور امتداد مدت اور اختلاف طبایع سے اتفاق میں خلل هونے لگا اُتنا هي

وہ مذہبی جوش اور دینی ولولہ جو سب کو ایک ہی بات پر یعنی اشاعت دین پر متوجہ رکھتا ہی کم ہونے لگتا ہی اور دلوں کی وہ پاکی اور نیتوں کی وہ صفائی جو طبقہ اولی کے اکثر افراد میں ہوتی ہی وہ اِس طبقہ ثانیہ کے تھوڑے ہی شخصوں میں پائی جاتی ہی *

بعد اسکے جو زمانہ آتا جاتا ہی اور جسمیں ایسے لوگ ہوتے ہیں جنھوں نے خود نہ بانی مذہب کو نہ اُسکے دیکھنے والوں کو دیکھا اور نہ اپنی سعی اور اپنے شوق سے اُس دین و مذہب کو اختیار کیا بلکہ اپنے باپ دادا کی میراث میں جہاں اور چیزیں پائیں منجملہ اُنکے دین و مذہب کو بھی پایا اور اُنکے اور صاحب شریعت اور بانی مذہب کے بیچ میں واسطے اور علاقے بھی بہت ہوگئے تو سواے تھوڑے آدمیوں کے اکثر تو ایسے ہی ہوتے ہیں کہ وہ اُس دین اور مذہب کی خود قدر نہیں جانتے اور سواے حمیت نسبی کے اصلی دینی حمیت سے بے بہرہ ہوتے ہیں اُن کے دل اصلی روشنی سے اور اُن کے سینے حقیقی نور سے مذہب کے خالی ہوتے ہیں اور اُن پر مضمون خلف اضاعوا الصلوۃ و اتبعوا الشہوات کا ٹھیک ٹھیک بلا کم و کاست صادق ہوتا ہی اس طبقہ میں بہت ہی کم ایسے ہوتے ہیں کہ اُس دین اور مذہب کو جس کے وہ پابند ہیں تحقیق کرکے اور سمجھ بوجھ کر اختیار کرتے ہوں بلکہ اپنے باپ دادا کا طریقہ سمجھ کر اُس کی حقیت کے معتقد ہوتے ہیں اور بجاے تحقیق اور تلاش کے بل نتبع ما الفینا علیہ آبائنا پر قانع ہوتے ہیں اور جس طرح طبقہ اولی کے ایمان والے اصلی اور سچی باتوں پر دین کی مضبوطی سے اعتقاد رکھنے اور عمل کرنے پر دیندار کہلاتے اور قابل تعریف سمجھے جاتے ہیں اُسی طرح اَوْر طبقہ کے لوگ میراثی اور جھوٹی باتوں پر تقلید کے سبب سے یقین رکھنے اور اُس کی پابندی کرنے پر متعصب اور جاہل اور لایق مذمت تصور کیئے جاتے ہیں اور جس قدر نبوت کا زمانہ دور ہوتا جاتا ہی اُسی قدر دین و مذہب میں پیغمبر سے علاقہ چھوٹتا اور اَوْروں کا واسطہ بڑھتا جاتا ہی یہاں تک کہ جتنا زمانہ گذرتا گیا اور غرضیں بڑھتی گئیں اور خواہشیں زیادہ ہوتی گئیں اور طبیعتوں میں خودپسندی اور نفسانیت کا غلبہ ہوتا گیا اُسی قدر ہر شخص موافق اپنی حالت اور ضرورت اور حاجت اور خواہش کے اُس دین میں تحریف اور تبدیل کرنے لگتا ہی اور خدا کے کلام اور نبی کے اقوال کو اپنی خواہشوں کا عرضہ بنا لیتا ہی اُس کے لفظوں اور عبارت کو بدلنا یا اپنی طرف سے بنا کر اُس کی طرف منسوب کر دینا اگر ممکن ہوا تو اُس میں بھی دریغ نہیں ہوتا ورنہ اُس کے معنی اور مطلب کو اپنی سمجھ اور اپنی غرض کے مطابق پھیر دینے میں تو کچھ تامل ہی نہیں ہوتا اور جب تک یعنی جتنے عرصہ تک خدا کو اپنے نزدیک اُس دین کا قایم رکھنا منظور ہوتا ہی تب تک ایسے تغیر اور تحریف سے کم و بیش خدا اپنے علم اور ارادہ کے موافق بچاتا ہی اور اخیر پر تو اِس تحریف اور تغیر سے اُس دین کی یہہ حالت ہوجاتی ہی کہ اپنی اصلی حالت پر کچھہ بھی باقی نہیں رہتا اور اگر کوئی اُس کے اول حال سے آخر حال کو ملاوے تو زمین و آسمان کا فرق دکھلائی دیتا ہی پیغمبر کی کتاب جسپر مذہب کا دار مدار ہی وہ تو براے نام قسم کھانے کے لیئے اور عزت سے طاق میں رکھنے کے لیئے ہوتی ہی کوئی اُس سے اپنے دینی عقاید اور مذہبی مسائل کو نہیں ملاتا اپنے بزرگوں یا اپنے پیروں کے اقوال اور افعال کو مستند سمجھکر اپنے مذہبی سلسلہ کو اُسی پر ختم کردیتے ہیں اور اُنہیں کو معصوم اور مثل نبی کے سمجھکر اپنا پیشوا اور ہادی اور شفیع اور نجات دہندہ سمجھنے لگتے ہیں جب طبقہ اولی کا زمانہ ہوتا ہی اُسوقت رسم اور رواج پر عمل کرنے کا کچھہ ذکر نہیں ہوتا بلکہ وہ لوگ اُسکے جانی دشمن ہوتے ہیں اِس لیئے کہ وہ اپنی پرانی رسموں اور خاندانی چال چلن کو صرف پیغمبر کی ہدایت سے چھوڑکر اُسکے دین میں آتے ہیں اور اُن کے بھائی بند یار دوست رسموں ہی کے چھوڑ نے پر اُنکو برادری سے خارج کردیتے ہیں اور اُنکو اپنا دشمن سمجھتے ہیں تو پھر کیونکر ممکن ہی کہ وہی طبقہ جس نے ایک خدا کے خوف سے رسموں کو چھوڑا اور اپنے بھائیوں سے علاقہ نہ رکھا اور صرف اپنی نجات کی اُمید پر پیغمبر کا تابع ہوا ہو وہ خود رسموں پر عمل کریگا یا اُس طبقہ میں سواے خدا اور رسول کے حکم کے کسی دوسری بات کو دخل ہوگا لیکن جتنا زمانہ گذرتا جاویگا اُتنی ہی امیزش اَوْر چیزوں کی ہوتی جاویگی کچھہ باتیں دنیا کی دین میں داخل ہوجاوینگی کچھہ چیزیں غیر قوموں کی اُس میں خلط ملط ہوجاوینگی اور اُس سب مجموعہ پر دین کا اطلاق ہوگا اور چونکہ ظاہر ہی کہ جب دین میراثی اور آبائی ہوگا تو دل میں وہ دینی ولولہ جو کہ پہلے طبقہ کو ہوتا ہی نہ رہیگا اور وہ مذہبی جوش جو خاص پیغمبر سے تعلیم پانے والوں کو ہوتا ہی ٹھنڈا پڑجاویگا تو پھر ایسی حالت میں ہرشخص جسکو خدا نے عقل سلیم دی ہی سمجھہ سکتا ہی کہ لامحالہ رسم و رواج ہی پر مدار مذہب کا آرہیگا اور قومی چال چلن اور خاندانی طریقہ ہی دین سمجھا جاویگا چنانچہ جتنے پہلے دین گذر گئے اُن سب کا یہی حال ہوا کہ لوگوں نے پیغمبر کی کتاب کو چھوڑ دیا اور رسم و رواج پر مدار مذہب کا ٹھہرا لیا اور اناوجدناعلیہ اباءنا اور بل نتبع ما الفینا علیہ اباءنا کہکر تحقیق سے ہاتھہ اُٹھا لیا عقیدہ اُسی کو سمجھنے لگے جو آبا و اجداد سے سنا عمل اُسی پر کرنے لگے

جو بهائي بندونکو کرتا هوا ديکها خانداني طريق پر چلنے کو سنت اور اُسکو چهوڑ کر اصلي دين کي باتوں کي تحقيق کرنے کو بدعت کهنے لگے *

چنانچه جب کل يا اکثر آدمي کسي دين و مذهب کے ايسے هوگئے اور اُنهوں نے دين ميں ايسي تحريف اور تغير کردي تو جو خوبي اُس مذهب کي تهي وه جاتي رهي اور غفلت اور پابندي رسم و رواج اور تقليد آبا و اجداد کي بدولت اُس دين کي اصلي حالت باقي نرهي تب خدا نے اُسکي اصلاح کرنے کے ليئے دوسرا پيغمبر مبعوث کيا جسنے اُن خرابيوں کو دور کيا اور جو تحريف و تغير اُس دين کے لوگوں نے اپني غفلت اور تقليد کے سبب سے کي تهي اُسکو ظاهر کيا اور رسم و رواج پر چلنے والوں کو متنبه اور باپ داد کے چال چلن پر سند پکڑنے والوں کو هوشيار کيا اور لوگوں کو غفلت سے نکالا اور اُن سے تقليد کو چهوڑايا ليکن غفلت اور تقليد ايسي بري اور اپني برائي ميں ايسي کامل هی که تمام انبيا کو اپني نبوت کے زمانه ميں لوگوں کے دلوں سے رسم و رواج کي پابندي کي مستحکم زنجير اور غفلت اور تقليد کي مضبوط قيد کے توڑنے سے زياده کوئي مصيبت اور دقت نهيں هوئي *

کيسي هي محبت سے اپني قوم کو سمجهايا اور کيسے هي نرم اور ملائم لفظوں سے اُنکو نصيحت کي اور اُن کے دلوں کي صفائي کرني چاهي ليکن اُس قوم کے کانوں کو کوئي اور سخت اور هولناک اور عجيب آواز ايسي معلوم نهوتي تهي جيسي که نبي کے پاک مونهه سے رسم و رواج کي برائي کي آواز اور اُن کے پتهر سے زياده سخت دلوں پر کسي اور چيز کا اتنا صدمه نهوتا تها جتنا که اپنے باپ دادا کے چال چلن چهوڑنے کا اسي کمبخت رسم و رواج کي پابندي نے اُن کو ايمان سے محروم رکها اور جان بوجهه کر اُنهوں نے اپنے آپ کو دوزخ کا کنده بنايا اخترت النار علی العار کهتے ليکن اپنے پرانے طريقوں کے چهوڑنے پر جرات نه کرسکتے اور اپني گردنوں کو تقليد کي رسي سے باهر نه نکالتے حقيقت ميں اگر رسم و رواج کي پابندي کو ايسا کامل اثر نهوتا اور اُسکا چهوڑنا دوزخ ميں جانے سے زياده سخت نهوتا تو کبهي کسي پيغمبر کو هدايت کرنے ميں کچهه تکليف نهوتي بلکه اتنے پيغمبروں کي بعثت کي حاجت هي نهوتي ايک لاکهه اسي هزار يا جسقدر پيغمبر آئے اور جو کچهه اُنهوں نے مصيبتيں اور تکليفيں پائيں وه اسي رسم و رواج کي بدولت *

تمام اولوالعزم پيغمبروں کے حالات پر غور کرنے سے همارے اِس قول کي تصديق هوتي هی اِس ليئے که جب هم کسي پيغمبر کي کتاب کو ديکهتے هيں تو يهي معلوم هوتا هی که جو نبي آيا اُس نے اول پچهلے دين کي اصلاح کي اور جو تحريف اور تغير لوگوں نے اُس دين ميں کي تهي اُسے بيان کيا اور جسقدر باتيں رسم و رواج کی لوگوں نے دين ميں شامل کردي تهيں اُنکو علحده کيا بعده اُن جديد احکام کو جو خدانے اُس وقت کے مناسب ديکهے جاري کيا پس بڑا سبب دين اور مذهب کے زوال کا حقيقت ميں غفلت اور تقليد هي هوتي هی *

يهه کيفيت جو دين ميں خلل آنے اور مذهب کے خراب هونے کي همنے بيان کي يهه ايسي کهلي هوئي اور صاف هی که کوئي اُسکا انکار نهيں کرسکتا اور جو کوئي دين کي کتاب اُٹهاکر ديکهے وه اُسکي تصديق کرسکتا هی ليکن وه بهت سے سبب جن سے يهه خرابياں پيدا هوتي هيں اور جنکو دين کے خلل اور مذهب کے زوال کا ماده کهنا چاهيئے وه ايسي اور اتني هيں که هر شخص اُنکو سمجهه نهيں سکتا اِسليئے اب هم اُنکو بيان کرتے هيں † *

پهلا سبب — باني ملت اور صاحب شريعت کے اعمال اور اقوال سے چشم پوشي کرنا اور اپنے عقائد اور اعمال ميں اُسکے عقائد اور اعمال سے مخالفت کرنا *

دوسرا سبب — اغراض فاسده کا پيش آنا اور اُن کے حاصل کرنے کے ليئے اصل باني مذهب کے کلام ميں تاويل باطل کرنا *

تيسرا سبب — تعمق يعني تکلف بيجا کرنا کوئي شخص شارع کي کسي امر و نهي کي علت پر غور کرے اور بعض وجوه کو اُس کے کسي دوسري شی پر اپنے نزديک مطابق کرکے اپني طرف سے مثل شارع کے اُس شی کي امر و نهي کا حکم قايم کرے يا نبي کے تمام اعمال اور افعال کو عبادت سمجهه کر جو کچهه اُنهوں نے عادتاً بهي کيا هو اُس کو بهي فرايض و واجبات ميں داخل کرے *

چوتها سبب — تشدد يعني اُن عبادات شاقه کا اختيار کرنا جسکا شارع نے حکم نه کيا هو يا سنن اور اداب کا مثل فرايض و واجبات کے التزام کرنا اور يهي وه بيماري هی جس ميں يهود اور نصراني گرفتار هو گئے تهے اور جن کو رهبان کهتے تهے *

پانچواں سبب — اجماع کا اتباع کرنا يعني اگر کسي بات پر بهت سے عالم اور مولوي متفق هو جاويں اُن کے اتفاق هي کو اُس امر کے ثبوت کي دليل قاطع سمجهنا *

يهه بات ياد رهے که اجماع کي دو صورتيں هيں ايک وه اجماع جس کا مستند کتاب و سنت هو يهه اجماع واجب الاتباع هی دوسرا وه اجماع که جس کا مستند کتاب و سنت نهو بلکه رسم و رواج نے بهت لوگوں کو ايک بات پر جمع کرديا هو اس اجماع سے مخالفت کرنا بعض حالات ميں واجب اور بعض صورتوں ميں جايز هی اور وه اجماع جس کي برائي جابجا خدا نے اپني کتاب ميں بيان فرمائي هی اور جس کے اتباع سے لوگوں نے دين اسلام کو قبول نهيں کيا اور جس کے التزام کو بل نتبع ماالفينا عليه آباءنا کهکر اپنے اوپر واجب جانا يهي

† يهه اسباب شاه ولي الله صاحب محدث نے حجةالله البالغه ميں لکهے هيں —

دین کي تحریف

دین کي تحریف

دوسري قسم کا اجماع تها هندوستان میں همارے هم مذهب اجماع کي ان دونوں قسموں میں کچهه فرق نهیں کرتے اور بلا تمیز ایک کا اطلاق دوسرے پر کرتے هیں اپنے بزرگوں کي رسموں اور اپني خانداني عادتوں کو جن کے وے پابند هو رهے هیں اجماع کي دلیل سے واجب العمل جانتے هیں' اور اُن باتوں کو جو صریح مخالف کتاب و سنت کے هیں مخالفت اجماع کے ڈر سے ترک نهیں کرتے *

چهٹواں سبب — غیر معصوم کي تقلید کرنا † یعني کسي مجتهد کي یهه سمجهه کر که تمام مسائل میں اُس کا اجتهاد صحیح اور درست هی اور جو کچهه اُس نے کتاب و سنت سے استنباط کیا هی وه خطا اور غلطي سے محفوظ هی ایسي تقلید کرنا که اگر کسي مسئله میں جس کا اُس نے استخراج کیا هو اُس کي غلطي ثابت هو اور کوئي حدیث صحیح صریح مخالف اُس کے موجود هو اُس حدیث کو چهوڑ کر اُس کے اجتهاد پر عمل کرنا *

یهه تقلید وه نهیں هی جس پر امت کا اجماع هی یعني اکثر علماء نے اس پر اتفاق کیا هی که مجتهدین کي تقلید جایز هی اور اُن کے استخراجي مسایل پر عمل کرنا درست هی بلکه اکثر حالات میں نهایت مفید اور بعض صورتوں میں' نهایت ضرور هی مگر دو شرطوں کے ساتهه اول یهه سمجهنا که مجتهد اپنے اجتهاد میں خطا بهي کرتا هی اور صواب بهي دوسرے منصوصات نبوي پر اُس کو مقدم نه کرنا یعني اگر کسي مسئله میں حدیث صحیح مخالف اُس مجتهد کے اجتهاد کے مل جاوے تو حدیث کا اتباع کرنا اور تقلید کا ترک کردینا *

بغیر ان شرایط کے غیر معصوم کي تقلید کرنا نهایت هي نقصان دین کا سبب هی اور اگلے اهل کتاب ایسي هي تقلید کرتے تهے جسکي برائي خدا نے اپني کتاب میں بیان فرمائي هی حیث قال تبارک و تعالے اتخذو احبارهم و رهبانهم ارباباً من دون الله که اهل کتاب نے اپنے عالموں اور پیروں کو اپنا رب ٹهرالیا هی اور خدا کو چهوڑ دیا هی حالانکه کوئي اهل کتاب اپنے عالموں اور پیروں کي عبادت نه کرتا تها مگر اُن کو ایسا معصوم سمجهه لیا تها که جس کو وه حلال کهدیتے تهے اُسي کو حلال جانتے تهے جس کو وه حرام کردیتے تهے اُسي کي حرمت کے معتقد هو جاتے تهے اور اپنے نبي کے اقوال اور احکام پر بمقابله اُن کے قولوں اور حکموں کے عمل نه کرتے تهے *

ساتواں سبب — ایک ملت کا دوسري میں خلط کرنا یعني کسي دوسرے دین کي باتوں کو پسند کرکے کسي ضعیف وجهه یا موضوع سند سے اُس کا جواز ثابت کرکے اپنے مذهب میں اس طرح داخل کرلینا که پهر کچهه تمیز نه رهے که یهه باتیں کس مذهب کي هیں بلکه وه باتیں اسلام هي کي معلوم هوں جس طرح بني اسرائیل کے علوم اور یونان کي حکمت وغیره کو مسلمانوں نے اپنے دین و مذهب میں داخل کر لیا هی اور اپني تفسیروں اور کلام کي کتابوں کو اُنهیں روایات اور مسائل سے بهردیا هی *

یهه اسباب دین میں نقصان اور خلل پیدا کرنے کے جو هم نے بیان کیئے وه هیں جنهوں نے پرانے دینوں کو خراب کردیا تها اور جن کے سبب سے بهت سے اولوالعزم پیغمبر یکے بعد دیگرے بهیجے گئے قطع نظر ملت حضرت نوح اور حضرت ابراهیم کي ملت کے که جس کا اب کوئي فرقه بالتخصیص پابند نهیں هی دین موسوي کو انهیں باتوں نے بگاڑا اور انهیں باتوں سے احبار یهود نے اپني کتاب میں تحریف کي اور اپنے دین کو تغیر اور تبدیل کردیا اور دین عیسوي میں بهي انهیں وجوه سے نقصان آیا اور رهبانوں نے انهیں باتوں سے اپنے کو اصلي حالت پر نه رهنے دیا اب اگر کوئي پوچهے که کیا ایسي تحریف اسلام میں بهي هوئي هی تو اُسے خود اسلام کي حالت پر غور کرنا چاهیئے که جو نور ایمان کا طبقه اول کے هر شخص کي پیشاني پر چمکتا تها وه نور دوسرے طبقه میں نه رها لیکن اُس کا عکس دوسرے طبقه کے اکثر آدمیوں کے دل پر پڑا اور اُس طبقه کے اکثر آدمیوں نے اپنے عقاید اور اعمال کو صحابه کے مطابق رکها اُس کے بعد تیسرے طبقه میں بهي کچهه کچهه رونق اسلام کي رهي بلکه بعض شخصوں نے اسلام کے قایم رهنے کے لیئے احادیث کے جمع کرنے اور اقوال رسول کے اکٹها کردینے سے سب پر پیغمبر صاحب کے اس قول کي که یهه دین همیشه قایم رهیگا تصدیق کرادي مگر بعد اُس کے جس قدر زمانے آتے گئے اُن میں فساد هي بڑهتا گیا اور جدال اور جهل کا زور هي هوتا گیا مگر جس طرح پر خداے جل شانه نے حضرت موسیٰ کے دین کو رسولوں اور پیغمبروں کو اُن کے بعد بهیجکر ایک عرصه تک قایم رکها اسي طرحپر دین محمدي کو علماء رباني کے پیدا کردینے سے تحریف سے بچایا یعني جب کبهي لوگوں نے کچهه تحریفیں کیں اور کچهه فتنه پیدا کیا خدا نے کسي نه کسي عالم کو جس کے حق میں علماء امتي کانبیاء بني اسرائیل صادق هی کهڑا کر دیا اور اُس نے محرفین کي تحریفات اور جهلاء کي جهالتوں کو ظاهر کیا اور اصل راسته شریعت اور دین محمدي کا کهول دیا *

اس بات کا بیان کرنا که وه تحریفات کیا هیں جو اسلام میں لوگوں نے کیں هم نهایت ضروري سمجهتے هیں اور اس مضمون کو بطور مقدمه کے لکهتے هیں آینده اُس کي تصریحات کرینگے شاید خدا همکو اور همارے زمانه کے لوگوں کو توفیق دے اور سنت کي سیدهي راه پرچلاوے و ما توفیقي الا بالله *

اثم مهدي علي تحصیلدار
مرزاپور

† اس پر همنے ایک بهت تفصیلي مضمون لکها هی جو بهت جلد چهپیگا — منه

بمقام علیگڈه — مطبع علیگڈه انسٹیٹیوٹ میں چهپا اور باهتمام
منشي محمد مشتاق حسین شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] يکم ربيع الثاني سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۹

بسم الله الرحمن الرحيم

تقليد اور عمل بالحديث

تهوڑے دن هوئے که مينے اپنے مذهب کے ايک بڑے محقق کے کلام سے اخذ کرکے ايک مضمون دين ميں تحريف هونے کا لکها تها اور وه ايک پرچه ميں تهذيب الاخلاق کے چهپا هى اُسميں جهاں ذکر تقليد کا تها وهاں مينے وعده کيا تها که اسکو آينده به تفصيل لکهوں گا چنانچه اب اُسکو لکهتا هوں *

اِس مضمون ميں سات تذکرے هيں

اول مذاهب اربعه کے جاري هونے سے پهلے زمانه کا حال هى *

دوسرے مذاهب اربعه کي بنياد پڑنے کا زمانه اور اُسکا سبب *

تيسرے ان چاروں مذهب کي پابندي کامل طرح سے کب هوئي *

چوتهے ان چاروں مذهبوں ميں اختلاف هونے کا باعث *

پانچويں اجتهاد اور عمل بالحديث ميں کيا فرق هى *

چهٹے تقليد اور عمل بالحديث پر مقلد اور غير مقلد کا مباحثه *

ساتويں قول فيصل به نسبت تقليد اور عمل بالحديث کے *

مذاهب اربعه کے جاري هونے سے پهلے زمانه کا حال

پيغمبر خدا عليه التحية والثناء کے عهد کرامت مهد ميں سواے قران مجيد کے مسائل شريعت اور احاديث اور احکام کے جمع کرنے کا کسي کتاب يا نسخه ميں رواج نه تها پس اُسوقت ميں نه کسي نے کوئي حديث کي کتاب لکهي نه فقهي مسائل يا شرعي احکام کو کسي صحابي نے جمع کيا نه کسي علم کے اصول و قواعد اُسوقت مقرر هوئے اُس زمانه ميں عمل کي يهه صورت تهي که اصحاب نبوي جيسا حضرت صلى الله عليه وسلم کو کرتا هوا ديکهتے ويساهي خود کرتے ارکان اور آداب اور تدقيقات فقهي پر کچهه توجهه نکرتے اور اُنکي تعليم کي يهه کيفيت تهي که جو کچهه سرور کائنات عليه التحيات و الصلوات فرماتے يا کسي معامله ميں فتوى يا کسي سوال کا جواب ديتے تو اُسے حضرت کے اصحاب سنتے اور ياد رکهتے اور چونکه آنحضرت عادات اور مباحات اور سنن عبادات ميں اکثر ايک هي امر کے پابند نرهتے اور مثل فرايض کے اُنکا التزام نه رکهتے اور نيز هروقت اور هر حال ميں سب اصحاب بهي خدمت ميں برابر حاضر نرهتے اِس ليئے جس نے جو حضرت کو کرتے هوئے ديکها اُسے ياد کيا يا جو کچهه ارشاد فرماتے سنا اُسکي کوئي وجهه اور علت اپنے نزديک سمجهه لي اور صرف اطمينان قلبي پر نه استدلال کے طريقوں پر بهروسه کرکے اُسے ذهن نشين کيا

پس جو شخص صحابه ميں سے اُن باتوں کے ياد رکھنے اور اُسپر غور کرنے کا زيادہ شايق تھا وهي اُنميں زيادہ فقيهه هوا يا جس نے پيغمبر خدا كي صحبت ميں رهكر ان باتوں كي زيادہ تعليم پائي وہ به نسبت اَوروں کے زيادہ واقف هوا *

جب آنحضرت کا زمانه گذرا اور اصحاب کا زمانه آيا تب اُنهوں نے اپني ديكهي سني هوئي باتوں پر خود عمل كيا اور اگر كوئي بات جديد پيش آئي تو اَوروں سے پوچهه ليا اگر كسي بات ميں كوئي حكم صريح كتاب و سنت سے نه ملا تو منصوصات كتاب و سنت پر غور كيا اور اُسكي علت كو دريافت کرکے اُسي پر پيش آئے هوئے معامله کو قياس كيا اور اگر كوئي مسئله مشكل هوا تو اپنے آپس ميں صلاح و مشورہ کرکے اُسكو طی كرليا *

صحابه کے زمانه ميں جو لوگ نئے پيدا هوئے يا نئے ايمان لائے اُنهوں نے صحابه سے اُسي طور پر علم دين حاصل كيا جس طرح پر صحابه نے آنحضرت سے سيكها تها يعني جس نے جس صحابي کو پايا اور اُسے فقيهه جانا اُس سے مسائل شريعت کو اخذ كيا اور احاديث نبوي کو سيكها اور چونكه بعد آنحضرت کے صحابه دور دور ملكوں ميں پهيل گئے تهے اور بجاے ايک مكه يا مدينه کے صدها كوس کے فاصله پر چلے گئے تهے اور ايک دوسرے سے جدا هوكر منتشر اور متفرق شهروں ميں جا بسے تهے اِس ليئے اُس زمانه کے لوگوں نے اپنے هي شهر اور اپنے هي ملک بلكه اپنے هي محله کے رهنے والے صحابي سے امور ديني كي تحقيق كي اور اُنهيں سے احاديث نبوي اور مسائل شرعي کو سيكها اور چونكه اكثر اصحاب نبوي فقيهه تهے اور نامي گرامي اصحاب بهي بڑے بڑے شهروں ميں موجود تهے اور ضروري مسائل بهي اُنكو ياد تهے اور جهگڑے قصے كي باتيں بهي اُسوقت تک شروع نه تهيں اور نئي نئي تدقيقات اور جديد جديد مصطلحات کا بهي رواج نهوا تها اور علم بهي الفاظ غريبه كي دقت اور اصطلاحات عجيبه كي وحشت سے پاک تها اور فقيهه هونا بهي دلايل منطقي کے جاننے اور اصول فلسفي سے واقف هونے پر منحصر نه تها اِس ليئے اُس زمانه کے سيدهے سادهے پاک اور نيک لوگوں كي روز مرہ كي كار روائي اور حاجت براري کے ليئے هر شهر ميں ايک عالم موجود تها اور به سبب نه رايج هونے مناظرہ اور مجادله اور كلام کے كوئي كسي پر كسي طرح کا الزام بهي نه ديتا تها اور به سبب صفائي طينت اور پاكي نفس کے فضيلت اور تفقه کا بهي اظهار كسيكو منظور نه تها اِس ليئے تابعين ميں سے جو لوگ عوام تهے وہ وقت پيش آنے ضرورت کے اپنے شهر کے نامي مشهور صحابي سے مسئله پوچهه ليا كرتے اور جو كچهه وہ كهه ديتے اُسپر عمل كرتے اور جو لوگ علم دين کے شايق تهے وہ اُنهيں سے علم دين كي تحصيل اور مسائل شريعت كي تحقيق كرتے پس جبكه صحابه کا زمانه نرها تو وهي لوگ اپنے اپنے شهر کے عالم اور محدث هوگئے اور وهي مفتي اور فقيهه مشهور هوئے *

بعد تابعين کے جو زمانه تبع تابعين کا آيا اُنهوں نے بهي اسي طور سے اپنے اپنے شهر کے مشهور اور نامي فقيهه سے جو تابعين ميں سے تهے تعليم پائي اور فقه حديث کو سيكها پس اُسوقت ميں هر شهر کا ايک علحدہ امام اور هر مقام کا ايک خاص عالم اور فقيهه تها جو لوگ اُس كي باتوں کو مانتے يا اُسكے فتووں پر عمل كرتے يا اُسكي سند سے احاديث کو روايت كرتے وہ اُسكي طرف منسوب هوتے اور اُس عالم کے مذهب پر چلنے والے كهلاتے *

تابعين کے وقت تک مذهب سے صرف لغوي معنے مراد ليئے جاتے تهے نه اصطلاحي معنے جو آجكل لوگوں کے ذهنوں ميں هيں اُس كي تخصيص بهي كسي خاص فرقے اور گروہ پر نه تهي بلكه هر شخص پر موافق اُس كي راے اور طريقه کے اِس لفظ کا اطلاق هوتا تها چنانچه مذهب فلاں هكذا بجاے قوله يا عمله هكذا کے بولا جاتا اور جو عالم نامي گرامي هوتا وہ فقيهه اور امام كهلايا جاتا بايں اعتبار اُسوقت ميں مذهب بهي بهت سے تهے اور امام صاحب مذهب بهي بهت سے اُس وقت کے مذهبوں اور اماموں کا حال بعينه اپنے زمانه کے مولويوں اور اُن کے عقائد اور اعمال کے حال پر قياس كرنا چاهيئے كه جو جس شهر ميں مشهور مولوي هے اُسي سے لوگ استفتاء كرتے هيں اُسي سے علم سيكهتے هيں اُس كي باتوں پر عمل كرتے هيں اور اُسي کے فتووں پر چلتے هيں اور جس طرحپر آج كل ايک ملک کے لوگ ايک هي شهر کے مولوي يا ايک هي عالم کے پابند نهيں هيں بلكه اپنے اپنے شهر کے مولويوں كي راہ پر چلتے هيں اسيطرح پر اُس زمانه ميں تمام عرب و عجم کے لوگ كسي ايک يا چند معين فقيهوں کے پابند نه تهے بلكه هر شهر کے آدمي اپنے اپنے فقيهه اور مفتي اور محدث کے قول پر عمل كرتے اور اُس سے فتوی ليتے اور علم سيكهتے فرض كه جس طرح پر آج كل لكهنؤ کے مولوي الگ هيں اور دهلي کے علحدہ اور جونپور کے جدے اسيطرح اُسوقت بهي مكه اور مدينه اور بصرہ اور كوفه کے فقيهوں كي صورت تهي چنانچه اُس زمانه ميں مدينه منورہ کے فقيهه اور صاحب مذهب سعيد بن مسيب اور سالم بن عبدالله بن عمر تهے اور بعد اُن کے زهري اور قاضي يحيى بن سعيد اور ربيعه بن عبدالرحمن هوئے اور مكه ميں عطاء ابن ابي رباح اور كوفه ميں ابراهيم نخعي اور شعبي اور بصرہ ميں حسن بصري اور يمن ميں

طاؤس بن کیسان اور شام میں مکحول امام اور مجتهد تھے یہہ صورت دوسري صدي کے اوسط تک یعني سنہ ۱۴۳ ھجري تک قایم رھي اور لوگوں نے مسایل شریعت میں کسي شخص معین کي کامل پابندي نکي مگر بعد اُس کے وہ زمانہ شروع ھوا جس میں ان مذھب اربعہ کي بنیاد پڑي اور جس سے مذھب کے وہ اصطلاحي معنے قرار پائے جسے مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب نے اپني † بعض تالیفات میں لکھا ھی کہ

مذھب نام راھیست کہ بعض اُمتیاں را در فہم شریعت کشادہ شود و بعقل خود چند قاعدہ قرار دھد کہ موافق آن قواعد استنباط مسائل شرعیہ از ماخذ آن نماید *

مذاھب اربعہ کي بنیاد پڑنے کا زمانہ اور اُسکے رایج ھونے کا سبب

تبع تابعین کے زمانہ میں حدیث وفقہ کي تعلیم و تعلم کي صورت تو رھي تھي جو تابعین کي تھي لیکن اُسوقت میں بسبب کثرت مسلمانوں کے اور شروع ھونے جھگڑے اور فساد کے اور جاھل ھوجانے خلفاء وقت کے اور شایع ھونے جھوٹھہ اور افترا کے اور واقع ھونے اختلاف کے خدانے لوگوں کو مسایل کے جمع کرنے اور اصول و قواعد کے منضبط کرنے اور ارکان اور اداب عبادات کي تشریح کرنے اور اجتهاد اور استنباط اور استخراج کے قاعدے ترتیب دینے پر راغب کیا اور اُسوقت کے نیک اور پاک لوگوں کو حدیث اور فقہ کي تدوین کا شوق دیا چنانچہ دوسري صدي کے اوسط سے جس شہر میں جو نامي فقیہہ اور عالم تھا اُس میں بعض بعض نے حدیث کي تالیف پر اور فقہ کي تدوین پر کمر باندھي اور مسایل کا جمع کرنا شروع کیا چنانچہ مکہ میں ابن جریج اور ابن عیینہ نے اور مدینہ میں امام مالک اور محمد بن عبدالرحمن ابن ابي ذھب نے اور کوفہ میں ثوري نے اور بصرہ میں ربیع ابن صبیح نے اول اول حدیث میں تالیف اور امام ابو حنیفہ اور امام مالک وغیرہ نے فقہ کي تدوین شروع کي *

سب سے پہلے حنفي مذھب کي بنیاد پڑي اس لیئے کہ امام ابو حنیفہ رحمۃاللہ علیہ کو خدا نے اجتهاد اور استنباط مسائل اور استخراج فروعات کي ایک خاص قسم کي استعداد دي تھي اور وہ زھد اور ورع میں بھي کامل تھے پس اُنھوں نے اپنے شہر کے امام و فقیہہ ابراھیم نخعي کي احادیث اور اقوال اور روایات پر اپنے مذھب کي بِنا قایم کي اور اُنھیں کے اصول پر استخراج کرنا جزئیات مسائل کا شروع کیا چنانچہ یہہ امر بخوبي اُس شخص پر ظاھر ھی جس نے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کي کتاب الآثار اور جامع عبدالرزاق اور مصنف ابي‌بکر ابن شیبہ کو دیکھا ھی اور پھر ابراھیم نخعي کے اقوال کو امام ابو حنیفہ کے مذھب سے ملایا ھی *

غرض کہ جب امام ابو حنیفہ نے اس طور پر فقہ کي تدوین شروع کي تب لوگوں نے اُن کي طرف رغبت کي اور اُن کے اصول و فروع کو پسند کر کے اُسے سیکھا اور فقہاے کوفہ نے اُن کے اجتهاد کو قبول اور اُن کے استخراجي مسائل پر عمل کیا اور جب قاضي ابویوسف اور امام محمد رحمۃاللہ علیهما سے دو شاگرد اُن کے ھوگئے تب پہلے شاگرد کي عمارت اور قضا کے سبب سے اور دوسرے شاگرد کے علم اور تالیف کي برکت سے امام کا مذھب سارے عراق اور خراسان اور ماوراءالنهر میں پھیل گیا *

حنفي مذھب کے بعد بنیاد مالکي مذھب کي پڑي کہ امام مالک حدیث اور فقہ اور زھد اور پرھیز گاري میں بڑے مشھور تھے اور اُنکو احادیث نبوي بہت سي یاد تھیں اور وہ اُس کے ضعف اور قوت سے بھي بخوبي واقف تھے چنانچہ اُنھوں نے نہایت عمدہ اور صحیح اور جامع کتاب حدیث کي لکھي جس کا نام موطا ھی اُس کي قبولیت اعلی درجہ پر پہونچي اور ھزاروں آدمیوں نے اُس وقت کے اُس کي سند امام مالک سے حاصل کي پس امام مالک کي اس کتاب کي برکت سے ایسا فائدہ لوگوں نے پایا کہ جس کا کچھہ بیان نہیں ھوسکتا پس جہاں جہاں اُن کے اصحاب اور شاگرد پہونچے اور اُن کي کتاب کو لوگوں نے دیکھا اُن کے مذھب پر عمل کرنا شروع کیا پھر تو اُن کے بعد اُن کے شاگردوں نے اُن کے مذھب کے اصول اور دلایل کو ترتیب دیا اور اُن کي کتاب کے خلاصے کیئے اور اُن کے کلام اور فتووں کي شرح کي یہاں تک کہ آخر اُن کا بھي ایک جدا مذھب قرار پایا اور نواح مغرب کي طرف جہاں اُن کے تلامذہ زیادہ ھوئے مالکي مذھب پھیل گیا *

ان دونوں مذھبوں کي بنیاد پڑچکي تھي کہ امام شافعي رحمۃاللہ علیہ پیدا ھوئے اُنھوں نے دونوں مذھب کے اصول و فروع کو دیکھہ کر اور اُن کے کلیات و جزئیات پر نظر کر کے اُن باتوں کو جو اُن مذھبوں میں ناقص تھیں پورا کیا اور نئي طرز سے اصول اور قواعد کو ترتیب دیا *

امام شافعي نے سب سے اول ایک کتاب اصول کي تالیف کي اور اُس میں احادیث مختلف کے جمع کرنے کے قاعدے مرتب کیئے اور احادیث مرسل اور منقطع پر استناد کرنے کا بغیر پائے جانے اُس کي شرایط کے التزام ترک کیا چنانچہ جو کچھہ اُنھوں نے حنفي اور مالکي مذھب سے اختلاف کیا اکثر اِن باتوں میں تھا *

† تحفہ اثنا عشریہ

اول احاديث مرسل اور منقطع پر استناد نه كرنا — امام شافعي نے حنفي اور مالكي مذهب والوں كو بعض احاديث مرسل اور منقطع پر استناد كرتے هوئے ديكهه كر يهه اصول قايم كيا كه ايسي احاديث پر جب تك اُس كي شرايط پائي نه جاويں سند نه كي جاوے اس ليئے كه طرق حديث كے جمع كرنے سے بخوبي ظاهر هوا كه بعض احاديث مرسل محض بے اصل هيں اور بعض مسند كے مخالف هيں *

دوسرے احاديث مختلفه كے جمع كرنے كے اصول قايم كرنا — امام شافعي سے پهلے احاديث كي وه كثرت نه تهي جو اُن كے زمانه ميں هوئي اس ليئے كه هر شهر كے رهنے والے اپنے هي شهر كے عالموں اور اماموں سے احاديث كو اخذ كرتے اور اُسي كو روايت كرتے مگر جب اس علم كي تدوين شروع هوئي اور لوگوں نے ايك شهر كے دوسرے شهر ميں جاكر احاديث كو سيكها اور متفرق متفرق لوگوں كو جو كچهه حديثيں ياد تهيں اُن سے سنا تو احاديث كي كثرت هوگئي اور پهر اُن ميں اختلاف بهي معلوم هوا تو ضرور هوا كه اُسي اختلاف كے رفع كرنے اور احاديث مختلفه كے جمع كرنے كے قاعدے مقرر كيئے جاويں چنانچه اسي واسطے امام شافعي نے ايك اصول كي كتاب تاليف كي *

تيسرے احاديث صحيحه كے ترك كرنے سے پرهيز كرنا — پچهلے لوگوں نے جن جن بزرگوں سے فقه كو حاصل كيا اور جن كے اقوال پر اپنے مذهب كي بنا قايم كي اُن كو اُس وقت تك بعض احاديث صحيحه نهيں پهونچيں اور اُن كے بسبب نه معلوم هونے اُن احاديث كے جنسے مسائل به تصريح نكلتے تهے قياس سے كام لينا پڑا پس جب كه امام شافعي نے ديكها كه بعض احاديث صحيحه پر عمل كرنا پچهلے مذهبوں ميں بمجبوري رهگيا هى تو امام شافعي نے اس امر كو صاف بيان كيا كه وقت مل جانے حديث صحيح كے قياس كو چهوڑ دينا اور حديث صحيح پر عمل كرنا ضرور هى اور اُنهوں نے ثابت كيا كه يهي طريقه صحابه اور تابعين كا تها كه وے هميشه احاديث كي جستجو كرتے جب كوئي حديث نه ملتي تب استدلال اور قياس سے كام ليتے اور اگر پيچهے اُن كو حديث پهونچ جاتي تو اُسي وقت قياس كو چهوڑ ديتے اور عمل بالحديث كرنے لگتے *

اس بات سے كه امام ابوحنيفه يا امام مالك وغيره كو سب احاديث پر اطلاع نهيں هوئي در حقيقت اُن كي پاكي اور بزرگي اور علم ميں كچهه الزام نهيں آتا اس ليئے كه اُس وقت تك وه مادة احاديث كا نه تها جو پيچهے كركے امام شافعي كو ملا اور اس كا عذر علماء محققين حنفيه نے خود كيا هى چنانچه امام شعراوي لكهتے هيں كه ان عذر ابي حنيفة في كثرة القياس عدم بلوغ الاحاديث الصحيحة اليه في زمنه يعني امام ابو حنيفه كا عذر كثرت قياس ميں يهه هى كه سب احاديث صحيحه اُن كو اُن كے وقت ميں نه پهونچيں تهيں اور علامه احمد بن عبدالسلام اپني كتاب رفع الملام عن الائمة الاعلام ميں لكهتے هيں كه بهت سي حديثيں ايسي هيں جو كه خود خلفاء اربعه رضي الله تعالى عنهم كو نهيں پهونچيں اور علاوه اُن كے اَوْر اصحاب اُن سے واقف هوئے پس اگر بعد اُن كے كسي امام كو احاديث صحيحه پر اطلاع نهيں هوئي تو كچهه جاے تعجب نهيں اور اس مضمون كو لكهه كر علامه موصوف لكهتے هيں كه فمن اعتقد ان كل حديث صحيح قد بلغ كل واحد من الائمة او اماما معينا فهو مخطي خطاءً فاحشاً قبيحاً يعني جس نے يهه اعتقاد كيا كه ساري صحيح حديثيں هرايك امام كو پهونچ گئيں يا كوئي خاص امام اُن سب سے مطلع هوا تو ايسا اعتقاد كرنے والا كهلي هوئي نهايت قبيح خطا پر هى اور يهه بهي وه لكهتے هيں كه اگر كوئي كهے كه كيونكر سب احاديث نبوي پر اطلاع نهيں هوسكتي تهي جب كه احاديث كي تدوين هو چكي تهي تو يهه بهي بڑي غلطي هى لان هذه الدواوين المشهورة في السنن انما جمعت بعد انقراض الائمة المتبوعين اس ليئے كه يهه كتابيں مشهور بعد گذرنے اُن اماموں كے مدون هوئي هيں جن كي لوگ تقليد كرتے هيں اور يهه كهدينا مقلدين كا كه هر مسئله ميں همارے امام كے پاس ايك حديث تهي اور ايك خاص دليل وان لم نعرفه و نعتقده يعني گو هم اُس كو نهيں جانتے حقيقت ميں ايسا جواب هى جس كو سفسطه محض اور جهالت قبيح كے سوا كچهه نهيں كهه سكتے *

اور مقدمه منهج كے باب تبري الائمة من اقوالهم اذا خالف الشريعة ميں امام شعراوي نے صاف لكهديا هى كه لو عاش ابو حنيفة الى تصحيح الاحاديث لترك القياس يعني اگر امام ابو حنيفه اتني زندگي پاتے كه تصحيح حديث كرسكتے تو ضرور وه قياس كو چهوڑ ديتے *

غرض كه امام شافعي رحمة الله عليه نے اُن مسايل ميں قياس كو چهوڑا جن ميں به سبب نه پانے حديث كے اگلے اماموں نے اجتهاد كيا تها اور صرف حديث پر عمل كيا *

چوتهے اقوال صحابه پر بوجهه مخالفت حديث كے استدلال نكرنا — امام شافعي رحمة الله عليه كے وقت ميں صحابه كے اقوال بهي لوگوں نے جمع كرليئے تهے اور وه باهم مختلف تهے اور بعض بعض احاديث صحيح كے مخالف تهے اسليئے امام شافعي نے اُنكے اقوال پر بعد پانے حديث صحيح كے استدلال كرنے كو ترك كيا اور صاف كهديا كه

هم رجال و نحن رجال كه وه بهي آدمي تهے اور هم بهي آدمي هيں اُن سے غلطي هوسكتي تهي پس بعد پانے حديث كے اُنكے اجتهاد پر عمل كرنا ضرور نهيں بلكه اُسكا ترك كرنا اور حديث پر عمل كرنا ضرور اور لازم هى كما قال شارح سفرالسعادة ابو حنيفه تقليد صحابي را در انچه صحابي باختيار خود گويد واجب داند و شافعي گويد هم رجال و نحن رجال ما وايشان در اجتهاد برابريم و همه مجتهدانيم مجتهد را تقليد مجتهد ديگر نرسد *

پانچويں راے اور قياس ميں تميز كرنا امام شافعي كے وقت ميں اكثر لوگ ايسے تهے جو اجتهاد ميں راے كو دخل ديتے اور اُسيكو وه قياس سمجهتے جو شرعاً جايز هى حالانكه قياس جو شرعاً جائز هى اور جو صحابه اور تابعين ميں جاري تها وه صرف يهه هى كه كسي حكم منصوص سے اُسكي علت نكالنا اور جس ميں وه علت پائي جاوے اُسپر اُسي حكم كو قايم كرنا مثلاً خدا كي كتاب ميں شراب كي حرمت مذكور هى نه كسي اور مسكرات كي تو حرمت شراب كي حكم منصوص هى اور سكر اُسكي حرمت كي علت † هى پس جس چيز ميں وه علت پائي جاوے يعني سكر اُسپر حرمت كا حكم قايم كرنا حقيقت ميں قياس هى اور راے يهه هى كه كسي تراشي هوئي بات كو اصول ميں قايم كرنا اور اُسيكو علت حرمت و حلت كي بنانا مثلاً مظنه حرج يا مصلحت عام كو كسي حكم كي علت ٹهرانا پس ايسے قياس كو جو كه درحقيقت راے هى امام شافعي نے ترك كيا اور صاف كهديا كه من استحسن فانه اراد ان يكون شارعا كه جو قياس استحسان كو شريعت ميں دخل ديتا هى وه دراصل اپنے آپ كو صاحب شريعت بنايا چاهتا هى *

غرضكه يهه چند كهلي هوئي اور صاف باتيں هيں جس سے امام شافعي نے اپنے پچهلے ائمه سے اختلاف كيا اور بيچ كے ذريعے اور واسطے چهوڑ كر اصل ماخذ سے فقه كو ليا اور كتاب و سنت هي پر مدار اپنے مذهب كا ركها اور كسي خاص شهر كے عالم يا كسي معين قوم كے فقيهه كے اقوال و اصول پر اپنے اجتهاد كي بنا قايم نه كي اور حقيقت ميں يهه طريقه اُنكا نهايت هي اچها تها لوگوں كو حد سے زيادة پسند هوا اور بڑے بڑے فقها اور محدثين نے اُنكے مذهب كي خوبي پر اقرار كيا اور اُسكو اختيار فرمايا اور اس طور سے بعد چندے مذهب شافعي رائج هوا *

† مگر ضرور هى كه اُس علت كا علت هونا بهي نص سے ثابت هوا هو نه كسي انسان كي عقل سے —

جو كيفيت حنفي اور مالكي اور شافعي مذهب كي بنياد كي هوئي قريب قريب اُسي كے امام احمد بن حنبل كے مذهب كي بنياد پڑنے كي هى *

اس مسلسل مختصر بيان سے سمجهنے والے كو نه صرف يهه بات معلوم هوسكتي هى كه بنياد ان چاروں مذهب كي كب اور كيونكر پڑي بلكه يهه بهي ثابت هوسكتا هى كه كسي نے منجمله ان چاروں امام كے اپنے مذهب كو لوگوں كي تقليد كے ليئے نهيں بنايا اور اپنے آپ كو صاحب مذهب كهلانے كے ليئے اجتهاد اور استنباط نهيں كيا بلكه اُنهوں نے صرف اپني ذات كے ليئے اجتهاد كيا اور اپنے دين كے شوق ميں فقه كو تدوين كيا كسي نے اُن ميں سے يهه نيت نهيں كي كه هم مقتدا بنيں اور هم كوئي خاص مذهب كهڑا كريں اور لوگوں كو اُسپر راغب كركے كچهه شهرت يا عزت حاصل كريں اُن بزرگوں كي نيت ايسي كدورتوں سے بالكل پاك اور اُنكے دل ايسے خطرات سے بالكل صاف تهے اُنكو سواے اپني ذاتي فائدہ كے كوئي دوسري غرض نه تهي اسي واسطے اپني تقليد سے منع كرتے رهتے اور جب كوئي خليفه اور بادشاه اُنكي تاليفات كو لوگوں كے عمل كرنے كے ليئے مشتهر كرنا چاهتا وه منع كرديتے چنانچه لواقح الانوار القدسيه ميں لكها هى كه واعلم ان ماعلمه المجتهدون من الكتاب والسنة انما كان لانفسهم لاللخلق اي لا لان كل مجتهد يوجب تقليد نفسه على كل فرد من افراد العالم بل من الائمة من نهي عن تقليد نفسه وامر بتحصيل رتبة النظر *

پس وه اثر جو اُن بزرگوں كي نيك طبيعت اور پاك طينت كا همارے دلوں پر هوتا هى وه يهي هى كه وه خود متبوع اور صاحب شريعت بننے كا قصد نركهتے تهے اور اپنے اجتهاد اور استنباط كو سارے جهان كے لوگوں سے قبول كرانے كا شوق نركهتے تهے بلكه جهاں تك اُن سے اپني ذات كي بهلائي اور لوگوں كے نفع كے واسطے هوسكتا تها وه احاديث نبوي يا اقوال فقها سے مسايل كو استخراج كرتے اور لوگوں كي ضرورت اور حاجت كو رفع كرتے اور صاف صاف كهديا كرتے كه اگر كوئي مسئلة اور كوئي جزئيه همارا حديث كے خلاف پاؤ يا كسي قياس اور راے كو همارے كتاب و سنت كے برخلاف ديكهو اُسے هرگز نمانو اور اُسپر عمل كرنے كو حرام سمجهو *

مگر خدا نے اپنے قانون قدرت ميں يهه قاعدة ركهديا هى كه هر شى آهسته آهسته شروع هوتي هى اور تهوڑي تهوڑي بڑهتي هى جب اُسكي ترقي پورے درجه پر اور اپني معين حد پر پهونچ جاتي هى تب اُسكي ترقي رك جاتي هى اور گهٹنے لگتي هى اور پهر درجه بدرجه اُسميں خرابي آتي جاتي هى يهاں تك كه آخر سواے لفظوں

کے کچھہ حقیقت اُس شی کی باقی نہیں رہتی اور بجز نام کے کوئی خوبی اُسمیں پائی نہیں جاتی پس اِسی قاعدہ کا اثر ان مذاہب پر ہوا کہ اول تو آہستہ آہستہ ائمہ دین نے فقہ اور حدیث کو جمع کیا اور اجتہاد اور استخراج کو درجہ بدرجہ کمال پر پہونچایا اور اپنی نیتوں کو پاک اور اپنے ارادوں کو نیک رکھا اور پھر آخر لوگوں نے تحقیق اور تنقیح کو چھوڑ دیا اور جس امر کا دعوی اُن اماموں نے خود نہیں کیا اُسے اُنکی طرف منسوب کیا اور اُنکو مثل صاحب الشریعت کے صاحب مذہب بنادیا اور اُنکو معصوم اور محفوظ عن الخطا سمجھہ کر اُنکی باتوں کے سامنے اصل صاحب الوحی کے قولوں پر تمسک کرنا چھوڑدیا یہاں تک کہ آخر اپنے آپ کو پیغمبر سے نسبت کرنا بھی زمانہ سے اُٹھہ گیا اور بجاے محمدی اور احمدی کے حنفی اور شافعی کہنے پر مذہب کا مدار آگیا اور پھر جیسا زمانہ گذرتا گیا اور دین میں تبدل ہوتا گیا اُتنی ہی یہہ خرابی بڑھتی اور دین و مذہب کی حقیقت چھپتی گئی یہاں تک کہ اب جس زمانہ میں ہمکو خدا نے پیدا کیا ہی اور جسمیں شاد ناشاد زندگی کے دن کاٹتے ہیں کسی امام کے مذہب کو ترک کرنا یا کسی اُسکے قول کو نہ ماننا اسلام سے پھرنا اور نبی کے کلام کا انکار کرنا سمجھا جاتا ہی اور تحقیق کا نام لینے والا اور کتاب و سنت پر عمل کرنے والا بدعتی اور فاسق اور دشمن اسلام کا تصور کیا جاتا ہی *

جو کہ ہم اجتہاد کی ترقی کے زمانہ کو بیان کرچکے اور مذاہب اربعہ کی بنیاد پڑنے کے زمانہ اور سبب کو بھی لکھہ چکے اِس لیئے اب ہم اُسکے تنزل کے زمانہ کو اور اُسکے وجوہ کو لکھتے ہیں *

چاروں مذہب کی پابندی کامل طرح سے جاری ہونے اور اجتہاد ترک کرنے کے زمانہ اور سبب کا بیان

تواریخ اور کتابوں کے دیکھنے سے یہہ بات بخوبی ظاہر ہوتی ہی کہ اگرچہ تقلید کی بنیاد دوسری صدی کے اوسط سے شروع ہوئی لیکن تیسری صدی تک پوری پوری جاری نہوئی اور چوتھی صدی سے پہلے کسی ایک معین مذہب پر کامل تقلید لوگوں نے اختیار نہ کی چنانچہ ابو طالب مکی نے قوت القلوب میں لکھا ہی کہ چوتھی صدی سے پہلے مذاہب اربعہ کی تقلید کا کامل طرح سے رواج نہ تھا اور حنفی شافعی کہلائے جانے کا بہت زور شور نہ تھا *

اِس موقع پر یہہ سوال پیدا ہوتا ہی کہ پھر لوگ مسایل شرعی کسطرح تحصیل کرتے تھے اور فقہ کو کسطرح سیکھتے اور اُسپر کیونکر عمل کرتے تھے اِسلیئے ہم اُسکا جواب دیتے ہیں کہ اُسوقت تک جو لوگ تھے وہ دو حال سے خالی نہ تھے یا ذی علم تھے یا جاہل پس جو لوگ جاہل تھے وہ اپنے گھر میں روزہ نماز وغیرہ عبادت کے مسئلے سیکھتے اور اُسپر عمل کرتے اگر ضرورت کسی مسئلہ کے پوچھنے یا فتوی کے لینے کی ہوتی تو جس عالم کو وہ افضل اور بہتر جانتے اُس سے پوچھہ لیتے اور اُس کی بات پر عمل کرتے بلا لحاظ اس کے کہ وہ عالم حنفی ہوتا یا شافعی یا مجتہد اور جو لوگ خود ذی علم تھے اُن کی دو صورتیں تھیں بعضے اہل حدیث تھے بعضے صاحب اجتہاد جو اہل حدیث تھے اُن کا طریقہ یہہ تھا کہ وہ کتاب الہی اور احادیث نبوی اور آثار صحابہ پر عمل کرتے اور اگر کسی مسئلہ میں ضرورت ہوتی تو کسی فقیہہ کے کلام پر رجوع کرتے خواہ وہ فقیہہ مدنی ہوتا یا مکی کوفی ہوتا یا بصری اور جو صاحب اجتہاد تھے وہ اجتہاد اور تخریج کرتے اور اصول اور قواعد کلیہ کو پیش نظر رکھکر اُسی سے فروعات کا استنباط کرتے پس اگر وہ اصول پہلے سے کسی خاص امام یا اُس کے فرقہ کے ساتھہ مخصوص ہوتے تو لوگ اُس مجتہد کو بھی اُسی امام کی طرف منسوب کرتے اور اُس مجتہد کو بھی اُن اصول کا پابند پاکر شافعی یا حنفی سمجھتے *

یہہ صورت تیسری صدی کے اخیر تک قایم رہی اُسوقت تک نہ عمل بالحدیث پر کوئی طعنہ کرتا نہ اجتہاد پر الزام دیتا مگر جب جہالت کا زور ہوا اور اختلاف اُمت میں پڑگیا اور طبیعتوں سے تحقیق کا مزہ جاتا رہا اور صاحب شریعت تک واسطے در واسطے ہوگئے تب چوتھی صدی میں لوگوں نے سیدھا رستہ چھوڑدیا اور دائیں بائیں چلنا شروع کیا اور سلاطین کے سامنے مناظرہ اور مجادلہ میں اپنے ہمسروں پر غالب ہونے کا شوق پیدا ہوا علم کو دنیا کی تحصیل کا ذریعہ گردانا اپنی ناموری اور عزت اور شہرت کے لیئے اُن مسائل کو جنمیں نہایت نیک نیتی کے سبب سے باہم ائمہ اربعہ کے اختلاف ہوا تھا ذریعہ بحث کا بنایا اور اپنے اپنے اماموں کے اقوال کو نہ صرف اِس وجہہ سے کہ حقیقت میں وہ اُنھیں کو صحیح اور دوسرے کو غلط جانتے تھے مثل کتاب و سنت کے مستند گردانا بلکہ اس لحاظ سے کہ وہ خود اُس مذہب سے منسوب تھے اور اُس امام کے مقلد کہلائے جاتے تھے اُن اقوال کے اثبات کو اپنی غزارت علم کے اظہار کا سبب تصور کیا تاکہ لوگوں کو یہہ معلوم ہو کہ یہہ ایسے بڑے مولوی اور فقیہہ ہیں کہ جن باتوں پر یہہ عمل کرتے ہیں اور جن قولوں کو یہہ واجب العمل جانتے ہیں وہی صحیح اور درست ہیں اور اُن کے پاس بہت سی دلیلیں اُسکے اثبات پر موجود ہیں اور اس سے اُنکے علم اور تفقہ

كي شهرت هو اور جب ايسے لوگوں نے اپني اپني تقرير اور تحرير كے زور سے اور اپني فصاحت اور بلاغت كے بهروسه پر ايک چيز كا التزام كرليا اور اپنے همعصروں سے اُن باتوں ميں مباحثه اور مناظره شروع كرديا اور بڑے بادشاهوں اور اميروں كي مجلسوں ميں اُس كي بحثيں هونے لگيں تو تعصب نے اُنكي آنكهوں كو اندها كرديا اور غرور نے اُنكے دلوں سے نيک نيتي اور صفاء طينت كو نكال ليا اپنے دل ميں اپنے قول اور اپنے عقيده كي سخافت پر قايل هوجاتے مگر زبان سے اقرار نكرتے اور اُس سے پهرنے كو اپني هتک سمجهتے اور جان بوجهه كر كتاب اور سنت كو چهوڑ كر اپني بات پر قايم رهتے اور پوچ دليلوں اور بيهوده اور خرافات باتوں اور ضعيف سندوں سے اُسي كے ثابت كرنے پر قايم رهتے اور اسيكو استقلال اور صلابت في الدين اور غزارت علم سمجهكر ابطال حق اور احقاق باطل كركے به مقتضاے اختيرت النار على العار دنيا كي شرم كو عاقبت كي شرم پر اختيار كرتے چنانچه اِسيوقت ميں ايک ايک عقيده پر سو سو ورق كي كتابيں تاليف هوگئيں اور ايک ايک فقهي مسئله پر هزار هزار صفحے سياه هوگئے فقه اور حكمت اور علم كي اصلي حقيقت تو جاتي رهي اُس كے ناموں پر مدار دين كا آگيا اور مباحثات اور مناظرات كا نام استنباط دقايق شرع ركها گيا تاليفات اور تحريرات كي وه كثرت هوئي كه هر جاهل صاحب تاليف اور هر عامي صاحب تصنيف بنگيا اور ايک ايک دنيا طالب مولوي اپنے آپ كو عالم رباني سمجهنے لگا فقه كے مسئلوں اور علم كلام كے فرضي عقيدوں كے اثبات كا نام اعلاء كلمة الله هوگيا يهانتک نوبت پهونچي كه جو بڑا بكنے والا هوتا اُسيكو لوگ بڑا مولوي سمجهتے جو سب سے زياده خوش گپ هوتا اُسي كو لوگ عمده واعظ جانتے جو لڑنے جهگڑنے ميں خوب مشاق هوتا وهي محقق كهلايا جاتا جو نهايت فضول اور لغو هوتا وهي جامع منقول سمجها جاتا جيساكه امام غزالي رحمة الله عليه احياء ميں فرماتے هيں فصار يسمى المجادل المتكلم عالماً والقاص المزخرف كلامه بالعبارات المسجعة عالماً هكذا ضعف الدين في قرون سالفة فكيف الظن بزمانک هذا و قد انتهي الامر الي ان مظهر الانكار يستهدف لنسبة الي الجنون فالاولى ان يشتغل الانسان بنفسه و يسكت يعني جو شخص جهگڑنے والا بڑي بات چيت كرنے والا هوتا اُسي كو لوگ عالم جانتے اور جو بيهوده قصے كهنے والا اور مزخرفات بكنے والا هوتا اُسي كو سب مولوي سمجهتے پس جبكه پچهلے اماموں ميں دين ايسا ضعيف هوگيا تو اب اس زمانه كا حال كيا بيان كيا جاوے كه أب تو وه زمانه آگيا هى كه جو ان مولويوں اور عالموں كي باتوں كو نه مانے وهي تير ملامت كا نشانه هوتا هى اور جو حق بات زبان پر لاوے وهي مجنوں اور ديوانه ٹهرتا هى پس انسان سواے اس كے كيا كرے كه اپنا كام كرے اور چپ چاپ رهے *

غرض كه اسي زمانه ميں تقليد كي جڑ مضبوط هوگئي اور وه چيونٹي كي سي چال تقليد كي جو لوگوں كے دلوں ميں دوسري صدي سے شروع هوئي تهي چوتهي صدي ميں پوري هوگئي اور سواے چند علماء رباني كے سب كے دلوں ميں كامل طرح سے اُس نے جگهه كرلي *

همارے اس بيان سے غور كرنے والے كو تقليد پر پورے طور پر عمل كرنے كا سبب تو بخوبي ظاهر هو سكتا هى ليكن هم اس امر كو كه تقليد نے كتاب و سنت پر استناد كرنے كا طرز پسنديده كيوں متروک كرا ديا اور بجاے قال الله اور قال الرسول كے قال زيد و قال عمرو كيوں رائج كيا چند لفظوں ميں بيان كرتے هيں سبب اس كا يهه هى كه جب علما اور فقها باهم بحث كرنے لگے اور اپني سخن پروري اور نفسانيت كے سبب سے اَوْروں پر حق ناحق غلبه پانے كے شايق هوئے اور ايک دوسرے كو حسد كي نظر سے ديكهنے لگے اور لوگ اُسي سے رجوع كرنے كے عادي هوگئے جو كه وقت مباحثه كے غالب رهتا اور اپني طرف مقابل كو هرا ديتا تو اُس وقت مباحثه اور مناظره كي كثرت هوئي اور سواے شاذ نادر نيک پاک لوگوں كے ايک نے دوسرے كے كلام كي ترديد شروع كي يهاں تک كه ايک عالم دوسرے كے فتوے كو رد كرتا اور ايک فقيهه دوسرے كي بات كو كاٹ ديتا اور چونكه اسكے ليئے ضرورت كسي دليل و برهان كي هوتي پس فقه اور دين ميں سواے نقل كے صرف عقلي دليل كافي نه تهي اور بغير كسي سند اور قول كے بات نه بنتي تهي پس دلايل و براهين كي جستجو كرني پڑي اور اپني اپني باتوں پر سند لانے كي حاجت هوئي جب ان لوگوں نے كتاب و سنت پر توجهه كي تو كوئي دليل ايسي كه جو صرف اُن كي بات كو ثابت اور دوسرے كے قول كو رد كرے نه ملي تو اپنے اپنے بزرگوں اور فقيهوں اور شيوخ كے قولوں هي كو سند لانا شروع كيا اور صرف اپنے اپنے فرقه كے نامي نامي عالموں كے اقوال و اعمال كو حجت گردانا پس جب كسي ايک فريق نے كتاب و سنت كو چهوڑ كر غير معصوم كے كلام يا عمل كو دليل ميں پيش كيا تو دوسرے فريق نے بهي يهي طرز اُڑايا اور مضمون الكيل بالكيل اور كماتدين و تدان كا ادا كيا اُس نے بهي اپنے قول كي سند ميں عالموں اور مولويوں كي باتوں هي كو پيش كيا پس اِس طرز جديد كے شروع هونے هي كي دير تهي كه مثل تيز بارود كے جسميں آگ لگنے هي كي دير هوتي هى نه اُڑنے اور اُڑانے كي اُسكا اثر ساري طبيعتوں پرهوگيا اور تهوڑهے هي عرصه ميں از شرق تا غرب يهه طريقه جاري هوگيا اِس دين و مذهب كے خراب

 تقلید اور عمل بالحدیث

و بد نام کرنے والے طریقہ کا صرف یہی بد اثر نہیں ہوا کہ لوگوں نے علما و فقہا کے اقوال کو مستند گردانا بلکہ چند ہی روز میں اُسکا یہہ برا نتیجہ ظاہر ہوا کہ لوگوں نے اگلے علما و فقہا پر تہمت کرنا شروع کیا اور جو بات اُنہوں نے اپنی زبان سے نہیں نکالی اور جو چیز اُنکے دلمیں بھی نہیں آئی اُسکو اُنکی طرف منسوب کردیا اور اپنی بات قایم رکھنے اور حریف پر عیاری اور فریب سے غالب ہونے پر اقاویل باطلہ اور اسناد کاذبہ کا نقل کرنا شروع کیا *

چنانچہ ایک مجلس میں امام احمد حنبل گئے وہاں دیکھا کہ ایک شخص بہ قید اسماء ایک امر کو اُن کی طرف منسوب کر رہا ہے اور عن فلاں عن فلاں کہکر خاتمہ اُسکا اُن تک کر رہا ہے وہ یہہ سنکر غرق حیرت ہوئے اور خاموش رہ گئے آخرش اُن سے نہ رہا گیا اور اُس شخص سے کہا کہ میں احمد حنبل ہوں میںنے یہہ بات نہیں کہی اُس عیار کی چالاکی قابل آفرین کے ہے کہ اُسیوقت اپنی بات قایم رکھنے اور جھوٹھہ چھپانے کے لیئے کہا کہ تم بڑے احمق ہو کیا تمہی اکیلے احمد حنبل ہو دوسرا اِس نام کا نہیں ہے وہ احمد حنبل جس سے میں روایت کرتا ہوں دوسرے ہیں *

پس جس طرح سے اُس زمانہ میں جبکہ حدیث پر لوگوں کی نہایت توجہہ اور اُسی کی سند اور دلیل لائی جاتی تھی بدباطنوں اور خبیث طبیعتوں نے جھوٹی حدیثیں بنالیں اور موضوع احادیث کو صاحب الشریعت کی طرف منسوب کیا اِسیطرح سے اس زمانہ میں جب علماء اور فقہا کے اقوال سند میں پیش ہونے لگے اُن عالموں اور فقیہوں کی طرف جھوٹی جھوٹی باتوں کو منسوب کیا اور تاکہ اُس قول کی رتبت اور عزت زیادہ ہو بقید اسماء اُسکا سلسلہ عن فلاں عن فلاں کہکر صاحب قول تک پہونچا دیا مگر احادیث وضعی کو اِس سبب سے کہ احادیث حقیقت میں قابل استناد کے ہیں اور مدار شریعت کا اُن پر ہے پچھلے محققین نے اصلی حدیثوں سے علحدہ کردیں اور موضوعات کے رسالے لکھکر اُن کی غلطی اور موضوعیت کو بیان کرکے قوی کو ضعیف سے اور موضوع کو صحیح سے جدا کردیا مگر علما اور فقہا کے اقوال موضوعہ کو اُن کے اقوال صحیحہ سے جدا کرنے پر اُسطرح کسی نے توجہہ نکی اس لیئے نہ اُنپر محنت کرنا محض فضول تھا اسلیئے کہ بالفرض اگر وہ کلام اُنہیں کا ہوتا تو وہ کسی پر حجت نہیں ہوسکتا تھا اور بہ سبب نہ معصوم ہونے اُن کے اُس کی غلطی پر فقط غلط کہدینا ہی اُس کا اور نہ ماننا اُس کا کافی تھا لیکن سوائے چند محققین کے ایسی نقل اور سند سے عوام کو بڑا نقصان پہونچا اور دین میں بڑا رخنہ پڑگیا لوگوں کی طبیعتیں ایسی اسناد اور استناد کی ایسی عادی ہو گئیں کہ بغیر کسی مولوی کے قول کے اور بغیر کسی عالم کی سند کے کتاب و سنت کی باتوں کا ماننا ہی جاتا رہا اور بجاے قال اللہ اور قال الرسول کے قال زید و قال عمرو پر مدار دین و مذہب کا آ گیا *

اس خرابی نے اس سے زیادہ اَوْر بھی ترقی پائی کہ جو لوگ حقیقت میں لایق استناد نہ تھے بلکہ جن کے اقوال و اعمال لایق اجتناب کے تھے وہ بھی قابل استناد کے ٹھہر گئے اور اہل بدعت اور منافق اور جاہل صاحب سند ہو گئے اور اگر کسی شہر یا کسی فرقہ یا کسی خاندان میں کوئی نامور ہوا اور اُس کو کچھہ لکھنا پڑھنا بھی آگیا اور کچھہ تالیف اور تصنیف کرنے سے اُس کی عزت بھی بڑہ گئی تو اُس شہر کے رہنے والوں اور اُس فرقہ اور خاندان کے آدمیوں نے اپنے شہر اور اپنے خاندان کی عزت اسی میں جانی کہ اُسی کی بات کو مانیں اور اُسی کے کہنے پر چلیں پس اُن کے دلوں میں یہہ بات ایسی جم گئی کہ اُس کے قول سے پھرنا گویا خدا کے قول سے پھرنا ہے اس لیئے وہ اُسی کی باتوں کے مقلد ہوگئے اور قدم بقدم اُس کے طریقہ پر چلنے لگے اور اسی طرح سے جب اُس کے مقلد اور تابع زیادہ ہو گئے اور وہ مقتدا اور متبوع کسی فرقہ اور گروہ کا ہوگیا تو پس وہ صاحب الکتاب ٹھہرایا گیا اگر اُس سے کوئی صریح غلطی ہوجاتی یا اُس سے کوئی فعل مخالف کتاب و سنت کے ہو جاتا تو اُس کے مقلدین و اصحاب اُس کی توجیہات کرتے اور اُسکی تاویلات کرتے یہاں تک کہ آخر اُسکے حالات اور سیر میں کتابیں لکھی جاتیں اور اُس کے معجزے اور کرامتیں اور زہد اور پرہیزگاری کی حالتوں میں دفتر کے دفتر سیاہ کیئے جاتے اور جو کچھہ جھوٹھہ خرافات اُسمیں ہوتا اُس کو اُسکے معتقدین اور مقلدین نصوص قرانی کی طرح واجب الاذعان جانتے ہیں اور خدا کی کتاب رسول کے کلام کو چھوڑ کر اُسیکو حرز جان بناتے اور ہر مسئلہ اور ہر عقیدہ کے لیئے اپنی اِس کتاب کو دیکھتے پس بجاے اِس کے کہ جو کچھہ اُن کے حضرت نے فرمایا ہے اور جو کچھہ اُن کے پیر و مرشد نے ارشاد کیا ہے یا جو کچھہ اُن کے شیخ و بزرگ نے عمل کیا ہے اُسکو کتاب و سنت پر عرض کرتے اور خدا اور رسول کی کتاب کو معیار صحت بناتے اُن بدبختوں نے برعکس اس کے ساری شریعت اور تمام مذہب کو اپنے ہی پیر و مرشد کی تالیفات اور اپنے حضرت کے ملفوظات و مکتوبات پر عرض کرنا شروع کیا پس جو کچھہ اُس کے مطابق پاتے اُسپر عمل کرتے ویساہی عقیدہ رکھتے جو کچھہ اُس کے برخلاف دیکھتے اُسے چھوڑ دیتے اور کتاب و سنت کے امتحان کے لیئے اُسیکو کسوٹی بناتے پس ایسی حالت

میں جو کچھہ دین کی خرابی ہوسکتی ہی وہ ہوئی اور جو کچھہ شریعت میں ان باتوں سے خلل پیدا ہوسکتا ہی ہوا اِن چیزوں نے پہلےتکم دلوں پر اثر کیا کہ اِس کے برخلاف کوئی کلمہ زبان پر لانا کفر کے کلمہ سے کم نہ سمجھا جاتا اور اُن باتوں کا منکر خارق اجماع اور بدعتی اور فاسق ٹھرتا پس کیا زمانہ نے انقلاب پایا کہ کتاب و سنت کو لوگوں نے پس پشت ڈال دیا اور اپنے بزرگوں کے صحیفوں کو سامنے کرلیا اور پھر جسنے کتاب و سنت کا نام لیا اور اُس پر چلنے کا قصد کیا وہ فعل اُسکا بدعت ٹھرا اور جس نے اُن صحیفوں کو واجب العمل جانا اور اُس پر عمل کیا وہ فعل اُس کا سنت قرار پایا —

فاصبح کل واحد منهم بعاجل حظه مشغوفاً فصار یری المعروف منکرا والمنکر معروفا اِس خرابی کا باعث ایک بہت ہی بڑا غلط خیال ہوا جس کو شیطان نے لوگوں کے دلوں میں ڈالا اور جس کو مقلدین نے عقل و ایمان کی مدد سے نہ نکالا یعنی وہ لوگ جنکی باتوں پر لوگوں نے عمل کیا نیک اور پاک تھے اور علم اور فقہ میں کامل تھے پس اُنکے مقلدین کے دل میں یہہ خیال سمایا کہ بس جب ایسے نیک اور پاک اور امام اور عالم ایسا کہہ گئے ہیں اور ایسا کرتے رہے ہیں تو ہم نہ نہ اُن کیسے نیک ہیں نہ ویسا علم رکھتے ہیں کیونکر اُسکے برخلاف چل سکتے ہیں حالانکہ وہ یہہ نہ سمجھے کہ وہ گو نیک اور پاک تھے مگر معصوم نہ تھے اور گو وہ عالم اور فقیہہ تھے مگر علم لدنی کے عالم نہ تھے جبرئیل اُن پر نازل نہیں ہوتے تھے خدا بے واسطہ اُن پر وحی نہ کرتا تھا وہ بھی آخر اپنی سمجھہ بوجھہ ہی سے کام لیتے تھے اور اپنی قدرت اور طاقت ہی کے موافق راہ حق پر چلتے تھے اُن سے غلطیوں کا ہونا نہ صرف ممکن تھا بلکہ یقینی اُن سے خطا ہونے کا نہ احتمال ہی احتمال تھا بلکہ ضروری تو پھر باوجود ایسی حالت کے اُن کی سب باتوں کو ماننا اور اُن کے کلام میں سے حق و باطل کو جدا نکرنا اور اُن کے اقوال و اعمال کے رطب و یابس میں تمیز نہ دینا اور سب کو تلقی بالقبول کرنا حقیقت میں اُن کو صاحب شریعت اور اپنے آپ کو اُس پر ایمان لانے والا بنانا ہی اگر یہہ غلط خیال دلوں میں نہ سماتا تو کبھی تقلید کی ایسی جڑ مضبوط نہوتی اور یہہ خرابی پیدا نہوتی اور جس کسیکو خدا نے توفیق دی اور وہ تحقیق پر متوجہہ ہوا اُسنے اول اسی غلط خیال کو دل سے نکالا اور تحقیق کے درجہ پر پہونچنے کے لیئے اول اسی زینہ پر قدم رکھا چنانچہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اپنی احیاء کے شروع میں پہلے یہی لکھتے ہیں کہ میںنے اِس کتاب کے لکھنے کا واسطے زندہ کرنے علوم دین کے ارادہ کیا ہی اور میںنے اپنا عزم مصمم کرلیا ہی اور چونکہ وہ جانتے تھے کہ ایسی بات کو سنکر لوگ تعجب کرینگے اور مقلدین اور جہلا شور غل مچاوینگے اور ہمپر لعنت ملامت کرینگے اور تحقیق کو بدعت بتلاوینگے اور اسی تحقیق کو خارق اجماع کہینگے اِس لیئے وہ اول ہی سے اُس متعجب اور ملامت کرنے والے کی طرف متوجہہ ہوکر کہتے ہیں کہ انتدب لقطع تعجبک

ایہا العاذل الغالی فی العذل من بین زمرة الجاحدین المسرف فی التقریع والانکار من بین طبقات المنکرین الغا[فلین] فلقد حل عن لسانی عقدة الصمت و طوقنی عهدة الکلام و قلادة النطق ما انت مثابر علیه من العمی عن جلیة الحق مع اللجاج فی نصرة الباطل و تحسین الجهل والتشغیب علی من آثر النزوع قلیلاً عن مراسم الخلق و مال میلاً یسیراً عن ملازمة الرسم الی العمل بمقتضی العلم طمعاً فی نیل مایعبده الله تعالی به من تزکیة النفس و اصلاح القلب کہ اے ملامت کرنے والے منکرمین تیرے تعجب کے قطع کرنے پر متوجہہ ہوتا ہوں اور اپنی زبان سے خاموشی کی گرہ کھولتا ہوں اور جس بات پر تو اپنے اندھے پن سے جما ہوا ہی اور باطل کی مدد کر رہا ہی اور جہل کو اچھا سمجھہ رہا ہی اُسکو رد کرتا ہوں اور تیرے اُس زور شور اور غل مچانے کو نہیں سنتا جو تو اُس پر کرتا ہی جو کہ ذرا رسم و رواج کی پابندی سے نکلنا اور بھائی بندوں کی رسمیات کو ترک کرکے خاص خدا کے لیئے عمل کرنا چاہتا ہی *

جب امام غزالی اپنے وقت میں پابندی رسم و رواج پر ایسی داد بیداد کرتے ہیں اور اُس سے نکلنے کو جہاد سمجھتے ہیں تو وائے برحال ہمارے زمانہ کے کہ ابتو بات بھی زبان سے نکالنا دشوار ہی اور بھائیوں کی رسموں میں سے کسی رسم کا چھوڑنا بھی مشکل نہیں رہی باتیں جو امام غزالی اور بڑے بڑے محققین کہہ گئے ہیں اگر ہم اُنہیں کو نقل کریں تو ابھی کافر ہوتے ہیں اور ساری برادری سے نکالے جاتے ہیں خیال کرنے کا مقام ہی کہ دین کی بنا کس چیز پر تھی اور کس چیز پر آگئی اور مذہب کی حقیقت کیا تھی اور اب اُس کی کیا صورت ہوگئی جب ہم کسی دوسرے دین پر افسوس کرتے ہیں تو ہمارا سب سے زیادہ افسوس اسی بات پر ہوتا ہی کہ اُس دین کے لوگ اپنے اپنے بانی مذہب کی بات پر عمل نہیں کرتے بلکہ بیچ کے واسطوں اور عالموں کے قولوں پر عمل کرتے ہیں اور اپنی اصلی کتاب کو نہیں دیکھتے بلکہ اپنی بیچ کی بنائی ہوئی کتابوں پر چلتے ہیں تو کیسے افسوس کی بات ہی کہ جب وہی خرابی ہم میں بھی موجود ہو اور وہی نقص ہمارے دین میں بھی پڑگیا ہو پس اگر ہم اپنے عیب کو ندیکھیں اور اپنے دین و مذہب کو اِس نقص سے پاک صاف نکریں تو ہمارا دوسروں پر طعنہ کرنا اور غیر دین والوں کو برا کہنا عقل اور انصاف کے خلاف ہی *

تقلید اور عمل بالحدیث

یکم ربیع الثانی سنہ ۱۲۸۸ ہجری

تقلید اور عمل بالحدیث

اِس زمانہ میں جب ہماری زبان سے کوئی بات خلاف کیسی مشہور عالم یا نامی محدث کے نکلے تو ہمپر ملامت کے تیروں کی بوچھاڑ ہوتی ہی اور ہمارا نام منکر علماء اور دشمن فقہاء مشہور ہوتا ہی کوئی یہہ خیال نہیں کرتا کہ ایک دو عالم کی مخالفت کا کیا ذکر ہی اگر سارے عالم کے علماء سے مخالفت ہو لیکن ہمارا قول یا فعل کتاب و سنت کے موافق ہو تو ہم اُس ثواب کے مستحق ہیں جوکہ کتاب و سنت پر عمل کرنے والے کو ہوسکتا ہی پس ہمکو ہمیشہ خدا و رسول کی مخالفت کا خیال رکھنا لازم ہی نہ علماء فقہا کی مخالفت کا اور خدا کو قیامت کے دن اُسی کی مخالفت کا جواب دینا پڑیگا نہ زید و عمرو کی مخالفت کا *

ہاں یہہ اعتراض ہوسکتا ہی کہ سارے علماء اور کل فقہاء اُمت کا کسی ایسے امر پر اجماع کرنا جو بالکل مخالف کتاب و سنت کے ہو غیر ممکن سا معلوم ہوتا ہی چنانچہ ہم اسکو تسلیم کرتے ہیں اور جو کچھہ ہمنے اوپر بیان کیا وہ صرف فرضی صورت ہی لیکن ہم ایک بات بھی ایسی زبان پر نہ لاوینگے جسکی مخالفت کل علماء اور فقہاء سے ثابت ہو بلکہ وہی بات کہینگے جسکی سند اَوْر محققین کے قولوں سے ہوتی ہو مگر اس اصول کا ہمارے پاس کچھہ جواب نہیں ہی جسکو فقہاء نے راجح اور مرجوح سے تعبیر کیا ہی یعنی جسکو بہت سے مولویوں نے مانا وہ قول تو واجب العمل ہی اور جسکو چندہ محققین نے مانا وہ واجب الترک ہی گو وہ کیسا ہی عمدہ اور اچھا ہو چنانچہ اس امر کو ہم ایک علحدہ بحث میں بیان کرینگے *

اصل یہہ ہی کہ جب کسی امر کا دینی ہو یا دنیوی رسماً کامل طور پر رواج ہوجاتا ہی اور سب یا اکثر آدمی پابند اُسکے ہوجاتے ہیں تو در حقیقت اُس سے مخالفت کرنا نہایت ہی مشکل ہوتا ہی اور اُسکی تردید پر گو وہ امر نہایت ہی صحیح اور درست ہو ہر شخص آمادہ ہو جاتا ہی اور اُس مخالف کی دلایل کو گو وہ کیسی ہی سچی اور اچھی ہوں نہایت ضعیف سندوں سے ہر متنفس باطل کرنے پر مستعد ہوتا ہی *

مثلاً ہم اگر تقلید کے التزام کو برا بتلاویں تو اول یہی اعتراض ہوگا کہ خلاف اجماع ہی جب اِس قول کو بھی ہم رد کردیں اور بڑے بڑے صوفیوں اور محققوں اور اماموں کی سند لاویں تو یہہ جواب ہوگا کہ فلاں بزرگ تو صوفی تھے اُنکی باتوں کو کون سمجھے اور فلاں صاحب بڑے محقق تھے اُن کی سی تحقیقات کسکو نصیب ہو اور فلاں شخص بڑے متورع اور پرہیزگار تھے اُنکا سا زہد کسے حاصل ہو اور سوائے نامی گرامی لوگوں کے اَوْر لوگ جو رہ جاویں اُنکی نسبت یہہ کہدیا جاوے کہ وہ بدعتی اور فاسق تھے ہمارے علماء نے اُنکے کلام کو رد کردیا ہی پس صوفی تو تصوف کی برکت سے اور محققین تحقیق کے سبب سے اور زاہد اور متورع اپنے زہد کے ذریعہ سے محفوظ رہے اور اُنکے اقوال پر عمل کرنا بسبب بہتوں کی مخالفت کے ناجائز ٹھہرا پس اگر ہم ایسی حالت میں کتاب و سنت کو ہاتھہ پر نہ اُٹھالیں اور اپنے دل سے اِن سب باتوں کو نکالکر خدا اور رسول کے کلام پر رجوع نکریں تو حقیقت میں ہم دین کو شرم کے ہاتھہ پر بیچنے والے اور خدا کو پابندی رسم و رواج کے سبب سے چھوڑنے والے اور اپنے دل کو نور ایمان سے خالی کرنے والے ہونگے اسی حالت کو دیکھکر امام غزالی احیاء میں فرماتے ہیں کہ فلا یغرنک قول من یقول الفتوی عمادالشرع ولا یعرف علة الا بعلم الخلاف و انما یشتغل بہ من یشتغل بطالب الصیت والجاہ فکن من شیاطین الجن فی آمان واحترز من شیاطین الانس فانہم اراحوا شیاطین الجن من الناس فی الاغواء والاضلال یعنی مت مغرور ہو اس قول پر فقہاء کے کہ فتوی شرع کا ستون ہی اور اُس کی علتوں کا بغیر علم کلام کے جاننا دشوار ہی ایسی باتوں پر وہی متوجہہ ہوگا جس کو دنیا کی عزت اور شہرت منظور ہوگی پس ایسے شیطانوں کے ہوتے ہوئے اصل شیطانوں سے بیخوف ہو جاؤ اور اُن کا خوف نہ رکھو اس لیئے کہ ان شیاطین الانس نے اصل شیطانوں کو سلا دیا ہی اور اُن کی خدمت اپنے ذمہ لیکر لوگوں کو گمراہ کرکے اصل شیطانوں کو چین دیدیا ہی کہ وہ تو سوتے ہیں اور یہہ اُن کا کام کرتے ہیں اور مثل سیکے اَوْر محققین نے بھی فرمایا ہی جیسا کہ مولانا شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی رحمۃاللہ علیہ حجۃ اللہ البالغہ میں لکھتے ہیں کہ فتنۃ ہذا الجدال والخلاف والتعمق قریبۃ من الفتنۃ الاولی حین تشاجروا فی الملک و انتصر کل رجل لصاحبہ فکما عاقبت تلک ملکا عضوضا فکذلک عاقبت ہذہ جہلا و اختلاطا و شکوکا و وہما مالہا من ارجاء منشات بعدہم قرون علی التقلید الصرف لا یمیزون الحق من الباطل ولاالجدل عن الاستنباط فالفقیہ یو مئذ ہوا سرثار المتشدق الذی حفظ اقوال الفقہاء قویہا و ضعیفہا من غیر تمیز والمحدث من عدا الاحادیث صحیحہا و سقیمہا و ہذا ہا کہذی الاسماء بقوۃ لحیتہ ولا اقول ذالک کلیا مطردا فان للہ طائفۃ من عبادہ لا یضرہم من خذلہم و ہم حجۃاللہ فی ارضہ و ان قلوا ولم یات قرن بعد ذالک الا و ہو اکثر فتنۃ و اوفر تقلیداً و اشد انتزاعاً للامانۃ من صدور الرجال حتی اطمئنوا بترک الخوض فی امرالدین بان یقولو انا وجدنا آباءنا علی اُمۃ و انا علی آثارہم مقتدون یعنی جو فتنہ علم جدال و کلام کے سبب سے علماء نے پیدا کیا اور جو فساد ان کے تکلفات سے دین میں پھیلا وہ اس فتنہ سے کم نہیں ہی جو کہ ملک و ریاست میں ہوا تھا جسطرح پر اس جھگڑے کا یہہ نتیجہ ہوا کہ بعد اس کے سلطنت ظلم و جبر کی

قايم هوئي اسيطرح پر اس كلام و جدال كا يهه نتيجه هوا كه جهالت اور شكوك اور توهمات كي ايسي زيادتي هوگئي جسكي كوئي حد نهيں اور پهر تو ايسا زمانه آگيا جسميں لوگ محض تقليد پر قانع هوگئے اور حق كو باطل سے جدا نكرسكے فقيهه وه كهلانے لگا جو اقوال فقها كو ياد كركے بيهوده بكے اور تكلف كي باتيں كرے محدث وه ٹهيرنے لگا جو كه احاديث صحيح اور غلط كو حفظ كركے بے سمجهے بوجهے كهانيوں كيطرح نقل كرے اور سوا ے چند شاذ آدميوں كے جو خاص خدا كے بندے تهے اور جو كسي كے ذليل كرنے سے ذليل نهيں هوسكتے تهے بلكه وه خدا كي زمين ميں أس كي حجت تهے سب كے سب ايسے هي هوگئے اور پهر جو زمانه آتا گيا أس ميں فتنه بڑهتا هي گيا اور تقليد كو زور هور هي هوتا گيا يهاں تک كه آخركار معاملات ديني ميں تحقيق كرنے كي عادت هي جاتي رهي اور بزرگوں كي رسموں هي پر ديندارى ره گئي *

جو كه ميں إس مقام پر تقليد كے كمال اور تحقيق اور اجتهاد كے ترک هونے كا حال بيان كر رها هوں إس ليئے وه تنزلات جو علم اور تحقيق نے إس تقليد كے سبب سے پائے أسكو ايک بڑے فقيهه كے قول سے ثابت كرتا هوں *

محقق ابن كمال پاشا نے فقها كے طبقات كو جسطور پر ذكر كيا هى أسے ميں نقل كرتا هوں تاكه ثابت هو كه تقليد ميں بهي كتنے درجے أس فقيهه نے قايم كيئے هيں محقق موصوف نے فقهاء كے ساتهه طبقے بيان كيئے هيں *

پهلے طبقه كا نام † مجتهدين في الشرع هى جسكا كام هى استخراج كرنا مسائل كا كتاب و سنت سے اور قايم كرنا قواعد اور اصول كا واسطے استخراج مسائل كے *

إس طبقه ميں امام ابو حنيفه اور امام شافعي اور امام مالک اور امام احمد حنبل رضي الله تعالى عنهم داخل هيں *

دوسرے طبقه كو مجتهدين في المذهب كهتے هيں إس طبقه ميں وه لوگ داخل هيں جو مجتهدين في الشرع كے بنائے هوئے اصول اور قواعد كي تقليد كرتے هيں اور به تسليم أن قواعد اور اصول كے احكام اور مسائل كا استخراج كرتے هيں اور گو كه اس طبقه كے لوگ مجتهدين في الشرع سے بعض احكام فروعي ميں مخالفت كرتے هيں مگر وه جس مجتهد اور امام كے اصول پر چلتے هيں أسي كے مذهب ميں داخل سمجهے جاتے هيں اور معارضين في المذهب سے عليحده سمجهے جاتے هيں مثلاً قاضي ابو يوسف اور امام محمد رحمه الله عليهما اور ديگر ياران امام ابو حنيفه إس طبقه كے لوگ هيں إسليئے كه وه أنهيں اصول سے جو امام ابو حنيفه كے قايم كيئے هوئے هيں استخراج مسائل كرتے هيں اور مثل امام شافعي وغيره كے أن سے اصول ميں مخالفت نهيں كرتے مگر بلحاظ اصول مقررة أنكے احكام ميں أنسے مخالف هوجاتے هيں *

تيسرا طبقه مجتهدين في المسائل كهلايا جاتا هى إس طبقه ميں وه لوگ داخل هيں جو اپنے امام كي كسي شى ميں مخالفت نهيں كرتے نه اصول ميں نه فروع ميں أنكو استخراج مسائل كي قدرت نهيں هوتي مگر جن مسائل كو صاحب مذهب نے صاف بيان نهيں كيا أن كو اپنے امام كے مقرر كيئے هوئے اصول اور قواعد كي پابندي سے استنباط كرسكتے هيں إس طبقه ميں داخل هيں خصاف اور ابو جعفر طحاوي اور ابوالحسن كرخي اور شمس الائمه حلوائي اور شمس الائمه سرخسي اور فخرالاسلام بزدوي اور فخرالدين قاضي خاں وغيره *

چوتها طبقه اصحاب تخريج كهلايا جاتا هى إس طبقه ميں وه مقلدين داخل هيں جو كسي قسم كے اجتهاد كي قدرت نهيں ركهتے اصول اور قواعد كا بنانا اور مسائل كا استخراج كرنا اور پچهلے طبقه سے مخالفت كرنا كيسا وه كسيطرح پر اجتهاد كا نام هي نهيں ليسكتے مگر بسبب ضبط ركهنے اصول اور قواعد كے أن كو يهه قدرت هوتي هى كه وه كسي قول مجمل ذوجهتين كي تفصيل اور كسي حكم مبهم محتمل امرين كي تشريح كرديں مگر وهي قول اور وهي حكم جو كه صاحب مذهب سے يا أن كے اصحاب سے منقول هو اور اس ميں أن كو اپنے امام كے اصول پر نظر ركهنا اور أسي قسم كي دوسري فروع پر قياس كرنا اور ديگر نظائر اور امثال كا خيال ركهنا ضروريات سے هى إس طبقه ميں امام رازي اور مثل أن كے اور شخص داخل هيں اور جو هدايه ميں لكها هى كه كذافي تخريج الكرخي و تخريج الرازي وه إسي قبيل سے هى *

پانچواں طبقه اصحاب ترجيح كهلايا جاتا هى يهه وه مقلدين هيں جو بعض روايات كو بعض پر ترجيح ديتے هيں مثل ابوالحسن قدوري اور صاحب هدايه وغيره كے جن كو اس كهنے كي قدرت هى كه هذا اولى هذا اصح هذا اوفق للناس *

چهٹا طبقه أن مقلدين كا هى جو كه قوي اور ضعيف كي تميز ميں قدرت ركهتے هيں اور اقوال مردوده اور روايات ضعيفه كي نقل نهيں كرتے مثل صاحب كنز اور صاحب مختار اور صاحب وقايه اور صاحب مجمع وغيره اهل متون كے *

ساتواں طبقه أن مقلدين كا هى جو اس كي بهي قدرت نهيں ركهتے اور موٹے دبلے ميں كچهه تميز نهيں كرسكتے *

اب جو شخص ان طبقات فقها پر غور كرے وه خود سوچ سكتا هى كه فقه كي ابتدا كيا تهي اور انتها كيا هوئي زياده تشريح كي كچهه

---

† شامي حاشيه در مختار ـــ

حاجت نہیں ھی اس بات پر خیال کر کے لوگوں نے تقلید کو اختیار کیا اور اجتہاد اور عمل بالحدیث سے ھاتھہ اُٹھا لیا کہ جب بڑے بڑے علماء کہ جو امام اور شمس الائمہ کہلائے جاتے ھیں اور بڑے بڑے مولف جن کي کتابوں کے پڑھنے سے لوگ عالم اور فقیہہ ھو جاتے ھیں چھٹے طبقہ اور پانچویں طبقہ میں پڑے ھوئے ھیں تو پھر دوسرا کون ھی جو اجتہاد کر سکتا ھی یا کتاب و سنت سے مسائل کا استخراج کر سکتا ھی اور اس امر کو کہ یہہ قول اُن کا صحیح ھی یا غلط ھم پیچھے بیان کرتے ھیں *

جو کہ ھمارے اس بیان سے اجتہاد کے خاتمہ کا زمانہ اور تقلید محض پر عمل کرنے کا حال بخوبي معلوم ھوگیا اس لیئے اب ھم اس امر کو بیان کرتے ھیں کہ باھم ائمہ کے مسائل فقہي میں اختلاف کیوں ھوا اگرچہ جو مختصر کیفیت بناء مذاھب کي ھم نے اُوپر بیان کي اُس سے سبب اختلاف کا بھي معلوم ھوتا ھی لیکن چونکہ اس اختلاف کو دیکھہ کر لوگوں کو بہت سے شبہات پیدا ھوتے ھیں اور ایک دین اور ایک شریعت میں ایسي کثرت سے اختلاف ھونے پر ھر شخص کو حیرت ھوتي ھی کوئي پوچھتا ھی کہ جب قران و حدیث پر سب کا عمل ھی تو پھر کیا قران و حدیث میں باھم اختلاف ھی کوئي کہتا ھی کہ جب تبع تابعین کے مذھب کي بنا تابعین پر اور تابعین کي صحابہ پر ھی تو کیا صحابہ باھم مختلف تھے اگر تھے تو باوجودیکہ سب نے ایک ھي نبي کو دیکھا اور ایک ھي پیغمبر سے دین کو لیا تو پھر آپسمیں اُنکے اختلاف کیونکر ھوا اور باوجود اِس اختلاف کے جب لوگ یہہ سنتے ھیں کہ چاروں مذھب حق ھیں اور جو اختلاف اُنمیں ھی وہ رحمت ھی تو اَور بھي زیادہ تعجب ھوتا ھی اور دل میں اَور ھي کچھہ خیال کرکے ھر شخص ساکت ھوجاتا ھی اِس لیئے ھم اِس اختلاف کے اسباب کو ذرا تفصیل کے ساتھہ بیان کرتے ھیں تاکہ لوگوں کے دلوں سے شبہات دور ھوں اور وہ اِس اختلاف فروعي کو اصول کا اختلاف سمجھکر دل میں اپنے دین کي حقیت میں شک نہ کرنے لگیں *

یہہ بات تو اوپر ھم لکھہ چکے ھیں کہ تبع تابعین کے مذھب کي بنا تابعین پر اور اُنکي صحابہ پر ھی تو جو اختلاف باھم صحابہ کے ھوا وھي اختلاف تبع تابعین میں چلاآیا اور جب تبع تابعین نے مذھب کي بنیاد ڈالي تو اُنکے آپسمیں بھي وھي اختلاف رھا اِس لیئے ھم اول صحابہ میں باھم اختلاف ھونے کا سبب بیان کرتے ھیں *

پہلے اس امر کو ذھن نشین کرنا چاھیئے کہ اختلاف جو مسلمانوں میں بعد زمانہ نبوت کے ھوا وہ دو قسم کا ھی ایک اختلاف عقائد اور اصول میں دوسرے اختلاف مسائل اور فروع میں اختلاف عقائد اور اصول کا وہ ھی جو کسي اصول دین میں ھو مثل توحید و اور نبوت اور معاد اور فرضیت روزہ اور نماز اور حج اور زکوۃ وغیرہ کے یا کسي عقیدہ میں عقاید دین کے ھو مثل خلافت اور حقیت اجماع صحابہ اور وجوب محبت اھلبیت و اصحاب اور عدم تکفیر اھل قبلہ اور مرتکبان کبائر کي اور مثل اُسکے اَور عقائد جن پر اعتقاد کرنا بہ نصوص صریح ضروري ھی پس جو شخص عقائد اور اصول میں مخالف ھی وہ بدعتي اور اھل سنت کے گروہ سے خارج ھی مثل معتزلہ اور قدریہ اور مرجیہ اور شیعہ اور خوارج کے اور نہ صحابہ میں اور نہ تابعین میں اور نہ تبع تابعین میں نہ کسي امام میں آئمہ اربعہ سے ایسا اختلاف ھوا بلکہ سب اصول اور عقائد میں متفق ھیں اور ایک امر میں بھي ضروریات دین سے اور ایک عقیدہ میں بھي اعتقادات اھل سنت سے باھم مختلف نہیں ھیں اِس لیئے چاروں مذھب اھل سنت ھي کے کہلائے جاتے ھیں *

دوسرا اختلاف مسائل اور فروع میں مسائل اور فروع سے فقہ کے مسائل مراد ھیں اور اُن میں چاروں مذھب البتہ باھم مخالف ھیں اور صحابہ بھي باھم مخالف تھے اِس لیئے اِس اختلاف کے اسباب بیان کرتے ھیں تاکہ معلوم ھو کہ صحابہ میں بعد زمانہ نبوت کے کیوں اختلاف ھوا *

مدار صحابہ کے اقوال اور افعال اور احکام اور مسائل کا قران و حدیث پر تھا اور چونکہ قران پیغمبر صاحب ھي کے سامنے جمع ھوگیا تھا اِس لیئے کسي ایسے مسئلہ میں جو قران میں صاف موجود ھی باھم اختلاف نہیں ھوا اور احادیث پیغمبر صاحب کے روبرو جمع نہوئي تھیں اِس لیئے جن مسائل کا استخراج حدیث پر موقوف تھا اور ھی اُنھیں میں اختلاف ھوا اور اُسکے کئي سبب ھیں † *

اول اختلاف سماعت یعني ایک صحابي کا کسي حدیث یا حکم نبوي کو سننا اور دوسریکا نہ سننا مثلاً پیغمبر صاحب نے کوئي حکم دیا یا کچھہ فرمایا یا کوئي فتوی دیا تو جو موجود تھا اُسنے سنا اور دیکھا اُسنے تو اُسپر عمل کیا دوسرے صحابي نے اُسے نہ سنا نہ دیکھا نہ جس صحابي نے سنا اور دیکھا تھا اُس سے اُس دوسرے صحابي کو روایت پہونچي تو اُس دوسرے صحابي نے جب ویساھي معاملہ پیش آیا خود اجتہاد کیا پس اگر اُس حدیث کے موافق ھوا تو دونوں صحابي متفق ھوئے اور اگر اجتہاد میں خطا ھوئي تو اُن میں اختلاف ھوا *

† دیکھو حجۃ اللہ البالغہ —

دوسرے ترک اجتہاد یعني صحابي کا اپنے اجتہاد سے پھر جانا مثلاً صحابي نے کسي امر میں اجتہاد کیا اِس سبب سے کہ کوئي حدیث اُس کو نہ پہونچي تھي اور پھر اُسکو کسي سے وہ حدیث پہونچ گئي تو اُسنے اپنے اجتہاد کو ترک † کیا اور حدیث پر عمل کیا لیکن جن لوگوں نے پہلے اجتہاد کو صحابي کے سنا اور اُس سے رجوع کرنے کي خبر اُسے نملي اُسنے صحابي کے پہلے ہي قول پر عمل کیا *

تیسرے اشتباہ في الحدیث یعني حدیث کي صحت میں شک رہنا اور اُس پر کسي صحابي کا عمل نکرنا یہہ تو کوئي صحابي نہیں کرسکتا تہا کہ باوجود صحت کسي حدیث کے اُسکو ترک کرتا اور اپنے اجتہاد پر عمل کرتا مگر جب راوي کسي حدیث کا ضعیف اور قابل کامل اعتبار کے نہوتا تو صحابي اپنے اجتہاد پر قایم رہتے اور اُس حدیث کو صحیح نہ جانکر اُسپر عمل نہ کرتے اور بعض حدیث کا نام سنتے ہي اُس پر عامل ہوجاتے اور اُس کے ضعف اور قوت کو نہ دیکھتے *

چوتھے سمجھہ میں اختلاف ہونا یعني چند صحابیوں نے پیغمبر خدا کو ایک کام کرتا ہوا دیکھا کسي نے اُس کو عبادت پر کسي نے اُس کو عادت پر کسي نے اُس کو قربت پر کسي نے اُس کو اباحت پر محمول کیا اور اس سے باہم اختلاف ہوا *

پانچویں سہو و نسیان یعني کسي صحابي نے گو خود پیغمبر صاحب سے کچھہ سنا یا کچھہ کرتے دیکھا مگر اُسے یاد نرہا اور بہول گیا *

چھٹے اختلاف ضبط یعني پیغمبر صاحب نے کسي امر میں کچھہ فرمایا یا حکم دیا اور کوئي صحابي اُس کا مطلب اَوْر ہي کچھہ سمجھا جیسا کہ حضرت عمر یا حضرت ابن عمر رضي اللہ تعالی عنہما سے مروي ہی کہ مردہ کو اُس کے گھر والوں کے رونے سے عذاب ہوتا ہی کہ اس حدیث کو سنکر حضرت عایشہ نے کہا کہ یہہ صحیح نہیں ہی اور راوي نے غلطي کي ہی بلکہ حقیقت اسکي یہہ ہی کہ پیغمبر صاحب ایک یہودیہ کے جنازہ پر گذرے کہ اُس کے گھر والے روتے تھے حضرت نے فرمایا کہ یہہ تو روتے ہیں اور وہ قبر میں

† اور یہہ بھي ممکن ہی کہ خود اُس اجتہاد میں کچھہ نقص پایا اور اُسکو چھوڑدیا —

عذاب دیہاتي ہی پس مطلب یہہ تہا کہ یہہ تو اُس کے لیئے روتے ہیں اور وہ اپنے عذاب میں مبتلا ہی نہ وہ مطلب ہی جو راوي سمجھا اور جس سے عذاب کو رونے کا معلول سمجھہ کر ہر مردہ کي نسبت اس حکم کو عام تصور کیا *

ساتویں علت حکم میں اختلاف ہونا

یعني پیغمبر صاحب نے کوئي حکم دیا یا کوئي کام کیا اور دیکھنے والوں نے اپنے نزدیک اُس کي علت † اور وجہ قایم کي اور اُس میں اختلاف ہوا مثلاً پیغمبر صاحب ایک جنازہ کو دیکھہ کر کھڑے ہوگئے تو کسیقے قیام کي علت تعظیم ملائکہ خیال کي کسي نے ہول موت اُس کي علت سمجھي اور اپني اپني سمجھہ کے موافق اُس کي تعمیم اور تخصیص پر راے قایم کي *

آٹھویں دو مختلف حدیثوں کے جمع کرنے میں اختلاف ہونا

چونکہ عادات اور مباحات اور سنن میں ایک ہي امر کي پابندي حضرت کو نہ تھي اور احکام میں بھي تکمیل اور اصلاح مناسب ہوتي رہتي تھي اسلیئے جو قول یا فعل یا حکم مختلف ہوتا اُس کے توافق میں صحابہ میں اختلاف ہوتا کوئي اباحت کو بہ سبب ضرورت کے اور نہي کو بوجہہ انقضاء ضرورت کے خیال کرتا کوئي ایک کو ناسخ اور دوسرے کو منسوخ سمجھتا اور جو صحابي صاحب فراست اور صاحب علم تھے وہ عادات کو عبادات سے اور سنن کو واجبات سے جدا کرتے اور ایک کو دوسرے میں نہ ملاتے اور جو اس میں تمیز نہ کرتے وہ سب کو عبادات اور واجبات ہي خیال کرکے اختلاف عادات کو اختلاف في العبادت جانتے * جو کہ ہم اختلاف مذاہب کا سبب بھي بیان کر چکے اس لیئے ہم اُس فرق کو بیان کرتے ہیں جو اجتہاد اور عمل بالحدیث میں ہی *

عمل بالحدیث اور اجتہاد میں جو فرق ہی اُس کا بیان

بہت سے لوگ ایسے ہیں کہ جن کو عمل بالحدیث اور اجتہاد میں فرق نہیں معلوم ہوتا بلکہ جب وہ سنتے ہیں کہ جو لوگ حدیث پر عمل کرتے ہیں اور اصحاب حدیث کہلائے جاتے ہیں اُن مسائل کو جن کي تصریح حدیث میں نہیں ہی اپنے قیاس سے استخراج کرتے

† یہہ خرابي اس لیئے پڑتي ہی کہ علت کا علت ہونا نص سے قرار نہیں دیا بلکہ اپني سمجھہ سے قرار دیا —

 تقلید اور عمل بالحدیث

ہیں اور جو لوگ اجتہاد کرتے ہیں اور اصحاب الرائے کہلائے جاتے ہیں وہ بہی اُن مسایل میں جو بتصریح کتاب و سنت میں موجود ہیں اجتہاد نہیں کرتے اور اُسی پر عمل کرتے ہیں اور دونوں کا ماخذ کتاب و سنت ہی اور دونوں کو قیاس سے کام لینا پڑتا ہی تو یہہ دونوں میں ما بہ الامتیاز کیا ہی اس لیئے دونوں میں جو فرق ہی اُس کو میں بیان کرتا ہوں *

اگلے زمانہ میں یعنی تابعین اور تبع تابعین کے وقت میں دو قسم کے عالم تہے ایک تو وہ جو رائے اور قیاس سے بہت بچتے تہے اور فتوی اور استخراج سے بہت ڈرتے تہے اور سوائے اشد ضرورت کے استنباط کرنے کو پسند نہ کرتے تہے اُنکی ساری ہمت اس طرف مصروف رہتی تہی کہ احادیث نبوی کی روایت کریں اور جہانتک ہوسکے تمام احکام اور مسایل کو اُنہیں سے ثابت کردیں اور وہ اسی واسطے احادیث کے جمع کرنے میں بہت سی محنت کرتے تہے چنانچہ جب اُنہوں نے احادیث کو جمع کرلیا اور ضعیف اور قوی کو علحدہ کرلیا تو اُنہوں نے کتاب و سنت ہی کو اصول استخراج مسایل کا ٹہرایا اور اُسی کی تصحیح اور تنقیح کے لیئے قواعد مقرر کیئے تاکہ معلوم ہو جاوے کہ کونسی حدیث اصلی ہی اور کونسی بے اصل ہی *

پس اس طبقہ کے لوگوں کو جب ضرورت کسی مسئلہ کی ہوتی تو وہ قران سے رجوع کرتے اگر اُس سے بصراحت نکل آتا تو پھر کسی اَوْر طرف توجہہ نکرتے اگر اُس سے معلوم نہوتا یا اُسمیں اَوْر احتمالات ہوتے تو وہ سنت پر رجوع کرتے اور جو کچھہ حدیث میں پاتے اُسپر عمل کرتے اور حدیث پر عمل کرنے کے لیئے نہ وہ اسکا لحاظ کرتے کہ اَوْر فقہاء اسپر عمل کرتے ہیں یا نہیں اور سب لوگ اسپر چلتے ہیں یا نہیں اور مجتہدین کا اجتہاد اُسکے مطابق ہی یا نہیں بلکہ وہ اسکی بہی پرواہ نہ کرتے کہ صحابہ اور تابعین نے بہی اسپر عمل کیا ہی یا نہیں بلکہ اگر کوئی حدیث ایسی ہوتی کہ ایک ہی شہر کے لوگ اُس سے واقف ہوتے یا ایک ہی گہر کے لوگ اُسپر عامل ہوتے پس وہ اپنے عمل کی سند کے لیئے اُسے لےلیتے اور سوائے اسکے کہ وہ حدیث کی صحت ثابت کرلیں اَوْر کسی طرف توجہہ نکرتے اور نہ کسی اصول اور کسی قاعدہ کی پابندی کرتے *

اگر حدیث سے اُسکا پتہ نہ چلتا تو وہ صحابہ اور تابعین کے اقوال پر نظر کرتے پس اگر اُس بات پر جمہور صحابہ اور تابعین کو متفق پاتے تو فبہا ورنہ بلالحاظ کسی قوم اور کسی شہر اور کسی فرقہ کے جسکو وہ اپنے نزدیک زیادہ عالم اور فقیہہ اور متقی جانتے اُسکے قول کو اختیار کرتے *

اگر اس سے بہی مطلب نہ نکلتا یعنی اُس مسئلہ کا اقوال صحابہ و تابعین سے حال معلوم نہوتا تو وہ قیاس کرتے مگر اُنکا قیاس منطقی قیاس کی مانند نہوتا تہا اور اُسکے لیئے کچھہ دقیق اصول اور مشکل قواعد کی پابندی نہ تہی بلکہ اُنکا قیاس یہہ تہا کہ وہ عمومات کتاب و سنت اور اُسکے اشارات اور مقتضیات پر تامل کرتے اور صرف اپنے یقین اور اطمینان قلبی پر لحاظ کرتے اُسکی علت نکال لیتے اور جسمیں وہ علت پاتے اُسپر وہی حکم لگاتے اور اَوْر مسائل کی نظیریں اور مثالیں دیکھکر اپنا کام چلالیتے *

یہہ طریقہ اُنکا ٹہیک ٹہیک اصحاب رسول کا سا تہا اور یہی قاعدہ استخراج مسائل کا صحابہ میں جاری تہا اور اُسکے ثبوت میں ہزارہا اقوال صحابہ کے موجود ہیں جنمیں سے کچھہ کچھہ ہم آیندہ بیان کرینگے *

غرضکہ اِس طور پر مسائل کے استخراج کرنے والے اصحاب حدیث کہلائے گئے اور چونکہ وہ کسی اصول اور کسی قاعدہ کے پابند نہوئے اِس لیئے اُنکا قیاس بہی قیاس اور رائے میں داخل نہوا چنانچہ اِسی گروہ میں سے ہوئے ہیں عبدالرحمن بن مہدی اور یحیی بن سعید اور یزید بن ہارون اور عبدالرزاق اور مسدد اور ہناد اور امام احمد بن حنبل اور اسحاق بن راہویہ اور فضل بن دکین اور علی مدنی وغیرہ کہ یہہ سب اصحاب حدیث میں داخل ہیں *

اِس بات کے سننے سے بہی لوگوں کو تعجب ہوگا کہ اتنی حدیثیں کہاں سے ملی ہونگی جن سے سب مسائل نکل آئے ہوں اور بغیر اُس قیاس اور رائے کے جسے مجتہدین نے اختیار کیا اُنکا کام چلا ہو لیکن اُنکا تعجب اِس سے رفع ہوسکتا ہی کہ وہ اُنکی کتابوں کو دیکہیں اور جو کچھہ محنتیں اُنہوں نے احادیث کے جمع کرنے میں اپنے اوپر اُٹہائیں اُسپر خیال کریں تاکہ اُنکو معلوم ہو کہ جن لوگوں نے اِس قاعدہ پر فقہ کی تدوین کی ہی اُنکو کوئی ایسا مسئلہ جسکو اگلے لوگوں نے نکالا تہا یا اُنکے وقت میں مجتہدین نے قیاس سے استخراج کیا تہا ایسا نہ ملا جسمیں کوئی حدیث مرفوع یا متصل یا مرسل یا موقوف صحیح یا حسن یا لایق اعتبار نہ ملی ہو یا خلفاء راشدین کے آثار اور فقہاء نامی کے اقوال سے اُسکا ثبوت نہوتا ہو یا اُنکے عمومات اور اشارات سے اُسکا استنباط نہ ہوسکتا ہو بیشک اِس میں یہہ بڑی دقت تہی کہ بہت سی احادیث جمع کرنی پڑتیں اور اُنکی تصحیح اور تنقیح کی محنت اُٹہانی پڑتی، اور اُنکے ناسخ اور منسوخ کا لحاظ رہتا اور جو مختلف حدیثیں ہوتیں اُنکا اختلاف دور کرنا یا اُسکی وجوہات کا دریافت کرنا پڑتا *

تقليد اور عمل بالحديث

يكم ربيع الثاني سنه ١٢٨٨ هجري

تقليد اور عمل بالحديث

جو كوئي اصحاب حديث كي فقه كي تدوين پر غور كرتا هى اُسكي آنكهوں كے سامنے بهت سي عجيب غريب باتيں پهر جاتي هيں اور اُسكے دل پر فنون احاديث پر تامل كرنے سے ايک اَوْر هي قسم كي تاثير هوتي هى *

افسوس هى كه جس مضمون كو همنے لكهنا شروع كيا هى اُسكے ليئے دفتر كے دفتر چاهيئيں اور اگر مختصر طور پر بهي كچهه كچهه هم لكهيں تو بهي ايک بڑي كتاب هوجاے اور هم چند صفحوں ميں اُسے ختم كيا چاهتے هيں اِس ليئے بهت هي مختصر طور پر اب هم اُس كو بهي بيان كرتے هيں كه اصحاب حديث نے تدوين فقه كے ليئے كيا طريقه اختيار كيا اور پهر اُسكے كتنے درجے اور طبقے هوگئے † پس پهلا طبقه اهل حديث كا وه هوا جسنے احاديث كو جمع كيا اور فقهي مسايل كا اُسپر مدار ركها اِس طبقه كے لوگوں كے نام اوپر هم لكهه چكے هيں پهر دوسرا طبقه وه هوا جس نے حديث كے دوسرے فن پر توجهه كي يعني اُن حديثوں كو جنكي صحت پر بڑے بڑے اهل حديث كا اجماع تها علحده كيا اور اُن حديثوں كو جو متعلق فقه كے تهيں جن پر شهروں كے فقيهه اور قصبوں كے عالم اپنا مذهب چلاتے تهے جدا كركے هر حديث كو باعتبار اُسكے اقسام كے ترتيب ديا اِس طبقه ميں امام محمد اسمعيل بخاري اور مسلم اور ابوداؤد اور عبد بن حميد اور دارمي اور ابن ماجه اور ابو العلى اور ترمذي اور نسائي اور دار قطني وغيره داخل هيں *

تيسرے طبقه ميں وه لوگ داخل هيں جو بخاري اور مسلم كے پهلے تهے يا اُن كے زمانه ميں يا اُن كے بعد هوئے اور جنهوں نے مسانيد اور جوامع اور مصنفات كو تاليف كيا اُنهوں نے جو حديث پائي اُسے جمع كرديا نه اُسكو چهانٹا نه اُس ميں اقسام حديث كو بيان كيا نه اُسكي كچهه ترتيب ايسي كي كه جسپر عمل آساني سے هوسكے اور پهر پيچهے بهي محدثين نے اُس كي صحت اور سقم پر چنداں توجهه نكي چنانچهه اِسي طبقه ميں ابو علي اور طيالسي اور بيهقي اور عبدالرزاق اور ابي بكر ابن شيبه اور عبد بن حميد اور طحاوي اور طبراني هيں *

چوتهے طبقه ميں وه لوگ هيں جنهوں نے بهت عرصه كے بعد حديث كي كتابوں كا لكهنا شروع كيا اور جو حديثيں پهلے اور دوسرے طبقه ميں جمع نهوئيں اور مسانيد اور جوامع ميں چهپي هوئي پڑي تهيں يا اُن واعظوں اور خوش گپ عالموں كو ياد تهيں جو ضعفاء ميں داخل تهے اور جن كي حديث كو محدثين محققين پايه اعتبار سے ساقط جانتے تهے اُن كو اُنهيں نے جمع كرديا اور آثار صحابه اور تابعين كو اور اخبار بني اسرائيل كو اور كلام حكماء اور وعاظ كو بهي اُس ميں شامل كرديا چنانچهه عمده حديث اِس طبقه كي وه هى جو كه ضعيف محتمل هو اور موضوعات كا تو كچهه ذكر هي نهيں هى چنانچهه يهي طبقه ماده ابن جوزي كي كتاب موضوعات كا هى *

پانچويں طبقه ميں وه لوگ داخل هيں جنهوں نے اُن باتوں كو جو فقيهوں اور صوفيوں اور مورخوں كي زبانوں پر تهيں اور جن كي كچهه اصل چاروں طبقات ميں نه تهي ليكر حديث ميں داخل كرديا اور انهيں احاديث پر اهل بدعت اور معتزله وغيره نے سند كركے اهل سنت پر اعتراضات كرنا شروع كيا اور بهت سے عالموں نے دهوكا كهايا خصوصاً اُن حديثوں ميں جن كو هوشيار دنيا طلب عالم نے قوي اسناد سے اُس ميں داخل كرديا اور جنكو كلام بليغ اور فصيح كے پيرايه ميں ادا كيا تو اِن احاديث سے سواے بڑے محقق محدث كے هر شخص نے دهوكا پايا جيسا كه شاه ولي الله صاحب لكهتے هيں و منها مادسه الماجن في دينه العالم بلسانه فاتي باسناد قوي لايمكن الجرح فيه وكلام بليغ لايبعد صدوره عنه صلى الله عليه وسلم فاثار في الاسلام مصيبة عظيمة لكن الجهابذة من اهل الاحاديث يوردون مثل ذلک على المتابعات والشواهد فتهتک الاستار و يظهر العوار غرضكه سواے چوتهے اور پانچويں طبقه كے باقي طبقات اهل حديث كے ايسے هيں كه هر وقت اور هرزمانه ميں اُس پر عمل كرنے سے آدمي اهل حديث هوسكتا هى اور اپني فقه اور مسائل كا مدار طبقه اولى اور ثانيه كي كتابوں پر كرسكتا هى اور جو لوگ ابتک اصحاب حديث هوئے اور هيں اُن كا اسي پر عمل تها اور هى *

يهه كيفيت جو باختصار هم نے اهل حديث كي بيان كي سمجهنے والے كے ليئے اصحاب حديث كے طريق تدوين فقه كے ليئے كافي هى اسليئے اب هم مجتهدين اور اصحاب الراے كے طريق اور اُنكے اصول كو بيان كرتے هيں *

اوپر هم بيان كرچكے هيں كه اگلے زمانه ميں دو قسم كے لوگ تهے ايک وه جو راے اور قياس سے بهت بچتے تهے اور فتوى استخراج سے بهت ڈرتے تهے اور حديثوں هي كو جمع كركے اُنهيں سے مسائل نكالتے تهے اور اس فرقه كو اصحاب حديث كهتے تهے چنانچهه اسكا حال اوپر مذكور هوچكا *

دوسري قسم ميں وه لوگ داخل تهے جو لكه فتوى اور استخراج هي كو دين سمجهتے تهے اور راے اور قياس سے مسائل كا استنباط كرنا هي

† اِس كي تفصيل هم نے ايک علحده مضمون ميں جو به نسبت كتابوں كے لكها هي كي هى /وه بهي عنقريب اِنشاءالله تعالى چهپيگا —

اچها جانتے تهے اور فقه كو دين كي بنا كهتے تهے اور أسكے پهيلانے هي كو دين كا پهيلانا سمجهتے تهے اور احاديث نبوي كا بهت لحاظ كرتے تهے اور أس ميں كمي بيشي هوجانے سے بهت ڈرتے تهے أنكا قول تها كه هم پيغمبر صاحب تک اپنے مسائل كا سلسله نهيں پهونچاتے بلكه أنسے پيچهے هي پر ختم كرديني كو پسند كرتے هيں تاكه جو كچهه نقصان يا زيادتي هو وه أنهيں لوگوں كي گردن پر رهے هم مواخذه سے محفوظ رهيں چنانچه ابراهيم نخعي كا مقوله تها كه قال عبدالله و قال علقمة احب الينا كه يهه كهنا مجهے اچها معلوم هوتا هى كه كها عبدالله نے ايسا اور كها علقمه نے ويسا پس ان لوگوں كو جب ضرورت فقه كي تدوين كي هوئي تو أنكے پاس اتني حديثيں پيغمبر كي اور آثار صحابه كے نه تهے جس سے وه اپنے مسائل كو أن سے نكال سكيں اور صرف أنهيں چند آسان اصول كي پابندي سے جن سے اهل حديث احكام نكال ليتے تهے اپنا كام چلا سكيں أنكے دلوں نے اس بات كو بهي قبول يا پسند نكيا كه وه اپنے اپنے شهروں كے علماء اور فقها كے قولوں كے پابند نه رهيں اور اؤر شهروں اور مقاموں كے فقها اور علما كے اقوال كي تحقيق كركے أن سب كو ملاويں اور أنسے بحث كركے اپنا كام نكاليں بلكه أنهوں نے اپنے آپ كو براه كسر نفسي اس لايق نه جانا اور اپنے اماموں اور أستادوں كو اعلى درجه پر پهونچا هوا سمجهكر اوروں كي طرف رجوع كرنا يا أنكے اقوال كو تحقيق كرنا فعل عبث تصور كيا اور اپني همت كو اپنے هي شهروں كے علما اور اپنے هي استادوں اور اماموں كے اقوال پر قناعت كرلينے پر ختم كرديا چنانچه كسي نے كها كه عبدالله سے زياده كوئي محقق نهيں هى كسي نے كها كه علقمه سے اچها كوئي نهيں هى غرض كه ايسے لوگوں كے پاس مادة احاديث اور آثار كا بهت سا نه تها اور أنكا علم چند شخصوں هي كے علم پر محدود تها پس جب ايسے لوگوں كو فقه كي تدوين كي ضرورت هوئي اور خدا نے أنكو ذهن كي تيزي اور عقل كي چالاكي ايسي دي تهي كه وه اپني فطانت اور فراست اور سرعت انتقال سے تخريج مسائل كي قدرت كامل ركهتے تهے اور چند هي اصول سے وه بے انتها جزئيات نكال سكتے تهے تو أنهوں نے اپنے هي اصحاب اور ياروں اور استادوں كے اقوال اور احاديث كو مدار فقه كا بنايا اور أسي تهوڑے سے سرمايه سے فقه كي دولت كو بڑهانا چاها تو أنهوں نے فقه كو تخريج كے قاعده پر ترتيب ديا اور هزاروں احاديث كے ياد كرنے اور خيال ركهنے سے اپنے تئيں بچايا *

تخريج كا قاعده كيا تها يهه تها كه أنهوں نے اپنے أستاد يا امام جسكو وه قابل استناد سمجهے أسكي كتاب اور اقوال كو پيش نظر ركها اور مسائل كو أنهيں سے استخراج كرنا شروع كيا اگر كوئي مسئله أس ميں به تصريح هوتا تو خير ورنه أنكے كلام كے عمومات پر لحاظ كرتے اور أسي صورت پر أس مسئله كو نكال ليتے يا أنكے كلام كے اشارات ضمني پر خيال كرتے اور أس سے استنباط كرتے پس أنكے كلام كے ايما اشارات اور مقتضيات ايسے هوتے كه أس سے مطالب نكل آتا يا أن ميں ايسے مسائل به تصريح مذكور هوتے كه مثل أسكے اور مسائل أسي نظير كے أسپر محمول كر ليئے جاتے اگر أنسے بهي كام نه چلتا تو أنكے كهولے هوئے حكموں كي علت دريافت كرتے اور جن مسائل كي أنهوں نے تصريح نه كي تهي أسي علت كے اتحاد سے أسپر حكم قايم كرليتے يا أنكے بعض كلام ايسے هوتے كه اگر دو كو ملاديں تو بموجب قياس اقتراني يا شرطي كے نتيجه نكل آتا اور أس سے مسئله معلوم هوجاتا يا أنكے كلام ايسے هوتے كه جنكا مطلب مثالوں هي ميں مذكور هوتا اور كوئي حد جامع مانع أسكي نهوتي تو ايسے كلام كي تحقيق كے ليئے اهل زبان كي طرف رجوع كرنا پڑتا اور تحصيل ذاتيات اور ترتيب مقدمات اور ضبط مهمات اور تميز مشكلات كے ليئے تكلفات علمي كرنا پڑتے يا أنكا كلام دو وجهوں كا محتمل هوتا تو ايک كي دوسرے پر ترجيح كرتے يا ايسا هوتا كه جسكي دلايل پوشيده هوتيں أسكو صاف بيان كرتے يهاں تک كه ايسي تخريج كرنے والوں ميں سے بعضے ايسے هوئے هيں كه جنهوں نے اپنے اماموں هي كے فعل اور سكوت سے مسائل ميں استدلال كيا هى اسي واسطے أن كي كتابيں ايسے لفظوں سے بهري هوئي هيں جنسے همارے اس قول كي تصديق هوتي هى مثلاً القول المخرج لفلان كذا و يقال على مذهب فلان اوعلى اصل فلان اوعلى قول فلان جواب المسئلة كذا و كذا پس جس طرح پر اصحاب حديث اپنے مسئلوں كو احاديث هي سے نكالنا پسند كرتے تهے اسي طرح پر اصحاب تخريج اپنے مسائل كو اپنے هي ائمه كے اقوال سے نكالتے تهے اور چونكه اصحاب حديث كي نظر بهت سي حديثوں پر تهي اور انكو اكثر سب مسائل ميں احاديث نبوي يا آثار صحابه سے كوئي حديث يا اثر ملجاتے تهے اسليئے أنكو استخراج اور استنباط كے اصول اور قواعد بنانے اور راے اور عقل سے كام لينے كي نوبت نه آئي اور اصحاب تخريج چونكه اپنے هي ائمه كے اقوال پر قناعت كرتے تهے اور أسي سے سارے مسئلے نكالنا چاهتے تهے اسليئے أنكو أس استخراج اور استنباط كے دقيق دقيق اصول اور باريک باريک قاعدے بنانے پڑے اور أنميں راے اور عقل سے كام ليلنا پڑا *

پس شروع شروع زمانه ميں تو اصحاب تخريج بهي احاديث هي پر سند كرتے تهے گو وه حديثيں وهي هوں جو أنكے استادوں اور پيشواؤں سے أنهيں پهونچي تهيں اور أسوقت ميں وه باريكياں جو پيچهے كركے نكاليں نه نكلي تهيں ليكن پيچهے كركے تو اصحاب تخريج كے

قیامت ہی برپاکردی اور فقہ کو یونانی حکمت اور فلسفہ کا ہمسر بنادیا لفظوں سے معنی کا نکالنا اور عبارت سے مقصد سمجھنا بغیر اُنکے اصول مقررہ کے غیر ممکن ہوگیا بلکہ الفاظ بیک طرف حرفوں کی تبدیل سے مطلب میں فرق آنے لگا (ف) اور (و) پر استدلال اور کلمہ کی تقدیم اور تاخیر سے مطلب اَوْر کا اور ہونے لگا اور پھر جسقدر زمانہ بڑھتا گیا اور نبوت کا عہد دور اور فلسفہ اور معقولات کا مسلمانوں میں رواج ہوتا گیا اُسیقدر راے اور قیاس کو زیادہ دخل ہوا اور منقولات میں معقولات کا ایسا خلط ہوگیا کہ بغیر منطق کے قواعد سیکھنے اور فلسفہ کے پڑھنے کے فقہ کی کتابوں کا سمجھنا مشکل ہو گیا چنانچہ ابتک ہمارے آپس میں مشہور ہی کہ بغیر منطق میں کامل استعداد رکھنے کے کوئی ہدایہ سمجھہ ہی نہیں سکتا اور بلا واقف ہونے محاورات جدیدہ جدلیہ کے کوئی مبسوط سرخسی اور تبئین کا مطلب دریافت نہیں کرسکتا پس حقیقت میں اصحاب الراے وہی ہیں جو احادیث اور آثار کا تتبع نہیں کرتے اور متقدمین میں سے کسیکے اصول پر مسائل کی تخریج کرتے ہیں اور نظیر کو نظیر ہی پر محمول کرتے ہیں اور یہہ مطلب اہل راے سے نہیں ہی کہ جو سمجھہ اور عقل کو دخل دیتے ہیں اور قیاس اور استنباط سے کام لیتے ہیں اِس لیئے کہ اگر راے سے مراد نفس فہم اور عقل ہو تو کوئی اہل حدیث نہو اور سب کے سب صاحب الراے کہلائے جاویں حالانکہ ایسا نہیں ہی امام احمد حنبل اور اسحاق بن راہویہ بلکہ امام شافعی بھی اصحاب الراے سے خارج اور اہل حدیث میں داخل سمجھے جاتے ہیں لیکن آخر وہ بھی استنباط کرتے تھے اور قیاس سے کام لیتے تھے *

غرضکہ مابہ الامتیاز دونوں میں یہہ ہی کہ جو کتاب و سنت کو بلا پابندی کسی شخص کے اصول کے پیش نظر رکھکر اُن سے مسایل کو لے یا استنباط کرے وہ اہل حدیث ہی اور جو کتاب و سنت کے علم کو پہلوں ہی پر ختم سمجھے اور کسی شخص یا کسی فرقہ کے اصول اور کلام ہی پر مدار فقہ کا رکھے اور اُسی کے مقرر کیئے ہوئے اصول اور بتلائے ہوئے قاعدوں پر استخراج کرے وہ صاحب الراے ہی *

چھتے تقلید اور عمل بالحدیث پر ایک مقلد اور غیر مقلد کا مباحثہ

مقلد سایل حضرت حنفی ہیں کہ شافعی *

غیر مقلد مجیب میں محمدی ہوں نہ حنفی نہ شافعی اِس لیئے کہ میں جس پیغمبر پر ایمان لایا اور جسکی نبوت کا معتقد ہوا اُسی سے اپنے آپ کو منسوب کرتا ہوں *

مقلد — معلوم ہوا کہ آپ غیر مقلد ہیں اور تقلید کو آپ واجب نہیں جانتے ہیں *

غیر مقلد — بلاشک میں تقلید کو واجب نہیں جانتا اِس لیئے کہ نہ خدا کی کتاب سے اُس کا وجوب ثابت ہوتا ہی نہ رسول خدا کی کسی حدیث سے *

مقلد — تقلید کا وجوب اجماع سے ثابت ہی اور اجماع کا اتباع واجب ہی اور اُس کا منکر کافر ہی *

غیر مقلد — اجماع کی تعریف کیا ہی *

مقلد — الاجماع ہو فی اللغۃ الاتفاق و فی الشریعۃ اتفاق مجتہدین صالحین من امۃ محمد علیہ الصلوۃ والسلام فی عصر واحد علی امر قولی او فعلی یعنی لغت میں تو اِسکے معنی ہیں اتفاق کے اور شریعت کی اصطلاح میں اتفاق کرنا نیک اور صلاحیت رکھنے والے مجتہدین کا امت محمدی سے کسی ایک زمانہ میں اوپر کسی امر قولی یا فعلی کے *

غیر مقلد — مجتہدین اور صالحین کے قیود کی وجہہ بیان کیجیئے *

مقلد — المراد بالمجتہدین جمیع المجتہدین الکائنین فی عصر من الاعصار و احترزبہ عن اتفاق المقلدین و احترزبقولہ صالحین عن اتفاق مجتہدین ذوی ہوی او فاسقین (حاشیہ نورالانوار) و قید بالمجتہدین اذلا عبرۃ باتفاق العوام و عرف بلام الاستغراق احترازا عن اتفاق بعض مجتہدی عصر (تلویح) و اہل الاجماع من کان مجتہدا صالحا الا امایستغنی عن الراے (نورالانور) اسی سے معلوم ہوا کہ تمام اُن مجتہدین کا اتفاق ضرور ہی جو کہ نیک ہوں اور صلاحیت راے دینے کی رکھتے ہوں اور فاسق اور بدعتی نہوں *

غیر مقلد — اب آپ ہی انصاف فرمائیئے کہ بعد ائمہ اربعہ کے کتنے مجتہدین صالحین کا اجماع تقلید کے وجوب پر ہوا ہی اول تو تقلید کی بدولت کسی پر مجتہد کا اطلاق آپ کر ہی نہیں سکتے دوسرے جو مجتہد ہوئے ہیں وہ تقلید کے عدم وجوب کے معتقد رہے ہیں خیر اب یہہ فرمائیئے کہ اجتہاد کی تعریف کیا ہی اور مجتہد ہونے کے لیئے کیا شرط ہی *

مقلد — والاجتهاد هو في اللغة تحمل الجهد الى المشقة و في الاصطلاح استفراغ الفقيه الوسع لتحصيل ظن بحكم شرعي و معني استفراغ الوسع بذل تمام الطاقة بحيث يحس من نفسه العجز عن المزيد عليه و شرط الاجتهاد ان يجمع العلم بامور ثلثة الاول الكتاب و المراد بالكتاب قدر مايتعلق بمعرفة الاحكام الثاني السنة قدرمايتعلق بالاحكام و وجوه القياس بشرائطها و اقسامها واحكامها (تلویح) پس جو شخص کتاب اور سنت کو جسقدر کہ متعلق احکام کے ہو اور وجوہ قیاس کو جانے وہ مجتہد ہی *

غیر مقلد — اگر کسي بات پر ایک زمانہ کے مجتہدین نے اجماع کیا ہو اور دوسرے زمانہ کے مجتہدین کا اجماع برخلاف اُسکے ہو تو دوسرا اجماع بھي واجب الاتباع ہی یا نہیں *

مقلد — قيل يشترط للاجماع اللاحق عدم الاختلاف السابق عند ابي حنيفة رحمة الله عليه وليس كذلك في الصحيح بل الصحيح انه ينعقد عنده اجماع متاخر و يرتفع الخلاف السابق من الاجماع اللاحق (نور الانوار) قوله انه ينعقد عنده اے عند الامام الاعظم اجماع متاخرا اذ المعتبر انما هو اتفاق مجتهدي العصر سواء تقدم الخلاف اولا و الدلايل الدالة على حجة الاجماع ليست بمقيدة بعدم الاختلاف السابق قوله ويرتفع الخلاف السابق لان دليل السابقين المخالفين لم يبق دليلاً يعتدبه بعد ماانعقد الاجماع على خلافه كما اذا نزل نص بعد العمل بالقياس (حاشية نور الانوار) یعني دوسرا اجماع خلاف اجماع سابق کے جائز ہی اور پہلا اجماع مرتفع ہوکر دوسرے اجماع کا اتباع واجب ہی اس لیئے کہ دوسرے اجماع نے پہلے اجماع کو ایسا باطل کردیا جس طرح کہ نص کے مل جانے سے قیاس کا حکم باطل ہو جاتا ہی *

غیر مقلد — حضرت نسخ میں اور اسمیں کچھہ فرق ہی ولانسخ بعد انقطاع الوحي *

مقلد — اجيب بجوازه فيمابينه بالاجتهاد علي معني انه لما انتهي ذلك الحكم فانتهاء المصلحة و فق الله المجتهدين للاتفاق على القول الاخر و رفع الخلاف وان لم يعرفوا مدة الحكم وتبدل المصلحة (تلویح) کہ ایسا نسخ ان معني کرکے جائز ہی کہ وہ حکم بسبب نرہنے مصلحت کے تمام ہوگیا تب خدا نے دوسرے زمانہ کے مجتہدین کو دوسرے قول پر متفق کردیا گو وہ مدت حکم کي اور مصلحت کي تبدیل کے سر سے واقف نہوں لیکن الامة اذا اختلفوا في مسئلة في اي عصر كان على اقوال كان اجماعا منهم على ان ماعداها باطل ولايجوز لاحد بعدهم احداث قول آخر و قيل هذا في الصحابة خاصة و هذا يسمي اجماعا مركبا (نور الانوار) پس جب کسي مسئلہ میں کسي زمانہ کے لوگوں میں اختلاف ہوچکا ہو تو اُن قولوں کے سوا تیسرا قول باطل ہی اور پھر بعد اُنکے آنے والے لوگوں کو نئي بات کا نکالنا جائز نہیں ہی اور بعضوں نے یہہ کہا ہی کہ یہہ مخصوص ساتھہ صحابہ کے ہی *

غیر مقلد — اس اصول کے قایم کرنے سے غرض حضرات فقہا کي یہي ہی کہ انحصار مذاهب کا انھیں چار میں ہو جاوے لیکن اگر اختلاف سے مراد ایک ہي زمانہ کا اختلاف ہی تو وہ ان مذاهب میں بھي موجود ہی کہ امام مالک اور امام ابوحنیفہ دونوں ہمعصر تھے اور باہم مخالف اور اگر ایک زمانہ کے اختلاف کي خصوصیت نہیں ہی پس کیونکر ہمارا اختلاف معتبر نہوگا جس طرح کہ امام شافعي اور احمد حنبل کا اختلاف معتبر ہوا † اور موافق اصول ماعداها باطل کے باطل نہ تہرا *

مقلد — الجواب عنه صعب (نور الانوار) بیشک یہہ ذرا مشکل بات ہی الا ان يقال الاختلاف المعتبر هوالذي في زمان واحد والشافعي وغيره اذا قالوا قولاً انمايقولان اذا جرى به راے ابي يوسف و محمد مع ابيحنيفة او كان اختلاف بين الصحابة ناخذ ابوحنيفة رحمة الله بقول صحابي و مالك والشافعي بقول صحابي اخر (تفسیر احمدي) پس اختلاف معتبر وهي ہی جو ایک زمانہ میں ہو اور اس سے مذہب شافعي وغیرہ کا باطل نہیں ہوتا اسلیئے کہ جو کچھہ اُنہوں نے اختلاف کیا ہی یا تو وهي ہی جس میں پہلے سے امام ابوحنیفہ کے شاگرد اُن سے مخالف تھے یا وہ اختلاف صحابہ میں پہلے ہي ہوچکا تھا *

غیر مقلد — خدا کے لیئے انصاف کرو کہ یہہ کیسي بارد دلیل ہی اور اُسکا بیان کرنا عقلا کي شان سے کیسا بعید ہی کہ ایک زمانہ کا اجماع دوسرے زمانہ کے اجماع کو منسوخ کردے اور وہ لطف الٰہي سمجھا جاوے اور ایک زمانہ کے دو مختلف قولوں کے بعد دوسرے زمانہ میں تیسرے قول کا نکالنا جایز ہي نہو بلکہ باطل تہرے *

مقلد — کیا آپ اجماع کے منکر ہیں *

غیر مقلد — اجماع کي دو صورتیں ہیں ایک یہہ کہ مستند اُسکا کتاب و سنت ہو دوسرے یہہ کہ فقط علما اور فقہا کا اتفاق ہي اتفاق ہو خواہ کسي ضرورت سے خواہ کسي مصلحت سے پہلي صورت کا

† یہہ تقریر نور الانوار کي ہی —

اجماع واجب‌الاتباع هى اور در حقيقت وه كتاب و سنت كا اتباع هى اور دوسري قسم كا اتباع نهايت هي برا هى *

مقلد — همارى غرض بهي اجماع سے پهلا هي اجماع هى ليكن يهه ضرور نهيں هى كه هم هر اجماع كي نسبت ثابت كرسكيں كه مستند اُسكا كتاب و سنت هى مگر چونكه بے ايسے استناد كے علما كا اجماع هونا محال هى اسليئے هر اجماع كو پهلي هي قسم كا اجماع سمجهنا چاهيئے *

غير مقلد — يهي آپ كي غلطي هى *

مقلد — دليل اس غلطي كي بيان كيجيئے *

غير مقلد — سنيئے خدا فرماتا هى كه اذا قيل لهم اتبعوا ما انزل‌الله قالوا بل‌نتبع ما الفينا عليه آبائنا كه جب اُنسے كها جاتا هى كه ايمان لاؤ تو وه يهي كهتے هيں كه هم اُسي كي پيروي كرتے هيں جو همنے اپنے باپ دادوں كو پايا پس وه بهي اپنے بزرگوں كے اجماع كو ايسے هي خيال سے واجب‌الاتباع جانتے تهے *

دوسري آيت ميں خدا فرماتا هى كه اتخذوا احبارهم و رهبانهم ارباباً من دون‌الله كه يهوديوں و عيسائيوں نے اپنے احبار اور رهبانوں كو اپنا رب ٹهرا ليا هى حالانكه نه كوئي يهودي نه كوئي عيسائي كسي رهبان كو رب كهتا تها بلكه اُنكي نسبت ايسا خوش عقيده ركهتے تهے كه جو وه حلال كهه ديتے اُسكو حلال جانتے جو وه حرام كهه ديتے اُسكو حرام سمجهتے † *

اگر خدا كي كتاب پر اطمينان نهو تو فقها اور علما كے اقوال سنيئے قال‌الشعبي ماحدثوك هؤلاء عن رسول‌الله صلى الله عليه وسلم فخذبه وما قالوه برائهم فالقه في‌الحشيش (ازالة‌الخفا) كه جو لوگ پيغمبر خدا كي طرف سے كهيں اُسے تو لى او اور جو اپني رائے سے كهيں اُسے پاخانه ميں ڈال دو *

عن عبدالله ابن عباس وعطاء ومجاهد ومالك بن انس رضى‌الله عنهم انهم كانوا يقولون مامن احد الا وهو ماخوذ من كلامه و مردود عليه الا رسول‌الله صلى‌الله عليه وسلم عبدالله‌ابن عباس اور عطا اور مجاهد اور مالك ابن انس ان سب كا يهه قول تها كه كوئي شخص نهيں هى مگر اُس كا كلام ليا جاسكتا هى اور ترك بهي هوسكتا هى سوائے رسول مقبول صلى‌الله عليه وسلم كے *

قال بعض السلف ماجاء نا عن رسول الله صلى‌الله عليه وسلم قبلناه على‌الراس والعين و ماجاءنا عن‌الصحابة رضي‌الله عنهم فناخذ منه و نترك و ماجاء نا عن‌التابعين فهم‌رجال‌و نحن رجال كه جو كچهه پيغمبر خدا نے فرمايا هى وه تو همارے سر پر اور همارى آنكهوں پر اور جو كچهه صحابه نے كها اور كيا هى اُس سے هم ليتے بهي هيں اور چهوڑتے بهي هيں اور جوكچهه تابعين نے كها اور كيا هى تو وه بهي آدمي تهے اور هم بهي آدمي هيں و منها ان‌يكون اعتماده في علومه على بصيرته وادراكه لصفاء قلبه لاعلى‌الصحف والكتب ولا على تقليد مايسمعه من غيره وانما‌المقلد صاحب‌الشرع صلوات الله عليه وسلامه و من انكشف عن قلبه الغطاء واستنار بنورالهداية صار في نفسه متبوعا مقلدا فلاينبغي ان يقلد غيره كه عالم كي صفات ميں سے ايك يهه هى كه وه اپنے علوم ميں اپني بصيرت اور ادراك پر زياده بهروسه كرے نه صحيفوں اور كتابوں پر اور نه دوسرے كي تقليد پر كيونكه وه شخص جسكي تقليد ضرور هى صرف صاحب شريعت هى پس جو شخص نور هدايت سے اپنے دل كو روشن كريگا وه خود متبوع هوگا نه كه مقلد تو كيونكر دوسروں كي تقليد كرنا زيبا هوگا *

و منها ان‌يكون شديدالتوقي من محدثات‌الامور وان اتفق عليه الجمهور فلايغرنه اطباق الخلق على ما احدث بعدالصحابة رضي‌الله‌عنهم (احياء‌العلوم) يعني هميشه محدثات امور سے بچتا رهے گو سب كے سب اُسپر متفق هوں اور هرگز اجماع خلايق پر بعد صحابه كے فريفته نهو اِس ليئے كه يهه بڑا دهوكا هى فان‌الناس واڑ رايا فيما هم فيه اميل طباعهم اليه ولم تسمح نفوسهم بالاعتراف بان ذالك سبب الحرمان من‌الجنة فادعوا انه لاسبيل الى‌الجنة سواه غرضكه يهه اقوال اور مثل اِس كے هزار قول اور هيں جن سے برائي اُس اجماع كي ثابت هوتي هى جسكا مستند كتاب و سنت نهو *

مقلد — وجوب تقليد پر جو اجماع هى وه پهلي هي قسم كا هى كه اُس كا مستند كتاب و سنت هى *

يهه آپ كي غلطي هى تقليد پر جو اجماع هى وه وه اجماع نهيں هى جس كا مستند كتاب و سنت هو *

مقلد — اسكو ثابت كيجيئے *

غير مقلد — سنئے اجماع كو جو اهل اصول نے مثل كتاب و سنت كے شرعي حجت قرار ديا هى اُس پر غور كرنا ضرور هى كه سبب اِس كا كيا هى پس اگر يهه كها جاوے كه فقط اُمت كا جمع هوجانا

† ديكهو ترمذي شريف

اور سب لوگوں کا ایک بات پر اتفاق کرلینا هي حجت شرعي مثل قران و حدیث کے هی تو عقل سلیم اِس کو قبول نکریگي که اُن لوگوں کي راے جو که غیر معصوم هیں صرف اتفاق کے سبب سے ایک معصوم کے قول یا خدا کے کلام کي نه صرف برابر هووے بلکه اُس کو منسوخ کردے جیسا که صاحب دراساۃاللبیب فی الاسوۃالحسنۃ بالحبیب اپني کتاب کي دراسة ثامنه میں لکھتے هیں ان نفس الاجماع عبارۃ عن اراء مجتمعة من علماء عصر واحد و اراء الرجال لیست من نسخ کلام المعصوم في شيئی ولیس في نفس اجماع الامة بمجردہ عندي مایوجب القطع یعني اجماع عبارت هی کسي زمانه کے علماء کي رایوں کے جمع هونے سے اور آدمیوں کي رایوں کو ایسي قدرت نهیں هوسکتي که وہ کسي بات کو معصوم کي منسوخ کردے پس میرے نزدیک فقط اُمت کا اجماع دلائل ناطقه میں سے نهیں هی پس جب اِس قسم کا اجماع یعني فقط اتفاق کرلیناهي لوگوں کا قابل حجت نه ٹهرا تو ضرور هوا که اُس اجماع کي کوئي سند کتاب و سنت سے هووے یعني کسي آیت یا کسي حدیث کے سبب سے اُس اجماع کا هونا پایا جاوے پس ایسے حال میں درحقیقت کتاب و سنت حجت شرعي ٹهرے نه نفس اجماع بلکه اجماع صرف اُس کے مطلب اور مراد کا ظاهر کرنے والا ٹهرا اور چونکه ثبوت اجماع کے لیئے ضرور هی که تمام حافظان حدیث اور مشایخ اور مجتهدین زمانه کے اُس میں داخل هوں اور اُن سب کا اِتفاق هو تو ایسي حالت میں امة محمدي کا ضلالت پر اجماع کرنا † محال هی اسلیئے که قطع نظر نقل کے عقل سلیم بھي قبول نهیں کرتي که سارے علما اور فقها اور محدث ایسي بات پر اجماع کریں جو که کتاب و سنت کے مخالف هو لیکن ایسا اجماع جسکا مستند کتاب و سنت هو اور جسمیں تمام محدثین اور فقها داخل هوں نسبت تقلید کے نهیں هی که اس کو هم ثابت کرتے هیں چند دلیلوں سے *

اولاً — خدا کي کتاب سے پهلي آیت اتبعوا ما انزل الیکم من ربکم ولا تتبعوا من دونه اولیاء *

دوسري آیت فبشر عبادي الذین یستمعون القول فیتبعون احسنه اولئک الذین هداهم الله و اولئک هم اولو الالباب *

تیسري آیت فان تنازعتم في شيئی فردوہ الی الله والرسول ان کنتم تؤمنون بالله و الیوم الاخر *

ابن حزم جسکے کلام کو شاہ ولي الله صاحب نے اپني کتاب حجة الله البالغه میں نقل کیا هی یهي آیتیں حرمت تقلید کے ثبوت میں بیان کرتا هی حیث قال التقلید حرام ولایحل لاحد ان یاخذ قول احد غیر رسول الله صلی الله علیه و سلم بلابرهان که تقلید حرام هی اور کسیکو جائز نهیں هی که کسیکے قول کو سواے رسول مقبول صلی الله علیه و سلم کے بغیر دلیل کے قبول کرے اور ابن حزم ان روایتوں کو نقل کرکے یهه نتیجه نکالتا هی که فلم یبح الله تعالی الرد عند التنازع الی احد دون القران و السنة و حرم بذالک الرد عند التنازع الی قول قایل لانه غیر القرن و السنة یعني نهیں مباح کیا هی الله تعالی نے رجوع کرنا وقت تنازع کے کسي کي طرف سواے قران اور حدیث کے اور حرام کردیا هی اِس سے رجوع کرنا کسي کهنے والے کي بات پر اِس لیئے که وہ قران وسنت نهیں هی *

ثانیاً — احادیث نبوي باب الاعتصام بالکتاب و السنة احادیث صحاح کے ملاحظه سے ثابت هوتا هی که پیغمبر خدا علیه التحیة و الثناء نے همیشه تاکید اپني اور اپني اصحاب کي کي پیروي کي اور نئي باتوں سے بچنے اور اپني احادیث پر تمسک کرنیکي کي هی اور تقلید سے سواے اپنے اپنے امام کے اقوال کي تبعیت کے کوئي نه حدیث پر عمل کرنے کا مجاز هی نه اقول و اعمال صحابه پر تمسک کرسکتا هی *

ثالثاً — اقوال صحابه و تابعین و تبع تابعین عن ابن عباس اماتخافون ان تعذبوا و یخسف بکم ان تقولوا قال رسول الله صلی الله علیه و سلم و قال فلان که حضرت ابن عباس کهتے هیں که کیا تم عذاب نازل هونے سے نهیں درتے هو جو یهه کهتے هو که پیغمبر خدا نے فرمایا اور فلاں شخص نے یوں کها هی یعني پیغمبر صاحب کے قول کے بعد دوسرے کے قول کو دیکھتے هو قال ابن عمر لجابر ابن زید انک من فقهاء البصرۃ فلاتفت الا بقران ناطق اوسنة ماضیة فانک ان فعلت غیر ذالک هلکت و اهلکت که حضرت ابن عمر نے جابر ابن زید سے کها که تم بصرہ کے فقیهوں میں سے هو اِس لیئے تم فتوی نه دینا بجز قران ناطق اور حدیث صریح کے ورنه خود هلاک هوگے اور اَوروں کو هلاک کروگے *

[باقي پرچه آیندہ] سید مهدي علي

† اجماع کے معنی اتفاقیه جمع هوجانا لوگوں کا کسي بات پر نهیں هی یعني اگر کوئي بات ایسي هو که اُس کو سب لوگ بغیر غور و فکر کے کهتے یا کرتے چلے آئے هوں تو اُس پر اطلاق اجماع کا نهیں هوسکتا بلکه اجماع کے لیئے ضرور هی که اُس پر بحث و تکرار هوئي هو اور دلایل موافق و مخالف بحث میں آئے هوں اور بعد تمام مباحثه کے کسي امر پر اجماع هوگیا هو پس اگر بعد اُس اجماع کے کوئي ایسي دلیل مخالف برآمد هو جو اُس اجماع میں مباحثه میں نهیں آئي تهي تو وہ اجماع حجت نهیں رهتا —

بمقام علیگدہ — مطبع علیگدہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور باهتمام
منشي محمد مشتاق حسین شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] يكم جمادي الاول سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۷

بسم الله الرحمن الرحيم

بقيه مضمون پرچه نمبر ۶

تقليد اور عمل بالحديث

اخرج الترمذي عن ابى السائب قال كنا عند وكيع فقال الرجل ممن ينظر فى الراے اشعر رسول الله صلى الله عليه و سلم و يقول ابو حنيفه هو مثلة فقال الرجل فانه قد روى عن ابراهيم النخعي انه قال الاشعار مثلة قال رايت وكيعا غضب غضباً شديداً وقال اقول قال رسول الله صلى الله عليه و سلم و تقول قال ابراهيم ما احقك بان تحبس ثم لاتخرج حتى تنزع عن قولك هذا ترمذي نے ابي سائب سے روايت كي هى كه ميں وكيع كے پاس بيٹها هوا تها كه أنهوں نے ايک آدمي سے جو كه صاحب الراے تها كها كه پيغمبر خدا صلى الله عليه و سلم نے اشعار كيا هى اور ابو حنيفه كهتے هيں كه وه مثله هى تو اُس آدمي نے كها كه ابراهيم نخعي سے ايسي هي روايت پهونچي هى يهه سنكر وكيع كو نهايت غصه هوا اور كهنے لگے كه ميں تو كهتا هوں كه فرمايا هى پيغمبر خدا صلى الله عليه وسلم نے اور تو كهتا هى كه كها هى ابراهيم نخعي نے پس تيري يهي سزا هى كه تو قيد كيا جاوے اور جب تک اپنے اِس قول سے نه پهرے تب تک جيلخانه ميں رهے *

حديث عبادة بن الصامت الانصاري النقيب صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم انه غزا مع معاوية ارض الروم الى قوله فقال عبادة احدثک عن رسول الله صلى الله عليه و سلم و تحدثني عن رائک ان اخرجني الله سبحانه لا اساكنک بارض لک على فيها امرة (دراماة) عبادة بن الصامت نے امير معاويه سے كها كه يهه لوگ چاندي كے ٹكڑوں كو درهم سے اور سونے كے ٹكڑوں كو دينار سے فروخت كرتے هيں يهه سود هى اِس لئيے كه آں حضرت صلى الله عليه وسلم نے فرمايا هى كه لاتبايعوا الذهب بالذهب الا مثلا بمثل امير معاويه نے كها كه ميں اِسكو ربا نهيں جانتا تو وه غصه هوئے اور كهنے لگے كه ميں تو پيغمبر خدا عليه التحية والثنا كا قول بيان كرتا هوں اور تم اپني راے بيان كرتے هو اگر خدا نے مجهے اِس جگهه سے نكالا تو كبهي ميں وهاں نرهونگا جهاں تم امير هو *

قال المهدوي وروينا عن محمد الكوفي وكان من اسلام بمكان قال رايت الشافعي رحمة الله تعالى بمسئلة يفتي الناس الى قوله فقال الشافعي رحمة الله عليه ما احوجني يا اسحاق إن يكون غيرک في موضعک فكنت امرة لغيرک أذنيه اقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم و انت تقول عطاء و طاؤس و ابراهيم والحسن و هل لاحد مع رسول الله صلى الله عليه و سلم حجة كه ايک جگهه امام شافعي اور امام احمد اور

اسحاق بن راهویه جمع تھے ایک مسئله پر امام شافعي نے حدیث نقل کي اسحاق بن راهویه نے بمقابل اُس کے حسن اور ابراهیم اور عطاء اور طاؤس کي راے اور قول کو مخالف اُس کے نقل کیا امام شافعي غصه هوئے اور کها که اے اسحاق افسوس هی بجاے تیرے دوسرا آدمي نهوا ورنه میں اُسکي گوشمالي کراتا که میں تو پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم کي حدیث نقل کرتا هوں اور تم عطاء اور طاؤس اور ابراهیم اور حسن کے قول کو نقل کرتے هو کسیکو پیغمبر خدا کے ساتھه کچهه حجت نهیں هی *

قال محشي السنة وجاء رجل الی مالک فسئله عن مسئلة فقال له قال رسول الله صلی الله علیه وسلم کذا و کذا فقال الرجل ارایت فقال مالک فلیحذر الذین یخالفون عن امره ان یصیبهم فتنة او یصیبهم عذاب الیم الاقواه ان التعزیر الوارد علی مثل اسحاق رحمة الله علیه مع جلالة قدره من الشافعي رحمة الله علیه لم یکن فی ازید من التفوه بقول الفقیهه في مقابلة الحدیث که ایک شخص نے امام مالک سے آکر ایک مسئله پوچها اُنهوں نے کچهه جواب دیا که ایسا ایسا فرمایا هی پیغمبر خدا صلی الله علیه و سلم نے اُس شخص نے کها پهر تم کیا کهتے هو امام مالک خفا هوئے اور کها که تونے قدر پیغمبر خدا کي نه جاني اب تو سوچ که اسحاق بن راهویه سے جلیل القدر امام کو امام شافعي نے صرف اسي سبب سے قابل تعزیر جانا که اُنهوں نے مقابله میں حدیث کے فقیهه کے قول کو نقل کیا تها پس اِس قول سے امام مالک نے اُس شخص کو ڈرایا جو که بمقابله حدیث کے دوسري راے دریافت کرے *

قیل للشعبي الاتحضر المسجد فقال لقد ابغض الي هؤلاء هذا المسجد حتی صار ابغض الي من کناسة داري فقیل له من هؤلاء یا ابا عمرو فقال اصحاب الراے که شعبي رحمة الله علیه سے لوگوں نے کها که آپ مسجد میں نهیں آیا کرتے اُنهوں نے جواب دیا که لوگوں نے مجهے مسجد کا ایسا دشمن کردیا هی که میں اُسکو اپنے گهر کي بري سي بري جگهه سے بهي زیاده برا جانتا هوں لوگوں نے کها که وه کون سي لوگ هیں تب اُنهوں نے کها که اصحاب راے *

قالوا لاحمد مرة لم لاتصنع للناس في الفقه شیئاً فقال اولاحد کلام مع الله تعالی و رسوله صلی الله علیه و سلم که امام احمد حنبل سے کسیئے کها که آپ فقه میں کوئي کتاب کیوں نهیں لکهتے جواب دیا که خدا اور رسول کے هوتے هوئے کسي کو مجال کلام کي نهیں هی *

غرض که مثل اِس کے اَوْر صدها اقوال صحابه و تابعین کے هیں جن سے ثابت هوتا هی که تقلید کسي کي سواے رسول مقبول صلی الله علیه و سلم کے نه چاهیئے لیکن هم قطع نظر ان اقوال کے خاص چاروں امام کے اقوال کو نقل کرتے هیں جن سے ثابت هوتا هی که اُنهوں نے اپني تقلید کامل کو جائز هي نهیں رکها *

یواقیت و جواهر میں لکها هی که روي عن ابي حنیفة رح انه کان یقول لاینبغي لمن لایعرف دلیلي ان یفتي بکلامي † و کان رضی الله عنه اذا افتی یقول هذا راے النعمان ابن ثابت که امام ابو حنیفه فرماتے تهے که جو شخص میري دلیلوں کو نه جانے اُسے سزاوار نهیں هی که میرے کلام پر فتوی دے اور خود اُن کا یهه قاعده تها که جب وه کچهه فتوی دیتے تو صاف یهه کهدیتے که یهه راے نعمان ابن ثابت کي یعني میري هی *

روي الحاکم والبیهقي عن الشافعي رضي الله عنه انه کان یقول اذا صح الحدیث فهو مذهبي و في روایة اذا رایتم کلامي یخالف الحدیث فاعملوا بالحدیث و اضربوا بکلامي الحائط که حاکم اور بیهقي نے امام شافعي سے روایت کي هی که وه کها کرتے تهے که اگر حدیث کي صحت هوجاوے تو وهي مذهب میرا هی اور ایک روایت میں آیا هی که وه کهتے تهے که اگر کوئي کلام میرا حدیث کے مخالف هو تو حدیث پر عمل کرو اور میري بات کو دیوار سے پٹکو *

وقال یوما للمزني یا ابرهیم لا تقلدني في کل ما اقول وانظرفي ذالک لنفسک فانه دین که امام شافعي اپنے شاگرد مزني سے کها کرتے که ای ابراهیم میري تقلید نه کرنا هرایک بات میں جو کهتا هوں بلکه تو اپني ذات سے بهي اُس پر نظر کرنا اِسلیئے که یهه دین هی اسمیں اعتماد اَوْر کسي کے قول پر نهیں چاهیئے *

و کان رضی الله عنه یقول لا حجة في قول احد دون رسول الله صلی الله علیه و سلم و ان کثروا لافي قیاس و لافي شئی که امام شافعي کها کرتے که کسیکا قول کسیکا قیاس اور کوئي چیز کسي امر میں کچهه حجت نهیں هی سواے رسول مقبول صلی الله علیه و سلم کے اگرچه اُس قول اور قیاس پر بهت سے شخص متفق هوں *

و کان الامام احمد رضی الله عنه یقول لیس لاحد مع الله و رسوله کلام که امام احمد حنبل فرماتے تهے که خدا اور رسول کے ساتهه کسیکو کلام نهیں هی *

و قال ایضاً لرجل لاتقلدني و لا تقلدن مالکا ولاالاوزاعي ولا النخعي و لاغیر هم و خذالاحکام من حیث اخذوا من الکتاب والسنة که امام احمد حنبل نے ایک شخص سے کها که تو نه میري تقلید کر اور نه امام مالک کي نه اوزاعي کي نه نخعي کي اور نه کسي اَوْر کي بلکه جهاں سے اُنهوں نے احکام نکالے هیں یعني کتاب وسنة سے وهیں سے تو بهي نکال *

† برخلاف اس کے مقلدین فرماتے هیں که به تحقیق علماء فرموده اند واجب است اتنا بقول امام اعظم هرچند نه داند از کجا گفته چنانکه در فتاوي خیریه وغیره گفته ـ لوامع الالهام لدفع الاوهام ـ

تقلید اور عمل بالحدیث

تقلید اور عمل بالحدیث

من ابي يوسف و زفر رحمة الله عليهما انهم قالوا لا يحل لاحد ان يفتي بقولنا ما لم يعلم من اين قلنا کہ امام ابو یوسف اور زفر رحمۃ اللہ علیہما نے یہا کہی کہ حلال نہیں ھی کسیکو یہہ کہ فتوی دے ھمارے قول پر جب تک وہ یہہ نہ جانے کہ کہاں سے ھمنے کہا ھی *

پس باوجود ایسي تصریحات کے جو اُن ائمہ اربعہ اور انکے خاص شاگردوں نے عدم تقلید پر کي ھیں اگر کوئي تقلید کو واجب اور عمل بالحدیث کو ناجائز کہے وہ حقیقت میں ان اماموں کا مقلد نہیں ھی بلکہ اپني ہوا و ھوس اور رسم و رواج کي پابندي کا *

غرضکہ ان چند قولوں کے نقل کرنے سے ثابت ھوا کہ نہ † صحابہ کے زمانہ میں نہ تابعین کے زمانہ میں نہ تبع تابعین کے زمانہ میں تقلید جاري ھوئي نہ کسي نے اُن قرون ثلثہ میں اسکو واجب جانا بلکہ جس طرح پر آج کل لوگ عمل کرتے ھیں ایسا عمل کسي کے قول پر بھي نہیں کیا تو باوجود اسکے پھر یہہ دعوی کرنا کہ تقلید واجب ھی اور تارک اُسکا گنہگار اور واجب التعزیر حقیقت میں دوسري شریعت قایم کرنا اور نیا دین کھڑا کرنا ھی و نعوذ باللہ منہ *

اگر ھم ان زمانوں پر بھي خیال نہ کریں اور آیندہ آنے والے زمانوں پر نظر کریں کہ پھر پیچھے تقلید پر اجماع ھو گیا ھو تو وہ بھي ھم نہیں پاتے اِس لیئے کہ بعد اُسکے جتنے لوگ ھوئے وہ یا محدث تھے یا اھل تصوف یا فقہا یا عوام پس اصلي محدث تو ھزاروں میں ایک ھي دو ایسے ھونگے جنھوں نے تقلید کي ھو ورنہ جو لوگ اصل حدیث کے جمع کرنے والے اور اُسکے جاري کرنے والے ھیں وہ تقلید کے نام سے بھاگتے تھے اور اُسکو بدعت جانتے تھے اور جو اھل تصوف تھے اُنکا بھي یہي حال ھی کہ ھمیشہ تقلید سے نفرت کیا کیئے اَور اُسکي برائي بیان کرتے رھے وہ گئے فقہا اور علما اُن میں سے بھي جو محقق تھے وہ غیر مقلد رھے اور جو تحقیق اور اجتہاد کے اعلی درجہ پر نہ تھے اُنھوں نے تقلید پر قناعت کي اور عوام تو کالانعام ھیں اُنکا کچھہ ذکر نہیں پس حقیقت میں اجماع جسکا نام ھی وہ کسي زمانہ میں نسبت وجوب تقلید کے نہیں ھوا ھاں اِسمیں شک نہیں ھی کہ چوتھي صدي سے ابتک اکثر لوگ تقلید کے پابند ھوگئے اور روز بروز اُسکي پابندي بڑھ گئي مگر بمقابلہ محدثین اور محققین کے اَور لوگوں کي کثرت کچھہ بھي لایق لحاظ کے نہیں ھی ورنہ صرف کثرت پر اگر لحاظ کیا جاوے تو ساري بدعتیں اور تعزیہ پرستي اور قبرپرستي وغیرہ سب اِسي اجماع کي دلیل سے عبادت میں داخل ھوجاویں اور اُنکا ترک کرنا خرق اجماع کہلاوے ولم یقل بہ احد اور اجماع کي نسبت اھل اصول نے بھي یہي کہا ھی کہ اجماع مجتہدین صالحین کا اجماع ھی نہ اجماع مقلدین کا اور مطابق قول مقلدین کے مجتہد بعد ائمہ اربعہ کے کم ھوئے ھیں اور جو مجتہد ھوا ھی وہ مقلد نہیں ھوا پس جسقدر اور علماء اور فقہا تقلید کے وجوب کے معتقد ھیں اُنکا اجماع حقیقت میں مطابق اصول کے اجماع نہیں ھی *

مقلد — آپ کے روبرو جب ھمنے علما فقہا کے اقوال کو تقلید کے وجوب پر پیش کیا تب آپ نے اُنکو تسلیم نہ کیا اور پھر آپ اُنھیں کے اقوال کو اپنے دعوی عدم وجوب تقلید پر پیش کرتے ھیں *

غیر مقلد — در حقیقت ھم تو صرف کتاب و سنت ھي کو دلیل عدم وجوب تقلید کي جانتے ھیں مگر چونکہ آپ اور اس زمانہ کے اکثر لوگ عادي اِسکے ھوگئے ھیں کہ بغیر حوالہ کتاب اور سند علما کے اقوال کے وہ کسي بات کو نہیں مانتے اِس لیئے ھمنے آپ کے اور اس زمانہ کے لوگوں کے سمجھانے کے لیئے اُنکے قولوں کو نقل کیا اور نقل کرنے پر آمادہ ھیں ورنہ ھم اپني ذات کے لیئے اُسکي کچھہ ضرورت نہیں سمجھتے ھمکو تو خدا اور رسول کے کلام پر تمسک ھی اور اسپر ایسا یقین ھی کہ بالفرض اگر ایک مولوي اور ایک عالم کا قول بھي ھمارے موافق نہوتا تب بھي ھمارے عقیدہ میں کچھہ خلل نہ آتا اور خدا کي کتاب اور رسول کے اقوال کو چھوڑ کر ھم کسي کي بات پر کان بھي نہ لگاتے علاوہ اسکے ان قولوں کے نقل کرنے سے ھماري غرض یہہ ھی کہ جو بار بار آپ کي زبان سے لفظ اجماع کا نکلتا ھی اُسکا بطلان ظاھر ھوجاوے اور ان بڑے بڑے محققین و علما اور ائمہ دین کے اقوال سے آپ کے دعوی وجوب تقلید کا غلط ھونا سب پر کھل جاوے ھمکو سخت حیرت ھوتي ھی کہ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین اور محدثین اور مجتہدین اور محققین کا تقلید نہ کرنا اور اُس کو برا جاننا تو عدم وجوب تقلید کي دلیل نہ ٹھہري اور اُن کا ایک بات پر اتفاق کرنا اجماع نہ کہلاوے اور بعد قرون ثلثہ کے جو لوگ آویں اور جن کے مراتب ورع و تقوی اور مدارج علم و تحقیق اُن متقدمین کے برابر نہوں اور پھر وہ بھي سب کے سب ایک بات پر متفق نہوں اُن کا تقلید کو جائز کہدینا وجوب تقلید پر ایسي دلیل ھو جاوے کہ اُس کا منکر بدعتي اور فاسق اور واجب التعزیر ٹھہرے فاعتبروا یا اولی الالباب ان ھذا لشئی عجاب *

مقلد — جو لوگ کہ تقلید کا انکار کرتے ھیں وہ تھوڑے ھیں اُن کا قول مرجوح ھی اور جو لوگ اُس کو واجب اور جایز جانتے

† صحابہ کے زمانہ میں تقلید جاري نہونے سے یہہ غرض ھی کہ کوئي ایک شخص اُنمیں سے ایسا نہیں بتایا گیا کہ جسکے سارے اقوال اَوروں نے مانے ھوں یا جسکي سب باتوں کو اَوروں نے واجب التعمیل جانا ھو —

هيں وہ بہت هيں اور سواد اعظم وهي هى جس جانب بہت لوگ هوں اس ليئے آپ كا استناد چند هي علما كے اقوال پر هى اور همارا استناد هزاروں كے قول پر *

غير مقلد — يہہ دونوں دعوى غلط هيں اول يہہ كہنا نہ واجب العمل وہ قول هى جس پر بہت لوگ متفق هوں اور اُس كو سواد اعظم جاننا دوسرے يہہ سمجهنا كہ وجوب تقليد كي طرف اكثر لوگ هيں اور جس طرف بہت لوگ هوں اُس كي مخالفت اجماع كي مخالفت هى اول دعوى كي غلطي پر چند قول ميں نقل كرتا هوں كہ بعض مفسرين نے آية ان تطع اكثر من فى الارض يضلوك كي تفسير ميں كہا هى كہ في هذا دلالة على ان الاعبرة في دين الله و معرفة الحق بالقلة والكثرة بجواز ان يكون الحق مع الاقل كہ يہہ آيت دلالت كرتي هى اس پر كہ كچھہ اعتبار نہيں هى خدا كے دين ميں اور حق كے پہچاننے ميں قلت اور كثرت پر اس ليئے كہ جائز هى كہ حق وهي هو جس طرف تهوڑے لوگ هيں *

ابن جوزي نے تلبيس ابليس ميں لكها هى كہ سفيان رحمة الله عليه نے يوسف ابن اسباط سے كہا كہ اذا بلغك عن احد بالمشرق انه صاحب سنة فابعث اليه بالسلام و اذا بلغك عن آخر بالمغرب انه صاحب سنة فابعث اليه بالسلام فقد قل اهل سنة كہ اگر مشرق ميں ايک اور مغرب ميں دوسرا پابند سنة كا هو تو اُس كو سلام بهيجو اس ليئے كہ سنت پر چلنے والے بہت هي كم هيں *

امام فخرالدين رازي تفسير كبير ميں لكهتے هيں كہ سواد اعظم وهي هى جو تابع كتاب يعني قران اور سنت كا هو و ان ما سواها لايلتفت اليهم و ان امتلاء العالم منهم كہ جو كتاب و سنت كے سوا هو اُس پر التفات نہ كرنا چاهيئے اگرچہ اُن سے جہان بهرا هو اور جماعت كے معني ميں ايک بزرگ نے كہا هى كہ الجماعة دالة بها معة اهل الحق و ان قلوا كہ جماعت نام هى اهل حق كے جمع هونے كا ايک حق بات پر اگرچہ وہ بہت هي كم هوں *

سواد اعظم كے معني ميں ملا علي قاري شرح نخبة الفكر ميں لكهتے هيں كہ ان فيهم من الصفات الموجبة للقبول مالاتقوم مقام العدد الكثير من غيرهم ولذا سميت مثل هذا الامام امة قال الله تعالى ان ابراهيم كان امة لانه يجتمع فيه من الصفات مالا يوجد متفرقة الا في جماعة و لذا قال الشاعر ليس من الله بمستنكر * ان يجمع العالم في احد * و قد قيل في حديث المشهور عليكم بالسواد الاعظم اي الاورع الاسلام پس جب كہ ايک شخص پر اطلاق امت كا خدا كے كلام سے ثابت هوا اس ليئے كہ وہ ايک اُن باتوں كا جامع تها جو كہ متفرق متفرق گروهوں ميں علحدہ پائي جاتيں اور خدا كا ايک شخص كو بمنزلہ ايک جہان كے بنا دينا عجب نہيں اور سواد اعظم سے مراد زيادہ پرهيزگار سے لي گئي هو تو پهر كثرت عوام كو كسي مسئلہ كي صحت پر دليل لانا بچوں كو پهسلانا اور عوام كو خوش كرنا هى دگر هيچ *

فاضل روز بہان كتاب ابطال الباطل ميں جہاں حديث لايزال طائفة من امتي منصورين لايضرهم من خذلهم حتى تقوم الساعة كا ذكر كيا هى لكهتے هيں نحاصل الحديث لايزال طائفة قليلة من التي منصورين بالحجة والبرهان *

پس معلوم هوا كہ وہ گروہ جو هميشہ غالب رهيگا وہ وهي قليل آدميوں كا گروہ هى جو كہ اپني حجت شرعي سے اوروں پر غالب هوگا اور كوئي اُس كو مغلوب نہ كرسكيگا اور يہہ گروہ وهي هى جو كہ تابع كتاب و سنت هى كہ نہ اُس كے سامنے رسم و رواج كي سند پيش جاتي هى نہ بدعتيوں كي پوچ اور بيہودہ دليليں چل سكتي هيں نہ علماء دنيا طلب كي چكني چكني باتوں كي دهنيت اثر كرتي هى نہ قوموں كي كثرت اور عوام كي جمعيت اور تبعيت اُسكو رد كرسكتي هى خدا كي كتاب اور رسول كي حديث كے سامنے سب كو مغلوبيت هوجاتي هى ديكهنا چاهيئے كہ اس كا مصداق كون هى وہ فرقہ جو تقليد كرتا هى يا وہ فرقہ جو تقليد كا تارک هى دونوں كي دليلوں كو ديكهو اور پهر خدا كي كتاب رسول كي احاديث سے ملاؤ اور تعصب كي آنكهہ تهوڑي دير بند كركے انصاف كرو *

صحيح بخاري كي كتاب الاعتصام بالسنة ميں لكها هى كہ لاتزال طائفة من التي ظاهرين على الحق اور ابن حجر نے فتح الباري ميں لكها هى كہ هم اصحاب الحديث كہ وہ لوگ اصحاب حديث هيں *

تفسير نيشا پوري ميں لكها هى كہ اگر مراد اِس طائفة سے اهل حديث نہو تو ميں نہيں جانتا كہ پهر كون لوگ اُس سے مراد هونگے *

امام غزالي رحمة الله عليه فرماتے هيں احياء العلوم ميں و منها ان يكون شديد التوقي من محدثات الامور و ان اتفق عليه الجمهور فلا يغرنه اطباق الخلق على ما احدث بعد الصحابة *

غرض كہ كثرت اقوال پر مغرور هونا يا كثرت اشخاص پر فريفتہ هونا نہايت هي ناداني اور خلاف حكم شريعت هى هم مسلمانوں كو بجهہ اسلام كے امور دين ميں صرف يہہ ديكهنا چاهيئے كہ كتاب سنت سے كيا ثابت هوتا هى نہ اُوُر كچهہ اور اُس كو چهوڑ كر لوگوں

...زال پر نظر كرنا اور خدا كے كلام و رسول كے قول كو اَوْر بندوں كي باتوں سے جانچنا اور اصل كو فرع پر عرض كرنا شان اسلام سے بعيد هى *

اگر كوئي مشرك يا اهل كتاب سن پاوے كه مسلمانوں نے اپنے دين ميں سواے كتاب و سنت كے اَوْر لوگوں كي باتوں پر چلنا جائز ركها هى تو وه اسلام كي بربادي كي نهايت عمده فال سمجهے اور اگر يهه خبر پاوے كه اُنهوں نے اس امر كو واجب سمجهه ليا هى اور اُسكے خلاف سمجهنے والے كو بدعتي يا فاسق يا دشمن اسلام كهتے هيں تب تو مارے خوشي كے مر هي جاوے اور اسلام كے خاتمه پر شاديانے خوشي كے بجواوے اسليئے كه اگر خوبي اسلام كي اُسكي نظروں ميں هوتي تو اِسي سے هوتي كه اسلام كے باني نے كامل توحيد كو جاري كيا اور ساري قسم كے شرك كو خفي هو يا جلي باطل كرديا اور تمام رسموں اور بنائي هوئي باتوں كو توڑديا اور اديان سابقه كي تحريف كرنے والوں كي تحريفات كو واجب الترك والانكار بتلايا پس جب كه اُسي مذهب كے لوگ توحيد سے پهر گئے اور مشرك في صفة النبوة هوگئے اور رسموں كي پابندي اور اپنے بهائي بندوں كي باتوں پر نه قانع بلكه متمسك هوگئے اور اپنے خدا كے كلام پر عمل كرنے كے ليئے لوگوں كے فتووں پر نظر كرنے لگے اور اپنے رسول كے قول پر چلنے كے ليئے عالموں كے حكم كے پابند هوگئے كه جب تك اُنكے مولوي نه كهديں وه نه خدا كي كتاب پر عمل كرسكتے هيں نه رسول كي حديث پر تو پهر ايسي خرابي پر اسلام كي جو كچهه وه خوشي كريں وه حق بجانب هى اور جب وه اِس بات سے واقف هوں كه يهه قول اور عمل صرف عوام هي كا نهيں هى كه وه بمجبوري اُسكے قايل اور اُسپر عامل هوئے هوں بلكه اچهے اچهے پڑهے لكهوں كا جنكا علامه اور حضرت اور قبله اور كعبه كے سوا كوئي نام نهيں ليتا يهي عقيده هوگيا هى اور گروه كا گروه اُس پر قايل هو رها هى اور دين اسلام كا مدار هي اُس پر آگيا هى تو معلوم نهيں كه اس شكرانه ميں مشرك اپنے بتوں پر كيا كچهه چڑهاويں اور نصارى اپنے حضرت مسيح كي كيا كچهه اپنے حال پر عنايت سمجهيں *

مقلد —— خير يهه زبان درازي چهوڑيئے اور دوسرے دعوے كو اپنے ثابت كيجيئے جو آپ نے كها هى كه جس طرف بهت لوگ هوں اُس سے مخالفت كرنا اجماع كي مخالفت نهيں هى *

غير مقلد —— سنيئے ابو محمد علي بن احمد بن سعيد بن حزم بن غالب اُندلسي اپني كتاب محلى كي كتاب الاشربه ميں بہ نسبت دعوى اجماع كے لكهتا هى هذا اى دعوى الاجماع قول في غاية الفساد لانه يبطل عليهم جمهور اقوالهم ويلزمهم ان لايلزموا زكوة الاحيث اوجبها الاجماع ولافريضة حج اوصلوة الاحيث صح الاجماع على وجوبها ولاسوء الزنا الاحيث جمعت الامة انه زنا ومن الزم هذا لمذهب خرج عن دين الاسلام بلاشك بوجهين احدهما انه مذهب مفترى لم يامر الله تعالى قط بان لاتتبع الا الاجماع ولاقال تعالى به قط ولارسوله به و انما امر الله عزوجل باتباع القران وسنة النبي و اولى الامر باتباع الاجماع ولم يامر الله تعالى قط بان لايتبع الا الاجماع ولاقال تعالى قط ولارسوله لاتاخذوا فيما اختلف فيه الاما اجمع عليه ومن ادعى فقد افترى على الله الكذب فاتى بدين محدث مبتدع وبالضلال المبين انما قال تعالى اتبعوا ماانزل اليكم من ربكم و قال تعالى وما اتكم الرسول فخذوه ومانهكم عنه فانتهوا وقال تعالى فان تنازعتم في شیء فردوه الى الله والرسول ان كنتم تؤمنون بالله واليوم الاخر ولم يقل تعالى فردوه الى الاجماع فمن ترد مانوزع فيه الى الاجماع لا الى نص القران والسنة فقد عصى الله تعالى و رسوله تنزع من الدين مالم ياذن به الله تعالى واما نحن فنتبع الاجماع فما صح انهم اجمعوا عليه ولا يخالفه اصلاً و نرد مانوزع فيه الى القرآن والسنة فناخذ مافيها وان لم يجمع على الاخذ به وبهذا امر الله تعالى و رسوله و عليه اجمع اهل اسلام ومانعلم احدا قط قال لا الزام في شيئ من الدين الاما اجمع الناس عليه فقد صاروا بهذا الاصل مخالفين للاجماع بلاشك والوجه الثاني انه مذهب يقتضي ان لايلتفت الى القران والسنن اذا وجد الاختلاف في شيئ من احكامها وليس من هذا من دين الاسلام في شيئ مع انه في اكثر الامر كذب على انه قول بلا علم وايضا فانهم لايلزمون هذا الاصل الفاسد الا في مسائل قليلة جدا وهو يبطل ساير مذاهبهم يعاد عليهم و بالله التوفيق

كه اجماع كا دعوى كرنا ايك ايسا قول هى جسكا فساد ظاهر هى اسليئے كه اس سے سارے اقوال باطل هوتے هيں اور ايسے دعوى كرنے والوں پر لازم آتا هى كه وه نه زكوة كو واجب جانيں نه حج و نماز كي فرضيت كے قايل هوں اور نه زنا كي برائي پر اعتقاد ركهيں مگر اسي وجهه سے كه اُسپر اجماع هى اور جو ايسا كرے وه دين اسلام سے خارج هى دو وجه سے اول يهه كه يهه بنايا هوا مذهب هى نه خدا نے يهه حكم ديا هى كه سواے اجماع كے اور كسي كا اتباع نه كرنا اور نه رسول نے ايسا فرمايا هى بلكه خدا نے تو قرآن و سنت اور اولوالامر كے اتباع كا حكم ديا هى يهه بهي خدا نے نهيں كها كه جب كسي امر ميں اختلاف هو تو وهي بات ماننا جسپر اجماع هو جو ايسا دعوى كرے وه خدا پر تهمت كرتا هى اور نيا دين بنايا چاهتا هى اسليئے كه خدا نے صاف صاف كهديا هى كه جو تمهارے رب نے بهيجا اُسكي اتباع كرو اور پهر فرما ديا هى كه جو رسول دے اُسے لو اور جس سے منع كرے اُسے چهوڑو اور نيز ارشاد فرماتا هى كه اگر كسي بات ميں جهگڑا هو تو خدا رسول سے رجوع كرو اس ليئے هم اُس امر ميں اجماع كا اتباع كرتے هيں جس ميں همكو ثابت هو كه سب كے سب اُسپر متفق هيں اور

 تقلید اور عمل بالحدیث

اُنکا اجماع کتاب و سنت کے مخالف نہیں ھی اور اگر آپس میں اختلاف ھو تو ھم قران و حدیث پر رجوع کرتے ھیں جسکو اُسکے مطابق پاتے ھیں اُس پر عمل کرتے ھیں گو اُس پر اجماع نہو اور بس یہي وہ طریقہ ھی جسکا حکم خدا و رسول نے دیا ھی دوسرے یہہ کہ اجماع کے دعوے سے ثابت ھوتا ھی کہ حالت اختلاف میں ھمکو قران و حدیث پر رجوع کرنا نچاھیئے بلکہ اجماع پر کہ بہتوں کي راے کیا ھی تو حقیقت میں یہہ بات دین اسلام کي نہیں ھی *

مقلد — سبحان اللہ آپ بڑے محقق کا کلام اپنے دعوے کي دلیل میں لائے ابن حزم تو بدعتي تھا اور اُسکو فقہا نے نکال دیا تھا کہ وہ جنگل میں مرگیا *

غیر مقلد — یہہ سچ ھی کہ فقہا نے بدعتي کہکر نکال دیا تھا مگر اسي قصور میں کہ اُسنے فقہا کے اقوال کو بالاے طاق رکھکر خدا کي کتاب اور رسول کي احادیث پر رجوع کي تھي لیکن شکر ھی کہ اُسکے کلام کي تصدیق اَوْر علما نے بھي کي ھی چنانچہ حجة اللہ البالغہ میں شاہ ولي اللہ صاحب نے اجماع کي نسبت ایسا ھي کچھہ کہا ھی اور ابن حزم کے قول حرمت تقلید کو باطل نہیں گردانا بلکہ اُسکو اور پورا کردیا ھی چنانچہ وہ کہتے ھیں کہ یہہ قول ابن حزم کا کہ تقلید حرام ھی اور کسیکو حلال نہیں ھی کہ سواے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر دلیل کے اور کسي کي قول کو لے اِس لیئے کہ چند آیتوں میں اللہ جلشانہ نے اپنے ھي اور اپني رسول ھي کي تبعیت کا حکم کیا ھی اور تمام صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین کا اول سے آخر تک اسي امر پر اجماع ھی کہ ایک انسان کو اپنے جیسے دوسرے انسان کے سب اقوال کا لینا منع ھی پس جو شخص سب اقوال کو امام ابو حنیفہ یا شافعي وغیرہ کے لیتا ھی اور خدا کي کتاب اور رسول کي سنت پر اعتماد نہیں کرتا وہ مخالف تینوں نیک زمانہ کے اجماع کا ھی اور جو ایسا ھو وہ اُس راہ پر چلتا ھی جو مسلمانوں کي نہیں ھی پس یہہ قول ابن حزم کا بھي پورا نہیں بلکہ ناقص ھی مگر اُس شخص کے حق میں جو کہ طاقت اجتہاد کے رکھتا ھو اگرچہ ایک ھي مسئلہ میں ھو اور یا اُسکو صاف ثابت ھوجاوے کہ پیغمبر صاحب نے ایسا فرمایا ھی یا اُس سے منع کیا ھی اور یہہ بھي اُسکو معلوم ھو کہ یہہ منسوخ نہیں ھی ایسي حالت میں حدیث سے مخالفت کرنے کا کوئي سبب بجز نفاق خفي یا حماقت جلي کے نہیں ھی *

مقلد — یہہ قول بھي اُس شخص کا ھی جس کو ھم غیر مقلد جانتے ھیں اور جسکے اقوال کو ھم نہیں مانتے وہ بھي تمھاري ھي طرح سے خلاف طریقہ اَوْر علما کے تقلید کا تارک تھا *

غیر مقلد — قطع نظر ان کے صدھا اقوال عدم وجوب تقلید پر ھمکو معلوم ھیں کہ بطور نمونہ کے چند اقوال ھم آپ کو سناتے ھیں

اول قال الشیخ عزالدین عبدالسلام و من العجب العجیب (اصل قول ازالة الخفا میں منقول ھی) یعني سب سے زیادہ عجیب یہہ شی کہ فقہاء مقلدین اپنے امام کے قول کے ماخذ کے ضعیف ھونے سے واقف ھوجاتے ھیں اور کچھہ جواب اُس کے ضعف کا نہیں رکھتے اور با اینہمہ اپنے امام کے قول کي تقلید نہیں چھوڑتے بلکہ بسبب تقلید کے صریح حکم کتاب و سنت کو چھوڑ دیتے ھیں اور ظاھر کتاب و سنت کے ترک کرنے کے حیلے ڈھونڈتے ھیں اور تاویلات بعید اور باطل قران و حدیث میں کرتے ھیں حالانکہ اگلے لوگوں کا یہہ قاعدہ تھا کہ بغیر پابندي کسي مذھب کے جس عالم سے چاھتے مسئلہ پوچھہ لیتے مگر جب سے کہ یہہ مذھب ظاھر ھوئے اور مقلدین میں تعصب آیا تب سے یہہ حال ھوگیا ھی کہ اپنے ھي امام کي تقلید کرتے ھیں اور کچھہ دلیل و برھان کو نہیں دیکھتے اور اُسکو مثل نبي مرسل کے جانتے ھیں اور جو ایسا کرے وہ حق سے دور ھی *

دوسرے قال الامام ابو شامة ینبغي لمن اشتغل بالفقه أن لا یقتصر علی مذھب امام و یعتقد في کل مسئلة صحة ما کان اقرب الی دلالة الکتاب و السنة المحکمة یعني امام ابوشامہ نے کہا ھی کہ اُس شخص کو جو فقہ میں مشغول ھو چاھیئے کہ کسي ایک امام کے مذھب پر حصر نکرے بلکہ ھر مسئلہ میں اُس چیز کي صحت کا معتقد ھو جو قریب تر ھو کتاب و سنت سے *

تیسرے عبدالوھاب شعراوي میزان میں لکھتے ھیں کہ امام ابو حنیفہ رحمة اللہ علیہ کہا کرتے تھے حرام علی من لم یعرف دلیلي ان یفتی بکلامي کہ حرام ھی اُس شخص پر جو میري دلیل کو نہ پہچانے یہہ کہ فتوی دیوے میرے کلام پر اور شیخ تقي الدین نے ابن خزیمہ سے روایت کي ھی کہ وہ کہتے تھے کہ لیس لاحد مع النبي صلی اللہ علیه وسلم قول اذا صح الخبر عنه کہ کسي کے قول کو کچھہ اعتبار نہیں ھی بمقابل رسول کے قول کے جبکہ صحت حدیث کي ثابت ھوجاوے *

چوتھے امام ابوحنیفہ رحمة اللہ علیہ کا قول ھی اذا صح الحدیث فهو مذھبي جو حدیث ثابت ھوجاوے وھي میرا مذھب ھی *

پانچویں دراسات اللبیب میں لکھا ھی و قد صح منه ایضا انه قال اترکوا قولي بقول رسول اللہ صلی اللہ وسلم لانه لم یدع هو ولا احد غیره من المجتهدین الاحاطة بکل قول صح من الرسول صلی اللہ علیه وسلم في زمانه فضلا عما بعد زمانه یعني امام ابوحنیفہ رحمة اللہ علیہ کا قول ھی کہ میرے قول کو چھوڑ دو جبکہ قول رسول کا پاؤ اِس لیئے کہ امام موصوف یا اَوْر کسي مجتہد نے یہہ دعوي نہیں کیا کہ ساري

حديثيں أن تک پهونچ گئيں أنكے زمانه ميں جه جاے كه وه حديثيں جو بعد أنكے زمانه كے معلوم هوئيں *

چهٹے امام شعراوي نے منهج ميں لكها هى كه امام شافعي فرماتے هيں ان شيئًا خالف امر رسول الله صلى الله عليه وسلم سقط و لايقوم معه حجة ولا قياس فان الله تعالى قد قطع العذر بقوله صلى الله عليه وسلم فليس لاحد معه حجة و قال ايضا اذا ثبت الخبر عن النبي صلى الله عليه وسلم لم يحل تركه لشيئ ابدا يعني بمقابل قول رسول كے كسيكا كلام حجت نهيں هے اور بعد ثبوت حديث كے ترک كرنا حديث كا جائز نهيں هى *

ساتويں امام شعراوي منهج ميں امام شافعي كے اقوال ميں لكهتے هيں كه وه فرماتے هيں انظروا في امر دينكم فان التقليد المحض مذموم و فيه عمي للبصيرة و كان كثيرا مايذم التقليد و يقول قبيح على من اعطي شمعة ليستضئ بها ان يطفئها و يمشي في الظلام كه اپنے دين ميں هوشيار رهو تقليد محض پر قانع نهو إس ليئے كه وه بصيرت كو اندها كرديتي هى اور نهايت بري هى اور امام شافعي اكثر تقليد كي برائي كرتے اور كهتے كه نهايت قبيح هى حال أس شخص كا كه جسكو خدا شمع روشن عطا كرے تاكه أسكي روشني پاوے اور وه أسے بجهاوے اور تاريكي ميں چلے *

آٹهويں كتاب لوائح الانوار القدسية ميں لكها هى كه و من شان الفقيه المحقق ترك التعصب لامامه اذا علم ضعف دليله و علم صحة دليل مذهب الغير لان امامه لم يقل له قلدني في كل ماقلته لعلمه بعدم العصمة من الخطاء كه شان فقيه محقق كي يهه هى كه وه تعصب اپنے امام كا چهوڑ دے جبكه أسكو أسكي دليل كا ضعف معلوم هوجاوے إس ليئے كه أسكے امام نے يهه نهيں كها هى كه هر بات ميں جو ميں كهتا هوں ميري تقليد كرنا إس ليئے كه وه خود جانتے تهے كه هم خطا سے محفوظ نهيں هيں *

نويں شيخ محي الدين عربي فتوحات مكيه كے باب ٣٢٨ معرفت نسخ شريعت ميں لكهتے هيں ان الشيطان قد مكنه الله تعالى على حضرة الخيال و جعل له سلطانا فيها فاذا راى الفقيه يميل الى هوى الخ يعني شيطان كو خدا نے خيال پر تسلط ديا هى پس جب وه ديكهتا هى كه كوئي فقيه خواهش كي طرف مائل هى تو أسكو بهكاتا هى اور يهه وسوسه ديتا هى كه يهه روايت خدا كي طرف سے هى اور يوں سمجهاتا هى كه پچهلے نيک لوگ بهي بسبب راے كے خدا تک پهونچے هيں اور احكام ميں قياس سے كام ليا هى اور ايسي ايسي باتيں أس فقيه كے دلميں ڈال كر أسكي خواهشات پوري كرنے كے ليئے أسے ايک حيله شرعي بتلا ديتا هى پس وه فقيه احاديث نبويه كو بالاے طاق ركهديتا هى اور أسكے عدم قبول پر يهه عذر كرتا هى كه اگر يهه حديث صحيح هوتي يا اگر صحيح هى تو كوئي دوسري حديث معارض اور ناسخ أسكي نهوتي تو ضرور امام شافعي أسپر عمل كرتے يا امام ابو حنيفه أسپر عامل هوتے غرض كه جو فقيه جس امام كا مقلد هى وه ترک حديث پر ايسے هي عذر اور حيلے كرتا هى اور حديث پر عمل كرنے والے كو گمراه جانتا هى اور جو كچهه أن كے اماموں نے كهديا أسكي تقليد كو واجب جانتا هى اگرچه أن كے اقوال احاديث كے معارض هوں ليكن وه كتاب و سنت كو چهوڑ كر اپنے هي اماموں كيطرف رجوع كرتا هى پس اگر هم أس سے كهيں كه امام شافعي صاف كهه گئے هيں كه اگر كوئي حديث تمكو مخالف ميرے قول كے ملے تو ميرے قول كو ديوار سے پٹكو اور حديث پر عمل كرو إسليئے كه ميرا مذهب وهي هى جو حديث سے ثابت هو اور مثل اسي كے امام ابو حنيفه نے فرمايا هى اور يهه قول أنهيں كے مقلدين سے ثابت هى پس ايسي باتوں كو سنكر مقلد چپ هوجاتے هيں اور كچهه جواب معقول نهيں ديسكتے اور ايسے مباحثه كا مجهے اكثر اتفاق هوا غرض كه خواهشات نفساني كے سبب سے شريعت محمدي كو فقها نے منسوخ كرديا كه باوجوديكه احاديث صحيح كتب صحاح ميں موجود هيں اور أن كے راويوں كے نام بهي مذكور هيں اور أن كا جرح و تعديل بهي منقول هى اور أن كي سنديں بلا تبديل و تغير كے بهي محفوظ هيں ليكن باوجود ان سب باتوں كے مقلدين ميں سے كوئي أن پر عمل نهيں كرتا اور اپنے اكابر كے فتووں هي پر رجوع كرتے هيں اور باوجود مخالفت أن صحاح حديث كے اپنے فقيهوں كے قول كو ترک نهيں كرتے تو كيا فرق هى أن احاديث كے هونے اور نهونے ميں إس ليئے كه جب أن كا حكم هي نرها اور مقلدين كے نزديک أن پر رجوع كرنا جائزهي نه ٹهرا تو أن كے نزديک أن احاديث كا وجود و عدم برابر هى پس اس سے زياده نسخ شريعت كا اور كيا هوگا انتهى *

دسويں نقل من المضمرات ان الخبر في كونه حجة فوق الاجتهاد فان خالفت الرواية الحديث الصحيح تركت فالعمل بالحديث اولى من الرواية پس جو روايت مخالف حديث كے هو وه چهوڑ دي جاويگي *

گيارهويں امام شعراوي نے ميزان ميں لكها هى كه فان قلت ما اصنع بالاحاديث التي صحت بعد موت امامي و لم يا خذ بها فالجواب ينبغي لك ان تعمل بها فان امامك لوظفر بها و صحت عنده ربما كان امرك بها فان الائمة اسرى كلهم في يد الشريعة و من فعل ذلك فقد حاز الخير بكلتي يديه يعني اگر تو پوچهے كه پهر ميں كيا كروں به نسبت أن حديثوں كے جنكي صحت بعد موت ميرے امام كے ثابت هوئي اور ميرے امام نے أنكو نهيں پايا اس كا جواب يهه هى كه تجهے چاهيئے كه تو أس حديث پر عمل كرے إس ليئے كه اگر تيرے

امام کو یہہ حدیث ملجاتی تو ضرور وہ اُس پر عمل کرتے اِس لیئے کہ کہ سارے امام شریعت کے ہاتھہ میں ہیں اور جو ایسا کرے وہ دونوں ہاتھہ سے نیکی جمع کریگا *

بارھویں شاہ ولی اللہ صاحب اپنی وصایا میں لکھتے ہیں در فروع پیروی علماء محدثین کہ جامع باشند میان فقہہ و حدیث کردن و در انجا تفریعات فقہیہ بر کتاب و سنت عرض نمودن انچہ موافق باشد در حیز قبول آوردن والا کالاے بد بریش خاوند دادن امت را ہیچ وقت از عرض مجتہدات بر کتاب و سنت استغنا حاصل نیست و سخن متقشفہ فقہارا کہ قول عالمی را دست آویز ساختہ تتبع سنت را ترک کردہ اند نہ شنیدن و بہ آن التفات نکردن و قرب خدا جستن بہ دوری اینان *

تیرھویں شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی فرماتے ہیں تفسیر میں حدیث من لم یعرف امام زمانہ کے کہ فالمرادان من لم یعرف امام زمانہ من الکتب و لم یعرف نسخ الکتب السابقۃ ولم یعرف ان کتب ائمۃ المذاہب لیست واجبۃ الاتباع کما یظنہ جہلۃ المقلدین من کل مذہب مات میتۃ جاہلیۃ یعنی جو شخص نہ جانے کہ امام زمانہ کا قران مجید ہی اور نہ جانے اس امر کو کہ کتب سابقہ منسوخ ہوگئی ہیں اور نہ جانے اس بات کو کہ کتابیں مذہب کے اماموں کی واجب الاتباع نہیں ہیں جیسا کہ سب مقلدین اپنے اپنے مذہب کے اماموں کی کتابوں کی نسبت گمان کرتے ہیں تو اُس نہ جاننے والے کی موت جاہلیت کی موت ہی *

چودھویں صاحب لوامع الالہام نے مولوی شاہ عبدالعزیز صاحب کے ایک اَوْر قول کو اپنی کتاب میں نقل کیا ہی بدانکہ امام ابو حنیفہ گفتہ است کہ حلال نبود کسے راکہ بقول ما تمسک کند تا آنکہ نہ داند ماخذ آنرا از کتاب و سنت و اجماع امت و قیاس جلی و مجتہد گاہ خطا کند و گاہ بہ حق رسد چوں خطاء او ظاہر گردد تقلید او در خطا حرام بود *

پندرھویں ابن امیرالحاج نے تحبیر شرح تحریر میں لکھا ہی کہ اذا راے لقول المخالف لمذہب امامہ دلیلاً صحیحا من الحدیث و لم یجد فی مذہب امامہ جواباً قویا عنہ ولا معارضاً راجحاً علیہ اذا المکلف مامور باتباع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیما شرعہ فلا وجہ لمنعہ من تقلید من قال بذلک من المجتہدین محافظۃ علی مذہب التزم تقلیدہ *

سولھویں صاحب دراسات اللبیب نے لکھا ہی کہ حتی لو ترک مذہب امامہ بقول من سہل تتبع الرخصۃ لم یکن ملاماً کہ اگر کوئی شخص اپنے امام کے مذہب کو ترک کردے اُس کے کہنے پر جو کہ بسبب مباح ہونے کے کسی امر میں آسانی پاوے ازروے شریعت کے تو اُس پر کچھہ ملامت نہیں ہوسکتی *

پس اس سے باطل ہوا وہ قول مقلدین کا کہ تقلید کے چھوڑنے سے آدمی آزاد ہو جاتا ہی اور بہت حرام چیزوں کو مباح سمجھتا ہی ایسے کہنے والوں نے درحقیقت شریعت محمدی کو مشکل کر رکھا ہی اور جو آسانی خدا نے اُس میں رکھی ہی اُس پر عمل کرنے کو الحاد تصور کیا ہی حالانکہ حضرت ابن عباس سے سنن ابو داؤد میں ایک حدیث منقول ہی کہ عن ابن عباس قال کان اہل الجاہلیۃ یاکلون اشیاء و یترکون اشیاء تقذراً فبعث اللہ تعالی بنبیہ صلے اللہ علیہ و سلم و انزل کتابہ واحل حلالہ و حرم حرامہ فما احل فہو حلال و ما حرم فہو حرام و ما سکت عنہ فہو عفو *

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ اہل جاہلیۃ بہت سی چیزیں کہاتے اور بہتوں کو ناپاک سمجھہ کر چھوڑ دیتے کہ خدا نے اپنا نبی بھیجا اور اپنی کتاب نازل کی اور حلال کو حلال اور حرام کو حرام بتلایا پس جس کو اُس نے حلال کردیا وہ حلال ہی اور جس کو اُسنے حرام کردیا وہ حرام ہی اور جس سے سکوت فرمایا وہ مباح ہی اور معاف *

سترھویں ابن امیرالحاج شرح تحریر میں لکھتے ہیں کہ فلوالتزم مذہبا معیناً کابی حنیفۃ والشافعی قیل یلزم و قیل لایلزم قال الشارح و ہوالاصح لان التزامہ غیر ملتزم اذلا واجب الاما اوجبہ اللہ تعالے و رسولہ و لم یوجب اللہ تعالی و رسولہ صلے اللہ علیہ و سلم علی احد من الناس ان یتمذہب بمذہب رجل من الامۃ فیقلدہ دینہ فی کل ما یاتی و ہذا غیرہ کہ ایک مذہب معین کا التزام کرنا واجب نہیں ہی اس لیئے کہ واجب وہ ہی جس کو خدا اور رسول نے واجب کیا ہو پس نہ خدا نے نہ رسول نے بندوں پر یہہ واجب کیا ہی کہ وہ مذہب کسی آدمی کا اُس کی اُمت میں سے اختیار کریں اور خدا کے دین میں کسی کی ایسی تقلید کریں کہ اُسی کی باتوں کو مانے اور دوسروں کو چھوڑ دے *

اٹھارویں ابن عز نے حاشیہ ہدایہ میں لکھا ہی کہ من یتعصب لواحد معین غیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ویری ان قولہ ہوالصواب الذی یجب اتباعہ دون الائمۃ الاخرین فہو ضال جاہل کہ جو شخص تعصب کرے کہ ایک ہی معین شخص کی تقلید لازم ہی وہ گمراہ جاہل ہی *

تقليد اور عمل بالحديث يكم جمادي الاول سنه ١٢٨٨ هجري تقليد اور عمل بالحديث

اُنيسويں صاحب دراساة نے لكها هى كه العمل بدليل مخالف للحديث الصحيح حرام على المقلد كالمجتهد كه عمل كرنا ايسي دليل پر جو كه مخالف هو حديث صحيح كے حرام هى مقلد پر بهي مثل مجتهد كے *

بيسويں روى الخطيب باسناده ان الدراكي من الشافعية كان يستفتي و ربما يفتي بغير مذهب الشافعي و ابيحنيفة فقيل له هذا مخالف قوليهما فيقول ويلكم حدث فلان عن فلان عن النبي صلى الله عليه و سلم هكذا فالاخذ بالحديث اولى من الاخذ بقولهما اذا خالفاه كه دراكي فقها شافعي سے كبهي فتوى مخالف مذهب امام شافعي اور امام ابي حنيفه كے ديتے تو جب كوئي پوچهتا كه يهه قول آپكا مخالف اُن دونوں اماموں كے هى تو وه فرماتے كه جب معلوم هوگيا كه يهه قول پيغمبر خدا صلى الله عليه و سلم كا هى تو بس اُس كا لينا چاهيئے نه امام شافعي اور امام ابو حنيفه كے قولوں كا جبكه اُس سے مخالف هوں *

اكيسويں ابن جوزي نے لكها كه اذا كان العامي يسوغ كيف لايسوغ به الاخذ بالحديث فلو كانت سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم لايجوز العمل بها و هذه من ابطل الباطل و قد اقام الله تعالى الحجة برسول الله صلى الله عليه وسلم دون احاد الامة ولايفرض احتمال خطاء لمن عمل بالحديث والتى به بعد فهم ان اضعاف مضاعفة حاصل لمن افتى بتقليده يعني جبكه عامي كو مفتي كے قول پر عمل كرنا جايز بلكه واجب ٹهيرا باوجود احتمال مفتي كي خطا كے تو كيونكر اُس كو جائز نهوگا عمل كرنا حديث پر پس اگر پيغمبر خدا هي كي حديث پر عمل كرنا جايز نهو تو پهر كسپر عمل كرنا جائز هوگا حالانكه خدا نے اپني حجت صرف رسول صلى الله عليه و سلم كو قرار ديا هى نه اور كسي آدمي كو اور يهه سمجهنا كه عمل بالحديث ميں غلطي كا احتمال هى باوجود اقرار اِس امر كے كه اُس سے دوچند چهار چند زيادة غلطياں مفتي كے قول ميں هوتي هيں جنكي تقليد واجب سمجهي جاتي هى بڑي ناداني هى *

بائيسويں مولانا شاه عبدالعزيز صاحب قرائت خلف امام كے استفتا كے جواب ميں فرماتے هيں كه خواندن سورة فاتحه باقتداے امام مقتدي را نزد ابو حنيفه ممنوع و نزد محمد هر گاهكه امام خفي بخواند جايز بلكه اولى و نزد شافعي بدون خواندن فاتحه عدم جواز صلوة و نزد فقير هم قول شافعي ارجح واولى چرا كه بملاحظه حديث صحيح لاصلوة الابفاتحة الكتاب بطلان نماز ثابت ميشود و قول ابو حنيفه نيز جابجا وارد است كه جائيكه مذهب صحيح وارد شود و قول من خلافش افتد قول مارا ترك بايد نمود و برحديث عمل بايد كرد الى قوله لهذا لازم است كه ضم فاتحه مقتدي به تبعيت امام نيز كرده باشد تا داخل تابعان مفسرين و محدثين خواهد شد و درين معني از ترك فاتحه خلاف حديث صحيح واقع خواهد شد وچه عجب كه صحت اين حديث بامام ابو حنيفه نرسيده باشد هر گاه كه الحال از صدها و هزارها مردم علماء محققين مثل امام بخاري و صاحب مسلم و غير هم رحمهم الله صحت اين ثابت شد از تركش ملام و مطعون خواهد شد *

تيئسويں مولانا شاه عبدالعزيز صاحب اپني حالت رويا ميں لكهتے هيں كه ناگاه جناب حضرت امير از جانب قبله نماياں شدند الى قوله بافقير همكلام شدند فقير آن وقت را غنيمت دانسته در چند چيز كه دراں وقت در ذهن حاضر شده عرض نمود جواب باصواب يافته الى قوله باز عرض نمود كه از مذاهب فقها كدام يك مختار و پسند جناب است فرمودند كه هيچ پسند ما نيست يا بطور ما نيست افراط و تفريط بعمل آورده اند يهه اقوال صرف بطور نمونه كے همنے نقل كيئے اور مثل اِس كے صدها هزارها اقوال هيں جن سے حديث پر عمل كرنا واجب نكلتا هى *

مقلد — آپ كي اِس تقرير سے ثابت هوا كه حديث كا ترك كرنا جايز نهيں هى اور بمقابل رسول الله صلى الله عليه و سلم كے دوسرے كا قول لايق سند نهيں پس يهي هم بهي كهتے هيں اور ايسا هي همارا عقيدة هى هم بهي امام كو نبي نهيں جانتے اُنكو معصوم نهيں كهتے بلكه همارا اول عقيدة مجتهدين كي نسبت يهي هى كه المجتهد قد يخطي و قد يصيب كه مجتهد خطا بهي كرتا هى اور صواب بهي مگر هم خوب جانتے هيں كه همارے مجتهدين اور فقها نے اپنے هرايك قول كو حديث سے ثابت كيا هى اور كسي ميں مخالفت حديث كي نهيں كي اور جو قول ظاهر ميں مخالف حديث كے معلوم هوتے هيں وه در حقيقت مخالف نهيں هيں بلكه اَوَر احاديث صحيحه سے اُنكا ثبوت هوتا هى اور امام ابو حنيفه كے پاس صندوق كے صندوق حديثوں كے تهے پس هم اِسيواسطے اُنكي تقليد كرتے هيں اور اُن كے اقوال كتاب و سنت سے ثابت هيں اور مخالف حديث كے نهيں هيں *

غير مقلد — بيشك آپ اپني زبان سے امام كو نبي نهيں كهتے اور اُنكي معصوميت كا اقرار نهيں كرتے مگر جو برتاؤ تمهارا اُنكے ساتهه هى اُس سے بخوبي ثابت هوتا هى كه تم اُنكو معصوم جانتے هو ورنه خيال كرو كه يهه تمهارا كهنا كه اُنكا كوئي قول حديث سے معارض نهيں اور بعد اُنكے بهي كوئي حديث صحيح نهيں ملي جس سے كسي مسئله ميں اُنكا اجتهاد قابل ترك كے هو يهه كيا ايسا قول هى كه جسكي

غلطي ثابت کرنے کے لیئے کسي دلیل کي حاجت هو اگر چارون امام کے سب اقوال موافق حدیث کے هوتے تو کیوں آپس میں اختلاف هوتا پس یهه اختلاف هي عمدہ دلیل تمهارے قول کي غلطي کي هی † *

مقلد — تو معلوم هوا که آپ کے نزدیک اماموں نے اپني اپني راے سے کام لیا اور خلاف حدیث کے مسئلے اپنے ذهن سے تراش کر بنا لیئے اور جو ایسا کرے وہ دشمن اسلام کا هی تو یهه چاروں امام آپکے عقیدہ کے موافق دشمن اسلام کے ٹهہرے ونعوذ بالله منه *

غیر مقلد — همارا یهه قول اور عقیدہ اُن پاک اماموں کي نسبت نهیں هی بلکه هم تو اُن کو اس درجه سے بهي بڑها هوا جانتے هیں جس درجه کا تم اُن کو سمجهتے هو اور هم اُن کي پاکي اور نیکي کے معتقد هیں اور اُن کا ایک بڑا احسان اپنے اوپر جانتے هیں که اُن کي مساعي جمیله سے راہ شریعت کي کشادہ هوئي خداے تعالی اُن کے نیک کاموں کا نیک بدلا دے مگر یهه سمجهتے هیں که جهاں تک اُن کو احادیث پهنچیں اُس پر اُنهوں نے عمل کیا اور جن مسایل میں اُنکو حدیث نه ملي وهاں اجتهاد کیا اور جهاں تک اُن سے بہ نیک نیتي هوسکا اپنے آپ کو غلطي سے بچایا مگر وہ معصوم نه تهے که اُن سے غلطي نهوتي علاوہ بریں پیچهے کرکے حدیث مل گئي سو اگر وہ زندہ رهتے تو ضرور اُس مسئله میں اپنے اجتهاد کو ترک کردیتے اور اِسي لیئے وہ همیشه کهتے رهے که حدیث کے ملنے کے بعد همارے قول کو نمانئا اگر وہ امام اپني راے کو دخل دیتے اور تم لوگوں کي طرح حدیث پاکر اور اُسکي صحت پر مطلع هوکر چهوڑ دیتے تو بیشک اُنکي پاکي پر اعتراض هوتا حقیقت میں تم اُنکے مقلد نهیں هو هم اُنکے مقلد هیں که اُنکے قول پر چلتے هیں که وہ صاف فرماگئے هیں که حدیث پر عمل کرو اور کسیکے قول کو نه دیکهو لیکن بعد اُن کے جو اَوْر لوگ هوئے اور جنهوں نے تقلید میں تعصب کو دخل دیا اُن کو بیشک هم اچها نهیں جانتے اور اُن کي باتوں پر نهیں چلتے گو تمهارے نزدیک وہ محقق هوں یا علامه علاوہ اِس کے آپ تقلید صرف ائمه اربعه رضي الله تعالی عنهم هي کي نهیں کرتے بلکه اُن کے مقلدین کي تقلید کرتے هو اِس لیئے که جتنے مسئلے اور احکام فقه کي کتابوں اور فتاووں میں لکهے هوئے هیں یهه بهي تو سب اُنهیں اماموں کے نکالے هوئے نهیں هیں بلکه اُن کے بعد اَوْر عالموں اور فقیهوں نے اُن کے اصول پر نکالے هیں اور تم سب کو مثل مسائل نکالے هوئے اماموں کے مانتے هو اِس وجهه سے که وہ اُن کے

† یهاں اِس جواب کو همنے مختصر کردیا اِس لیئے که اِس مضمون کے تتمه میں همنے نهایت تفصیل کے ساتهه جواب اِس امر کا دیا هی اور بهت سي روایات فقهیه کي مخالفت حدیث سے ثابت کي هی —

اصول کے پابند هیں پس اگر تم صرف اُنهیں اماموں کے نکالے هوئے مسئلوں کي تقلید کرتے تب بهي خیر بلحاظ اُن کي بزرگي اور پاکي کے تمکو نا مناسب نهوتا مگر جب که سارے مسئلے اُن کے نکالے هوئے نهیں هیں تو تعجب هی که اُن کے اصول کي پابندي سے جو مسئلے پچهلے عالموں نے نکالے هوں اور جسمیں اُنهوں نے غلطیاں بهي کي هوں بلکه خود اپنے اماموں کے اقوال سے بعضے حالات میں بوجهه نا فهمي وغیرہ کے مخالفت کي هو اور اُن کے بعضے فتوی اور مسئلے اماموں کے اصولوں کے مطابق هي نه رهے هوں مگر با ایں همه اُن کو تم مانوں اور جو کتاب و سنت کو اصول سمجهکر اُس کي پابندي سے مسئلے نکالےاور واسطهٔ در واسطه کو چهوڑ کر اصل ماخذ سے شرع کےاحکام لے اُسکو تم برا جانو حقیقت میں یهه ایک نهایت تعجب کي بات هی *

مقلد — کیا همارے پچهلے علماء نے دیدہ و دانسته حدیث کي مخالفت کي هی *

غیر مقلد — میں کیونکر اپني زبان سے کهوں مگر میں تمهارےهي فقها کے اقوال کو تمثیلاً نقل کرتا هوں ذرا کان لگا کرسنو اور تقلید کے نتیجوں پر افسوس کرو ملا علی قاری اپنے رساله میں جو اشارہ کي نسبت لکها هی فرماتے هیں فالجاهل بالاخبار النبویة و الآثار المصطفویه الخ † که جو شخص اخبار نبوي و آثار مصطفوي کو نهیں جانتا ‡ جب اُسنے دیکها که بعض تو بسبب مسنون هونے کے اشارہ تشهد میں کرتے هیں اور بعض یا جهل یا کسل کے سبب سے نهیں کرتے تو یهه کهنے لگا که اُسکا ترک کرنا اولی هی بعد اُسکے دوسرا شخص هوا اور اُسنے یهه زیادہ کیا که اشارہ کرنا مکروہ هی مگر کراهت سے مراد اُسکي کراهت تنزیهي هی پهر تیسرا شخص هوا اُسنے کها که جو اگلے لوگ کهه گئے هیں که مکروہ هی مراد مکروہ سے مکروہ تحریمي هی اسلیئے اُس نے فتوی دیا که اشارہ کرنا حرام هی پس خیال کرو که بسبب جهالت اور غفلت کے سنت مشهورہ امور منهیه میں داخل هوگئي اور فعل پیغمبر خدا علیه التحیة والثناء کا حرام ٹهر گیا اور حرام کي تعریف یهي هی

† دراساة کے حاشیه پر یهه اصل عبارت لکهي هوئي هی جو چاهے دیکهه لے هم نے بہ سبب طول کے چهوڑ دي هی اور فقط ترجمه پر قناعت کي —

‡ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب دهلوي نے بهي اشارہ کے جائز هونے بلکه مسنون هونےکي نسبت بهت کچهه فرمایا هی چنانچه لوامع الالهام نے اُنکے قول کو اس طرح نقل کیا هی که چوں نرسید بعضے را سنت و نه قول ائمه منع کردند آنرا بقیاس نه بکتاب و سنت و قیاس واجماع مخالف نص باطل باشد پس خطا کرد و تقلید او در خطا حرام بود الی قوله و فضل اشارت بسیار است دریں مختصر نه گنجد واے برکسیکه ازیں فضل محروم باشد —

کفر جسکي حرمت بدلایل قطعي کتاب و حدیث سے ثابت هو اور یهه قواعد مقررہ سے ثابت هی که مباح کا حرام کرنا حرام هی نه که ایسي سنت کا جو حضرت صلی الله علیه وسلم سے ثابت هو پس جو علامه کیداني نے ✝ اُسکي حرمت کا فتوی دیا هی اُسکي برائي پر یهي دلیل کافي هی که اُسنے سارے اهل حدیث کي اهانت کي اور بعد اس قول کے ملاعلي قاري لکهتے هیں ولولا حسن الظن بالکیداني و تاویل کلامه بسببه لکان کفره صریحا و ارتداده صریحاً فهل یحل لمومن بالله تعالی ان یحرم ماثبت بفعله صلی الله علیه وسلم ماکاد نقله ان یکون متواترا که اگر علامه کیداني کے ساتهه حسن ظن نهوتا اور اُسکے کلام کي تاویل نهوسکتي تو اُسکے کفر و ارتداد میں کچهه شک نه تها کیا جایز هی خدا پر ایمان لانیوالے کو که وه حرام کردے اُس چیز کو جسکا کرنا ثابت هوا هو پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم سے اور جسکي نقل قریب متواتر کے هو ✝ *

پس جبکه تقلید سے یهه نوبت پهونچ گئي هو اور احادیث نبوي سے ایسے ایسے بڑے فقها کي بیخبري کا یهه حال هو تو اُسي کو واجب جاننا اور عمل بالحدیث کو بدعت کهنا وه دین و مذهب هی جسکو کچهه بهي تعلق اسلام سے نهیں هی *

مقلد — ایک دو شخصوں نے اگر ایسي غلطي کي تو اس سے الزام سب پر عاید نهیں هوتا تقلید کے فائدوں کو دیکهو اور جو آساني مسائل کے معلوم کرنے کي فقها نے پیدا کي هی اُسپر انصاف کرو *

غیر مقلد — آپ کو شاید اپنے مذهب کے علما کے قولوں پر بهي اطلاع نهیں هی حضرت یهي مسئله اشاره کا ایسا هی که جسپر صدها عالموں نے مخالفت حدیث کي کي هی اور صرف تقلید کے سبب سے اُسکو مکروه اور حرام کها هی اور اس بیچاره ملاعلي قاري کے رساله کا جواب لکها هی چنانچهه صاحب لوامع الالهام نے رساله اُسکے رد میں لکها هی وه ملاعلي قاري کے اس قول کي نسبت لکهتے هیں که انچه علي قاري درجواز ایں فعل منهي اصرار نموده سخنها گفته که کسے کم گفته باشد و اراده ابطال مسئله اجتهاد و تقلید کرده و هر آئنه ایں مخبر از فساد اعتقاد وے است پس معلوم هوا که جو شخص ذرا بهي تقلید کو چهوڑے اور حدیث پر عمل کرے وه فاسد الاعتقاد هی سبحان الله یهه عجیب دین و مذهب هی که جسپر آدمي ایمان لایا هو اُسکے قول کو ماننا اور اُسپر عمل کرنا دلیل فساد اعتقاد پر هووے *

چوبیس — تقلید کے فائدوں اور خوبیوں کو همارے علما کي کتابوں میں ملاحظه کرو اور جو کچهه آپ اعتراض کرتے هیں اُن سب کا جواب دیکهو خصوصاً شرح سفرالسعادت اور تفسیر احمدي وغیره کو مطالعه کرو تب آپ کے سب شبهات دور هوجاویں *

غیر مقلد — همنے سب کو دیکها اور خوب غور کیا پس بعضوں کي تحریر میں تو اُنکي سادگي طبیعت کا اثر پایا اور بعضوں کي تقریر پر مقوله العصب یسترالعقل کا یاد آیا اور اکثروں کي باتوں کو تو صرف تعصب سے بهرا هوا پایا مگر یهه هم نهیں کهتے که سب علما اور فقها نے دیده و دانسته حدیث کي مخالفت کي هی یا معاذالله وه سب کے سب پابند هوا و هوس کے تهے بلکه هم اکثر علما کو نیک اور پاک جانتے هیں اور اُنکي نهایت دل سے تعظیم اور بزرگي کرتے هیں لیکن اُنکي دوقسمیں هیں ایک تو وه جنهوں نے اپني نیکي اور پاکي کے ساتهه تحقیق کو بهي دخل دیا اور کتاب و سنت پر تمسک کرکے فقها سے اختلاف کیا اور اجتهاد کو تقلید سے بهتر جانا اور دوسرے وه علما هیں جنهوں نے باوجود نیکي اور پاکي کے صرف تقلید هي کو اچها جانا اور کتاب و سنت کو نه یهه سمجهکر که واجب الاتباع نهیں هیں بلکه یهه خیال کرکے که جو کچهه اگلے لوگ لکهه گئے هیں اور استخراج کرگئے هیں وه کافي هی اور مطابق کتاب و سنت کے هی اپنا متمسک نه بنایا اور نه تعصب سے بلکه نیکي اور محبت اور مصلحت سے تقلید هي کو اچها جانا پس ان دونوں علما کي نسبت هم نه اپنے دل میں کچهه برا خیال کرتے هیں نه اُنکي شان میں هم کچهه کهتے هیں بلکه هم اُنکو تمسے بهي بڑهکر نیک اور پاک جانتے هیں مگر ایسے علما کو چهوڑکر بهت سے علما ایسے هوئے هیں جنهوں نے تعصب هي کو دخل دیا اور اپنے علم و فضل کے دکهلانے اور اپني بات کي پیروي کرنے میں دیده و دانسته حق کو چهوڑا اور نه صرف نیکي سے اور نه فقط محبت سے اور نه محض مصلحت کے خیال سے بلکه اپني نفسانیت سے کهلي هوئي حدیثوں کو پس پشت ڈالا اور تاویلات بعیده سے اُن پر خط نسخ کهینچا اور پوچ دلیلوں سے اپنے اقوال کو ثابت کیا ایسے علما کے اگر حالات اور مثالیں اور نام لکهے جاویں تو ایک دفتر کا دفتر هوجاوے ✝ لیکن یهه کچهه ضرور نهیں هی که جو آدمي نیک اور اچها هو اُسکي سب باتیں واجب التسلیم هوں اِس لیئے همنے مانا که بعضے عالم نیک اور بزرگ تقلید کو اچها جانتے تهے یا فرض کیا که وه اُسے واجب سمجهتے تهے مگر همارا اس قول کو اُنکے غلط جاننا اور اُنکي

✝ بعضے علماء حنفیه نے اسکا یهه جواب دیا هی که اشاره کرنا نماز میں خلاف وقار وسکینه کے هی مولانا شاه عبدالعزیز صاحب اُسکے جواب میں فرماتے هیں که هرکه گوید فعل پیغمبر را که ایں خلاف وقار وسکینه است خصوصاً در نماز باتفاق جمیع مومنین کافر گردد —

✝ دیکهو احیاءالعلوم کي کتاب علم اور کتاب غرور که ایسے علما کي نسبت کیا لکها هی —

اس راے کو نادرست سمجھنا اُنکي بزرگي پر الزام لگانا نہيں هى بڑي غلطي آپ کي سمجھہ کي هى اور اسي سے سب کو مغالطه هوتا هى که جو آدمي نيک اور بزرگ هى اُسکي سب باتيں ماننے کے لايق هيں حالانکه يهه حق کسي کا نہيں هى سواے اسکے جو معصوم هو اور جسکي نسبت الله جلشانه نے فرما ديا هو که

و ماينطق عن الهوى ان هو الا وحي يوحى *

مقلد — نہايت تعجب کي بات هى که آپ علما اور فقها کے اقوال ماننے کو برا سمجھتے هيں اور اُنکي باتوں کو خلاف حديث کے جانتے هيں آخر علما کي باتوں کو تو هم اسي ليئے مانتے هيں که وه خدا اور رسول کي باتوں کو سمجھتے هيں اور اُس سے واقف هيں نه اس وجهه سے هم اُنکي باتوں کو مانتے هيں که وه ديده و دانسته خدا و رسول کے مخالف باتيں کرتے هيں اور خدا کي اور اُسکے رسول کي باتوں کو سواے علما کے کون سمجھه سکتا هى پس جسپر بہت سے علما فقها جمع هوں اُسيکو هم خدا و رسول کے حکم کے موافق سمجھتے هيں اس ليئے که حضرت صلى الله عليه وسلم نے فرما ديا هى که لايجتمع اُمتي على الضلالة که ميري اُمت ضلالت پر جمع نهوگي اور چونکه آپ علما فقها کے دشمن هيں اس ليئے هم آپ کي باتوں کو خلاف خدا و رسول کے سمجھتے هيں اور علما کي دشمني کو هم نشاني ضلالت کي سمجھتے هيں *

غير مقلد — هم اس امر کو تسليم کرتے هيں که هم تمام اُن لوگوں کو جو که علما اور فقها کهلائے جاتے هيں اور جنکے علم اور مولويت کے آپ معتقد هيں اپنا پير و مرشد نہيں جانتے اور اُنکي سب باتوں کو نہيں مانتے مگر يهه غلط هى که هم علما فقها سے عداوت رکھتے هيں اور اُن ميں کچھه تميز نہيں کرتے اور سب کو برا سمجھتے هيں يا اُن کے سارے قولوں کو غلط جانتے هيں اس ليئے هم چند باتيں آپ سے بيان کرتے هيں جس سے آپکے يهه سارے شبهات دور هوجاويں سب سے پہلے اس امر کو سوچنا چاهيئے که علما سے محبت اور عداوت کي کيا وجهه هى اور اُن کے قولوں کا ماننا نه ماننا کس اصول پر مبني هى پس اُن کے ساتهه محبت اور عداوت کي وجهه صرف يهي هى که هم جس معصوم پر ايمان لائے اور جس صاحب شريعت کے دين ميں داخل هوئے اُس سے همکو ديني محبت رکھنا فرض اور ايک امر ضروري هى پس جو شخص همکو همارے اُس محبوب تک پہنچا دے اور اُس کي باتيں همکو سکھلادے اُس سے لامحاله همکو محبت هوگي اور رسول کا رسول سمجھکر هم اُسکے ساتهه خواه مخواه محبت رکھينگے پس جن عالموں کو هم جانتے هيں که وه نيک اور پاک تهے يا هيں اور سچي راه همارے رسول کي همکو اور ساري اُمت کو بتلاتے تهے اور بتلاتے هيں اور جنکي ذات سے دين کو بہت سا فائده هوا ان سے هم محبت رکھتے هيں اور اپني ساري جان اور دل سے اُن کي تعظيم کرتے هيں اس ليئے که علت محبت کے اُن ميں موجود هى اسيطرح پر جن مولويوں کو هم جانتے هيں که وه متعصب اور جاهل تهے اور جنکے تعصب اور جهالت سے دين کو نقصان پہنچا اور جنهوں نے اپني نفسانيت اور دنيا طلبي يا حماقت اور ناداني سے وه طريقه جاري کيا جس سے هم اپنے محبوب تک نه پہنچ سکيں اور بيچ هي ميں بھٹکتے ره جاويں تو ضرور هم اُن سے عداوت رکھتے هيں اس ليئے که وجهه محبت کي اُن کي ذات سے مفقود اور علت عداوت کي موجود هى پس فقط عالم هونا يا فقيهه هوجانا کافي نہيں هى بلکه اس کے ساتهه نيک اور پاک اور متقي اور مصداق لايخافون لومة لائم هونا بھي ضرور هى پس اگر هم اُن لوگوں کے ساتهه محبت رکھيں جو که رسم و رواج کے پابند تهے يا جنکے دل کو تعصب نے سياه کرديا تها يا جنکي آنکھوں پر پرده جهالت کا پڑگيا تها اور جنهوں نے ديده و دانسته امت کو اس کے پيغمبر سے چھڑانا چاها اور اپني پوچ و لچر باتوں سے لوگوں کو بہکايا تو حقيقت ميں يهه دوستي رکھنا اسلام کے ساتهه دشمني کرنا هى اگر هم علما اور فقها کے دشمن هوتے تو ضرور چاروں امام اور اُنکے خاص تلامذه کے دشمن هوتے حالانکه هم اُن کو وارث انبيا سمجھتے هيں اور علماء رباني جانتے هيں اور اپنے سارے دل و جان سے اُن کي تعظيم کرتے هيں اور ان کا شکر ادا کرتے هيں جيسا که اُن کے اُن تقليد کرنے والوں کو جنهوں حديث پر عمل کرنے کو ناجايز کرديا اور تقليد کو واجب اور فرض ٹهرا ديا برا اور متعصب جانتے هيں باقي رها يهه امر که جن علماء کو هم بھي نيک اور پاک جانتے هيں اُن کي سب باتوں کو کيوں نہيں مانتے اُس کا يهه سبب هى اگر هم اُن کو معصوم جانتے اور اُن کو صاحب الهام سمجھتے اور همارا يهه عقيده هوتا که جبرئيل اُن پر نازل هوتے تهے اور وه فقه اور احکام مسائل اُنکو بتلا جاتے تهے تو ضرور هم اُن کے قول اور فعل هي کو واجب العمل جانتے مگر جبکه هم کسي بڑے سے بڑے مجتهد اور نيک سے نيک عالم اور فقيهه اور امام کے اجتهاد اور امامت پر اعتقاد رکھينگے تو پہلا کلمه طيب هماري زبان سے يهه نکليگا که المجتهد قد يخطي و قد يصيب تو پھر کيونکر هم اُس کے برخلاف اُنکو معصوم جانينگے اور معصوميت پر اعتقاد رکھنے يا نرکھنے کا ثبوت نه صرف زبان کے اقرار و انکار سے هوتا هى بلکه اُس برتاؤ سے جو هم اُن کي باتوں کي نسبت کرتے هيں پس جسنے اُن کي سب باتوں کو مانا اور باوجود غلطي* کے يهه سمجھکر که ضرور کچھه نه کچھه سبب اس کا هوگا اُسي پر عمل کيا بلاشک اُس نے اُنکو معصوم جانا گو هزار

زبانی سے انکار کرے اور جس نے اُنکی باتوں میں اُن باتوں کو نمانا جو کہ مخالف حدیث کے ہوئیں اُس نے اپنے دعوے کو پایۂ ثبوت پر پہنچایا *

میں نہایت حیران ہوں کہ باوجودیکہ مقلدین کا دعوے تو یہہ ہی کہ المجتہد قد یخطی و قد یصیب اور پھر عمل یہہ ہی کہ امام کے اجتہاد کے برخلاف کرنا کسی کو جایز ہی نہیں ہی اور اُسی کی تقلید واجب ہی *

اب ہم اِس امر پر غور کرتے ہیں کہ ائمہ اربعہ رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین کے سچے پیرو ہم ہیں یا کہ اُن کے مقلدین تو ہم بخوبی اپنے سچے دل سے یقین کرتے ہیں کہ سچے پیرو اُن کے ہم ہیں نہ وہ لوگ جو کہ تقلید کا دعوی کرتے ہیں اِس لیئے کہ پیروی اُنکی وہ جھوٹی محبت نہیں ہی جس سے وہ اُس درجہ پر پہونچے ہوئے سمجھے جاویں جس کے وہ مستحق نہیں ہیں بلکہ اصل پیروی اُنکی وہ ہی کہ جو کچھہ اُنہوں نے کہا ہو اُس پر عمل کیا جاوے پس اگر کوئی شخص مسلمان ہوکر براہ محبت یہہ عقیدہ رکھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خدا تھے و نعوذ باللہ من ذالک تو اُسنے آنحضرت کو اُس درجہ سے بڑھا دیا جو کہ خدا نے حضرت کو عنایت فرمایا اِس لیئے کہ حضرت بندہ تھے نہ خدا اسیواسطے آپنے کلمہ شہادت میں اپنی عبودیت کو داخل کردیا اور صاف صاف فرمادیا کہ یوں سمجھو اور یوں کہو کہ محمداً عبدہ و رسولہ پس جسنے اُس کے برخلاف کیا وہ دشمن آنحضرت کا ہی نہ پیرو اسیطرح اگر کوئی شخص یہہ سمجھے کہ ائمہ اربعہ معصوم تھے تو اُسنے اُنکو اُنکے درجہ سے بڑھادیا اِس لیئے کہ وہ مجتہد تھے نہ معصوم اسیواسطے اُن اماموں نے صاف فرمادیا کہ ہم مجتہد ہیں نہ معصوم والمجتہد قد یخطی و قد یصیب پس باوجود اُنکے اِس کہدینے کے جسنے اُس کے برخلاف اُن کے سب قولوں کو خطا اور غلطی سے محفوظ جانا وہ اُن کا دشمن ہی نہ پیرو *

کوئی خوف انحضرت کو اِس سے زیادہ نرھتا تھا کہ لوگ خدا نہ سمجھنے لگیں اسیواسطے بار بار فرماتے تھے کہ انا عبدہ و رسولہ و انما انا بشر مثلکم اور جب کوئی ایسی بات آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم سے کہتا جس سے شرکت ساتھہ خدا کے نکلتی اُسیوقت رنگ چہرہ کا متغیر ہوجاتا اور خفہ ہوجاتے اور فرماتے کہ جعلتنی للہ ندا جعلتنی للہ ندا کہ خدا کا مجھے شریک بناتا ہی تا کہ ایسا نہو کہ خدا خفا ہوجاوے کہ تم میری خدائی اور توحید کو پہیلانے گئے تھے یا کہ اپنے آپکو میرا شریک بنانے کو پس یہینہ اِن چاروں اماموں کو بھی کوئی خوف اِس سے زیادہ اپنے اجتہاد میں نہ تہا کہ ایسا نہو کہ لوگ اُنکو معصوم جاننے لگیں اور اُن کے قولوں کو بمقابل احادیث کے واجب العمل جانکر حدیث کو چہوڑ دیں اسی واسطے بار بار اُن کی پاک زبانوں سے یہی نکلتا رہا کہ المجتہد قد یخطی و قد یصیب چنانچہ امام ابو حنیفہ رحمۃاللہ علیہ برابر یہی کہتے رہے کہ لاینبغی لمن لایعرف دلیلی ان یفتی بکلامی امام شافعی رحمۃاللہ علیہ کا تادم مرگ یہی قول رہا کہ اذا صح الحدیث فہو مذہبی امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ چلا چلا کر یہہ کہتے رہے کہ لاتقلدنی ولاتقلدن مالکا اور یہہ خوف اِن اماموں کا اسیوجہہ سے تہا کہ ایسا نہو کہ پیغمبر صاحب ہم سے خفہ ہوجاویں کہ تم مجتہد اور امام میری شریعت کے مسائل بتلانے کے لیئے ہوئے تھے یا کہ اُس کے باطل کرنے اور اپنے مذہب کے جاری کرنے کے لیئے تم عالم اور فقیہہ میری احادیث کے اوپر عمل کرانے کے لیئے ہوئے تھے یا کہ اُس پر عمل کو حرام کرنے کے لیئے پس اسیواسطے یہہ بزرگ ڈرا کیئے اور لوگوں کو سمجھاتے رہے مگر جسطرح پر کہ بعض لوگوں نے پیغمبروں کو باوجود اُن کی فہمایش کے خدا کا شریک کردیا اسیطرح اِن مقلدین متعصبین نے اماموں کو باوجود اُنکی تاکید اور ممانعت کے معصوم بنادیا پس اگر وہ فرقہ اپنے پیغمبر کی ایسی جھوٹی محبت سے قابل تعریف کے ہی تو ضرور مقلدین بھی لایق مدح و صفت کے ہیں ورنہ دشمنی کا نام دوستی اور مخالفت کا نام اطاعت رکھا ہی *

پس جبکہ خاص چاروں امام رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین کے سب اقوال کو نماننا اور اُس کی جانچ خدا و رسول کے کلام سے کرنا دلیل ایمان اور توحید فی صفۃالنبوۃ کی ہو تو پھر اور علما کا کیا ذکر ہی اِس لیئہ مسلمان کا کام ہی کہ وہ خدا و رسول کے کلام کو مقدم رکھے جسکے کلام کو اُس کے مطابق پاوے اُسے صحیح جانے ورنہ کالاے بد بریش خاوند اُس کو قبول نہ کرے یہہ کام مسلمان کا نہیں ہی کہ اندھا بنجاوے اور اپنی آنکھوں کو قران و حدیث سے بند کرلے اور اپنے کانوں تک اُنکی آوازیں نہ آنے دے بلکہ اور لوگوں کے قولوں کو ڈھونڈھتا پھرے کہ زید نے کیا کہا ہی عمرو نے کیا فرمایا ہی اور بغیر ملانے قران و حدیث کے بغیر جانچے اُس کے اُنکی باتونکو مان لے اور نہ صرف ماننا بلکہ اُن کی سب باتوں پر ایسا یقین کرلے کہ اُس میں غلطی کا احتمال ہی نہیں ہی اور باوجودیکہ خود بھی صریح حدیث سے مخالفت اُن کے قول کی سمجھہ لی مگر حدیث میں شبہہ کرے لیکن اُن کے قول میں شبہہ نکرے حدیث کو تو چھوڑ دے مگر اُنکی بات کو نہ چھوڑے پس اگر یہہ شرک فی صفۃالنبوۃ نہیں ہی تو کیا ہی بلکہ میرے نزدیک تو شرک فی صفۃالنبوۃ سے بھی بڑھکر ہی

تقلید اور عمل بالحدیث یکم جمادی الاول سنہ ۱۲۸۸ ھجری تقلید اور عمل بالحدیث

اِس لیئے کہ اگر نبي کو ھریک اپنے امام کا رکھتے تو کبھي حدیث پر بھي عمل کرنا جایز سمجھتے حالانکہ منجملہ لاکھہ مسئلوں کے ایک مسئلہ میں بھي مخالفت امام کي اور عمل حدیث پر جایز نہیں ھی اور باوجود اِس عقیدہ اور ایسے برتاؤ کے کیا بھلا معلوم ھوتا ھی جب مقلدین کي زبان سے یہہ بات نکلتي ھی کہ ھم کیا اپنے امام کو معصوم جانتے ھیں معلوم نہیں کہ معصوم کے لفظ کے کیا معني ھیں *

حقیقت یہہ ھی کہ مقلدین کا یہہ کہنا کہ جو لوگ حدیث پر عمل کرتے ھیں وہ دشمن علماء اور فقہاء کے ھیں صرف ایک دھوکہ اور مغالطہ ھی تا کہ عوام کو نفرت پیدا ھو اِس لیئے کہ یہہ تو وہ جانتے ھیں کہ علماء انبیاء کے وارث ھوتے ھیں اور اُنھیں سے لوگ ھدایت پاتے ھیں تو جو لوگ اُن کے دشمن ھونگے وہ ضرور دشمن اسلام کے ھونگے حالانکہ ھم تو اُن علماء کے خاک پا ھیں جو کہ ورثۃالانبیا ھیں اور اُن کي زیارت کو بھي عبادت جانتے ھیں مگر اُن لوگوں کو جو کہ نام کے مولوي اور عالم ھیں اور حقیقت میں دین کے خراب کرنے والے اُن کے ھم دشمن ھیں اور ھم کیا ھمارے آخري امام مھدي بھي اُن کے دشمن ھونگے جیساکہ عارف باللہ شیخ محي‌الدین ابن عربي نے فتوحات مکیہ میں لکھا ھی کہ اذا خرج الامام المھدي علیہ السلام فلیس لہ عدومبین الاالفقہاء خاصۃ فانھم لایبقی لھم ریاسۃ ولا تمئیز من العامۃ بل لایبقی لھم علم محکم الاقلیلاً و یرتفع الخلاف من العالم بوجود ھذاالامام ولولا ان السیف بیدہ لافتی الفقہاء بقتلہ و یعتقدون فیہ اذا حکم بغیر مذھبھم انہ علی الضلالۃ فی ذالک الحکم لانھم یعتقدون ان اھل الاجتھاد و زمانہ قدانقطع و مابقي مجتھد فی العالم و ان اللہ سبحانہ لایوجد بعد ائمتھم احدا لہ درجۃالاجتھاد جسوقت امام مھدي علیہ السلام خروج کرینگے کوئي اُنکا ایسا کھلا ھوا دشمن نہوگا جیسا کہ فقیہہ اور مولوي ھونگے اِس لیئے کہ اُنکي ریاست جاتي رھیگي اور اُن میں اور عوام میں کچھہ فرق و تمیز نہ رھیگي اور اُنکا حکم باقي نرھیگا اور اگر اِس امام کے پاس تلوار نہو وے تو ضرور اُسکے قتل کا فتوی فقہا دیدیں اور مروا ڈالیں اور جب کبھي امام مھدي موافق اِن چاروں اماموں کے مذھب کے فتوی ندینگے تو وہ فقہا سمجھینگے کہ یہہ گمراہ ھی اِس لیئے کہ اُن کے نزدیک اھل اجتھاد باقي ھي نہیں رھا اور اُس کا زمانہ منقطع ھوگیا اور دنیا میں کوئي مجتھد پایا نہیں جاتا گویا اُن کے نزدیک خدا نے بعد اُنکے اماموں کے ایسے آدمي کا پیدا کرنا بند کردیا جسکو اجتھاد کا درجہ ھو *

حقیقت میں مقلدین جسطرح پر ھم آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کو خاتم الانبیا سمجھتے ھیں اپنے اپنے اماموں کو خاتم الائمہ جانتے ھیں اور جب امام مھدي سے امام کو ترک تقلید سے کافر اور گمراہ جانینگے اور واجب القتل سمجھینگے تو پھر ھم ایسے فرقہ سے کیا شکایت کریں اور اپني نسبت گمراھي اور ضلالت کے فتوی سنکر کیوں رنجیدہ ھوں حضرات کو اختیار ھی جو چاھیں سو کریں دین کو خود برباد کریں اور کافر اور مستحق قتل ھمکو بتاویں کیا انصاف ھی—تو مشق ناز کر خون دو عالم میري گردن پر *

اب میں اُن شبہات کو جو علما کي مخالفت کے سبب سے پیدا ھوتے ھیں صرف ایک محقق کے قول کو نقل کرکے دور کرتا ھوں یعني ابن قیم جسنے نہایت خوبي سے اِس شبہہ کو رفع کیا اور سارے خطرات کو دور کردیا قال ابن قیم اذاجاءت ھذہ الی الخ † " یعني جب کہ کسي مسلمان کے نفس مطمئنہ کو اِس طرف رجحان ھوتا ھی کہ وہ خاص پیغمبر خدا علیہ التحیۃ و الثناء کي خالص متابعت کرے تو نفس امارہ کي مزاحمت لوگوں کے قولوں اور رایوں سے اُس کے ارادہ کے ظھور کے لیئے ھوتي ھی پس نفس امارہ ایسے شبہات ڈالتا ھی جن سے کمال متابعت پیغمبر خدا کي آدمي نہ کرسکے وہ خدا کي قسم دلاتا ھی کہ میري غرض سواے نیکي اور احسان اور توفیق خیر کے اَوْر کچھہ نہیں ھی حالانکہ خدا خوب جانتا ھی کہ وہ جھوٹا ھی اور اصلي غرض اُس کي یہہ ھی کہ وہ اپني خواھشات کو پورا کرے اور متابعت کے جیلخانہ سے نہ نکلنے دے اور نفس امارہ ایسے شخص کو دھوکہ دیتا ھی کہ خالص پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم کي تبعیت کا قصد کرنا اور آنحضرت کے قول کو سب علما کي رایوں پر مقدم سمجھنا گویا سارے عالموں اور تمام فقیھوں کي شان میں نقص لگانا ھی اور اُن کے ساتھہ بے ادبي کرنا ھی کہ اُنمیں سے کسي نے پیغمبر صاحب کے قول پر عمل نہ کیا اور سبھوں نے خود رائي کي اور یہہ کیسي بدظني ھی کہ سارے مولوي اور فاضل اور بڑے بڑے جو ھوئے وہ تو گنہگار رھے اور غلطي پر اور ھم ثواب ڈھونڈتے ھیں حالانکہ یہہ قوت اور طاقت ھمکو کہاں ھی کہ ھم اُن بزرگوں کے قولوں کو رد کریں اور اُن کي غلطي اور خطا نکالیں پس ان باتوں کے خطرات دلمیں ڈالکر نفس امارہ قسم کھاتا ھی کہ خدا شاھد ھی کہ میري اور کچھہ غرض سواے احسان اور توفیق کے نہیں ھی کہ اسي دھوکہ میں بہت سے لوگ آجاتے ھیں پس ایسي باتوں کو نماننا اور ایسے دھوکہ میں نہ آنا چاھیئے اولئک الذین یعلم اللہ مافي قلوبھم فاعرض عنھم و عظھم و قل لھم في انفسھم قولا بلیغا اور خالص متابعت کرنا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم کي

† ھمنے بسبب طول ھونے کے اصل عبارت کو نقل نہیں کیا صرف ترجمہ پر قناعت کي ھی اور اصل عبارت در اساۃ کے صفحہ ۱۴۴ میں منقول ھي *

یہہ ہی کہ جو کچھہ آنحضرت لائے ہیں اُس کے سامنے نہ کسی قول کو دیکھے نہ کسی کی رائے پر لحاظ کرے کوئی کیوں نہو بلکہ اول صرف حدیث کی صحت کی تحقیق کرلے پھر اگر اُسے صحت ہوجاوے تو اُسکے معنے سمجھے جب معنے سمجھلے تو ہرگز اُس سے عدول نکرے گو تمام مشرق سے لیکر مغرب تک اُس سے مخالف ہوں اگرچہ ایسا کبھی ممکن نہیں ہی کہ نعوذ باللہ کوئی حدیث ایسی ہو کہ اُمت محمدی میں کوئی اُس کا قایل اور عامل نہو ہاں یہہ ممکن ہی کہ ہر کسیکو معلوم نہو کہ کون شخص اُس حدیث کا عامل ہوا ہی یا ہی پس نہ جاننا ایسے آدمی کا جو کہ اُس حدیث کا قایل اور اُسپر عامل ہو خدا کے نزدیک اُس شخص کے لیئے حجت نہیں ہوسکتی جو کہ حدیث کی صحت پر اطمینان کرکے اور اُس کے معنے سمجھکر حدیث کو چھوڑے اور اُس پر عامل نہو پس جب تو کسی نص کو پالے تو تجھے چاہیئے کہ اُسپر عمل کر اور یہہ سمجھہ لے کہ ضرور کوئی نہ کوئی اَوْر بھی اسکا قایل اور اُسپر عامل ہوگا تجھکو اُسکی خبر نہیں ہوئی اور اِس سے تو اَوْر علما کی محبت اور حفظ مراتب میں شبہہ نکر اس لیئے کہ مجتہدین اور علما سے خطا بھی ہوجاتی ہی اور اُسمیں بھی اگر وہ بدنیتی ہی نکریں مستحق ایک اجر کے ہوتے ہیں لیکن اِس سے یہہ لازم نہیں ہی کہ اُنکے غلط قول کی تبعیت کی جاوے اور صاحب شریعت کے کھلے احکام چھوڑ دیئے جاویں صرف یہہ خیال کرکے کہ جن علما اور فقہا نے اِس قول پر عمل نہیں کیا وہ ہم سے زیادہ عالم اور بزرگ تھے اور ہمکو اُن کا سا مرتبہ حاصل نہیں اِس لیئے کہ جن لوگوں نے اُس نص پر عمل کیا ہی وہ بھی تجھہ سے زیادہ عالم تھے تو تو نص پر عمل کرنے میں کیوں اُن سے موافقت نہیں کرتا اور یہہ تو ممکن بھی نہیں ہی کہ کوئی نص موجود ہو اور کسی نے اُسپر عمل نکیا ہو بہر حال نص پر عمل کرنے والا کبھی تنہا نہوگا اور ضرور اُسکے ساتھہ اَوْر لوگ ہونگے پس جو آدمی علما اور فقہا کے قولوں کو قران و حدیث سے ملاوے اور اُس سے مطابق کرے اور جنکو مخالف نصوص کے پاوے اُس سے مخالفت کرے تو ایسی مخالفت کرنے والے کی نسبت یہہ شبہہ کرنا کہ وہ اُنکا دشمن ہی یا کہ اُنکے حفظ مراتب پر خیال نہیں کرتا یا اُنکو برا جانتا ہی بڑی غلطی ہی اِس لیئے کہ حقیقت میں اُنکے کلام کو خدا و رسول کے کلام پر عرض کرنا اور جو مخالف اُسکے ہو اُسے نہ ماننا اصل پیروی اور اقتدا اُن عالموں کی ہی کیونکہ اُنہوں نے خود یہی کیا ہی اور ایسا ہی کرنے کو اَوْروں کو نصیحت کی ہی نہ کسی نے معصومیت کا دعوی کیا نہ اپنے قول کو نصوص پر مقدم سمجھا پس اِس سے ثابت ہوا کہ ان دونوں میں کیا فرق ہی ایک ایسی تقلید کرنا کسی کی کہ اُسکی سب باتیں ماننا اور اُسکے قول کو نہ خدا کے کلام سے جانچنا نہ رسول کی احادیث سے ملانا بلکہ ایک معصوم کے قول کے موافق اُسی کو قبول کرلینا دوسرے اُسکے علم اور فہم اور تفقہ سے استعانت کرنا اور جو چراغ علم کا اُسنے روشن کیا اُس سے نور لینا پس جو مقلد ہی اور اول قسم میں داخل وہ اُس عالم کے قول کو بلاتامل قبول کرتا ہی نہ اُسمیں غور کرتا ہی نہ کتاب و سنت کی سند سے اُسکی صحت کی تحقیق کرتا ہی اور جو محقق ہی اور دوسری قسم میں داخل ہی وہ اُس عالم کے قول کو بمنزلہ دلیل کے سمجھتا ہی پس اگر پہلی دلیل اُسے مل گئی تو دوسرے استدلال کی کچھہ حاجت نہیں جس طرح پر کہ ستارہ قبلہ پر دلیل ہی مگر جبکہ آدمی خود قبلہ کو دیکھہ لے تو پھر ستارہ کی حاجت نہیں رہتی اِسی طرح پر جب ہمنے کسی فقیہہ یا مجتہد کے قول کو سنا تو ہمکو اُسپر عمل کرنے کی ابتدائی حجت کافی ہی مگر جب ہمکو کوئی حدیث صحیح اُسکے موافق ملجاوے تو اُس عالم یا فقیہہ کے قول پر ہمکو کامل اطمینان ہوگا اور سننے سے مرتبہ دیکھنے کا ہمکو حاصل ہوگا اور اگر اُسکا قول مطابق حدیث کے نہوا یا اس سبب سے کہ وہ حدیث اُسے نہ ملی یا اس وجہہ سے کہ اُس نے اجتہاد میں غلطی کی تو ہمکو اُسکے چھوڑ دینے میں کچھہ تامل نہوگا پس یہہ اعتراض جو مقلدین کیا کرتے ہیں کہ جو لوگ تقلید کو واجب نہیں جانتے آخر وہ بھی فقہا اور علما ہی کے قولوں پر عمل کرتے ہیں باطل ہوا اِس لیئے کہ واجب اور جائز میں بڑا فرق ہی پس ہمارا یہہ قول نہیں ہی کہ علما فقہا کی باتوں کا ماننا یا اُنکے نکالے ہوئے مسئلوں پر عمل کرنا جائز نہیں ہاں ہمارا یہہ عقیدہ ہی کہ وہ واجب نہیں بلکہ جسکو معلوم ہوجاوے کہ خدا کا فلاں امر میں یہہ حکم ہی یا اُسکے رسول نے فلاں معاملہ کی نسبت ایسا فرمایا ہی تو بمقابل اُسکے دوسرے کا اتباع جائز نہیں اِس لیئے کہ خدا و رسول کے حکم کے سامنے دوسرے کا کچھہ حکم نہیں علاوہ بریں اُن مجتہدین اور ائمہ نے جنکے قول کے اتباع کی نسبت یہہ ساری بحث ہی خود بھی تو یہہ دعوی نہیں کیا کہ جو کچھہ ہم کہتے ہیں وہی حکم خدا اور رسول کا ہی بلکہ وہ صاف کہتے رہے ہیں کہ ہم اجتہاد کرتے ہیں ہمارے اجتہاد اور رائے کو جو چاہے مانے جو چاہے نہ مانے بلکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا خود یہہ قول ہی کہ جو شخص میری رائے سے بہتر رائے دے میں خود اُسکو قبول کرنے پر آمادہ ہوں اور نیز اگر اُن ائمہ و مجتہدین کا قول وہی ہوتا جو کہ خدا اور رسول کا قول ہی تو اُن کے خاص شاگردوں کو اُن سے مخالفت کرنا جایز نہوتا جس طرح پر کہ اصحاب کو پیغمبر کے قول سے مخالفت جایز نہیں ہی فقط انتہی " *

یہہ قول ابن قیم کا جو ہمنے نقل کیا مقلدین کے سارے اعتراضات کا جواب ہی اور اس سے اُن کے کل شبہات رفع ہوتے ہیں پس باوجود

اس کے بھي اگر کوئي تقلید کو واجب کہے اور اُس کے واجب نہ کہنے والے کو دشمن اسلام کا اور بدعتي جانے اُس کے حق میں بجز اس کے کہ دعاء خیر کي جاوے کیا کہا جاوے *

پس بفرض محال اگر عدم وجوب تقلید پر کوئي عالم بھي ھمارے ساتھہ متفق نھوتا اور سب اُس کے وجوب ھي کے معتقد ھوتے تب بھي ھمارا اُس سے انکار کرنا خرق اجماع نہ تھا نہ کہ اُس کے عدم وجوب پر ھزارھا علما کا اتفاق ھی بلکہ سارے صحابہ کل تابعین تمام تبع تابعین کا بھي عقیدہ تھا پس جو مقلدین یہہ شبہہ کرتے ھیں کہ اگر تقلید کے وجوب سے انکار کیا جاوے تو بہت سے علما فضلا کے اُوپر نقص عاید ھوتا ھی اور اُن کي شان میں غلطي کي نسبت ھوتي ھی اُن کو یہہ بھي سوچنا چاھیئے کہ اگر تقلید کا وجوب تسلیم کیا جاوے اور اُس کا منکر بدعتي اور فاسق اور گنہگار قرار دیا جاوے تو کل محدثین اکثر اھل تصوف اور اولیا الله اور اکثر مجتہدین اور محققین کا بدعتي اور فاسق ھونا لازم آتا ھی اس لیئے کہ وہ تقلید کے تارک تھے پس تعجب ھی کہ وجوب تقلید کے نہ ماننے پر تو یہہ شبہہ کیا جاوے کہ اکثر علما کي خطا ثابت ھوتي ھی اور اُس ماننے پر یہہ خیال نھووے کہ اکثر محدثین اور اولیاء کرام اور محققین کا گنہگار ھونا لازم آتا ھی پس بالفرض اگر ایک فرقہ کا چھوڑنا ھي لازم ھوا تو اب اختیار ھی جو چاھی تقلید میں داخل ھو اور محدثین اور اولیا اور اھل تصوف کو چھوڑے اور جسے منظور ھو وہ حدیث پر عمل کرے اور اُس زمانہ کے لوگوں کو چھوڑے جوکہ عھد نبوت سے دور ھوتا گیا اور جس میں بدعت کا رواج بڑھتا گیا *

مقلد — یہہ ھم نہیں کہتے کہ اجتہاد اُنھیں اماموں پر ختم ھو گیا مگر آج کل کسکو ایسا علم ھی کہ وہ امام ابو حنیفہ کے قول پر جرح کرسکے اور کسکو اُن کا سا تقوی اور بزرگي اور احتیاط ھی کہ اُن کے کلام کو نہ مانے ھاں جو کوئي اُن کا سا علم اور ویسا تقوی رکھتا ھو وہ اجتہاد کرے مگر تب بھي قرب زمانہ نبوت کي فضیلت کہاں سے اب کوئي پاویگا *

غیر مقلد — اس دلیل سے تو آپ ھي کي تقلید باطل ھوتي ھی اس لیئے کہ دوسرا فریق بھي کہہ سکتا ھی کہ ائمہ اربعہ بھي پیغمبر خدا علیہ التحیة والثنا کے اصحاب کرام کے ھمرتبہ نہ تھے اور مھاجرین و انصار میں داخل نہ تھے پس چاھیئے تھا کہ وہ بھي اصحاب کرام کے اقوال میں جرح و تعدیل نہ کرتے اور کسي ایک صحابي کے سارے قولوں کو تسلیم کرلیتے پس جب کہ مجتہدین نے اصحاب نبوي کے قولوں میں جرح و تعدیل جایز رکھي اور حضرت ابوبکر صدیق سے یار غار اور حضرت عمر فاروق سے فقیہ اور حضرت علي سے عالم جن کي فضیلت میں آیتیں بھي نازل ھوئیں اور جن کي شان میں پیغمبر خدا نے حدیثیں بھي فرمائي ھیں اور جن کي ھجرت اور نصرت کي خدا نے تعریف بھي کي باوجود اس کے تیسرے طبقہ کے لوگ اس امر کے مجاز ھوں کہ وہ ایسے اصحاب جلیل القدر کے قولوں میں سے جس کو مطابق کتاب و سنت کے پاویں اُسے لیں اور جسکو مخالف پاویں اُسے چھوڑ دیں اور ترک کریں اور اُس سے اُنکي نسبت یہہ شبہہ نھو کہ وہ اصحاب کي بزرگي کے معتقد نہ تھے جو اُن کے قولوں سے انکار کرتے تھے اور بعد ائمہ اربعہ کے جو زمانہ آوے اُس میں کوئي اُن ائمہ کے اقوال میں جرح و تعدیل کرنے کا مجاز نھو اور سب کو کسي ایک امام کے منجملہ چار اماموں کي تقلید واجب ھووے اور جو واجب نہ جانے اُس پر یہہ الزام لگایا جاوے کہ وہ اُس امام کي بزرگي کا منکر ھی یہہ ایک نہایت حیرت کي بات ھی *

مقلد — اگر حدیث پر عمل کیا جاوے تو آج کل کس کو طاقت ھی کہ وہ تمام احادیث کو جمع کرکے ناسخ و منسوخ میں تمیز دے اور قوي اور ضعیف کو جدا کرے اور اُس سے مسایل کو استخراج کرے *

غیر مقلد — کیا آپ کے نزدیک احادیث کي کتابیں فقہ کي کتابوں سے بھي زیادہ مشکل ھیں اور کیا اصول حدیث کے اصول فقہ سے بھي زیادہ دقیق ھیں اور کیا احادیث کو اگلے لوگ جمع نہیں کرگئے اور کیا اُن کے اقسام ضعیف و حسن وغیرہ کو جدا جدا نہیں کردیا اور کیا موضوعات کو صحاح سے علحدہ نہیں کردیا اور کیا جو اختلاف احادیث میں ھی اُسکي تطبیق محدثین نے ابتک نہیں کي ھی حقیقت یہہ ھی کہ جسقدر تحقیقات احادیث کي محدثین نے کي ھی اور جسقدر مادہ احادیث پر عمل کرنے کا اِسوقت موجود ھی اور جیسي آساني اُس میں ھی اُس کا کچھہ بیان نہیں ھوسکتا اگر کوئي شخص فقیہہ بننا چاھے تو جسقدر محنت اور دقت اُسکو ھوگي اُتني محنت اور دقت علم حدیث کے سیکھنے پر نھوگي پس تعجب ھی کہ ھدایہ اور مبسوط وغیرہ جنکا سمجھنا بغیر اصول منطق اور قواعد فلسفہ کے دشوار ھو آپ سمجھہ سکیں اور روایات مختلفہ کو جمع کرکے مسایل فقہي کو نکال لیں اور پھر باینہمہ اختلاف مسایل فقہیہ کا رفع نھو بلکہ قطع نظر اُس اختلاف کے جو چاروں مذھب میں ھی ھر مذھب میں صدھا مسایل اختلافي موجود ھوں اور صاف اور کھلي ھوئي حدیثوں کا سمجھنا آپ کے نزدیک مشکل ھو اور اُن کا اختلاف رفع کرنا اور اُس پر عمل کرنا آپ کے نزدیک محالات اور ممتنعات سے ھو اور ساري

حدیث کی کتابیں اور اُنکی شرحیں اور محدثین کی تحقیقاتیں عبث ہوں اِس لیئے کہ اُنکو نہ کوئی سمجھہ سکتا ہی نہ اُس پر عمل کرسکتا ہی پس حدیث کی کتابیں سواے اِس کے کہ واسطے تبرک اور برکت کے دوھرے کپڑے میں غلاف کے اندر رھیں اور کبھی کسی فقہی مسئلہ میں اُن پر رجوع نہ کی جاوے آپ کے کسی کام میں نہیں آسکتیں اور استخراج مسائل کے لیئے آپ اُن سے کچھہ کام نہیں لیتے اگر لیتے ہو تو ذرا مہربانی کرکے بتلاؤ کہ کسی فتوی میں خلاف اقوال فقہا کے کوئی مقلد حدیث کی بہی سند لایا ہی اگر لایا ہو تو پیش کرو ھاتو برھانکم ان کنتم صادقین اگر آپ غور کریں اور اپنے علما کے اقوال پر نظر کریں تب آپ کو معلوم ہو کہ فقہا نے احادیث کی کیسی قدر دانی کی ہی میں اپنے اِس قول کی تائید میں صرف ایک فقیہہ کے کلام کو نقل کرتا ہوں وہ فرماتا ہی † نہ اعلم ان اصول الفقہ فرع اعلم اصول الدین واکثر التصانیف فی اصول الفقہ لاھل الاعتزال المخالفین لنا فی الاصول واھل الحدیث المخالفین لنا فی الفروع ولا اعتماد علی تصانیفھم یعنی اکثر تصانیف اصول فقہ کی معتزلہ کی ہیں جو اصول میں ہمارے مخالف ہیں یا اہل حدیث کی ہیں جو فروع میں ہمارے مخالف ہیں اور اُنکی تصانیف پر کچھہ اعتبار نہیں ہی پس مقلدین نے گویا اہل حدیث کا ایک فرقہ علحدہ تصور کیا اور اُن کی تصانیف کو اعتبار کے لایق نہ جانا پس نہایت افسوس کا مقام ہی کہ تقلید کی وجہہ سے اہل حدیث دائرہ سنت سے خارج کردیئے جاویں اور اُن کی تصنیفات پر صرف اسی تصور میں کہ وہ فقط حدیث پر یعنی پیغمبر صاحب کے قول کو مانتے ہیں اعتبار نہ کیا جاوے میں حیران ہوں کہ اگر اہل حدیث ہی دائرہ سنت سے خارج ہوں تو پہر دوسرا کون ہی جو سنی ہوسکے سچ کہا ہی مولوی شاہ عبدالعزیز صاحب نے اپنے ایک رسالہ میں جو جواز میں اشارہ کے لکھا ہی کہ بالجملہ بدلیل باطل کسے مخالفت پیغمبر خدا کردن و خلاف امام مذھب رفتن و باوجود آن خود را سنی پنداشتن جز جہل و نادانی ویا تعصب نفسانی چیزے دیگر نباشد سنی آنکہ کار سنت کند و رافضی آنکہ ترک سنت کند *

مقلد — پس تم بدعتی اور فاسق ہو بلکہ کافر جو تقلید کو واجب نہیں جانتے ہو تمہارے کفر کا فتوی لکھا جاویگا اور تمہارا کھانا پینا بند ہوگا تاکہ آیندہ پہر کوئی دین کو برباد نکرے اور مذھب میں فتنہ و فساد نہ کھڑا کرے *

غیر مقلد — من ازان حسن روز افزوں کہ یوسف داشت دانستم *
کہ عشق از پردۂ عصمت برون آرد زلیخا را *

سنو ہم تو اُسی روز سے آپ کے کفر کے فتووں کے منتظر ہیں جب سے ہمنے قران و حدیث کو اپنا متمسک بنایا اور زید و عمرو کو چھوڑا اور پابندی رسم کی ترک کی حضرت خدا کے نزدیک کافر نہونا چاھیئے وہ اگر ہمارے کفر کا فتوی دے تو البتہ ہمکو نقصان ہی ورنہ اگر دنیا کے سارے بندے ہمکو کافر کافر کہیں اور خدا کے ساتھہ ہمارا معاملہ راست راست ہو اور اُسکے پیچھے اور اُسکے رسول کے پیچھے ہم کافر بنائے جاویں تو اس کفر پر ہمارے ہزار ایمان قربان اور ہزار اسلام صدقے ہیں اور بڑے بڑے امام اور اچھے اچھے ولی اور نامی نامی محقق ہمارے اس کفر کے شریک ہیں اور یہہ آپ کا فرمانا کہ اگر ہم ایسا نکریں تو دین برباد ہوجاوے موجب صد ہزار حیرت ہی کہ حدیث پر عمل کرنے میں دین کی بربادی کیا ہوگی اگر آپ کے نزدیک حدیث پر عمل کرنے سے دین برباد ہوگا تو وہ دین جسکا مدار سواے قران و حدیث کے اَور کسی پر ہو اُسکا برباد ہی ہونا بہتر *

قول فیصل بہ نسبت تقلید و عمل بالحدیث کے

بعضوں کو یہہ شبہہ ہوتا ہی کہ اگر تقلید چھوڑ دی جاوے تو حدیث پر کیونکر عمل کیا جاوے اور جو اختلاف احادیث میں ہی وہ کیونکر رفع کیا جاوے آخر تقلید چھوڑنے پر بہی ہمکو اجتہاد کرنا پڑیگا اور سارے جزئیات مسائل کا حدیث سے نکالنا ممکن نہوگا تو جب چار عمدہ اور اچھے اماموں کے مذھب کو چھوڑنا اور ایک نیا مذھب کھڑا کرنا نادانی ہی اِس لیئے یہہ قول فیصل جو محققین علما لکھہ گئے ہیں ہم بہی لکھتے ہیں *

یہہ امر خیال کرنا کہ منجملہ مذاھب اربعہ کے کسی مذھب کے مسائل پر عمل کرنا جائز نہیں ہی غلطی ہی بلکہ ہمارا قول صرف یہہ ہی کہ تقلید کو واجب جاننا اور اُسکی اِس طرح پر پابندی کرنا کہ ایک امام کے مقلد کو دوسرے امام کے کسی مسئلہ پر عمل کرنا یا اپنے امام کے کسی قول کو صریح مخالف حدیث کے پاکر اُسکا ترک نکرنا یا کسی مسئلہ میں اجتہاد کی طاقت رکھکر اجتہاد نکرسکنا غلطی ہی اور یہہ اگلے لوگوں کے طریق کے خلاف ہی بلکہ چاروں اماموں میں سے کسی کے قول کو ماننا یا اُنکے استخراج کیئے ہوئے مسائل پر عمل کرنا نہایت ہی بہتر ہی اور آج کل تو نہایت ہی مناسب اور ضرور ہی اور عامیوں کو تو سواے اسکے کچھہ چارہ نہیں لیکن چند شرائط سے *

اول جائز ہونا اجتہاد کا اور ترک تقلید کا اگر کوئی شخص ایک مسئلہ میں بہی اجتہاد کرسکے *

دوسرے چھوڑ دینا کسی قول کا جبکہ کسی حدیث صحیح صریح سے مخالفت اُسکی ثابت ہوجاوے اور اُس حدیث کا نہ منسوخ ہونا پایہ ثبوت کو پہونچے *

† دیکھو کشف الظنون مطبوعہ کے صفحہ ۸۹ کو —

تیسرے نه اعتقاد رکھنا اس امر کا که ایک امام کے مقلد کو دوسرے امام کے قول پر عمل کرنا ناجائز هی *

چوتھے مقدم رکھنا احادیث اور اصول احادیث کو قیاس اور قواعد مقررة اصولي پر *

پس ان چار شرطوں کے ساتھه هر شخص کو اختیار هی که جس امام کے مذهب پر چاهے چلے اور جسکے قول کو معتبر اور اچھا جانے اُسکو اختیار کرے اور یهي مطلب همارا هی اور یهه غرض هماري نهیں هی که کسي امام اور کسي فقیهه اور کسي مولوي کے کسي قول کو نمانے اور هر شخص عامي هو یا خاص عالم هو یا جاهل وه هر مسئلة میں اپنا هي اجتهاد کرے اور سارے جزئیات خود هي کتاب و سنت سے نکالے *

پس افسوس هی اُن لوگوں پر که جو باوجود علم و فضل کے یهه عقیدة رکھتے هیں که چاروں مذهب میں سے کسي مذهب کي پابندي ترک کرني اور دوسرے امام کے مذهب پر عمل کرنا یا چاروں مذهب کو چھوڑ کر حدیث پر عمل کرنا یا اجتهاد کرنا جایز هي نهیں هی اس لیئے که حقیقت میں یهه قول ایک نیا حکم شریعت کا هی اور جس کا قائل اپنے آپ کو صاحب شریعت هونے کا در پردة دعوے کرتا هی طحطاوي میں ایک بڑے فقیهه صاحب کمال کا قول لکھا هی که المنتقل من مذهب الی مذهب باجتهاد و برهان آثم یستوجب التعذیر فبلا اجتهاد و برهان اولی اور اس سے ثابت هوتا هی که باوجود اجتهاد و برهان کے ایک مذهب کا چھوڑنا اور دوسرے مذهب کا اختیار کرنا جایز نهیں هی بلکه گنهگار هی اور ایسا کرنیوالا واجب التعذیر مگر افسوس هی که اس قول کے کهنے والے نے یهه خیال نه کیا که وه خدا تعالی کو قیامت کے دن کیا جواب دیگا اور اپني طرف سے فهرست میں گناهوں کي ایک گناه بڑھا دینے پر کیا دلیل پیش کریگا سچ یهه هی که اگر ایسي ایسي باتیں یهه لوگ نه لکھه جاتے اور ان دھمکیوں سے جاهلوں کو نه ڈراتے تو تقلید کا ایسا زور شور کیونکر هوتا اور حدیث پیغمبر خدا علیه التحیة والثنا پر عمل کرنا کیونکر چھوٹتا و ما سعادة الدارین الا بالاعتصام به —

ان لم یکن في معادي اخذا بیدي * فضـــلاً و الا فقـــل یازلةالقدم

میں اب اس مضمون کو ختم کرتا هوں اور اسي بحث کے متعلق میں اَوْر کچھه لکھونگا اور اُن اقوال کو جو مقلدین تقلید کي نسبت بیان کیا کرتے هیں مفصل لکھه کر اُس کا جواب دونگا اور جو کچھه شرح سفرالسعادة اور تفسیر احمدي وغیرة میں لکھا هی اُس کو بجنسه نقل کرکے اُس جواب سے سب کو آگاه کرونگا جو محدثین اور مجتهدین نے به نسبت اُس کے دیا هی اور علاوه اُس کے سارے شبهات اور اعتراضات کو مقلدین کے نهایت خوبي سے بیان کرکے اُس کي برائي بھلائي کو ظاهر کرونگا افسوس هی که مضمون بڑا اور پرچه چھوٹا کیونکه جو کچھه دل میں هی اُسے لکھوں مگر خیر اب تو اسپر ختم کرتا هوں اور جو رهگیا هی اُسے دوسرے پرچه میں لکھونگا *

مجھے اپنے بھائیوں سے اُمید هی که دیکھتے هي خفا نهو جاویں اور هر فقرة پر گالي دینا اور برا کهنا شروع نکریں بلکه اول ذرا دل کو ٹھنڈا کریں اور غور سے دیکھیں اور پھر انصاف کریں اس لیئے که یهه جو کچھه لکھا گیا وه صرف مجتهدین و محققین کے اقوال کي نقل هی نه فقط کاتب کي رائے اور وه اقوال بھي محدود نهیں اور جو کچھه لکھے گئے اُسي پر ختم نهیں بلکه صرف بطور نمونه کے هیں اور مثل اُس کے صدها قول بڑے بڑے محققوں کے اُس کي تائید میں هیں اگر صرف هماري هي رائے هوتي تو هم مستحق عتاب اور قابل ملامت کے تھے جب که هم نقل کرنے والے اور جمع کر دینے والے اُن کے قولوں کے هیں تو حضرت جو کچھه ارشاد فرماوینگے اول بزرگوں کي ارواح پر اُس کا اثر هوگا پیچھے همارے اوپر اور هم تو اپني عزت اسي میں سمجھتے هیں که خدا اور اُس کے رسول کے پیچھے لوگ هم سے دشمني رکھیں اور هم کو عمل بالحدیث کے سبب سے کافر کهیں اور هم بھي اپنے سچے خدا اور سچے رسول سے مضمون اس مصرعه کا عالم تمام دشمن جاں شد براے تو * عرض کریں اے بھائیو ان سب باتوں کو غور سے دیکھو اور انصاف کرو تلک ایات الله نتلوها علیک بالحق فباي حدیث بعد الله و آیاته یؤمنون *

راقـــــــم اثم مهدي علي تحصیلدار
مرزاپور غفر الله ذنوبه و ستر عیوبه

نمبر ۳۸

شدت اتقا

همکو اپنے ایک دوست کا قول خوب یاد هی که پرهیزگاري اور اتقا هر مسلمان کے لیئے لازم هی هم خود اسکے قایل هیں پس اس مختصر مضمون کے لکھنے سے هماري یهه غرض هرگز نهیں که اتقا في نفسه اچھا نهیں بلکه یهه ظاهر کرنا منظور هی که اتقا کو حد شرعي سے زیادة لیجانا اچھا نهیں هی بهت سے همارے هم مذهب جو که نهایت نیک اور پابند شرع هیں اکثر اپني نیک نیتي کي زیادتي کے سبب ایک بڑي غلطي میں پڑتے هیں یعنے اتقا کو اچھا سمجھکر اسقدر حد کو پهونچاتے هیں که فيالحقیقت جو غرض شارع کي اتقا کي تقید سے تھي وه جاتي رهتي هی شاید اس سے بڑھکر کوئي غلطي نهیں هوسکتي که کسي شی کو نیک یا مفید سمجھکر اُسکو مقدار مناسب سے زیادة اختیار کرے اور اس بات کو خیال میں نه رکھے که شرع میں کسقدر

چاہتے هی همارے مذهب کے ایک بڑے شخص نے شارع اور شرع اور امت کی طبیب اور دوا اور مریض سے تمثیل دي هی یهه تمثیل حقیقت میں نہایت عمدہ هی اور اس هي سے هم اپنے قول کو ثابت کرینگے اگر کوئي مریض نسخہ میں یهه پڑهکر کہ میں تولہ بهر گلقند چار روز متواتر کهانے سے اچها هوجاؤنگا یهه نتیجه نکالے کہ گلقند ایسي دوا هی کہ میرے مرض موجودہ کو فائدہ بخش هی تو یہاں تک اُسکا نتیجه درست هوگا کیونکہ بلاشبهه گلقند اُس کے مرض کے لیئے مفید هی ورنہ طبیب هرگز نہ لکهتا پهر اگر دوسرا نتیجه یهه نکالے کہ تولہ بهر تو چار دن میں اچها کرتا هی تو چار تولہ ایک هي دن میں اچها کردیگا اور آدہ سیر تو کهاتے هي شفایاب هو جاؤنگا یهه نتیجه بالکل غلط هوگا کیونکہ آدہ سیر گلقند کا ایک مرتبه کها لینا شفا بخشنے کي عوض اور مضر هوگا اور جو مقصد طبیب کا نسخہ میں گلقند کے لکهنے سے تها وہ هرگز حاصل نهوگا اور مریض طبیب کو خوش کرنے کے بدلے اُسکو اور ناراض کردیگا ایسي حالت اتقا کا جو کہ مقدار مناسب یعنے حد شرعي سے زیادہ هو هم نے شدت اتقا نام رکها هی *

اگر همارے تمثیل مذکورہ بالا سے یهه بات ثابت هوگئي کہ اتنا اتقا جسکو هم شدت اتقا کہتے هیں کرنا فائدہ کي عوض نقصان کرتا هی تو بلاشبهه ایسا اتقا شرعاً ناجایز هی یهه هي باعث تها کہ همارے رسول خدا صلعم نے اس قسم کي عبادت کو جس سے کہ دنیا کے تمام کاروبار میں خلل واقع هو منع فرمایا هی لارهبانیة في الاسلام حدیث صحیح هی اور اس سے یهه بات ثابت هوتي هی کہ شرعي حد سے زیادہ اتقا کرنا جایز نہیں بلکہ اُسکا نام اتقا نہیں کلام مجید میں بهي اس مقدار مناسب سے زیادہ عبادت کرنے کا ذکر آیا هی یاایها المزمل قم اللیل الا قلیلا *

یهه بات تمام دلایل عقلي سے بهي ثابت هی کہ زیادتي هر شی کي اچهي نہیں جب کہ هم اس بات کو مانتے هیں کہ کہ الله تعالی نے همکو اسلام ایسي نعمت عطا فرمائي هی کہ جس سے دنیا و دین دونوں کي بهتري حاصل هو توکیا صاف ظاهر نہیں هی کہ ایک هي کے پیچهے هو رهنا نصف فائدہ کهونا هی عین کلام الله میں الله تعالی نے همکو دعا سکهائي هی ربنا اتنا في الدنیا حسنة و في الاخرة حسنة و قنا عذاب النار دنیا اور دین دونوں کے لیئے دعا مانگي هی اور اس سے بهي همارے قول کي تائید هوتي هی *

تمام دنیا اس بات سے متحیر هی کہ اسلام نے وحشي عربوں کو یک بار دنیا اور دین دونوں کي خوبیاں کیونکر دیدیں اس هي بات سے اسلام کو اور مذهبوں پر فوقیت هی کہ اور صرف بهبودگي اخرت سکهانے کا دعوی رکهتے هیں اور اسلام میں جسقدر احکام هیں اُنسے بهبودگي دارین حاصل هوتي هی اس کي هزارها مثالیں هیں ایک ادنی بات شراب و خنزیر اور قمار کي ممانعت هی کہ اس کے فوائد بیان سے باهر هیں حکماء یورپ نے ثابت کیا هی کہ شراب و لحم الخنزیر نہایت مضر هیں اور یورپ کي قوموں نے شراب خواري اور قماربازي کے بند کرنے کے لیئے قانون بنائے هیں یهه قانون اب حال میں بنے هیں اور اسلام میں قریب تیرہ سو برس هوئے موجود تهے *

هماري اصل غرض یهه هی کہ حد شرعي سے زیادہ اتقا کرنا گویا کہ شارع سے بهي زیادہ متقي هونے کا دعوی کرنا اور یهه درست نہیں همکو ایک نہایت بزرگ شخص کي نقل یاد هی کہ اُنهوں نے اتقا کو اُس درجه کو پهونچایا تها کہ کافر کي شکل دیکهنے کو گناہ سمجهتے تهے اس اندیشه سے کہ کافر کے ساتهه اوٹهنا بیٹهنا نهو ریل کا سفر مناسب نہیں سمجهتے تهے دنیادار لوگوں کي ملاقات ترک کرکے رات دن نماز وظیفه میں مشغول رهتے تهے اگرچه یهه بزرگوار بسبب اپني نیکي کے بیشک تعظیم اور ادب کے لایق تهے لیکن اُنکے حال پر بلاشبهه افسوس آنا چاهیئے ایسا شخص جو کہ تمام دنیا کي صحبت چهوڑ بیٹهتا هی گویا ایک نہایت خود غرض شخص هوتا هی کہ جسکو اوروں کو فائدہ دینا کچهه منظور نہیں صرف اپني آخرت کے چین کے لیئے یہاں محنت کرتا هی بیشک و شبهه الله تعالی نماز و وظیفه سے خوش هوتا هی مگر اس سے صرف اُن گوشه نشین صاحب کا فائدہ هی اور نہ کسي اور کا *

بڑا فائدہ نیک هونے کا اوروں کو نیکي سکهانا اور اُنکي خدمت کرنا هی اور نہ خود غرضي سے صرف اپني عاقبت کي فکر کرنا جو شخص لوگوں کي صحبت اس طرح پر ترک کر بیٹهتا هی اُس سے وہ فائدہ کبهي ظهور میں نہیں آتا جو کہ نیک آدمي کي صحبت سے حاصل هوتا هی نیک آدمي کو نیکي کرتے دیکهکر اور نیک باتیں کرتے سنکر خود نیکي کو دل چاهتا هی اور نیکي پهیلتي هی رسول خدا صلعم اور اصحاب کرام نے دکها دیا کہ کیونکر اس دنیا میں زندگي بسر کرني چاهیئے *

ایک اور صاحب کا ذکر همنے سنا هی کہ جنهوں نے حج کا اس طرح پر قصد کیا تها کہ هر قدم پر دو رکعت نماز پڑهتے جاتے تهے مگر یهه اُنکے پورا نهوا اور اگر هوتا بهي شاید صرف بحکم انما الاعمال بالنیات اُنکو ثواب هوتا ورنہ ایسے جوگیوں کي طرح حج کو جانا کہاں درست هی اگر حج کرنے کا ثواب بقدر اُن تکالیف کے جو کہ قصداً انسان اپنے پر ڈالے هوگا تو هندو جوگیوں کي طرح زمین پر لوٹکر حج کو جانے سے تو شاید سب سے زیادہ ثواب هو مگر اسلام میں ایسي لغو ناحق کي تکلیف اوٹهاني درست نہیں لایکلف الله نفسا الا وسعها *

بعض همارے هم مذهب مسلمان بهائي بلاشبهه نیک نیتي سے تعصب کو اتقا اور جاهل رهنے کو پرهیزگاري سمجهتے هیں حالانکہ صاف ظاهر هی کہ اگر هم سچے اور پکے مسلمان هیں تو شاید هماري صحبت سے کافر مسلمان هوجاوے کافر کي زبان یا علوم تحصیل کرنیکو گناہ سمجهتے هیں حالانکہ اگر هم اصل دیندار اور پخته ایماندار هیں تو مخالفین اسلام کے علم کو سیکهه کر اُنکے ساتهه مناظرہ کرنیکے خوب قابل هونگے اور اسلام بدلے کمزور هونے کے اور مستحکم هوگا *

انگریزي علوم تحصیل کرنے کو همارے متعصب بهائي مسلمان گناه سمجهتے هیں حالانکه خلفاء بغداد کے زمانه میں جسقدر علم عربي میں آیا وه سب زبان گریک یعنے یوناني سے ترجمه کیا گیا اور اُس زمانه کے اکثر علماء گریک کو جو که کفار کي زبان تهي بدرجه تکمیل تحصیل کرتے تهے اگر ایسا نهوتا تو جسقدر طب که همارے هاں موجود هی کچهه نهوتي اور فلسفه اور منطق کا تو نام بهي نهوتا *

الغرض جو فوائد که اپنے مخالف کے بهیدوں کے معلوم کرنے سے هوتے هیں وه سب تعصب سے جاتے رهتے هیں اور هم خود جهل مرکب میں پڑے رهتے هیں *

لیکن یهه جاهلانه تعصب في زماننا محض همارے ادبار و کمبختي کے سبب هم مسلمانوں میں آگیا ورنه زمانه قدیم میں کفار کي زبان تحصیل کرنا کچهه برا نه سمجها جاتا تها حضرت شیخ سعدي رحمهم الله نے زبان لیٹن نهایت محنت سے تحصیل فرمائي تهي اور وه لوگ جنهوں نے که تصنیفات ارسطو اور افلاطون اور سقراط کا ترجمه عربي میں کیا وه تو گریک سے خوب هي واقف هونگے *

همکو اس مختصر مضمون کے لکهنے سے نه تو اُن صاحبوں کو جنکو اتقا کا دعوی هی ناراض کرنا منظور هی اور نه یهه هی که هم اپنے تئیں ناصح بننے کے لایق سمجهتے هیں بلکه چند اپنے خیالات اُن صاحبوں کے لیئے درج کرتے هیں جو که جاهل رهنے اور متعصب هونے کو تقوی سمجهتے اور اُنکو جو که میں اهل اسلام کي ترقي اور بهلائي کے خواهاں هیں مخالفین اسلام میں شمار کرتے هیں *

از کریست کالج کیمبرج
۲ جون سنه ۱۸۷۱ع

راقم
محمد محمود عفي عنه

نمبر ۳۹

عام تعلیم پرشیا میں

پرشیا واقع جرمني کي عام تعلیم کي بابت سنه ۱۸۶۱ع میں ایک رپورٹ چهپي تهي اُسکا خلاصه هم اسلیئے لکهتے هیں تاکه هندوستان کے مسلمان جانیں که تربیت یافته قوموں میں کس درجه تک تعلیم کي ترقي هی *

سنه ۱۸۶۱ ع میں پرشیا میں پچیس هزار ایک سو چهپن سرکاري ابتدائي اسکول تهے اور آٹهه سو تیره خانگي جنکي کل میزان پچیس هزار نو سو اُنهتر هوئي *

سرکاري اسکولوں میں ستائیس لاکهه تهتر هزار چار سو تیره لڑکے و لڑکیاں پڑهتي تهیں اور خانگي اسکولوں میں اڑتالیس هزار تین سو بیالیس جسکي میزان اٹهائیس لاکهه ایک هزار سات سو پچپن هوئي *

پرشیا کے ملک کي آبادي ایک کرور چوراسي لاکهه اکیانوے هزار دو سو بتیس آدمیوں کي هی اس حساب سے في سات سو باره آدمیوں میں ایک اسکول هوتا هی اور اوسط لڑکوں کا في اسکول ایکسو دس کے قریب پڑتا هی *

ان اسکولوں کے سوا چار سو تینتالیس چهوٹے لڑکوں کے پڑهنے کے لیئے مکتب تهے جن میں بتیس هزار سات سو پینتالیس لڑکے پڑهتے تهے *

اعلی تعلیم کے مدرسه اس سے علاوه هیں مگر سنه ۱۸۶۱ع میں کل طالب علم جو تمام مدرسوں اور اسکولوں اور مکتبوں میں پڑهتے تهے اُنکي تعداد بتیس لاکهه چهیانوے هزار پانسو چهیالیس تهي اور کل مدرس چهتیس هزار تین سو چوده تهے جن میں سے تینتیس هزار تریسٹهه مرد اور تین هزار دو سو اکیاون عورتیں تهیں اور متوسط اور اعلی مدرسوں میں نو هزار نو سو تیره مدرس تهے *

اُسي رپورٹ سے معلوم هوتا هی که سنه ۱۸۶۱ ع میں اُن لوگوں میں جو فوج میں بهرتي تهے اس بات کا تخمینه کیا گیا که کس قدر آدمي بن پڑهے هیں تو معلوم هوا که في صدي دو آدمي بن پڑهے تهے مگر یهه زمانه اب گیا اس عرصه میں اب اور زیاده ترقي تعلیم کي هوگئي هی جب میں ولایت میں تها تو ایک جرمني عالم سے میري بهت ملاقات تهي اور اُن سے جرمني کي تعلیم کا بهت ذکر رهتا تها وه مجهه سے فرماتے تهے که اب پرشیا میں في هزار ایک آدمي بهي بن پڑها بمشکل نکلیگا *

اب هندوستان کے مسلمانوں کے حال پر خیال کرو که اگر اُن میں پڑهے هوئے آدمي تلاش کیئے جاویں تو في هزار ایک آدمي بهي پڑها هوا بمشکل نکلیگا پس غور کرنے کا مقام هی که هم کو اپني قومي ترقي اور تربیت و شایستگي کے لیئے کیا کچهه کرنا هی *

جو حال که هم نے اُوپر بیان کیا اُس میں سرکاري اسکولوں اور سرکاري کالجوں کا نام آیا اُس سے یهه نه سمجها جاوے که اُن اسکولوں اور کالجوں کا خرچ سرکاري خزانه میں سے دیا جاتا هی نهیں تمام اسکولوں اور مکتبوں اور کالجوں کا خرچ رعایا دیتي هی مگر وهاں تعلیم کے باب میں ایک خاص قانون هی اُس کے مطابق جو اسکول یا مدرسے قایم هیں وه سرکاري کهلاتے هیں اور باقي خانگي ورنه حقیقت میں وه سب رعایا کي طرف سے هیں *

جرمني میں جو رعایا کي تعلیم کا قانون هی نهایت هي عمده هی مگر وه قانون هندوستان سے جهاں مختلف مذاهب کے لوگ آباد هیں کسي طرح مناسبت نهیں رکهتا بلکه انگلنڈ اور ویلز میں بهي اُس کے مطابق عمل درآمد هونا نهایت دشوار هی چه جائیکه هندوستان اور اس لیئے هماري یهه راے هی که جب تک که هندوستان کي هر ایک قوم خود آپ اپني قوم کي تربیت کي طرف متوجهه نهوگي اور خود آپ اپني قوم کي تعلیم کا بندوبست نه کریگي اُس وقت تک قومي تعلیم کا هونا غیر ممکن هی *

جب که هم دیکهتے هیں که مسلمان اپنے لغو خیالات اور بیهوده تعصبات میں مبتلا هیں اور اپني قوم کي بهلائي اور اُن کي تعلیم و تربیت کي کچهه فکر نهیں کرتے همارا دل جلتا هی اور کمال رنج هوتا هی اُس وقت همارا قلم نهیں روکتا اور زبان حال سے میر کا یهه شعر پڑهتا هی *

ضبط کروں میں کب تک آه * چل رے خامه بسم الله

اور پهر کهتا هی جو کهتا هی اور لکهتا هی جو لکهتا هی *

راقم
سید احمد

بمقام علیگڈه — مطبع علیگڈه انسٹیٹیوٹ میں چهپا اور باهتمام
منشي محمد مشتاق حسین شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم]　　　۱۵ جمادي الاول سنه ۱۲۸۸ هجري　　　[نمبر ۸

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

جسقدر روپيه بابت اِس پرچه کے بطور چنده خواه بطور قيمت وصول هو وه کسي خاص شخص کي ملکيت نهوگا بلکه اِس پرچه کے اجرا و ترقي ميں صرف کيا جاويگا *

مسلمانوں ميں سے جو شخص ساٹهه روپيه سالانه پيشگي بطور چنده دے وه اس پرچه کے متعلق معاملات ميں ممبر متصور هوگا *

علاوه اِس کے جو شخص کچهه روپيه بطور ڈونيشن دے وه بشکر گذاري تمام ليا جاويگا *

يهه پرچه هر مهينے ميں ايک بار يا دو بار يا تين بار جيسا که مقتضاے مضامين هوگا چهپا کريگا خريداروں کو تين روپيه قيمت اور ايکروپيه آٹهه آنه محصول جمله چار روپيه آٹهه آنه پيشگي بهيجنے هونگے *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچه خريدنا چاهے گا اُس کو في پرچه چار آنه قيمت اور ايک آنه محصول دينا هوگا *

ممبروں کو بلا قيمت يهه پرچه مليگا اور اُن کو اُس کے تقسيم کا بهي بلا قيمت جسکو وه چاهيں اختيار هوگا *

اِس پرچه ميں بجز مضامين متعلق تهذيب اخلاق و حسن معاشرت کے جهاں تک که وه مسلمانوں سے متعلق هيں اور کچهه مندرج نهوگا *

مضمون نمبر ۴۰

غلامي

آزادي اور غلامي آپس ميں ايسي نقيض هيں که نه دونوں کا اجتماع هوسکتا هی نه دونوں کا ارتفاع اور اسليئے يهه دونو داخل مرضي پروردگار نهيں هوسکتيں ورنه خود پروردگار کي مرضي ميں تناقض لازم آويگا جو اُسکي حکمت بالغه کے شاياں نهيں هی پس کچهه شبهه نهيں هی که اِن دونوں ميں سے صرف ايک هي پروردگار کي مرضي کے مطابق هوگي يا يوں کهو که قانون قدرت دونقيضوں کا متقاضي نهيں هوسکتا اور اسليئے اُن ميں سے ايک هي مقتضاے قانون قدرت هوگي *

هم ديکهتے هيں که انسان ايک ايسي هستي بنايا گيا هی جسکي فطرت ميں ازادي اور خود مختاري رکهي گئي هی وه ذي عقل اور ذي شعور هی اُسکو تمام قواے ظاهري و باطني ديئے گئے هيں اُن کے استعمال پر جس طرح که وه چاهے قادر هی تمام کاموں کے شروع کرنے کي سمجهه اور اُن کے انجام کي سونچ اُسکو دي گئي هی تاکه هر کام کا آغاز اور انجام سونچ لے اُسکي فطرت ايسي هی که اپنے ليئے آپ تمام چيزيں

مهیا کرنے کے لیئے حاجتمند هی پس یهه تمام چیزیں اسبات پر دلالت کرتي هیں که اِس پتلے کے صانع کي مرضي یهي تهي که یهه پتلا خود اپنا آپ مالک رهے *

صانع نے یهه تمام قوی جو انسان کو عطا فرمائے هیں اُن سے اُسکي مرضي یهه معلوم هوتي هی که وه تمام قوی انسان میں اسطرح پر شگفته و شاداب رهیں که اعتدال سے خارج نهونے پاویں اور ایک دوسرے کي نقیض نهو جاویں انسان کي ذاتي محنت اُسیکے لیئے سود مند هو غلامي کي حالت میں انسان کے بهت سے قوی بعوض شگفته و تر و تازه رهنے کے پژمرده بلکه محض معطل و بیکار هوجاتے هیں اُسکي محنت اُسکي سود مندي کے لیئے نهیں رهتي پس کسیطرح ایسي حالت صانع کي مرضي نهیں هوسکتي *

انسان کي وه چیز جس سے انسان انسان کهلاتا هی اور جسکا نام لوگ روح لیتے هیں مگر اُسکي حقیقت کچهه نهیں بتلا سکتے ایسي شریف چیز هی که کسیکي مملوک هونے کي لیاقت هي نهیں رکهتي کیا نتائج قانون قدرت یا خدا کي روح یا امر رب کسیکي ملکیت هوسکتي هی ؟ کیا هم سي هي ایک مخلوق هماري ملکیت میں آسکتي هی ؟ حاشا و کلا پس صاف عیاں هی که غلامي اُس قادر مطلق کي مرضي اور قانون قدرت دونوں کے برخلاف هی — تمام انسان آزاد اور یکساں پیدا هوئے هیں اور کچهه شبهه نهیں که زندگي اور آزادي اور خوشي حاصل کرنے میں یکساں اور غیر قابل انتقال استحقاق رکهتے هیں *

مگر انسان کي بد بختي سے کوئي نسل اور کوئي زمانه ایسا نهیں گذرا که غلامي کي مصیبت انسانوں میں نرهي هو بهت عقلمند اور دانا اور حکیم گذرے بهت سے صاحب شریعت گذرے مگر بجز ایک کے اور کسیئے اِس قانون قدرت کے مخالف کا کچهه تدارک نکیا موسی صلواة الله علیه نے اسکو جایز هي رکها عیسی علیه السلام نے اُسکي نسبت ایک حرف بهي نهیں کها یوناني حکیموں نے از روے اصول اخلاق کے حالت غلامي کي نسبت کوئي اعتراض هي نهیں سمجها ارسطو باوصف اس دانائي کے یهه سمجها که خود خدا نے انسان کو ازادي اور غلامي میں تقسیم کیا هی وه یهه سمجهتا تها که جن لوگوں کو غلام بنایا جاتا هی وه ایک قسم هي جدا هی اول تو یهه سمجهه هي اُس بڑے حکیم کي جو هر طرح همارے ادب کے لایق هی غلط تهي اور سواے اسکے اُس نے یهه خیال نه کیا که غلامي کسي خاص قوم پر مخصوص نهیں ره سکتي افلاطون اُس سے بهي زیاده غلطي میں گرا جب اُسنے یهه کها که صرف یوناني غلام نهونے چاهیئیں زیاده افسوس کي بات یهه هی که اُس ایک فیاض شخص کا اصول مقرره جسنے آینده کي غلامي کي جڑ کو کاٹا اور غلاموں کي حالت کو سنوارا اور جهاں تک ممکن هوا اُن کو آزادي کا خلعت پهنایا ایسا غفلت میں پڑا رها که بهت هي کم اُس پر خیال هوا پس همارا اراده هی که هم اِس مضمون کي اصلیت پر بموجب مذهب اسلام کے کچهه تحقیق و تدقیق کریں مگر قبل اِسکے هم چاهتے هیں که اِس آرٹکل میں غلامي کا کچهه مختصر حال بیان کریں که کس کس طرح پر اور کن کن قوموں میں رائج تهي اور کیسي کیسي بے رحمیاں اُن کي نسبت هوتي تهیں *

غلامي کا رواج ایسا پرانا معلوم هوتا هی جس کا زمانه انسان کي یاد سے باهر هی غالباً تواریخ دنیا کے شروع هي سے غلامي پیدا هوئي تهي اصلیت شروع غلامي کي صرف یهي پائي جاتي هی که وحشي قوموں نے اپنے قیدیوں کو بجاے مار ڈالنے کے غلامي کي حالت میں رکهنا زیاده مفید سمجها اور اِس سبب سے دو طریق غلامي کے رائج هوئے ایک وه جو لڑائي میں لوگ قیدي هوتے تهے اور یهه طریقه طریق جایز اور بے عیب اور گویا قانوناً جایز سمجها جاتا تها اور تمام قوموں نے اپني تهذیب و شایستگي کے زمانه میں بهي اُسکو صحیح سمجها تها دوسرے وه قیدي جو دغا و فریب سے یا دزدي سے قید کیئے جاتے تهے اور اُن کے ساتهه بهي ویسا هي طریقه برتا جاتا تها جیساکه جایز غلاموں کے ساتهه اُس کے بعد رفته رفته اَوْر متعدد طریقے غلامي کے مختلف قوموں میں پیدا هوتے گئے *

تمام مشرقي قومیں جنکا حال همکو معلوم هی غلام رکهتي تهیں یهودیوں کے هاں غلامي قانونا جایز تهي ایراني بهي بموجب اپنے قانون کے غلام رکهتے تهے اُن کے هاں صرف دوسري هي قوم کے لوگوں کو غلام بنانے کي اجازت نه تهي بلکه اپني قوم کے لوگوں کو بهي غلام بناتے تهے اُنکے هاں دستور تها که مفلس مقروض اپنے تئیں بطور غلام کے بیچڈالتا تها چور بطور غلام کے رهتے تهے البته یه نسبت غیر قوم کے غلاموں کے انکي نسبت قانون فی الجمله نرم تها سات برس بعد هم قوم غلام آزاد هو جاتے تهے اور هر پچاسویں برس عام طور پر هم قوم غلام آزاد کیئے جاتے تهے *

یونانیوں میں بهي غلامي کي رسم جاري تهي وهاں ایک قوم وهاں کے قدیم باشندوں کي نسل سے تهي جو اپنے آقا کي زمین کاشت کرکر اُس کو لگان دیتي تهي اور لڑائي کے وقت اپنے آقا کے ساتهه هوتي تهي — ایک قسم غلاموں کي یونان میں ایسي تهي که وه یونان سے باهر دوسرے ملک میں فروخت نهیں هو سکتي تهي اور نه اپنے عیال و اطفال سے جدا رکهي جاتي تهي بلکه کسیقدر جائداد پیدا کرنے کے بهي قابل سمجهي جاتي تهي اور وحشي غلام جو بذریعه خرید حاصل هوتے تهے وه تو مثل اَوْر جائداد کے تهے که جب اور جهاں چاهو بیچڈالو

اُن سے محنت مزدوري کروائي جاتي تهي کانيں کهدوائي جاتي تهيں اور اُن کي اُجرت اور منفعت اُن کے آقا ليتے تهے اُن غلاموں کي جو اولاد هوتي تهي وه بهي غلام هوتي تهي تهريشيا کے لوگوں کي ايسي بد بختي تهي که وه خود اپني اولاد کو بيچتے تهے ايتهنز ميں غلاموں کي حالت اَور ملکوں سے اچهي تهي ڈيماستهنيز کا قول هے که بمقابله اَور ملکوں کي آزاديوں کے ايتهنز کي غلامي کي حالت اچهي هے *

روميوں ميں بهي غلامي تهي مگر اُن کي سمجهه سب سے عمده تهي رومي مقنن سمجهتے تهے که خدا تعالى نے سب کو آزاد بنايا هے اور غلامي قانون خالق کے برخلاف هے مگر صرف ملکي قانون کے مطابق وه غلامي کو جايز رکهتے تهے اور اس ليئے اُن لوگوں کو جو لڑائي ميں قيد هوتے تهے اور اُن آزاد شخصوں کو جو خود اپنے آپ کو بيچ ڈالتے تهے غلام سمجهتے تهے آقا کا اختيار غلام کو سزا دينے يا قتل کرنے کا نا محدود تها ضعيف و ناکاره غلام ٹائيبر کے جزيره ميں فاقه کشي کرتے کرتے مرجانے کے ليئے چهوڑ ديئے جاتے تهے سلطنت کے قوانين نے ان بيرحميوں کي کسيقدر روک تهام کي تهي يهه قانون تها که اگر کوئي آقا اپنے غلام کو بلا سبب قتل کر ڈالے تو اُس کے ساتهه اِس طرحپر پيش آيا جاوے که گويا اُس نے دوسرے شخص کے غلام کو مار ڈالا هے اگر کوئي آقا اپنے غلام پر بهت سخت بے رحمياں کيا کرتا تها تو آقا اس بات پر مجبور کيا جاتا تها که وه اُس کو بيچ ڈالے گلاڈيس کے قانون کے مطابق غلام کا مارڈالنا بمنزله قتل کے متصور هوتا تها غلام جب بيچے جاتے تهے تو ماں باپ لڑکے بهائي بهن جدا نه کيئے جاتے تهے غلاموں کو شادي کرنے کا اختيار نه تها اور اُن کے اور اُن کي اولاد ميں کوئي قانوني رشته نه سمجها جاتا تها بهاگے هوئے غلام کو پناه دينا جرم تها اُن کے آزاد کرنے کے بهي بهت سے طريقه تهے جو ازروے قانون کے معين اور محدود کيئے گئے تهے *

روميوں کے هاں ابتدا ميں غلام بهت کم تهے ليکن رفته رفته اُنکي بهت کثرت هوگئي يهاں تک که کل کاشتکاري غلاموں کے ذريعه سے هوتي تهي سلطنت جمهوري کے زمانه ميں جو روم ميں تهي ذيمقدور لوگ نهايت کثرت سے غلام رکهتے تهے اور جس قدر زياده غلام هوں اُسيقدر شان و شوکت زياده متصور هوتي تهي ايک شخص کے پاس دو سو غلاموں کا هونا ايسي بات نه تهي که لوگ اُس کو معمولي پانچ سے کچهه زياده سمجهيں *

اُبتدا ميں غلام کوئي جائداد پيدا نهيں کرسکتا تها جو کچهه وه پيدا کرتا تها سب کچهه اُس کے آقا کي ملک هوتا تها ليکن جب غلام تجارت کے کاموں ميں مصروف هونے لگے تو کچهه حصه منافع ميں سے اُن کا خاص سرمايه سمجها جاتا تها اور بعضي دفعه يهه شرط هوتي تهي که جب وه سرمايه اس قدر روپيه تک پهونچ جاويگا تو غلام آزاد هو جاويگا *

هندوؤں ميں بهي دهرم شاستر کے بموجب غلامي جايز تهي اور مفصله ذيل صورتوں ميں ايک انسان دوسرے انسان کا غلام هو جاتا تها — لڑائي ميں قيد هونے سے — خود اپنے تئيں کسي کا غلام بعوض روپيه کے يا قحط سالي ميں بعوض نان و نفقه دينے کے يا اَور کسي سبب سے بنا دينے سے — بعوض زر قرضه يا کسي جرم کي سزا ميں غلام هو جانے سے — ماں باپ کا اپني اولاد کو بيچدينے سے — اولاد غلاموں کي بهي غلام هوتي تهي — غلاموں کا بيع اور هبه کے ذريعه سے انتقال هوتا تها اور روز انتقال سے منتقل اليه کي غلامي ميں آجاتا تها *

دهرم شاستر کي رو سے غلام مثل مويشي کے اپنے آقا کي ملکيت هوتا هے اور اُس کو حقير نام يعني دو پائي مويشي ديا گيا هے دهرم شاستر ميں کوئي حکم غلام کي نسبت ايسا نهيں هے جس کے ذريعه سے وه بيرحم آقا کے تشدد و بد سلوکي سے محفوظ رهے اور نه اُس ميں آقا کے اختيار کي جو اُس کو غلام پر هو کچهه تصريح هے *

کوئي حق ملکيت دهرم شاستر کي رو سے غلام کو حاصل نهيں هے اُس کا مال مکسوبه بهي اُس کا حق نهيں هے دهرم شاستر ميں بجز آقا کي خوشي کے اَور کوئي ايسا طريقه نهيں هے جس کے ذريعه سے غلام کو آزادي حاصل هو سکے الا اگر اُس نے آقا کي جان بچائي هو تو وه اپني اور اپنے بيٹے کي آزادي کي درخواست کرنے کا استحقاق رکهتا هے اگر آقا سے لونڈي کے اولاد پيدا هو اور کوئي صحيح النسب اولاد نهو تو دونوں آزاد هو جاتے هيں يا جو سبب غلامي کا هے وه نه رهے تو غلام آزاد هوتا هے *

ايک دوسري قسم غلاموں کي دهرم شاستر کے بموجب عبيدالارض هيں يعني غلام جو کاشت اراضي سے تعلق حق موروثي کا رکهتے هيں اس قسم کے غلاموں سے احکام جايداد غير منقوله کے متعلق هيں يعني اُن غلاموں پر جو کاشتکاري کے کام کے ليئے هوں باپ اور بيٹے کو يکساں اختيار حاصل هے *

مذهب اسلام کے پيروؤں کا بلاشبهه حق تها که وه غلامي کا نام نشان دنيا ميں باقي نه رکهتے اور غلاموں کي آزادي کا فرمان جيسا که اصول مذهب اسلام سے پايا جاتا هے دنيا ميں جاري کرتے مگر انسوس هے که وه سب سے زياده اندهيرے ميں پڑے اور باوجوديکه اس زمانه ميں تمام ملک روشن هوگيئے هيں مگر اسلامي عملدارياں اب تک اُسي تاريکي اور اندهيرے ميں هيں *

اگرچه عيسائي مذهب نے کچهه بهلائي غلاموں کے حق ميں نهيں کي تهي مگر بلا شبهه عيسائيوں نے اُن کے حال پر رحم کيا اور يهه نيکي اور بلند نامي اُنهوں هي نے حاصل کي جسٹنين نے غلاموں کے رفته رفته آزاد هو جانے ميں بڑي کوشش کي عيسائيوں هي نے اُن آقاؤں کو جو اپنے غلاموں کو بے اطلاع حاکم مار ڈالتے تهے ملعون قرار ديا مگر اُس زمانه ميں يهه آفت رک نه سکي اور وحشي حمله کرنے والے بهت سے غلام اپنے ساتهه لائے جو اکثر سليونين قيدي تهے اور جس سے انگريزي لفظ سليو بمعني غلام نکلا هى تهوڑے زمانه بعد تمام يورپ ميں ايک قسم کي غلامي مروج تهي جو سرف کے نام سے کهلاتي تهي سليو اور سرف ميں يهه فرق تها که سليو کو آقا فروخت بهي کر سکتا تها مگر سرف سے صرف معين کام لينے کا حق رکهتا تها *

جب که نئي دنيا يعني ايمريکا دريافت هوئي تو عيسائي قوموں ميں غلامي کے معامله کي بڑي گرم بازاري هوئي ايمريکا کے قديم باشندے کمزور تهے اور جن مشکل اور محنت کے کاموں کي وهاں حاجت تهي اُس کے قابل نه تهے اِسليئے پورچگيز والوں نے جنکے قبضه ميں بهت بڑا حصه افريقه کا تها وهاں سے حبشيوں کو ليجانا شروع کيا لاس کيسس صاحب چيپا کے بشپ نے ايمريکا کے باشندوں کو لايق محنت کاموں کے کهودنے کے نه ديکهکر کنگ چارلس بادشاه انگلنڈ سے درخواست کي که اُن کے بدلے حبشي غلام کام کرنے کو ديئے جاويں کيونکه وه مضبوط اور توانا هيں چنانچه اُس بادشاه نے سنه ۱۵۱۷ع ميں حبشي غلاموں کے لائے جانے کا حکم ديا انگريزوں ميں سب سے پهلے جسنے غلاموں کي تجارت شروع کي وه سر جان هاکنس تهے جنکا نام غلامي کے ساتهه هميشه ياد کيا جاويگا مگر تهوڑے هي عرصه ميں اور بهت سے لوگ اُن کے ساتهه غلاموں کي تجارت ميں شريک هوگئے انگلستان نے سنه ۱۶۸۰ع سے لغايت سنه ۱۷۰۰ع کے تين لاکهه غلام افريقه سے حاصل کيئے اور اُس کے بعد لغايت سنه ۱۷۸۶ع صرف جمايکه ميں چهه لاکهه دس هزار غلام بهيجے تجارت غلاموں کي ايسي بيرحمي سے هوتي تهي جسکا حال سنکر تعجب آتا هى جهاز ميں نهايت بے احتياطي سے مثل بکريوں اور بهيڑوں کے بهرے جاتے تهے اور ايمريکا پهنچنے کے بعد بهي کچهه اُنکي حفاظت نهوتي تهي مگر جهاں انگريزوں کي عملداري تهي وهاں اُن غلاموں کي حالت کسيقدر بهتر تهي اُن کي فرياد رسي کے ليئے عدالتيں مقرر تهيں عورتوں کو کوڑے مارنے کي بالکل ممانعت تهي مگر يهه بات پوچهنے کے قابل هى که جس زمانه ميں ايمريکا ميں جهاں انگريزي عملداري تهي قوانين مذکوره بالا غلاموں کي نسبت جاري تهے اُس زمانه ميں انگلنڈ ميں نسبت غلامي کے کيا قانون تها — اُسي زمانه يعني سنه ۱۷۸۲ع ميں مقدمه غلامي مسمي سومرسيٹ حبشي جو لندن ميں چلا آيا تها پيش هوا اُس ميں يهه تجويز هوئي که انگريزي زمين پر قدم رکهنے کے ساتهه هي غلام آزاد هوجاتا هى گو که بعد واپس جانے اُس غلام کے غلامي کے ملک ميں اُس کا آقا پهر اُس پر دعوى کرسکتا هى *

ولايت ميں ايک ميرے انگريز دوست نے مجهسے کها که صرف هماري قوم هي کو آزادي کا فخر نهيں هى بلکه هماري زمين کو بهي يهه افتخار هى اسليئے که جو شخص هماري زمين پر قدم رکهتا هى گو وه کسيکا غلام هي کيوں نهو اُسي وقت سے آزاد هى اُس کے اِس کهنے نے ميرے دل پر نهايت اثر کيا اور ميں نے کها که بلاشبهه تمکو اور تمهاري زمين کو يهه بڑي عزت هى جو خدانے دي *

اُسي زمانه ميں رحيم اور نيک دل اور انسان کي بهلائي چاهنے والے لوگوں کے دل ميں خيال آيا که غلاموں کي تجارت کي موقوفي پر کوشش کرني چاهيئے چنانچه سنه ۱۷۸۷ع ميں ايک سوسئيٹي واسطے موقوفي غلاموں کي تجارت کے لندن ميں قايم هوئي اُس کے ابتدائي ممبر ڈبليو ڈاون صاحب اور طامس کلرکسن صاحب اور گرينول شارپ صاحب تهے جنکي نيک نامي هميشه ياد رهيگي اِس معامله ميں سب سے زياده پر جوش اور نهايت مستعدي سے راے دينے والے اور گفتگو کرنے والے وليم ولبرفورس صاحب تهے جنکي تائيد وليم پٹ وزير سلطنت کي جانب سے هميشه هوتي تهي غرضکه شده شده ان انسان کي بهلائي چاهنے والوں کي بدولت فروري سنه ۱۷۸۸ع ميں سلطنت انگلشيه نے حکم ديا که بذريعه کميٹي پريوي کونسل نسبت تجارت غلاموں کے تحقيقات کي جاوے اور ايک قانون بنايا گيا جس سے جهاز ميں بے انتها غلاموں کے بهرلينے کي کچهه اصلاح هوئي بڑي بد قسمتي يهه هوئي که ولبر فورس صاحب نے جو مسوده قانون کا اِس مطلب سے بنايا تها که آينده سے تجارت غلاموں کي موقوف هو وه مسوده سنه ۱۷۹۱ع ميں گم هوگيا — اسي اثناء ميں انگريزوں نے ڈچ پر فتح پائي اور غلاموں کي تجارت نے پهر افزايش پکڑي مگر سنه ۱۸۰۵ع ميں کونسل سے ايک حکم مشعر امتناع تجارت اُن مفتوحه نوآباديوں ميں جاري هوا اور پهر سنه ۱۸۰۶ع ميں ايک قانون بنايا گيا که انگريزي رعايا کسي طرح غلاموں کي تجارت ميں شريک نهو اور اُسي سال مسٹر فاکس صاحب نے ايک رزوليوشن هوس آف کامنز ميں پيش کيا اور وه جاري بهي هوگيا که آينده سے کلية غلاموں کي تجارت موقوف هو لارڈ گرينول صاحب کي تحريک سے هوس آف لارڈ نے اُس رزوليوشن کو منظور کيا اور انگلنڈ نے اس فياضانه اور رحيمانه بلکه انسانيت کے کام ميں بلند نامي حاصل کي *

اُس کے بعد دوسرے هي سال ميں يعني سنه ۱۸۰۷ع ميں لارڈ هاؤک صاحب نے جو بعد کو ارل گرے هوئے ايک مسودۂ قانون هوس آف کامنز ميں پيش کيا که يکم جنوري سنه ۱۸۰۸ع کے بعد غلاموں کي تجارت عموماً اور قطعاً موقوف هو دونوں هوس يعني هوس آف کامنز اور هوس آف لارڈز نے اس قانون کو پسند کيا اور پچيسويں مارچ سنه ۱۸۰۷ع کو اُس قانون کي نسبت شاهي منظوري حاصل هوئي *

ليکن تعجب کي بات هی که جس ٹکڑہ زمين پر ايسے فياض اور عالي همت لوگ رهتے تھے جنهوں نے اِس رسم بد کي موقوفي پر بےانتها کوششيں کيں وهاں کمينه طبيعت کے لوگ بھي موجود تھے اور اُنهوں نے غلاموں کي تجارت کو نچھوڑا اور اسپين اور پورچگيز کے جھنڈوں کي آڑ ميں اُنکي تجارت کرتے تھے اور پھر کثرت سے غلام جهازوں ميں بھرنے لگے اور جب کوئي جهاز اُنکي تلاشي کو جاتا تو حبشي غلاموں کو جهاز پر سے دريا ميں پھينک ديتے تھے اور جو جرمانه که اُس قانون ميں غلاموں کي خريد فروخت کرنے پر تھا وہ اس رسم بد کے بند کرنے کو کافي نه تھا اسليئے فياض دل اور انسان دوست بلکه انسانيت مجسم مستر بروهم صاحب نے سنه ۱۸۱۱ع ميں ايک مسودۂ قانون پيش کيا جو بالاتفاق سب کے منظور هوگيا اور جس ميں يهه بات قرار پائي که تجارت غلاموں کي جرم کبيرہ هی جسکي سزا چودہ برس کي قيد معه جلاء وطني يا تين برس سے پانچ برس تک کي قيد معه مشقت هاته دي جاويگي *

سنه ۱۸۲۴ع ميں ايک اور ايکٹ جاري هوا جس ميں غلاموں کي تجارت جرم بحري ڈکيتي قرار پايا جو نهايت سنگين جرم هی اور پھر سنه ۱۸۳۷ع ميں اُسکي ترميم ايک ضابطه فوجداري کے نفاذ سے هوئي اور تجارت غلامي کي سزا حبس‌دوام معه جلاء وطني قرار دي گئي *

ان بڑي کوششوں کے بعد انگريزوں کي عملداري ميں سے غلاموں کي تجارت اُٹھه گئي اور اُسي کے ساتھه ايمريکا کے يونيٹڈاسٹيٹ سے بھي موقوف هوئي اور رفته رفته جنوبي ايمريکا کي جمهوري سلطنتی مقام ونزيله و چلي و بونس ايرز اور سوئيڈن اور ڈنمارک اور هالنڈ سے بھي موقوف هوئي انگريزوں کي اس فياضي کو ديکھه کر يوروپ کي اور سلطنتوں کو بھي اس بد تجارت کے اُٹھادينے کي ترغيب هوئي اور اُسکے ليئے قانون بنائے گئے اور عهدنامے کيئے گئے چنانچه سنه ۱۸۱۵ع و سنه ۱۸۱۷ع ميں پورچگيز اور اسپين کي سلطنت نے بھي اسپر اپني رضامندي ظاهر کي اور سنه ۱۸۲۶ع ميں برزيل نے قبول کيا که بعد سنه ۱۸۳۰ع کے اگر غلاموں کي تجارت اُس ملک ميں هو تو ڈکيتي بحري کا جرم سمجھا جاوے اور سنه ۱۸۳۱ع و سنه ۱۸۳۳ع ميں جو عهدنامه فرانس سے هوا اور جسکو قريباً کل يورپ کي بحري سلطنتوں نے منظور کرليا اُس سے استحقاق سمندر ميں جهازوں کي تلاشي کا واسطے بند کرنے غلامي کي تجارت کے حاصل هوا اور پھر کنٹيوپل عهدنامه کے مطابق جو سنه ۱۸۴۱ ع ميں هوا اُس عهدنامه کو يورپ کي پانچ اعلی سلطنتوں ميں وسعت دي گئي پھر آشبرٹن کے عهدنامه سے جو سنه ۱۸۴۲ع ميں يونيٹڈاسٹيٹ سے هوا کچھه فوج مشترکه افريقه کے کنارہ پر واسطے موقوفي تجارت غلاموں کے قايم هوئي پھر سنه ۱۸۴۵ع ميں فوج مشترکه انگلستان اور فرانس کو استحقاق تلاشي غلامان حاصل هوا *

فياض اور عالي حوصله اور نيک دل انگريزوں کو يهه خيال بھي تھا که موجودہ غلام بھي آزاد کيئے جاويں اسبات کے ليئے سوسئيٹياں بھي بنيں اور هوس آف کامنز ميں بحث بھي هوا کي آخر کار سنه ۱۸۳۳ع ميں مستر اسٹينلي صاحب نے جو اُس زمانه ميں نو آباديوں کے وزير تھے غلاموں کي آزادي کے ليئے قانون کا مسودہ پيش کيا اور هوس آف کامنز اور هوس آف لارڈ ميں منظور هوا اور ۲۸ اگست سنه ۱۸۳۳ع کو بادشاهي منظوري حاصل هوئي اور بيس کرور پونڈ يعني دو پدم روپيه غلاموں کے مالکوں کو بطور معاوضه نقصان ديا گيا مگر خيال کرنا چاهيئے که يهه روپيه کهاں سے آيا تھا يهه روپيه اُسي ملک کي رعايا نے ديا تھا جس ملک کو هم کهتے هيں که تهذيب و شايستگي ميں اپنا نظير نهيں رکھتا سنه ۱۸۴۸ع ميں فرنچ نے بھي اپنے حبشي غلاموں کو آزاد کرديا اور سنه ۱۸۶۳ع ميں ڈچ کے غلام آزاد هوئے اور شمالي اور جنوبي ايمريکا ميں جو لڑائي غلاموں کي آزادي کے ليئے هوئي وہ ابھي تک دنيا کي آنکھوں سے مخفي نهيں هوئي هی *

انگريزوں کي کوششيں جو غلامي کے بند کرنے ميں هوئيں اُنکے هم دل سے ثناخواں هيں اور اسبات کو بھي قبول کرتے هيں که هندوستان ميں بھي انگلش گورنمنٹ نے غلاموں کي تجارت بالکل موقوف کردي اور بردہ فروشي بھي بند هوئي مگر هم دل سے گورنمنٹ کي کارروائي کي جو هندوستان ميں غلامي کي نسبت هوئي هی ثناخواں نهيں هيں هم کو ظن غالب هی که هندوستان ميں درميان هندوستاني عملداريوں کي بردہ فروشي جاري هی اور گورنمنٹ کچھه کافي تدبير اُس کے ليئے نهيں کرتي بعضي دفعه هم کو خود انگريزي عملداري ميں بردہ فروشي هونے يا لونڈي اور غلام لانے کا شبهه پيدا هوتا هی جبکه

هم کسبیوں کے هاں نئي نئي نوچیوں کا اور هیجڑوں کے هاں نئے نئے چیلوں کا اور نوابوں کے هاں نئے نئے خواجه سراؤں کا آنا سنتے هیں هم دل سے کهتے هیں که ان سب باتوں کا گناه اب تک انگریزے گورنمنٹ کے سر پر هی موجوده قانون ان امورات کے تدارک کے لیئے کافي نهیں هیں مگر اُمید هی که کسي دن یهه رسم بد هندوستان سے بالکل موقوف هو گي *

یهه سب تو همنے کها مگر هم کو دیکهنا چاهیئے که مسلمان گورنمنٹوں نے اس باب میں کیا عزت کمائي هی هماري راے یهه هی که اِس معامله میں دین و دنیا دونوں کا خسران مسلمان گورنمنٹوں کو نصیب هی اب بجز مسلمان گورنمنٹوں کے اَوْر کهیں غلاموں کي تجارت جاري نهیں هی هم نے جو دین و دنیا دونوں کا خسران مسلمان گورنمنٹوں کي نسبت منسوب کیا اس کي وجهه یهه هی که مذهب اسلام کے مطابق غلاموں کي تجارت اور برده فروشي جایز نهیں هی ایک تو یهه گناه هی اور دوسرا گناه عظیم یهه هی که غیر قومیں اسلام پر طعنه مارتي هیں اور حقارت کي نظر سے دیکهتي هیں کیونکه وه ان مسلمان گورنمنٹوں کے افعال سے یهه غلط نتیجه نکالتي هیں که مسلماني مذهب میں یهه باتیں جایز هیں سلطان روم نے درباب بند کرنے تجارت غلاموں کے کوشش کي هی اور جهاں تک که اُن کي عملداري یورپ کے ٹکڑے میں هی وهاں کسي قدر وه کوشش موثر بهي هوئي هی مگر اُس کے سوا کچهه کارگر نهیں هوئي کیا افسوس اور شرمندگي کي بات هی جب یهه کها جاتا هی که عرب میں گاے بیل کي مانند نهایت بے رحمي سے لونڈي غلام بازار میں بکتے هیں دیکهو غلط اوهام مذهبي میں پڑنا اور بیجا رسم کي تقلید کرنا انسان کو ایسا اندها کردیتا هی که سلطان سے ایسي رسم قبیح کا جس کے نا جایز اور خلاف شرع هونے پر علماء اور قضات پایه تخت نے فتوی بهي دیا هی کچهه انتظام نهیں هوسکتا اور اس فعل نا شایسته سے دنیا میں جو ذلت اور حقارت اور وحشي اور نصف وحشي کا لقب هی وه تو خود هي ظاهر هی پس مسلمان گورنمنٹوں کو اس فعل کے سبب هماري ملامت کرنا اور خسرالدنیا و الاخرة کهنا کچهه خلاف نهیں هی *

مگر مصر کا حال سنکر همارا دل تهوڑا سا خوش هوتا هی ولیم هورڈ رسل صاحب جو نهایت نامي گرامي هیں اپنے روزنامچه میں اسمعیل پاشا خدیو مصر کي بڑي تعریف کرتے هیں اور لکهتے هیں که اُس نے اس نیکي کے حاصل کرنے اور رسم بد کے موقوف کرنے میں بڑي کوشش کي هی اور کسي قدر کامیاب بهي هوا هی اگر یهه بات سچ هی تو هم بهي دل سے اسمعیل پاشا کي خیر مناتے هیں اور دعا دیتے هیں اور شکر کرتے هیں مگر هم نے جو ٹهنڈے دل سے یهه دعا دي اُس کا سبب یهه هی که همنے خود مصر میں دیکها هی که حبشي غلام خواجه سرا نهایت کثرت سے هیں اور خود اسمعیل پاشا کے محل میں موجود هیں پس یهه کیا خدا کي دوهري لعنت یعني ایک غلامي اور دوسرے خوجه کرنا مصر والوں کي سیاه روي اور پورے وحشي هونے کے لیئے کم هی افسوس که ان ناخدا ترس مسلمانوں نے اپنے افعال قبیحه سے کیسے روشن مذهب اسلام کو بدنام کیا هی اور دهبه لگایا هی سبحان الله جو فعل مبغوض رسول خدا صلی الله علیه وسلم تها اُسي قسم کے لوگ یعني خواجه سرا روضه متبرکه رسالت مآب علی صاحبها الصلوة والسلام پر اور خانه کعبه پر متعین کیئے گئے هیں اور یهه هیئے کے پهوٹے مسلمان اُس کو باعث افتخار جانتے هیں اور اُس کے مخالف کو لامذهب یا کرستان بتاتے هیں فاعتبرو یا اولی الابصار *

اگرچه مسٹر رسل صاحب کي کتاب متعلق غلامي مصر پڑه کر همارا دل خوش هوا مگر جس لفظ نے همارے دل کو نهایت رنجیده کیا اُس کا بیان کرنا بهي همکو ضرور هی اور وه یهه هی که جهاں اُنهوں نے اسمعیل پاشا کے اس نیک کام کي تعریف لکهي هی وهاں یهه بهي لکها هی که اُس نے برخلاف اپنے مذهب و ایمان کے یهه نیک کام کیا هی اس تحریر پر هم کچهه مسٹر رسل صاحب سے ناراض نهیں هوئے اُنهوں نے ٹهیک لکها هی مگر اُن کافر مسلمانوں سے ناراض هوئے جنهوں نے اپنے افعال نا شایسته کو ایسے طور پر رواج دیا هی جس کے سبب غیر قومیں اُن افعال کو مذهبي اور ایماني افعال سمجهتي هیں اور مذهب اسلام کو حقارت سے دیکهتي هیں اور سوجهتي هیں که تهذیب اور شایستگي اور انسانیت مذهب اسلام کے ساتهه جمع نهیں هوسکتي پس هم نے یهه مضمون اسي لیئے اختیار کیا هی تاکه هم دکهائیں که مذهب اسلام نے غلاموں اور غلامي کي نسبت کیا کیا هی اور کس طرح رحم اور انسانیت اور تهذیب کو اعلے درجه تک پهونچایا هی چنانچه انشاالله تعالے هم دوسرے آرٹکل میں جو غلامي پر لکهینگے اُس میں مذهب اسلام کے مطابق مضمون غلامي پر بحث کرینگے اور اسلام کي روشني (مگر نه زید و عمرو کي) دنیا کي آنکهه میں دکهاوینگے — من او را دوست میدارم و دیگراں زید و عمرو را *

والسلام
سید احمد

نمبر ۳۱

عورتوں کے حقوق

تربيت يافته ملک اسبات پر بهت غل مچاتے هيں که عورت اور مرد دونوں باعتبار آفرينش کے مساوي هيں اور دونوں برابر حق رکهتے هيں کوئي وجهه نهيں هی که عورتوں کو مردوں سے کم اور حقير سمجها جاوے اگر تمثيلا کها جاوے که عورت انسان کے ليئے بمنزله بائيں هاتهه کے هی اور مرد بمنزله دائيں هاتهه کے يا قدر و قيمت ميں عورت بمنزله سولے آنے کے هی اور مرد بمنزله روپيه کے تو بهي اسپر راضي نهيں هوتے باوينهمه هم ديکهتے هيں که جسقدر قدر و منزلت عورتوں کي مذهب اسلام ميں کي گئي هی اور اُن کے حقوق اور اُن کے اختيارات کو مردوں کے برابر کيا گيا هی اُسقدر آج تک کسي تربيت يافته ملک ميں نهيں هی انگلنڈ جو عورتوں کي ازادي کي بڑي حامي کار هی جب اُس کے قانون پر جو عورتوں کے باب ميں هی نظر کي جاتي هی تو معلوم هوتا هی که اُن لوگوں نے عورتوں کو نهايت حقير اور لايعقل اور لاشی سمجها هی *

انگلنڈ کے قانون کے بموجب عورت شادي کرنے کے بعد معدوم الوجود متصور هوتي هی اور ذات شوهر سے مبدل هوجاتي هی *

وه کسي قسم کے معاهده کي صلاحيت نهيں رکهتي اور اسليئے وه کسي دستاويز کي جو اُسنے خود اپني مرضي سے بلا شوهر کي مرضي کے لکهي هو ذمهدار نهيں هوسکتي *

جو ذاتي اسباب اور مال و نقد و جائداد قبل شادي عورت کي مالک هو وه سب بعد شادي کے بقبضه شوهر آجاتي هی *

جو جائداد که عورت کو وراثتا قبل شادي کے يا بعد شادي کے ملي هو اُس سب پر اُسکا شوهر تاحين حيات قابض هوجاتا هی اور وهي اُسکا محاصل ليتا هی *

وه مثل لايعقل شخص کے نه کسي پر دعوی کرسکتي هی اور نه اُسپر کوئي دعوی رجوع کرسکتا هی *

وه بلا اجازت شوهر کے کوئي اسباب نهيں خريد سکتي اور کوئي چيز بيع نهيں کرسکتي *

وه بجز روٹي کهانے اور کپڑا پهننے اور ايک مکان ميں رهنے کے خرچ کے جو ضروريات زندگي کے ليئے درکار هی اور کوئي خرچ بغير مرضي شوهر کے نهيں کرسکتي *

سنه ۱۸۷۰ ع ميں پارليمنٹ ميں منکوحه عورتوں کي جائداد کا ايک بل پيش هوا تها اُس ميں صرف يهه بات چاهي گئي تهي که وه قانون جسکے ذريعه سے بعد شادي کے عورت اپني جايداد سے محروم هوجاتي هی منسوخ کيا جاوے *

انربيل مسٹر رسل گرني ممبر پارليمنٹ نے يهه مسوده قانون کا پيش کيا تها اُس وقت اُنهوں نے نهايت لطيف بات يهه کهي تهي که حال کے قانون کے بموجب جو کچهه جايداد عورت کے پاس قبل شادي هوتي هی اور بعد شادي ملتي هی اور جو کچهه که وه اپني محنت و لياقت سے کماتي هی بعد شادي کے وه اُس کا نهيں رهتا سب پر شوهر مالک هوجاتا هی پس شادي کا اثر اُس عورت پر ايسا هوتا هی جيساکه کسي جرم قابل ضبطي جايداد کا اثر هوتا هی *

اِس گفتگو پر تمام هوس آف کامنز هنس پڑا اور اکثر ممبروں نے آنربيل مسٹر رسل گرني کي تائيد کي پس انگلستان کے قانون کا عورتوں کي نسبت يهه حال هی اور غالبا کوئي قانون اِس سے زياده خراب اور مضرت رسان اور ناانصاف نهوگا *

ذکر مسلماني قانون کا نسبت عورتوں کے

اب خيال کرو که مسلماني قانون ميں عورتوں کو کس طرح عزت دي گئي هی اور مردوں کي برابر اُنکے حقوق اور اختيار تسليم کيئے گئے هيں *

حالت نابالغي ميں جس طرح مرد اُسي طرح عورت بے اختيار اور ناقابل معاهده متصور هی الا بعد بلوغ وه بالکل مثل مرد کے مختار اور هر ايک معاهده کے لايق هی *

جس طرح مرد اُسي طرح عورت اپني شادي کرنے ميں مختار هيں جس طرح که مرد کي بے رضامندي نکاح نهيں هوسکتا اسي طرح عورت کي بلا رضامندي نکاح نهيں هوسکتا *

وه اپني تمام ذاتي جائداد کي خود مالک اور مختار هی اور هر طرح اُس ميں تصرف کرنے کا اُسکو اختيار کامل حاصل هی *

وه مثل مرد کے هر قسم کے معاهده کي صلاحيت رکهتي هی اور اُسکي ذات اور اُسکي جائداد اُن معاهدوں اور دستاويزوں کي بابت جوابده هی جو اُسنے تحرير کي هوں *

جو جائداد قبل شادي اور بعد شادي اُسکي ملکيت ميں آئي هو وه خود اُسکي مالک هی اور خود اُسکے محاصل کي لينے والي هی *

عورتوں کے حقوق

وہ مثل مرد کے دعوی بھي کرسکتي هے اور اُسپر بھي دعوی هوسکتا هے *

وہ اپنے مال سے هر ایک چیز خرید سکتي هے اور جو چاهے اُسکو بیع کرتي هے وہ مثل مرد کے هر قسم کي جائداد کو هبه اور وصیت اور وقف کرسکتي هے *

وہ رشتہداروں اور شوهر کي جائداد میں سے به ترتیب وراثت ورثه پاسکتي هے *

وہ تمام مذهبي نیکیوں کو جو مرد حاصل کرسکتا هے حاصل کرسکتي هے *

وہ تمام گناهوں کے عوض میں دنیا اور اخرت میں وهي سزائیں پاسکتي هے جو مرد پاسکتا هے *

کوئي قید خاص عورت پر بجز اُسکے جو خود اُس نے بسبب معاهدہ نکاح کے اپنے پر قبول کي هیں یا اُس تفاوت ستر عورت میں جو نیچر یعني قدرت نے دونوں میں مختلف طور سے بنایا هے ایسي نهیں هے جو مرد پر نهو پس حقیقت میں مذهب اسلام میں جسطرح که عورت و مرد کو برابر سمجها هے ویسا نه کسي مذهب میں هے اور نه کسي قوم کے قانون میں هے *

مگر تعجب اور کمال تعجب اِسبات میں هے که تمام تربیت یافته ملک مسلمانوں کي عورتوں کي جو حالت هے اُسپر بهت کچهه نام رکهتے هیں اور اِسمیں کچهه شک نهیں که تربیت یافته ملک کي عورتوں کي حالت مسلمانوں اور مسلمان ملک کي عورتوں کي حالت سے بدرجها بهتر هے حالانکه معامله بالعکس هونا چاهیئے تها *

عورتوں کي حالت کي بهتري جو تربیت یافته ملکوں میں همنے تسلیم کي هے اُس میں کچهه بهي خیال همنے بے پردگي کي آزادي کا نهیں کیا هے کیونکه هماري راے میں هندوستان میں اِسباب میں جسقدر که تفریط هے اُسیقدر تربیت یافته ملکوں میں افراط هے اور جو حد که شرع نے مقرر کي هے اور جهاں تک که انسان اُس پر غور کرسکتا هے اور اپني عقل کو کام میں لاسکتا هے بلاشبهه وهي حد نهایت درست اور ٹهیک معلوم هوتي هے اس مقام پر جو همکو بحث هے وہ صرف مردوں کے عورتوں کے ساتهه حسن سلوک اور حسن معا شرت اور تواضع اور خاطر داري اور محبت اور پاس خاطر اور اُنکي آسایش اور آرام اور خوشي اور فرحت کي طرف متوجهه هونا اور اُنکو هر طرح پر خوش رکهنا اور بعوض اس کے که عورتوں کو اپنا خدمت گذار تصور کریں اُنکو اپنا انیس اور جلیس اور رنج و راحت کا شریک اور اپنے کو اُن کي اور اُنکو اپني باعث مسرت اور تقویت کے سمجهنے پر بحث هے بلاشبهه جهانتک که همکو معلوم هے تربیت یافته ملکوں میں عورتوں کے ساتهه یهه تمام مراتب بخوبي برتے جاتے هیں اور مسلمان ملکوں میں ویسے نهیں برتے جاتے اور هندوستان میں تو ایسي نالایقي اور خاک اُڑتي هے که نعوذ بالله منها *

جو لوگ که ان خرابیوں کو مذهب اسلام کي طرف نسبت کرتے هیں یقیني اُن کي غلطي هے بلکه هندوستان میں جسقدر که عورتوں کي حالت میں تنزل هے صرف اُس کا باعث احکام مذهب اسلام کي بخوبي پابندي نکرنا هے اگر اُنکي پابندي کیجاوے تو بلاشبهه یهه تمام خرابیاں دور هوجاویں معهذا بڑا باعث اسکا اُن سولیزڈ یعني نا مهذب هونا مسلمانوں کا هے مهذب قوموں نے باوجودیکه اُن کے هاں کا قانون نسبت عورتوں کے نهایت هي ناقص اور خراب تها اپني عورتوں کي حالت کو نهایت اعلی درجه کي ترقي پر پهنچایا هے اور مسلمانوں نے باوجودیکه اُن کا مذهبي قانون نسبت عورتوں کے اور اُن کي حالت کي بهتري کے تمام دنیا کے قانون سے بهتر اور عمدہ تها مگر اُنهوں نے اپنے نا مهذب هونے سے ایسا خراب برتاؤ عورتوں کے ساتهه اختیار کیا هے جسکے سبب تمام قومیں اُن کي حالت پر هنستي هیں اور هماري ذاتي برائیوں کے سبب اس وجهه سے که قوم کي قوم ایک حالت پر هے الا ما شاء الله اُس قوم کے مذهب پر عیب لگاتي هیں پس اب یهه زمانه نهیں هے که هم ان باتوں کي غیرت نکریں اور اپنے چال چلن کو درست نکریں اور جیسا که مذهب اسلام روشن هے خود اپنے چال چلن سے اُس کي روشني کا ثبوت لوگوں کو نه دکهلاویں *

راقـــــم
سید احمد

بمقام علیگڈہ —— مطبع علیگڈہ انستیٹیوٹ میں چهپا اور باهتمام
منشي محمد مشتاق حسین شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] يكم جمادي الثاني سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۹

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

جسقدر روپيه بابت اِس پرچه كے بطور چنده خواه بطور قيمت وصول هو وه كسي خاص شخص كي ملكيت نهوگا بلكه اِس پرچه كے اجرا و ترقي ميں صرف كيا جاويگا *

مسلمانوں ميں سے جو شخص ساٹهه روپيه سالانه پيشگي بطور چنده دے وه اس پرچه كے متعلق معاملات ميں ممبر متصور هوگا *

علاوه اِس كے جو شخص كچهه روپيه بطور ڈونيشن دے وه بشكر گذاري تمام ليا جاويگا *

يهه پرچه هر مهينے ميں ايک بار يا دو بار يا تين بار جيسا كه مقتضاے مضامين هوگا چهپا كريگا خريداروں كو تين روپيه قيمت اور ايكروپيه آٹهه آنه محصول جمله چار روپيه آٹهه آنه پيشگي بهيجنے هونگے *

اگر كوئي شخص كوئي خاص پرچه خريدنا چاهے گا اُس كو في پرچه چار آنه قيمت اور ايک آنه محصول دينا هوگا *

ممبروں كو بلا قيمت يهه پرچه مليگا اور اُن كو اُس كے تقسيم كا بهي بلا قيمت جسكو وه چاهيں اختيار هوگا *

اِس پرچه ميں بجز مضامين متعلق تهذيب اخلاق و حسن معاشرت كے جهاں تک كه وه مسلمانوں سے متعلق هيں اور كچهه مندرج نهوگا *

مضمون نمبر ۴۲

مصلحان معاشرت مسلمانان

هم سے پہلے بهي ايسے لوگ گذرے هيں جنهوں نے مسلمانوں كي طرز معاشرت و طريقه تمدن ميں ترقي كرنے كي كوشش كي هى اور اپني كوششوں ميں كامياب بهي هوئے هيں اُن كا كچهه مختصر حال لكهنا مسلمانوں كي واقفيت كے ليئے بهتر هوگا *

اول

سلطان محمود خان مرحوم سلطان روم

يهه بادشاه سنه ۱۸۰۳ع ميں تخت پر بيٹها اور سنه ۱۸۳۹ع ميں فوت هوا *

هماري راے ميں مسلمانوں ميں سب سے اول يهه سلطان هى جسنے مسلمانوں كے اخلاق اور طريق معاشرت ميں تهذيب شروع كي تعصبات مذهبي كو جو درحقيقت اخلاق محمدي كے برخلاف تهے بالكل چهوڑ ديا اپنے تمام مختلف مذهب كي رعايا كو اجازت دي كه مطابق اپنے مذهب كے اپني اپني رسومات مذهبي ادا كريں خود عيسائي گرجاؤں كي جو اُسكے

ملک میں تھے مرمت کرادي جب کہ اُس نے رفاہ عام کے کاموں میں ایک لاکھہ پیاسٹر (یہہ ایک ترکي سکہ چاندي کا ہی) بانٹے تو گریک اور ارمني چرچوں کو بھي برابر حصہ دیا *

اپنے ملک میں اسکول مقرر کیئے اور کل مذہب کے لوگوں یہودي عیسائي مسلمان سب کو برابر بلا تعصب تعلیم دیني شروع کي *

سیتلا کي بیماري موقوف ہونے کے لیئے ٹیکا لگانے کا نہایت خوبي سے رواج دیا شفا خانے مقرر کیئے جسمیں فرنچ ڈاکٹر کام کرتے تھے ڈاکٹر ڈس گالیر صاحب لکچر دیا کرتے تھے اور سلطاني حکیموں کو حکم تھا کہ وہ بھي اُن کا لکچر سننے کو حاضر ہوا کریں *

سنہ ۱۸۳۰ع میں اِس سلطان نے غلامي کے رواج کو جو محض خلاف شرع جاري تھا موقوف کردیا اور تمام گریک کو جو بطور غلامي پکڑے گئے تھے چھوڑدیا اور غلام آزاد کردیئے کیونکہ قران مجید کے احکام کے مطابق اور خصوصاً آیت انما المومنون اخوۃ فاصلحوا بین اخویکم اور آیت فامامناً بعد و اما فداء کے حکم کے مطابق کوئي شخص کسیکا غلام نہیں ہوسکتا *

اسي بادشاہ کے عہد میں ترکي زبان میں اخبار شروع ہوا اور پانچویں نومبر سنہ ۱۸۳۱ع کو پہلا اخبار چھپا جسکا نام تقویم و قایع رکھا گیا تھا *

ترک ایسے جاہل اور بیجا تعصب مذہبي میں مبتلا تھے کہ علم تشریح انسان سیکھنے کو بھي تصویر کا بنانا جائز نہ سمجھتے تھے سلطان نے خود اپني تصویر بنوائي اور سرجري اسکول قایم کیا جو دوسري جنوري سنہ ۱۸۳۲ع کو کھولا گیا تھا اور حکم دیا کہ کتب تشریح معہ تصاویر تصنیف کي جاویں اور چھاپي جاویں اور پڑھائي جاویں *

اِس سلطان نے ترکوں کا لباس اور طریق زندگي درست کرنے میں بڑي کوشش کي وہ خوب جانتا تھا کہ مہذب قوموں کے سامنے عزت حاصل کرني اور حقارت سے نکلنا اور برابر کي ملاقات اور دوستي رکھني بغیر اس کے کہ لباس اور طریقہ زندگي نہ درست کیا جاوے بالکل نا ممکن ہی *

اُس نے دفعتاً اپني سپاہ کي وردي بدل دي اور بالکل انگریزوں کي سي کردي صرف ٹوپي کا فرق تھا ڈاکٹر ولش صاحب لکھتے ہیں کہ ترکي کي زمین پر قدم رکھتے ہي پہلي چیز جو میںنے دیکھي اور جس نے مجھکو حیران کردیا وہ تعلیم یافتہ اور خوبصورت وردي پہنے ہوئي شکل سپاہیوں کي تھي اور افسر فوج کے ولنگٹن کوٹ اور پتلون اور بوٹ پہنے ہوئے تھے *

اِس سلطان نے خود بھي ترکي لباس اور دسترخوان پر یا پائیں از خوان پر کھانا رکھکر ہاتھہ سے کھانا ترک کردیا اور لباس میں کوٹ پتلون اور سرخ ٹوپي جو فیس کہلاتي ہی پہنني شروع کي *

میز و کرسي پر چمچہ اور چھري اور کانٹے سے کھانا شروع کیا ڈاکٹر ولش صاحب نے سلطان محمود کو دیکھا تھا وہ لکھتے ہیں کہ سلطان کي یوروپین پوشاک اور یوروپین طریقہ تناول طعام اور خوبي اوصاف اور شایستگي عادات میں اُور ترکوں کي قدیم جہالت اور ناشایستگي میں آسمان و زمین کا فرق ہی *

اِس بادشاہ نے جو نصیحت اور تدبیر مملکت اپنے جانشین کے لیئے چھوڑي تھي وہ یہہ ہی کہ سب کو برابر پناہ اور حقوق ہوں مسلمان پہچانے جاویں اور لوگوں سے صرف مسجدوں میں اور عیسائي صرف گرجاؤں میں اور یہودي صرف سنیگا میں *

یہہ تھے اصلي اصول اسلام کے جسپر سلطان محمود نے عمل کرنا شروع کیا تھا اور ہم ہندوستان کے عالموں سے یہہ بھي کہتے ہیں کہ سلطان نے یہہ سب کام علماء پایہ تخت کے فتووں سے کیئے تھے مگر وہ لوگ ہندوستان کے لوگوں کي طرح جاہل اور متعصب نہ تھے اِس سلطان کي پورے قد کي تصویر میئے وارسیل کے پیلس میں دیکھي تھي جو پیرس دارالسلطنت فرانس میں ہی اُس کو یوروپین لباس اور سرخ ٹوپي نہایت ہي سوہاتي تھي خدا اُس پر رحمت کرے کہ اُس نے مسلمانوں کو مہذب و شایستہ بنانے کے لیئے سب سے اول کوشش کي *

دوم

سلطان عبدالمجید خاں مرحوم سلطان روم

یہہ سلطان پہلي جولائي سنہ ۱۸۳۹ ع کو تخت پر بیٹھا اور سنہ ۱۸۶۲ ع میں فوت ہوا *

اِس سلطان نے بالکل سلطان محمود کے طریقہ کي پیروي کي بالکل یوروپین کوٹ و پتلون اور تمام یوروپین لباس پہنتا تھا صرف ٹوپي سرخ ترکي کي ہوتي تھي میز پر چھري کانٹے چمچے سے کھانا کھاتا تھا اور تمام تعصبات کو جو مذہب اسلام کي رو سے لغو تھے چھوڑدیا تھا اور روز بروز عیسائي قوموں سے محبت اور دوستي بڑھاتا جاتا تھا *

سب سے اول اور عمدہ کام جو اِس بادشاہ سے بن آیا اور جسکے سبب مسلمان ہمیشہ اُس کے احسانمند رہینگے تمام یورپ کي اعلی سلطنتوں سے اور خصوص انگریزوں سے خالص محبت اور اخلاص پیدا کرنا تھا جسکے سبب سلطنت روم کي منجملہ یورپ کي سلطنتوں کے شمار ہوئي اور جو عہد نامہ سنہ ۱۸۴۰ ع میں یورپ کي سلطنتوں میں ہوا اُس عہدنامہ میں یہہ مسلماني سلطنت بھي شامل ہوئي جسکا

 مصلحان معاشرت مسلمانان

نتیجہ یہہ ہوا کہ کریمیا کی لڑائی میں جو اِس بادشاہ سے اور روسیوں سے ہوئی تھی انگریز اور فرنچ نے سلطان کی مدد کی اور اِس مسلمانی سلطنت کو بچالیا ورنہ آج دنیا میں مسلمانی سلطنت کا نام بھی نہوتا پس حقیقت میں تمام دنیا کے مسلمانوں پر انگریزوں اور اور فرنچوں کا مگر بالتخصیص انگریزوں کا اسقدر احسان ہی کہ جب تک مسلمانی سلطنت قایم ہی بلکہ جب تک مسلمان دنیا میں ہیں اُسکے شکر اور مراسم احسانمندی کو ادا نہیں کرسکینگے *

سلطان کی خوش قسمتی سے سلطان کو ایک نہایت لایق اور جامع جمیع صفات وزیر ہاتھہ آیا تھا جسکا نام رشید پاشا تھا اگر ہم سلطان عبدالمجید خاں کے ادب کا پاس نکرتے تو اُن لوگوں کی فہرست میں جنھوں نے مسلمانوں کے حالات معاشرت میں اصلاح و ترقی کی سلطان محمود خاں کے بعد رشید پاشا کا نام نامی اور لقب گرامی لکھتے اُسنے ترکوں کے تمام لغو اور بیہودہ تعصبات کو جنکو اُنہوں نے غلط دینداری کے رنگ میں رنگا تھا اور جو در اصل مذہب اسلام سے کچھہ علاقہ نہیں رکھتے تھے اور جو در حقیقت مسلمانوں کے تربیت یافتہ اور مہذب ہونے کے مانع تھے بخوبی غور کیا اور قران مجید کے استدلال اور سند سے اور نہ زید و عمرو کی تقلید سے اُن تمام تعصبات کی تردید کی اور یورپ کے طریقوں کے اختیار کرنے کا جواز لکھا اور سلطان عبدالمجید خاں نے اُسکو پسند کیا اور تمام علماء اور مسلمانوں میں اور تمام رعایا میں اُسکے مشتہر کرنے کا حکم دیا چنانچہ وہ تمام تحریر بطور فرمان لکھی گئی جو ترکی زبان میں "ہت شریف" کے نام سے ملقب ہی *

۳ نومبر سنہ ۱۸۴۱ ع کو ایک بہت بڑے عالیشان مکان میں خود سلطان اور اُسکے تمام وزراء اور علماء اور سول و فوج کے افسر اور تمام سلطنتوں کے سفیر جو انباسڈر کہلاتے ہیں اور شیخ و مشایخ کبار اور ہر درجہ کے امام اور گریک اور ارمنی چرچ کے بشپ جو پیٹریارک کہلاتے ہیں اور علماء یہود جو ربی کہلاتے ہیں اور تمام اہل حل و عقد جمع ہوئے اور رشید پاشا نے وہ ہت شریف پڑھا اور سب نے آمنا و صدقنا کہا یہہ دن سلطان عبدالمجید خاں کی سلطنت میں ایسا مبارک دن تھا جس پر سے ہزار عید قربان ہونی چاہیئیں یہہ دن نہیں تھا بلکہ مسلمانوں کی قوم کی جان تھا اور حقیقت میں رشید پاشا مسلمانوں کی قوم کی زندگی کا سبب تھا خدا اُس پر رحمت کرے *

سلطان عبدالمجید خاں نے جو اِس زور شور سے مسلمانوں کے حالات کی بہتری چاہی اور اُن کے لغو تعصبات کو جو غلط دینداری کے رنگ میں رنگے ہوئے تھے دفعتا توڑ دیا تو عام جاہل لوگوں اور اُن کٹ ملاؤں نے جنکی مثال ایسی تھی کہ * چار پائے بر و کتابے چند * اُنھوں نے بہت غل مچایا اور عوام میں ایک ناراضی پیدا ہوئی اور اُسکو کرستان کہنے لگے مگر جب رفتہ رفتہ لوگوں کو معلوم ہوتا گیا کہ سلطان نے کیا کچھہ بھلائی اور بہتری اسلام کی اور مسلمانوں کے ساتھہ کی ہی تو سب لوگ دل سے سلطان کو چاہنے لگے *

ایک مورخ لکھتا ہی کہ ایک دفعہ سلطان کوٹ پتلون پہنے ہوئے اور لال ترکی ٹوپی اوڑھے ہوئے گھوڑے پر سوار نماز کے لیئے با یزید کی مسجد کو جاتا تھا رستہ میں عورتوں کے غول نے بادشاہ کو گھیر لیا اور دیکھکر بہت خوش ہوئیں اور آپس میں کہنے لگیں کہ کیا ہمارا بیٹا خوبصورت نہیں ہی اب اسبات سے ہر کوئی سمجھہ سکتا ہی کہ سلطان کو کسقدر لوگ عزیز سمجھنے لگے تھے *

اِس سلطان نے اپنی سلطنت میں نہایت عمدہ کام کیئے انگریزوں اور فرنچ سے نہایت استحکام اور سچائی سے دوستی قایم کی عدالتوں کے لیئے قوانین بنائے اور فرانس کے طریقہ پر تمام انتظام سلطنت قایم کیا سنہ ۱۸۴۶ ع میں پبلک انسٹر کشن کی کونسل بنائی نئی یونیورسٹی قایم کی نارمل اسکول قایم کیئے اور اُس کے وقت میں اتنی ترقی ہوئی کہ قسطنطنیہ میں تیرہ اخبار فرنچ اور ترکی اور گریک زبان میں چھپنے لگے تھے *

ماشرابی سینی صاحب ایک فرنچ مورخ نے اس سلطان کے زمانہ کے حال میں لکھا ہی کہ ترک نہایت بہادر اور ذہین آدمی ہیں اور نہایت ایماندار مسلمان جو نہایت عجیب طرز پر اپنے مذہب کے ذریعہ سے اپنے چال چلن درست کرنے پر متوجہہ ہیں *

سوم

سلطان عبدالعزیز خاں سلطان روم

یہہ اس عہد کا بادشاہ ہی جس کی ذات مبارک سے روم کا تخت سلطنت مزین ہی خدا اُس کو اور اُس کی سلطنت کو سلامت رکھے یہہ سلطان بھائی ہی سلطان عبدالمجید خاں کا سنہ ۱۸۶۲ ع میں اپنے بھائی کے مرنے کے بعد تخت پر بیٹھا *

اُس سلطان نے سب سے زیادہ مسلمانوں میں تربیت و شایستگی پھیلانے میں قدم بڑھایا ہی اور انگریزوں اور فرنچ اور آسٹریا سے اَوْر بھی زیادہ دوستی و اخلاص پیدا کیا ہی *

لباس میں اور طریقہ زندگی میں اپنے سابقین کی صرف پیروی ہی نہیں کی بلکہ روز بروز اُس میں ترقی کرتا گیا بے تعصبی اور سچی دوستی اور محبت کا جو اُس نے فرنچ اور انگریزوں سے پیدا

کي هی سنه ۱۸۶۷ ع میں بخوبي ثبوت هوگیا جب که سلطان پیرس دارالسلطنت فرانس میں بطور مهمان کے آیا اور امپرر نیپولین کے ساتهه کهانے اور تمام جلسوں میں شریک رها اور وهاں کي سیر و سیاحت کر کر لندن میں صرف دوستي اور اخلاص کے سبب ملکه معظمه وکٹوریا دام ظلها سے ملاقات کو آیا اور کهانوں اور دعوتوں اور جلسوں میں شریک رها *

سب سے زیاده عزت جو سلطان نے لندن میں کمائي بلکه مسلمانوں کي قوم کو بلکه اُن کے اخلاق مذهبي کو دي وه صرف یاد رکهنا اُس احسان کا تها جو لارڈ پالمرسٹن نے کریمیا کي لڑائي میں ترکوں کو مدد دینے سے کیا تها وه عالي همت فیاض لارڈ جو زمانه جنگ کریمیا میں وزیر اعظم سلطنت ملکه معظمه وکٹوریا کا تها مرگیا تها مگر اُن کي بي بي لیڈي پالمرسٹن زنده تهي سلطان خود لیڈي پالمرسٹن کے پاس اُن کے شوهر عالي وقار کا شکر ادا کرنے گیا اور جتني بڑي عزت کا یهه کام سلطان سے هوا شاید آینده تمام عمر اُسکو ایسا دوسرا کام کرنا نصیب نهیں هوئیگا *

اس مقام پر هم هندوستان کے مسلمانوں سے سراسٹافورڈ نارتهه کوٹ اُس زمانه کے سکرٹري آف اسٹیٹ فارانڈیا یعني وزیر هندوستان کے اُس احسان کا ضرور ذکر کرینگے که جب سلطان لندن میں تشریف رکهتے تهے تو اُنهوں نے هندوستان کي طرف سے سلطان کو انڈیا آفس میں بلایا اور هماري طرف سے دعوت کي جب میں لندن میں گیا تها تو میں نے انڈیا آفس کے اُس خوبصورت بڑے هال کو جس میں هماري طرف سے سلطان کي دعوت هوئي تهي دیکها تها اور سراسٹافورڈ نارتهه کوٹ کا بهت بهت شکر کیا تها *

پهر اُسي دوستي اور اخلاص کا استحکام سنه ۱۸۶۸ ع میں اَوْر زیاده روشن هوا که پرنس آف ویلز اور پرنسس آف ویلز یعني ولیعهد ملکه معظمه اور ولیعهد بیگم قسطنطنیه میں سلطان کے هاں مهمان تشریف لیگئے اور باهم دوستي اور محبت سے جلسوں اور دعوتوں میں شریک رهے *

اُس کے بعد امپرس آف فرانس یعني فرانس کے بادشاه بیگم سلطان کے هاں مهمان تشریف لیگئیں اور اُسي طرح کهانے اور پینے اور دعوتوں کے جلسے رهے *

پهر امپرر جوزف یعني شهنشاه اسٹریا سلطان کے هاں مهمان تشریف لیگئے اور جو که سلطان کے ملک کي اور آسٹریا کي حد بالکل پیوسته هی اور جار ملاصق هی اس لیئے سلطان نے حق همسایه کو جس کا ادب بموجب مذهب اسلام زیاده تر هی زیاده عزیز سمجها اور خاص اُسي محل میں جس میں خود رهتا تها اپنے ساتهه شهنشاه آسٹریا کو اُتارا دن رات باهم صحبت رهي کهانے پینے میں هریک رهے سب ایک میز پر بیٹهه کر کهاتے تهے صرف سلطان کا نماز پڑهنا اور شهنشاه آسٹریا کا چرچ میں جانا مسلمان اور عیسائي هونا بتاتا تها اور اس کے سوا کچهه فرق نه تها *

گریک اور ارمني چرچوں کے لیئے بشپ اور پیٹریارک اسي طرح سلطان مقرر کرتا هی جس طرح که اگر خود اُنهي مذهبوں کا کوئي بادشاه هوتا اور وه مقرر کرتا اُس کے هاں تمام عهده دار اعلی سے اعلی بهي بلحاظ مذهب کے عهدوں پر مقرر هیں اور آپس میں ایسا اطمینان اور اعتماد هی که سفارت کے عهدوں تک جس میں هزاروں راز کي باتیں هوتي هیں عیسائي اور مسلمان سب مقرر هیں یهه کیسي عمده اور خوشي کي بات هی که مسلمان سلطان کي طرف سے دربار حضور ملکه معظمه میں جو سب سے بڑا دربار هی اور سلطان کو سب سے زیاده تعلق اور غرض اُس عالي شان دربار سے هی مسورس پاشا جو گریک هی انباسڈر یعني سفیر مقرر هی *

ترکوں کي تربیت اور شایستگي اور تهذیب کا اب یهه حال هی که اُن کا تمام لباس کوٹ و پتلون اور قمیص و واسکٹ بالکل یورپ کي مانند هی ایک قسم کا فراک کوٹ هی جو وه استعمال کرتے هیں اور تمام امراء اور شریف لوگوں کا یهي لباس هی صرف ترکي ٹوپي جدا هی سب نے زمین پر کا بیٹهنا چهوڑدیا هی میز و کرسي پر بیٹهتے هیں میز پر چهري کانٹوں سے کهانا کهاتے هیں اُن کے مکان کي آراستگي اور طریقه زندگي بالکل یوروپین کا سا هو گیا هی *

عالی پاشا وزیر سلطنت نهایت عمده انگریزي پڑها هوا هی لندن میں اُس نے تعلیم پائي ترکوں کا لباس نهایت عمده اور خوبصورت هوگیا هی خوش وضع پتلونیں اور پاؤں میں سیاه نفیس انگریزي بوٹ اور سیاه سیاه نفیس بانات کے کوٹ اور سر پر لال ٹوپي جو فیس کهلاتي هی نهایت خوبصورت معلوم هوتي هی صفائي اور نفاست اور آراستگي مکانات بالکل یورپ کي مانند هی جب وه لوگ اپني همسایه قوموں فرنچ اور انگریزوں میں مل کر بیٹهتے هیں تو همجولي معلوم هوتے هیں اور اُمید هی که روز بروز اَوْر زیاده مهذب هوتے جاوینگے

پس هندوستان کے مسلمانوں سے بهي هم یهي چاهتے هیں که اپنے تعصبات اور خیالات خام کو چهوڑیں اور تربیت اور شایستگي میں قدم بڑهائیں *

راقم

سید احمد

نمبر ۴۳

غیر مفید تعلیم

جو تعلیم که حسب احتیاج وقت نهو وه غیر مفید هی ' ایک عقلمند آدمي کا قول هی که اگر حسب احتیاج وقت لوگوں کي تعلیم و تربیت نهو تو اُس کا یهه نتیجهه هوتا هی که لوگ اول مفلس اور محتاج اور پهر نالایق اور کاهل اور پهر ذلیل و خوار اور پهر چور و بدمعاش هوجاتے هیں *

پچهلي حالت تو اب تک مسلمانوں کي نهیں پهنچي اگر اسیطرح زمانه چلا گیا تو بهت جلد یهه نوبت بهي آجاویگي مگر اور سب باتیں تو فضل الهي سے ٹهیک ٹهیک پوري هوگئیں هیں اب یهه بات دیکهني چاهیئے که یهه حالت مسلمانوں کي در حقیقت اسي سبب سے هوئي یا نهیں مفلسي کا اصلي سبب جهل هی اور غیر مفید علوم کا عالم اور جاهل دونوں برابر هیں اِس لیئے که اُن سے نه لوگوں کو کچهه فایده هوتا هی اور نه وه خود کچهه اپنا بهلا کرسکتے هیں *

بالفعل جو علوم که مسلمانوں میں مروج هیں وه بلاشبهه غیر مفید هیں اور حسب احتیاج وقت نهیں اور یهي باعث اُن کي مفلسي اور محتاجي کا هی چنانچهه هم اُن علوم کا مختصر ذکر اِس مقام پر کرتے هیں *

علم دین — اهل مذهب کے لیئے علم دین کسي وقت غیر مفید نهیں هوسکتا اِسلیئے که خود اُس کي ذات کو هر وقت اُس کي احتیاج هی هاں اُسکے مفید یا غیر مفید هونے سے اُسوقت بحث کي جاسکتي جبکه اُس کے فایده کا متعدي کرنا یا غیر مذهب والوں کے حمله سے اُس کي حفاظت منظور هو مگر جو طریقه تعلیم دینیات کا مسلمانوں میں بالفعل رایج هی وه ان دونوں پچهلي باتوں میں سے ایک کے لیئے بهي مفید نهیں یوناني فلسفه کا تو زمانه جسکے مقابله کے لیئے علم کلام نکلا تها گیا مگر جو اعتراضات تاریخي اور عامي مذهب اسلام پر زمانه حالمیں وارد کیئے جاتے هیں اُن کا جواب تو در کنار شاید اُن کے سمجهنے کي بهي لیاقت نهیں هی اِس لیئے کها جا سکتا هی که زمانه حال میں دینیات کي تعلیم بهي مسلمانوں میں مفید طریقه پر نهیں هی *

علم لسان — اِس علم سے سات علم متعلق هیں — لغت — صرف — نحو — معاني — بیان — بدیع — انشاء — یهه سب علوم اکثر بزبان عربي اور کبهي بزبان فارسي مسلمانوں میں پڑهائي جاتے هیں مگر یهه سب علوم في نفسه کچهه علوم نهیں هیں بلکه حصول علم اور اُس کي تدوین اور اُس کے بیان کے لیئے آله هیں پس اگر علم لسان ذریعه حصول علوم مفیده نهیں هی تو محض بیفاید هی عربي زبان اِس زمانه میں بجز علم دین کي شق اول کے اور کسي قسم کے مفید علوم حاصل کرنے کے لیئے ذریعه نهیں هی اور اِس لیئے سواے ایک حالت کے اور تمام حالتوں میں وه علوم محض غیر مفید هیں *

علم منطق — یهه بلاشبهه مفید هی مگر في نفسه کچهه مفید نهیں بلکه جب اور علوم مفیده کے شامل استعمال کیا جاتا هی جب مفید هوتا هی مگر مسلمانوں میں دو وجهه سے یهه علم بهي غیر مفید هوگیا هی اول اس لیئے که کسي علم مفید کي تعلیم هي نهیں رهي جسکے ساتهه استعمال میں آنے سے اِس علم کو مفید قرار دیا جاوے دوسرے اِسلیئے که اِس علم کے اصول نهایت مختصر هیں جو بکار آمد هیں مسلمانوں نے اُس کو اس قدر غیر مفید طول دیا هی که ایک عمر تصور و تصدیق هي کي بحث میں گذر جاتي هی اور نه کسیکا تصور هوتا هی نه کسیکي تصدیق اور اسلیئے اسکو خود غیر مفید کردیا هی *

علم طبعي الهي — ایک فقره ایک لفظ ایک حرف اِس علم کا اِس زمانه میں مفید نهیں نه دین کے کام کا نه دنیا کے بقول شخصے نه لیئنے کا نه دینے کا *

علم حساب — علم هندسه — یهه دونوں علم بلاشبهه نهایت مفید هیں مگر مسلمانوں میں اِن کي تعلیم جسقدر مروج هی وه کچهه بهي مفید نهیں بڑے سے بڑے عالم وحیدالعصر اور فریدالدهر جناب مولوي صاحب و قبله کو لے لو تحصیلي مکتبوں کا هوشیار لڑکا ان دونوں علموں کو اُن سے بهتر و مفید تر جانتا هوگا پس جس مقدار سے که یهه علوم مسلمانوں میں مروج هیں اور عمل تقسیم تک خلاصة الحساب پڑه لینے اور تحریر اقلیدس کا مقاله اول ختم کرلینے پر فضیلت کي پگڑي بندهائي جاتي هی محض غیر مفید هیں *

علم هیئت — ایک اصول اور ایک مسئله اِس علم کا جو عربي زبان میں هی صحیح نهیں من اوله الی آخره غلط اور خلاف واقع هی پس جو چیز که غلط اور خلاف واقع هی وه کبهي مفید نهیں هوسکتي پس شرح چغمیني اور مجسطي پڑهنے سے کیا نتیجهه مفید حاصل هوسکتا هی هاں البته جهل مرکب ترقي پاتي جاتي هی *

علم آلات — هم کیوں اس کا تذکره کرتے هیں اِس لیئے که مسلمانوں میں مروج هي نهیں مگر دیکهنا چاهیئے که یهه علم مسلمانوں میں هی بهي یا نهیں جب بهت تلاش کرتے هیں تو بڑے بڑے عالموں کے کتب خانے میں چند ورق کا رساله جو ثقیل اور دو یا تین صفحه کا رساله عمل کره اور بیس باب کا رساله اسطرلاب پاتے هیں اور جب اور زیاده تلاش کرتے هیں اور ملکوں ملکوں میں ڈهونڈتے پهرتے هیں تو ایک بڑي نام آور کتاب "آلات رصد بر جندي" پاتے

هیں مگر پهر پوچهنا پڑتا هی که اسکو کوئي جانتا هی تو اُس گهسیارہ کے منشي کي طرح جو دیکهتا هی وہ روتا هی پهر حال اگر اُن کو کوئي جاننے والا دیکهے بهي تو زمانہ حال کے آلات کے مقابل میں محض لغو اور بیهودہ اور غیر مفید خیال کرے *

علم طب — اِس علم کا پردہ موت و حیات نے ڈهانک رکها هی یعني جتنے معالج هیں اُن کے علاج سے لوگ مرتے بهي هیں اور جیتے بهي هیں مگر جب زمانہ حال کي طب اور اُس کے اعمال اور اُس کي تحقیقات کا مقابلہ کیا جاوے تو ثابت هوگا که علم طب جو مسلمانوں میں رایج هی اگر اسمیں ترقي نہ کي جاوے تو اُس کي کامل فائدہ مندي نہیں هی *

اب مسلمانوں کے علوم کي ترقي تمام هوگئي اور بخوبي ظاهر هوگیا که اُن میں کوئي علم مفید مروج نہیں هی اور یهي باعث اُن کي ذلت و مسکنت کا هی پس مسلمانوں پر واجب هی که تعصب کو چهوڑیں اور بعد تحقیقات اور مباحثہ کے سلسلہ تعلیم مسلمانوں کا ایسا قایم کریں جو اُن کے دین و دنیا دونوں کے لیئے مفید هو *

راقم
سید احمد

نمبر ۳۴

علم اور اُسکي تحصیل

جب تک که انسان علم کي لذتوں سے ناواقف رهتا هی تب تک اُس کي طرف کم توجهہ کرتا هی لیکن جب علم کي لذت اُس کو کچهہ معلوم هوتي هی پهر ممکن نہیں که علم کو بے حاصل کیئے رهے علم کي لذتیں ایسي هیں که کوئي لذت اور کوئي نعمت دنیا میں (سواے اُن لذتوں کے جو که سچے مذهب سے حاصل هوتي هیں) اُن کي برابر نہیں وے ایسي لذتیں هیں که همیشہ نئي اور تر و تازہ رهتي هیں اور روز بروز زیادہ هوتي جاتي هیں بخلاف اور لذات نفساني کے که وہ ابتدا میں چند لحظہ تک کچهہ فرحت بخشتي هیں لیکن بعد اُس کے ایسي هوجاتي هیں که گویا اصل میں کچهہ نہ تهیں اور اُس کا تجربہ هر شخص کرسکتا هی مثلاً ایک شخص نے کوئي عجیب و غریب چیز دیکهي پہلے تو اُس کے دیکهنے سے اُس کو کچهہ فرحت هوئي لیکن جب مکرر سہ کرر دیکهتا هی تو وہ لذت جو که ابتدا میں تهي باقي نہیں رهتي اسیطرح اگر کوئي عجیب و غریب احوال خواہ قصہ سنا تو پہلے تو بہت دلچسپ معلوم هوتا هی لیکن سنتے سنتے دل نفرت کرنے لگتا هی ایسے هي حال جملہ لذات نفساني کا هی که کثرت سے اُن کي قدر جاتي رهتي هی بلکہ بعض اوقات ناگوار معلوم هوتي هیں لیکن حال اُن لذات کا جو علم سے حاصل هوتي هیں بالکل اِس کے برعکس هی اُن سے آدمي کبهي سیر نہیں هوتا هی ایسا کبهي نہیں سنا هوگا که کسي شخص نے جسکے دل میں علم کا شوق پیدا هوا هو اور اُس نے تحصیل علم شروع کرکے جب که اُس کو کچهہ لذت علم سے حاصل هونے لگي هو تحصیل علم کو چهوڑ دیا هو اور مدت العمر اُس میں مصروف نرها هو علاوہ بریں علم کي لذتیں بے انتہا هیں اور هر قسم کے نقصان سے خالي هیں بخلاف اُن لذات کے جنکو حس سے تعلق هی وہ نہایت کم هیں اور اکثر اُن میں سے مہلک هیں آرک میڈیز جو که بہت مشہور ریاضي داں باشندہ سسلي کا تها اور جو که قریب دو سو پچاس برس قبل حضرت عیسی علیہ السلام کے پیدا هوا تها اُسکے احوال سے حال اِسبات کا که اِنسان کو علم سے کیسي لذت هوتي هی بخوبي معلوم هوسکتا هی سراکیوز کے بادشاہ هائرو نے ایک تاج سونے کا طیار کرایا جب وہ تاج طیار هوگیا تب بادشاہ کو اِسبات کا شک هوا که اسمیں کچهہ میل چاندي کا هی اُس نے آرک میڈیز سے کہا که بلا گلانے اور توڑنے اِس تاج کے دریافت کرو که اُس میں کسقدر میل هی آرک میڈیز سوچتا رها ایک دن وہ حمام میں نہانے گیا اور وهاں سوچتا رها اتفاقاً ایک ایسا ماجرا وهاں واقع هوا که اُس سے طریقہ دریافت کرنے اِس بات کا که تاج میں کسقدر میل چاندي کا تها اُسکے ذهن میں آ گیا فوراً وہ مارے خوشي کے اپنے حواس سے جاتا رها اور حمام سے برهنہ نکلکر شهر میں یہہ کہتا هوا (که میںنے دریافت کیا میں نے دریافت کیا) پهرا کیا یہہ حال اُن ادنی لذتوں کا هی جو که علم سے حاصل هوتي هیں کیونکہ یہہ کوئي بہت مشکل سوال نتها اب اس زمانہ میں مبتدي ایسے سوالوں کو حل کرسکتے هیں پس غور کرنا چاهیئے که في زماننا جو لذات علم سے که (اُسکو اب انتہا درجہ کي ترقي بمقابلہ زمانہ سابق کے هی) حاصل هوتي هیں کیسي هونگي دوسري مثال فیثا غورث کي جو بہت بڑا قدیم یوناني حکیم تها قابل لکهنے کے هی جب که اُس نے یہہ دریافت کیا که ،، مثلث قایمة الزاویہ میں مربع ضلع مقابل زاویہ قایمہ کا برابر هوتا هی مربعوں باقي اضلاع کے جن سے زاویہ قائمہ بنتا هی ،، اُس کو اسقدر خوشي حاصل هوئي که حالت خوشي میں اُس نے سو بیل قرباني کیئے سواے اِس کے اور بہت سے حکماؤں کي مثالیں هیں جنسے لذت علم کي معلوم هوسکتي هی پس اگر کوئي شخص تحصیل علم کي طرف جو که علاوہ اور فوائد دیني اور دنیوي کے اِس قدر لذت رکهتا هی متوجهہ نهو نہایت تعجب کي بات هي وے لوگ جو که اپني دولت واسطے حصول حظوظ نفساني اور آرام ظاهري کے جو محض ناپائدار بلکہ درحقیقت هیچ هی صرف کرتے هیں اور تحصیل علم سے غافل هیں نہایت غلطي

علم اور اُسکي تحصيل

يکم جمادي الثاني سنه ۱۲۸۸ هجري سيد محمد محمود صاحب

ميں پڑے هيں اِس زمانه ميں اِس قسم کے لوگ جنکے پاس دو چار بيگهه زمين يا کوئي دوسرا ذريعه گذران کا هی علی العموم کهتے هيں جبکه اِس بات پر غافل هيں که خط لکهه لينا کافي هی آگے پڑهکر کيا کرينگے خدا نے همکو کهانے کو ديا هی همکو نوکري کرنا نهيں اور جو غريب هيں اُن کا يهه قول هی که هم سے تحصيل علم ممکن نهيں پس اس وجهه سے امير و غريب اِس ملک کے سب کے سب حالت جهالت ميں پڑے هيں اور دونوں قسم کے لوگ بڑي غلطي کرتے هيں علم سے يهه مطلب نهيں که بنظر حصول روزگار تحصيل کيا جاوے کيونکه علم کے آگے دولت کي کچهه حقيقت نهيں جنکو علم کي قدر معلوم هی وہ دولت کو علم کے اوپر سے تصدق کرديتے هيں تحصيل علم سے يهه غرض هی که عزت دو جهاني و نجات جاوداني حاصل هو وحشيانه حالت سے نکلکر انسانيت حاصل کي جاوے حيوانيت ترک هو اور اعلی درجه کي لذات جو که هر قسم کے نقصان سے مبرا هيں حاصل هوں عجائبات جو که هر وقت مد نظر هيں اُن کي حقيقت معلوم هو جو لوگ که حصول علم کو بسبب افلاس کے نا ممکن سمجهتے هيں وے بهي غلطي کرتے هيں اِس زمانه ميں غريب سے غريب شخص بمقابله متقدمين کے آساني سے علم حاصل کرسکتا هی اِس زمانه ميں هر قسم کے علم کي کتابيں عمده سے عمده بے شمار طيار هيں هزاروں پڑهانے والے موجود هيں دو هزار برس پيشتر جبکه کهيں چهاپه کا کسي نے خواب ميں بهي خيال نه کيا تها کتابيں علم کي طيار نه تهيں پڑهانے والے کم تهے صرف بڑے بڑے شهروں ميں دو ايک حکيم تهے علم کو مطلق ترقي نه تهي بهت علوم ظاهر نهوئے تهے زباني تعليم تهي تب مفلس لوگوں نے کسطرح علم پڑها اور حکيم هوئے اپکٹٹس جو که بڑا حکيم تها اور جسکا نام اب تک کتابوں ميں پايا جاتا هی قريب اٹهاره سو برس کے هوئے که وہ مشهور هوا پهلے ايک شخص کا غلام تها جب آزاد هوا علم اُس حالت ميں جب که اُس کے حوائج ضروري رفع نهيں هوسکتے تهے پڑهنا شروع کيا اور اُسکو حاصل کرکے ايسا بڑا حکيم هوا که اُسکا نام اب تک کتابوں ميں موجود هی کلين تهيز دوسرا يوناني حکيم تها قبل حضرت عيسی السلام کے پيدا هوا پهلے اُسکا پيشه کشتي لڑنے کا تها اور اُس سے وہ اپني گذران کرتا تها اخير ميں اُسکو شوق فلسفه پڑهنے کا هوا وہ شهر اتهنس کو روانه هوا جبکه شهر مذکور ميں پهنچا اُسکے پاس صرف قريب دو روپيه کے جو که زمانه حال ميں مروج هی خرچ تها ايسي حالت ميں علم کا حاصل کرنا نهايت مشکل تها الا چونکه شوق اُسکا کامل تها اُسنے مزدوري پاني بهرنے اور بوجهه ڈهونے کي شروع کي اُس سے وہ اپني گذران کرتا تها اور تحصيل علم ميں مصروف رهتا تها اور اُسي ميں اپنے اُستاد کو تنخواه ديتا تها اس طور سے اُسنے علم حاصل کرکے بڑا شهره اور عزت حاصل کي اور بڑا حکيم هوا علاوه اُس کے اور حکماء مثل ايسوپ اور پباليس سا ايرس يهه سب ابتدا ميں غلام اور نهايت مفلوک تهے پس اب اِس زمانه ميں جو که زمانه سابق سے بدرجها ترقي پر هی اگر کوئي کهے که تحصيل علم نا ممکن هی تو يهه بات کيونکر عجيب نه معلوم هو اب اس زمانه ميں تحصيل علم کے واسطے صرف همت شرط هی جبکه اگلے زمانوں ميں غريب سے غريب لوگوں نے علم کو حاصل کرليا تو ابتو بهت آسان هی پس اب مسلمان بهائيوں کو لازم هی که پست همت نهوں اور علم کي تحصيل ميں مصروف هوں بعد ازاں ديکهيں که کيا عزت اور کيا فائده اُن کو حاصل هوتا هی اور اس خيال کو که بباعث افلاس تحصيل علم ناممکن هی دور کريں *

محمد عنايت الرحمن

از مقام بنارس

نمبر ۳۵

سيد محمد محمود صاحب سلمه الله تعالے

سيد محمد محمود صاحب مولوي سيد احمد خاں صاحب بهادر سي ايس آئي کے چهوٹے صاحبزاده کا سالانه امتحان کريسٹ کالج يونيورسٹي لندن ميں بڑي کاميابي کے ساتهه هوا عام امتحان ميں جو تمام علوم ميں هوا اُنکا نمبر دسواں رها اور خاص انگريزي زباندانی ميں تمام کالج ميں صرف ايک اور طالب علم اس قابل نکلا که اُسکے جواب اور سيد محمد محمود صاحب کے جواب برابر وقعت کے تهے اسليئے دونوں کا نام اول نمبر ميں لکها گيا باقي تمام طالب علموں سے سيد محمد محمود خاص اُن کي ملکي زبان ميں فائق رهے *

بريں مژده گرجاں فشانم رواست — يهه ايک سي مبارک خبر هی که اُسکے سبب سے نه فقط مولوي سيد احمد خاں صاحب بهادر کو اور نه صرف سيد محمد محمود صاحب کے دوستوں هي کو خوشي هی بلکه درحقيقت يهه ايک ايسي مبارک خبر هی جسکے لحاظ سے تمام اهل هند کو عموماً اور مسلمانوں کو خصوصاً خوش هونا چاهيئے جو عزت اور نظر سيد محمد محمود صاحب کو اس موقع پر حاصل هوا شايد اس سے پهلے کسي اهل هند کو نصيب نهيں هوا تها يهه نام آوري اُس نام آوري سے کچهه کم نهيں هی جو فيضي اور ابوالفضل نے ايرانيوں کے نزديک اُن کي خاص زبان فارسي کي قابليت کے لحاظ سے حاصل کي تهي يهه ايک کافي وجهه ثبوت اسبات کي هی که مسلمانوں کي طبيعتوں ميں ابهي تک وہ ماده باقي هی جسکے سبب سے اُنهوں نے پهلے بهت کچهه شهرت اور نيکناميان حاصل کي هيں اور جسکے لحاظ سے غير قوميں اُنکا نام مدت تک بهي تعظيم اور ادب سے ليتي رهيں *

ہندوستان کے مسلمان بلاشبہہ اپني بدقسمتي سے نئے علوم و فنون کے حاصل کرنے میں اپنے اَور اہل وطن سے کچھہ پیچھے رہ گئے ہیں جسکا نتیجہہ اب تک بھي بہت هي مضر ہوا ہی اور اگر یہي غفلت خدانخواستہ چند روز اور رهي تو جسقدر مادہ مسلمانوں کي طبیعت میں ابھي تک موجود ہی اور جو شوق اور محنت سے بہت کچھہ ترقي پاسکتا ہی وہ بالکل ملیا میٹ ہوجاویگا — جن بادشاہوں کي لیاقت اور اولوالعزمي کي یادگار میں بڑے بڑے قلعے اور عمارتیں روے زمین پر موجود ہیں اُن کي اولاد اب اسي قسم کي غفلتوں سے گھانس کھود کھود کر اپنا گذارہ کرتي ہی اُن کے برتاو اُن کے رنگ اور روغن اُنکي بول چال سے هرگز یہہ معلوم نہیں ہوتا کہ یہہ لوگ کسي ایسے بڑے خاندان کي بقایا ہیں — مسلمانوں کو چاہیئے کہ عبرت پکڑیں اور جو عمدہ موقع اُن کے واسطے خدا کي عنایت سے اب موجود ہی اُسکا شکر کریں اور اُسکا شکر یہي ہی کہ اُس سے فائدہ اوٹھاویں اور اپني اولاد کي تعلیم کي طرف ہوشیاري سے متوجہہ ہوں *

مسلمانوں کے علم کي ترقي ابتداء میں یونانیوں کے علوم سے شمار ہوتي ہی اور اب یورپ کي قوموں کے علوم ایسے کامل اور صاف طریقہ سے شایع ہوئے ہیں کہ اگر مسلمان غور اور دانائي کو کام میں لاویں تو یونانیوں کے علوم کي بہ نسبت یورپ کے موجودہ علوم و فنون سے بہت زیادہ فائدہ حاصل کرسکتے ہیں جن قوموں سے ہمکو علم حاصل کرنے کي ضرورت ہی وہ ہماري خوش قسمتي سے خود ہمکو علم دینے کے واسطے آمادہ ہیں کتابوں کي انواط چھاپہ خانوں سے درجہ کمال کو پہونچ چکي ہی اور پہونچتي جاتي ہی سفر کا ذریعہ ریل اور جہاز نے بہت هي سہل کردیا ہی کوئي روک ٹوک سواے اپني کم همتي اور بیجا تعصبات کے باقي نہیں ہی پس ایسے وقت میں نہایت ضرور ہی کہ ہندوستان کے مسلمان رئیس اپني اولاد کو اعلی تعلیم کے واسطے انگلستان کو بھیجیں *

ایک بڑا قوي مانع ہندوستان کے مسلمانوں کو اس ارادہ میں مذہبي نقصان کا خیال ہی اور بلاشبہہ ہر عاقل مسلمان پر یہہ فرض ہی کہ کسي ظاہري بڑي سے بڑي منفعت کے لحاظ سے اپنے مذہب کا تھوڑا سا نقصان بھي گوارا نکرے لیکن سید محمد محمود صاحب سلمہ اللہ تعالے کي کارروائي سے وہ شبہہ بھي کامل طور سے جاتا رهتا ہی جہاں تک مجھکو علم ہی میں نہایت اطمینان سے یہہ بات بیان کرتا ہوں کہ سید محمد محمود کیمبرج کي یونیورسٹي میں تمام ممنوعات شرعي سے محترز ہیں نمازیں پڑھتے ہیں اور روزے رکھتے ہیں اور اچھے مسلمانوں کي مانند بہت خوشحالي سے بسر کرتے ہیں — این کار از تو آید و مردان چنیں کنند *

میرے نزدیک جو عزت سید محمد محمود صاحب کو اپني علمي لیاقت کے سبب سے حاصل ہوئي اور آیندہ کامل طور سے حاصل ہونے والي ہی اُس سے بہت بڑي عزت اور افتخار اُن کو خدا کي عنایت سے اُن کے عمدہ چال و چلن کے لحاظ سے حاصل ہوا ہی الہم زدفزد *

راقـــــــم
مشتاق حسین

اشتہار

ہم اشتہار مندرجہ ذیل کو نہایت خوشي کے ساتھہ اودہ اخبار سے نقل کرتے ہیں اور مالک و مہتمم و خریداران اخبار موصوف کو صدق دل سے اس روز افزوں ترقي پر مبارکباد دیتے ہیں — اودہ اخبار پہلے سے بھي نہایت با وقعت اخبار تھا اور اب تو کچھہ کہنا هي نہیں ہی ہندوستاني شریف جو اخباروں کے شایق ہیں غالباً اب بہت کم ایسے ہونگے جو اس عمدہ اخبار کي خریداري سے حظ نہ اُٹھاویں — ہمکو یہہ بھي اُمید ہی کہ ہمارے اَور ہمعصر وقائع نگار بھي اودہ اخبار کي تقلید کرینگے اور منشي نول کشور صاحب سلمہ اللہ تعالی کي عالي همتي سے یہہ اُمید ہی کہ اُن کا اخبار مثل بڑے بڑے باوقعت انگریزي اخبارات کے روزانہ جاري ہوا کریگا اور خدا کرے ایسا هي ہو

این دعا از من و از جملہ جہاں آمیں باد

راقم مہتمم تہذیب الاخلاق

اودہ اخبار ہفتہ میں دو مرتبہ شایع ہوگا

ہمارے اکثر ناظرین جدت پسند و شایقین دانشمند کي قدر داني مدت سے ہمکو اس بات پر برانگیختہ کر رهي تھي کہ اودہ اخبار ہفتہ میں دو مرتبہ شایع ہوا کرے *

الحمدللہ کہ گورنمنٹ اور لوکل گورنمنٹ کي عنایت روز افزوں سے اب سامان اس عمدہ تجویز کا نہایت پسندیدہ طور پر بورے کار آیا جس کو ہمارے قدردانوں کي نیک نیتي کا ثمرہ اور ذوق شایستگي کا نتیجہہ کہا چاہیئے *

وہ یہہ ہی کہ سرکار دولتمدار نے محصول اخبارات کا محض مالکان اخبار کي رعایت اور علوم و فنون کي اشاعت کے واسطے نصف معاف فرمایا کہ خاص و عام کے موافق مدعا ہی اس لیئے کسي کو محصول ناگوار نہوگا — چونکہ عملدرآمد اُس حکم کا یکم اکتوبر سے گزٹ آف انڈیا میں مشتہر ہوا ہی اس حساب سے پورے دو مہینے باقي ہیں لہذا جناب مالک مطبع و اخبار کي سیرچشمي اس بات کي مقتضي ہی کہ ان دو مہینوں کا محصول زائد جملہ ناظرین کو ارمغان کیا جاے اور یکم اگست هي سے یہہ اخبار ہفتہ میں دو مرتبہ چھپکر اجرا پذیر ہو چنانچہ التزام اُس کا بترتیب معقول کیا گیا ہی اُمید ہی کہ سب صاحبوں کو پسند آئیگا *

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور باهتمام
منشي محمد مشتاق حسین شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] ۱۵ جمادي الثاني سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۱۰

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

جسقدر روپيه بابت اِس پرچه کے بطور چندہ خواہ بطور قيمت وصول هو وہ کسي خاص شخص کي ملکيت نهوگا بلکه اِس پرچه کے اجرا و ترقي ميں صرف کيا جاويگا *

مسلمانوں ميں سے جو شخص ساٹهه روپيه سالانه پيشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچه کے متعلق معاملات ميں ممبر متصور هوگا *

علاوہ اِس کے جو شخص کچهه روپيه بطور ڈونيشن دے وہ بشکر گذاري تمام ليا جاويگا *

يهه پرچه هر مهينے ميں ايک بار يا دو بار يا تين بار جيسا که مقتضاے مضامين هوگا چهپا کريگا خريداروں کو تين روپيه قيمت اور ايکروپيه آٹهه آنه محصول جمله چار روپيه آٹهه آنه پيشگي بهيجنے هونگے *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچه خريدنا چاهے گا اُس کو في پرچه چار آنه قيمت اور ايک آنه محصول دينا هوگا *

ممبروں کو بلا قيمت يهه پرچه مليگا اور اُن کو اُس کے تقسيم کا بهي بلا قيمت جسکو وہ چاهيں اختيار هوگا *

اِس پرچه ميں بجز مضامين متعلق تهذيب اخلاق و حسن معاشرت کے جهاں تک که وہ مسلمانوں سے متعلق هيں اور کچهه مندرج نهوگا *

نمبر ۳۶

ترک

اسلام کا نتيجه نيک چان هونا هى اگر هم ديکهيں که کسي ملک کے مسلمانوں ميں نيک چاني نهيں هى تو همکو يقين کرنا چاهيئے که اسلام صرف اُن کے منهه هي منهه ميں هى حلق کے نيچے ذرا بهي نهيں اُترا گو اُنهوں نے اپنے تئيں کيساهي جبه اور عمامه سے مقدس بنايا هو اور نمازيں پڑہ پڑہ کر اور تسبيحيں هلا هلاکر قدوس جتايا هو *

اسلام جسطرح که اخلاقي اور روحاني نيکياں تعليم کرتا هى نهيں نهيں جسطرح که اخلاقي اور روحاني نيکيوں کو دلميں بيٹها ديتا هى اُسيطرح تمدن اور حسن معاشرت کي جو نيکياں هيں اُن کو بهي اپنے پيرووُں کے برتاؤ ميں ايسا ملا جلا ديتا هى که کسي طرح اُس سے الگ نهيں هوسکتيں اور بطور فطرتي عادتوں کے دکهائي ديتي هيں اور طبيعت ثاني هونے سے بهي بڑهکر اصلي طبيعت هوجاتي هيں *

اخلاقي اور روحاني نتيجه اُسکا خدا هي کو ماننا اور اُسي پر بهروسا رکهنا اور هر حال ميں اُسکي مرضي پر شاکر رهنا اور تمام

مصيبتوں پر نيک دلي سے صبر کرنا هوتا هی اور تمدني نتيجه أسکا اپنے همجنسوں سے محبت کرنا اور هرايک کے ساتهه نيکي اور سچائي اور پوري پوري صداقت سے پيش آنا هوتا هی رحم دلي اور صدق مقال يعني هر بات ميں سچ بولنا اسلام کا تائيل يعني لقب هی دغا و فريب سے بچنا أسکي ڈگري يعني أسکا منصب هی اب ديکهو که هندوستان کے مسلمانوں ميں کتنے هيں جنکا ايسا برتاؤ هی *

افسوس که همنے اپني بدچلني سے اسلام کو کيسا داغ لگايا هی شهادت زور گويا مفلس مسلمانوں کا پيشه هوگيا هی هندوستان کي عدالتوں ميں جسوقت هندو گواه آتے هيں تو منصف جج کو گو وه مسلمان هي کيوں نهو إسبات پر غور کرني پڑتي هی که آيا أسکي شهادت سچ هی يا نهيں مگر جس وقت مسلمان گواه آيا اور أسنے اپنا نام بتايا اور جج کو ظن غالب أسکے جهوٹے هونے کا هوگيا جبتک که کسي اور قرينه سے أسکے سچے هونے کا گمان نهو ' مسلمان سودا بيچنے والے به نسبت اور قوموں کے بهت زياده جهوٹ بولتے هيں اور فريب کرتے هيں کسي چيز کي اصلي قيمت هرگز نه کهينگے اور هميشه إسبات پر قصد رهے گا که مشتري سے جهاں تک ممکن هو زياده قيمت ليجاوے *

جب که هم کسي قوم کے سوداگروں اور خورده فروشوں ميں يهه بات ديکهتے هيں که تمام اشياء کي ايک قيمت خاص معين هی وهي کهتے هيں اور وهي ليتے هيں تو همکو مسلمانوں کي خراب عادت يعني جهوٹ قيمت کهنے اور پهر چکاتے چکاتے نصف سے بهي بعض اوقات کم پر بيچنے سے کيوں نه رنج هو اور هم کيونکر نه إسبات کا خيال کريں که اسلام نے کچهه بهي أن کے دلوں پر اثر نهيں کيا هی *

اگر تمام دنيا کے مسلمان ايسے هي هوتے تو بڑي مشکل پيش اتي اسليئے که خود اسلام کي نسبت بهت کچهه شبهه پڑتا مگر نهايت خوشي کي بات هی که اور ملک کے مسلمانوں کا حال ديکهکر يقين آتا هی که اسلام بلاشبهه روحاني اور اخلاقي اور تمدني نيکياں بخشنے والا هی *

مسٹر جان رينلڈ موربل صاحب نے ترکي کے حالات ميں ايک تاريخ لکهي هی أسميں أنهوں نے جو کچهه حال ترکوں کا لکها هی أس کا انتخاب إس مقام پر لکهتے هيں تاکه هندوستان کے مسلمان أسکو ديکهکر عبرت اور غيرت پکڑيں *

وه لکهتے هيں که " جس کسي نے ترکوں کے چال چلن کا حال لکها هی أسنے ماں اور لڑکوں کي محبت کا ضرور ذکر کيا هی ماں کي شفقت اور لڑکوں کا ادب يهه دونوں باتيں طرفين کي طرف سے نهايت مستحکم اور لازوال هوتي هيں اسي کے ذريعه سے عورتوں کو وه خوشي حاصل هوتي هی جو فرنگستان ميں نهيں هی ' عورت کو خانه داري ميں بالکل اختيار هوتا هی هم لوگوں ميں (يعني اهل فرنگ ميں) اگر عورت تمام عمر أس کے حاصل کرنے کي کوشش و محنت کرے تو بهي وه اختيار أسکو حاصل نهيں هوسکتا " *

وه کهتے هيں که " کثرت ازدواج ترکوں ميں اسقدر زياده اور ايسي عام بلا نهيں هی جيسا که لوگ عموماً تصور کرتے هيں " *

أن کا قول هی که " اسلام عورتوں کي طرف نهايت رحم دل هی قران ميں صاف لکها هی که جو کوئي نيک کام کرتا هی اور خدا پر يقين رکهتا هی مرد هو يا عورت بهشت ميں جاويگا " *

وه لکهتے هيں که " مس پارڈو جو سنه ۱۸۳۸ع ميں ترکي ميں تهيں اور وه ترکوں کے زنانه ميں جايا کرتي تهيں ترکوں کے گهر کي چال چلن سے نهايت خوش تهيں اور ترکوں کي عورتوں کي نيکي اور پارسائي کي تصديق کرتي هيں *

مسٹر سي هوايٹ صاحب بيان کرتے هيں که قسطنطنيه ميں اميروں کي عورتيں اپنے وقت کو أسي طرح پر صرف کرتي هيں جيسيکه اور دارالرياست کي عورتيں فرق يهه هی که أن کے خاندان ميں اتفاق زياده هوتا هی لڑکے اپني والدين کا ادب زياده کرتے هيں اور بي بي شوهر کي زياده مطيع هوتي هی عورتوں کا دل اور اصول چلن کا نهايت کم خراب هوتا هی ايک سے زياده عورتوں سے شادي کرنے کا برا دستور جاري نهيں هی اور نه يهه کچهه قاعده کي بات هی بلکه ايسي حالت مستثني هی رزيل اور اوسط درجه کے لوگوں ميں بهي شاذ و نادر ايسے لوگ ملينگے جنهوں نے دو عورتوں سے شادي کي هو نهايت درجه کے امير لوگوں ميں بهي يهه دستور مستثني هی *

مسٹر جان کارني صاحب کيمبرج والے يهه فرماتے هيں که " ترکوں کي عجيب ايمانداري کا کچهه ذکر کرنا عين انصاف هی جب که ميں گليٹيا ميں وارد هوا تو ميرا اسباب ايک مزدور نے أٹها ليا اور هم آگے بڑهے جب هم ايسي جگهه پهونچے جهاں لوگوں کي بهت کثرت تهي تو وه مزدور ميري نظر سے غايب هو گيا اور هم لوگ ايک قهوه خانه ميں گئے ميں نے يهه خيال کيا که وه مزدور ميرا اسباب ليکر بهاگ گيا مگر سيوٹس کا رهنے والا کپتان جهاز کا جو پهلے بهي اس بندر ميں آيا تها کهنے لگا که ايسے کام کرنا يهاں کوئي جانتا بهي نهيں تهوڑے عرصه ميں هم کيا ديکهتے هيں که وه غريب مزدور أسي راه سے پهرا چلا آتا هی اور گهبرايا هوا هر چهار طرف ديکهتا آتا هی بازاروں ميں اکثر دوکاندار اپني دوکان اور اسباب کو کهلا هوا چهوڑ کر چلے جاتے هيں اور کچهه انديشه نهيں هوتا دين لين ميں کوئي شاذ و نادر

فرصت دینے کي کوشش کرتا هی ترکي یعني روم کي سلطنت کے مختلف حصوں میں میں نے سفر کیا اور اثناے سفر میں غریبوں کے جھونپڑوں اور امیروں کے مکانوں میں رها مگر کبھي ایک خرمہرہ کا بھي میرا نقصان نہیں هوا *

یونانیوں نے جب کہ تریپولتزا مقام کي ترکي عورتوں پر ظلم کیا امیروں کي عورتوں کو رزیل قوم کي عورتوں میں ملا دیا اُن کے مرد رشتہ دار ذبح کر ڈالے تا هم جس صبر و قناعت کے ساتھہ اُن عورتوں نے اُس تکلیف کو گوارا کیا نہایت قابل تعریف کے هی خدا کي شکایت یا بے فائدہ افسوس کبھي اُن کي زبان سے نہیں نکلا وہ یہي کہتي تھیں کہ خدا کي یہي مرضي هی اور سب تکلیفوں کو نہایت صبر و شکر سے گوارا کرتي تھیں ترک مرد بھي رنج و تکلیف کو نہایت صبر سے برداشت کرتے هیں مگر ترک عورتیں تو گویا رنج و محنت کي برداشت کي روحیں هیں ” *

اس مقام پر هم کو کچھہ هندوستان کے شریف خاندانوں کي عورتوں کا بھي حال لکھنا مناسب هی بلا شبہہ هماري خوش قسمتي هی کہ مسلمان شریف خاندانوں کي عورتیں جیسي نیک اور ایماندار اور خدا پر شاکر اور رنج و مصیبت میں صابر هیں شاید تمام دنیا کي عورتوں سے سبقت رکھتي هیں خدا کي عبادت اور دل کي نیکي اور بے انتہا رحم دلي والدین کا ادب شوهر کي محبت اور اطاعت تمام رشتہ مندوں کي الفت اور رنج و راحت میں اُن کے ساتھہ شرکت اولاد کي پرورش خانہ داري کا انتظام جس دلي نیکي اور خالص ایمانداري سے وہ کرتي هیں بیان سے باهر هی نہایت خوشي میں بھي وہ خدا هي کو پکارتي هیں کہ اَو خدا تیرا شکر هی کہ تونے همکو یہہ خوشي دي اور نہایت مصیبت میں بھي وہ خدا هي کو پکارتي هیں اُن کي زبان پر یہہ ایک مثل هی کہ مصیبت کے وقت بھي خدا هي کو نہ پکاریں تو کیا کریں دیکھو بچے کو ماں هي مارتي هی پر بچہ ماں هي ماں پکارتا هی جو جو مصیبتیں هماري یاد میں هندوستان کي مسلمان عورتوں پر اتفاقات زمانہ سے پڑیں اور جس صبر و شکر و قناعت اور استقلال اور خدا پر بھروسہ رکھنے میں اُنھوں نے اُس کو سہا حقیقت میں دنیا کي عجائبات میں سے هی هماري راے میں اسلام کي عزت جس قدر کہ هندوستان میں رکھي هی صرف مسلمان عورتوں نے رکھي هی اور جب اُس کے ساتھہ کافر مسلمان مردوں کا چال چلن جو اُن کے ساتھہ هی خیال کیا جاوے تو عورتوں کي نیکي ایسے درجہ پر پہونچ جاتي هی جو حد بیان سے خارج هی *

هماري راے یہہ هی کہ تمام مسلمانوں پر واجب هی کہ صرف زبان سے مسلمان کہنے اور ٹخنوں سے اُونچا پاجامہ اور بیچ کے گریبان کا کرتا اور گول عمامہ پہننے اور صرف نماز پڑھکر دل خوش کرلینے اور صرف دن بھر کا فاقہ کرکر شام کو لذیذ چیزوں اور نفیس شربتوں سے افطار کرنے هي کو اسلام نہ سمجھیں بلکہ اُس کے ساتھہ اُن تمام نیکیوں پر بھي خیال کریں جو اسلام کے نتیجے هیں اور جب تک کہ انسان کے افعال اور خواهش اور معاملات اور اخلاق اور تمدن اور معاشرت میں اُن کا ظهور نہیں هوتا اُس وقت تک هرگز یہہ بات ثابت نہیں هوتي کہ اسلام نے اُن میں کچھہ اثر کیا هی *

گر مسلماني همین است کہ واعظ دارد

واے گر در پس امروز بود فرداے

راقـــــــم

سید احمد

نمبر ۳۷

خديو مصر کي محلسرا

جبکہ هم یہہ خواهش کرتے هیں کہ هم اپنے بھائیوں کو غیر قوم کے اُن خیالات سے مطلع کریں جو وہ هماري زندگي بسر کرنے کي نسبت رکھتے هیں تو همکو نہایت مشکل پیش آتي هی اِس لیئے کہ تربیت یافتہ قومیں جس طرح اپني زندگي بسر کرتي هیں اُن سے همارے بھائي بند واقف نہیں هیں اور یہہ بھي بڑے شکر کا مقام هی کہ غیر قوم کے لوگ بھي بخوبي اسبات سے واقف نہیں هیں کہ هم لوگ کس طرح اپني زندگي بسر کرتے هیں اگر واقف هوتے تو هم نہیں خیال کرسکتے کہ وہ اور بھي کسقدر زیادہ حقارت اور ذلت کي نظر سے همکو دیکھتے *

هم لوگ روپیہ خرچ کرنے میں مهذب قوموں سے بہت زیادہ فضول خرچ هیں هم کچھہ روپیہ خرچ کرنے میں دریغ نہیں کرتے همارے اخراجات زندگي بسر کرنے کے اُن مهذب قوموں کے اخراجات سے کچھہ کم نہیں هیں اگر هم هندوستان کے کسي نواب یا راجہ یا مسلمان امیر یا متمول هندو کے اخراجات کا تخمینہ کریں تو بلاشبہہ مهذب قوم کے اُسي درجہ کے امیروں سے زیادہ نکلے گا مگر افسوس اسپر آتا هی کہ باوجود اِن سب باتوں کے مهذب قوم کے لوگ فرشتوں کي مانند صفائي اور لطافت اور خوبي سے اپني زندگي بسر کرتے هیں اور هم مانند ایک میلے کچیلے جانور کي بہت لوگوں کي یہہ راے هی کہ یورپ کي قوموں کي طبیعت میں ایک قدرتي صفائي اور لطافت هی اور ایشیا کي قوموں کي طبیعتوں میں قدرتي کثافت اور غلاظت هی یہہ بھي ایک راے هی کہ ایشیا کي قوموں کي رسومات مذهبي ایسي هیں جو انسان کي طبیعتوں کو کثافت کا عادي کردیتي هیں *

مگر يهه رائيں كسي طرح تسليم نهيں هوسكتيں إس ميں كچهه شك نهيں هي كه انسان كے مهذب هونے كے ليئے آب و هوا اور موقع ملك كو بهت بڑا دخل هي مگر ايشيا كا ملك يا هندوستان ايسا نهيں هي جو وهاں كے باشندوں علي الخصوص مسلمانوں كو تهذيب ميں ترقي كرنے كا مانع هو مذهب اسلام جبكه وه تعصبات اور توهمات سے جس نے هندوستان ميں اُس كو به نسبت اور ملكوں كے بهي زيادة گهير ليا هي پاك و صاف هو تو وه انسان كے مهذب هونے كا خود ذريعه هي چه جائيكه وه هارج يا مزاحم هو اصل بات يهه هي كه تربيت اور عادت كو بهت بڑا دخل هي هماري تربيت ايسے ناقص طريقه پر هوتي هي جس كے سبب سے هماري طبيعتوں ميں صفائي اور نفاست نهيں رهتي *

ابراهيم پاشا خديو مصر كا بڑا بيٹا جبكهه چهوٹا تها تو اُس كے باپ اسمعيل پاشا خديو مصر نے يهه تدبير سوچي كه اُس كي پرورش يوروپين عورتوں كے ذريعه سے هو تاكه اُس كو بچپن هي سے صفائي اور مهذب قوموں كي مانند زندگي بسر كرنے كي عادت پڑے حقيقت ميں يهه تدبير نهايت عمدة اور نهايت دانشمندي كي تهي چنانچهه اُسنے لندن سے ايك عورت كو جس كا نام إملين لاٹ تها إس كام كے ليئے نوكر ركهكر بلايا اور وه چند روز ابراهيم پاشا پر نوكر رهي جبكه وه اپنے ملك ميں واپس گئي تو اُس نے ايك كتاب لكهي هي جس كا نام " حرم ليف " ركها هي يعني محلسراے كي رهنے والي بيگمات كي زندگي بسر كرنے كا حال هم اُس كتاب سے بالفعل مفصلة ذيل مضمون منتخب كركر لكهتے هيں اور آينده اور بهي لكهيں گے اور اُميد كرتے هيں كه إن حالات سے همارے بهائيوں كو غير قوم كے خيالات كا كچهه حال جو وه هماري زندگي بسر كرنے كي نسبت ركهتے هيں معلوم هوگا *

وه لكهتي هي كه " جب ميں محلسراے ميں داخل هوئي تو مجهكو ايك كمرة رهنے كو ملا مگر اُس كمرة كا سامان ايسا خراب تها جسے ديكهكر مجهے كمال نفرت هوئي وه كمرة خود بهي نهايت چهوٹا اور خراب تها اور كچهه بهي سامان اُس ميں نه تها همارے ملك (يعني لندن) كي اشراف بي بيوں كے هاں جو عورتيں مزدوري كرنے كو آتي هيں وه بهي ايسے كمرة ميں دورات بهي بسر نكرينگي اُس كمرة ميں نه بيٹهنے كے ليئے كوئي كرسي تهي اور نه لكهنے كے ليئے كوئي ميز تهي اور نه كپڑا پهننے كے ليئے كوئي عليحدة جگهه تهي " *

مذكورة بالا تحرير سے يهه بات معلوم هوگي كه مهذب قوم كے لوگ كم درجه كے بهي اپنے رهنے كے كمرة ميں كن چيزوں كو اشد ضروري سمجهتے هيں اور لكهنے اور پڑهنے كے سامان نهونے سے كيسا تعجب كرتے هيں *

وه لكهتي هي كه " اُس كمرة كے پلنگ كا بچهونا ايسا خراب اور سخت مثل تخت كے تها كه همارے وطن (يعني انگلنڈ) ميں اگر نهايت غريب گنوار كي چهوٹي سي جهونپڑي ميں بهي ايسا بستر هوتا تو اُس جهونپڑة كي بےعزتي هوتي مجهكو اپنے وطن كے گهر كا خيال آتا اور خديو مصر كے محل ميں آنے كا نهايت هي افسوس هوتا هردم يهي كهتي تهي كه اگر نه آتي تو بهتر هوتا *

اُس كمرة ميں نه تو كوئي سنگار ميز تهي اور نه اُن لوازمات ضروري ميں سے كوئي چيز تهي جو عورتوں كي خوابگاه ميں هوني چاهيئے پهول سجانے كے ليئے كوئي گلدان تك نه تها " *

مذكورة بالا فقرة سے تفاوت خيالات بخوبي واضح هوتا هي كه مهذب قوم كے ادني لوگ بهي جن چيزوں كو ضروري سمجهتے هيں همكو اُنكا كبهي خيال بهي نهيں آتا *

وه لكهتي هي كه " البته اُس كمرة ميں قالين بچها هوا تها اور كهڑكي كے پاس مشجر سے منڈهي هوئي ايك كوچ ركهي هوئي تهي سب سے بڑي عجيب چيز جو اُسميں تهي وه كپڑے ركهنے كي دراز دار الماري فرانس كي بني هوئي تهي اور گويا يهه خاص خاطر داري كے ليئے تهي كيونكه روم اور مصر كي عورتيں پهننے كے كپڑے بخاريوں ميں ركهتي هيں جو ديواروں ميں مثل طاق كے بنتي هيں " *

وه لكهتي هي كه " بيگمات كے بيٹهنے كے دو كمرے تهے اُنميں نهايت عمدة قالين بچهے هوئے تهے مگر جابجا سفيد چربي كے داغ پڑے هوئے تهے سبب يهه تها كه بے تميزي سے اونگليوں هاتوں ميں شمعيں جلاكر ليئے هوئے ادهر اودهر پڑي پهرتي هيں اور چربي كي بوندیں قالين پر ٹپكتي جاتي هيں اور وهي بچها رهتا هي ديواروں كے پاس مشجر كپڑے سے منڈهي هوئيں كوچيں بچهي تهيں اور بيچ ديوار ميں بهت بڑا آئينه زمين سے چهت تك كا لگا هوا تها چهت نقش ونگار سے آراسته تهي بيچ ميں سنگ مرمر كي ايك ميز جسكے پايوں پر گلٹ كا كام تها ركهي هوئي تهي اور اُسكے چاروں پايوں پر آٹهه آٹهه بتي كے چار جهاڑ چاندي كے جنميں سرخ رنگ كي فانوسيں چڑهي هوئي تهيں ركهے هوئے تهے تمام مكان ميں تصوير ركهي نه تهي كچهه سامان بے ترتيب ركها هوا تها اور بهت سي چيزيں وهاں نه تهيں جنكي درحقيقت مكان كي آراستگي كے ليئے ضرورت تهي كافي ركهنے كي چهوٹي بقدر ركابي كے گول ميزوں پر سيپ كي بچي كاري بهت خوبصورت تهي مگر جو كه ميري نظر ميں اپنے وطن كے اميروں كے ڈرائينگ روم كي سجاوٹ اور عمدگي سامان كي سمائي هوئي تهي اس ليئے يهه سب چيزيں نهايت

هوئي معلوم هوتي تهيں غرضکه محل سراے کا يهه حال تها که کهيں کوئي چيز هى اور کهيں نهيں هى اور ايسا مکان معلوم هوتا تها که جيسا چاهيئے ويسا آراسته نهيں هوا " *

مجهے افسوس هى که امليںلات نے هندوستان ميں آکر کسي هندوستان کے نواب يا راجه کي نوکري نهيں کي اگر هندوستان کي محل سراؤں کا حال ديکهتيں تو اور بهي زياده خوش هوتيں *

يهه بهي معلوم هونا چاهيئے که اُس زمانه سے جسکا حال امليں لات نے لکها هى مصر اب بهت زياده ترقي پر هى اور يورپ سے زياده اختلاط هونے کے سبب تهذيب و شايستگي ميں اُسنے بهت ترقي کي هى *

راقم
سيد احمد

نمبر ۳۸

طریقہ زندگي

قوموں کي عزت يا ذلت اُنکي رسم و رواج اور اُن کے طريقه زندگي اور کبهي کبهي اُنکے مذهب سے بهي علاقه رکهتي هى تمام قوموں ميں بهت سي رسميں وحشيانه اور ناتربيت يافته زمانه کي اب تک چلي آتي هيں مگر تربيت يافته قوموں نے اُن رسموں کو تراش خراش کر ايسا کرليا هى که اُنميں وحشيانه پن مطلق نهيں رها بلکه نهايت فرحت بخش اور دلکش هوگئي هيں اور ناتربيت يافته قوميں اب تک بدستور وحشيانه طور سے اُنکو برتتي آتي هيں اور اسي ليئے بهلي قوميں پچهلي کو ذلت اور حقارت [illegible] نظر سے ديکهتي هيں *

اکثر قوموں نے قديم زمانه ميں طريقه زندگي بمقتضاے اب و هوا هر ايک ملک کے اختيار کيا تها جو اکثر نهايت ساده و حقارت آميز تها مگر تربيت يافته قوموں نے اُس ميں اصلاح کرتے کرتے اعلى درجه کي ترقي اور شايستگي پر پهونچا ديا اور ناتربيت يافته قوميں اُسي جهالت ميں پڑي رهيں اور اسليئے بهلي قوموں کي آنکهه ميں ذليل و خوار هيں *

يهه امر بهي بهت واقع هوا هى که بسبب نهونے فن و هنر کے هر ايک قوم نے جو طريقه زندگي بسر کرنے کا اختيار کيا تها وه اُس زمانه ميں حقير نه تها مگر حال کے زمانه ميں ذليل هوگيا هى چنانچه جسقدر فن و هنر وصنعتکاري نکلتي آئي اُسيقدر تربيت يافته قوموں نے ساز و سامان سے اپنے طريقه زندگي کو آراسته کرليا اور جنهوں نے ايسا نکيا وه ويسے هي حقير و ذليل نا تربيت يافته رهيں *

طريقه زندگي سے قوموں کي ذلت اور عزت کا هونا ايک ايسا امر هى جس سے کوئي انکار نهيں کرسکتا مگر هم چند مثالوں سے اُسکو اور زياده واضح کرتے هيں هندوستان ميں کنجروں کي قوم کو ديکهو جو ايک لنگوٹي باندهے رهتي هى اور نهايت ميلا بدن اور نجس هاتهه پاؤں رکهتي هى اور نهايت ميلے بدبودار برتن استعمال ميں لاتي هى غذا بهي اُنکي نهايت کثيف هى اور طرز کهانے کا بهي ايسا برا هى جسے ديکهه کر گهن آتي هى پس وه قوم صرف اپنے طريقه زندگي کے ذليل هونے کے سبب همارى آنکهه ميں کيسي ذليل و خوار معلوم هوتي هى *

اب اُن قوموں کو ديکهو جو اُن سے درجه بدرجه طريقه زندگي کي اصلاح ميں ترقي کرتي گئي هيں مثلاً چمار جنکا لباس اور طريق زندگي کنجروں سے بدرجها اچها هى وه همارى آنکهه ميں ويسے ذليل نهيں هيں چماروں کي به نسبت عام غريب کنواروں کا لباس اور طريقه زندگي بدرجها نهايت عمده اور اچها هى وه همارى آنکهه ميں چنداں ذليل نهيں هم کبهي اُنکے گهر بهي جاتے هيں اُنکے هاں کا پاني بهي پيتے هيں اُنکے گهر کي پکي هوئي روٹي بهي کهاتے هيں اور کچهه نفرت نهيں کرتے *

علاوه اِنکے تين قوميں اور هندوستان ميں هيں جو اپنے تئيں مودب و مهذب تربيت يافته و شايسته سمجهتي هيں *

هندو مسلمان انگريز ان تينوں قوموں کا جو طريق لباس اور طرز زندگي اور کهانے پينے کي رسم اور اُٹهنے بيٹهنے کي عادت هى اُس سے تمام لوگ هندوستان کے بخوبي واقف هيں مگر اس ميں کچهه شک نهيں که ان تينوں قوموں ميں سے جس قوم کا طريقه اعلى هى وه قوم باقي دو قوموں کو ايسا هي ذليل اور ناتربيت يافته اور قابل نفرت کے سمجهتي هى جيسيکه هم اپنے سے ادنى قوموں کو سمجهتے هيں *

مسلمان اپني دانست ميں اپنے لباس اور اپني مجلس ميں نهايت آراستگي اور شان و شوکت کرتے هيں اور اپنے دسترخوانوں کو انواع انواع طرح کے لذيذ کهانوں سے اور خوبصورت سونے اور چاندي اور چيني اور بلوريں برتنوں سے آراسته کرتے هيں مگر جو قوم که اُن سے بهي زياده لباس ميں اور کهانے پينے کے طريق ميں زياده صفائي رکهتي هى وه اُنکو اُسي حقارت اور ذلت سے ديکهتي هى *

جو لوگ که چمچے اور کانٹوں سے کهاتے هيں اور هر دفعه رکابياں اور چهري کانٹے چمچے بدلتے جاتے هيں جب وه هم مسلمانوں کو هاتهه سے کهاتے هوئے ديکهتے هيں تو اُنکو نهايت نفرت اور کراهيت آتي هى *

ترکوں نے اگرچه اپنا طريقه بدل ديا هى مگر مصر ميں عورتيں اب تک نيچي ميز پر کهانا رکهکر اور هاتهه سے کهاتي هيں تورتے

دن هوئے که پرنس آف ويلز يعني وليعهد سلطنت انگلستان معه پرنسس آف ويلز يعني وليعهد بيگم کے مصر ميں سير کو تشريف لےگئے تهے اسمعيل پاشا خديو مصر کي ماں نے پرنسس آف ويلز يعني وليعهد بيگم کي محل سرائے زنانه ميں دعوت کي اور اپنے ساتهه کهانا کهلايا پرنسس آف ويلز کے ساتهه آنريبل مسس وليم گری صاحبه بهي بطور مصاحب کے تهيں اور دعوت ميں بهي شريک تهيں اُنهوں نے وهاں سے واپس آکر سفر کا حال لکها هی چنانچه جو کچهه اُنهوں نے طريق کهانا کهانے کي نسبت لکها هی اُسکا انتخاب هم اس مقام پر لکهتے هيں تا که يهه بات معلوم هو که دوسري قوم جو همسے زياده صفائي سے کهاتي هی همارے کهانا کهانے کے طريق کو کيسا خيال کرتي هی *

مسس صاحبه ممدوحه اس طرح پر لکهتي هيں که "کهانے کے کمرے کے اندر چاندي کي ايک گول ميز بچهي هوئي تهي فرش سے ايک فٹ اُونچي اور ايک بڑا خوان معلوم هوتي تهي اُسکے گرد گبهے بچهے هوئے تهے هم سب آلتي پالتي مار کر ميز کے گرد گبهوں پر هو بيٹهے خديو مصر کي ماں کي داهيں طرف پرنسس آف ويلز بيٹهيں اور پهر سب بيگمات درجه بدرجه بيٹهيں *

سب سے پہلے ايک قاب ميں مرغ کا شوربا اور چانول يعني خشکه آيا اور سپي کے چمچے ملے مگر نه چهري تهي نه کانٹا تها اُسکے بعد بڑا مٹن آيا اور دفعه دفعه بيس قسم کے کهانے آئے جو هاتوں سے اور اُنگليوں سے توڑ توڑ کر کهائے جاتے تهے *

جسقدر مجهکو اس سے نفرت هوئي اور پهريري آ آ کرتے هونے کي نوبت هوئي ايسي کبهي نهيں هوئي کهانے ميں اُنگليوں کا ڈبريا جانا ديکهه کر اور اُنگليوں سے توڑ کر کهانے سے ايسي نفرت اور گهن آتي تهي که ميںنے ايک آده دفعه تو کهانے سے انکار کرديا مگر جو بيگم که ميرے پاس بيٹهي هوئي تهيں اُنهوں نے جانا که ميں شرماتي هوں تو هر دفعه کهانا اپنے هاتهه سے ليکر ميري رکابي ميں رکهديتي تهيں اور ايک دفعه شوروے ميں سے پياز نکال کر ميرے آگے رکهدي اور ميرا جي متلاتا جاتا تها کهانے پر شراب مطلق نه تهي * انتهي ملخصاً"

مسس گری صاحبه کا جو يهه حال هوا بلاشبهه زياده اُسکا سبب يهه تها که اِس طرح پر کهانے کي اُنکو عادت نه تهي مگر اِنصاف سے همکو اِس بات کا بهي اقرار کرنا چاهيئے که چهري اور چمچه سے کهانا اور هر قسم کے کهانے کے ليئے جدا برتنوں کا هونا به نسبت هاتهه سے کهانا کهانے کے زياده عمدگي و صفائي اور نفاست رکهتا هی *

يهه بات کهي جاتي هی که هاتهه سے کهانا مسنون هی اور اُسکو حقير سمجهنا کفر تک نوبت پهونچا ديتا هی هم اس رائے کي صحت و سقم کي بحث سے قطع نظر کرکر اُسکو تسليم کرتے هيں اور جو يهه کهتے هيں که اُن بزرگوں کي ادهي پيروي کرنا باعث ذلت هی اگر مسلمان يهه بهي گوارا کريں که مرغن کهانے جس سے هاتهه اور مونهه بهر جاتا هی اور يهي امر باعث نفرت اور گهن آنے کا هوتا هی چهوڑديں اور جو کے بن چهنے آٹے کي سوکهي روٹي ککري يا کهجور سے کها ليا کريں تو اُن بزرگوں کي پوري پوري پيروي هوگي اور اُسوقت ميں کوئي بهي هاتهه سے کهانے پر نفرت نکريگا مگر يهه نهيں هوسکتا که کهانے تو هوديں فرعوني اور طريق کهانے کا هو مسنوني *

همکو خدا کا شکر کرنا چاهيئے که اُسنے همکو اپني نعمتيں عطا کي هيں هم اُنکو استعمال کريں اور عملي طور پر اُسکا شکر بجالاويں اور جبکه هم يهه خيال کريں که ان شان کي چيزوں کا هم بنظر تکبر و غرور استعمال نهيں کرتے بلکه بطور ادائے شکر ولي النعم استعمال کرتے هيں اور مسلمانوں کي قوم کو غير قوموں کي نگاه ميں جو ذلت هی اُس سے نکالتے هيں جسميں اسلام کي بهي عزت هی تو اُسوقت تو هم چمچه اور چهري کانٹے سے کهانا مندوبات اور مستحبات سے کم نهيں سمجهتے کماقال عليه الصلواة و السلام انما الاعمال بالنيات *

راقم
سيد احمد

نمبر ۴۹

ترقي تهذيب الاخلاق

اکثر اشخاص جنکو همارے اس اخبار سے کچهه تعلق اور اُسکي ترقي کے خواهاں هيں اس بات کے مستفسر هوتے هيں که اُسميں اب تک کيا ترقي هوئي هی بعض همارے احباب نے اس استفسار ميں بيرونجات سے خط بهي همارے پاس بهيجے هيں پس اُن تمام لوگوں اور اپنے ناظرين اخبار کي اطلاع کے واسطے ميں کچهه مختصر سا تذکره اسوقت مناسب سمجهتا هوں *

اشتهار جو اس اخبار کے شروع ميں چهاپا جاتا هی اُس سے معلوم هوگا که جو لوگ اس اخبار کو ليتے هيں وه دو قسم پر منقسم هيں *

اول ممبر هيں جو ساٹهه روپيه سال عنايت فرماتے هيں *

دوم خريدار اخبار هيں جنسے تين روپيه سال قيمت اور ايک روپيه اٹهه آنه سال محصول جمله چار روپيه اٹهه آنه سال ليا جاتا هی *

پس اب تک جسقدر ممبر اور خريدار اس اخبار کے هوگئے هيں اُنکي فهرست معه اُس روپيه کے جو اُن سے وصول هوا هی ذيل ميں درج کي جاتي هی *

ممبران تہذیب الاخلاق

نام — رقم وصولي

مولوي سيد احمد خانصاحب بهادر سي ايس آئي — سـه

حافظ احمد حسن صاحب سفير نواب صاحب بهادر
سابق والي ٹونک مقيم لندن ... سـه

قاضي شهاب الدين صاحب وزير مهاراجه صاحب
کچهه مقيم لندن ... سـه

مولوي سيدشاه امداد علي صاحب بهادر جج اسمال
کاز کورٹ و سب آرڈنیٹ جج مظفر پور ضلع ترهٹ
صوبه بهار ... سـه

سيد محمد احمد خاں صاحب بهادر اکسٹرا
اسسٹنٹ کمشنر هردوئي علاقه اوده ... سـه

مرزا محمد رحمت الله بيگ صاحب رئيس و وکيل
عدالت ديواني بنارس ... سـه

خواجه محمد يوسف صاحب رئيس و وکيل
عدالت ديواني عليگڈه ... سـه

مير تراب علي صاحب ڈپٹي کلکٹر بهادر بدايوں — سـه

مولوي محمد کريم صاحب ڈپٹي کلکٹر بهادر
بندوبست ضلع بدايوں ... سـه

شيخ محمد شرف الدين صاحب رئيس شيخو پور
ضلع بدايوں ... سـه

مرزا عابد علي صاحب منصف هاتهرس ضلع عليگڈه — سـه

مولوي سيد مهدي علي صاحب تحصيلدار مرزاپور — سـه

مير ظهور حسين صاحب وکيل هائي کورٹ ممالک
مغربي و شمالي ... سـه

منشي الهي بخش صاحب سب اسسٹنٹ بهادر
نهر گنگ ڈويژن بلند شهر ... سـه

مولوي محمد سميع الله خاں صاحب وکيل
هائي کورٹ ممالک شمالي و مغربي ... سـه

مولوي محمد عنايت الله خاں صاحب رئيس
بهيکم پور ضلع عليگڈه ... سـه

مولوي زين العابدين صاحب منصف درجه اول
گورکهپور ... سـه

خريداران اخبار

قاضي محمد لطافت حسين صاحب وکيل عدالت
ديواني عليگڈه ... سے؍

مولوي محمد برکت الله صاحب مرحوم رئيس
امروهه ضلع مرادآباد و بعده بجاے مولوي صاحب
مرحوم مولوي محمد مظهر الله صاحب خلف
اکبر مولوي صاحب مرحوم ... للعہ۸

بابو اننت رام صاحب امين عدالت ديواني الهآباد — للعہ۸

بابو مادهو داس مدهو سودن داس صاحب رئيس
بنارس ... سے؍

محمد حيات خاں صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر
بهادر کوهاٹ ... للعہ۸

مولوي محمد عبدالوهاب صاحب ناظر عدالت
جج ماتحت عليگڈه ... سے؍

مولوي محمد هدايت الله صاحب سررشته دار
فوجداري عليگڈه ... سے؍

مولوي محمد عبدالغفور صاحب رئيس محمدآباد
ضلع اعظم گڈه ... للعہ۸

بابو ايشور پرشاد نراين سنگهه صاحب بهادر رئيس بنارس — للعہ۸

منشي محمد مجتبى کريم صاحب محرر اول
محکمه سپرنٹنڈنٹي صفائي شهر و تعمير عمارات
سرکاري بنارس ... للعہ۸

منشي غلام حيدر خاں صاحب تحصيلدار عليگڈه
و غلام مرتضى خاں صاحب وکيل منصفي
فتح آباد ضلع آگره ... صہ۸

محمد حرمت خاں صاحب مختار عدالت مال
عليگڈه ... سے؍

محمد ظفرياب خاں صاحب مختار عدالت مال
و وکيل ديواني عليگڈه ... سے؍

محمد مسعود شاه خانصاحب منصرم عدالت
منصفي هاتهرس ضلع عليگڈه ... للعہ۸

مسٹر آرچرڈ کانسٹبل صاحب عهده دار اوده و
روهيلکهنڈ ريلوے مقام بريلي ... للعہ۸

چودهري محمد منصور خانصاحب رئيس بلرام
ضلع ايٹه ... للعہ۸

محمد اوصاف علي خانصاحب رئيس عليگڈه ... سے؍

مرزا جلال الدين صاحب وکيل عدالت ديواني بنارس — للعہ۸

حافظ فضل الرحمان صاحب وکيل عدالت ديواني
بنارس ... للعہ۸

منشي محمد ممتاز علي صاحب سررشته دار کلکٹري
همير پور ... للعہ؍

مولوي شاه احمد الله صاحب منصف بانس گانوں
ضلع گورکهپور ... للعہ۸

قاضي محمد مدد حسين صاحب وکيل سرکار عدالت
عليگڈه ... سے؍

لاله لکهمیں شنکر صاحب وکیل عدالت دیواني علیگڈہ ... سے۲
خواجه احمد حسن صاحب انسپیکٹر پولیس ضلع شاهجهاں پور ... صہ۲
کنور محمد لطف علي خاں صاحب رئیس چهتاري ضلع بلند شهر ... سے۲
حکیم محمد امجد علي خانصاحب رئیس امروهه ضلع مرادآباد ... للعہ۸
سید فدا حسین صاحب انسپیکٹر پولیس تهانه مرزا مراد ضلع بنارس ... للعہ۸
سید غلام حیدر خانصاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بهادر لکهم پور کهیري ملک اودہ ... للعہ۸
مولوي محمد خلیل صاحب تحصیلدار نظام آباد ضلع اعظم گڈہ ... للعہ۸
مولوي محمد کریم بخش صاحب بهادر اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کونچ ضلع جالون ... للعہ۸
محمد مظهر حسن صاحب محرر فوجداري علیگڈہ ... سے۲
منشي محمد ضمیرالدین احمد صاحب ڈپٹي کلکٹر ماموره بکار ریل مقام اگره ... سے۲
مولوي محمد انوارالحق صاحب وکیل عدالت دیواني مرادآباد ... للعہ۸
پادري رجب علي صاحب مقام نواب گنج باره بنکي ملک اوده ... صہ۱۵
منشي محمد امین الدین خانصاحب سب انسپیکٹر ڈاکخانجات مرزاپور و جونپور ... للعہ۸
محمد مغفورالله خانصاحب رئیس بلونه ضلع علیگڈہ ... صہ۱۰
مولوي محمد عبیدالله صاحب عبیدي پروفیسر عربي و انگریزي کالج هوگلي ... صہ۱۰
منشي محمد چراغ علي صاحب قایم مقام ڈپٹي منصرم محکمه جوڈیشنل لکهنؤ ... صہ۱۰
قاضي محمد عزیزالرحمان خانصاحب بهادر آنریري مجسٹریت برهان پور ... عصہ۲
منشي صفدر علي صاحب ضلع انسپیکٹر مدارس ضلع جبلپور ... للعہ۸
سید ممتاز حسین صاحب محرر اول منصفي بلاري ضلع مرادآباد ... للعہ
منشي احمد شفیع صاحب هیڈماسٹر وزیرآباد پنجاب للعہ۸
منشي محمد اکرام الدین حسین صاحب سررشته دار فوجداري گورکهپور ... للعہ۸
مولوي محمد حسن صاحب سربراہ کار ریاست مجهولي ضلع گورکهپور ... للعہ۸

منشي ذکاء الله صاحب هیڈ ماسٹر نارمل اسکول دهلي ... صہ۱۰
منشي چندولال صاحب سکرٹري دهلي سوسئیٹي صہ۱۰
بابو پیکن خانصاحب رئیس برسولي ضلع ترهت صوبه بهار ... للعہ۸
مولوي کاظم حسین صاحب منصف مقام سیتامڈهي صوبه بهار ... للعہ۸
حافظ عبدالکریم صاحب منصف ورنبهگا ... للعہ۸
سید اقبال علي صاحب اسسٹنٹ سکرٹري ریڈنگ کلب پرتاب گڈہ ... صہ۱۰
مولوي محمد اصغر صاحب از مقام راے بریلي ملک اوده ... صہ۱۰
منشي محمد زین الدین صاحب سپرنٹنڈنٹ چنگي سنبهل ضلع مرادآباد ... صہ۱۰
منشي عبداللطیف صاحب مقام گورکهپور ... عصہ۸
مولوي شیخ محمد صاحب مقام اعظم گڈہ ... للعہ۱۳
پنڈت رگناتهه پرشاد صاحب کوتوال بنارس ... للعہ۸
سید نادر علي شاہ صاحب هوشیار پور علاقه پنجاب سے۶
ڈاکٹر امین الدین احمد خاں صاحب مقام بستي ... } همارے ایک دوست کے پاس قیمت جمع هوگئي هی عنقریب همارے پاس آنے والي هی
نظام الدوله منتظم الملک نواب محمد مردان علي خانصاحب بهادر تخت قایم جنگ وزیراعظم ریاست مارواڑ جودهپور } قیمت عنقریب آنے والي هی
مولوي محمد مظهر الله صاحب تحصیلدار چاند پور ضلع بجنور ... } ایضا
مولوي محمد ابراهیم علي صاحب رئیس بچهرایوں ضلع مرادآباد ... } ایضا
سید محمد نورالحسین صاحب منصف سهسرام ضلع شاہ آباد ... } ایضا
صاحب سکرٹري گورنمنٹ هند فارن ڈپارٹمنٹ ایضا
صاحب رپورٹر سرکاري متعلق گورنمنٹ ممالک مغربي و شمالي ... ایضا

جمع و خرچ اُس روپیه کا جو چنده ممبري اور قیمت اخبار سے وصول هوا هی اور جو آینده وصول هوگا همراہ رپورٹ سالانه کار روائي اِس اخبار کے انشاء الله تعالی آخر سنه ۱۲۸۸ هجري نبوي صلعم میں ملاحظه ناظرین اخبار کے واسطے بتفصیل تمام چهاپا جاویگا *

راقـــــم
مشتاق حسین
مهتمم تهذیب الاخلاق

بمقام علیگڈہ —— مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چهپا اور باهتمام
منشي محمد مشتاق حسین شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] يكم رجب سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۱۱

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

جسقدر روپيه بابت اِس پرچه كے بطور چندہ، خواہ بطور قيمت وصول هو وہ كسي خاص شخص كي ملكيت نهوگا بلكه اِس پرچه كے اجرا و ترقي ميں صرف كيا جاويگا *

مسلمانوں ميں سے جو شخص ساٹهه روپيه سالانه پيشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچه كے متعلق معاملات ميں ممبر متصور هوگا *

علاوہ اِس كے جو شخص كچهه روپيه بطور ڈونيشن دے وہ بشكر گذاري تمام ليا جاويگا *

يهه پرچه هر مهينے ميں ايک بار يا دوبار يا تين بار جيسا كه مقتضاے مضامين هوگا چهپا كريگا خريداروں كو تين روپيه قيمت اور ايكروپيه آٹهه آنه محصول جمله چار روپيه آٹهه آنه پيشگي بهيجنے هونگے *

اگر كوئي شخص كوئي خاص پرچه خريدنا چاهے گا اُس كو في پرچه چار آنه قيمت اور ايک آنه محصول دينا هوگا *

ممبروں كو بلا قيمت يهه پرچه مليگا اور اُن كو اُس كے تقسيم كا بهي بلا قيمت جسكو وہ چاهيں اختيار هوگا *

اِس پرچه ميں بجز مضامين متعلق تهذيب اخلاق و حسن معاشرت كے جهاں تک كه وہ مسلمانوں سے متعلق هيں اور كچهه مندرج نهوگا *

مضمون نمبر ۵۰

اعتدال

انسان جس طرح تمام مخلوقات ميں اشرف اور سب سے زيادہ صناع اور عقلمند پيدا هوا هى اُسي طرح تمام دنيا ميں شايد اُس سے زيادہ كوئي اَوْر مخلوق حاجت مند بهي نهيں هى انسانيت اور خوشي اور ايمان كے ساتهه زندگي بسر كرنے كے واسطے انسان كو اپني اُس دشوار گذار منزل ميں جو شكم مادر سے شروع هوكر لب گور پر ختم هوتي هى بے انتها غرضيں اور ضرورتيں متعلق هوتي هيں اور وہ اكثر باهم ايسي مختلف هوتي هيں كه اگر ايک مقصد كے حاصل كرنے ميں حد معين سے زيادہ كوشش كي جاوے تو دوسرے مقصد كے فوت هوجانے كا قوي انديشه هوتا هى پس اُس حد معين سے تجاوز نكرنے اور اُسكو نگاہ ركهنے كا نام اعتدال هى *

كوئي كام خواہ وہ تمدن اور معاشرت سے علاقه ركهتا هو يا معاد اور آخرت سے ايسا نهيں پايا جاتا جسميں اعتدال كي ضرورت نهو تمام قوى جو خدا نے انسان كو عطا فرمائے هيں اور جنكي بدولت

انسان دونوں جہان میں ہر قسم کی خوشی اور آسایش اور آرام حاصل کرسکتا ہی وہ سب کے سب درحقیقت اعتدال ہی کی بدولت شگفتہ اور شاداب رہ سکتے ہیں پس قدرت کا یہہ ایک ایسا سچا اور مستحکم اصول ہی کہ دنیا کا تمام کارخانہ اُسی پر قایم ہی اور یہی حکمت تھی کہ مذہب اسلام میں اعتدال کی نسبت نہایت تاکید ہوئی اور کچھہ شبہہ نہیں کہ دنیا کے تمام مذاہب میں مذہب اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہی جسکی کوئی بات اعتدال سے خارج نہیں ہی اس مذہب کا کوئی کام خواہ عبادات میں خواہ معاملات میں ایسا نہیں پایا جاتا جسمیں اعتدال نہو فرائض جو خدا نے مسلمانوں کے واسطے مقرر کیئے وہ سب معتدل ہیں فرائض کے علاوہ اَوْر تمام نیکیوں اور عبادتوں کا بھی یہی حال ہی تمام عبادتیں اُسیوقت تک عبادت ہیں جب تک انسان کے قوی معطل و بیکار نہوجاویں اور اُسکے بعد رہبانیت ہی ولارہبانیتہ فی‌الاسلام یہی حال مالی عبادت کا ہی خیرات و مبرات اُسی حد تک ٹھیک ہی جہاں تک انسان خود مفلس اور درماندہ اور نان شبینہ کو محتاج نہو جاوے راہ خدا میں گھر بار لٹا لنگوٹی باندہ کاسہ چوبی لے دھونی رما جنگل میں جابیٹھنا مذہب اسلام کا منشاء نہیں کما قال اللہ تعالی عز و جل و لاتجعل یدک مغلولتہ الی عنقک ولا تبسطہا کل‌البسط فتقعد ملوماً محسورا † *

یہی حال مسلمانوں کے دنیاوی برتاؤ کا ہی ہمارے معاملات دنیا کو بھی مذہب اسلام نے نہایت سہل کردیا ہی تمام ستھری اور پاک چیزیں ہمارے واسطے حلال ہیں اور یہی نہیں کہ اُنکے استعمال کی فقط اجازت ہی دی ہو نہیں بلکہ اُنکے مطلق ترک کو بھی منع فرمایا تاکہ مسلمان حلال اور طیب چیزوں سے حظ اُٹھانے میں محروم نرہیں یا ایہاالذین آمنو لاتحرموا طیبات ما احل‌اللہ‌لکم و لاتعتدوا ان اللہ لایحب‌المعتدین و کلو مما رزقکم اللہ حلالاً طیباً واتقوا اللہ الذی انتم بہ مؤمنون ‡ *

یہی حال اور تمام باتوں کا ہی دنیا میں وہ تعلق جو ایک انسان کو دوسرے انسان سے عموماً ہوتا ہی اور جس سے انسان کے حظ زندگی کا بہت بڑا حصہ متعلق ہی وہ وہ تعلق ہی جو میاں اور بی بی میں ہوتا ہی اِس تعلق کے مستحکم اور خوشگوار کرنے کے واسطے جو احکام مذہب اسلام میں ہیں جب اُس کل مجموعہ پر نظر کی جاے تو کوئی منصف آدمی بھی گو کسی مذہب کا کیوں نہ ہو مطلق اعتراض نہیں کرسکتا *

میں اِس مضمون میں اُن کمبخت اور ناخدا ترس مسلمانوں کی حمایت کرنا نہیں چاہتا ہوں جنہوں نے اپنا برتاؤ خلاف احکام خدا اور رسول کے قایم کرکے نہ فقط اپنی عاقبت خراب کی ہی بلکہ اپنی اُن ناشایستہ حرکات کی بدولت غیر مذہب والوں کی نظروں میں جو صرف ہمارے اعمال کی بھلائی برائی پر بظاہر مذہب اسلام کی بھلائی اور برائی کو قیاس کرتے ہیں مذہب اسلام کو حقیر کردیا ہی میں اسوقت صرف اُن احکام سے بحث کرتا ہوں جو مذہب اسلام نے مسلمانوں کے برتاؤ کے واسطے نہایت اعتدال کے ساتھہ مقرر کیئے ہیں *

کثرت ازدواج جسکی بدولت غیر مذہب والے مسلمانوں پر طعنہ کرتے ہیں جسطرح مسلمانوں کے مذہب کے بموجب جائز کیا گیا ہی ہرگز لایق اعتراض نہیں بلکہ بالکل قانون قدرت کے مطابق اور نہایت ضروری ہی اول تو مذہب اسلام نے یہہ نہیں کیا کہ ایک نکاح کی قید کو توڑ کر زیادہ نکاح جائز کردیئے ہوں بلکہ ایک غیر محدود تعدد نکاح کو جو قبل اسلام کے رائج تھا بہت کچھہ گھٹا کر محدود کردیا ہی اور در حقیقت ایک سے زیادہ نکاح کی اجازت مذہب اسلام نے کسی مسلمان کو اُسوقت تک نہیں دی جبتک شدید ضرورت نہ پائی جاوے — فرض کرو کہ اگر ایک بی بی سے اولاد نہ ہوتی ہو اور عورت ہی میں کوئی نقصان ہو تو مرد اگر اولاد کی خواہش میں جس سے کوئی دل خالی نہیں ہی دوسرا نکاح نہ کرسکے تو کسقدر مایوسی کی بات ہی — علی‌ہذاالقیاس اگر اولاد کی محرومی مرد کے کسی نقصان سے ہو تو عورت کو یہہ اجازت ہی کہ قاضی کے حضور میں مرد سے طلاق دلانے کے واسطے نالشی ہو — فرض کرو کہ کسی مرد کی خواہش اور قوت ایسی بڑھی ہوئی ہو کہ اُس کو دوسری بی‌بی کی حاجت ہو تو کیا گناہ ہی اگر وہ دوسرا نکاح کرے رہی یہہ بات کہ عورت کو ایسی اجازت کیوں نہ ہو اُس کا یہہ حال ہی کہ اِس معاملہ میں مرد ہی کو ترجیح دینا ضرور تھا ایسی اجازت میں نطفہ کچھہ متحقق نہوتا میراث میں نہایت جھگڑا پڑتا قطع نظر اسکے مرد اور عورت کی بناوٹ یہی بات چاہتی ہی کہ مرد کو ترجیح کا حق حاصل ہو عورت پر ہر مدت حمل میں اور بعد وضع حمل ایک مدت ممتد ایسی گذرتی ہی کہ وہ مقید ہوجاتی ہی برخلاف مرد کے کہ وہ ہر وقت آزاد رہتا ہی تمام دنیا میں اور اُن ملکوں میں بھی جہاں عورتوں کے حقوق مردوں سے

---

† اور نرکھہ اپنا ہاتھہ اپنی گردن سے بندھا ہوا اور نہ کھولدے اُسکو نرا کھولنا پھر تو بیٹھہ رہے الزام کھایا ہارا — پارہ ۱۵ — رکوع ۳ *

‡ اے ایمان والو مت حرام ٹھہراؤ ستھری چیزیں جو اللہ نے تمکو حلال کیں اور حد سے مت بڑھو اللہ نہیں چاہتا زیادتی والوں کو اور کھاؤ اللہ کے دیئے سے جو حلال ہو ستھرا اور ڈرتے رہو اللہ سے جسپر یقین رکھتے ہو — پارہ ۷ — رکوع ۱ *

کچھہ کم تسلیم نہیں ہوتے اب تک روپیہ پیدا کرنے اور گھر کا انتظام قایم رکھنے اور کاروبار چلانے کا کام اکثر بلکہ عموماً مردوں هي سے متعلق هی پس یہہ تمام ترکیب اعضا اور لیاقتیں اور ذمہ داریاں جو مردوں میں هیں بلاشبہہ اِس لایق هیں کہ اُن کو عورتوں پر ترجیح حاصل هو *

باایں همہ اِس ترجیح سے همارا مطلب یہہ نہیں هی کہ عورتوں کے حق میں نا انصافي اور بیرحمي اور ظلم جائز رکھا جاوے یہہ تمام باتیں مذهب اسلام کے بالکل برخلاف هیں مسلمانوں کے مذهب میں فریقین کو نہایت تاکید هوئي هی کہ ایک دوسرے کے ساتھہ بہت پیار اور محبت سے رهیں مردوں کو یہہ نصیحت هی کہ عورتیں اگر کوئي تلخ بات بهي کہیں تو اُس پر صبر کریں — مرد جب دوسرا نکاح کرے تو اُس پر فرض هی کہ نفقہ اور محبت اور باري میں غرض کہ جملہ باتوں میں اپني سب بیبیوں میں مساوات اور عدل کو نگاہ رکھے اور علی قدر مراتب سب کي خاطر اور تواضع اور دلداري کرتا رهے — اِسموقع پر یہہ اعتراض هوسکتا هی کہ ممکن هی کہ ایک بي بي کا حسن و جمال مرد کو دوسري بي بي کي نسبت اپني طرف زیادہ مائل کرلیوے اور اُس حالت میں مرد اعتدال قایم نرکھہ سکے اور بلاشبہہ یہہ بات صحیح هی لیکن مذهب اسلام پر یہہ اعتراض اِس لیئے وارد نہیں هوسکتا کہ اُس میں نکاح آخر کي اجازت مرد کو اُسي حالت میں هی جبکہ مرد اعتدال کرسکے ورنہ وہ فعل معصیت میں داخل هوگا اور در حقیقت یہہ قید اعتدال بین الزوجتین کي ایسي سخت هی کہ هر آدمي اُسکو پورا نہیں کرسکتا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم نے جو عدل اور مساوات اپني بیبیوں میں برتي یہاں تک کہ هرایک کے حجرہ پر مٹي تول تول کر ڈالي اس سے عام مسلمانوں کو تعدد نکاح کي مشکلات سے مطلع کردیا اور یہہ ایک منجانب اللہ اشارہ هی اِسبات کي طرف کہ حتی‌الامکان ایک هي بي بي پر قناعت کرنا چاهیئے چنانچہ اکثر ایسا هي هوتا هی في صدي پانچ مسلمان بهي ایسے نہیں هیں جو ایک سے زیادہ بیبیاں رکھتے هوں *

لیکن چونکہ سچا مذهب ایسا هونا چاهیئے تها جسمیں هرایک موسم اور ملک اور ضرورت اور هرایک مزاج کي رعایت ملحوظ هو اِسلیئے یہہ بات ضرور تهي کہ مرد ایک نکاح سے زیادہ کے واسطے ایک مناسب حد تک مطلقاً منع نہ کیئے جاویں تاکہ اُن مضرتوں کا بهي علاج باقي رهے جو ایسي منع کي حالت میں پیش آتیں — نیپولین بونا پارٹ اگر مسلمان هوتا تو کبهي اُس دقت میں نہ پڑتا جو اُسکو اپني پہلي بي بي جوزي فین سے اولاد نہونے اور مریا لوئیا شہنشاہ اسٹریا کي دختر سے دوسرا نکاح کرتے وقت پیش آئي — نیپولین نے مجبور هوکر اُس قانون پر عمل کیا جو کارخانہ قدرت کے موافق اور مسلمانوں کے مذهب کے مطابق تها *

طلاق اُن سب نارضامندیوں کا آخر علاج هی جسکے سبب سے کوئي گهر اور خاندان معرض پریشاني اور تباهي میں هو هم پوچھتے هیں کہ انسان آخر بشر هی میاں اور بي بي میں اگر کوئي ایسا رنج پیدا هوگیا جسکا تدارک اور طرح پر ناممکن هی تو کیا یہہ مناسب هی کہ دونوں اُسي مایوسي اور پر رنج حالت میں اپني زندگي بسر کریں یا یہہ مناسب هی کہ دونوں اُس رنج سے خلاص هوں اور خوشي حاصل کرنے کي فکر کریں مرد اگر کسي بي بي سے نہایت آزردہ هو اور عدل قایم نرکھہ سکتا هو تو وہ اپني بي بي کو طلاق دیکر اُس رنج سے خلاصي پاسکتا هی بي بي دوسرا نکاح کرکے اُس مایوسانہ حالت سے نکل سکتي هی تاهم مذهب اسلام نے اسبات کي بہت کچھہ روک تهام کي هی کہ طلاق کي رسم عام نهوجاوے اور ایسا مستقل رشتہ بات کي بات میں یا غصہ کي حالت میں منقطع نهوجاوے اِس لیئے ایک یا دو مرتبہ اگر لفظ طلاق مونہہ سے نکل بهي جاوے تو بهي پهر رجعت هوسکتي هی اور تیسري دفعہ کي محتاج رہ جاتي هی اور طلاق مغلظہ کے بعد اگر میاں بي بي پهر آپس میں راضي بهي هوجاویں تو وہ اُس وقت تک کافي نہیں جب تک کہ بي بي نے کسي غیر شخص سے نکاح کرکے طلاق نہ پائي هو یہہ اِس لیئے کہ طلاق کوئي هنسي کهیل نهو جاوے اور مرد یہہ خوب سمجھہ لے کہ طلاق کے موثق هوجانے کے بعد پهر کسي طرح وہ اپني بي بي کو نہیں پاسکتا اِس لیئے کہ عورت کا دوسرے مرد سے نکاح کرنا اور پهر طلاق پانا نہایت شاذ هی *

الغرض میاں اور بي بي کے تعلقات کو جیسا عمدہ مسلمانوں کے مذهب نے قایم کردیا اور جسقدر رعایت اسبات کي کہ گهروں کے فساد دور هوں زنا اور بدکاري سے مرد اور عورت دونوں محفوظ رهیں اور بدسلوکي و بد اخلاقي پاس نہ آنے پاوے نبي اُمي کي بدولت مسلمانوں میں برتي گئي ممکن نہیں کہ مسلمان اُس کا شکریہ ادا کرسکیں اور نا ممکن تها کہ بڑے بڑے عقلمند في زماننا اور ماهران فن اصول قوانین بهي باهمي مشورتوں سے ایسے مختصر اور عام فہم لفظوں میں اور ایسي آساني سے ایسے اصول قایم کرسکتے مگر افسوس هی کہ اکثر مسلمان اپنے عمدہ مذهب کي اصلي خوبیوں کي طرف خیال نہیں فرماتے اور ایسي ایسي وحشیانہ اور ظالمانہ حرکات کے مرتکب هوتے هیں جو بالکل خدا اور رسول کے حکم کے برخلاف هیں اور جنکي نسبت ضرور ایک نہ ایک دن اُن سے باز پرس هوني هی اور اپنے اُن نامعقول افعال کو جنکے بیان کرنے سے شرم آتي هی مذهب اسلام کے مطابق خیال کرنے سے مذهب اسلام کو داغ لگاتے هیں اُن برعکس

اعتدال

لڑکیوں کو جنکے کمبخت ماں باپ مصیبت اور قحط کے دنوں میں بیچڈالنے کے حیلہ سے چھوڑ جاتے ہیں شرعي لونڈیاں سمجھا گیا ہی کیا یہہ غیرت کي بات نہیں ہی اور کیا یہہ مسلمانوں کي رسوائي کا باعث نہیں ہی اور کیا یہہ آفت اِس لائق نہیں ہی کہ مسلمان اُس سے اجتناب کریں اور اعتدال سے نہ گذریں *

حاصل یہہ کہ مذہب اسلام کے بموجب تمام برتاؤ ادنے سے لیکر اعلی تک نہایت اعتدال کے ساتھہ ہی اور جب اُس سے تجاوز کیا جاتا ہی تب ہي خرابي پیدا ہوتي ہی — بہت کم لوگ ہیں جو اپنے معاملات میں اعتدال برتتے ہوں اور خصوصا ہندوستان میں تو افراط اور تفریط کي کوئي حد ہي باقي نہیں رہي نکاح کے علاوہ جس کا اوپر ذکر کیا گیا اور بہت سي باتوں میں بے اعتدالیاں ہوتي ہیں اور پھر مشکل یہہ ہی کہ اُن بے اعتدالیوں کو بےاعتدالي نہیں سمجھا جاتا *

اب آج کل اس بات کا بہت کچھہ چرچا ہورہا ہی کہ مسلمانوں کو شایستگي اور تربیت حاصل کرنا چاہیئے اور بڑے بڑے لوگ اسباب میں ساعي ہیں اور بڑے بڑے پڑھے لکھے اُن اولوالعزم لوگوں کي کوششوں کے برخلاف ہیں اور ایک بڑا مناظرہ اور مناقشہ قایم ہوا ہی لیکن میں دیکھتا ہوں کہ وہي ایک اصول جسپر تمام باتوں کا دار و مدار ہی یعني اعتدال دونوں فریق اُسي کو بھولے ہوئے ہیں *

ایک فریق تو شایستگي کے نام سے نفرت کرتا ہی اور اُسمیں کوشش کرنے کو ضلالت اور ارتداد بلکہ کفر کے قریب تک نوبت پہونچا دیتا ہی اِس فریق نے دنیاوي ترقي کو مذہب اسلام کے بالکل برخلاف سمجھا ہی اِس فریق میں سے نیصدي ننانوے آدمي خود دنیا میں مبتلا ہیں مگر بات کا مونہہ سے نکالنا عیب جانتے ہیں خود ہر قسم کي کوشش مال و دولت اور نام و عزت کے حصول کے واسطے کرتے ہیں لیکن اسبات کو گوارا نہیں کرتے کہ کوئي شخص اُس کو باقاعدہ حاصل کرنے کے واسطے کوشش کرے اور اوروں کو بھي وہ قواعد سکھلاوے *

دوسرے فریق نے برخلاف اُس کے یہہ سمجھا کہ شایستہ قوموں سے ملنے اور میل و ملاپ قایم رکھنے سے اپني قوم بھي شایستہ اور مہذب ہو سکتي ہی اور یہہ خیال اُن کا بالکل درست تھا لیکن اُنہوں نے جو طریقہ اس مقصد کے حصول کے واسطے اختیار کیا اور اب تک بھي بعض بڑے بڑے نامي مسلمان بعض وقت اُسي کي پیروي کرتے ہیں وہ ایسا خراب تھا کہ اُس کے سبب سے اصل مطلب بھي فوت ہوگیا اور بجاے اس کے کہ سچے مسلمانوں کو اس مقصد کے حصول کي طرف کچھہ رغبت ہوتي اور زیادہ نفرت ہوگئي اور دن بدن وہ نفرت ترقي پکڑتي جاتي ہی اور یہہ ایک بڑي خرابي کي بات ہی اور کچھہ شک نہیں کہ یہہ تمام خرابیاں صرف اسي وجھہ سے پیدا ہوئیں کہ مذکورہ بالا فریقین نے حد اعتدال سے بڑھا کر قدم رکھا *

مشہور بات ہی کہ بڑے بڑے قاضي القضات اور نیچي نیچي ڈاڑھیوں والے وہ مولوي صاحب و قبلہ جو ہندوستاني ناچ و رنگ میں شریک ہونے کو نہایت ذلیل اور بیحیائي سمجھتے ہیں (اور بالکل سچ سمجھتے ہیں) انگریزي ناچ و رنگ کي مجلسوں میں بے تکلف شریک ہوتے ہیں اور اُس کو مصلحت وقت سمجھتے ہیں *

سلطان عبدالعزیز خاں سلطان روم کي نسبت کہا جاتا ہی کہ وہ اسي مصلحت کے لحاظ سے مع اپنے روساء اور اُمراء کے اُس بال میں (یعني انگریزي ناچ و رنگ کي مجلس میں) شریک ہوا جو سفیر انگلستان نے شاہزادہ ولي عہد بہادر انگلستان کے قسطنطنیہ میں تشریف لانے کے وقت اپنے اظہار مسرت کے واسطے دیا تھا *

اب اس موقع پر دو سوال پیدا ہوتے ہیں اول یہہ کہ ایسے ناچ و رنگ کي مجلس میں بموجب مذہب اسلام کے شریک ہونا جایز ہی یا نہیں دوم یہہ کہ اگر نا جایز ہی تو موجودہ وقت کي مصلحت کے لحاظ سے اُس میں شریک ہونا جایز ہی یا نہیں شق اول کي نسبت تو مجھکو اسلیئے کچھہ زیادہ بحث کرنا ضرور نہیں ہی کہ جو صاحب ان ناشایستہ حرکتوں کے مرتکب ہوتے ہیں ابھي تک اُنہوں نے خود بھي اُس کو شرعاً مباح نہیں فرمایا ہی شق ثاني کے لحاظ سے میں تسلیم کرتا ہوں کہ مصلحت اندیشي بلا شبہہ ایک عمدہ بات ہی لیکن دیکھنا چاہیئے کہ مذہب اسلام میں اتني گنجایش ہی یا نہیں کہ مسلمان اپنے تمام افعال مذہب کي پابندي سے کرسکیں اور کوئي خرابي پیدا نہ ہو مجھکو ایک بات یاد آئي دہلي میں جب مولوي عبدالقادر صاحب نے اس جہان سے رحلت فرمائي تو اُس خاندان کے دستور کے مطابق اُن کا جنازہ صندوق میں رکھا گیا اور اُوپر سے اُس پر شامیانہ تنا مولوي محمد اسمعیل صاحب شہید علیہ الرحمہ نے جو ایک بے نظیر شخص گذرے ہیں مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب قدس سرہ العزیز سے اس بات کي درخواست کي کہ صندوق اور شامیانہ کي شرع میں کچھہ اصلیت پائي نہیں جاتي یہہ دونوں بدعتیں موقوف کي جاویں مولانا صاحب نے شامیانہ تو موقوف کردیا اور صندوق کي نسبت یہہ جواب کہلا بھیجا کہ اس کي اصل ہی حضرت یعقوب علیہ السلام کے جنازہ کو اُن کے بیٹوں نے صندوق میں رکھا تھا — یہہ جواب سنکر مولوي اسمعیل صاحب سے نرہا گیا اور اُنہوں نے علانیہ یہہ فرمایا کہ کیا مذہب اسلام اب اسقدر تنگ ہوگیا کہ اُس میں جنازہ اُٹھانے تک کے بھي پورے پورے احکام نہیں ملتے جو ہم اور انبیاء ماسبق

علیهم الصلوٰة والسلام کی شریعت کی طرف رجوع لاویں شاہ صاحب اپنے بھتیجے کی یہہ بات سنکر پسینا پسینا ہوگئے اور مشہور ہی کہ اُس دن کے بعد سے یہہ سب رسمیں اُس خاندان میں سے موقوف ہوگئیں *

جو صاحب مصلحت وقت کے خیال سے انگریزی ناچ و رنگ کی مجلسوں میں باوجود ممانعت شریعت کے بے تکلف شریک ہوتے ہیں اُن کا مطلب معاذاللہ یہہ ہوتا ہی کہ مذہب اسلام میں کوئی ایسا قاعدہ مقرر نہیں ہی جس کے ذریعہ سے مسلمان غیر قوموں سے اپنا معاملہ اتفاق کے ساتھہ قایم رکھہ سکیں اور اپنا اعتبار اور اعزاز غیر قوموں کی نظروں میں پیدا کر سکیں ان مصلحت دشمن مسلمانوں کی نسبت یہہ کہنا مناسب ہی کہ یا وہ پکے مسلمان نہیں یا اُنہوں نے مسلمانوں کے مذہب کی تمام خوبیوں کو اچھی طرح نہیں سمجھا ہی پس ایسی راے رکھنے والوں پر سواے افسوس کے اور کیا کہا جاسکتا ہی اس میں کوئی مولوی ہو یا کوئی قاضی القضات یا کوئی سلطان وقت ہم کو اِن میں سے کسی کی خلاف شرع مصلحت اندیشی کی تقلید کرنا نہ چاہیئے *

مسلمانوں کے مذہب میں جس قدر اُن باتوں کی تقید ہی جن کے ذریعہ سے غیر قوموں میں مسلمانوں کا اعتبار اور اعزاز قایم رہے ایسی شاید اور کسی مذہب میں نہو یہی نکتہ ہی جس کی نسبت حافظ شیراز فرماتے ہیں —

درمیان شرع و حکمت با ہزاراں اختلاف

نکتہ ہرگز نشد فوت از دل دانائے تو

دغا اور فریب سے بچنا ہمارے مذہب کا تمغہ ہی ایک مرتبہ کسی صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گھوڑا چھوٹ گیا اور وہ صحابی خالی توبرہ اُسکو دکھلا دکھلاکر اُس کے پکڑنے کی فکر میں ہوئے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن صحابی سے پوچھا کہ اِس توبرہ میں کچھہ ہی اُنہوں نے جواب دیا کہ کچھہ نہیں ہی آپنے ارشاد کیا کہ اُس میں کچھہ دانہ یا گھاس ضرور ڈال لو ورنہ یہہ فعل دغا اور فریب سمجھا جاویگا پس خیال کرو کہ جس مذہب کے بانی نے جانوروں کے ساتھہ ایسی ایسی خفیف باتوں میں بھی دغا اور فریب نکرنے کی یہاں تک احتیاط کی اُسنے انسانوں کے آپس میں کسقدر اُس کی تاکید کی ہوگی — پس یہہ ایک ایسی عمدہ صفت ہی کہ اُسکی بدولت ہم غیر قوموں سے بہت اچھی طرح ملاپ قایم کرسکتے ہیں ہمکو چاہیئے کہ ہم اُن کے سامنے جھوٹ نہ بولیں اپنی غرض کے واسطے اُن کو دھوکہ ندیں گو اپنا نقصان ہی ہوتا ہو بات جب کہیں سچی کہیں اور کام جو کریں صفائی دل اور نیک نیتی سے کریں وفاے عہد جسکی نسبت اللہ تعالی مسلمانوں سے ارشاد فرماتا ہی اوفوا بالعہد اِن العہد کان مسئولا مسلمانوں کے لیئے مذکورہ بالا مقصد کے حصول کے واسطے نہایت عمدہ قانون ہی جو زمانہ مسلمانوں کے عروج اور کمال کا زمانہ گذرا اُس میں بھی مسلمان اپنی اسی یکرنگی اور وفاے عہد کے سبب سے دنیا کی تمام قوموں کی نظروں میں معزز اور ممتاز تھے مسلمان کبھی اپنے دشمنوں کو اِسبات کا موقع ندیتے تھے کہ وہ مسلمانوں کی نسبت اِس قسم کا الزام لگا سکیں *

حضرت ابو عبیدہ بن الجراح جو شام کی لشکر کشی میں مسلمانوں کی فوج کے سردار تھے اُنہوں نے ایک عیسائی حاکم سے صلح کی اور یہہ عہد کرلیا کہ اہل عرب عہدنامہ کی مدت تک تمہاری سر زمین میں دست اندازی نکرینگے — عیسائیوں نے اِس قرار داد پر پورا پورا عمل ہونے کے واسطے اپنی حد پر ایک مینار تعمیر کرایا اور اپنے حاکم کی تصویر اُس پر قایم کردی اہل عرب جب اُس تصویر تک پہونچتے تھے تو ایفاے عہد کی غرض سے آگے نہ بڑھتے تھے ایک دفعہ کسی اتفاق سے اُس تصویر کی آنکھہ میں کچھہ نقصان آگیا عیسائیوں نے اُس کی شکایت کی کہ اہل عرب نے اِس آنکھہ کو ناقص کردیا ہی اور یہہ ایک نقض عہد ہی — حضرت ابو عبیدہ یہہ بات سنتے ہی کانپ گئے اور اُن شکایت کرنے والوں کے سامنے اپنی دونوں آنکھیں کردیں کہ اگر تمہارے گمان میں یہہ کام ہماری طرف سے ہوا ہی تو جونسی آنکھہ تمہاری تصویر کی ناقص ہوگئی ہو وہی آنکھہ تم میری ناقص کردو کہ یہہ تکلیف مجھکو نقض عہد کے الزام عاید ہونے سے آسان تر ہی عیسائیوں نے مسلمانوں کے سردار کی اِس ہمت پر آفریں کی اور اُس فعل سے باز رہے *

اب خیال کرنا چاہیئے کہ جو وقار حضرت ابو عبیدہ بن الجراح اور اُن کے ساتھہ مسلمانوں کا رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین اس عمدہ صفت کے ذریعہ سے اُس وقت کے عیسائیوں میں ہوا کیا سلطان روم اور اُس کے اُمراء اور رؤساء کا وہی اعتبار اپنے اِس فعل نامشروع کے ذریعہ سے حال کی غیر قوموں کی نظروں میں ہوسکتا ہی — حاشا کہ اُس کا عشر عشیر بھی نہیں ہوسکتا — سلطان نے اگر یہہ غلطی کی تو بہت برا کیا اور مسلمانوں کو ہر گز اُس کی تقلید مناسب نہیں ہی ہمنے جب اپنے مذہب کے خلاف کام کرکے غیر قوموں میں اپنا اعتبار بھی پیدا کیا تو ہم کیا فیض کو پہونچ سکتے ہیں — جن قوموں کے خوش کرنے کے واسطے یہہ وطیرہ اختیار کیا وہ بھی تو نادان نہیں جب وہ یہہ دیکھینگی کہ ہم خلاف شرع کام اُن کی خوشامد سے کرتے ہیں تو وہ بھی ہمکو حقارت سے دیکھینگی اور جو رسوائی ہمکو دنیا

میں اور مسلمانوں کی نظروں میں اور عاقبت میں خدا اور رسول کے سامنے ہوگی وہ اُس پر مستزاد ہی *

جو کام ہم اختیار کریں ضرور ہی کہ اُس میں ہر پہلو اور ہر جانب کا خیال کرلیں اور خصوصا اپنے مذہب کی طرف سے ہر قسم کی احتیاط کرلیں دنیا کی اصلاح مسلمانوں کے مذہب کے برخلاف نہیں ہی بلکہ عین مقصود شارع ہی کچھہ شک نہیں کہ خدا نخواستہ اگر تمام مسلمان مفلس قلاش ہو جاویں تو مسلمانوں کے مذہب کی بھی رونق باقی نرہیگی لیکن یہہ سب کچھہ اُسیوقت ہی جب کسی ترقی دنیاوی سے ہمکو اپنے مذہب میں کسی نقصان کے آنے کا اندیشہ نہ ہو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اعوذ باللہ من الغنی المطغی و اعوذ باللہ من الفقر المکب یعنی اے اللہ مجھکو پناہ میں رکھہ ایسی دولت اور ثروت سے جس سے آدمی گمراہ ہو جاتا ہی اور اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں ایسی تنگی اور محتاجی سے جس سے آدمی چلا اُٹھے خود خدا تعالی نے ہمکو یہہ دعا تعلیم فرمائی ہی ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار پس یہہ کون کہہ سکتا ہی کہ ہمکو اپنی دنیا کی اصلاح کی طرف متوجہہ ہونا ضرور نہیں ہی مگر ہاں اُس میں صرف اس قدر متوجہہ ہوں کہ اپنے نماز و روزہ کی طرف سے بھی غافل نہو جاویں *

ہر ایک مسلمان اس بات سے بخوبی واقف ہی کہ جوں جوں مسلمانوں کے قبضہ میں ملک زیادہ آنے لگے مسلمانوں کی عزت اور اسلام کی رونق زیادہ ہوتی گئی اور پھر یہہ بھی ظاہر ہی کہ جب خلفاء راشدین کی خلافت کا زمانہ گذرگیا اور کچھہ دنوں بعد مسلمان بادشاہوں نے غیر قوموں کی دیکھا دیکھی شاہانہ ٹھاٹ درست کیئے اور عیش و آرام میں اس درجہ مستغرق ہوئے کہ مذہب کی طرف سے غافل یا کاہل ہوگئے وہی مفتوحہ ملک اُن کے قبضہ سے رفتہ رفتہ نکلنے شروع ہوگئے — میں نے یہہ کیفیت صرف مسلمانوں کی بیان کی اور حقیقت میں تمام قوموں اور سلطنتوں کا یہی حال ہوا جب اُن قوموں اور سلطنتوں میں اپنے اپنے مذہب کے برخلاف کام ہونے لگے اُن سلطنتوں میں زوال آگیا — پس مسلمانوں کو ہر ایک ترقی اختیار کرتے وقت اپنے مذہبی ارکان کی طرف سے بہت ہوشیار رہنا چاہیئے *

سنبھل کے رکھنا قدم دشت خار پر مجنوں
کہ اس نواح میں سودا برہنہ پا بھی ہی

راقم ——
مشتاق حسین

دوستی کا برتاؤ

تہذیب الاخلاق کے نمبر اول جلد دوم میں ہم ایک مضمون دوستی پر لکھہ چکے ہیں اُسمیں ہمنے صرف اصول اور فوائد دوستی پر بحث کی تھی اس مضمون میں دوستی کے برتاؤ کی نسبت اپنے خیالات ظاہر کرنے منظور ہیں *

سب اس بات کو مانتے آئے ہیں کہ دوستی انسان کی راحت کو دوچند اور مصیبت کو نصف کردیتی ہی یعنی ہماری خوشی میں دوست بھی ہمارے ساتھہ خوش ہوکر اُس خوشی کو دوچند کردیتا ہی اور غمی میں دوست کی ہمدردی سے رنج کا ادھا بوجھہ ہم پرسے ٹل جاتا ہی اگرچہ یہہ قول بالکل سچائی پر مبنی ہی مگر اس سے یہہ نتیجہہ نہیں نکلتا کہ بہت سے دوست رکھنے بہتر ہیں — عقلاء متقدمین میں سے ایک کا قول ہی کہ "بہت سے ہواخواہ بنا مگر دوست بہت کم سب کے ساتھہ امن سے رہ مگر ہزار میں سے ایک کو اپنا صلاح کار بنا" یعنی دوستی کم آدمیوں سے کر اور کسی کو دشمن نہ بنا کیونکہ دوستی کا نباہنا مشکل ہی دوستوں کی تعداد کے ساتھہ ہماری مشکل بڑھتی جاتی ہی اور دشمن سے اپنے تئیں محفوظ رکھنے میں ہمیشہ دقت ہوتی ہی بگڑے ہوئے دوست سے زیادہ کوئی خطرناک دشمن نہیں وہ ہمارے عیوب اور بھیدوں سے واقف ہوتا ہی اور ہزارہا ایسی مضرتیں پہونچا سکتا ہی جو کہ ناواقف دشمن کے اختیار میں نہیں ہوسکتیں *

سب سے آسان دوستی وہ ہی جسکا ہمنے اپنے مضمون سابق میں اول ذکر کیا تھا یعنی وہ جو کہ بغیر آپس کی شناسائی کے ہوتی ہی ایسی صحبت میں ہمیشہ ہمکو اختیار رہتا ہی کہ کسقدر دوستی رکھیں اور اُسکے بالکل موقوف کرنے میں کچھہ اندیشہ نہیں ہوتا کیونکہ اُس حالت میں کوئی اپنا دشمن نہیں بنتا مگر یہہ دوستی ادنی قسم کی دوستیوں میں شمار ہوتی ہی اور چونکہ جس قدر دوستی کی مقدار قلیل ہوتی ہی اُسیقدر اُس سے حظ اور فائدے بھی کم حاصل ہوتے ہیں پس صرف اسی دوستی پر قناعت کرنی نہ چاہیئے *

البتہ دوسری قسم کی دوستی جسکا اب ہم ذکر کرتے ہیں سب سے زیادہ کار آمد ہی اور عام برتاؤ میں آتی ہی یعنی وہ صحبت و الفت جو کہ بسبب ربط و ارتباط کے پیدا ہوتی ہی اور جس سے صحبت کی خوشی اور صلاح کی درستی مترتب ہی سب سے مقدم شرط اس دوستی کی یہہ ہی کہ دونوں شخص اپنے مرتبہ دنیوی کو

دوستی کا برتاؤ

بالکل بھول جاویں اور گو ایک دوسرے سے دولت و منزلت میں بدرجہا بڑھکر ہو اپنی حالت دوستی میں ایک دوسرے کو برابر سمجھے بعد اُس شرط کے ثابت قدمی اور صداقت طینت ہی یعنی تلون مزاجی اور بد باطنی دونوں میں نہو — ایسے دو شخصوں میں کامل دوستی نہیں ہوتی جنمیں سے ایک اپنے تئیں دوسرے سے اعلی سمجھے یا جو کہ ثابت قدم اور صاف باطن نہو لیکن بہت کم لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ جو دوستی میں اپنے رتبہ کو خیال میں نہ رکھیں اور یہہ ہی مقدم باعث ہی کہ مختلف درجہ کے آدمیوں میں دوستی کا ہونا شاذ و نادر ہی *

ہم یہہ پہلے بھی لکھہ چکے ہیں کہ سچے دوست سے بڑھکر دنیا میں کوئی دولت نہیں وہ رنج و خوشی میں یکساں ہماری ہمدردی کرتا ہی مگر ہمکو اُس سخت عیب کا ذکر نہ بھولنا چاہیئے جو کہ دوستی کے ایک بڑے حظ کو خراب کردیتا ہی ہماری مراد اُس بیہودہ مشغلے سے ہی جسکو دل لگی یا ہنسی یا مزاح کہتے ہیں ہم ہنسی یا مزاح کے فی نفسہ دشمن نہیں بلکہ ضرور ہی کہ جب دو دوست بالکل گھل مل جاویں تو آپسمیں اپنی خوشی کے لیئے کچھہ ہنسی کی باتیں کریں مگر ہم اُس طرز ہنسی کے برخلاف ہیں جس سے اکثر محبت میں فرق آتا ہی — یہہ وہ طریقہ مزاح کا ہی جس سے دوست بجاے خوش کرنے کے رنج دیتا ہی یعنی اپنے دوست کی کسی سچ بات سے ہنسی کرنی مثلاً ہمارے دوست میں ایک عیب ظاہری ہی — اب ہنسی میں اُس عیب کی طرف کسی قسم کا اشارہ کرنا گویا اُسکے برے ہونے کو جتانا ہی اور یہہ بالکل نامناسب ہی کیونکہ وہ ہنسی ہنسی نہیں جو کہ سچ ہو بلکہ ایک نوع کی گالی ہی اور اپنے دوست کی ہجو اور اہانت کرکے اُسکو رنج دینا ہوتا ہی *

علاوہ اس طرز ہنسی کے آجکل ایک اور طرز دوستی کا یعنی آپسمیں گالم گلوج کا ہونا کمال محبت سمجھی جاتی ہی اس جگہہ اُسکی مذمت کرنی ہم ضرور نہیں سمجھتے کیونکہ ایسی بحث زیادہ تر اُس موقع پر چسپاں ہوگی جہاں کہ شریف شخص کی تہذیب کا ذکر ہو *

ایسے بھی لوگ ہیں جو کہ نہایت مختصر عرصہ میں بڑی دوستی کا دعوی کرنے لگتے ہیں اور گو دل میں محبت نام کو بھی نہو مگر ہمارے ساتھہ ہر قسم کی ہنسی کا اپنے تئیں مجاز سمجھتے ہیں — اکثر ایسے ہی لوگ رنج دلمیں ڈالنے والی ہنسی کے بہت شوقین ہوتے ہیں اور خود بیہودہ خوشی حاصل کرتے ہیں مگر اِس سے بھی بدتر ایک اور کمینی عادت ہی کہ ہنسی کے پردہ میں کسیکو طعنہ دینا یا ایسی بات اشارتاً کہنی جو کہ حقیقت میں اُنکو کہنی منظور تھی مگر اپنی بدباطنی کے سبب صاف نہ کہہ سکتے تھے یہہ بات ذرا غور سے سمجھہ میں آویگی اگرچہ ہر شخص کو اپنی زندگی میں ایسے لوگوں سے پالا پڑتا ہی *

اصل ہنسی وہ ہی جو کہ ایسی بات کی نسبت ہو جو ہمارے دوست کا عیب نہیں یا جسکے ذکر سے اُسکو رنج نہو — ایک قسم کی بات گڑھنے سے اگر ہمارے دوست کو کچھہ جھنجھلاہٹ آوے تو وہ غصہ ہرگز موثر نہیں ہوتا اور نہ اُس سے کچھہ ہرج ہو بلکہ تھوڑے عرصہ کے بعد سبکو اُس سے خوشی ہوتی ہی خود اُس دوست کو جسکی کہ ہنسی کی گئی تھی لطف آتا ہی ہمکو یہہ بھی بیان کرنا ضرور ہی کہ ہنسی میں کوئی جھوٹ بات بیان کرنی جائز نہیں سواے اُسکے جسکی غلطی صریح ہو — ایسا جھوٹ جھوٹ نہیں کیونکہ وہ اپنے جھوٹ ہونے کو خود صاف دکھاتا ہی اور اُس سے کسی قسم کا ہرج نہیں ہوتا *

ایک اور بات پر غور کرنا چاہیئے — یہہ مقولہ سب دوستوں میں مشہور ہی کہ دوست کا مال اپنا ہی ہوتا ہی — یہہ نہایت اعلی اور عمدہ قول ہی مگر افسوس کی بات ہی کہ اسکا بھی برتاؤ بری طرح پر ہوتا ہی اکثر یہہ معلوم ہوتا ہی کہ ایک شخص اس سبب سے کوئی اچھی شی نہیں رکھتا کہ اُسکے ملاقاتی اُسکے پاس وہ شی نہیں رہنے دیتے "دوست اچھی شی نہیں چھوڑتے" یہہ اکثر سننے میں آتا ہی — کوئی شی اِس سے زیادہ شریف اور اعلی نہیں کہ محبت میں اپنے اور اپنے دوست کے مال کو ایک سمجھے اور اپنی سب چیزوں کو گویا اُس کے لیئے سمجھے مگر اس سے زیادہ کوئی حقیر بات نہیں کہ باوجودیکہ ہمکو معلوم ہی کہ ہمارے دوست کو ایک شی نہایت پسند ہی اور اِس لیئے اُسکو عزیز رکھتا ہی پھر بھی ہم اُس سے اُس شی کی درخواست کریں — غور کرنے کی بات ہی کہ اسکا اصول کسقدر غلط ہی اگر ہم اپنے دوست کی ایسی شی کو پسند کریں جس سے اُسکو کسی قسم کی آسایش یا خوشی ہو تو کسقدر محبت کے خلاف ہی کہ اُس سے وہ لیکر دوست کی خوشی یا آسایش میں خلل انداز ہوں اگر وہ شی ہماری دانست میں عمدہ ہی ہمکو چاہیئے کہ یہہ خواہش کریں کہ ہم سے پہلے ہمارا دوست اچھی شی رکھے اور خوشی اور آسایش حاصل کرے نہ یہہ کہ اُس سے وہ لیکر محبت کے برخلاف بات کریں — باوجودیکہ ہماری دانست میں اپنا اور دوست کا مال ایک ہی لیکن تاہم اُس سے صرف وہ چیزیں لینی چاہیئیں جو کہ ہماری ہی دانست میں عمدہ ہیں مگر اُسکو کچھہ چنداں عزیز نہیں یا اُس حالت میں اُنکی درخواست کی جاوے جبکہ ہمکو کچھہ شک نہو کہ اُس خاص شی کے لینے سے ہمکو اپنے دوست

کي آسایش سے (جو که اُس چیز خاص سے اُسکو هوتي هو) بدرجها بڑهکر هوگي اکثر اس طرح بهي محبت میں فرق آتے دیکها هی که ایک شخص نے اپنے دوست سے ایک شی کي درخواست کي اور اُس نے انکار کیا تو ظاهر هی که محبت میں فرق پڑا — سچي دوستي کا ایسي حالت میں یهه مقتضی هی که اگر درخواست کنندہ کو یهه معلوم نهو که فلاں شی دوست کو نهایت عزیز هی اور اس ناواقفیت کي حالت میں درخواست کرے تو معلوم هوتے هي اپني درخواست کو واپس کرلے اور اُس شی کے نه لینے پر مصر هو — اس بات کو غور سے سمجهه لینا چاهیئے که کسي شی کا جو که همارے دوست کو عزیز هی مانگنا اُسیقدر محبت کے خلاف هی جسقدر که اُس دوست کا اُس شی کو درخواست کے بعد ندینا — اگر کوئي وجهه خاص ایسي درخواست یا انکار کي هو تو سچے دوستوں کو لازم هی که صاف بیان کردیں اور نه یهه که محبت میں خلل آنے دیں *

کیا اچها قول هی که ” دوست حقیقي ایک بهت مضبوط پناہ هی اور جس نے ایسا دوست پالیا گویا ایک بڑا خزانه پایا سچا دوست زندگي کے امراض کي دوا هی اور جو لوگ دل سے نیک هیں اپني نیکي کے صله میں ایسا دوست پاوینگے “ سب سے خوبصورت اور غور و تامل کے لایق اِس مقوله کا اخیر حصه هی اِس میں کچهه شک نهیں که اپني طبیعت کي نیکي اور دل کي صفائي کے بغیر همکو سچا اور وفادار دوست نهیں ملتا —

دل را بدل رهے ست دریں گنبد سپهر

وہ شخص جو که خود صاف اور نیک هی ضرور کبهي نه کبهي اپنا سا دوست پاویگا اور گو اپني صفائي کے سبب اُسکو کبهي بد لوگوں سے مضرت پهونچے مگر بلاشبهه سچے دوست کے ملنے سے محروم نه رهیگا مگر بد باطن کو کبهي اچها دوست نصیب نهیں هوتا اگر اُسي کي سي خاصیت کا شخص ملا تو وہ اسکي نسبت اُتنا هي شبهه کریگا جتنا که یهه اُسکي نسبت اور کبهي کهلکر دوستي نهیں هونے کي — اگر بد باطن شخص کسي صاف باطن سے ملے تو اُسکو اُسکي نسبت بهي اپني بد طینتي کے سبب شبهه رهیگا اس بات کي فکر میں رهیگا که اُسکے بهید معلوم کروں اسي خواهش میں مبتلا هوکر چهپ چهپ کر باتیں سنیگا اور اگر اتفاقاً کوئي ایسي بات سن پائي جو اُس کي دانست میں اُس کے برخلاف هوئي تو اُس کو اپني غیبت تصور کرکے اپنے دل میں اپنے تئیں مبارک باد دیگا که کس هوشیاري سے بهید معلوم کیا گو وہ بات جو که اس نے چهپ کر سني (اور اس طرح پر بات سننے اور چوري میں کچهه فرق نهیں) ایسي هو که اُس صاف باطن شخص کو اُس کے روبرو کهنے میں بهي کچهه تامل نهوتا ایسے شخص کو کبهي سچے دوست کي سي نعمت کبهي نصیب نهیں هوتي تعجب نهیں که تهوڑے عرصه تک صاف باطن اُس بد باطن شخص کو اچها اور صادق دوست سمجهے مگر نهایت جلد اُسکے حرکات سے اُسکي خاصیت کهل جاتي هی اور صاف آدمي اپني اس ملاقاتي سے متنفر هو جاتا هی *

جتنا دوست پرانا هوتا جاتا هی اُتني هي قدر بڑهتي جاتي هی اور گو اکثر همکو نئے دوست کي وفا پر اتنا هي بهروسا هو جاتا هی جتنا که پرانے دوست پر مگر تاهم پرانے دوست کے ساتهه زیادہ تجربه زندگي کا هوتا هی اور اسي وجهه سے که وہ قدیم هی اُسکي قدر زیادہ هوتي هی مگر کهري دوستي بڑے اندیشه کي شی اور اُسکے برقرار رکهنے کے لیئے همکو بڑي احتیاط لازم هی — ایک دفعه دوستي توڑنے کے بعد گو عقلمند اور عالي همت شخص اُس شخص کا جو که اُسکا دوست تها قصور معاف کردیگا مگر پهر دوستي کا هونا مشکل هی اور ایسي دانست میں اُس شخص سے جو که همارے ساتهه دوستي کا دعوی کرکے همارے ضرر کي بات دانسته کرے دوستي پهر نه کرني چاهیئے گو اُسکا قصور بالکل دل سے معاف کردے اور صلح کرلے — اگر یهه معلوم هو جاوے که وہ حرکت جس سے هم نے ناراض هوکر ملاقات ترک کي تهي حقیقت میں دشمني کي نه تهي تو پهر محبت کے جاري کرنے میں کچهه هرج نهیں اور ایسي بات کو اگر کوئي شخص معاف نکرے تو وہ بهت بے رحم اور بے مروت سمجها جانا چاهیئے *

ایک عقلمند کا مقوله مشهور هی که ” اپنے دشمنوں سے دور رہ اور دوستوں سے هوشیار “ گو یهه قول ایک دانا شخص کا هی مگر هم اِسکے اخیر حصه سے متفق نهیں — وہ دوستي کیا جسمیں که دوست پر کچهه بهروسا نه کیا جاوے اور وہ محبت کیا که جسمیں اپنے دوست کي وفا پر شبهه رهے — شاید یهه قول دنیا کے کار و بار میں نهایت ٹهیک هو مگر اِس میں کچهه شک نهیں که همارے خیالات دوستي کے قطعاً برخلاف هی — اس مقوله سے گویا یهه سکهانا هی که دوست کو بهیدوں سے مطلع نکرے مگر ایسي حالت میں سب سے بڑا فائدہ دوستي کا جاتا رهتا هی — وہ شخص نهایت نادان بلکه خائن هی جو که اپنے دوست کے بهیدوں سے دوسروں کو مطلع کرتا پهرے — همکو اختیار هی که جسکو چاهیں اپنا رازدار بناویں مگر یهه بے شک امانت کے برخلاف هی که اپنے دوست کے بهیدوں کو غیروں پر کهول دیں الغرض اپنے دوست کي بڑي خاطرداري لازم هی اور کوئي بات اُسکو رنج دینے والي نه کرني چاهیئے مصرع

دل هي تو هی نه سنگ و خشت درد سے بهر نه آئے کیوں

پرانے دوست کي ذرا سي محبت کے برخلاف بات سے بڑا رنج هوتا هی اور ایک دفعه ایسي دل شکني کے بعد دوستي کا جاري رهنا دشوار هی کیونکه دل را شکسته نه که گوهر شکسته *

یکم رجب سنہ ١٢٨٨ ھجري

دوستي کا برتاو

دوستي کا برتاو

ھمنے اپنے مضمون سابق میں (جسکا یہہ مضمون گویا تتمہ ھی) اُن فوائد کا ذکر کیا تھا جو کہ ھمارے دوست سے ھمکو ھوتے ھیں یہہ سب فائدے اکثر دوست کے اپنے بغیر کچھہ تکلیف اُٹھائے یا کچھہ دولت صرف کیئے نہیں ھوتے اور اس لیئے اُن کے سبب ھمپر اُسکا بڑا احسان ھوتا ھی — ایسے احسان کے معاوضہ میں صرف اُس سے محبت زیادہ کرني چاھیئے اور مقولہ مشہور " حساب دوستا در دل " نہایت غلطي پر مبني ھی اگر اس مقولہ کے معني یہہ سمجھے جاویں کہ جب کوئي دوست ھمارے لیئے اپني کچھہ دولت صرف کرے یا کسي اور طرح ھمکو ممنون کرے تو اُسکے احسان کو ھم اپنے دلمیں رکھیں اور موقع پر اُسکو اوتار دیں — ھم اس بات کے بیان کرنے سے باز نہ رھینگے کہ یہہ معني اس مقولہ کے ھماري راے میں محض غلط ھیں — جسوقت کہ ھم اِس اصول کو قبول کرلیں تو ظاھر ھی کہ اپنے دوست کا احسان لینا گویا قرض لینا ھی اور ضرور ھی کہ ایسے احسان کا بوجھہ اسقدر ناگوار ھوتا ھی کہ برداشت نہیں ھوسکتي قرض کو تو بوقت مقدور اوتار بھي سکتے ھیں مگر ایسے احسان سے تو جان چھٹاني مشکل ھوتي ھی اس لیئے بدلے اسکے کہ ضرورت کے وقت اپنے دوست کي سعي و کوشش کو کام میں لاویں ایک خواھش اسکے برخلاف پیدا ھوجاتي ھی فی‌الحقیقت دوستي مثل بازار میں سودا خرید نے کے ھوجاتي ھی احسان لیا اور اوتار دیا جیسے سودا لیا اور دام ادا کیئے — دوست کي دوستي سے کیا فائدہ اگر اُسکے احسان کو لیکر ھم اپنے پر اُسکا اوتارنا واجب سمجھیں اور کیا یہہ محبت کے برخلاف نہیں ھی کہ اُسکے احسان کو ھم اپنے پر بار یا قرض سمجھیں ھاں یہہ محبت کا مقتضی ھی کہ جہاں تک ھم سے ھوسکے اپنے دوست کي بہبودگي کے لیئے کوشش کریں مگر اس سعي کو اس نیت سے کرنا کہ اُسکا احسان ھم پر سے ٹل جاوے بدباطني میں داخل ھی — احسان ھم پر سے کبھي ٹل نہیں سکتا کیونکہ احسان کنندہ کو احسان کرتے وقت کچھہ معاوضہ ملنے کي توقع نہیں ھوتي وہ صرف از راہ محبت ایک کام ھمارے فائدہ کا کرتا ھی — اِس سے ھم اُسکے ممنون ھوتے ھیں ایسا احسان صرف اس سبب سے کہ اول کیا گیا ھی بعد کے ھزار احسانوں سے بھي نہیں اُترتا بعض لوگ اس نیت سے احسان کسي پر کرتے ھیں کہ وہ شخص ھمیشہ اُنکا ممنون رھے ایسي حالت میں گو اُس شخص کو ھمیشہ احسانمند رھنا زیبا ھی مگر اُس احسان کي خود قدر گھٹ جاتي ھی ایسے ھي احسان کرنے والے بعد کو احسان جتایا کرتے ھیں اور واقع میں احسان کرکے بھول جانا یا سواے محبت کے اور کسي قسم کي عوض کي امید نرکھنا بہت عالي ھمت اور شریف لوگوں کا کام ھی *

گو اوپر کے فقروں میں دوست کے احسان اوتار نے کي خواھش کو ھم برا کہہ آئے ھیں مگر ھم اُس بدباطني کي بھي مذمت کرتے ھیں جو کہ خواھش مذکورہ بالا کي ضد ھی یعني اس بات کي خواھش رکھنا کہ جس دوست پر ھم احسان کرچکے ھیں اُسکا احسان نہ لینا چاھیئے تاکہ ھمارا احسان اُسپر سے اُتر نہ جاوے جس شخص میں ایسي خواھش ھوتي ھی وہ کبھي سچا دوست نہیں ھوتا اور اُسکا احسان نہایت ناگوار گذرتا ھی کیا اُس نے ھمکو بے بس یا بے مقدور سمجھکر احسان کیا تھا یا یہہ کہ ھمکو فقیر و ذلیل اور اپنے تئیں امیر و کبیر اور ھم سے مرتبہ میں اعلی سمجھتا ھی کہ ھم جو اُسکي خدمت محبت سے کرني چاھتے ھیں اُسکے قبول کرنے میں اُسکو عار ھی ھاں اگر دوست کو تکلیف دینے میں ھمکو تامل ھو تو یہہ عین محبت ھی مگر اس غرض سے اُس سے کسي بات کي درخواست نہ کرني یا اُسکي دولت کے نہایت قلیل حصہ کو بھي اپنے لیئے صرف نہونے دینا کہ ھمپر اُسکا احسان نہونے پاوے یا یہہ کہ ھمارا احسان اُسپر سے نہ اُتر جاوے بدباطني اور نفاق میں داخل ھی *

ایک اور بات کا ھم مختصر ذکر کرتے ھیں — زندگي کے تجربہ سے اکثر معلوم ھوا ھی کہ جب کبھي دوستوں میں لین دین شروع ھوا دوستي میں غالباً خلل واقع ھوتا ھی اس لیئے ھماري دانست میں دوست کو ھمیشہ قرض حسنہ دے کہ اگر بالفرض وہ ادا نہ کرسکے تو محبت شکني نہو یہہ بہتر ھی کہ اگر دوست قرض مانگے تو صاف بیان کردے کہ مقدار خاص سے زیادہ وہ دے نہیں سکتا اور اگر ایسے انکار سے کوئي دوست ناراض ھو تو اُسکا قصور ھی *

ھمنے ایک بڑے شخص کے منہہ سے یہہ مقولہ سنا ھی کہ "دوست را میاز ما " مگر اسکے معني ھرگز یہہ نہیں کہ اُسکے احسان لینے سے یا وقت ضرورت مدد کي درخواست کرنے سے عار رکھہ بلکہ یہہ معني ھیں کہ بلا ضرورت صرف اپنے دوست کي وفاآزمائي کے واسطے اُس سے کوئي درخواست نہ کرني چاھیئے کیونکہ آزمانا صرف شبہہ کي حالت میں ھوتا ھی اور وہ دوست صادق نہیں جو اپنے دوست کي وفا پر شبہہ کرے — زمانہ خود ھر شخص کي خاصیت کو کھول دیتا ھی پھر ھم کیوں اپنے دوست کي نسبت بدگماني کریں جب تک ممکن ھو اُسکو اپنا دوست سمجھیں اور اگر اخیر کو وہ بد باطن نکلے تو صرف خاموش اور علحدہ ھوجاویں مگر اول ھي آدمي کے پہچاننے میں ھمکو احتیاط چاھیئے تاکہ آخر کو ندامت نہو * مصرع

چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیماني

از کریست کالج کیمبرج
١٠ اگست سنہ ١٨٧١ع

رقیمہ
محمد محمود عفي عنہ

اشتہار

از طرف کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان

واضح ہو کہ آج کی تاریخ تک کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان کی تحویل میں زر توفیر چندہ بقدر مبلغ تین سو پچپن روپیہ ساڑہ دس آنہ کے موجود ہی مگر کمیٹی نے آج کے اجلاس میں یہہ تجویز کی ہی کہ ایک سلیکٹ کمیٹی مقرر ہو اور وہ اُن تمام کتابوں کو جو آج تک زبان اُردو میں تصنیف یا ترجمہ ہوئی ہیں قلمی ہوں یا چھاپہ کی جہاں تک ممکن ہو سب کو مستعار لیکر جمع کرے اور اُن کی ایک فہرست علوم وار بنائے اور اُس میں مصنفوں کا نام اور نہایت اختصار سے مضمون کتاب مندرج کرے تاکہ معلوم ہو کہ آج تک کسقدر کتابیں اور کس کس علم کی زبان اُردو میں موجود ہوگئی ہیں *

بعد اِسکے کمیٹی مذکور اُن سب کتابوں کو دیکھہ کر ایک عام طور پر اُنکی نسبت راے دے اور ہر ایک علم کی جو عمدہ کتابیں قابل درس کے ہیں اُنکو منتخب کرے اور اُنکی نسبت بالتخصیص اپنی راے ظاہر کرے اور یہہ لکھے کہ اور کس کس علم کی اور کسقدر کتابوں کی اُردو زبان میں موجود ہونے کی بالفعل اشد ضرورت ہی *

کمیٹی کی یہہ بہی خواہش ہی کہ کتب موجودہ کو اور نیز جنکا آیندہ موجود کرنا مقصود ہو چار منفصلہ ذیل درجوں میں تقسیم کیا جاوے *

اول وہ کتابیں جنکی ضرورت اُسقدر تحصیل علم کے لیئے ہی جو اِنٹرنس کا درجہ کہلاتا ہی مگر واضح ہو کہ کلکتہ یونیورسٹی میں جسقدر تحصیل انگریزی زبان میں اِس درجہ کے لیئے مقرر ہی وہ نہایت کم ہی اور اُسقدر تحصیل سے کچھہ لیاقت نہیں آتی اِس لیئے اس درجہ میں اُسقدر علم کی کتابیں داخل ہونی چاہیئیں جو لندن یونیورسٹی میں (مٹریکیولیشن) درجہ کے لیئے ہیں اِس لیئے کہ انگریزی زبان میں علم تحصیل کرنے میں جو مشکلات بسبب غیر زبان ہونے کے پیش آتی ہیں وہ اُردو زبان میں پیش نہ آوینگی اور طالب علم بخوبی لندن یونیورسٹی کے برابر پڑہ سکینگے *

دوم وہ کتابیں جنکی ضرورت اُسقدر تحصیل علم کے لیئے درکار ہی جو (آرٹ) کا درجہ کہلاتا ہی *

سوم وہ کتابیں جنکی ضرورت اُسقدر تحصیل علم کے لیئے ہی جو (بیچلر آف آرٹ) کا درجہ کہلاتا ہی *

مگر لحاظ رہے کہ اِن درجوں کے لیئے اُسیقدر علم کی کتابیں داخل ہونی چاہیئیں جو لندن یونیورسٹی میں اِس قسم کے درجوں کی تعلیم کے لیئے مقرر ہی *

چہارم وہ کتابیں جو درجہ (ماسٹر آف آرٹ) کے لیئے درکار ہیں *

تمام لوگ جو مسلمانوں کی تعلیم کے خواہشمند ہیں اِسبات کو غالبا تسلیم کرینگے کہ یہہ تحقیقات جسکے لیئے سلیکٹ کمیٹی مقرر ہوئی ہی نہایت مفید اور بنیاد ترقی تعلیم مسلمانان بلکہ بنیان ترقی تعلیم اہل ہند ہی مگر جسقدر روپیہ کہ اسوقت تک کمیٹی کے پاس موجود ہی وہ اِس امر کی تمام کار روائی کے انجام دینے کے لیئے اور فہرست کتب اور رپورٹ کمیٹی کے چھاپہ ہونے کے لیئے کافی نہیں ہی اور اِسلیئے ضرورت ہی کہ اور روپیہ بطور چندہ اور ڈونیشن کے جمع کیا جاوے اور جو نئے شخص چندہ دیں وہ بلحاظ بائی لاز کمیٹی کے ممبر متصور ہوں پس ممبران موجودہ کمیٹی سے بہی درخواست امداد کی جاتی ہی اور نیز اور مسلمانوں سے بہی درخواست ہی کہ اپنی شرکت سے اور تائید چندہ و ڈونیشن سے اِس مفید کام کے انجام میں مدد فرماویں *

بموجب تجویز صدر کمیٹی خواستگار ترقی تعلیم مسلمانان کے جاری ہوا *

سید احمد
سکرتری

مقام بنارس ۳۱ جولائی سنہ ۱۸۷۱ ع

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور باہتمام منشی محمد مشتاق حسین شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم]　　۱۵ رجب المرجب سنه ۱۲۸۸ هجري　　[نمبر ۱۲

بسم الله الرحمن الرحيم

مضمون نمبر ۵۲

نوشته سيد احمد

ابطال غلامي

تبرية الاسلام عن شين الامة والغلام

ديباچه

خدا نے اِنسان کو ايک ايسي هستي بنايا هى جسکي فطرت ميں آزادي اور خود مختاري رکهي هى اُس کو ذي عقل اور ذي شعور پيدا کيا هى ' اُس کو تمام قوى ' ظاهري و باطني عطا کيئے هيں اُن کے استعمال کي اُس کو قدرت بخشي هى هر کام کے شروع کرنے کي سمجهه اور اُس کے انجام کي سونچ اُس کو دي هى تاکه هر کام کا آغاز و انجام خود سونچ لے ' اُس کو ايسي فطرت پر بنا يا هى که وه خود اپنے ليئے تمام چيزوں کے مهيا کرنے کا حاجتمند هى خود خدا نے فرمايا هى که

ليس للانسان الا ما سعى

اِنسان کے ليئے بجز اُس کے جسکي وه خود کوشش کرتا هى کچهه نهيں هى پس يهه تمام حالتيں اِس بات پر دلالت کرتي هيں که اس پتلے کے صانع کي مرضي يهي تهي که يهه پتلا خود اپنا آپ مالک رهے *

غلامي ان تمام چيزوں کے پا يوں کهو که صانع کي مرضي کے برخلاف هى اور اِسليئے خدا کي مرضي کے مطابق نهيں هوسکتي حقيقت ميں غلامي سے زيادہ کوئي چيز فطرتي نيکي کے (جو اصلي منبع تمام نيکيوں کا هى) برعکس اور مخالف نهيں هى ' غلامي بے اِنتها بديوں کي جڑ اور تمام بد اخلاقيوں کي ماں اور کلية اخلاق حميده کي دشمن هى کيا پاک پروردگار ايسي ناپاک چيز کو اِنسان کے حق ميں جائز کرتا ؟ کيا خدا تعالى ان تمام صفات کو جو اُس نے اِنسان ميں پيدا کي هيں غلامي کي حالت سے برباد کرنا پسند کرتا ؟ يهه تمام لطيف قوى جو خدا نے اِنسان ميں اِسليئے پيدا کيئے هيں که خدا کے ليئے کام ميں آويں دوسروں کے تصرف ميں جانے پر راضي هوتا ؟ جب که خدا خود الهام کرچکا هى که

کلکم عبيدالله و کل نساء کم اماءالله

تمام مرد ميرے غلام هيں اور تمام عورتيں ميري لونڈياں هيں تو کيا وه اپنا شريک پيدا کرکو خوش هوتا *

لا و الله يا الله انت و حدک لاشريک لک *

آزادي جو هرايک اِنسان کا قدرتي حق هى غلامي ٹهيک اُس کو برباد کرنے والي هى ' قدرتي حقوق کا برباد کرنا اصلي ظلم اور

ڈهیت نا اِنصافي هی ' پس اِنسان ایسي خطاؤں کا خطاوار هوسکتا هی کیونکہ وہ ناقابل سهو و خطا نهیں هی مگر خدا ایسے قصور کا تقصیروار نهیں هوسکتا وہ تمام خطاؤں سے پاک اور تمام تقصیروں سے مبرا هی *

یهہ سمجهنا کہ اگر غلام آرام و آسایش سے رکهے جاویں اور رحم و محبت سے پرورش کیئے جاویں تو کوئي برائي نهیں هی محض غلطي اور سرتا سر دهوکا هی ' غلامي فيِ‌نفسہ ایک قدرتي گناہ هی اور اُنکو بدسلوکي سے رکهنا دوسرا گناہ هی پس کوئي چیز قدرتي گناہ سے زیادہ خوف ناک نهیں هی *

غلامي تمام اخلاق انساني کو خراب کرنے والي هی غلاموں کے خیالات اور اُنکي عقل اور عادات انساني حالت سے تنزل کرکر حیواني حالت میں آجاتے هیں اور جو لوگ غلام بناتے هیں وہ جبراً اور ناانصافي سے انسان کو جو اشرف‌المخلوقات هی تنزل کي حالت میں ڈالتے هیں ' غلامي کي حالت میں انسان کے تمام قدرتي قویل جنکو خدا نے وسیلہ ترقي بنایا هی معطل و بیکار هو جاتے هیں اور اُنکي حالت هر طرح پر اُنکي ترقي کي جنکي ترقي کرنا قدرت کے قانون بنانے والے قادر مطلق کي مرضي هی مانع هوتي هی *

محنت و مشقت اُٹهانے کي قوت جو خدا نے انسان میں اس مراد سے پیدا کي هی کہ انسان اپني ترقي اور بهلائي کے لیئے صرف کوے غلاموں میں بالکل معدوم هوتي هی کیونکہ اُنکي کوئي محنت اُنکے لیئے نهیں هی *

محبت و الفت جو انسان کي زندگي کي جان هی اور جسپر دین و دنیا دونوں کي بهلائي منحصر هی غلامي کي حالت میں بالکل مردہ هوجاتي هی جو لطف اور اُنس و محبت ازدواج سے پیدا هوتا هی وہ غلاموں کو حاصل نهیں هوتا اُنکا ازدواج وحشي جانوروں کے ازدواج سے کچهہ زیادہ رتبہ نهیں رکهتا اولاد کي محبت اور اُنکي پرورش کا جوش جتنا کہ جانوروں میں هی غلاموں میں اتنا بهي نهیں هوتا غلاموں میں والہ همدردي کا کسي سے یهاں تک کہ اپني اولاد سے بهي مطلق نهیں هوتا بیوفا هونا اُسکي ایک مشهور صفت هو جاتي هی *

مالکیت کي جو ایک قدرتي خوشي هی وہ غلاموں میں بالکل معدوم هوتي هی کیونکہ وہ کسي چیز کے یهاں تک کہ خود اپنے آپ کے بهي مالک نهیں هوتے اور یهہ حالت ادنی سے ادنی جاندار سے بهي جسکو خدا نے پیدا کیا هی نهایت کمینہ اور بدتر حالت هی *

چونکہ غلام بجز روٹي کهانے اور کپڑا پهننے کے اور کوئي حق دنیا میں اپنے لیئے نهیں رکهتے اس لیئے وہ اُن تمام حقوق سے جو خدا نے ایک انسان کے دوسرے پر پیدا کیئے هیں نا واقف رهتے هیں اور اس لیئے کچهہ اُن کي قدر نهیں جانتے اور گناہ اور دوسروں کي حق تلفي اور طرح طرح کے جرایم دیني و دنیوي کے مجمع بن جاتے هیں اور اپنے نفس کو کسي طرح ضبط میں نهیں رکهہ سکتے *

نهایت سچ کها هی جس نے کها هی کہ غلام زمانہ موجود کي مخلوق هی کیونکہ اُس کي حالت قابل ترقي کے نهیں هی زمانہ آیندہ میں بہ نسبت زمانہ موجود کے کوئي بهتري اُس کے لیئے نهیں هی زمانہ آیندہ اُن کے لیئے درحقیقت تکرار زمانہ گذشتہ کي هی اُن کو قواے انساني میں سے بجز بهوک اور غصہ کے اور کچهہ نصیب نهیں پیش بیني اور پیش بندي میں حیوان مطلق سے کچهہ بهي زیادہ نهیں *

جو قوت کہ خدا تعالی نے انسان کو اپني خواهشوں کو اعتدال میں رکهنے کے لیئے بخشي هی وہ غلامي کي حالت سے زایل هو جاتي هی اور اس لیئے غلام نهایت کمینہ خواهشوں اور خوشیوں کے بالکلیہ مغلوب هو جاتے هیں اور نفس امارہ کے روکنے کي باگ اُن کے قابو میں نهیں رهتي *

نهایت سچا قول هی کہ غلامي کي حالت غلاموں کے خیالات اور اخلاق کو خراب اور ابتر کر دیتي هی وہ اپني پیدایش سے ظلم و بے انصافي کے مظلوم رهتے هیں اور اس لیئے انصاف اور انسانیت کے حقوق کو بهت کم جانتے هیں ' اُنکا مدرسہ بے ایماني اور فساد هی اُنکے تمام حقوق ضایع هو جاتے هیں اور اس لیئے دوسروں کے استحقاق کو توڑنا اور ضایع کرنا گویا اُن کي جبلت هو جاتي هی اور اسي سبب سے چوري جهوٹ بولنا اُن کا روزمرہ کا کام هوتا هی اور اُس کي برائي اور گنهگاري اُن کو سمجهانا اِمکان سے خارج هوتا هی پس اُن کي حالت ایسي هو جاتي هی کہ گویا اُن کے تمام قوی عقلي اور اخلاقي سب ضایع هو گئے هیں *

غلاموں کي حالت کي خرابي اُن کي جسماني حالت کي خرابي سے کچهہ زیادہ تعلق نهیں رکهتي بلکہ وہ خرابي زیادہ تر روح سے علاقہ رکهتي هی انسان کي روح جهاں تک کہ خراب و برباد هو سکتي هی غلامي اُس کے خراب اور برباد کرنے کو کافي هی ' غلام کو اس بات کا مطلق خیال نهیں آتا کہ میں کیا هوں اور مجهے کیا هونا چاهیئے مجهہ میں کیا کیا قوتیں هیں اور اُن کو کس طرح اور کس درجہ تک ترقي دینا چاهیئے *

غلامي صرف غلاموں هي کے اخلاق کو خراب نهیں کرتي بلکہ اُن کے آقاؤں کے اور جو لوگ غلام کرنے سے تعلق رکهتے هیں

تیوھار میں جو یوبلي کا سال کہلاتا تھا اس قسم کے غلام آزاد ھوجاتے تھے *

توریت مقدس سفر لویان باب بست و پنجم آیت ۳۹ لغایت ۴۳ میں یہہ لکھا ھی — اگر برادرت نزد تو فقیر شدہ بتو فروختہ شود بندگي بندگان را بار مگذار — باتو مثل مزدور یا چوں مہماں باشد و ترا تا سال یوبلي خدمت نماید انگاہ از نزد تو بیروں رود و اولادش بہمراھش تا بقبیلہ خود بر گردد و ھم بملک اباے خود رجعت نماید — زیرانکہ بندگان منند و ایشان را از زمین مصر بیروں آوردم مثل فروش بندگان فروختہ نشود — باوے بجفا حکمراني منما و از خداے خود بترس *

دوم — وہ صغیرالسن لڑکے و لڑکیاں جو اُنکے ماں باپ سے خرید لي جاتي تھیں — یہہ طریقہ بھي غالباً یہودیوں سے جاري ھوا تھا *

توریت مقدس سفرلویان باب بست و پنجم ایت ۴۴ لغایت ۴۶ میں لکھا ھی — بندگان و کنیزکانے کہ ازان تواند از طوایفی کہ در اطراف شمایند ازیشان بندگان و کنیزکان را بخرید و ھم از پسران مسافران غریبی کہ باشمایند ازایشان و ھم از قبیلہ ھاے ایشان کہ باشما بودہ در زمین شما تولید یافتہ اند بخرید تا براے شما مملوک باشند و ایشان را براے پسران شما بعد از شما مملوک سازند تا انکہ ملک موروثي باشند و ایشان را ابداً بندہ سازید اما برادران شما پسران اسرائیل با یکدیگر بجفا حکمراني ننمایند *

سوم — وہ صغیرالسن لڑکے ولڑکیاں جو کسي ملک سے بھگاکر یا چورا کرلے آتے تھے *

چہارم — وہ جنکو بزبردستي ڈاکہ زني یا رھزني کے طور سے پکڑ لاتے تھے *

پنجم — دشمن کے ملک کا وہ آدمي جو لڑائي کے زمانہ میں بلاامان خفیہ چلا آتا تھا اور گرفتار ھوجاتا تھا *

ششم — وہ مرد و عورت و بچے جو لڑائي میں قید ھوتے تھے ایسي عورتوں کے ساتھہ مشرکین عرب بمجرد اُن کے گرفتار کرنے کے مباشرت کو جائز اور درست سمجھتے تھے چنانچہ اِس وحشیانہ اور ناپاک حرکت کو فرزدق شاعر زمانہ جاھلیت کا اسطرح پرفخریہ بیان کرتا ھی —

و ذات حلیل انکحتہا رماحنا * حلال لمن یبنی بہا لم تطلق

بلاشبہہ ان تمام وحشیانہ رسموں کو سنکر جو قبل اسلام نسبت غلامي کے عرب میں جاري تھیں انسان کے دل پر نہایت سخت اثر ھوتا ھی اور اِسبات کي تلاش پررغبت کرتا ھی کہ کوئي ایسا زمانہ بھي گذرا ھی جسمیں ایسي بے رحمیوں کے معدوم کرنے پر کوشش کي گئي ھو اور انسانیت نے اپنے درجہ کمال پر ظہور کیا ھو پس اب ھم اُسي زمانہ کي تلاش پر متوجہہ ھوتے ھیں *

باب دوم

اِس بات کے بیان میں کہ لونڈیوں اور غلاموں کي نسبت اور غلامي کي رسم کي نسبت جو زمانہ جاھلیت میں تھي اِسلام نے کیا کیا

اسلام کے شروع ھوتے ھي زمانہ جاھلیت کي تمام رسمیں موقوف نہیں ھوگئي تھیں بلکہ زمانہ اسلام میں بھي زمانہ جاھلیت کي بہت سي رسموں پر جب تک کہ اُن کے برخلاف کوئي حکم نہیں آیا عمل درآمد رھا مثلاً متعہ کي رسم ' شراب خواري ' احرام کي حالتمیں گھروں کے دروازوں سے گھروں میں نہ آنا ' برھنہ ھوکر طواف خانہ کعبہ کرنا ' دو بہنوں سے ایک ساتھہ شادي کرنا ' باپ کي جورو کو اپني جورو بنا لینا ' متبنٰی کي جورو کو بعد طلاق بھي محرمات میں سے جاننا ' یہہ تمام جاھلیت کي رسمیں ایسي تھیں کہ زمانہ اسلام میں بھي جب تک امتناع نہیں آیا اِن پر عمل ھوتا رھا اسیطرح غلامي کي رسم پر بھي جب تک آیت حریت نازل نہیں ھوئي کچھہ تھوڑا سا عملدرآمد ھوا مگر اُس کے بعد ھرگز نہیں ھوا اور اِسي لیئے ھم کہتے ھیں کہ صرف اسلام ھي ایسا کامل دین ھی جسنے غلامي کو دنیا سے معدوم کرنا چاھا ھی *

اِسمیں کچھہ شک نہیں کہ قبل نزول آیت حریت جو غلام موجود تھے اُن کو اسلام نے دفعتاً آزاد نہیں کیا اور نہ اُن کے اُن تعلقات کو توڑا جو بموجب رسم زمانہ جاھلیت اُن میں تھے بلکہ آیندہ کي غلامي کو معدوم کیا اور موجودہ غلاموں کے لیئے بہت سي تدبیریں اُن کے رفتہ رفتہ آزاد ھوجانے کي کیں ' جو لوگ اصول انتظام مدن سے واقف ھیں وہ خوب جانتے ھیں کہ کسي ملک کے اور خصوصاً عرب کیسے ملک کے جسمیں لونڈیوں و غلاموں کے تعلقات اُن کے آقاؤں سے ایک عجیب ھي قسم کے اور نہایت پیچ در پیچ تھے تمام لونڈیوں اور غلاموں کا دفعتاً آزاد کردینا کیسا مشکل اور کسقدر مختلف قسم کي خرابیوں اور دقتوں بلکہ انواع اقسام کے گناھوں کا مورث ھوتا اِسلیئے دفعتاً اُنکا آزاد کرنا غیر ممکن عادي تھا پس اسلام نے عین رحمت اور حکمت کي جو اُن کو دفعتاً آزاد نہیں کیا بلکہ اُن کے رفتہ رفتہ آزاد ھونے کي اور آیندہ کي مسدودي کي تدبیر کي *

بارہ سو برس بعد اِس واقعہ کے بڑے بڑے مدبروں نے جو غلامي کے معدوم ھونے میں کوششیں کیں وہ بھي اِس سے زیادہ کچھہ نکرسکے کہ

آیندہ کي غلامي کو بند کیا اور موجودہ غلاموں کے رفتہ رفتہ آزاد هونیکي تدبیر کي البتہ اُن کي تدبیروں میں اور باني اسلام کي تدبیروں میں اِتنا فرق تها کہ اُن کي تدبیریں زیادہ تر مادي چیزوں سے علاقہ رکهتي تهیں اور باني اسلام کي تدبیریں زیادہ تر روحاني چیزوں سے متعلق تهیں *

اُس نے غلاموں کے مالکوں کو وحي کي رو سے سمجهایا کہ " غلاموں کے آزاد کرنے سے زیادہ کوئي پیاري چیز اللہ کے نزدیک نہیں هے " *

اُس نے بعض گناهوں کے کفارہ میں بردہ آزاد کرنے کا حکم دیا *

صاف یہہ حکم دیا کہ اگر غلام کما کر اپني قیمت ادا کردیني چاهیں تو اقرار نامہ لیکر اُن کو چهوڑ دو *

ایسے غلاموں کو جن کے مالکوں نے قیمت لیکر آزاد کرنے کا وعدہ کیا هے خیرات دینے اور چندہ دینے پر رغبت دلائي *

بیت‌المال میں سے مکاتب غلاموں کي آزادي کے لیئے روپیہ دینا تجویز کیا *

بعض حالتیں ایسي مقرر کیں کہ اُس میں لونڈیاں از خود بلا آزاد کیئے آزاد هو جاویں *

ایسے معاهدہ یا اقرار کو جس میں ذراسا بهي اشتباہ معاهدہ یا اقرار آزادي کا هو بمنزلہ معاهدہ و اقرار کامل آزادي کے قرار دیا *

موجودہ غلاموں کي ترقي حالت کے لیئے بهي نہایت سنجیدہ احکام صادر فرمائے — غلاموں کے مالکوں کو مناسب سے زیادہ خدمت لینے سے منع کیا — یہہ حکم دیا کہ وہ لونڈي غلام کہہ کر نہ پکارے جاویں — اُن کو مثل اپنے کهلایا پہنایا جاوے — اُن کو اُن کے رشتہ‌داروں سے جدا نہ کیا جاوے — یہہ احکام ایسے سنجیدہ اور رحم کے بهرے هوئے تهے جن سے غلاموں کي حالت کو بہت ترقي هوئي تهي بلکہ وہ غلامي کي حالت سے بهائي بندي کي حالت پر پہونچ گئے تهے — پس کوئي تدبیر اور کوئي حکیم اور کوئي انسان کا بهلائي چاهنے والا اُن کے ساتهہ اس سے زیادہ نہیں کرسکتا تها جو کہ اسلام نے اُن کے ساتهہ کیا *

مگر قرآن مجید میں جو متعدد جگہہ لونڈیوں و غلاموں کا ذکر آیا هے اور بعضي جگہہ اُن کي نسبت کچهہ احکام بهي بیان هوئے هیں اُس سے لوگ متعجب هونگے کہ اگر غلامي معدوم هوگئي تهي تو وہ احکام قران مجید میں کیوں آئے تهے *

اسي چیز نے بڑے بڑے عالموں کو دهوکہ دیا هے اور غلطي میں ڈالا هے مگر سمجهہ لینا چاهیئے کہ وہ تمام احکام اُنہیں موجودہ لونڈیوں و غلاموں کي نسبت هیں جو بموجب رسم جاهلیت اور قبل نزول آیت حریت کے غلام هو چکے تهے اور جن کو اسلام نے بهي آزاد نہیں کیا تها چنانچہ اُن تمام آیتوں میں جن میں لونڈي و غلام کا ذکر هے ایک بهي ایسا لفظ نہیں هے جو آیندہ کي غلامي پر جس کو هم بلفظ رقیت مستقبلہ تعبیر کرینگے دلالت کرتا هو *

اس مقام پر هم اپنے اس بیان کے اثبات کے لیئے قران مجید کي اُن تمام آیات کو نقل کرتے هیں جن میں کوئي ایسا لفظ آیا هے جو غلامي پر دلالت کرتا هے اور تمام دنیا پر اپنے اس دعوے کي تصدیق ظاهر کرتے هیں کہ اُن میں ایک لفظ بهي ایسا نہیں هے جو رقیت مستقبلہ پر دلالت کرتا هو *

لفظ ماملکت

یہہ لفظ قران مجید کي پندرہ آیتوں میں آیا هے اول تو یہہ لفظ خود هي صیغہ ماضي کا هے جو ملکیت مستقبلہ پر دلالت نہیں کرتا اور قطع نظر اس کے اُن آیتوں کے معاني بهي کسي طرح رقیت مستقبلہ پر اشارہ نہیں کرتے *

آیت اول — سورہ نساء میں اللہ تعالے فرماتا هے کہ " اگر متعدد جوروئیں کرنے میں تمکو اس بات کا ڈر هو کہ برابر نرکهہ سکو گے تو ایک هي عورت سے یا اُس سے جس کے مالک تمهارے هاتهہ هو چکے هیں نکاح کرو " *

> فان خفتم الا تعدلوا فواحدة اوماملکت ایمانکم — ۴ — ۳

آیت دویم — اسي سورہ میں اللہ صاحب نے دوسري جگہہ فرمایا کہ " تم پر وہ رشتہ‌دار عورتیں جنکا بیان هوا اور آزاد عورتیں حرام کي گئي هیں مگر وہ جو تمهارے هاتوں کي ملک هوچکي هیں خدا نے یہہ حکم تم پر لکهدیا هے اور اِن کے سوا جتني هیں وہ تمهارے لیئے حلال کي گئي هیں اس طرح پر کہ تم اپنے مال کے (یعني مهر کے) بدلے نکاح کرنا چاهو پاکدامني رکهنے کو نہ مستي نکالنے کو " *

> والمحصنات من النساء الاماملکت ایمانکم کتاب اللہ علیکم و احل لکم ما وراء ذالکم ان تبتغوا باموالکم محصنین غیر مسافحین

اس آیت میں جو لفظ محصنات کا هے اُس کے معني اکثر مفسروں نے شوهر والي عورتیں لیئے هیں اور ماملکت ایمانکم کے لفظ سے یہہ مراد لي هے کہ وہ عورتیں لڑائي میں قید هو آئي هوں اور اُن کے کافر شوهر دارالکفر میں هوں اور اِس گهڑي هوئي تقریر سے یہہ نتیجہ نکالتے هیں کہ لڑائي میں جو عورتیں شوهر والي یا بے شوهر والي پکڑي جاویں وہ لونڈیاں هیں اور اُن سے بهایم کي مانند مباشرت کرني درست هے *

چنانچہ تفسیر کشاف میں لکھا ھی که محصنات شوھر والي عورتیں ھیں اس لیئے که اُنھوں نے بیاہ کر کر اپني شرمگاہ کو محفوظ کر لیا ھی پس وہ محفوظ کرنے والي اور محفوظ کي گئي ھیں اور ھاتوں کے مالک ھو چکنے سے یہه مراد ھی که وہ عورتیں لڑائي میں بندي ھوکر اُن کے ھات آئي ھوں پس وہ عورتیں مسلمان غازیوں کے لیئے حلال ھیں اور اگرچہ وہ شوھر والي ھوں — نعوذباللہ *

والمحصنات — و ھن ذوات الازواج لانھن احصن فروجھن بالتزویج ذھن محصنات و محصنات — الا ماملکت ایمانکم — یرید ماملکت ایمانھم من اللاتي سبین ولھن ازواج في دارالکفرفھن حلال لغزاۃ المسلمین و ان کن محصنات

مگر جس شخص کو خدا نے ضلالت تقلید سے بچایا ھوگا اور خدا کے کلام کو اُس ادب سے جسکا وہ مستحق ھی دیکھیگا تو یقین کرلیگا که اس آیت کي یہه مراد نہیں ھی نه اس میں لڑائي کے قیدیوں کا کچھه ذکر ھی اور نه ان لفظوں کے یہه معني ھیں *

تفسیر کبیر میں لکھا ھی که قران مجید میں احصان کا لفظ چار معنوں میں آیا ھی — اول — بمعني حریت یعني ازادي جیسیکه خدا تعالی نے سورہ نور میں فرمایا ھی که جولوگ بد کاري کي تہمت محصنات یعني آزاد عورتوں پر لگاویں اور پھر چار گواہ نه لاسکیں تو اُن کو اَسي درہ مارو

والذین یرمون المحصنات ثم لم یاتوا باربعۃ شھداء فاجلدوھم ثمانین جلدۃ

اور اِسیطرح سورہ نساء میں فرمایا که پھر جب وہ یعني لونڈیاں شوھردار ھوجاویں اور پھر بدکاري کریں تو اُن پر بہ نسبت محصنات یعني آزاد عورتوں کے ادھا عذاب ھی اور تفسیر کبیر میں بھي محصنات کے معني الحرایر یعني آزاد عورتیں لکھے ھیں

فاذا احصن فان اتین بفاحشۃ فعلیھن نصف ما علی المحصنات من العذاب — یعني الحرائر

— اور اسي جگہه خدا تعالی نے فرمایا ھی که جو کوئي تم میں سے محصنات یعني آزاد عورتوں سے نکاح کرنےکي وسعت نرکھتا ھو

و من لم یستطع منکم طولا ان ینکح المحصنات — یعني الحرایر

اس جگہه بھي تفسیر کبیر میں محصنات کے معني الحرایر یعني آزاد عورتوں کے لکھے ھیں *

دوم — بمعني پاکدامني جیسیکه خدا تعالی نے اِسي سورۃ میں فرمایا ھی که محصنین یعني پاکدامني رکھنے کو نه مستي نکالنے کو اور لونڈیوں کي نسبت بھي فرمایا ھی که محصنات یعني پاکدامني رکھنے والیاں نه مستي

محصنین غیر مسافحین — اور محصنات غیر مسافحات

نکالنے والیاں — اور اسي طرح سورہ انبیا میں حضرت مریم کي نسبت فرمایا والتي احصنت فرجھا * اے اعفۃ * اور جس نے پاک دامني سے رکھا اپني شرمگاہ کو — احصنت کا لفظ جو اِس آیت میں ھی اُسکے معني تفسیر کبیر میں عفت یعني پاکدامني کے لکھے ھیں *

سوم — بمعني اسلام — ھم ابھي سورہ نساء کي ایک آیت لکھه چکے ھیں جس میں لفظ اُحصن کا ھی تفسیر کبیر میں اِس کے معني لکھے ھیں ''احصن'' اے اسلمن — یعني جب لونڈیاں مسلمان ھوجاویں اور پھر بدکاري کریں تو اُن پر بہ نسبت ازاد عورتوں کے ادھا عذاب ھی *

علماء حنفیه اور دیگر علماء کو جو اِس جگہه اُحصن کے معني اسلمن کے لینے پڑے اِس کا یہه سبب ھی که اگر یہه معني نلیں تو اُنکا ایک دوسرا مسئلہ رجم محصنات کا جڑ پیڑ سے ھل کر گرپڑتا ھی اِس لیئے اُنھوں نے اُحصن کے اسلمن معني بنائے مگر ھم اِن معنوں کو تسلیم نہیں کرتے *

چہارم — بمعني شوھردار — پس جو لوگ که والمحصنات من النساء سے شوھردار عورتیں مراد لیتے ھیں اُن کے پاس اُس کي کیا سند ھی اِس لیئے که لفظ متعدد المعني سے ایک معین معني ایک مسئلہ عظیمہ کے اخذ کرنے کو مقرر کرنے کے لیئے کوئي دلیل عقلي یانقلي چاھئي سو یہاں بجز اپنے قیاس سے ایک بات کہدینے کے نه کوئي عقلي دلیل ھی نه نقلي *

خود اِس آیت سے ثابت ھی که یہاں محصنات سے آزاد عورتیں مراد ھیں کیونکه یہي لفظ کئي جگہه اِس مقام پر آیا ھی اور سب جگہه آزاد عورتیں ھي اُس سے مراد لي گئي ھیں *

تفسیر کبیر میں بھي اِس بات کو تسلیم کیا ھی اور قبول کیا ھی که جس طرح اور جگہه اِس لفظ کے معني آزاد عورتوں کے ھیں اسي طرح اِس جگہه بھي اِس لفظ کے معني آزاد عورتوں کے ھیں چنانچہ

ان المراد ھھنا بالمحصنات الحرایر والدلیل علیه قوله تعالی بعد ھذہ الایۃ و من لم یستطع منکم طولا ان ینکح المحصنات المومنات فمن ماملکت ایمانکم ذکر ھھنا المحصنات ثم قال بعدہ و من لم یستطع منکم طولا ان ینکح المحصنات کان المراد بالمحصنات ھھنا ماھوالمراد ھناک ثم المراد من المحصنات ھناک الحرایر فکذا ھھنا

اُس میں لکھا ھی که اِس جگہه محصنات سے آزاد عورتیں مراد ھیں اور خود خدا تعالی نے جو اِس آیت کے بعد فرمایا ھی اُسکي دلیل ھی اور وہ فرمانا یہه ھی که جو کوئي تم میں سے بخوبي مقدور نرکھتا ھو که محصنات یعني مسلمان آزاد عورتوں سے نکاح کرے تو اُن سے کرلے جو تمہارے ھاتوں کي ملک ھوچکي ھیں خدا تعالی نے پہلي دفعہ محصنات کا

لفظ فرمایا پهر دوسري دفعه بهي وهي لفظ محصنات کا فرمایا تو جو مراد محصنات کے لفظ سے اِس جگهه هوگي وهي اُس جگهه هوگي پهر اُس جگهه تو محصنات سے آزاد عورتیں مراد هیں پهر اُس جگهه بهي وهي مراد هیں *

اور الا ما ملکت ایمانکم جو اِس آیت میں ایا اُس سے لونڈیوں هي کے معني لینے ضروري نهیں هیں اِس لیئے که نکاح کے سبب جو ملکیت هوجاتي هی اُس پر بهي ماملکت ایمانکم کا اطلاق هوتا هی اور جو عدد ازواج کے خدانے همارے لیئے جایز کردیئے هیں اُنپر بهي ملکیت کا اطلاق هوتا هی چنانچه تفسیر کبیر میں لکها هی که ”اِس آیت میں جو لفظ نفي قوله الاماملکت ایمانکم اور جهاں الاماملکت ایمانکم آیا هی

الاول المراد منه العدد الذي جعله الله ملکا لکم و هوالاربع فصار التقدير حرمت عليکم الحراير الاالعددالذي جعله الله ملکا لکم وهوالاربع والثاني الحراير محرمات عليکم الاماأثبت الله لکم ملکا عليهن و ذلک عند حضورالولي والشهود و سايرالشرايط المعتبرة في الشريعة نهذا الاول في تفسير قوله الا ماملکت ايمانکم و هوالمختار ويدل عليه قوله تعالى والذين هم لفروجهم حافظون الا على ازواجهم اوماملکت ايمانهم جعل الله ملک اليمين عبارة عن ثبوت الملک فيها فوجب ان يکون ههنا مفسرا بذلک لان تفسير کلام الله بکلام الله اقرب الطرق الى الصدق والصواب

اُسکے معني یهه هیں — پهلے یهه که اُس سے مراد وه تعداد هی جو الله نے هماري ملک کردي هی یعني چار آزاد عورتوں تک تو اب آیت کے معني یهه هوئے که تم پر آزاد عورتیں حرام هوئیں مگر اُتني جتني که خدا نے تمهاري ملک کردي هیں یعني چار دوسرے یهه که آزاد عورتیں تم پر حرام هیں مگر وه جن میں الله تعالی نے تمهاري ملکیت مقرر کردي هی اور یهه ملکیت جب هوتي هی جب ولي موجود هو اور گواه حاضر هوں اور تمام شرطیں جو شریعت میں نکاح کے لیئے مقرر هیں وه سب پوري هوں پس یهي ٹهیک تفسیر هی خدا کے کلام الا ماملکت ایمانکم کي اور اسیکو عالموں نے اختیار کیا هی اوراِس کي صحت پر قران مجید کي دوسري آیت بهي دلالت کرتي هی — سوره مومنون میں خدا تعالی نے فرمایا هی که جو مسلمان اپنے عضو شهوت کي نگهباني کرتے هیں بجز اپني جورؤں کے یا اُن کے جنکے مالک اُنکے هاتهه هوچکے هیں — اِس آیت میں الله صاحب نے هات کي ملک سے مسلمانوں کي ملکیت کا اُن میں ثابت هونا مراد لیا هی پس واجب هی که اُس آیت میں بهي یهي مراد لي جاوے اِس لیئے که تفسیر قران مجید کي ایک آیت کي قران مجید کي دوسري آیت سے نهایت ٹهیک رسته سچائي اور درستي پر چلنے کا هی *

علاوه اِس کے اگر ماملکت ایمانکم سے لونڈیاں هي مراد ٹهراویں تو بهي آیت کے معني یهه هونگے که تم پر آزاد عورتیں حرام هوئي هیں مگر وه عورتیں جو پهلے آزاد تهیں مگر اب تمهاري لونڈیاں هوچکي هیں *

اگر انسان کو ضلالت تقلید میں خدا تعالی نکالے اور اُس کے دلکو اُس سچائي اور نور حقیقي سے جو مذهب اسلام میں هی روشن کرے تو اِس آیت کا مطلب سمجهنے میں کچهه بهي دقت نهیں هی — اِس جگهه خدا تعالی نے جو عورتیں اور رشته دار عورتیں حرام هیں اور جو حلال هیں اُن کا بیان فرمایا هی مگر قبل نزول اِس آیت کے اِسکا کچهه لحاظ نه تها خدا تعالی نے جو کچهه که قبل اِس آیت کے هوچکا تها اُسکے جایز رکهنے کو یهه فرمایا که جو آزاد عورتیں تمهاري ملک هوچکي هیں یعني اُس زمانه کي رسم بموجب تصرف میں آچکي هیں وه حرام نهیں هیں پس اِس سے کوئي حکم رقیت مستقبله کا نهیں نکل سکتا *

اِسکي نظیر اسي سورة میں اور اسي جگهه موجود هی که اهل عرب اپنے باپ کي جورو کو جورو بنانے میں کچهه قباحت نهیں سمجهتے تهے جب اُس کي نهي آئي تو خدا نے فرمادیا که اِس سے پهلے جو هوچکا وه هوچکا چنانچه خدا تعالی فرماتا هی ”مت نکاح کرو اُن

لاتنکحوا ما نکح اباءکم من النساء الا ما قد سلف

عورتوں سے جن سے تمهارے باپوں نے نکاح کیا هی مگر جو کچهه که پهلے هوچکا“ یعني وه اِس امتناع میں داخل نهیں هی *

آیت سوم — الله صاحب نے سوره نساء میں فرمایا هی

ومن لم يستطع منکم طولا ان ينکح المحصنات المومنات فمن ما ملکت ايمانکم من فتياتکم المومنات

اور جو کوئي تم میں سے بقدر مقدور نرکهتا هو که مسلمان آزاد عورتوں سے نکاح کرے تو جو عورتیں تمهارے هاتهوں کي ملکیت هو چکي هیں اُنمیں سے جو مسلمان چهوکریاں هیں اُن سے نکاح کرے *

آیت چهارم — الله تعالی نے اسي سورة میں دوسري جگهه فرمایا هی که

واعبدوا الله ولاتشرکوا به شيئا و بالوالدين احسانا و بذي القربي و اليتمى والمساکين و الجار ذي القربي و الجار الجنب والصاحب بالجنب وابن السبيل و ماملکت ايمانکم

”الله کي عبادت کرو اور اُسکے ساتهه کسي چیز کو شریک مت کرو اور ما باپ کے ساتهه سلوک کرو اور قرابت مندوں اور یتیموں اور غریبوں اور قرابت مند همسایه اور اجنبي همسایه اور اپنے پاس کے بیٹهنے والے کے ساتهه اور اُنکے ساتهه جو تمهارے هاتهوں کي ملک هو چکي هیں *

آیت پنجم — الله صاحب نے سورة نحل میں فرمایا هی که

واللهفضل بعضکم علي بعض في الرزق فماالذين فضلو ابرادي رزقهم علي ماملکت ايمانهم فهم فيه سوا

الله نے تم میں سے کسیکو کسي پر رزق کي فراخي میں زیادتي دي هی پس جنکو زیادتي دي هی وہ اپنا رزق اُنکو بهي دیں جنکے مالک اُنکے هاتهہ هوچکے هیں تاکه رزق میں وہ برابر رهیں *

آیت ششم و هفتم — یهہ ایت سورة مومنوں میں بهي هی

والذين هم لفروجهم حافظون الا علي از واجهم او مالکت ايما نهم فانهم غير ملومين

اور سورة معارج میں بهي هی اسمیں الله صاحب نے فرمایا هی که جو مسلمان اپنے عضو شهوت کي نگهباني کرتے هیں مگر اپني جوروؤں کے ساتهہ یا اُن کے ساتهہ جنکے مالک اُنکے هاتهہ هوچکے هیں تو اُن پر کچهہ ملامت نهین *

آیت هشتم — الله صاحب نے سورة نور میں فرمایا هی که

اونسائهن او مالکت ايمانهن

" عورتوں کو اپنا سینه جو اُن کے بدن کي زیبایش هی سب لوگوں سے سواے بعض کے ڈهکا رکهنا چاهیئے اور جن لوگوں سے چهپا رکهنا ضرور نهیں هی اُن میں سے یهہ لوگ هیں جنکا اس مقام پر بیان هی یعني آپس کي عورتیں یا وہ جنکے مالک اُن کے هاتهہ هوچکے هیں *

آیت نهم — اسي سورة میں دوسري جگهہ یهہ ایت هی که جو لوگ

والذين يبتغون الکتاب ممامکلت ايمانکم فکاتبوهم ان علمتم فيهم خيرا

اُن لوگوں میں سے جو تمهارے هاتهوں کي ملک هوچکے هیں خط آزادي چاهیں تو اُنکو لکهدو اگر جانو اُسمیں بهتري *

آیت دهم — اسي سورة میں الله صاحب نے فرمایا هی که "

ياايهاالذين امنوا ليستاذنکم الذين ملکت ايمانکم

اے مسلمانوں تین وقت هیں جنکا بیان اس آیت میں هی تمهارے پاس اُنکو بهي اجازت لیکر آنا چاهیئے جنکے مالک تمهارے هاتهہ هوچکے هیں *

آیت یازدهم — الله صاحب نے سورة روم میں تمثیلاً فرمایا هی

ضرب لکم مثلا من انفسکم هل لکم من ماملکت ايمانکم من شرکاء فيما رزقناکم *

که تمکو تمهارے هي حالٓ سے مثل دي که جو کچهہ خدا نے تمکو دیا هی کیا اُس میں ان لوگوں میں سے کوئي جنکے مالک تمهارے هاتهہ هوچکے هیں تمهارے شریکوں میں هی *

آیت دوازدهم — الله صاحب نے سورة احزاب میں فرمایا هی که

ياايها النبي انا احللنالک ازواجک اللاتي ايتت اجور هن و ماملکت يمينک ممااقاءالله عليک

اے نبي همنے حلال کین تیرے لیئے تیري جوروئیں جنکا مهر تو دے چکا هی اور جو تیرے هاتهوں کي ملک هوچکي هیں اُن میں سے جنکو الله نے تجهکو دیا هی * "

یهہ وہ آیت هی جس میں احکام ازواج مطهرات مذکور هیں اور اسکے بعد کي آیت میں آنحضرت صلعم کو اِسکے بعد اور کسي عورت سے ازدواج کرنے سے امتناع آیا هی اور اِس سے ثابت هوتا هی که جناب رسول خدا صلعم کے ازدواج کے کوئي احکام خاص نهیں تهے بلکه جسطرح که عرب میں ازدواج کا دستور تها اُسیطرح پر ازدواج هوا تها — البته متبنی کي زوجه کے بعد طلاق حرام نهونے کي نسبت احکام صادر هوئے تهے سو وہ بهي جناب پیغمبر خدا صلعم کے ساتهہ مخصوص نهیں هیں بلکه حکم مذکورہ تمام مسلمانوں کے لیئے هی مگر اِس آیت میں خدا تعالی نے اُن تمام ازدواجون کو جو هوچکے تهے حلال و پاک قرار دیا اور ازدواج آیندہ سے منع فرمایا چنانچه اسي سورة میں فرمایا هی

ولا يحل لک النساء من بعد ولا ان تبدل بهن من ازواج ولو اعجبک حسنهن

اور نهیں حلال هیں تجهکو عورتیں اِسکے بعد اور نه یهہ که اُن جوروؤں کے بدلے اَوْر جوروئیں کرے اگرچه اُنکا حسن تجهکو اچها لگتا هو *

قبل نزول اس آیت کے مقوقس مصر کے بادشاہ نے دو لونڈیاں ایک ماریه قبطیه اور دوسري سیرین بطور تحفه کے بهیجي تهیں اُن میں سے ماریه قبطیه بموجب رسم عرب کے حضرت کے تصرف میں تهیں — اس طرح پر تحفه آنے کو عربي زبان میں (فئی) کهتے هیں اس آیت میں خدا تعالے نے فرمایا که ماملکت یمینک مما افاء الله علیک تو اس سے ظاهر هوتا هی که اُس تصرف کو بهي

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چهپا اور باهتمام
منشي محمد مشتاق حسین شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] یکم شعبان المعظم سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۱۳

تتمه مضمون نمبر ۵۲

خدا نے درست رکھا مگر اُسکے بعد مطلقاً ازدواج کو منع کردیا پس اِس آیت سے بهي کسي طرح رقیت مستقبله کا ثبوت نهیں هوتا *

بعضے لوگ افاء کے معني غنیمت یعني لڑائي کي لوٹ کے کهتے هیں اور اُس پر یهه دلیل لاتے هیں که لڑائي میں لوٹ کے وقت جو عورتیں هاتهه آویں وه لونڈیاں هوجاتي هیں مگر یهه دلیل اُنکي دو وجهه سے غلط هی اول اِس لیئے که لڑائي کے قیدیوں کي نسبت خاص حکم آچکا هی که وه احسان کرکر یا فدیه لیکر چهوڑ دیئے جاویں دوسرے اِس لیئے که (افاء) کے معني لڑائي کي لوٹ کے نهیں هیں بلکه کافر بغیر لڑائي کے جو کچهه دیں وه فئی هی چنانچهه بحارالانوار میں لکها هی

الفئی ما حصل المسلمین من اموال الکفار من غیر حرب ولا جهاد واصله الرجوع

که ” فئی وه چیز هی جو کافروں کے مال میں سے بغیر لڑائي کے اور بغیر جهاد کے مسلمانوں کے هاتهه آوے “ البته کبهي کبهي مجازاً غنیمت کے مال پر بهي (فئی) کا اطلاق هوجاتا هی مگر جبکه اصلي معني بالکل صحیح و درست اور مطابق واقع کے هوں تو مجازي معني اختیار کرنے کي کوئي وجهه نهیں هی *

علاوه اِس کے تمام آیت میں اُن موجوده عورتوں کي نسبت احکام هیں جو آنحضرت صلعم کے پاس موجود تهیں اور (ملکت) اور (افاء) دونو ماضي کے صیغے هیں پهر اُن سے رقیت مستقبله پر کیونکر استدلال هوسکتا هی *

آیت سیزدهم — الله تعالی سوره احزاب میں فرماتا هی

قد علمنا ما فرضنا علیهم في ازواجهم و ماملکت ایمانهم

که ” همکو معلوم هی جو کچهه مقرر کر دیا همنے مسلمانوں پر اُن کي جوروؤں کے باب میں اور اُن کے باب میں جن کے مالک اُن کے هاتهه هو چکے هیں “ *

آیت چهاردهم — اسي سورة میں خدا تعالے نے فرمایا

لا یحل لک النساء من بعد ولا ان تبدل بهن من ازواج ولو اعجبک حسنهن الا ماملکت یمینک

” نهیں حلال هیں تجهکو عورتیں اس کے بعد اور نه یهه که اُن جوروؤں کے بدلے اور جوروئیں کرے اگرچه اُنکا حسن تجهکو اچها لگتا هو مگر وه جسکے مالک تیرے هاتهه هوچکے هیں *

یهه آیت اور اسکے پہلے کي آیت جس میں تحدید ازواج هی دونوں کا مطلب واحد هی اِس آیت کي ابتداء میں مطلقاً عورتوں کے حلال سے منع فرمایا تها مگر الا ما ملکت کهنے سے وه عورتیں مستثنی هوگئیں جنکا بیان پہلي آیت میں هوا اِسلیئے که ماملکت یمینک اُس ملکیت کو بهي

شامل هى جو بسبب نكاح يا مما افاء الله عليك كے حاصل هوئي هو پس

لايحل لك النساء من بعد ولا ان تبدل بهن من ازواج ولو اعجبك حسنهن الا ازواجك اللاتي آتيت اجورهن او ما ملكت يمينك مما افاء الله عليك

آيت كے معني يهه هوئے كه ,, نهيں حلال هيں تجهكو عورتيں اسكے بعد اور نه يهه كه ان جوروؤں كے بدلے اور جوروئيں كرے اگرچه اُن كا حسن تجهكو اچها لگتا هو مگر تيري وه جوروئيں جنكا مهر تو دے چكا هى اور جو تيرے هاتهه لكي مالك هوچكي هيں اُن ميں سے جنكو الله نے تجهكو ديا هى ،، پس اِس آيت ميں بهي كوئي ايسا لفظ نهيں هى جو رقيت مستقبلة پر دلالت كرتا هو *

آيت پانزدهم — الله صاحب نے اسي سورة ميں فرمايا هى

ولا نسائهن ولا ماملكت ايمانهن

كه ,, عورتوں كو اپني عورتونكے اور جنكے مالك اُنكے هاتهه هوچكے هيں سامنے آنا گناه نهيں *

يهه بات صحيح هى كه قران مجيد ميں بهت سے افعال صيغة ماضي سے بيان هوئے هيں حالانكه جو احكام اُن كي نسبت هيں وه زمانه مستقبل كو بهي شامل هيں مگر افعال انساني دو قسم كے هيں ايك وه كه جنكا تحقق اور وقوع دونو ايك ساتهه هيں مثلا قتل كه جب وه واقع هوگا اُسكا تحقق بهي هوگا پس ايسے افعال جو صيغة ماضي سے بيان هوں اُن كے احكام مستقبل كو بهي شامل هيں كيونكه اُن كا تحقق صرف وقوع فعل پر منحصر هى مگر دوسري قسم كے افعال يعني وه جنكا تحقق حكمي هى تو اُن كا تحقق بغير موجود هونے حكم كے نهيں هوتا رقيت ايك حكمي شى هى تو جب تك حكم رقيت موجود نهو تحقق رقيت كسي فعل انساني سے نهيں هوسكتا اور حكم رقيت قران مجيد ميں موجود نهيں هى پس جو الفاظ متضمن معني رقيت بصيغة ماضي بيان هوئے هيں وه رقيت مستقبلة پر حاوي نهيں هوسكتے *

لفظ رقبة

يهه لفظ چار جگهه قران مجيد ميں آيا هى چنانچه اُن آيتوں كو جن ميں يهه لفظ هى هم اِس جگهه لكهتے هيں تاكه معلوم هو كه اُن آيتوں سے كسي طرح حكم رقيت مستقبلة مستنبط نهيں هوتا *

آيت اول — الله تعالى سورة نساء ميں فرماتا هى كه ,, مسلمان

و ماكان لمومن ان يقتل مومنا الا خطاء و من قتل مومنا خطاء فتحرير رقبة مومنة و دية مسلمة الى اهله الا ان يصدقوا فان كان من قوم عدو لكم وهو مومن فتحرير رقبة مومنة و ان كان من قوم بينكم و بينهم ميثاق فدية مسلمة الى اهله و تحرير رقبة مومنة فمن لم يجد فصيام شهرين متتابعين توبة من الله و كان الله عليما حكيما

كو نهيں چاهيئے كه مسلمان كو مار ڈالے مگر يهه كه انجاني سے مار ديا هو اور جس شخص نے كه انجاني سے كسي مسلمان كو مار ڈالا هو تو گلو خلاصي هے ايك مسلمان كي يعني ايك بردہ آزاد كرے اور خون بهادے اُسكے وارثوں كو مگر يهه كه وه معاف كرديں پهر اگر وه تمهارے دشمن كي قوم ميں سے تها اور وه مسلمان تها تو آزاد كرے مسلمان بردہ اور اگر ايسي قوم ميں سے تها جن ميں تم سے اور اُن سے عهد هى تو خون بهادے اُسكے وارثوں كو اور آزاد كرے مسلمان بردہ اور جسكو مسلمان بردہ نملے تو دو مهينے برابر روزے ركهے تاكه الله اُسكو معاف كرے ،، *

آيت دوم — الله صاحب نے سورة مائدہ ميں فرمايا كه

لايؤاخذكم الله باللغو في ايمانكم و لكن يؤاخذكم بما عقدتم الايمان فكفارته اطعام عشرة مساكين من اوسط ما تطعمون اهليكم او كسوتهم او تحرير رقبة فمن لم يجد فصيام ثلثة ايام

,, الله تعالى تمكو نهيں پكڑتا تمهاري بيفائده قسموں پر مگر پكڑتا هى اُسپر جس پر تمنے مضبوطي سے قسم كهائي تهي پهر اُسكا كفاره دس محتاجوں كو متوسط درجه كا كهانا كهلانا جيسا كه تم اپنے گهر والوں كو كهلاتے هو يا اُنكو كپڑا پهنانا يا مسلمان بردہ آزاد كرنا هى اور اگر نه ملے تو تين دن روزے ركهنے هيں *

آيت سوم — الله صاحب نے سورة مجادله ميں فرمايا هى كه

و الذين يظاهرون من نسائهم ثم يعودون لما قالوا فتحرير رقبة من قبل ان يتماسا ذلكم توعظون به و الله بما تعملون خبير فمن لم يجد فصيام شهرين متتابعين من قبل ان يتماسا فمن لم يستطع فاطعام ستين مسكينا

,, جو كوئي تم ميں سے اپني جوروؤں ميں سے كسيكو ماں كهه بيٹهے اور پهر جو بات كهي تهي اُس سے پهرنا چاهے تو آزاد كرے ايك بردہ اپني جورو كو چهونے سے پهلے اس سے تمكو نصيحت هوگي اور الله جانتا هى جو تم كرتے هو پهر جسكو نملے تو دو مهينے برابر روزے ركهے اپني جورو كے چهونے سے پهلے اور جو نكرسكے تو ساٹهه محتاجوں كو كهانا كهلاوے ،، *

آيت چهارم — الله صاحب سورة بلد ميں فرماتا هى كه آزاد كرنا

فك رقبة

بردہ كا بڑي گهاٹي كا پهلانگنا هى *

ان تمام احكام ميں جو غلام نه ملنے كي حالت ميں اَور دوسري قسم كے كفاروں كا ذكر آيا هى اِس سے رقيت مستقبلة كے معدوم هونے پر اشاره نكل سكتا هى فتدبر *

لفظ الرقاب

یهه لفظ قران مجید میں دو جگهه بمعني عبد آیا هی مگر کوئي لفظ بهي اُن آیتون کا جنمیں یهه لفظ هی رقیت مستقبله پر دلالت نهیں کرتا *

آیت اول — سورہ بقر میں الله صاحب نے اُن باتوں کو جو

والسائلین و في الرقاب

اِس آیت میں بیان هوئي هیں نیکیاں گنا هی اور اُنهي کے ساتهه مسافروں اور سائلوں کو خیرات دینا اور بردہ آزاد کرنے میں روپیه خرچ کرنا نیک کام فرمایا هی *

آیت دوم — سورہ توبه میں الله صاحب نے زکوۃ کے روپیه کا خرچ

انما الصدقات للفقراء و المساکین و العاملین علیها و المؤلفة قلوبهم و في الرقاب

بتلایا هی که کهاں کهاں خرچ هوگا اُسي کے ساتهه بتلایا که بردہ آزاد کرنے میں بهي خرچ کیا جاویگا *

لفظ عبد

یهه لفظ بمعني غلام تین چار جگهه قران مجید میں آیا هی اور اُس سے بهي رقیت مستقبله پر استدلال نهیں هوسکتا *

آیت اول — یعني الله صاحب نے مسلمان عورتوں کو مشرکین

و لعبد مومن خیر من مشرک و لوا عجبکم

سے شادي کرنے کو منع کیا هی اور بطور تاکید کے یهه فرمایا که مسلمان غلام بهي ایک مشرک سے اچها هی اگرچه وہ مشرک تمکو اچها معلوم هوتا هو *

آیت دوم — عرب میں بزمانه جاهلیت یهه دستور تها که ایک

الحر بالحر و العبد بالعبد

قوم دوسري قوم پر کسي سبب سے اپنے تئیں بڑا قرار دیتي تهي اور بڑائي کے سبب سے یهه هوتا تها که اگر بڑي قوم میں کا غلام مارا جاتا تو اُس کے بدلے میں دوسري قوم کے حر یعني آزاد کو مار ڈالتے تهے اور اگر عورت ماري جاتي تهي تو اُس کے بدلے مرد کو مارتے تهے اور اگر ایک مرد مارا جاتا تها تو اُس کے بدلے دو مرد مارتے تهے جب وہ لوگ مسلمان هوگئے اور اُس کا جهگڑا رسول خدا صلعم کے سامنے هوا تو قران مجید میں یهه حکم نازل هوا که الله تعالی نے تم پر قصاص فرض کیا هی اگر آزاد مرد مرد کو مارے تو وهي مارا جاوے اگر غلام غلام کو مارے تو غلام هي مارا جاوے اگر عورت عورت کو مارے تو وهي عورت ماري جاوے *

آیت سوم — الله صاحب نے سورہ نحل میں بت پرستوں کے

ضرب الله مثلاً عبدا مملوکا لایقدر علی شئی

سمجهانے کو ایک غلام کي مثال دي جو دوسرے کا مال هی اور کسي چیز پر کچهه اختیار نهیں رکهتا *

لفظ امة

قران مجید میں دو جگهه یهه لفظ هی اور کسي جگهه سے بهي رقیت مستقبله کا حکم نهیں پا جاتا *

آیت اول — سورہ بقر میں الله صاحب نے مسلمانوں کو مشرک

و لامة مومنة خیر من مشرکة و لو اعجبتکم

عورتوں سے بیاہ کرنے کو منع فرمایا اور تاکیداً یهه ارشاد کیا که ایک مسلمان لونڈي مشرک عورت سے اچهي هی اگرچه وہ مشرک عورت تمکو اچهي لگتي هو *

آیت دوم — الله صاحب نے سورہ نور میں فرمایا هی که "نکاح

وانکحوا الایامی منکم والصالحین من عباد کم و امائکم

کرو مسلمان رانڈوں کا اور نیک چال اپنے غلاموں اور لونڈیوں کا" *

لفظ فتیات

یهه لفظ بهي قران مجید میں دو جگهه بمعني لونڈیوں کے آیا هی مگر ایک جگهه بهي ایسا کوئي لفظ نهیں هی جو رقیت مستقبله پر اشارہ کرتا هو *

آیت اول — سورہ نساء کي آیت هی جو ذیل لفظ ماملکت میں بیان هوچکي *

آیت دوم — الله صاحب نے سورہ نور میں فرمایا هی که اپني

و لا تکرهو فتیاتکم علی البغاء ان اردن تحصنا لتبتغوا عرض الحیوۃ الدنیا

چهوکریوں پر بدکاري کے لیئے جبر نه کرو دنیا کي زندگي کا سامان بهم پهنچانے کے لیئے جبکه وہ چاهتي هیں پاک دامن رهنا *

لفظ اماء

یهه لفظ تین جگهه قران مجید میں آیا هی مگر صرف آیت سورہ احزاب هماري بحث سے متعلق تهي جس سے هم به ذیل لفظ ماملکت بخوبي بحث کرچکے *

لفظ غلام و جاریه

یهه لفظ قران مجید میں تو نهیں آئے مگر حدیث میں آئے هیں چنانچه وہ حدیث لکهي جاتي هی *

ابو هريره نے كہا كه جناب رسول خدا صلعم نے فرمايا هى كه

من ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه و سلم لا يقولن احدكم عبدي و امتي كلكم عبيد الله و كل نسائكم اماء الله و لكن ليقل غلامي و جاريتي و فتاي و فتاتي و لا يقل العبد ربي و لكن ليقل سيدي و في رواية ليقل سيدي و مولائي و في رواية لايقل العبد لسيده مولائي فان مولاكم الله رواه مسلم كذافي المشكواة

كوئي تم ميں سے يوں نه كهوے كه ميرا غلام اور ميري لونڈي تم سب خدا كے غلام هو اور سب تمهاري عورتيں خدا كي لونڈياں هيں مگر يوں كهو كه ميرا لونڈا اور ميري لونڈيه اور ميرا چهوكرا اور ميري چهوكري اور غلام بهي تمكو ربي نه كهے بلكه ميرے آقا يا ميرے مالك كهوے اور ايک روايت ميں آيا هى كه ميرے مالك بهي نه كهوے كيونكه تم سب كا مالك الله هى يهه حديث مسلم ميں هى اور مشكواة ميں بهي اُس كو نقل كيا هى *

باب سويم

علماء اسلام نے سبب طاري هونے رقيت كا صرف غلبه و استيلاء قرار ديا هى

يهه مسئله كه تمام انسان دراصل حر يعني آزاد هيں علماء اسلام بهي تسليم كرتے هيں اور قاعده كليه الحر معصوم بنفسه كو تسليم كرتے هيں اور اسي سبب سے ابتداء طاري هونا رقيت كا كسي انسان پر بذريعه بيع قبول نهيں كرتے چنانچه اُن كا قول هى كه " اگر كوئي ذمي يا حربي دارالاسلام ميں اپنے آپ كو يا اپني اولاد كو بيچے تو وه بيع جايز نهيں اور جو لوگ بيچے گئے هيں وه لونڈي و غلام نهيں هيں " *

اسي طرح اُن كا يهه بهي قول هى كه اگر حربي اپنے آپ كو يا اپني اولاد كو دارالحرب ميں بيچے تو وه بيع بهي جايز نهيں اور جب تک كه وه لوگ جو بيع هوئے هيں دارالحرب ميں هيں بالاتفاق جمله ائمه كے وه لونڈي و غلام نهيں هيں — ليكن اگر وه دارالحرب سے دارالاسلام ميں نكال لائے جاويں تو اس بات ميں كه بعد نكال لانے كے وه لونڈي و غلام هو جاتے هيں اختلاف هى بعضے كهتے هيں كه بسبب حصول غلبه مالاً لونڈي و غلام هو جاتے هيں اور اكثر كا يهه قول هى كه نهيں هوتے *

اكثر علماء اسلام اس بات كو بهي تسليم كرتے هيں كه اگر كوئي شخص دارالحرب ميں سے بغير لڑائي و غلبه كے دغا و فريب سے يا دهوكه ديكر كافروں كو يا اُن كي اولاد كو پكڑلاوے تو وه لونڈي غلام نهيں هوتے اور بعض كهتے هيں كه بسبب حصول غلبه و استيلاء كے مالاً لونڈي و غلام هو جاتے هيں *

مگر چار صورتيں هيں جن ميں بالاتفاق مسلمان عالموں كا فتوى هى كه اُن صورتوں ميں كافر لونڈي و غلام هو جاتے هيں اور اُس كے بعد بذريعه بيع و هبه وارث و وصيت كے منتقل هوتے هيں اور وه چار صورتيں يهه هيں *

اول — وه حربي كافر مرد اور عورت اور معصوم بچے جو جهاد ميں قيد هوں اور دارالحرب سے دارالاسلام ميں لے آئے جاويں *

دوم — دارالحرب ميں سے مسلمان بزبردستي كافروں كو يا اُنكي عورتوں اور بچوں كو پكڑ لاويں *

سوم — كافر بادشاه كسي مسلمان كو بطور نذر يا هديه كے يا جزيه و خراج كے كافروں كو يا اُن كے بچوں كو بهيجے *

چهارم — كوئي حربي دارالاسلام ميں بغير امان كے آجاوے اور پكڑا جاوے *

چنانچه يهه تمام صورتيں اهل سنت و جماعت كي كتب فقه ميں مندرج هيں جن كو بجنسه اس مقام پر هم نقل كرتے هيں *

روايت اول — فتاواے قاضيخاں ميں لكها هى كه حربي كا اپنے تئيں

ان الحربي اذا باع اباه اوابنه لايجوز فان اخرجه المشتري الي دارالاسلام ملكه ان لم يكن بينهما امان

يا اپنے بيٹے كو بيچنا جائز نهيں هى پهر اگر خريدار اُسكو دارالاسلام ميں نكال لاوے تو اُسكا مالك هو جاتا هى بشرطيكه مسلمانوں ميں اور اُن حربيوں ميں امن سے رهنے كا قرار نهو *

روايت دوم — قاضيخاں ميں يهه بهي لكها هى كه تمام روايتيں

واتفقت الروايات على انه لايجوز بيعه في دارالاسلام ومتى لم يجزالبيع في دارالحرب علي قول العامة فان اخرجه المشتري الى دار الاسلام اختلف المشايخ رحمهم الله فيه قال بعضهم يملكه لان البيع وان بطل فمتى اخرجه جبرا ملكه بالقهر ابتداء و قال بعضهم يكون حرا لان البايع لايملك التصرف فيه لابيعا و لا وطيا فلايملك المشتري و قال بعضهم ان كان البايع يرى جواز هذا البيع يملكه المشتري بالاخراج الى دارالاسلام اخرجه طايعا اومكرها وان كان البايع لايري جواز هذا البيع فان اخرجه المشتري كرها يملكه وان جاء به طايعاً لايملكه

اسبات ميں متفق هيں كه دارالاسلام ميں اُنكي بيع جائز نهيں هى اور جبكه عام علماء كے قول كے مطابق دارالحرب ميں اُنكي بيع ناجائز هى پهر اگر خريدار اُنكو دارالاسلام ميں نكال لاوے تو اسپر بڑے بڑے عالموں نے خدا اُنكو بخشے اختلاف كيا هى بعضے كهتے هيں كه وه اُنكا مالك هوجاتا هى كيونكه اگرچه اُنكي بيع باطل تهي مگر جبكه مشتري زبردستي سے اُنكو نكال لايا تو بسبب غلبه كے جو اُس نے كيا اُنكا مالك هوگيا اور بعضے كهتے هيں كه جنكو خريدا هى وه غلام نهيں

ابطال غلامي

هوتے بلکہ آزاد رهتے هیں کیونکه بایع اُنمیں کسي طرح کا تصرف بذریعه بیع یا مباشرت کے نهیں کرسکتا تھا تو بس مشتري بهي مالک نهوا اور بعضے کهتے هیں که اگر بایع اُنکي بیع کو جائز سمجهتا هی تو مشتري اُنکا مالک هوجاتا هی بشرطیکه اُنکو دارالاسلام میں زبردستي سے خواه رضامندي سے لے آوے اور اگر بایع اُنکي بیع کو جائز نهیں سمجهتا تو اگر مشتري اُنکو جبرا دارالاسلام میں نکال لایا هی تو تو اُنکا مالک هو جاویگا اور اگر رضامندي سے لایا هی تو نهیں هونے کا *

روایت سوم — حموي شرح اشباه میں لکها هی که حربي اور

> الحربي و الذمي لايملک بيع ولده في دارالاسلام فاذا باع في دارالحرب ان اخرجه منه كرها يملك وان اخرج المشتري باختياره فالاحتياط النكاح

ذمي دونوں اپني اولاد کو دارالاسلام میں نهیں بیچ سکتے جبکه اُنهوں نے دارالحرب میں بیچا هو تو اگر مشتري اُنکو زبردستي سے دارالاسلام میں نکال لاوے تو مالک هو جاتا هی اور اگر وه جسکو خریدا هی خود دارالاسلام میں چلي آوے تو اُس سے نکاح کرلینا احتیاط کي بات هی *

روایت چهارم — خزانة الروایات میں لکها هی که ایک مسلمان

> مسلم دخل دارالحرب بامان فاشترى من احدهم ابنه او اخاه فالصحيح انه لايجوز البيع لكنهم اذا دانو جواز هذا البيع ملكه بالقهر لابالشراء

دارالحرب میں امان مانگکر گیا پهر اُسنے وهاں کسي سے اُسکا بیٹا یا اُسکا بهائي مول لیا تو ٹهیک مسئله تو یهه هی که یه بیع جائز نهیں لیکن جبکه وهاں کے لوگوں نے اُس بیع کو جائز سمجها تو مشتري بسبب غلبه کے مالک هوا نه بسبب مول لینے کے *

روایت پنجم — هدایه میں لکها هی که حربي همارے مالک

> ولا يملك علينا اهل الحرب مدبرنا وامهات اولادنا ومكاتبنا واحرارنا و نملك عليهم جميع ذلك لان السبب انما يفيد الحكم في محله و المحل المال المباح و الحر معصوم بنفسه و كذا من سواه لانه يثبت الحرية فيه من وجه بخلاف ارقائهم لان الشرع اسقط عصمتهم جزاء على جنايتهم و جعلهم ارقاء و لا جناية من هؤلاء

نهیں هوتے نه همارے اُن غلاموں کے جو همارے بعد موت آزاد هوجاوینگے اور نه هماري صاحب اولاد لونڈیوں کے اور نه ان غلاموں کے جنکو هم نے خط ازادي لکهدیا هی اور نه همارے آزاد لوگوں کے مگر هم حربیوں کي اُن سب چیزوں کے مالک هوجاتے هیں اِس لیئے که سبب یعني غلبه جبکه ایسي جگهه هو جهاں هوسکتا هی تو جو نتیجه غلبه سے هوتا هی وه حاصل هوجاتا هی اور جس جگهه غلبه هوسکتا هی وه ایسا مال هی جسپر غلبه کرنا مباح هو اور آزاد لوگ بذات خود محفوظ هیں اور اسي طرح وه بهي جن میں کسي طرح سے بهي آزادي موجود هوتي هی برخلاف کافر کے بردوں کے اس لیئے که شرع نے اُن کي محفوظیت بسبب اُن کے گناه کے توڑ دي هی اور اُن کو برده کردیا هی اور همارے لوگوں میں جن کا اُوپر ذکر هوا اس قسم کا گناه نهیں هی *

روایت ششم — هدایه میں لکها هی که غلبه متحقق نهیں هوتا

> الاستيلاء لا يتحقق الا بالاحراز بالدار لانه عبارة عن الاقتدار على المحل حالا و مالا

جب تک که اُن کو دارالاسلام میں نه پکڑ لاویں اس لیئے که غلبه سے مراد قابو پانا هی مباح چیز پر بالفعل اور آخر کار تک *

روایت هفتم — بحرالرایق میں لکها هی که حاوي میں یهه

> و في الحاوي الملك الاختصاص الحاجز و انه حكم الاستيلاء لانه يثبت الملك فيه خاليا عن الملك والخالي عن الملك هو المباح و الاستيلاء الا غير هو طريق الملك في جميع الاموال لان الاصل الاباحة فيها و البيع والهبة و نحو هما ينتقل الملك المتاصل بالاستيلاء اليه ثمن شرط البيع الملك حالة البيع حتى لم يصح في مباح قبل الاستيلاء لتنقل المحل عن الملك وقته و بالارث والوصية تحصل الخلافة حتى كانه هو لا الانتقال حتى لايكون للوارث الرد بالعيب دون المشتري فالاسباب ثلاثة مثبت للملك و هو الاستيلاء و ناقل الملك و هو البيع و نحوه و خلافة و هو الارث والوصية

بات لکهي هی که ملک کیا چیز هی ایک خصوصیت هی جو غیر کو اُس میں تصرف کي مانع هی اور وه خصوصیت غلبه کا اثر هی اس لیئے که جو چیز کسي کي ملک نه هو اُس پر غلبه کے سبب سے ملکیت ثابت هو جاتي هی اور جو چیز نه کسي کي ملک نهو وه مباح هی اور تمام چیزوں میں صرف غلبه هي وه طریق هی جس سے ملکیت هو جاتي هی نه اور کوئي اس لیئے که اباحت تمام چیزوں میں اصل هی — اور بیع اور هبه اور مانند اُنکے جو معاهدے هیں اُن سے وه ملکیت جو بسبب غلبه کے حاصل هوتي هی منتقل الیه کے پاس منتقل هو جاتي هی پس بیع کي شرط سے یهه بات هی که جو چیز بیچي گئي هی وه بر وقت بیع کے بایع کي ملکیت هو یهاں تک که اگر کوئي شخص مباح چیز کو اُس پر غلبه کرنے سے پهلے بیچ ڈالے تو وه بیع جائز نهوگي اس لیئے که وه مباح چیز اُسوقت تک کسي کي ملک نه تهي — اور وراثت اور وصیت سے پهلے مالک کي جانشیني حاصل هوتي هی گویا یهه وهي پهلي ملک هی نه انتقال اور اسلیئے وارث بسبب عیب کے مال پهیر نهیں سکتا مگر مشتري پهیر سکتا هی پس تین سبب ملکیت کے هوئے ایک وه جو ملکیت ثابت کرتا هی وه تو

غلبه هى اور ايک وه جو ملكيت منتقل كرديتا هى اور وه بيع هى اور مثل أس كے اور ايک وه جو مالک كا جانشين كرديتا هى اور وه وراثت اور وصيت هى *

روايت هشتم — در مختار ميں لكها هى كه اگر مستامن دارالحرب

فلو اخرج الينا شيئاً ملكه ملكا حراما للغدر فيتصدق به بخلاف الاسير فيباح تعرضه وان اطلقوا طوعا لانه غير مستامن فهو كالمتلصص فانه يجوز له اخذالمال و قتل النفس

سے كوئي چيز دارالاسلام ميں نكال لاوے تو حرام مال كي مانند أسكا مالک هوگا كيونكه أس نے غدر كيا هى پس چاهيئے كه أس مال كو غريبوں كو ديدے

برخلاف أس شخص كے جس كو حربي قيد كركر لے گئے هوں پس أسكو تعرض كرنا درست هى اگرچه حربيوں نے أس كو اپني خوشي چهوڑ هي ديا هو كيونكه جو شخص قيد هوكر گيا وه مستامن نهيں هى بلكه وه چور كي مانند هى اور اس ليئے أسكو جائز هى مال كا لينا اور جان كا مارنا *

روايت نهم — ذخيرةالروايات ميں لكها هى كه عيون ميں لكها

اهدي ملک من ملوک اهل الحرب الى رجل من المسلمين هدية من احرارهم او من بعض اهله فان لم يكن بين المهدي والمهدي قرابة كانوا مماليک للمهدى اليه وانكان المهدى ذارحم محرم من المهدي او امة قدولدت له لم يصر ملكا للمهدى اليه

هى كه اهل حرب كے بادشاهوں ميں سے كسي بادشاه نے ايک مسلمان كو آزاد حربي يا كوئي اپنا رشتهمند بطور تحفه كے بهيجا پس اگر أن لوگوں ميں جو بطور تحفه كے بهيجے گئے هيں اور أس ميں جس كو تحفه بهيجا كچهه رشتهداري نهيں هى

تو وه أس كے مملوک هوجاتے هيں اور اگر وه شخص جو بهيجا گيا هى أس كا رشته مند قريب هو يا أسي كي صاحب اولاد لونڈي هو تو جسكو تحفه بهيجا گيا هى أس كي ملک نهيں هوتي *

روايت دهم — سراجيه ميں لكها هى كه ايک حربي دارالاسلام

حربي دخل الينا بغير امان فاخذه رجل منا فهو فئى لعامة المسلمين و قال ابو يوسف و محمد هو للذي اخذه

ميں بغير امان مانگے چلا آيا پهر أس كو ايک مسلمان نے پكڑ ليا تو وه بطور غنيمت تمام مسلمانوں كا مال هوجاتا هى

اور امام ابو يوسف اور امام محمد كي يهه راے هى كه وه أسي كا مال هى جسنے أسكو پكڑا *

ان تمام روايتوں سے ظاهر هوتا هى كه اگلے عالموں نے صرف غلبه اور استيلاء كو سبب رقيت قرار ديا هى — ايک مدت هوئي كه بعض لوگوں نے استفتاء كيا تها كه انسان كس چيز سے غلام و لونڈي هوتا هى اور كون سا آدمي هى كه غلام اور لونڈي هوسكتا هى أس كا جواب مولوي وجيهه الدين صاحب سهارنپوري نے لكها تها اور جناب مولوي محمد اسحق صاحب نے أس سے اتفاق كيا تها اور بعد كو مفتي محمد اكرام الدين خاں صاحب اور مولوي محمد كريم الله صاحب اور مفتي سيد رحمت عليخاں عرف مفتي مير لال صاحب اور جناب حضرت شاه احمد سعيد صاحب اور مولوي حاجي قاسم صاحب اور مولوي عبدالخالق صاحب اور جناب مولوي سيد نذير حسين صاحب اور مولوي حبيب الله صاحب اور جناب مولوي محمد صدر الدين خاں صاحب نے بهي أسپر اپني اپني مهريں ثبت فرمائي تهيں أس ميں بهي يهه لكها هى كه "سبب غلام و كنيزک هونے كا ابتداء غلبه هى حالا و مالا يعني بالفعل اور آينده كو نه غير اس كا بيع وغيره اسليئے كه سبب اور پيدا كرنے والا مالک كا هر چيز ميں غلبه هى نه غير اِس كا اور محل أس كا مال مباح هى نه غير اس كا اور آدمي ميں مال مباح فقط حربي هى اور معني غلبه كے قدرت اور قابو پانا هى ايک چيز پر بالفعل اور آينده كو بهي يعني اِس طرح أس كي پناه ميں آيا كه كوئي أسے چهڑا نهيں سكتا اور غالب حربي پر جو كوئي هو مسلمان هو يا كافر ذمي هو يا حربي مالک أس كا هوجاتا هى انتهى" مگر اب همكو ديكهنا چاهيئے كه غلبه و استيلاء كو جو سبب رقيت اور حربي كو مال مباح ٹهرايا هى آيا أس كے ليئے كوئي نص صريح قران و حديث ميں موجود هى يا نهيں اِس كا جواب صاف هى كه كوئي نهيں البته يهه بات كهي جاسكتي هى كه اگلے عالموں نے اپنے ذهن ميں قيديان جهاد كو لونڈي و غلام سمجهه كر اور صرف اپني راے سے اور نه كسي نص سے أن كي رقيت كي وجهه غلبه و استيلاء قرار دي اور جهاں كهيں أنهوں نے ذرا بهي غلبه و استيلاء كسي قسم كا پايا وهاں رقيت كو جاري كرديا مسلمانوں كا حربيوں كو زبردستي پكڑ لانا يا حربيوں كا بطور نذر كے بهيجنا يا حربيوں كا دارالاسلام ميں پكڑا جانا سب كو جهاد كے غلبه و استيلاء پر قياس كرليا *

كيسے تعجب كي بات هى كه اگلے علماء نے حربيوں كي اولاد كا دارالحرب ميں خريدنا بشرطيكه وه لوگ أنكا بيچنا جائز سمجهتے هوں اِس ليئے جائز قرار ديا هى كه أس ميں بهي غلبه و استيلاء كي صورت هى اور وه صورت يهه هى كه جب اهل حرب جواز بيع كے معتقد هوئے تو بعد بيع وه أس كو پهير نهيں سكتے پس بسبب خريدنے كے مسلمان كو حربي پر غلبه و استيلاء متحقق هوگيا — نعوذ بالله من هذه الا باطيل *

اب همارے علماء نے اس غلبه و استيلاء كو جو اپني دلبيعت كا ٹهرايا هوا اصول تها يهاں تک وسعت دي كه غلبه و استيلاء كرنے والے پر

ابطال غلامي

مسلمان هونے كي بهي شرط ساقط كردي اور لكهه ديا كه اگر كافر كافر كو بهي بغلبه و استيلاء پكڑلے تو وه بهي اُس كا غلام هوجاويگا چنانچه هدايه شريف ميں لكها هى كه جب كفار ترک كفار روم پر غالب

و اذا غلب الترک علي الروم فسبوهم واخذوا اموالهم ملكوها لان الاستيلاء قد تحقق في مال مباح و هوا اسبب

هوجاويں اور بندي پكڑليں اور مال لے ليں تو اُس كے مالک هوجاتے هيں كيونكه استيلاء يعني غلبه متحقق هوگيا مباح مال ميں اور وهي سبب ملک، هى *

باايں همه اب تک بفضل الهي سے كسي بزرگ نے يهه نهيں فرمايا كه حربيوں كو مال مباح كس اصول پر قرار ديا ايا قران مجيد ميں يا حديث نبوي ميں يهه حكم آيا هى يا حضرت جبرئيل اُن بزرگوں پر وحي لائے تهے البته جناب رسول خدا صلى الله وسلم نے يهه فرمايا هى كه لڑائي ميں لوٹ كا مال الله تعالى نے همكو مباح كيا هى اور يهه نهايت عمده اور بهت هي خوب اصول هى مگر انسان كو مال ميں داخل نهيں فرمايا غالبا همارے علماء نے قياس سے انسان كو بهي مال سمجها هى *

بهر حال جو هو اتني بات ضرور تسليم كرني چاهيئے كه غلامي ايک مسئله هى جسكو علماء اسلام نے نكالا هى يا اختيار كيا هى مگر اُسكو ايک مسئله شرعي منزل من الله كهنا كيسا جهوٹ اور اسلام پر كتنا بڑا اتهام كرنا هى *

ان تمام حالات سے اور تمام فقهي روايتوں سے جو مذكور هوئيں يهه بات ثابت هوگئي كه فقهاے اسلام نے جو غلبه و استيلاء كو سبب رقيت قرار ديا هى اُسكي اصل جهاد كے قيديوں كو لونڈي و غلام بنانے پر مبني هى پس اب همكو اسبات پر بحث كرني چاهيئے كه جهاد كے قيديوں كا لونڈي و غلام بنانا جائز هى يا نهيں كيونكه اگر اُن قيديوں كا لونڈي و غلام بنانا ناجايز ثابت هوجاويگا تو يهه اصول رقيت باطل هوجاويگا اور سب كو تسليم كرنا پڑيگا كه اسلام ميں كوئي شخص اور كسي حالت ميں لونڈي و غلام نهيں هوسكتا پس اب هم امر مذكورة كي بحث پر متوجهه هوتے هيں و الله المستعان *

باب چهارم

اِسبات كے بيان ميں كه قيديان جهاد كے لونڈي و غلام بنانے كا كوئي حكم قران مجيد يا حديث صحيح ميں نهيں هى

كوئي شخص نهيں كهه سكتا كه قران يا حديث ميں كسي جگهه يهه حكم هى كه جو لوگ جهاد ميں پكڑے جاتے هيں وه لونڈي و غلام هوجاتے هيں مگر اگلے عالموں نے قران مجيد سے اس مسئله كے استنباط پر كوشش كي هى چنانچه اُسكو اِس مقام پر لكهتے هيں اور جو غلطياں اُس استنباط ميں هيں اُنكو بهي بيان كرتے هيں *

استنباط اول — وه كهتے هيں كه بهت سي جگهه قران مجيد ميں اور احاديث صحيح ميں لونڈيوں اور غلاموں كا ذكر آيا هى اور بهت سے احكام اُنكي نسبت بيان هوئے هيں اور اس سے پايا جاتا هى كه اسلام ميں بهي لونڈي و غلام كا هونا جائز ركها گيا هى *

مگر يهه دليل رقيت مستقبله سے متعلق نهيں هوسكتي اس ليئے كه هم يهه بات ثابت كر آئے هيں كه قبل نزول آيت حريت كے جسقدر لونڈي و غلام موجود تهے اُن سب كو اسلام نے بطور لونڈي و غلام تسليم كيا تها اور اُنهيں كي آزادي اور آرام و آسايش كے ليئے احكام صادر كيئے تهے اور اُن احكام ميں كوئي لفظ بهي ايسا نهيں هى جو رقيت مستقبله پر دلالت كرتا هو *

استنباط دوم — الله تعالى نے سورة برات ميں نسبت اُن مشركين عرب كے جنهوں نے اپنے تمام عهد توڑ ديئے تهے اور دغا و بد عهدي كر كر لڑائي شروع كردي تهي يهه فرمايا كه " جب وه مهينے

فاذا انسلخ الاشهر الحرم فاقتلوا المشركين حيث وجدتموهم وخذوهم واحصروهم واقعدوالهم كل مرصد فان تابوا واقاموا الصلوة و اتواالزكوة فخلو سبيلهم ان الله غفور رحيم

جنميں لڑائي منع هى گذر جاويں تو مشركوں كو مارو جهاں پاؤ اور اُنكو پكڑو اور اُنكو گهيرو اور هر جگهه اُنكي گهات ميں بيٹهو پهر اگر وه توبه كريں اور نماز پڑهيں اور زكواة ديں تو اُنكا راسته چهوڑدو بےشک الله بخشنے والا مهربان هى *

ملا احمد جونپوري نے جو عالمگير كے عهد ميں تهے اِس آيت كا نام آيت استرقاق ركها هى اور علماء اسلام كے بڑے دوڑ اثبات رقيت پر يهه آيت هى مگر كوئي شخص بهي جس كے دل كي آنكهيں ضلالت تقليد سے اندهي نهيں هوئي هيں نهيں كهه سكتا كه اِس آيت سے رقيت ثابت هوتي هى — اس آيت ميں يا حكم قتل كرنے يعني لڑنيكا هى يا قيد كرنے كا يا كافروں كے رستوں كے روكنے كا هى تاكه وه مسلمانوں پر فوج نه لاسكيں يا شب خون يا اور كسي قسم كي لوٹ مار نكرسكيں اور اُن قيديوں كو غلام و لونڈي بنانے كا كهيں ذكر بهي نهيں هى — تعجب يهه هى كه مفسرين نے بهي اور خود ملا احمد جونپوري نے بهي اس آيت كي تفسير ميں استرقاق كا كچهه ذكر نهيں كيا چنانچه اس مقام پر متعدد تفسيروں سے اس آيت كي تفسير نقل كي جاتي هى *

ابطال غلامي

تفسیر بیضاوي میں لکھا هی کہ خذو هم کا لفظ جو اس آیت

و خذوهم — واسروهم — والاخیذ — الاسیر — واحصروهم — واحبسوهم وحیلو بینهم و بین المسجد الحرام واقعدوالهم کل مرصد — کل ممر لیئلا یتبسطوا فی البلاد

میں هی اُس کے معني یهہ هیں کہ اُنکو پکڑلو اس لیئے کہ اخیذ کے معني پکڑے هوئے کے هیں اور واحصروهم کے معني یهہ هیں کہ اُن کو روکے رکھو اور کافروں کے اور مکہ معظمہ کے درمیان میں رکاؤ هوجاؤ اور واقعدو لهم کل مرصد کے یهہ معني هیں کہ اُن کے رستے روک لو تاکہ وہ ملکوں میں نہ پهیل سکیں *

تفسیر مدارک میں بهي خذوهم کے معني پکڑلینے کے لکهے هیں اور

و خذوهم — واسروهم والاخذ الاسر واحصروهم — قیدوهم وامنعوهم من التصرف فی البلاد واقعدوالهم کل مرصد کل ممر ومجتاز ترصدونهم بہ

لکھا هی کہ اخذ کے معني هیں پکڑنے کے اور احصروهم کے معني هیں کہ اُن کو قید کرلو اور اُنکو ملکوں میں تصرف مت کرنے دو اور واقعدوا لهم کل مرصد کے یهہ معني هیں کہ اُن کے تمام رستے گهیر لو جہاں سے وہ جانا چاهیں *

تفسیر معالم التنزیل میں لکھا هی کہ وخذوهم کے معني هیں کہ

وخذوهم — واسروهم — واحصروهم اے احبسوهم قال ابن عباس یرید ان تحصنوا فاحصروهم ای امنعوهم من الخروج و قیل امنعو هم من دخول مکة والتصرف في بلاد الاسلام واقعدو لهم کل مرصد ای علی کل طریق والمرصد الموضع الذي یرقب فیه العدو من رصدت الشئی ارصده اذا ترقبه یرید کونوا لهم رصدا لتاخذوهم من اي جهة توجهوا و قیل اقعدوا لهم بطریق مکة حتی لایدخلوها

اُنکو پکڑلو اور احصرو هم کے معني هیں اُن کو روک لو حضرت ابن عباس کہتے کہ مطلب یهہ هی کہ اگر قلعہ میں پناہ لیں تو اُن کو گهیر لو اور نکلنے مت دو اور بعضوں نے کہا هی کہ اسکا مطلب یهہ هی کہ اُن کو مکہ میں مت آنے دو اور مسلمانوں کے شہروں پر دخل و تصرف مت کرنے دو اور واقعدوا لهم کل مرصد کے یهہ معني هیں کہ هر رستہ پر اُنکي گهات میں بیٹھو کیونکہ مرصد اُس جگهہ کو کہتے هیں جہاں دشمن کے ملنے کي اُمید هو چنانچہ عربي زبان کا ایساهي محاورہ هی مطلب یهہ هی کہ اُن کي تاک میں رهو تاکہ جس طرف وہ متوجهہ هوں اُنکو پکڑ لو اور بعضوں نے کہا هی کہ مطلب صرف اتنا هی کہ مکہ کے رستہ میں اُن کي گهات میں بیٹھے رهو تاکہ وہ مکہ میں نہ آ سکیں *

تفسیر کشاف میں لکھا هی کہ خذوهم کے معني یہ هیں کہ

وخذوهم — و اسروهم والاخیذ الاسیر و احصروهم — و قیدوهم و امنعوهم من التصرف فی البلاد و عن ابن عباس حصرهم ان یحال بینهم و بین المسجد الحرام کل مرصد وکل ممر ومجتاز ترصدونهم بہ

اُن کو پکڑ لو اس لیئے کہ اخیذ اُس کو کہتے هیں جو پکڑا گیا هو اور و احصروهم کے معني هیں کہ اُن کو قید کرلو اور اُن کو شہروں پر تصرف مت کرنے دو اور ابن عباس سے روایت هی کہ وہ کہتے تھے کہ حصرهم سے یهہ مطلب هی کہ اُن میں اور مکہ میں روک کردي جاوے هر مرصد یعني هر رستہ پر جہاں سے وہ وهاں جانا چاهیں *

تفسیر کبیر میں لکھا هی کہ اُن کو پکڑلو گرفتار کرکر کیونکہ

قولہ و اخذوهم — اے بالاسر والاخیذ الاسیر — و قولہ و احصروهم معني الحصر المنع من الخروج من محیط قال ابن عباس یریدان تحصنوا فاحصروهم و قال الفراء حصرهم ان یمنعوا من البیت الحرام قولہ تعالے و اقعدوا لهم کل مرصد والمرصد الموضع الذي یرقب فیہ العدو من قولهم رصدت فلانا فارصدہ اذا ترقبتہ قال المفسرون المعني اقعدوالهم علے کل طریق یاخذون فیہ الی البیت او الی الصحراء او الی التجارة قال الاخفش فی الکلام محذوف والتقدیر واقعد والهم علے کل مرصد ثم قال تعالی فان تابوا و اقاموا الصلواة و اتوا الزکواة فخلو سبیلهم

اخیذ کے معني هیں گرفتار هوئے کے اور حصر کے معني هیں گهیرے سے نہ نکلنے دینے کے ابن عباس کہتے هیں کہ اس سے مطلب یهہ هی کہ اگر وہ قلعہ میں پناہ لیویں تو اُن کو گهیر لو اور فراء کا قول هی کہ گهیرنے سے یهہ مطلب هی کہ اُن کو مکہ میں مت آنے دو اور مرصد اُس جگهہ کو کہتے هیں جہاں دشمن کے ملنے کي توقع هو چنانچہ زبان عرب کا ایسا هي محاورہ هی — مفسروں کا قول هی کہ معني یهہ هیں کہ جس رستہ سے وہ مکہ کو یا چراگاہ کو یا تجارت کو جانا چاهیں اُن کي کمین گاہ میں بیٹھو — اخفش کا قول هی کہ اس عبارت کے معني یهہ هیں کہ هر رستہ پر اُن کي کمین گاہ میں بیٹھو اس کے بعد خدا نے فرمایا کہ جب وہ توبہ کریں اور نماز پڑهیں اور زکواة دیں تو اُن کا رستہ چهوڑ دو *

ملا احمد صاحب تفسیر احمدي میں لکهتے هیں کہ معني آیت کے

معني الایة اذا انسلخ الاشهر الحرام التي ابیح فیها لکذاکثین ان یسیحو فاقتلوا المشرکین الذین

یهہ هیں کہ جب وہ مهینے جن میں لڑائي منع هی اور جن میں عهد توڑنے والوں کو مارنا

بمقام علیگدہ — مطبع علیگدہ انستیتیوٹ میں چهپا اور باهتمام
منشي محمد مشتاق حسین شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] ۱۵ شعبان المعظم سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۱۲

تتمه مضمون نمبر ۵۲

يعصو كم نظاهرو عليهم حيث وجدتموهم من حل او حرم و خذوهم اے اسروهم و احصروهم اى قيدوهم وامنعوا هم من التصرف فى البلاد واقعدوالهم كل مرصد اى كل ممر و مجتاز ترصد و نهم فان تابوا من الكفر و اقاموا الصلواة واتواالزكوة فخلو سبيلهم اى فاطلقوا عنهم الاسر فكفوا عنهم ولا تتعرضوا لهم ان الله غفورالرحيم

منع نهيں هى گذر جاويں تو اُن مشركوں كو جنهوں نے تمهاري تقصير كي هى اور تم پر غلبه كيا هى قتل كرو جهاں اُن كو پاؤ مكه كے باهر يا مكه كے اندر اور اُنكو پكڑو يعني گرفتار كرو اور اُن كو گهيرو يعني اُن كو قيد كرو اور شهروں پر تصرف كرنے مت دو اور هر جگهه اُن كي گهات ميں بيٹهو يعني هر رسته پر جدهر وه جانا چاهيں پهر جب وه كفر سے توبه كريں اور نماز پڑهنے لگيں اور زكوة ديويں تو اُن كا رسته چهوڑ دو يعني اُن كي قيد چهوڑ دو اور اُن سے هات روک لو اور اُنسے كسي طرح كا تعرض مت كرو بے شک الله هى بخشنے والا مهربان *

ان تمام تفسيروں سے جو همنے بيان كيں بخوبي ظاهر هى كه اس ايت كے كسي لفظ سے بهي غلامي كے جواز پر استدلال نهيں هوسكتا *

استنباط سويم — قوله تعالى والمحصنات من النساء الا ماملكت ايمانكم الخ *

استنباط چهارم — قوله تعالى وماملكت يمينک مما افاءالله عليک *

ان دونوں آيتوں كا بيان هم دوسرے باب ميں به تحت بيان لفظ ماملكت بخوبي كرچكے هيں اور بخوبي ثابت كرديا هى كه اِن ايتوں سے استرقاق پر استدلال كرنا محض غلطي هى *

استنباط پنجم — بخاري و مسلم ميں يهه حديث هى كه رسول خدا صلعم سے

سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم من اهل الدار يبيتون من المشركين فيصاب من نسائهم و ذراريهم قال هم منهم وفي رواية هم من ابائهم

اُس شهر كے مشركوں كي نسبت پوچها گيا جن پر شب خون مارا جاوے اور اُس ميں اُن كي عورتوں اور بچوں كو نقصان پهونچے تو حضرت نے فرمايا وه بهي اُنهي ميں سے هيں اور ايک روايت ميں هى كه يهه فرمايا كه وه بهي اپنے باپوں ميں سے هيں *

طيبي نے اس حديث كي شرح ميں يهه لكها هى كه رسول خدا صلعم نے

قوله هم منهم اى النساء والصبيان من الرجال قال القاضي ارادبه تجويز سبيهم و استرقاقهم كمالو اتوا اهلها نهارا وحاربوهم جهارا او ان من قتل منهم في ظلمة اتفاقا من غير قصد وتوجه الى قتله فهد لاحرج في قتله لانهم ايضا كفار و انما يجب التحرز عن قتلهم حيث تيسر ذلک حتى لوتترسوا ابنائهم وذراريهم لم يبال بهم

جو يهه فرمايا كه وه بهي اُنهي ميں سے هيں اس كا مطلب يهه هى كه عورتيں اور بچے بهي مردوں هي ميں سے هيں اور قاضي صاحب نے فرمايا كه اس سے مطلب پكڑلينا اور اُن كا لونڈي و غلام بنا لينا هى اسي طرح جس طرح كه دن كو كهلم كهلا جاكر اُن سے لڑتے يا يهه

مطلب هی که اگر اُن میں کي کوئي عورت یا اُن میں کا کوئي بچه اندهیرے میں اتفاق سے بغیر قصد و ارادہ کے مارا جاوے تو اُس کے خون کا کچهه مواخذہ نهیں اور اُس کے مار ڈالنے میں کچهه گناہ نهیں کیونکه وہ بهي کافر هیں اور اُن کے مارنے سے بچنا اُسي وقت تک واجب هی جب تک که بچنا ممکن هو مگر جب که وہ اپنے لڑکوں کو اور اپنے بچوں کو سپر بنالیں تو اُنکي کچهه پرواہ نکي جاویگي *

استنباط ششم —— ترمذي اور ابو داؤد میں یهه حدیث سمرہ بیٹے جندب سے بیان هوئي هی که

عن سمرة بن جندب عن النبي صلی الله علیه وسلم قال اقتلوا شیوخ المشرکین واستحیوا شرخهم اے صبیانهم

پیغمبر خدا صلعم نے فرمایا که بڑي عمر کے مشرکوں کو مار ڈالو اور اُن کے پٹهوں یعني بچوں کو زندہ رکهو *

ملا علي قاري صاحب مرقاة میں اس کي شرح اس طرح پر ارقام فرماتے هیں که حدیث میں جو

. قوله شرخهم ای صبیانهم تفسیر من الصحابي او احد الرواة ویؤیده ما فی النهایة الشرخ الصغار الذین لم یدرکوا واما تفسیر الاحیاء بالاسترقاق فتوسع و مجاز و ذلک لان الغرض من استبقائهم احیاء استرقاقهم و استخدامهم

لفظ شرخهم کے معني اُنکے بچوں کے بیان کیئے هیں یا تو یهه معني کسي صحابي کے بیان کیئے هوئے هیں یا حدیث کے کسي راوي کے اور نهایه میں جو یهه لکها هی که شرخ اُن چهوٹي عمر والوں کو کهتے هیں جو بالغ نهوئے هوں اُس سے اُن معنوں کي تائید هوتي هی مگر بچوں کے زندہ رکهنے سے اُن کا لونڈي و غلام بنالینا مراد لیني لفظ احیاء کے معني میں توسع اور مجاز هی کیونکه اس صورت میں اُنکے زندہ رکهنے سے گویا اُن کي خدمت اور رقیت کا زندہ رکهنا یعني باقي رکهنا مراد هی *

ان دونوں استنباطوں کي نسبت همکو زیادہ بحث کرنے کي ضرورت نهیں هی اس لیئے که هر کوئي نفس حدیث سے جان سکتا هی که اُس کو رقیت سے کچهه علاقه نهیں هی اور جس طرح پر بعض نے اُس سے استنباط کیا هی خود علماء نے اُس کو ٹهیک نهیں سمجها *

استنباط هفتم —— بهت بڑا استدلال علماء اسلام کا جواز استرقاق پر فعل جناب رسول خدا صلعم هی اگر یهه هو تو امنا و صدقنا همارے سر آنکهوں پر مگر همکو اس بات سے که جناب رسول خدا صلعم نے ایسا کیا انکار هی *

اس استدلال کي صحت یا غلطي تین امر کي بحث پر منحصر هی اول اسپر که قران مجید میں جهاد کے قیدیوں کے لونڈي و غلام نه بنانے کا کوئي حکم هی یا نهیں کیونکه اگر هو تو اُس کے برخلاف فعل رسول مقبول کیونکر هوا هوگا —— دوسرے اس پر که اگر کوئي ایسا حکم قران میں موجود هو تو اسبات کو دیکهنا ضرور پڑیگا که اُس کے بعد فعل رسول خدا صلعم کا کیا هوا هی کیونکه یهي فعل منشاء استنباط مسئله شرعي هوگا نه اور کوئي —— تیسرے اس پر که اگر کسي وقت کوئي فعل رسول خدا صلعم کا برخلاف اُس حکم کے هوا هی تو وہ قبل اُس کے هوا هی یا بعد اُس کے کیونکه اگر اُسکا وقوع قبل اُس کے ثابت هو تو وہ فعل منشاء استنباط کسي مسئله شرعي کا نهیں هوسکتا پس اگر یهه تینوں امر همارے ادعا کے مطابق تحقیق هوجاویں تو یهه استنباط علماء اسلام کا بالکل غلط هو جاویگا اور هماري فقهه کے فتاوی اور تمام کتابیں بهت هلکي هوجاوینگي اسلیئے که اُن میں بهت سے بابوں کي جو غلامي سے متعلق هیں ضرورت نهیں رهنے کي چنانچه هم اِن تین مطلبوں کو تین جدا جدا بابوں میں بیان کرتے هیں *

باب پنجم

اِثبات کے بیان میں که قران مجید میں جهاد کے قیدیونکے لونڈي و غلام نه بنانیکا حکم موجود هی جسکو هم آیت حریت کهتے هیں

قال الله تبارک و تعالی —— فاذا لقیتم الذین کفرو فضرب الرقاب حتی اذا اثخنتمو هم فشدوا الوثاق فاما منا بعد و اما فداء *

الله صاحب نے فرمایا هی که جب تم مقابله هو کافروں کے تو اُن کي گردنیں کاٹو جبکه تم اُن پر گهمسان کرچکو تو اُنکو قید کرلو پهر قید کرنے کے بعد یا تو اُن پر احسان رکهکر یا اُن سے فدیه یعني چهڑوائي لیکر چهوڑ دو *

یهه آیت قران مجید کے چهبیسویں سیپارہ اور سورہ محمد صلعم میں موجود هی اِس میں خدا تعالی نے لڑائي کے بعد قیدیوں کے چهوڑ دینے کا صاف حکم دیا هی اور لفظ اما اور انما کا حصر کے لیئے آتا هی یعني عربي زبان کا یهه قاعدہ هی که جب کوئي حکم اس طرح پر دیا جاوے که یا یهه کرو یا یهه کرو تو اُن دونوں میں سے ایک کا کرنا ضرور هوتا هی اور اُسکے سوا کسي اور بات کے کرنے کا اختیار نهیں رهتا پس اس آیت کے نازل هونے کے بعد کوئي قیدي نه قتل هوسکتا هی نه لونڈي و غلام بنایا جاسکتا هی اور بجز اِس کے که منا یا فداء چهوڑ دیا جاوے اور کچهه اُس کے ساتهه نهیں هوسکتا *

علماء اسلام نے بهي اِس آیت کي تفسیر میں یهي معني تسلیم کیئے هیں چنانچه چند تفسیروں سے اِس مقام پر بطور سند کے مضمون اور عبارت لکهي جاتي هی تاکه معلوم هوجاوے که اِن معنوں سے کوئي انکار نهیں کرسکتا *

تفسیر مدارک اور تفسیر کشاف میں لکھا ھی کہ اُنکو چھوڑ دو احسان رکھہ کر قید کرنیکے بعد یا چھوڑ دو فدیہ لیکر لفظ منا اور فداء مفعول ھیں جنکے فعل تمنون اور تفدون یہاں محذوف ھیں اور معني یہہ ھیں کہ قید کرنے کے بعد اُسپر احسان رکھنے میں اور چھوڑ دینے میں اور فدیہ لینے میں اختیار ھی *

فاما منا بعد ان تاسرو ھم و اما فداء — منا وفداء منصوبان بفعليهما مضمرين وھي فاما تمنون منا واما تفدون فداء والمعني التخيير بعد الاسر بين ان تمنوا عليه فتطلقواهم و بين ان تفادوھم

تفسیر معالم التنزیل میں لکھا ھی کہ قید کرنے کے بعد احسان رکھکر یا فدیہ لیکر چھوڑ دینا ھی پس اگر تم اُن پر احسان رکھو تو احسان ھی بغیر بدلے کے اُن کو چھوڑنا اور یا اُن سے فدیہ لیلو *

فاما منا بعد واما فداء بعد ان تاسروھم فاما ان تمنوا عليهم منا باطلاقهم من غير عوض و اما ان تفادوھم

تفسیر بیضاوي میں لکھا ھی کہ احسان رکھنے یا فدیہ لینے کے معني یہہ ھیں کہ یا تو تم اُنپر احسان رکھو یا فدیہ لیلو غرضکہ قید کرنے کے بعد احسان رکھہ کر چھوڑ دینے اور فدیہ لیکر چھوڑ دینے میں اختیار ھی *

فاما منا بعد و اما فداء اى فاما تمنون منا او تفدون فداء والمراد التخيير بعدالاسر بين المن والاطلاق و بين اخذ الفداء

تفسیرکبیر میں لکھا ھی کہ منا و فداء مصدر ھیں اُنکے فعل تمنون اور تفدون اِس جگھہ محذوف ھیں معني یہہ ھیں کہ یا تو تم اُن پر احسان کرو یا فدیہ لیلو اور احسان کرنے کو جو فدیہ لینے سے پہلے بیان کیا اس سے اسبات پر اشارہ ھی کہ بہ نسبت مال مانگنے کے انسان کي بزرگي زیادہ ھی اور فدیہ مال بھي ھوسکتا ھي اور اُس کے سوا قیدي بھي فدیہ میں دیئے جاسکتے ھیں اور صرف کوئي شرط قبول کرلیني بھي فدیہ ھوتا ھی پھر وہ شرط اُن کافروں نے قبول کي ھو یا صرف اُسي قیدي نے جسکو چھوڑا جاتا ھي قبول کي ھو *

منا و فداء منصوبان لكونهما مصدرين تقديرہ فاما تمنون منا و اما تفدون فداء و تقديم المن على الفداء اشارة الى ترجيح حرمة النفس على طلب المال والفداء يجوز ان يكون مالا وان يكون غيرہ من الاساري او شرط يشترط عليهم اوعليه وحدہ

زمانہ جاھلیت اور نیز کسیقدر ابتداے زمانہ اسلام اور قبل نزول اس آیت کے قیدیوں کو مارڈالنے یا لونڈي و غلام بنا لینے یا احسان رکھکر یا فدیہ لیکر چھوڑدینے کا رواج تھا اور کوئي حکم نازل نہیں ھوا تھا اس آیت میں قیدیوں کي نسبت حکم نازل ھوا جس میں بجز من وفداء کے اور کوئي حکم نہیں ھی اور اس لیئے قتل و استرقاق جایز نرھا *

اس آیت پر جو ایک نص صریح ناقابل التاویل ھی علماء اسلام نے متعدد طرح سے بحث کي ھی چنانچہ ھم اُن تمام بحثوں کو معہ اُن کي تردید کے اس مقام پر لکھتے ھیں *

بحث اول

متعلق زمانہ نزول آیت

یہہ آیت سورہ محمد صلی اللہ علیہ و سلم میں ھی اور ھم دعوے کرتے ھیں کہ سورہ محمد مکہ میں بزمانہ فتح مکہ یعني سنہ ۸ ھجري میں نازل ھوئي ھی اور اس دعوے کے ثبوت پر تین قطعي دلیلیں ھیں *

اول یہہ کہ — تفسیر بیضاوي میں لکھا ھی کہ بعض علماء کا قول ھی کہ سورہ محمد صلعم مکہ میں نازل ھوئي ھی *

دوسرے یہہ کہ حضرت ابن عباس فرماتے ھیں کہ یہہ آیت بعد جنگ بدر نازل ھوئي ھی چنانچہ تفسیر کبیر میں تحت آیہ کریمہ ماكان لنبي ان يكون له اسري یہہ قول ابن عباس کا مندرج ھی کہ "یہہ حکم جو آیت ماكان لنبي میں ھی بدر کي لڑائي کے دن تھا کیونکہ اُس زمانہ میں مسلمان تھوڑے تھے مگر جب مسلمان بہت ھوگئے اور بخوبي اُنکو غلبہ ھوگیا تو اُس کے بعد اللہ تعالی نے قیدیوں کے حق میں یہہ حکم نازل کیا کہ جب لڑائي میں خوب گھمسان کرچکو تو اُنکو قید کرلو اور پھر قید کرنے کے بعد اُن کو احسان رکھکر یا فدیہ لیکر چھوڑ دو جب تک کہ لڑائي ھتیار رکھدے یعني موقوف ھوجاوے" *

قال ابن عباس ھذا الحكم انما كان يوم بدر لان المسلمين كانوا قليلين فلما كثروا و قوي سلطانهم انزل الله بعد ذلك في الاساري — حتى اذا اثخنتموھم فشدوا الوثاق فاما منا بعد و اما فداء حتى تضع الحرب اوزارھا

تیسرے یہہ کہ — علما حنفیہ جو کہتے ھیں کہ یہہ آیت بدر کي لڑائي میں اُتري تھي اُسکي غلطي كالشمس في نصف النهار روشن ھی اِس لیئے کہ پیغمبر خدا صلعم نے قیدیان بدر کو جو فدیہ لیکر چھوڑا تھا صحابہ سے صلاح و مشورہ کر کر چھوڑا تھا اگر اُن کي نسبت وحي آچکي ھوتي تو صحابہ سے مشورہ کیوں کرتے علاوہ اِس کے بدر کے قیدیوں کو فدیہ لیکر چھوڑنے میں خدا تعالی کي بڑي خفگي ھوئي تھي اگر یہہ آیت یعني فدیہ لیکر چھوڑنے کا حکم بدر کے قیدیوں کي نسبت نازل ھوچکا ھوتا تو خدا کي اسقدر خفگي کیوں ھوتي چنانچہ یہہ مطالب مفصلہ ذیل حدیثوں میں مندرج ھی *

صحیح مسلم میں یهه حدیث موجود هی که ابن عباس نے

قال ابن عباس فلما اسرو الاساري قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لابي بکر ماترون في هولاء الاساري فقال ابوبکر یا نبي الله هم بنوا العم والعشیرة ارے ان تاخذ منهم فدیة فتکون لنا قوة علی الکفار فعسی الله ان یهدیهم للاسلام فقال رسول الله صلی الله علیه و سلم ماتری یا ابن الخطاب قال قلت لا و الله یا رسول الله ما اري الذي راے ابوبکر ولکني اری ان تمکنا فنضرب اعناقهم فتمکن علیا من عقیل فیضرب عنقه و تمکني من فلان نسیبا لعمر فاضرب عنقه فان هولاء ایمة الکفرو صنا دیدها فهوی رسول الله صلی الله علیه وسلم ما قال ابوبکر ولم یهوما قلت فلما کان من الغد جئت فاذا رسول الله صلی علیه و سلم و ابوبکر قاعدین و هما یبکیان قلت یا رسول الله اخبرني من ای شی تبکي انت و صاحبک فان وجدت بکاء بکیت وان لم اجد بکاء تباکیت لبکائکما فقال رسول الله صلی الله علیه و سلم ابکي الذي عرض علی اصحابک من اخذ هم الفداء — لقد عرض علی عذابهم ادنی من هذه الشجرة شجرة قریبة من نبي الله صلی الله علیه وسلم فانزل الله عزوجل ماکان لنبي ان یکون له اسری حتی یثخن فی الارض الی قوله فکلوا مما غنمتم حلالا طیبا فاحل الله الغنیمة لهم

کہا که جب جنگ بدر میں قیدي پکڑے تو رسول خدا صلعم نے حضرت ابوبکر سے پوچھا که ان قیدیوں کي نسبت تمهاري کیا راے هی حضرت ابوبکر نے کہا که اے پیغمبر خدا یهه لوگ چچا کے بیٹے اور کنبه کے هیں میں سمجھتا هوں که ان سے فدیه لے لیا جاوے که اُسکے سبب سے همکو کافروں پر قوت بھي هوگي اور شاید الله تعالی اُن کو مسلمان بھي کردے اُس کے بعد رسول خدا صلعم نے حضرت عمر سے پوچھا که تمهاري کیا راے هی حضرت عمر نے کہا که میں نے عرض کیا که خدا کي قسم میري تو راے نهیں هی جو ابوبکر کي راے هی بلکه میري تو یهه راے هی که اگر آپ اجازت دیں تو وہ اُنکي گردن ماردیں پس علي کو اجازت دیجیئے که وہ عقیل کي گردن مارے اور مجھکو اجازت دیجیئے که میں فلاں شخص کي جو حضرت عمر کا هم جدي تھا گردن ماردوں کیونکه یهه لوگ کفر کے پیشوا اور اُس کے سردار هیں — مگر جو کچھه که ابو بکر نے کہا تھا اُسکو رسول خدا صلعم نے پسند نهیں کیا اُس کے دوسرے دن حضرت عمر آئے رسول خدا صلعم اور ابوبکر دو نو بیٹھے رو رهے تھے حضرت عمر نے کہا که یا رسول الله مجھه سے تو فرمائیئے که کس بات سے آپ اور آپ کے دوست ابوبکر رو رهے هیں تاکه اگر مجھکو رونا آوے تو میں بھي روؤں اور اگر رونا نه آوے تو آپ دونوں صاحبوں کے رونے پر بسوروں هي رسول خدا صلعم نے فرمایا که میں اُس بات پر روتا هوں جو تیرے دوست نے مجھه سے کہي قیدیوں سے فدیه لینے میں مجھکو اُنکا عذاب اس درخت سے بھي زیادہ قریب دکھایا گیا اُس کے بعد خدا تعالی نے یهه آیت نازل کي که نبي کو لایق نهیں هی که وہ قیدي بناوے جب تک گھم سان نکرلے زمین پر اور اس آیت کا اخیر یهه هی که جو کچھه لوٹ میں ایا هی اُس کو کھاؤ وہ حلال طیب هی پس خدا تعالی نے لوٹ کے مال کو حلال کردیا هی *

تفسیر کبیر میں روایت لکھي هی که جب پیغمبر خدا صلعم نے

وروي انهم لما اخذوا الفداء نزلت هذه الایة (ماکان لنبي الخ) فدخل عمر علی رسول الله صلی الله علیه وسلم فاذا هو وابوبکر یبکیان فقال یا رسول الله اخبرني فان وجدت بکاء بکیت وان لم اجد تباکیت فقال ابکی علی اصحابک في اخذهم الفداء و لقد عرض علی عذابهم ادنی من هذه الشجرة قریبة منه ولو نزل عذاب من السماء لما نجا منه غیر عمر و سعد بن معاذ

صحابه کي صلاح سے جنگ بدر کے قیدیوں سے فدیه لیلیا تو ایت ماکان لنبي نازل هوئي اُسکے بعد حضرت عمر رسول خدا صلعم پاس گئے کیا دیکھتے هیں نه جناب رسول مقبول اور ابوبکر دو نوں رو رهے هیں حضرت عمر نے کہا که یا رسول الله مجھکو بھي بتلائیے که آپ کیوں رو رهے هیں اگر مجھکو بھي رونا آوے تو میں بھي روؤں ورنه بسوروں هي آنحضرت صلعم نے فرمایا که میں تیرے دوستوں پر بدر کے قیدیوں سے فدیه لینے پر روتا هوں مجھکو اُنکا عذاب اس درخت سے بھي زیادہ قریب دکھایا گیا اور اگر اسمان سے عذاب اوترتا تو بجز عمر اور سعد بن معاذ کے اُس عذاب سے کوئي نه بچتا *

بحث دوم

متعلق معني حصر

امام ابو حنیفه صاحب تو قیدیوں کا چھوڑنا کسي طرح پر جایز نهیں سمجھتے مگر امام شافعي صاحب اور امام احمد حنبل صاحب فرماتے هیں که قیدیوں کا قتل کرنا بھي جایز هی اور لونڈي و غلام بنانا بھي جایز هی اور احسان رکھکر اور فدیه لیکر چھوڑ دینا بھي جایز هی، چنانچه تفسیر احمدي میں لکھا هی که شافعي اور احمد ابن حنبل

ثم الشافعي و احمد ابن حنبل یقولان ان الامام مخیر بین القتل والاسترقاق والمن بالاطلاق والفداء بالمال اوباساري المسلمین

کہتے هیں که امام مختار هی چاهے قیدیوں کو قتل کرے چاهے لونڈي و غلام بنائے چاهے احسان رکھکر چھوڑ دے چاهے فدیه میں مال لیکر یا مسلمان قیدیوں کے بدلے چھوڑ دے — اور تفسیر

معالم التنزيل ميں لكها هى كه اور لوگوں كي يهه راے هى كه آيت من

وذهب اخرون ان الاية محكمة والامام بالخيار في الرجال العاقلين من الكفار اذا وقعوا في الاسر بين ان يقتلهم او يمن عليهم فيطلقهم بلا عوض او يفاديهم بالمال او باسارى المسلمين و اليه ذهب عمر و به قال الحسن والعطاء واكثر الصحابة والعلماء وهو قول الثوري والشافعي و احمد و اسحاق — قال ابن عباس لما كثر المسلمون واشتد سلطانهم انزل الله عزوجل في الاساري فاما منا بعد واما فداء وهذا هو الاصح والاختيار لانه عمل به رسول الله صلعم والخلفاء بعده

وفداء ايت محكم هى اور جو مرد عاقل و بالغ كافروں كي طرف كے قيد ميں پڑيں اُن كي نسبت امام كو اختيار هى چاهے قتل كرے چاهے اُنپر احسان كركے بغير كچهه ليئے چهوڑ دے چاهے فديه ميں مال ليكر يا مسلمان قيديوں كے بدلے ميں چهوڑ دے (شكر خدا كا كه اس روايت ميں لونڈي و غلام بنانا نهيں لكها) اور اسي بات كو پسند كيا هى عمر نے اور يهي بات كهي هى حسن نے اور عطاء نے اور بهت سے صحابيوں اور عالموں نے اور يهي قول هى ثوري كا اور شافعي كا اور احمد اور اسحاق كا — ابن عباس كا قول هى كه جب مسلمان بهت هوگئے اور اُنكا حرب غلبه هوگيا تو الله عزوجل نے قيديوں كے معامله ميں يهه ايت اوتاري كه قيد كرنے كے بعد يا تو اُن پر احسان ركهه كر يا كچهه چهوڑائي ليكر چهوڑ دو سب سے زياده صحيح يهي بات هى اور اختيار كرنے كے لايق هى اس ليئے رسول صلعم نے اور اُن كے بعد صحابه نے اسي پر عمل كيا هى جوكه اس ايت ميں استرقاق كا كچهه ذكر نهيں هى اس ليئے هم اس پر زياده بحث نهيں كرتے *

جن بزرگوں نے قيديوں كي نسبت چاروں امر يعني قتل اور استرقاق اور من اور فداء جايز قرار ديئے اُنهوں نے يهه ديكهه ليا كه تمام غزوات ميں كيا كيا واقع هوا اور اُس سب كو اُنهوں نے جايز قرار ديا مگر غور صرف اس پر كرنا تها كه جب قيديوں كي نسبت خاص حكم آچكا اُس كے بعد كيا كيا هوا اور يهه بات بخوبي ثابت هوگي كه اُس كے بعد بجز من و فدا كے اور كچهه نهيں هوا بهرحال منشاء ان اختلافات كا كچهه هي هو جبكه مابعد كے عالموں نے ايمه ميں يهه اختلاف ديكها تو اپنے اپنے مذهب كي طرفداري سے آيه كريمه اما منا بعد واما فداء ميں جو صريح حصر هى اُس پر كج بحثي شروع كي اور كها كه اِس سے حصر هي مراد نهيں هى چنانچه تفسير كبير ميں لكها هى كه

اما وانما للحصر و حالهم بعد الاسر غير منحصر في الامرين بل يجوز القتل والاسترقاق والمن والفداء — نقول هذا ارشاد بذكر العام الجايز في ساير الاجناس والاسترقاق غير جايز في اسراء العرب لان النبي صلعم كان معهم فلم يذكر الاسترقاق واما القتل فلان الظاهر في المثخن الازمان ولان القتل ذكره بقوله فضرب الرقاب فلم يبق الا الامران

اما اور انما تو حصر كے ليئے آتے هيں اور كافروں كي نسبت اُن كے قيد هونے كے بعد تو صرف يهي دو باتيں يعني من و فدا نهيں هوتيں بلكه اُن كا قتل اور اُن كو لونڈي و غلام بنا لينا بهي اور من و فدا بهي جايز هى (يعني اُنكے عالموں اور مجتهدوں كي راے ميں) تو هم يوں كهينگے كه اس آيت ميں وهي باتيں بيان هوئي هيں جو تمام لوگوں سے متعلق تهيں اور عرب كي قوم كو لونڈي و غلام بنانا جايز نه تها (واضح هو كه يهه بيان محض غلط هى) اس ليئے كه پيغمبر خدا صلعم اُن كے ساتهه تهے اس ليئے اس ايت ميں لونڈي و غلام بنانے كا ذكر نهيں كيا اور قتل كرنے كا اس ليئے ذكر نهيں كيا كه اُس كے ليئے كچهه زمانه چاهيئے اور اِس ليئے بهي نهيں ذكر كيا كه خود اس آيت ميں گردن مارنے كا ذكر آچكا هى پس اب بجز دو باتوں يعني من و فدا كے اور كچهه ذكر كرنے كے لايق باقي نهيں رها تها *

جو لغويت كه اس تقرير كي هى وه خود اُس سے ظاهر هى اول تو يهه كهنا غلط هى كه قوم عرب كا استرقاق ناجايز تها اور بالفرض اگر كوئي قوم حكم استرقاق سے مستثنى تهي تو اُس كو مستثنى كرنا تها نه يهه كه اُس حكم كے بيان هي كو متروك كيا جاتا اور ازمان كے سبب سے حكم قتل كا بيان نكرنا يا جو حكم قتل عين لڑائي ميں هى اُس كو بعد لڑائي كے قيديوں كي نسبت منسوب كرنا ايسي لغو باتيں هيں كه كوئي اُس پر التفات نهيں كرسكتا پس اس آيت سے به نص صريح ثابت هى كه قيديوں كي نسبت جو حكم هى وه دو هي باتوں يعني من و فدا ميں منحصر هى اور اسليئے نه وه بعد قيد هونے كے قتل هوسكتے هيں نه لونڈي غلام بن سكتے هيں *

بحث سوم

نسبت معني من و فداء

من كے معني قيديوں كو اُن پر احسان ركهكر اور فدا كے معني كچهه ليكر چهوڑ دينے كے هيں اور يهه ايسے معني هيں كه كوئي بهي اس سے انكار نهيں كرسكتا تفسير احمدي ميں لكها هى كه

المن ان يترك الاسير الكافر من غير ان يوخذ منه شي والفداء ان يترك و ياخذ منه مالا او اسيرا مسلما

من كے معني قيدي كافر كو بغير كچهه ليئے چهوڑنے كے هيں اور فدا كے معني كچهه مال ليكر يا مسلمان قيدي كے بدلے ميں كافر قيدي كو چهوڑ دينے كے هيں *

مگر بعض صاحبوں نے اِسمیں بهي بحث کي هی چنانچهه تفسیر احمدي میں لکها هی که مجاهد

و نقل عنه (اے عن مجاهد) انه یجوز ان یکون المراد با لمن المن بترک القتل و اختیار الاسترق اق او بالتخلیة و قبول الجزیة و بالفداء الفداء با ساري المسلمین لا بالمال و یکون عاما باقیا و هذا روایة الطحاوي عن ابیحنیفة و هو قولهما

سے یهه بهي بیان هوا هی که یهه هوسکتا هی که احسان کرنے سے یهه مراد هو که اُن کو غلام بناکر جان سے نه مارنے کا اُنپر احسان رکها جاوے یا اُن سے جزیه لینا قبول کرکر اُنکي جان چهوڑ دینے کا احسان رکها جاوے اور بدلے میں چهوڑنے سے یهه مراد هو که مسلمان قیدیوں کے بدلے میں چهوڑا جاوے نه مال کے بدلے میں اور اس صورت میں یهه آیت بدستور عام اور بحال رهیگي یهه روایت طحاوي نے امام ابو حنیفه سے نقل کي هی اور صاحبین کا بهي یهي قول هی *

تفسیر کشاف اور تفسیر مدارک میں لکها هی که هوسکتا هی که

و یجوز ان یراد بالمن ان یمن علیهم بترک القتل واسترقوا او یمن علیهم فیخلوا لقبولهم الجزیة و کونهم من اهل الذمة و بالفداء ان یفادي با سارا هم اساري المشرکین فقد رواه الطحاوي مذهبا من ابي حنیفة و المشهور انه لایرے فداهم لا بمال ولا بغیره خیفة ان یعودوا بالمسلمین

احسان رکهنے سے یهه مطلب هو که اُن کو غلام بنا لیا جاوے یهه احسان رکهکر که اُن کو نهیں مارڈالا یا جزیه قبول کرنے اور ذمیوں کي طرح رهنے پر احسان رکهکر اُن کي جان چهوڑ دي اور فدیه لینے سے یهه مطلب هو که مشرکین نے جو قید کیئے هوں وه اُن قیدیوں کے بدلے میں چهٹا لے طحاوي کهتا هی که امام ابو حنیفه کا یهه بهي ایک مذهب تها مگر مشهور مذهب اُن کا یهه هی که وه نه مال لیکر اور نه اور کسیطرح پر قیدیوں کا چهوڑنا جائز سمجهتے تهے اور ڈرتے تهے که وه پهر مسلمانوں سے لڑنے کو نه چڑه آئیں *

یهه تمام تاویلیں بلکه تحریفیں صحیح معنوں کي غلط اور خیالي معنوں کي طرف صرف بات کي پچ اور مذهب کي طرفداري اور تقلید کي گمراهي کے سبب سے کي گئي هیں ورنه جو معني آیت کے هیں اور جو معني لفظ من و فدا کے هیں وه اظهر من الشمس هیں اور ان ریک اور پیچ تاویلوں کو هر کوئي لغو اور مهمل جانتا هی اور جو که خود اُن تفسیروں میں ان تاویلوں کو نهایت ضعیف و نا معتبر کر کر لکها هی اِس لیئے زیاده بحث اس میں ضرور نهیں *

بحث چهارم

متعلق خاص هونے اِس آیت کے

اکثر علماء حنفیه کا قول هی که یهه آیت قیدیان بدر سے مخصوص هی اِس قول کي غلطي ذحش بحث اول سے بخوبي ثابت هوتي هی اِس لیئے که اُس بحث میں همنے ثابت کردیا هی که بدر کي لڑائي تک یهه آیت نازل هي نهیں هوئي تهي *

بحث پنجم

نسبت منسوخ هونے اس آیت کے

کوئي امام اس آیت کے منسوخ هونے کا قایل نهیں هی مگر علماء حنفیه کهتے هیں که حضرت امام ابو حنیفه کا یهه مذهب هی که یهه آیت منسوخ هی (معلوم نهیں که صحیح هی یا اُن پر اتهام هی) اور اِس لیئے ٹهیک ٹهیک برخلاف اِس آیت کے حضرت امام ابو حنیفه کا مذهب یهه قرار دیا جاتا هی که قیدیوں پر نه من هوسکتا هی اور نه اُن سے فدیه لیا جاسکتا هی اور بجز اس کے که وه مار ڈالے جاویں یا لونڈي و غلام بنا لیئے جاویں اور کچهه چاره نهیں چنانچهه تفسیر مدارک اور تفسیر احمدي میں لکها هی که وه هم حنفیوں کے

و عندنا (ای عند الحنیفة) حکمهم (ای حکم الاساري) القتل والاسترقاق فقط والمن والفداء المذکوران في هذه الایة منسوختان باية القتل والاسترقاق المذکورین في براة لانها من اخرما نزل او مخصوصتان بکفار بدر ویؤیده ماروي عن مجاهد لیس الیوم من ولا فداء وهو المذهب الصحیح عن ابي حنیفة رح

نزدیک قیدیوں کے لیئے صرف قتل کرنے یا لونڈي و غلام بنا لیئے کا حکم هی اور احسان رکهه کر یا کچهه لیکر چهوڑنا جنکا اس ایت میں ذکر هی یهه دونوں حکم منسوخ هوگئے هیں اُس ایت سے جس میں قتل اور لونڈي اور غلام بنانے کا حکم هی اور جنکا ذکر سوره برات میں ایا هی اِس لیئے که وه اُن میں سے هی جو اخیر کو نازل هوئي هیں یا یهه ایت کفار بدر کے ساتهه مخصوص هی اور اُسکي تائید اُس روایت سے بهي هوتي هی جو مجاهد سے بیان هوئي هی که اب من و فداء نهیں هی اور یهي صحیح مذهب امام ابو حنیفه کا هی *

اس مقام پر اتني بات یاد رکهني چاهیئے که اس بیان میں علانیه دو غلطیاں هیں اول یهه که سوره برات کي ایت میں جو عنقریب بیان هوگي استرقاق کا مطلق ذکر نهیں هی پس اُس کا آیت استرقاق نام رکهنا محض غلط هی دوسرے یهه که آیت قتل کو یا سوره برات کو جو اخر ما نزل کها هی یهه بهي غلط هی علماء کا قول هی که سوره برات یک لخت پوري اُتري هی اُس کے بعد کوئي پوري سورة نهیں اُتري پس جتني سورتیں که پوري پوري اُتري هیں اُن میں اخیر سورة البته اخیر هی الا آخر ما نزل نهیں هی فتدبر *

غرضکه جس طرح ان دو تفسیروں میں علماء حنفیه کا مذهب نقل کیا هی اسیطرح تفسیر کشاف میں بهي لکها هی که اگر کوئي پوچهے

ابطال غلامي

ابطال غلامي

كه مشركين كے قيديوں كا كيا حكم هى تو هم كهينگے كه امام ابو حنيفه اور أن كے پيرووں كے نزديك، تو دو كاموں ميں سے ايك كرنا هى يا أنكو قتل كرنا هى يا أنكو لونڈي و غلام بنالينا هى دونوں ميں سے جونسي بات امام مناسب سمجهے اور من و فداء كے باب ميں حنفي كهتے هيں كه بس يا اسلام قبول كرنا هى يا گردن مارني هى *

فان قلت كيف حكم الاساري المشركين قلت اما عندابيحنيفة و اصحابه فاحدالامرين اما قتلهم و اما استرقاقهم ايهما راى الامام و يقولون فى المن والفداء انما هوالاسلام او ضرب العنق

تفسير بيضاوي ميں بهي حنفيوں كا يهي مذهب لكها هى كه امام ابو حنيفه كے نزديك ايت من و فداء منسوخ هى يا جنگ بدر كے قيديوں سے مخصوص هى كيونكه حنفي صرف قيديونكے قتل كرنے يا لونڈي وغلام بنالينے كے قايل هيں *

منسوخ (اى هذه الاية) عند ابيحنيفة رح او مخصوص بحرب بدر فانهم قالوا بتعيين القتل او الاسترقاق

غرضكه ان روايتوں سے حنفيوں كا مذهب يهه معلوم هوا كه وه آيت من و فدا كو منسوخ بتاتے هيں پس اس امر پر بحث كرنے كے ليئے اولا أن آيات كو جن كو ناسخ قرار ديا هى يا جن كا ناسخ قرار دينا ممكن هى اس مقام پر نقل كرتے هيں اور پهر جدا جدا هر هر آيت سے بحث كرتے هيں كه أن سے آيت من و فدا كا منسوخ هونا ثابت هوتا هى يا نهيں *

اول آيت سورة انفال — خدا تعالى پيغمبر صاحب سے فرماتا هى كه جن سے تونے عهد كيا هى پهر وه هر دفعه اپنا عهد توڑتے هيں اور عهد توڑنے سے پرهيز نهيں كرتے پهر اگر تو أن كو لڑائي ميں پاوے تو أن لوگوں تك كو جو أن كے پيچهے هيں تتر بتر كردے شايد كه وه عبرت پكڑيں *

الذين عاهدت منهم ثم ينقضون عهدهم في كل مرة وهم لايتقون فاما تثقفنهم فى الحرب فشرد بهم من خلفهم لعلهم يذكرون *

دويم آيت سورة براة — جن مشركين عرب نے عهد شكني كي تهي أن كي نسبت خدا تعالى نے اپنے نبي سے فرمايا كه جب وه مهينے جن ميں لڑائي منع هى گذر جاويں تو مشركوں كو مارو جهاں پاؤ اور أن كو پكڑو اور گهيرو اور بيٹهو أن كي گهات ميں هر گهات كي جگهه ميں پهر اگر وه كفر سے توبه كريں اور نماز پڑهيں اور زكوة ديں تو أن كا رسته چهوڑ دو بے شك الله هى بخشنے والا مهربان *

فاذا انسلخ الاشهرالحرم فاقتلوا المشركين حيث وجدتموهم وخذوهم و احصروهم واقعدوا لهم كل مرصد فان تابوا و اقاموا الصلوة واتوا الزكوة فخلوا سبيلهم ان الله غفورالرحيم

سويم آيت سورة بقر — الله صاحب نے فرمايا كه جو لوگ تمسے لڑتے هيں تم بهي أن سے خدا كي راه ميں لڑو اور زيادتي مت كرو بے شك الله زيادتي كرنےوالوں كو دوست نهيں ركهتا اور قتل كرو أن كو جس جگهه پاؤ اور نكالو أن كو جهاں سے أنهوں نے تم كو نكالا اور فساد كرنا قتل كرنے سے بهي زياده سخت هى اور أن سے كعبه كے پاس مت لڑو جب تك كه وه تمسے وهاں نه لڑيں پهر اگر وه تم سے لڑيں تو أن كو مارو يهي سزا هى كافروں كي *

و قاتلوهم في سبيل الله الذين يقاتلونكم ولا تعتدوا ان الله لايحب المعتدين و اقتلوهم حيث ثقفتموهم و اخرجوهم من حيث اخرجوكم والفتنة اشد من القتل ولا تقاتلوهم عندالمسجد الحرام حتى يقاتلوكم فيه فان قاتلوكم فاقتلوهم كذلك جزاءالكافرين

چهارم آيت سورة نساء — الله صاحب فرماتا هى كه كافر يهه چاهتے هيں كه اگر تم بهي ويسے هي كافر هو جاؤ جيسے وه كافر هيں تو سب برابر هو جاويں سو تم أن ميں سے كسي كو اپنا دوست مت سمجهو جب تك كه وه خدا كي راه ميں هجرت كركر نه چلے آويں پهر اگر وه نه مانيں تو أن كو پكڑو اور أن كو قتل كرو جهاں پاؤ اور مت سمجهو أن ميں سے كسي كو دوست اور مددگار *

و دوالو تكفرون كما كفروا فتكونون سواء فلا تتخذوا منهم اولياء حتى يهاجروا في سبيل الله فان تولوا فخذوهم واقتلوهم حيث وجدتموهم ولا تتخذوا منهم وليا ولا نصيرا

پنجم آيت سورة نساء — الله تعالى فرماتا هى كه اب تم پاؤگے اور لوگونكو جو چاهتے هيں كه تم سے بهي امن ميں رهيں اور اپني قوم سے بهي امن ميں رهيں جب أكسائے جاتے هيں فساد كرنے كو تو أس ميں پلٹ پڑتے هيں پهر اگر وه تمهارے ساتهه فساد كرنے سے كناره كش نهوں اور تم سے صلح كا پيغام نه كريں اور اپنا هاتهه نه روكيں تو أن كو پكڑو اور أن كو قتل كرو جهاں پاؤ اور هم نے تمكو أن پر بتادي دليل روشن *

ستجدون اخرين يريدون ان يامنواكم و يامنوا قومهم كما ردوا الى الفتنة اركسو فيها فان لم يعتزلوكم و يلقوا اليكم السلم ويكفوا ايديهم فخذوهم و اقتلوهم حيث ثقفتموهم و اولئكم جعلنا لكم عليهم سلطانا مبينا

يهه وه آيتيں هيں جن سے كها جاتا هى كه آيت من و فدا منسوخ هوگئي — ان آيتوں ميں مشركين كے قتل كرنے كا حكم هى پس اگر

فرض کیا جاوے که یهه آیتیں آیت من فدا کي ناسخ هیں تو نتیجهه یهه نکلیگا که قیدیوں کا چهوڑنا جایز نهیں بلکه قتل کرنا چاهیئے مگر اُن کا لونڈي و غلام بنانا ثابت نهوگا اور همکو اِسي میں بحث هی که لونڈي وغلام بنانا جائز نهیں مگر هم صرف اسي پر اکتفا نکرینگے بلکه ثابت کرینگے که ان آیتوں سے آیت من فدا کا منسوخ قرار دینا صحیح نهیں هی *

آیت سورہ انفال کي یهود بني قریظه کے حقمیں نازل هوئي تهي جنسے سنه ۵ هجري میں لڑائي هوئي تهي — تفسیر بیضاوي میں

وهم یهود بني قریظة عاهد هم رسول الله صلی الله وسلم ان لایمالئو علیه فاعانوا المشرکین بالسلاح و قالوا نسینا ثم عاهد هم فنکثوا و مالئو هم علیه یوم الخندق

لکها هی که جنکے لیئے آیت سورہ انفال نازل هوئي وہ یهود بني قریظه هیں اُن سے رسول خدا صلی الله وسلم نے عهد کیا تها که اُنکے برخلاف اُنکے دشمنوں سے مل نه جاویں پهر اُنهوں نے مشرکین کو هتیار دیئے اور مشرکین کي مدد کي اور کهنے لگے که هم بهول گئے اسپر دوبارہ اُن سے عهد کیا پهر اُنهوں نے اُس عهد کو توڑ ڈالا اور جنگ خندق میں مشرکین سے مل گئے *

اور تفسیر کبیر میں لکها هی که ابن عباس نے کها که وہ لوگ

قال ابن عباس هم قریظة فانهم نقضوا عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم وعاونوا علیه المشرکین بالسلاح في یوم بدر ثم قالوا اخطانا فعاهد هم مرة آخری فنقضوا ایضا یوم الخندق

بني قریظه هیں اُنهوں نے جو عهد که رسول خدا صلی الله علیه وسلم سے کیا تها اُسکو توڑ دیا اور بدر کي لڑائي میں آپ کے برخلاف مشرکین کو هتیار دیئے اور مدد کي پهر کهنے لگے که هم سے خطا هوئي پهر رسول خدا صلی الله علیه وسلم نے اُن سے دوسري دفعه عهد کیا اور خندق کي لڑائي میں اُسکو بهي اُنهوں نے توڑ دیا *

پس جبکه یهه آیت قبل نازل هونے آیت من فدا کے نازل هوچکي تهي تو اُسکي ناسخ کیونکر هوسکتي هی *

علاوہ اِسکے کوئي لفظ بهي آیت کا آیت من فدا کو منسوخ کرنے والا نهیں — لفظ فشرد بهم من خلفهم — کسیطرح اساري کے قتل پر اور آیت من و فدا کے منسوخ هونے پر دلالت نهیں کرتا *

تفسیر کبیر میں لکها هی که لفظ شرد کا مصدر تشرید هی

التشرید عبارة عن التفریق مع الاضطراب یقال شرد یشرد شرودا و شردة و تشریدا

اُسکے معني بد حواس کرکر پراگندہ کردینے کے هیں اور عربي زبان کے محاورہ میں اِسیطرح اُس کا استعمال هوتا هی *

تفسیر بیضاوي میں لکها هی که تشرید کے معني بد حواس کرکر

التشرید تفریق علی اضطراب و قري شرذ بالذال المعجمة کانه مقلوب شذر

تتر بتر کردینے کے هیں اور بعضوں نے لفظ شرد کو جو بے نقطه والي دال سے هی شرذ نقطه والي ذال سے پڑها هی گویا که شرذ لفظ شذر کا اُلٹا هوا هی *

تفسیر کشاف میں لکها هی که ابن مسعود فشرذ نقطه والي ذال سے

وقراء ابن مسعود فشرذ بالذال المعجمة بمعني ففرق و کانه مقلوب شذر من قولهم و ذهبوا شذر مذر و منه الشذر الملتقط من المعدن لتفرقه

پڑهتے تهے جسکے معني یهه هیں که پراگندہ کردے گویا که لفظ شذر کا اُلٹا هوا هی جیسیکه عرب کے لوگ کهتے هیں که وہ لوگ متفرق متفرق هوگئے اور کان سے نکالي هوئي چیز کو بهي شذر کهتے هیں کیونکه وہ بهي کان سے علحدہ هوجاتي هی *

تفسیر مدارک میں لکها هی که زجاج کا قول هی که فشرد بهم

فشرد بهم قال الزجاج افعل بهم ماتفرق جمعهم و تفرد به من بدا بهم

کے یهه معني هیں نه اُنکے ساتهه وہ کام کر جس سے اُنکا گروہ متفرق هوجاوے اور جنهوں نے وہ کام کیا هی وہ تنها رہ جاویں *

اِس لفظ کي اصلیت تحقیق کرنے کے بعد تفسیر کبیر میں لکها هی

فمعني الآیة انک ان ظفرت في الحرب بهولاء الکفار الذین ینقضون العهد فافعل بهم فعلا یفرق بهم من خلفهم — قال عطاء تثخن فیهم القتل حتی یخافک غیر هم و قیل نکل بهم تنکیلا یشرد غیر هم من ناقضی العهد لعلهم یذ کرون ذلک النکال فیمنعهم ذلک من نقض العهد

که آیت کے معني یهه هیں که اگر لڑائي میں ان کافروں پر جنهوں نے عهد شکني کي هی تو فتح پاوے تو اُنکے ساتهه اِس طرح پیش آ که جو لوگ اُنکے پیچهه لگو هیں وہ سب ڈر کر متفرق هوجاویں — عطاء کا یهه قول هی که اِس سے مراد تهي که انمیں قتل عام کردو اور بعضوں نے کها مراد یهه تهي که اُنکو اِس قسم کي سزا یا ذلت دو که اُنکے بعد جنکو عهد توڑنے کا خیال هو سب متفرق هوجاویں اور اس بات کا که شاید اُسکو یاد رکهیں یهه مطلب هی که شاید وہ لوگ جو اُنکے سوا هیں اس سزا یا ذلت کو یاد رکهیں اور یهه بات اُنکو عهد توڑنے سے روکے *

بمقام علیگڑہ — مطبع علیگڑہ انسٹیٹیوٹ میں چهپا اور باهتمام
حافظ محمد عبدالرزاق کے شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] يكم رمضان المبارک سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۱۵

تتمه مضمون نمبر ۵۲

تفسير كشاف ميں بهي اس ايت كا يهي مطلب لكها هى كه فشرد

فشرد بهم من خلفهم ففرق عن محاربتک و مناصبتک بقتلهم شرقتلة و النكاية فيهم من و رائهم من الكفرة حتى لايجسرعليک احد بعدهم اعتباراً بهم واتعاظا بحالهم

بهم من خلفهم كے يهه معني هيں كه لڑنے سے اور بري طرح قتل كرنے سے اور أنهيں ذلت و خواري ڈالنے سے باقي كافروں كو جو أنكے سوا هيں پراگنده كردے

تاكه أسكے بعد پهر كوئي أنكا حال ديكهه كر تجهپر جرات نكرسكے اور أنكے حال سے نصيحت پكڑے *

تفسير معالم التنزيل ميں بهي يهي مطلب لكها هى كه فشرد بهم من

فشرد بهم من خلفهم قال ابن عباس فنكل بهم من ورائهم و قال السعيد ابن جبير و انذر بهم من خلفهم واصل التشريد التفريق والتهديد معناه فرق بهم جمع كل ناقض للعهد اے افعل بهولاء الذين نقضوا عهدک و جاؤا بحربک فعلامن القتل والتنكيل يفرق منک و يخافک من خلفهم من اهل مكة واليمن

خلفهم كا مطلب ابن عباس نے يهه كهاهى كه عهدتوڑ نے والوں كے بعد جو لوگ هيں أنكو بهي ذليل كردےاور سعيد ابن جبير كا قول هى كه جن لوگوں نے ابهي عهدنهيں توڑاأنكو ڈرادے تشريد كے معني اصل ميں متفرق كرديئے اور تنبيهه كرنے كے هيں

پس معني يهه هوئے كه تمام لوگوں كو جو عهد توڑ نے كا خيال ركهتے هيں متفرق اور پريشان كردے اور جن لوگوں نے عهد توڑا هى اور لڑنے كو آئے هيں أن كے ساتهه قتل كرنے يا ذليل و خوار كرنے سے اسطرح پر پيش آ كه جو لوگ عهد توڑنے ميں أن كے پيچهے هيں يعني اهل مكه و اهل يمن وه بهي پريشان هوجاويں اور ڈر جاويں *

پس ان تمام تفسيروں سے ظاهر هى كه إس آيت ميں كوئي صاف حكم قيديوں كے قتل كرنے كا نهيں هى بلكه جو كافر عهد شكني كركے لڑنے كو آماده هوئے أن كے ساتهه اس طرح پر پيش آنا فرمايا هى جس سے اوروں كو عبرت هوجاوے پس جب كه إس آيت ميں قتل كي تصريح نهيں هى اور نه قيديوں كا ذكر هى تو أس سے نص صريح آيت من و فدا كي جو بالتخصيص قيديوں كے ليئے هى كيونكر منسوخ هوسكتي هى *

يهود بني قريظه نے خود اپنے تئيں اس شرط پر سپرد كيا تها كه جو سزا عهد شكني اور لڑنے كي أن كي نسبت سعد ابن معاذ تجويز كرے وه أنكو دي جاوے اور رسول خدا صلعم نے إس بات كو قبول كرليا تها اور اس سے ثابت هوتا هى كه خود رسول خدا صلعم نے إس آيت سے يهه خيال نهيں فرمايا تها كه خواه نخواه أن كے قتل هي كا حكم هى إسميں كچهه شک نهيں كه وه قتل هوئے مگر نه كسي حكم منصوص اس آيت سے بلكه سعد ابن معاذ كي پنچايت سے چنانچه حديث بخاري

ابطال غلامي

ميں يہہ واقعہ مذکور هى کہ ابن سعيد خدري نے روايت کي کہ جب

قال لما نزلت بنو قريظة على حكم سعد ابن معاذ بعث رسول الله صلعم و كان قريبا منه فجاء على حمار فلما دنا قال رسول الله صلعم قوموا الى سيدكم فجاء فجلس الى رسول الله صلعم فقال له ان هولاء نزلوا على حكمك قال فاني احكم ان تقتل المقاتلة و ان تسبي الذرية قال لقد حكمت فيهم بحكم الملك

يہود بني قريظہ نے سعد ابن معاذ کي پنچايت پر اپنے تئيں سپرد کرديا تو رسول خدا صلعم نے سعد ابن معاذ کو جو وهاں سے پاس ايک جگهہ ميں تهے بلايا وہ گدهے پر سوار هوکر آئے جب کہ وہ قريب پهنچے تو آنحضرت نے لوگوں سے کہا کہ اپنے سردار کے ليئے کهڑے هوجاؤ پهر سعد ابن معاذ آئے اور پيغمبر خدا صلعم کے پاس بيٹهے آپ نے اُن سے فرمايا کہ اُن لوگوں نے تمهاري پنچايت پر اپنے تئيں سپرد کرديا هى سعد ابن معاذ نے کہا کہ ميں يہہ حکم ديتا هوں کہ جو لوگ ان ميں لڑنے والے هيں وہ تو قتل کرديئے جاويں اور اُن کے بچے قيدي بنا ليئے جاويں آپ نے فرمايا کہ تم نے ان لوگوں کے حق ميں بادشاہ کا سا حکم ديا *

اِس تمام واقعہ سے جو اس حديث ميں مذکور هى بخوبي ظاهر هى کہ بني قريظہ کے قتل کا کوئي حکم منصوص نہ تها — مگر بعض مکابر يہہ بحث کرينگے کہ اِس حديث کے اخير ميں جو لفظ بحکم الملک هى اُس ميں يہہ بهي روايت هى کہ وہ لفظ بحکم الملک هى لام کے زبر سے بمعني فرشتہ کے اور ايک روايت ميں صاف هى بحکم الله اور اس سے معلوم هوتا هى کہ اُن کے قتل کا اور اُن کے بچوں کو قيدي يا لونڈي و غلام بنا لينے کا خدا کا حکم تها مگر يہہ بحث بيجا هى اِس ليئے کہ هرگاہ خود وہ آيت موجود هى اور اُس ميں قتل کا کوئي حکم موجود نہيں هى تو اختلاف روايت پر استدلال نہيں هوسکتا معهذا لام کا زبر پڑهنا صرف شبہہ تجنيس خطي هى اور روايت بخاري کي اسميں زيادہ اعتبار کے لايق هى اور جس روايت ميں لفظ الله کا هى وہ صرف راوي کي سمجهہ هى کہ لفظ ملک بکسر لام سے وہ خدا سمجها اور مطابق اپني سمجهہ کے بجاے لفظ ملک بکسر لام کے لفظ الله کهديا *

علاوہ اسکے سيرت هشامي ميں لکها هى کہ منجملہ اساري بني قريظہ کے زبير ابن باتا بهي تها اُسنے ايام جاهليت ميں ثابت ابن قيس ابن شماس پر ايک احسان کيا تها ثابت نے بعوض اُس احسان کے اُسکي جان بچاني چاهي اور رسول خدا صلعم سے شفاعت کي اور آنحضرت نے اُسکا قتل معاف کيا گو کہ بعد کو وہ اپني خوشي سے خود مارا گيا ليکن سفارش سے اُس کا خون معاف کرنا اسبات کي دليل هى کہ خدا تعالى کي طرف سے اُن کے قتل کا حکم نہ تها بلکہ صرف سعد ابن معاذ کي تجويز تهي *

بهر حال يہود بني قريظہ کسي طرح پر قتل هوئے هوں همکو صرف يہہ بحث هى کہ اس ايت سے ايت من و فدا کا منسوخ هونا لازم آتا هى يا نہيں سو يہہ بات علانيہ ثابت هوگئي کہ کسيطرح اُس کا منسوخ هونا لازم نہيں اتا *

ايت سورہ توبہ قبل فتح مکہ نازل هوئي تهي تفسير معالم التنزيل

قال محمد ابن اسحاق و مجاهد و غيرهما نزلت في اهل مكة و ذلك ان رسول الله صلى الله عليه و سلم عاهد قريشا عام الحديبية على ان يضعو الحرب عشر سنين يا من فيها الناس و دخلت خزاعة في عهد رسول الله صلعم و دخل بنوبكر في عهد قريش ثم عدت بنوبكر على خزاعة فقاتلت منها و اعانهم قريش بالسلاح فلما ظاهر بنوبكر و قريش علي خزاعة ونقضوا عهدهم خرج عمرو بن سالم الخزاعي حتى وقف على رسول الله صلعم فقال ان قريشا اخلفوك الموعد و نقضوا ميثاقك الموكد هم بيوتنا بالهجير هجدا و قتلونا ركعا وسجدا فقال رسول الله صلعم لانصرت ان لم انصركم و تجهز الى مكة سنة ثمان من الهجرة ففتح مكة

لکها هى کہ محمد ابن اسحاق اور مجاهد دونوں نے کہا هى کہ يہہ ايت مکہ والوں کے حق ميں نازل هوئي هى اور يہہ بات اس طرح پر هى کہ رسول خدا صلعم نے حديبيہ کي لڑائي ميں قريش سے معاهدہ کيا تها کہ دس برس تک لڑائي تهم جاوے کہ اُس ميں لوگ امن سے رهيں اور بني خزاعہ رسول خدا صلعم کے معاهدہ ميں شامل تهے اور بنوبکر قريش کے معاهدہ ميں شامل تهے پهر بنوبکر نے بنو خزاعہ پر زيادتي کي اور اُنکو قتل کيا اور قريش نے هتيار ديکر اُنکي مدد کي پس جبکہ بنوبکر اور قريش بني خزاعہ پر غالب هوگئے اور اُنهوں نے عهد توڑ ڈالا تو عمر ابن سالم خزاعي وهاں سے چلا اور رسول خدا صلعم پاس آيا اور سامنے کهڑے هوکر اشعار پڑهے اور اپنا حال بيان کيا اُنهي شعروں ميں سے يہہ دو شعر هيں جنکا مضمون يہہ هى کہ قريش نے بد عهدي کي اور مستحکم عهد کو توڑ ديا اور هجير ميں همارے گهروں کو لوٹ ليا اور همکو رکوع کرتے ميں اور سجدہ کرتے ميں يعني نماز پڑهتے ميں مار ڈالا رسول خدا صلعم نے يہہ حال سنکر فرمايا کہ اگر هم تمهاري مدد نکريں تو همنے کچهہ مدد هي نہيں کي چنانچہ سنہ ۸ هجري ميں مکہ والوں سے لڑائي کا سامان کيا اور مکہ کو فتح کرليا *

اس روايت سے صاف ظاهر هى کہ يہہ ايت قبل فتح مکہ نازل هوئي تهي اور همنے اوپر ثابت کيا هى کہ آيت من و فدا بعد فتح مکہ نازل هوئي هى پس يہہ آيت اُس کي ناسخ نہيں هوسکتي *

بعض مکابر یہہ بات کہینگے کہ سورۃ برات کے بعد کوئي سورۃ نازل نہیں ہوئي اور اِس لیئے سورۃ محمد صلعم کا جس میں ایت من و فدا ہی سورۃ برات کے بعد نازل ہونا صحیح نہیں ہی مگر یہہ کہنا بالکل غلط ہی ایک حدیث میں ذکر آیا ہی کہ سورۃ برات اُن سورتوں کي اخیر سورۃ ہی جو پوري ایک دفعہ اُتري ہیں مگر اسکو بھي علماء نے تسلیم نہیں کیا اور اس حدیث میں شبہہ کیا ہی چنانچہہ ہم اپنے اس قول کي تصدیق کے لیئے اُس حدیث کو معہ عالموں کي تشکیک کے اس مقام پر نقل کرتے ہیں بخاري میں لکھا ہی کہ

في البخاري عن البراء قال اخر سورة نزلت كاملة سورة براة و اخر سورة نزلت خاتمة سورة النساء ويستفتونك قل الله يفتيكم في الكلالة — في القسطلاني استشكل هذا من حيث انه نزلت شيئاً فشيئاً فالمراد بعضها او معظمها والا ففيها ايات كثيرة نزلت قبل سنة وفاة النبوية

براء نے کہا کہ اخیر پوري سورۃ جو نازل ہوئي ہی وہ سورۃ برات ہی اور جس سورۃ کا خاتمہ اخیر کو نازل ہوا ہی وہ سورۃ نساء ہی — قسطلاني نے کہا کہ یہہ تو بڑي مشکل کي بات ہی اِسلیئے کہ سورۃ برات تھوڑي تھوڑي ہوکر اُتري ہی تو اِس حدیث کا مطلب سورۃ برات کي بعض آیتوں یا بڑي بڑي آیتوں کے اُترنے کا ہوگا کیونکہ سورۃ برات میں بہت آیتیں ہیں جو سال وفات نبوي میں نازل ہوئي ہیں *

اب ہم اس بحث سے بھي قطع نظر کرتے ہیں اور اِس بات پر غور کرتے ہیں کہ آیت سورۃ برات سے آیت من و فدا منسوخ ہو بھي سکتي ہی یا نہیں اور کہتے ہیں کہ منسوخ نہیں ہوسکتي *

آیت سورۃ برات میں دو جملے ہیں جنسے آیت من و فدا کے منسوخ ہونے پر استدلال ہوسکتا ہی اول فاقتلوا المشرکین اور دوسرا حیث وجدتموهم مگر ان سے استدلال محض غلط ہی *

اول جملہ فاقتلوا المشرکین میں جو المشرکین کا الف ہی اُسکا الف لام استغراق کا تو ہو نہیں سکتا کیونکہ اگر استغراق کا ہو تو معني یہہ ہونگے کہ تمام مشرکوں کو مار ڈالو اول تو یہہ ایسا حکم ہوگا جو طاقت انساني بلکہ عادت الٰہي سے بھي خارج ہی دوسرے تمام احکام جزیہ لیئے کے اور صلح کرنے کے بالکل باطل ہوجاوینگے پس ضرور ہی کہ الف لام عہدي ہی پس اس آیت سے نص صریح آیت من و فدا کے منسوخ قرار دیني کو ضرور ہی کہ کسي نص صریح قراني سے یہہ بات ثابت کي جاوے کہ المشرکین میں اساري مشرکین بھي داخل ہیں اور یہہ ثابت نہیں تو دعوی نسخ باطل ہی *

دوسرے جملہ حیث وجدتموهم کو اساري سے کچھہ تعلق نہیں ہی زمانہ قدیم سے کعبہ کے اندر قتل و خونریزي منع تھي مگر جب مکہ پر چڑھائي ہوئي تو یہہ آیت نازل ہوئي کہ مشرک جہاں ملیں یعني حرم کے اندر یا حرم کے باہر اُنکو مارو پس اس جملہ کو قیدیوں کے قتل سے اور منسوخ ہونے آیت من و فدا سے کچھہ تعلق نہیں ہی تمام تفسیروں میں بھي اس جملہ کے یہي معني لکھے ہیں

فاقتلوا المشرکین الناکثین حیث وجدتموهم من حل و حرم

چنانچہ تفسیر بیضاوي میں لکھا ہی کہ عہد توڑنے والے مشرکین کو مارو جہاں پاؤ کعبہ کے اندر یا کعبہ کے باہر *

فاقتلوا المشرکین الذین نقضوکم و ظاهروا علیکم حیث وجدتموهم من حل او حرم

تفسیر مدارک میں لکھا ہی کہ اُن مشرکوں کو جنھوں نے تمھارا عہد توڑ ڈالا اور تم سے لڑائي ٹھاني مارو جہاں پاؤ کعبہ کے اندر یا کعبہ کے باہر *

فاقتلوا المشرکین الذین یعصوکم ظاهروا علیکم حیث وجدتموهم من حل و حرم

تفسیر احمدي میں لکھا ہی کہ جن مشرکوں نے تمھاري نافرماني کي ہی اور تم سے لڑائي ٹھاني ہی اُنکو مارو جہاں پاؤ کعبہ کے اندر یا کعبہ کے باہر *

فاقتلوا المشرکین یعني الذین نقضوکم و ظاهروا علیکم حیث وجدتموهم من حل او حرم

تفسیر کشاف میں لکھا ہی کہ مشرکوں کو مارو یعني اُن کو جنھوں نے تم سے عہد شکني کي ہی اور تم سے لڑائي ٹھاني ہی جہاں پاؤ کعبہ کے اندر یا کعبہ کے باہر *

فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموهم في حل او حرم

تفسیر معالم التنزیل میں لکھا ہی کہ کافروں کو مارو جہاں پاؤ کعبہ کے اندر یا کعبہ کے باہر *

معہذا ان تمام آیتوں میں جو مشرکین کے قتل کا حکم ہی وہ عین لڑائي کي حالت میں ہی اس سے اور آیت من و فدا سے جو بعد ختم ہونے لڑائي کے اُن لوگوں سے علاقہ رکھتي ہی جو قید ہوگئے ہیں اور لڑنے پر قادر نہیں ہیں کیا تعلق ہی احکام حالات مختلفہ ایک دوسرے کے ناسخ نہیں ہوسکتے *

آیت سورۃ بقر بھي صلح حدیبیہ میں جو سنہ ۶ ہجري میں ہوئي تھي قبل نزول آیت من و فدا نازل ہوئي تھي اور اس لیئے اُس کي ناسخ نہیں ہوسکتي — تفسیر معالم التنزیل میں ابن عباس سے روایت لکھي ہی کہ یہہ آیت حدیبیہ کي صلح میں نازل ہوئي ہی بات یہہ ہوئي کہ رسول خدا

عن ابن عباس نزلت هذه الایة في صلح الحدیبیة و ذلک ان رسول الله صلی الله علیه وسلم خرج مع

ابطال غلامي

> اصحابه للعمرة وكانوا الفا واربع مائة فساروا حتى نزلوا الحديبية فصد هم المشركون من البيت الحرام فصالحهم على ان يرجع عامة ذلك على ان يدخلوا له مكة عام قابل ثلثة ايام فيطوف بالبيت فلما كان العام القابلة تجهزوبه رسول الله و اصحابه لعمرة القضاء و خافوا ان لاتفى قريش بما قالوا و ان يصد و هم عن البيت الحرام و كره اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم قتالهم فى الشهر الحرام و في الحرم فانزل الله تعالى و قاتلو هم في سبيل الله يعني محرمين الذين يقاتلوكم يعني قريشا ولاتعتدوا فتبدوا بالقتال في الحرم محرمين ان الله لايحب المعتدين

صلى الله عليه وسلم معه اپنے اصحابوں کے جو چودہ سو تھے عمرہ کے لیئے تشریف فرما هوئے جبکه حدیبیه میں پهونچے تو مشرکین نے مکه میں آنے سے روکا اسوقت اس بات پر صلح هوئي که اب کے برس تو رسول خدا صلى الله عليه وسلم پهرجاویں اور اگلے برس اُنکے لیئے تین دن تک مکه خالي کردینگے تا که وه خانه کعبه کا طواف کریں جب اگلا برس آیا تو رسول خدا صلى الله عليه وسلم نے عمره قضا کے لیئے سامان درست کیا اور اِسبات کا خوف هوا که ایسا نهو که قریش اپنا اقرار پورا نکریں اور جو کہا هى وه نکریں اور مکه میں جانے سے روکیں اور پیغمبر خدا صلى الله عليه وسلم کے اصحاب اُن مهینوں میں جنمیں لڑائي منع تهي اور نیز مکه میں لڑنا برا جانتے تھے پس خدا تعالى نے یهه آیت نازل کي که خدا کي راه میں یعني احرام باندھے هوئے اُن لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑیں یعني قریش سے اور تم زیادتي مت کرو که تم هي حرم میں پهلے سے لڑائي شروع کردو بےشک زیادتي کرنے والوں کو الله دوست نهیں رکهتا *

قطع نظر اس بات کے که یهه آیت قبل آیت من و فدا کے نازل هوئي تهي اس بات پر بهي غور کرنا چاهیئے که اس آیت سے آیت من و فدا منسوخ بهي هوسکتي هى یا نهیں سو ظاهر هى که کسیطرح منسوخ نهیں هوسکتي اِس لیئے که اس آیت میں جو حکم هى وه خاص اُن اهل مکه کے لیئے هى جو برخلاف عهد کے لڑنے پر طیار هوں تمام مشرکین سے متعلق نهیں هى پس قیدي جو بعد قید کے لڑنے پر قادر نهیں رهتے اس حکم میں داخل نهیں هوسکتے *

بعض مکابر کیا عجب هى که لفظ حیث ثقفتموهم سے آیت من و فدا کے منسوخ هونے کے امکان پر استدلال کریں (اگرچه آج تک کسي عالم نے جنکے وه مقلد هیں استدلال نهیں کیا (اِسلیئے که گو تفسیر کشاف میں لکها هى که حیث ثقفتموهم کے وهي معني هیں جو حیث وجدتموهم کے هیں

> حيث ثقفتموهم و جدتموهم فى حل او حرم

یعني اُنکو مارو جهاں پاؤ کعبه کے اندر یا کعبه کے باهر لیکن اور تفسیروں میں اِس کے معني ایسے لکهے هیں جنسے قیدیوں کا قتل کرنا بهي پایا جاتا هى چنانچه تفسیر معالم التنزیل میں لکها هى که اخیر آیت سے که اُن کو مارو جهاں پاؤ پهلي آیت یعني یهه که انهیں کو مارو جو لڑیں منسوخ هوگئي (سبحان الله کیا عمده مذهب هى جسمیں آیت کا شروع آیت کے اخیر سے منسوخ هو جاتا هى کلام الهي کاهیکو هوا هنسي ٹهٹا هوگیا) ثقافة کے معني کسي چیز کو بغور دیکهنے کے هیں پس معني یهه هوئے که کافروں کے لڑنے والوں کو جهاں دیکهو اور اُن کے قتل پر قابو پاؤ مار ڈالو *

> واقتلو هم حيث ثقفتموهم قيل نسخت الاية الاولى بهذه الاية و اصل الثقافة الحذق و البصر بالامر و معناه اقتلو هم حيث ابصرتم مقاتلتهم و تمكنتم من قتلهم

اور تفسیر مدارک میں لکها هى که اُن کو مارو جهاں پاؤ ثقف کے لفظ کے معني پکڑ کر اور غلبه کر کر پانے کے هیں اور آیت میں جو یهه حکم هى که اُن کو نکالو جهاں سے اُنهوں نے تمکو نکالا هى اُس سے مراد مکه هى اِس آیت میں خدا تعالى نے مسلمانوں سے مکه کے فتح هونے کا وعده فرمایا اور جب مکه فتح هوا تو پیغمبر خدا صلعم نے اُن کے ساتهه جو مسلمان هوئے ایسا هي کیا جیسا که اِس آیت میں لکها هى — پس ان دونوں تفسیروں سے قیدیوں کا قتل کرنا جایز پایا جاتا هى اور جب وه جائز ٹهرا تو آیت من و فدا کا منسوخ هونا لازم آ گیا *

> و اقتلو هم حيث ثقفتمو هم وجدتموهم والثقف الوجود على وجه الاخذ و الغلبة و اخرجوهم من حيث اخرجوكم اي من مكة و عد هم الله تعالى فتح مكة بهذه الاية و قد فعل رسول الله عليه وسلم بمن لم يسلم منهم يوم الفتح

مگر یهه تمام تقریر محض غلط اور بالکل دهوکا هى — اگر فرض کیا جاوے که اِس آیت میں قیدیوں کے هي قتل کا حکم هى توهر گاه یهه آیت قبل آیت من و فدا نازل هوئي هى اور آیت من و فدا اُس کے بعد تو آیت من و فدا اس کي ناسخ ٹهریگي نه یهه آیت — علاوه اِسکے کیسا تعجب هى که تفسیر کو جو قول مفسر یا راے مفسر سے زیاده رتبه نهیں رکهتي نص صریح قراني کا جسکے کلام الهي هونے میں کچهه شبهه نهیں هى ناسخ قرار دیا جاوے — قطع نظر ان سب باتوں کي جو تفسیر آیت کي صاحب معالم التنزیل نے کي هى اُس سے تو قیدیوں کا قتل کرنا پایا نهیں جاتا کیونکه وه یهه کهتا هى که شروع ایت میں یهه حکم تها که جو لڑیں اُنهي کو مارو تو اس حکم سے یهه لازم اتا تها که جب تک کوئي مشرک پهلے وار نکرلے

اس وقت تک اُس کو نہ مارو اخیر ایت سے یہہ حکم منسوخ ہوگیا اور یہہ حکم ہوا کہ اُن کے لڑنے والوں کو جہاں دیکھو مار ڈالو اُنکے پہلے وار کرنے کے منتظر نرہو پس قیدی اس تفسیر سے بھی خارج ہیں اس لیئے کہ قید ہونے کے بعد اُن میں لڑنے اور مقاتلہ کرنے کی طاقت نہیں رہتی اور اس لیئے وہ مقاتلتہم کے لفظ میں داخل نہیں رہتے *

صاحب تفسیر مدارک نے جو معنی ثقف کے گھڑے ہیں اول تو وہ قابل تسلیم نہیں کیونکہ ثقف کے معنی پکڑکر اور غلبہ کرکر پانے کے جو اُس نے بیان کیئے ہیں جن سے قیدی پن نکلتا ہی اُسکی کوئی سند نہیں ہی معہذا وہ صاف صاف قیدیوں پر دلالت بھی نہیں کرتے کیونکہ مقاتلین کی نسبت بھی صادق آسکتے ہیں — قطع نظر ان سب باتوں کے اگر بالکل تقریر مخالفین تسلیم کرلی جاوے تو جو حکم اس ایت میں ہی وہ مخصوص اہل مکہ سے ہوگا جنکی نسبت متعدد احکام مخصوصہ صادر ہوئے تھے اور اس لیئے عمومیت ایت من و فدا کا مخصص ہوگا نہ مبطل اس لیئے کہ ایت من فدا عام ہی اور احکام عام کے برخلاف جو کوئی حکم خاص صادر ہوتا ہی تو وہ حکم خاص اُس حکم کا مخصص ہوتا ہی یا وہ حکم خاص اُس حکم عام سے مستثنی سمجھا جاتا ہی نہ اُس حکم عام کا مبطل کیونکہ وہ حکم عام اپنے باقی افراد کے لیئے بدستور نافذ و بحال رہتا ہی پس نتیجہ مخالفین کی تقریر کو تسلیم کرنے کے بعد بھی یہہ نکلیگا کہ تمام قیدیوں کو سوائے قیدیان مشرکین مکہ کے یا احسان رکھہ کر یا فدیہ لیکر چھوڑ دو اور ہمارا مطلب بھی اسیقدر ہی *

اب باقی رہ گئیں سورہ نساء کی آیتیں وہ بھی قبل فتح مکہ یعنی قبل نزول ایت من و فدا نازل ہوئی ہیں اور اس لیئے اُسکی ناسخ نہیں ہوسکتیں — علاوہ اس کے ان ایتوں میں بھی وہی لفظ حیث وجدتموہم ہی جس کی نسبت ہم اوپر بحث کر آئے ہیں کہ قیدیوں سے متعلق نہیں ہی اور اس لیئے ایت من و فدا کا ناسخ نہیں ہوسکتا اور جوکہ علما حنفیہ میں سے بھی کسی عالم نے ان آیتوں کو ناسخ ایت من و فدا نہیں کہا ہی اس لیئے ہمکو بھی اور زیادہ بحث کرنے کی کچھہ ضرورت نہیں ہی *

اب ہم ایت من و فدا کے غیر منسوخ ہونے کو ثابت کرنے کے لیئے اور اسبات کے ثابت کرنے کے لیئے کہ قیدیوں کے ساتھہ بجز من یا فدا کے اور کچھہ نہیں ہوسکتا ایسی دلیل بیان کرنے پر متوجہ ہوتے ہیں جس میں کسیکو گفتگو کا محل نرہے گا اور وہ یہہ ہی کہ بعد نزول ایت حریت کے جناب رسول خدا صلعم نے نہ کسی قیدیکو قتل کیا نہ کیسکو لونڈی و غلام بنایا بلکہ سب کو بلا استثناے احدے احسان رکھہ کر یا فدیہ لیکر چھوڑ دیا اور اس سے ثابت ہوا کہ ایت من وفدا منسوخ نہیں ہوئی اور قیدیوں کا لونڈی و غلام بنانا جایز نہیں رہا چنانچہ ان جملہ اُمور کو باب آیندہ میں بیان کرتے ہیں واللہ المستعان *

باب ششم

اسبات کے بیان میں کہ بعد نزول ایت حریت کے جناب رسول خدا صلعم نے کسی قیدی کو لونڈی و غلام نہیں بنایا

اگرچہ عرب میں زمانہ جاہلیت سے لڑائی کے قیدیوں کو قتل کرنے اور لونڈی و غلام بنالینے اور فدیہ لیکر اور احسان رکھکر چھوڑ دینے کا رواج تھا اور جب تک کہ اسلام میں کوئی حکم نسبت قیدیوں کے نہیں آیا ایساہی ہوتا رہا لیکن بعد نزول ایت من و فدا کے (جس میں قیدیوں کی بابت احکام ہیں) جس قدر غزوات ہوئے کسی غزوہ کے قیدی لونڈی و غلام نہیں بنائے گئے بلکہ احسان رکھکر یا فدیہ لیکر چھوڑ دیئے گئے اور اُس کے برخلاف رسول خدا صلعم نے کبھی نہیں کیا یہاں تک کہ اس دنیا سے رحلت فرمائی وہذا مایدور علیہ رحی الاسلام وہذا ہو مذہب الاسلام اور یہی ہی مسئلہ مذہب اسلام کا اب ہم اپنے اس کلام کے اثبات کو اُن غزوات کے قیدیوں کا جو بعد نزول ایت من و فدا ہوئے تھے ذکر کرتے ہیں *

اول اساری بطن مکہ — اُنہیں دنوں میں جبکہ مکہ فتح ہوا اَسی آدمی جو جبل تنعیم سے لڑنے کو اُترے تھے قید ہوئے اور جناب رسول خدا صلعم نے احسان رکھکر سب کو چھوڑ دیا *

خود خدا تعالی نے قران مجید میں اسکا ذکر فرمایا ہی کہ

وہوالذی کف ایدیہم عنکم وایدیکم عنہم ببطن مکۃ من بعد ان اظفرکم علیہم

وہ خدا ہی جس نے روکے ہاتھہ کافروں کے تم سے اور تمہارے ہاتھہ اُنسے مکہ کے بیچ میں بعد اِسکے کہ فتح مند کیا تمکو اُنپر *

صحیح مسلم کی حدیث میں بھی اسکا ذکر ہی اور انس سے

عن انس ان ثمانین رجلامن اہل مکۃ ہبطوا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من جبل التنعیم متسلحین یریدون غرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاخذہم سلما فاستحیاہم و فی روایۃ فاعتقہم فانزل اللہ تعالی وہو الذی کف ایدیہم عنکم و ایدیکم عنہم ببطن مکۃ من بعد ان اظفرکم علیہم

روایت کی ہی کہ اَسی آدمی مکہ والوں میں رسول خدا صلعم سے لڑنے کو جبل تنعیم سے اُترے پھر اُنکو پکڑ لیا اس طرح پر کہ اُنہوں نے اپنے تئیں سپرد کردیا پھر اُنکو زندہ رہنے دیا یعنی قتل نہیں کیا اور ایک روایت میں ہی کہ اُنکو چھوڑدیا پس یہہ آیت اُتری کہ وہ خدا ہی جسنے روکے ہاتھہ کافروں کے تم سے

اور تمھارے ھاتھہ اُن سے مکہ کے بیچ میں بعد اسکے کہ فتح مند کیا تمکو اُنپر *

تمام علماء اور مفسرین اور اھل سیر اسبات کے قایل ھیں کہ یہہ لشکر کشي بعد فتح مکہ ھوئي اور خود قران مجید کي آیت سے بھي یہي ثابت ھوتا ھی مگر بعض لغو روایتوں میں ھی کہ یہہ واقعہ حدیبیہ میں قبل فتح مکہ ھوا تھا لیکن جبکہ سب لوگ اُس روایت کو مردود جانتے ھیں تو اُسپر زیادہ بحث کرنے کي ضرورت نہیں *

دوم اساری غزوہ بني خذیمہ — کرماني کہتا ھی کہ یہہ ایک قبیلہ ھی عبدقیس کا اور سیوطي نے ترشیح میں کہا ھی کہ اُنپر لشکر کشي شوال کے مہینے میں مکہ فتح ھونے کے بعد ھوئي تھي *

قال الکرماني ھی قبیلۃ من عبدالقیس قال السیوطي في التوشیح کان البعث الیھم في شوال عقیب الفتح *

مواھب لدنیہ میں لکھا ھی کہ خالد ابن ولید تھوڑا سا لشکر لیکر بني خذیمہ پر جو عبد قیس کے قبیلہ میں سے ھی مکہ کے اُتر ایک رات کي راہ پر یلملم کي طرف شوال سنہ ۸ ھجري میں غیصا کے دن روانہ ھوئے اُنکو رسول خداصلعم نے عزی توڑ کر پھر آنے کے بعد بھیجا تھا اور خود رسول خدا صلعم مکہ میں مقیم تھے *

ثم سریۃ خالد بن الولید الی بني خذیمۃ قبیلۃ من عبدالقیس اسفل مکۃ علی لیلۃ بناحیۃ یلملم في شوال سنۃ ثمان و ھو یوم الغمیصا بعثہ علیہ السلام لما رجع من ھدم العزی و ھو صلعم مقیم بمکۃ

اس غزوہ کي جو حدیث بخاري میں ھی اُسکو ھم تو اپنے استنباط کے موافق سمجھتے ھیں اور شاید ھمارے مخالف اُسکو اپنے مفید سمجھیں اِس لیئے اُسکو لکھہ کر اپنے استنباط کا اثبات اور مخالفین کے استدلال کي تردید کرتے ھیں اور وہ حدیث یہہ ھی کہ سالم نے روایت کي کہ اُسکے باپ نے کہا کہ پیغمبر خدا صلعم نے خالد ابن ولید کو لشکر دیکر بني خذیمہ پر بھیجا خالد نے اُنکو کہا کہ تم مسلمان ھوجاؤ اُنھوں نے صاف صاف یہہ کہنا تو پسند نکیا کہ ھم مسلمان ھوگئے بلکہ یہہ کہنے لگے کہ ھم بد مذھب ھوگئے پس خالد نے اُنکو قتل کرنا شروع کیا اور ھر ایک کا قیدي اُسیکے سپرد کردیا جب دوسرا دن ھوا تو خالد نے حکم دیا کہ ھر شخص اپنے قیدي کو مار ڈالے پس سالم کے باپ نے کہا کہ خدا کي قسم میں تو اپنا قیدي نہیں مارنے کا اور نہ میرے ساتھیوں میں سے کوئي اپنے قیدي کو ماریگا جبکہ ھم رسول خدا صلعم پاس آئے تو ھمنے ان سب باتوں کا ذکر کیا یہہ سنکر پیغمبر خدا صلعم نے اپنے ھاتھہ اُٹھائے اور دو دفعہ کہا کہ بار خدایا جو کچھہ خالد نے کیا ھی میں اپني براءت تیرے سامنے اُس سے ظاھر کرتا ھوں *

عن سالم عن ابیہ قال بعث النبي صلعم خالد بن الولید الی بني خذیمۃ فدعا ھم الی الاسلام فلم یحسنوا ان یقولوا اسلمنا فجعل یقولون صبانا صبانا فجعل خالد یقتل و یاسر ودفع الی کل رجل منا اسیرہ حتی اذا کان یوم اخر امر خالد ان یقتل کل رجل منا اسیرہ فقلت واللہ لا اقتل اسیري و لایقتل رجل من اصحابي اسیرہ حتی قدمنا الی النبي صلعم فذکرناہ فرفع النبي صلعم یدہ فقال اللھم اني ابرا الیک مما صنع خالد مرتین

ھمارے مخالف تو اس حدیث سے یہہ استدلال کرینگے کہ اس غزوہ میں جو بعد فتح مکہ ھوا خالد نے قیدیوں کو قتل کیا اور اُن کے قتل کا حکم دیا پس معلوم ھوتا ھی کہ آیت من و فدا منسوخ ھوچکي تھي یا اُس سے صرف من و فدا میں حصر مقصود نہ تھا *

مگر یہہ دلیل دو وجہہ سے غلط ھی اول تو خالد کا فعل ناسخ آیت قراني نہیں ھوسکتا دوسرے اور بہت سے اصحابوں کا جو خالد کے ساتھہ تھے قیدیوں کے قتل سے انکار کرنا اس بات کي دلیل ھی کہ وہ نزول آیت من و فدا سے واقف تھے اور کیا عجب ھی کہ اُسوقت تک حضرت خالد واقف نہوئے ھوں اِس لیئے کہ ابھي آیت کو نازل ھوئے صرف کئي دن ھوئے تھے اور خالد بن ولید اُن دنوں میں لڑائیوں میں مصروف تھے *

یہہ نہ سمجھنا چاھیئے کہ جن لوگوں نے قیدیوں کے قتل سے انکار کیا اُنکو صبانا کے لفظ سے اس بات کا شبہہ ھوا تھا کہ وہ مسلمان ھوگئے تھے کیونکہ اگر وہ اُنکو مسلمان سمجھتے تو قید ھي کاھیکو کرتے *

کیا لطیفہ ھی کہ خالد سے اس غزوہ میں دو قصور ھوئے تھے ایک یہہ کہ صبانا کے لفظ سے جو مقصد اُن لوگوں کا تھا وہ نہ سمجھے دوسرے یہہ کہ قیدیوں کے قتل کا حکم دیا تھا اسي لیئے دو دفعہ رسول خدا صلعم نے خدا کے سامنے اپني صفائي خالد کے کام سے عرض کي *

غرضکہ یہہ واقعہ اس وجہہ سے کہ خلاف مرضي رسول خدا صلعم کے ھوا اور آنحضرت نے اپني ناراضي اُس سے ظاھر کي ھمارے استنباط کا مثبت اور ممد و معاون ھی اور ھمارے مخالفوں کے مفید نہیں *

سوم اساري ھوازن — ھوازن کے قیدیوں کو رسول خدا صلعم نے احسان رکھکر اور جو لوگ احسانا چھوڑنا نہ چاھتے تھے اُنکو اُنکا فدیہ دیکر چھوڑ دیا اور اس سے ثابت ھوگیا کہ غازیوں کا جنھوں نے کافروں کو قید کیا ھو بجز فدیہ لینے کے اور کچھہ حق قیدیوں پر نہیں ھی *

اساراے ھوازن کا ذرا لنبا قصہ ھی چند حدیثوں میں بھي وہ قصہ مذکور ھی اور سیر کي کتابوں میں بھي اُسکي روایتیں ھیں اور

ابطال غلامي

اُن میں بہت باتیں ہمارے استنباط کی معاون ہیں اور بعض الفاظ ایسے ہیں جنکو ہمارے مخالف اپنے مفید سمجھتے ہونگے اس لیئے اولاً اُن تمام حدیثوں اور روایتوں کو بجنسہٖ لکھتے ہیں اور پھر اُن سے جو کچھہ استنباط ہوتا ہی اُسکو بیان کرتے ہیں *

سیرت ہشامی میں لکھا ہی کہ تمام قیدی اور مال جو حنین کی لڑائی میں ہاتھہ آیا تھا رسول خدا صلعم پاس جمع کیا گیا اور غنیمت پر مسعود بن عمر الغفاری متعین تھے اور رسول خدا صلعم نے تمام قیدیوں کو اور مال کو جعرانہ میں لیجانے کا حکم دیا اور وہیں وہ رکھے گئے *

ثم جمعت الی رسول الله صلعم سبایا حنین و اموالها و کان علی المغانم مسعود بن عمرو الغفاری و امر رسول الله صلعم بالسبایا والاموال الی الجعرانة فحبست بها *

اور سیرت محمدی میں لکھا ہی کہ رسول خدا صلعم نے قیدیوں کے اور لوٹ کے مال جمع کرنے کا حکم دیا چنانچہ وہ سب جمع کیئے گئے اور جعرانہ میں بھیجدیئے گئے اور رسول خدا صلعم کے طایف سے مراجعت فرمانے تک وہیں رہے اور قیدی چھہ ہزار آدمی تھے — اور بخاری نے اپنی تاریخ میں اور بغوی نے ہزیل ابن ورقاد سے یہہ روایت کی ہی اور اصابہ میں لکھا ہی کہ اُس کی سند اچھی ہی کہ رسول خدا صلعم نے اپنے تشریف لانے تک قیدیوں کے اور مال کے جعرانہ میں رہنے دینے کا حکم دیا تھا — اور ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں مسیب سے یہہ روایت کی ہی کہ رسول خدا صلعم نے حنین کی لڑائی میں چھہ ہزار لڑکے اور عورتیں قید کی تھیں *

و امر رسول الله جمع السبی و الغنایم فجمع ذلک کله و حدروه الی الجعرانة فوقف بها الی ان انصرف رسول الله من الطایف و کان السبی ستة الاف راس * * * اخرج البخاری فی تاریخه والبغوی من هزیل ابن ورقاد و قال فی الاصابة اسناده حسن ان رسول الله صلعم امره ان یحبس السبایا و الاموال یوم حنین بالجعرانة حتی یقدم علیه و الجعرانة بسکون العین و تخفیف الراء * * * و اخرج ابن عساکر فی تاریخه عن ابن المسیب ان رسول الله صلعم سبی یوم حنین ستة آلاف من غلام و امراة

بخاری میں اسی واقعہ کی بابت یہہ حدیث ہی کہ جب ہوزان کے لوگ مسلمان ہوکر آئے اور رسول خدا صلعم سے سوال کیا کہ اُن کا مال اور اُن کے قیدی اُنکو پھیر دیئے جاریں تو رسول خدا صلعم کھڑے ہوئے اور اُن سے فرمایا کہ میں پسند کرتا ہوں جو تم چاہتے ہو مگر ٹھیک بات کہدینی مجھے پسند ہی تم دونوں میں سے ایک چیز اختیار کرلو یا تو قیدی ہی لے لو یا مال ہی لے لو میں بیشک تمسے اُنس رکھتا ہوں رسول خدا صلعم نے طایف سے پھر کر دس سے بھی زیادہ رات تک ان لوگوں کے آنے کا انتظار کیا تھا غرضکہ جب اُن لوگوں کو معلوم ہوگیا کہ رسول خدا صلعم دونوں چیزیں نہیں پھیرینگے بلکہ اُن میں سے ایک دینگے تو اُنہوں نے کہا کہ ہم قیدیوں کو چاہتے ہیں پس رسول خدا صلعم مسلمانوں کے بیچ میں کھڑے ہوئے اور خدا کی تعریف کی جسکا وہ مستحق ہی پھر خدا کی تعریف کے بعد فرمایا کہ یہہ تمہارے بھائی توبہ کرکر آئے ہیں اور میں چاہتا ہوں کہ اُن کے قیدی اُن کو پھیروں پس جس کسی کو یہہ بات اچھی لگے وہ کرے اور جو شخص چاہے کہ اپنا حصہ نچھوڑے تو وہ ویسا کرے یہاں تک کہ دیا جاویگا اُسکا حق اُس مال سے جو سب سے اول خدا ہمکو دیگا لوگوں نے عرض کیا کہ ہم آپ ہی کی بات کو پسند کرتے ہیں رسول خدا صلعم نے فرمایاکہ ہم نہیں جانتے کہ کسنے ہم میں سے ایک بات کی اجازت دی اور کسنے نہیں دی تم جاؤ تاکہ تمہارے مکھیا یہہ بات آنکو کہیں سب لوگ گئے اور اپنے اپنے سرگروہوں سے کہا پھر وہ لوگ رسول خدا صلعم پاس آئے اور اطلاع کی کہ سب لوگ پسند کرتے ہیں اور اجازت دیتے ہیں یہہ قصہ ہوازن کا ہی جس کی اطلاع ہمکو ہوئی ہی *

ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قام حین جاء و فد هوازن مسلمین فسالوه ان یرد الیهم اموالهم و سبیهم فقال لهم رسول الله صلی الله علیه و سلم معی من ترون واحب الحدیث الی اصدقه فاختاروا احدی الطایفتین اما السبی و اما المال و قد کنت استانیت بکم و کان انظر هم رسول الله صلی الله علیه و سلم بضع عشرة لیلة حین قفل من الطایف فلما تبین لهم ان رسول الله صلی الله علیه و سلم غیر راد الیهم الا احدی الطایفتین قالو فانا نختار سبینا فقام رسول الله صلی الله علیه و سلم فی المسلمین فاثنی علی الله بما هو اهله ثم قال اما بعد فان اخوانکم قد جاؤ تائبین وانی قد رایت ان ارد الیهم سبیهم فمن احب منکم ان یطیب ذلک فلیفعله و من احب منکم ان یکون علی حظه حتی نعطیه ایاه من اول مایفی الله علینا فلیفعل فقال الناس قد طیبنا ذلک یا رسول الله فقال رسول الله صلی الله علیه و سلم انا لاندری من اذن منکم فی ذلک ممن لم یاذن فارجعوا حتی یرفع الینا عرفاؤکم امرکم فرجع الناس فکلم عرفاؤهم ثم رجعوا الی رسول الله صلی الله علیه و سلم فاخبروه انهم قد طیبوا واذنوا هذا الذی بلغنی من سبی هوازن

سیرت ہشامی میں اس قصہ کو اس طرح پر لکھا ہی کہ بارادۂ جہاد تشریف لیگئے رسول الله صلی الله علیه وسلم جبکہ مراجعت فرمائی آپ نے طایف سے اوپر

ثم خرج رسول الله صلعم حین انصرف من الطایف علی دحنا حتی نزل الجعرانة فیمن معه من الناس

و معه من هوازن سبي كثير و قد قال له رجل من اصحابه يوم ظعن ثقيف يا رسول الله ادع عليهم فقال رسول الله صلعم اللهم اهد ثقيفا و ائت بهم — ثم اتاه و فد هوازن بالجعرانة و كان مع رسول الله صلعم من سبي هوازن ستةالاف من الذراري والنساء و من الابل والاشياء مما لايدرى ماعدته قال ابن اسحاق فحدثني عمر و بن شعيب عن ابيه عن جده عبدالله بن عمروان و فد هوازن اتوا رسول‌الله صلعم وقد اسلموا فقالوا يا رسول الله قد اصابنا من‌البلاء مالم يخف عليك فامنن علينامن‌الله عليك — قال ابن‌اسحق فحدثني عمر بن شعيب عن ابيه عن جده عبدالله بن عمر و قال فقال رسول الله صلعم ابناء كم ونساء كم احب اليكم ام اموالكم فقالوا يا رسول الله خيرتنا بين اموالنا واحسابنابل تردالينا نساءنا وابناء نا فهو احب الينا فقال لهم اما ماكان لي ولبني عبدالمطلب فهو لكم واذا ما انا صليت الظهر بالناس فقوموا فقولوا انا نستشفع برسول الله الى المسلمين وبالمسلمين الى رسول‌الله في ابنائنا و نساءنا نساعطيكم عند ذلک واسال لكم — فلما صلي رسول الله صلعم بالناس الظهر قاموا فتكلموا بالذي امر هم به فقال رسول الله صلعم اما ماكان لي ولبني عبدالمطلب فهو لكم فقال المهاجرون ما كان لنا فهولرسول الله صلعم فقال الاقرع بن حابس اما انا وبنوتميم فلا —

دحنا کے یہاں تک کہ پہونچی آپ جعرانہ میں معہ اپنے همراهیوں کے اور آپ کے ساتهہ قوم هوازن کے بہت سے قیدي تهے اور جب آپ نے بني ثقیف سے لڑنے کے لیئے سفر کیا تو اِس سفر میں آپ کے صحابہ میں سے کسینے کہا تها کہ یا رسول الله آپ اس قوم کے لیئے کچهہ هدایت کي دعا فرمائیئے چنانچہ آنحضرت نے فرمایا تها کہ ای الله هدایت کر قوم ثقیف کو اور مطیع کردے اسکو چنانچہ ایا ایک گروہ هوازن کا مقام جعرانہ میں اور آں حضرت کے ساتهہ قوم هوازن کے قیدیوں میں سے چهہ هزار بچے اور عورتیں تهیں اور اونٹ اور اَوْر چیزیں اسقدر تهیں جنکي کچهہ شمار نہ تهي کہا اسحاق نے پهر بیان کیا مجهہ سے عمر و بن شعیب نے اپنے باپ سے سنکر اور اُس کے باپ نے اپنے باپ سے سنکر جسکا نام عبدالله بن عمرو تها یہہ کہ گروہ هوازن کا آیا رسول خدا کے پاس اور سب نے اسلام قبول کرلیا تها اور کہا اُس گروہ نے کہ یا رسول الله جو کچهہ هم پر مصیبت پڑي وہ آپ سے کیا پوشیدہ هی پس آپ هم پر احسان کریں الله آپکو اُسکا عوض دے — کہا ابن اسحاق نے پس روایت کي مجهہ سے عمر بن شعیب نے اور اس سے اُسکے

قال عيينة بن حصن و اما انا وبنوا فرازة فلا — وقال عباس ابن مرداس اما انا وبنو سليم فلا — قالت بنو سليم بلي ماكان لنا فهولرسول الله صلعم — قال يقول عباس ابني سليم و هنتموني فقال رسول الله صلعم اما من تمسک بحقه من هذا السبي فله بكل ست فرايض من اول سبي اصيبه فردوا الى‌الناس ابناءهم و نسائهم — قال ابن‌اسحق وحدثنى ابو وجزة يزيد ابن عبيد السعدي ان رسول الله صلعم اعطى على بن ابي طالب (رضه) جارية يقال لها ريطة بنت هلال بن حيان بن عميرة بن هلال بن ناصرة بن قصيه بن نصر بن سعد بن بكر — و اعطى عثمان بن عفان جارية يقال لها زينب بنت حيان بن عمرو بن حيان — و اعطى عمر بن الخطاب جارية فوهبها لعبدالله بن عمر ابنه—قال ابن اسحق فحدثني نافع مولى عبدالله بن عمر عن عبدالله ابن عمر قال بعثت بها الى اخواني من بني جمح ليصلحوا بي منها حتى اطوف بالبيت ثم آتيهم وانا اريد ان اصيبها اذا رجعت اليها قال فخرجت من المسجد حين فرغت فاذا الناس يشتدون قلت ماشانكم قال ردعلينا رسول الله صلعم نساءنا وابناءنا فقلت تلكم صاحبتكم في بني جمح فاذهبو فخذواها فذهبوا اليها فاخذواها — قال ابن اسحق واما عيينة بن حصن فاخذها عجوزا من عجايز هوازن وقال حين‌اخذها اري عجوزا اني لاحسب لها فى‌الحي

باپ نے اور اُسکے باپ سے اُسکے دادا نے جنکا نام عبدالله بن عمر تها کہ فرمایا رسول الله صلی‌الله علیہ و سلم نے اُن لوگوں سے کہا تمکو اپني اولاد اور عورتیں زیادہ پیاري هیں یا مال زیادہ پیارا هی پس اُنهوں نے جواب دیا کہ یا رسول الله مخیر کردیا آپ نے همکو همارے مال میں اور همارے بچے اور عورتوں میں پس آپ همکو هماري عورتیں اور بچے هي عنایت کیجیئے کیونکہ وهي همکو زیادہ پیارے هیں پس آپ نے ارشاد فرمایا کہ جو میرے اور اَوْر بني مطالب کے حصہ میں هیں وہ تو همنے تمکو عطا کیں اور باقي کي نسبت یہہ بات هی کہ جب میں ظہر کي نماز جماعت سے ادا کروں اور سب لوگ موجود هوں اسوقت تم اِسبات کي التجا کرنا اور یہہ کہنا کہ هم شفیع لائے هیں الله کے رسول کو مسلمانوں کے پاس اور مسلمانوں کو الله کے رسولوں کے پاس بیچ چهوڑ دیئے اپني عورتوں اور اپنے بچوں کے پس میں بهي تمکو تمهاري عورتین دے دونگا اور اَوروں سے بهي تمهارے لیئے سعي کرونگا اور کہہ سنکر دلوا دونگا پس جب نماز پڑهي رسول خدا نے جماعت سے ظہر کي تو کهڑے هوئے وہ لوگ اور جیسا اپ نے تلقین کردیا تها اُسي طرح سے اُنهوں نے عرض کیا پس فرمایا آنحضرت نے کہ

بمقام علیگڈہ —— مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوت میں چهپا اور باهتمام
حافظ محمد عبدالرزاق کے شایع هوا

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد دوم] ۱۵ رمضان المبارک سنہ ۱۲۸۸ ہجری [نمبر ۱۶

تتمہ مضمون نمبر ۵۲

نسبا وعسی ان یعظم فداها فلما رد رسول‌الله صلعم السبایا بست فرایص ابی ان یردها فقال لہ زهیر ابو صرد خذها منک فو الله مافوها ببارد ولاثدیها بناهد ولا بطنها بوالد ولازوجها بواجد ولادرها بماکد فردها بست فرایص حین قال لہ زهیر ما قال فزعموا ان عیینة لقی اقرع بن حابس فشکی الیہ ذلک فقال انک والله ماأخذتها بیضاء عزیزة ولا نصفا وثیرة

جو میرے اور اَوْر بنی مطلب کے حصہ میں‌هیں وہ مینے تمکو دیں پس کہا مہاجرین نے کہ یا رسول الله جو همارے حصہ میں هی وہ بهی آپ کا هی پس کہا اقرع بن حابس نے کہ یا رسول الله هم اور بنو تمیم ندینگے اور عیینہ بن حصن نے کہا کہ هم اور بنی فزارہ بهی ندینگے اور عباس ابن مرداس نے کہا کہ هم اور بنو سلیم بهی ندینگے مگر بنو سلیم نے کہا کہ نہیں جو همارا حصہ هی اُس کے مالک انحضرت هیں کہا راوی نے کہ عباس ابن مرداس بنی سلیم سے کہتا تها کہ تمنے میری بات کو پست کردیا پس فرمایا رسول خدا نے جس شخص نے ان قیدیوں میں سے اپنا حق لیلیا هی اور وہ واپس کردیگا اسکو میں بدلے اُسکے حصہ کے چهہ چهہ اونٹ اُس غنیمت میں سے دونگا جو سب سے پہلے میرے هات لگیگی پس پهیر دو اُن لوگوں کے بچے اور عورتیں — کہا ابن اسحق نے اور روایت کی مجهہ سے ابو وجزہ یزید بن عبدالسعدی نے بہہ کہ رسول‌الله صلی‌الله علیہ وسلم نے حضرت علی کرم الله کو ریطہ نام ایک اونڈی هلال ابن حیان بن عمرہ بن هلال بن ناصرہ بن قصیہ بن نصر بن سعد بن بکر کی بیٹی عطاکی تهی اور حضرت عثمان بن عفان (رضی الله) کو زینب نام ایک اونڈی بنت حیان بن عمرو بن حیان کی بیٹی عطا فرمائی تهی اور حضرت عمر ابن‌الخطاب کو ایک اونڈی عطا کی تهی اور اُنہوں نے اسکو اپنے بیٹے عبدالله ابن عمر کو بخش دیا تها کہا ابن اسحاق نے پس روایت کی مجهہ سے نافع مولی عبدالله ابن عمر نے اور اُنہوں نے سنا تها عبدالله ابن عمر سے کہ مینے اُس اونڈی کو اپنے بهائیوں قوم بنی جمح کے پاس بهیجدیا تها تاکہ وہ اُس کو رکهیں یہاں تک کہ میں طواف بیت سے فارغ هوجاؤں اُسکے بعد اُن کے پاس جاؤں اور میرا دل چاهتا تها کہ جب میں واپس آؤں تو اُس اونڈی سے مصاحبت کروں کہا عبدالله ابن عمر نے جبکہ میں مسجد سے فارغ هوکر نکلا تو لوگوں کا جهمگٹ تها مینے پوچها کہ کیا حال هی کہو تو اُنہوں نے جواب دیا کہ همارے بچوں اور عورتوں کو رسول خدا نے چهوڑ دیا پس مینے کہا کہ ایک بیوی تمهاری بنی جمح میں هی وہ بهی تم لیجاؤ پس وہ گئے اور اسکو بهی لیگئے کہا ابن اسحاق نے کہ عیینہ بن حصن نے ایک بڑهیا قوم هوازن کی لی تهی اور جب اُسنے اس بڑهیا کو لیا تها تو دیکہ

کہا تھا کہ یہہ بوڑھیا میري دانست میں قوم ہوازن میں سے کسي بڑے گھر کي ہی اور غالب ہی کہ مجھکو اس کے عوض میں بہت کچھہ مال ہاتھہ آویگا پس جب کہ رسول خدا نے تمام قیدیوں کو رہا کردیا اور لوگوں سے وعدہ کیا اُن کي عوض میں چھہ چھہ اُونٹوں کا تو عیینہ نے انکار کیا کہ میں اِس بوڑھیا کو ندونگا پس زہیر ابوصرد نے کہاکہ نہ تو وہ چنداں پاکیزہ دھن ہی اور نہ اُسکي چھاتیاں کچھہ اُبھري ہوئي ہیں اور نہ وہ جننے کے لایق ہی اور نہ زوج اُس کا ایک ہی اور نہ اُس سے کسي دایمي نفع کي توقع ہی پھر کیوں نہیں دیدیتا پس عیینہ نے ابوصرد کے اِس کہنے سننے سے دیدیا کہا پس گمان کیا اُنھوں نے یہہ کہ عیینہ ملا اقرع بن حابس سے اور شکایت کي اُس سے اِسبات کي پس اُس نے کہا کہ واللہ نہیں لیا تونے اُس کو کچھہ عاقلہ عزیزہ سمجھکر اور نہ کچھہ کام خدمت کے لایق دیکھکر *

ہمکو اپنے دعوی کے اِثبات کے لیئے بخاري کي حدیث پر استدلال ہی جس سے قیدیوں کا احسان رکھکر چھوڑنا ظاہر ہی اور اُس حدیث کے ان الفاظ سے کہ ”من احب منکم ان یکون علی حظہ حتي یعطیہ ایاہ من اول مایفي اللہ علینا“ بخوبي ثابت ہی کہ غازیوں کا حق اساري پر بجز فدیہ لینے کے اور کچھہ نہیں ہی *

سیرت ہشامي میں جو یہہ لکھا ہی کہ بنو تمیم نے احسان رکھہ کر چھوڑنے سے انکار کیا اور رسول خدا صلعم نے بطور حق قید کرنے والے کے فی قیدي چھہ اونٹ فدیہ میں دلانے تجویز کیئے اس سے اور بھي ثابت ہوا کہ غازیوں کا بجز فدیہ کے اور کچھہ حق نہ تھا *

سیرت ہشامي کے ان لفظوں سے کہ عیینہ نے ایک بڑھیا کو اِس خیال سے پکڑا تھا کہ اُس کا فدیہ زیادہ ہوگا ظاہر ہوتاہی کہ مجاہدین صحابہ جانتے تھے کہ اساري پر بجز فدیہ لینے کے اور کچھہ حق نہیں ہی *

گو سیرت ہشامي کو ہم اس رتبہ کي کتاب نہیں سمجھتے کہ اُسکي روایت بلا کسي مؤید کے قابل اعتبار ہو مگر چونکہ بخاري کي مذکورہ بالا حدیث سے اُسقدر مضمون کي تائید ہوتي ہی اِس لیئے ہمنے اُسپر بھروسا کیا ہی *

مگر ہمارے مخالف سیرت ہشامي کي روایت پر استدلال کرکر ہم سے مکابرہ کرینگے کہ جب خود رسول خدا صلعم نے قبل واپس دینے اسارے کے چند لڑکیاں علي و عثمان و عمر کو بخشدي تھیں اور حضرت عمر نے منجملہ اُنکے ایک اپنے بیٹے کو ہبہ کردي تھي اور وہ اُسکے ساتھہ مباشرت کرنے کو طیار ہوگئے تھے تو اس سے صاف اسارے کے استرقاق کا جواز پایا جاتا ہی *

مگر اسکے جواب میں اول تو ہم یہہ کہینگے کہ سیرت ہشامي اور اُسکے راوي نامعتمد ہیں اور اِس لیئے سیرت ہشامي کي وہ روایت جسکي مؤید کوئي صحیح روایت نہیں ہی قابل اعتماد کے نہیں ہی *

دوسرے یہہ کہ سیرت ہشامي میں جو لفظ اعطی کا لکھا ہی اور جو قصہ بداخلاقي اور صفت بہیمیہ کا عبداللہ ابن عمر کي نسبت منسوب کیا ہی محض کذب اور جھوٹ ہی رسول خدا صلعم نے کسیکو کوئي لڑکي بخشي نہیں تھي بلکہ خود حضرت عمر نے گرفتار کیا تھا اور اُسکي سند کے لیئے ہم حدیث بخاري کي اپنے پاس موجود رکھتے ہیں *

چنانچہ بخاري میں نافع سے یہہ روایت ہی کہ عمر بن خطاب نے رسول خدا صلعم سے کہا کہ زمانہ جاہلیت میں ایک دن کا اعتکاف مینے مانا تھا وہ مجھہ پر ہی آپ نے فرمایا کہ اُسکو اوتار دو اور نافع نے یہہ بھي کہا کہ حضرت عمر کے ہاتھہ دو لڑکیاں آئي تھیں حنین کے قیدیوں میں سے یعني جو لوگ حنین میں قیدي ہوئے تھے اُنمیں دو لڑکیاں وہ تھیں جنکو حضرت عمر نے پکڑا تھا اور اُنکو مکہ کے گھروں میں سے کسي گھر میں رکھہ دیا تھا نافع نے کہا کہ جب پیغمبر خداصلعم نے حنین کے قیدیوں کو احسان رکھکر چھوڑا تو وہ بازار میں چلنے پھرنے لگے تب عمر نے کہا کہ اے عبداللہ دیکھہ تو یہہ کیا ہی تب عبداللہ نے کہا کہ رسول خدا صلعم نے قیدیوں کو احسان رکھکر چھوڑ دیا عمر نے کہا کہ جا اُن لڑکیوں کو بھي چھوڑ دے — پس اس حدیث میں نہ پیغمبر خدا صلعم کا اُن لڑکیوں کو بخشدینا مذکور ہی اور نہ اُس اتہام کا ذکر ہی جو ابن اسحاق نے حضرت عبداللہ ابن عمر پر کیا ہی *

> في البخاري عن نافع ان عمر بن الخطاب قال یا رسول اللہ انہ کان علي اعتکاف یوم في الجاہلیۃ فامرہ ان یفي بہ قال واصاب عمر جاریتین من سبی حنین فوضعہما في بعض بیوت مکۃ قال فمن رسول اللہ صلعم علي سبی حنین فجعلوا یسعون في السکک فقال عمر یا عبداللہ انظر ماھذا فقال من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی السبی قال اذھب فارسل الجاریتین الخ

قطع نظر اسکے اگر الفاظ سیرت ہشامي ہي کو تسلیم کرلیا جاوے تو بھي استرقاق ثابت نہیں ہوتا اعطی کا لفظ استرقاق پر دلالت نہیں کرتا اور جاریہ کا لفظ لونڈي اور آزاد لڑکي دونوں پر اطلاق ہوتا ہی اور جس جاریہ کي نسبت عبداللہ ابن عمر پر اتہام کیا گیا اگر وہ لونڈي تھي جیسیکہ طرز کلام ہشامي سے بوجہہ ذکر کرنے نسب دوجاریوں کے اور نہ ذکر کرنے نسب اس جاریہ سے پایا جاتا ہی تو مابعد آیت حریت کے استرقاق پر کچھہ بھي استدلال نہیں ہوسکتا *

ابطال غلامي

ابطال غلامي

چهارم اساري ثقيف — ثقيف کے قيديوں کو بهي رسول خدا صلعم نے فديه ليکر چهوڑ ديا چنانچه صحيح مسلم ميں هى که عمران ابن حصين نے کها که بني ثقيف اور بني عقيل دونوں آپسميں بهائي

عن عمران ابن حصين قال كان ثقيف حليفا لبني عقيل فاسرت ثقيف رجلين من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم و اسر اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم رجلا من بني عقيل فاوثقوه وطرحوه في الحر فمربه رسول الله صلى الله عليه و سلم فناداه يا محمد يا محمد فيما اخذت قال بجريرة حلفاء كم ثقيف فتركه و مضى فناداه يا محمد يا محمد فرحمه رسول الله صلى الله عليه و سلم فرجع قال ماشانك فقال اني مسلم فقال لوقلتها وانت تملك امرک افلحت كل الفلاح قال ففداه رسول الله صلى الله عليه و سلم بالرجلين اللذين اسرتهما ثقيف

بهائي بن گئے تهے بني ثقيف نے رسول خدا صلعم کے اصحابوں ميں سے دو شخصوں کو قيد کرليا تها اور رسول خدا صلعم کے اصحاب نے بني عقيل کے ايک شخص کو قيد کرليا اور اُس کو باندهکر دهوپ ميں ڈال ديا جب که رسول خدا صلعم اُسکے پاس سے گذرے تو اُس نے پکارا اى محمد اى محمد مجهکو کس وجهه سے پکڑا هى آپ نے فرمايا که تمهارے بنے هوئے بهائيوں ثقيف کے گناه ميں يهه فرمايا اور اُسکو بدستور بندها هوا چهوڑ کر تشريف ليچلے وه پهر پکارا اى محمد اى محمد رسول خدا صلعم کو اُس پر رحم آيا اور آپ پهر کر آئے اور پوچها که تيرا کيا حال هى اُس نے کها که ميں مسلمان هوں آپ نے فرمايا که اگر تو اُس وقت کهتا جب که تو اپنے اختيار ميں تها تو بهت سی بهلائياں پاتا عمران ابن حصين نے کها که بعد اس کے رسول خدا صلعم نے اُن دو قيديوں کے فديه ميں جن کو بني ثقيف نے قيد کيا تها چهوڑ ديا *

يهه نه سمجهنا چاهيئے که اِس شخص کو بوجهه مسلمان هوجانے کے چهوڑ ديا تها اِس ليئے که وه مسلمان نهيں هوا تها جهوٹ

فقيل انما رده صلعم الى دارالحرب بعد اظهار كلمة الاسلام لانه قد علم انه غير صادق فهذا خاصة به صلى الله عليه و سلم

مت کهتا تها که ميں مسلمان هوں چنانچه مرقاة ميں لکها هى که اُس شخص کو رسول خدا صلعم نے بعد اس کے که اُس نے مسلمان هونے کا اقرار کيا اِسليئے دارالحرب ميں بهيجديا که آپ جانتے تهے که وه سچا نهيں هى پس يهه بات رسول خدا صلعم هي کے ليئے خاص هى *

پنجم اسارے بني تميم — بخاري نے ترجمة الباب ميں لکها هى

قال ابن اسحاق غزوة عيينة بن حصين بن حذيفة بن بني بدر بني العنبر من بني تميم بعثه النبي صلى الله عليه وسلم اليهم فاغاروا واصاب منهم ناسا و سبي منهم نساء

که ابن اسحاق نے کها هى که ذکر هى غزوه عيينه بن حصين بن حذيفه بن بدر کا بني العنبر پر جو بني تميم سے هى رسول خدا صلعم نے اُن لوگوں پر اُن کو بهيجا تها اُنهوں نے وهاں لوٹا اور آدميوں کو مارا اور عورتوں کو قيدي بنا لائے *

بعد اس کے بخاري نے يهه حديث لکهي هى که ابوهريره نے کها

عن ابي هريرة قال لاازال احب بني تميم بعد ثلث سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم يقولها فيهم هم اشد امتي على الدجال وكانت فيهم منهم سبية عند عايشة فقال اعتقيها فانها من ولد اسمعيل و جاءت صدقاتهم فقال هذه صدقات قوم اوقومي

که ميں هميشه بني تميم کو دوست رکهتا هوں جب سے که اُن کي نسبت تين باتيں رسول خدا صلعم سے سني هيں آپ اُن کے حق ميں فرماتے تهے که ميري تمام امت سے زياده سخت هونگے دجال پر اور اُنهي لوگوں ميں ايک عورت حضرت عايشه پاس بندي ميں تهي تو آپ نے فرمايا که اُس کو چهوڑ دے کيونکه وه اسمعيل کي اولاد ميں سے هى اور اُن کے پاس سے جب صدقات آئے تو آپ نے فرمايا که يهه ايک قوم کے صدقات هيں يا فرمايا که ميري قوم کے صدقات هيں *

يهه تينوں باتيں جو حضرت ابو هريره نے فرمائيں يهه اُس وقت کے واقعات نهيں هيں جس وقت که اُنهوں نے اُن کو فرمايا تها بلکه پچهلي باتوں کو جو مختلف اوقات ميں کهي گئي تهيں اُن کو اُسوقت بيان کيا تها پس اس حديث سے يهه نه سمجهنا چاهيئے که غزوه بني تميم کے بعد کوئي عورت حضرت عايشه پاس بطور لونڈي کے تهي اور اُس کے آزاد کرنے کا رسول خدا صلعم نے حکم ديا تها بلکه جب غزوه بني تميم کے قيدي پکڑے آئے اُسي ميں سے ايک عورت حضرت عايشه پاس تهي جس کو بلا فديه به سبب اولاد ابراهيم هونے کے چهوڑ دينے کو فرمايا تها کيونکه تمام قيدي بني تميم کے بلا فديه احسان رکهکر اُسيوقت چهوڑ ديئے گئے تهے چنانچه مواهب لدنيه ميں بالتفصيل لکها هى که رسول خدا صلعم نے عيينه ابن حصين فزاري

في المواهب — وبعث عيينة ابن حصين الفزاري الى بني تميم بالسقيا وهي ارض بني تميم في المحرم سنة تسع و كان خمسين فارسا من العرب ليس فيهم مهاجري

کو بني تميم پر سقيا کے مقام پر جو بني تميم کا ضلع هى محرم سنه ۹ هجري ميں بهيجا اور اُس کے ساتهه پچاس سوار عرب کے تهے اور اُن ميں کوئي مهاجرين

ابطال غلامي

ولا انصاري فكان يسيرالليل ويكمن النهار فهجم عليهم في صحراء فدخلوا وسرحو مواشيهم فلما راو الجمع ولوا فاخذوا منهم احد عشر رجلا و وجدوا فی المحلة احدی عشرة امراة وثلاثين صبيا فقدم منهم عشرة من رؤسائهم منهم عطارد والدبرقان وقيس ابن عاصم والاقرع ابن حابس فجاؤا الی باب النبي صلعم فنادوا يا محمد اخرج الينا فخرج صلعم واقام بلال الصلواة و تعلقوا برسول الله صلعم يكلمونه فوقف معهم ثم مضی فصلی الظهر ثم جلس في صحن المسجد فقدموا عطارد ابن حاجب فتكلم وخطب فامر رسول الله صلعم ثابت ابن قيس بن شماس فاجابهم ونزل فيهم ان الذين ينادونک من وراء الحجرات الاية ورد عليهم صلعم الاسري والسبي

اور انصار میں سے نہ تھا پس وہ رات کو چلتے تھے اور دن کو گھات میں بیٹھتے تھے پس ایک جنگل میں بني تمیم پر ٹوٹ پڑے اور گھس کر اُن کي مویشي کو گھیر لیا جب اُنھوں نے آدمیوں کے غول کو دیکھا تو وہ بھاگ گئے دس آدمي اُن میں سے پکڑے گئے اور اُس جگہہ گیارہ عورتیں اور تیس بچے ملے اُس کے بعد اُن میں کے دس سردار جن میں عطارد اور دبرقان اور قیس ابن عاصم اور اقرع بن حابس بھي تھا مدینہ میں آئے اور پیغمبر خدا صلعم کے دروازہ کے پاس جاکر پکارنے لگے کہ اے محمد ہمارے پاس باہر آو اپ اندر سے باہر تشریف لائے اتنے میں بلال نے ظہر کي نماز کي اذان دي اور اُن لوگوں نے رسول خدا صلعم کے دامن کو پکڑلیا اور بات چیت کرنے لگے آپ نے تھوڑي دیر توقف کیا پھر چلے گئے اور ظہر کي نماز پڑھي پھر مسجد کے صحن میں بیٹھے اُن لوگوں نے عطارد ابن حاجب کو پیش کیا اُس نے بات چیت کي اور خطبہ پڑھا پھر رسول خدا صلعم نے ثابت بن قیس بن شماس کو اُنکا جواب دینے کو حکم دیا اور اُنھوں نے اُسکا جواب دیا اُنھي لوگوں کي نسبت یہہ آیت نازل ھوئي کہ جو لوگ تجھکو مکان کے دروازہ کے باہر سے پکارتے ھیں الخ اور رسول خدا صلعم نے اُنکے قیدي مرد اور قیدي عورتیں وبچے سب پھیر دیئے *

سبی اور سبایا کا لفظ عام ھی اُن پر بھي اطلاق کیا جاتا ھی جو قیدي لونڈي و غلام بنالیئے گئے ھوں اور اُن پر بھي بولا جاتا ھی جو قید ھوئے ھوں اصل میں وہ لفظ لڑائي میں جو لوگ پکڑے جاویں اُن کے لیئے موضوع ھوا ھی مگر چونکہ عرب میں ھمیشہ لڑائي کے قیدي لونڈي و غلام بنا لیئے جاتے تھے اِس لیئے سبی سے لڑائي میں پکڑے ھوئے لونڈي و غلام مراد ھونے لگے مگر وہ مطلق لڑائي کے قیدیونکي نسبت بھي مستعمل ھیں *

عتق کا لفظ صرف غلام ھي کے آزاد کرنے پر نہیں بولا جاتا بلکہ نہایت عام معنوں میں اور قیدیوں کے چھوڑ دینے میں بھي مستعمل ھی پس حدیث مذکورہ بالا میں جو لفظ اعتقہا ھی اُس سے یہہ سمجھنا نہ وہ عورت لونڈي تھي ایک بہت بڑي فاحش غلطي ھی *

کشف الغمہ عن جمیع الامہ کي کتاب السیر میں حضرت ابوھریرہ سے

عن ابي هريرة قال كان علی عايشة رضي الله تعالی عنها عتق رقبة فجاء سبي من بني تميم فقال النبي صلی الله تعالی عليه و اله وسلم اعتقي من هؤلاء الخ

ایک حدیث منقول ھی کہ حضرت عایشہ پر ایک بردہ آزاد کرنا تھا جب بني تمیم کے قیدي آئے تو رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ اِنمیں سے آزاد کردے *

یہہ حدیث محض بےجوڑ اور خلاف اصول اور محض نامعتبر ھی اگر ایسي لغویات پر مسائل مذھب اسلام کي بنیاد ھو تو خدا حافظ ھی *

ایک متعصب مکابر ھمارے اس بیان پر جو اسباب میں کیا گیا ھی یہہ اعتراض کرسکتا ھی کہ بعد فتح مکہ جسقدر غزوات میں قیدي ھوئے اور جنکا ذکر ھمنے اس باب میں کیا وہ سب اھل عرب تھے اور اھل عرب کا لونڈي و غلام بنانا جائز نہ تھا اس لیئے وہ چھوڑے گئے نہ اس وجہہ سے کہ آیۃ من و فدا نازل ھوچکي تھي *

مگر اسکا جواب ھم یہہ دیتے ھیں کہ عرب میں بزمانہ جاھلیت اھل عرب کا لونڈي و غلام بنانا بالکل رایج تھا اور ابتداے زمانہ اسلام میں بھي جبکہ قیدیوں کے باب میں کوئي حکم نہیں آیا تھا اور رسم و رواج عرب کے موافق کام ھوتا تھا قوم عرب کا لونڈي و غلام بنانا ناجائز نہیں سمجھا جاتا تھا اور تمام علماء بالاتفاق اسبات کے مقر ھیں کہ قوم عرب کا لونڈي و غلام بنانا ناجایز نہ تھا پس اس سے بخوبي ظاھر ھوا کہ ان غزوات میں جسقدر قیدي منا و فداء چھوڑے گئے وہ اسي وجہہ سے چھوڑے گئے کہ قیدیوں کي نسبت آیت من و فدا نازل ھوچکي تھي اور اُسکي تعمیل فرض تھي *

واسطے ثبوت اسبات کے کہ قبل نزول آیت من و فدا قوم عرب کا لونڈي و غلام بنانا ناجائز نہیں سمجھا جاتا تھا دو حدیثیں اور قول علماء متقدمین ذیل میں لکھا جاتا ھی — بخاري نے اپني صحیح میں ایک باب میں لکھا ھی

باب غزوة بني المصطلق من خزاعة وهي غزوة المريسيع قال ابن اسحق و ذلک سنة ست و قال موسی بن عقبة سنة اربع وقال نعمان بن راشد عن الزهري كان حديث الافک في غزوة المريسيع

کہ یہہ باب ھی غزوہ بني المصطلق کا جو خزاعہ کي شاخ ھی اور اسي کا نام غزوہ مریسیع ھی ابن اسحاق نے کہا کہ یہہ غزوہ سنہ ٦ میں ھوا تھا اور موسی بن عقبہ کا قول ھی کہ سنہ ٤ ھجري میں ھوا تھا اور نعمان بن راشد نے زھري سے روایت کي ھی کہ اسي غزوہ مریسیع میں لوگوں نے حضرت عایشہ پر اتہام کیا تھا *

عن ابي محيرز قال دخلت المسجد فرایت ابا سعید الخدري فجلست الیه فسالته عن العزل قال ابو سعید خرجنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم في غزوة بني المصطلق فاصبنا سبیاً من سبي العرب فاشتهینا النساء واشتدت علینا العزبة واحببنا العزل فاردنا ان نعزل وقلنا نعزل و رسول الله صلی الله علیه و سلم بین اظهرنا قبل ان نسأله فسألناه عن ذلک فقال ما علیکم ان لا تفعلوا ما من نسمة کائنة الی یوم القیمة وهي کائنة

ابي محیرز نے کہا کہ میں مسجد نبوی میں گیا وہاں ابو سعید خدری کو بیٹھا ہوا دیکھا پھر میں نے عزل کی نسبت اُن سے پوچھا اُنہوں نے کہا کہ ہم ایک دفعہ رسول خدا صلعم کے ساتھہ بني المصطلق کی لڑائي میں گئے تو عرب کی قیدي عورتوں میں سے ایک قیدي عورت میرے ہاتھہ لگی اور ہم عورتوں کے ہاتھہ آنے کے خواہشمند تھے کہ عورتوں کے پاس نجانا ہم پر بہت سخت تھا اور عزل کرنا ہم چاہتے تاکہ کسیکو حمل نرہے پس ہم نے عزل کا ارادہ کیا پھر ہم نے کہا کہ باوجود موجود ہونے رسول خدا صلعم کے اُن کے بغیر پوچھے ہم یہہ کام کریں پھر ہم نے اس باب میں آں حضرت سے پوچھا آپ نے فرمایا تم کو کیا ہوا ہی جو ایسا کرتے ہو جو جان کہ قیامت تک پیدا ہونے والي ہی وہ پیدا ہوگي *

صحیح مسلم میں یہہ حدیث ہی کہ ابن عون نے کہا کہ میں نے

عن ابن عون قال کتبت الی نافع اسأله عن الدعاء قبل القتال فکتب الي انما کان ذلک في اول الاسلام قد اغار رسول الله صلعم علی بني المصطلق و هم غارون و انعامهم تسقی علی الماء فقتل مقاتلتهم و سبا سبیهم واصاب یومئذ قال یحیي احسبه قال جویریة اوالبتة بنت الحارث و في روایة قال جویریة بنت الحارث و لم یشک

نافع کو لکھہ کر پوچھا کہ قبل شروع کرنے لڑائي کے کافرونکو مسلمان ہونے کا پیغام دینے کے باب میں کیا حکم ہی اُنہوں نے مجھکو لکھا کہ یہہ بات ابتداے اسلام میں تھي رسول خدا صلعم نے بني المصطلق پر حملہ کیا اور اُن کے مویشي پاني پیتے تھے پھر قتل کیا اُن میں سے لڑنے والوں کو اور قید کیا اُن میں سے قیدیوں کو اور یحیی نے کہا کہ میں خیال کرتا ہوں کہ سلیم نے جویریہ کہا یا البتہ بنت الحارث کہا کہ اسي دن ہاتھہ آئي تھي اور ایک روایت میں ہی کہ اُسنے جویریہ بنت الحارث کا نام لیا بغیر کسي شک کے *

قال النواوي في شرحه — وفي هذا الحدیث جواز استرقاق العرب لان بني المصطلق عرب من خزاعة

نواوي نے اس حدیث کي شرح میں لکھا ہی کہ اس حدیث سے عرب کي قوم کا لونڈي و غلام بنانے کا جواز نکلتا ہی کیونکہ بني مصطلق قوم عرب بني خزاعہ

و هذا قول الشافعي في الجدید و هو الصحیح و به قال مالک و جمهور اصحابه و ابو حنیفة والاوزاعي و جمهور العلماء و قال جماعة من العلماء لا یسترقون وهذا قول الشافعي فی القدیم

کي شاخ ہیں اور امام شافعي صاحب بھي اخیر کو اسي بات کے قایل ہوئے ہیں اور یہي بات صحیح بھي ہی اور امام مالک اور تمام اُن کے شاگرد اور امام ابو حنیفہ اور اوزاعي اور تمام علماء اسي بات کے قایل ہیں اور ایک گروہ علماء کا یہہ قول ہی کہ وہ لونڈي و غلام نہیں ہوسکتي اور یہہ قول ابتدا میں امام شافعي صاحب کا تھا *

پس ان حدیثوں اور اقوال علماء سے ظاہر ہی کہ قبل نزول آیت من و فدا کے قوم عرب کو لونڈي و غلام بنانا رایج تھا پس بعد نزول اس آیت کے جو پیغمبر خدا صلعم نے سب کو احسان رکھہ کر یا فدیہ لیکر چھوڑ دیا تو اُس کا سبب یہہ نہ تھا کہ وہ لوگ قوم عرب سے تھے بلکہ اسي آیت کے حکم کے مطابق چھوڑا تھا *

تمام کام جو رسول خدا صلعم نے کیئے اور تمام احکام جو رسول مقبول نے صادر فرمائے سب کا منشاء غلاموں کي آزادي اور غلامي کا معدوم کرنا تھا یہاں تک کہ غزوہ طایف میں عام منادي کردي تھي کہ جو غلام نکل کر ہمارے پاس چلا آویگا وہ آزاد ہی چنانچہ مواہب

ثم نادی منادیه علیه الصلواة والسلام اي عبد نزل من الحصن خرج الینا فهو حر

لدنیہ میں لکھا ہی کہ رسول خدا صلعم کے منادي کرنے والوں نے منادي کي کہ جو غلام قلعہ میں سے نکل کر ہمارے پاس چلا اویگا وہ آزاد ہی پس جو کہ غلاموں کو ایسي عام منادي سے آزاد کرتا تھا وہ آزادوں کے غلام بنانے پر کبھي راضي نہ تھا — صلی الله علیه و علی من احبه و سلک طریقه وسلم مگر افسوس ہی کہ قدیم رسم و رواج کے اُنس نے جو انسان کو غفلت میں ڈالتا ہی ہمارے بزرگوں کو اس طرف غور کرنے سے غافل کردیا مگر اب ہمکو اُس سے غفلت کرني نہیں چاہیئے اور تفرد کا ڈر اور اُسکا خوف بالکل نکالدینا چاہیئے اس لیئے کہ بڑے بزرگ کا قول ہی کہ ” راہ طلب میں تفرد ہي دلیل صدق طالب ہی “ و توکل علی الله و هو نعم الوکیل *

باب هفتم

اُن حدیثوں اور روایتوں کے بیان میں جنسے لونڈي و غلام بنانے کا فعل رسول خدا صلعم کي نسبت منسوب کیا جاتا ہی

تمام علماء اسلام کوئي حکم رسول خدا صلعم کا نسبت جواز استرقاق کے بیان نہیں کرسکتے اور جب اُسکے بیان سے عاجز ہوتے ہیں

 ابطال غلامي

تو کہتے ہیں نہ فعل رسول خدا صلعم ہمارے لیئے حجت ہی اس بات کو ہم بہي تسلیم کرتے ہیں اور فعل رسول خدا صلعم کو مثل آپ کے قول کے سر پر اور آنکھوں پر رکھتے ہیں مگر فعل کي تفتیش پر اُسوقت متوجہہ ہوتے ہیں جبکہ قول یا حکم موجود نہو اور اس باب میں حکم قراني فاما منا بعد واما فداء موجود ہی جسمیں کچھہ شبہہ نہیں علاوہ اسکے جو کام رسول خدا صلعم نے کیئے یا آپ کے سامنے ہوئے اور اخیر زمانہ نبوي تک نہ اُسکے مخالف کوئي حکم آیا اور نہ اُسکے برخلاف کوئي کام ہوا وہي کام کسي مسئلہ شرعي کي بنیاد ہوسکتے ہیں اس معاملہ میں جسمیں ہم بحث کررہے ہیں ہم نے نص صریح قراني کو سند پکڑا ہی اور یہہ ثابت کیا ہی کہ اُسکے بعد فعل رسول خدا صلعم ہمیشہ اُسي آیت کے مطابق رہا ہی اور کبھي اُسکے برخلاف نہیں ہوا تو ہمکو اُس حکم کے ماقبل کے فعل رسول خدا صلعم کي تفتیش کرنے کي ضرورت نہیں ہی کیونکہ اُس حکم سے ماقبل کا فعل کیساہي ہو ہر مسئلہ شرعي کي بنیاد اُسي حکم صریح پر یا اُس فعل پر جو مابعد اُسکے ہوا ہی قایم ہوگي اور یہہ اصول کچھہ ہمارا مقرر کیا ہوا نہیں ہی بلکہ تمام اہل اسلام اور علماء دین اور ائمہ مجتہدین کا اصول ہی لیکن باایں ہمہ ہم اُن حدیثوں اور روایتوں کا بھي ذکر کرینگے جنسے لونڈي و غلام بنانے کا فعل جناب رسول خدا صلعم کي نسبت قبل نزول آیت اما منا بعد واما فداء کے منسوب کیا جاتا ہی اور جو لطیف لطیف نکتے اُنمیں ہیں اُنکو بھي بغیر بیان کیئے نہیں چھوڑینگے *

روایات متعلق غزوہ یہود بني قریظہ

سب سے بڑا واقعہ جس سے اساری کو لونڈي و غلام بنانا فعل رسول خدا صلعم کا کہا جاتا ہی وہ غزوہ بني قریظہ ہی مگر یہہ غزوہ قبل فتح مکہ و قبل نزول آیت حریت واقع ہوا ہی *

بلاشبہہ یہہ حدیث جو بخاري و مسلم میں ہی کہ ابن عمر نے

عن ابن عمر قال حاربت النضیر و قریظة فاجلا بني النضیر واقر قریظة و من علیهم حتی حاربت قریظة فقتل رجالهم و قسم نساء هم و اولاد هم و اموالهم بین المسلمین الا بعضهم لحقوا بالنبي صلی الله علیه وسلم فامنهم و اسلموا و اجلا یهود المدینة کلهم بني قینقاع و هم رهط عبدالله بن سلام و یهود بني حارثة و کل یهود بالمدینة

کہا کہ بني نضیر اور بني قریظہ دونوں سے لڑائي ہوئي بني نضیر کو رسول خدا صلعم نے جلا وطن کردیا اور بني قریظہ کو احسان رکھکر بسا رکھا یہاں تک کہ بني قریظہ نے پھر لڑائي کي تب اُن کے مردوں کو مار ڈالا اور اُنکي عورتیں اور بچے اور مال مسلمانوں میں بانٹ دیا مگر بعض لوگ جو رسول خدا صلعم پاس چلے آئے تھے وہ امن سے رہے اور مسلمان ہوگئے اور مدینہ کے تمام یہودي بني قینقاع جو عبداللہ ابن سلام کي قوم تھے اور یہود بني حارثہ اور تمام مدینہ کے یہودیوں کو جلا وطن کردیا *

اس حدیث سے البتہ اساري کا لونڈي و غلام بنانا پایا جاتا ہی اور سیرت ہشامي میں جو اسقدر روایت اَور زاید لکھي ہی کہ رسول خدا صلعم

ثم بعث رسول الله صلعم سعد بن زید الانصاري اخا بني عبدالاشهل بسبایا من سبایا بني قریظه الی نجد فابتاع لهم بهم خیلا و سلاحاً

نے سعد بن زید انصاري اخا بني عبدالاشہل کو بني قریظہ کے قیدیوں میں سے کچھہ قیدیوں کے ساتھہ نجد کو بھیجا اور اُن قیدیوں کے بدلے گھوڑے اور ہتیار خریدے گئے اگر صحیح ہو تو اُن قیدیوں کو لونڈي و غلام تصور کرنے کي اور بھي زیادہ وضاحت ہوجاتي ہی مگر اس روایت سے ہمارا کچھہ ہرج نہیں ہی اس لیئے کہ آیت من و فدا کے نازل ہونے سے قبل کا یہہ واقعہ ہی اور نکتہ باریک اسمیں یہہ ہی کہ جو کچھہ معاملہ اساري بني قریظہ کے ساتھہ کیا گیا وہ خدا کے حکم بموجب نہیں کیا گیا تھا بلکہ موافق رسم و عادت عرب کے جو اُس زمانہ میں تھي سعد ابن معاذ حکم قرار دیئے گئے تھے اور یہہ ٹہرا تھا کہ نسبت بني قریظہ کے جو لڑائي میں قید نہیں ہوئے تھے بلکہ خود اُنھوں نے اپنے تئیں سپرد کردیا تھا جو فیصلہ سعد ابن معاذ کردیں اور جو حکم وہ دیں وہ کیا جاوے پس جو کچھہ اُنکے ساتھہ ہوا وہ حکم سعد ابن معاذ کا تھا نہ حکم خدا کا چنانچہ اس حدیث کو معہ بحث متعلق اُسکے ہم اوپر بیان کرچکے ہیں *

روایات متعلق غزوہ بني فرازہ

صحیح مسلم میں یہہ حدیث ہی کہ ایاس ابن سلمہ نے کہا کہ

قال (ای ایاس ابن سلمة) حدثني ابي قال غزونا فرازة و علینا ابو بکر امرہ رسول الله صلی الله علیه و سلم علینا فلما کان بیننا و بین الماء ساعة امرنا ابو بکر فعرسنا ثم شن الغارة فورد الماء فقتل من قتل علیه و سبا و انظر الي عنق من الناس فیهم الذراري فخشیت ان یسبقوني الي الجبل فرمیت بسهم بینهم و بین الجبل فلما راوا السهم وقفوا فجئت بهم اسوقهم و فیهم امراة من بني فزارة علیها قشع من ادم قال القشع

میرے باپ نے مجھسے یہہ بات کہي کہ ہم بني فرازہ سے لڑنے کو چلے اور رسول خدا صلعم نے ابو بکر کو ہم پر سردار کیا تھا پس جب کہ رہا ہم سے اور پاني سے تھوڑا فاصلہ حکم دیا ہمکو ابو بکر نے ٹہر جانے کا پس ٹہرے رہے ہم رات کو اور پھر متفرق کیا چار طرف سے اور پاني پر آ گئے پس جو مقابل ہوا اُسکو قتل کر ڈالا اور کچھہ

الحلع معها ابنة لها من احسن العرب فسقتهم حتى اتيت بهم ابا بكر فنفلني ابو بكر ابنتها فقدمنا المدينة و ما كشفت لها ثوبا فلقيني رسول الله صلى الله عليه و سلم في السوق فقال يا سلمة هب لي المراة فقلت يا رسول الله لقد اعجبتني و ما كشفت لا ثوبا ثم لا لقيني رسول الله صلى الله عليه و سلم من الغد في السوق فقال يا سلمة هب لي المراة لله ابوك فقلت هي لك يا رسول الله فو الله ما كشفت لها ثوبا فبعث بها رسول الله صلى الله عليه و سلم الي اهل مكة ففدا بها ناساً من المسلمين

لوگوں کو قيد کيا اور ايک جماعت ميں نے ديکھي که اسميں بچے اور عورتيں تهيں پس مجهکو انديشه هوا که يهه بهچکر پهاڑ پر نه چڑه جاويں چنانچه ميں نے ايک تير پهينکا که وه اُن کے اور پهاڑ کے درميان ميں گرا جب اُنهوں نے تير ديکها تو وه کهڑے هوگئے اسي عرصه ميں ميںنے اُن کو جا ليا اور اُن کو اِس طرف پهيرا اور اُس جماعت ميں ايک عورت قوم بني فرازه سے تهي اور وه ايک چادر چمڑے کي اوڑهے تهي اور اُسکے ساتهه ايک اُسکي بيٹي تهي نهايت خوبصورت پس سب کو گهير کرميں حضرت ابوبکر کے پاس لے آيا حضرت ابو بکر نے اُس لڑکي کو مجهے ديديا اُسکے بعد هم سب مدينه منوره کو چلے آئے اور ميں نے اُس لڑکي کا کپڑا تک نهيں کهولا تها (کپڑا نه کهولنا اشاره هی جماع نکرنے کي طرف) اتفاقاً مدينه کے بازار ميں مجهکو حضرت رسول خدا ملے اور ارشاد فرمايا که اي سلمه وه عورت تو مجهکو بخشدے پس ميں نے کها که يا رسول الله وه عورت تو مجهکو نهايت پياري لگتي هی حالانکه ميں نے ابهي تک اُسکا کپڑا بهي نهيں کهولا پهر دوباره ملے مجهکو رسول خدا دوسرے دن بازار هي ميں اور پهر فرمايا که اي سلمه بخشدے تو مجهکو وه عورت تو ميںنے جواب ديا که لے ليں آپ يا رسول الله اور قسم هی خدا کي که ميں نے ابهي تک اُسکا کپڑا بهي نهيں کهولا پس آنحضرت نے اُسے ليکر مکه کو بهيجديا اور اهل مکه نے اُس کے عرض ميں بهت سے مسلمانوں کو جو کفار کي قيد ميں تهے چهوڑ ديا *

اِس حديث سے بهي بلاشبهه مطلع هونا رسول خدا صلی الله عليه وسلم کا اِس بات سے که اساری بني فرازه لونڈي و غلام بنائے گئے ثابت هوتا هی مگر خود اس حديث سے ظاهر هی که يهه واقعه فتح مکه و قبل نزول آيت حريت واقع هوا تها اور اسليئے همارے استنباط ميں کچهه نقصان نهيں ڈالتا *

روايات متعلق غزوه بني المصطلق

يهه غزوه بهي سنه ۵ يا سنه ۶ هجري ميں قبل فتح مکه و قبل نزول آيت من و فدا هوا تها اور اس ليئے جو کچهه که اس غزوه ميں هوا هو همارے استدلال کا ناقض نهيں هوسکتا معهذا زياده تفصيل اِس غزوه کے اساری کي همکو نهيں ملي اور جسقدر ملي هی اُسکو هم جويريه کے حال کے ساتهه بيان کرينگے جو منجمله سباياے غزوه هذا سے تصور هوئي هيں اور اُسيکے ساتهه اُن تمام اختلافات روايات کو بهي جو اِس معامله ميں هيں اور نهايت تعجب انگيز هيں بيان کرينگے *

ذکر آنحضرت صلعم کي سراري کا

مواهب لدينه ميں لکها هی که کهتے هيں که آنحضرت صلعم کي

قال صاحب المواهب — واماسراريه فقيل انهن اربعة مارية القبطية بنت شمعون بفتح الشين المهملة اهداها له المقوقس القبطي صاحب مصر والاسکندرية واهدى معها اختها سيرين بكسر السين المهملة و سكون المثناة التحتانية و كسر الراء وبالنون اخرها *** و وهب صلعم سيرين لحسان بن ثابت وهي ام عبدالرحمن ابن حسان — ومارية هی ام ابراهيم ابن النبي صلعم و ماتت مارية في خلافة عمر رضي الله عنه سنة ست عشر و دفنت بالبقيع — وريحانة بنت شمعون من بني قريظة و قيل من بني النضير والاول اظهر وماتت قبل وفاة عليه السلام مرجعه من حجة الوداع سنة عشر و دفنت بالبقيع وكان عليها السلام وطيها بملک اليمين و قيل اعتقها وتزوجها ولم يذكر ابن الاثير غيره — واخرى وهبت ها زينب بنت جحش — الرابعة اصابها في بعض السبي

چار حرميں تهيں ماريه قبطيه بيٹي شمعون کي اُسکو مقوقس مصر اور اسکندريه کے بادشاه نے بطور تحفه کے آنحضرت صلعم کو بهيجا تها اور اُس کے ساتهه سيرين اُسکي بهن بهي بهيجي تهي آں حضرت صلعم نے سيرين کو حسان ابن ثابت کو ديديا تها اور اُسي سے عبدالرحمن ابن حسان پيدا هوئے تهے اور ماريه حضرت ابراهيم بيٹے پيغمبر خدا صلعم کي ماں هيں حضرت عمر کي خلافت ميں سنه ۱۶ هجري ميں اُنکا انتقال هوا اور بقيع ميں مدفون هوئيں — اور ريحانه بنت شمعون تهيں بني قريظه ميں کي اور بعضوں نے کها که بني نضير ميں کي اور پهلي بات ٹهيک هی اُنکا انتقال قبل وفات پيغمبر خدا صلعم کے هوگيا جبکه آپ سنه ۱۰ هجري ميں حجة الوداع سے واپس تشريف لائے اور پيغمبر خدا صلعم بطور حرم کے اُنکو تصرف ميں لائے تهے اور بعضے کهتے هيں که اُنکو ازاد کرديا تها اور پهر اُن سے نکاح کيا تها اور ابن اثير نے اس کے سوا اور کوئي روايت نهيں لکهي — اور ايک اور تهيں جن کو زينب بنت جحش نے هبه کيا تها — اور چوتهي بهي تهيں جو کسي لڑائي کے قيديوں ميں سے آپ کے هاتهه آئي تهيں *

اب هم ان چاروں کا جنکو رسول خدا صلعم کي حرميں بيان کيا گيا هی جدا جدا حال لکهتے هيں — ماريه قبطيه کے بطور تحفه آنے

ميں اور نيز رسول خدا صلعم کے تصرف ميں آنے ميں اور اُن سے حضرت ابراهيم کے پيدا هونے ميں کچهه شبهه نهيں هى مگر شبهه اس بات ميں هى که آں حضرت صلعم کا اُن کو تصرف ميں لانا جواز استرقاق کي دليل هوسکتي هى يا نهيں هم کهتے هيں که نهيں هوسکتي اس ليئے نه قران مجيد يا حديث نبوي ميں تو حکم و علت اور سبب طاري هونے رقيت کا کسي جگهه مذکور نهيں هى اور همکو قران مجيد سے يهه بات ثابت هوتي هى که بعد شروع زمانه اسلام بهي جب تک احکام ازدواج نازل نهيں هوئے تهے تمام ازدواج موافق رسم عرب کے جو اُس زمانه ميں جاري تهے هوتے تهے نه اُن رشتوں کا جو بعد کو حرام هوئے خيال تها اور نه اُس تعداد کا جو بعد کو قرار پائي اور نه اُس شرط اهم عدل کا جو تعدد ازواج کے ليئے مقرر هوئي جس سے حقيقتاً معدوميت تعدد ازواج لازم آتي هى معلوم هوتا هى نه جناب رسول خدا صلعم کي نسبت بهي کوئي احکام خاص اسباب ميں نه تهے اِسليئے ازدواج اور نيز سراري کا تصرف موافق اُسي رسم عرب کے هوا تها جو محض بے عيب و بے گناه تها بعد اس کے رسول خدا صلم کي نسبت درباب ازدواج احکام صادر هوئے اور وه حکم يهه تهے که جسقدر ازواج و سراري تمهارے تصرف ميں آ چکيں اُن کو تو هم حلال رکهتے هيں مگر اب کوئي عورت مت کرو پس اِس حکم سے صاف پايا جاتا هى که واقعات سابق سب بموجب رسم مروجه عرب هوئے تهے چنانچه وه آيتيں جن پر همنے استدلال کيا يهه هيں *

الله تعالى سوره احزاب ميں فرماتا هى که اى نبي هم نے حلال کيں تيرے ليئے تيري جورؤئيں جنکا مهر تو دے چکا هى اور جو تيرے هاتهوں کے ملک هوچکي هيں اُن ميں سے جنکو الله تعالى نے تجهکو ديا هى — اور يهه بي بي جنکي نسبت خدا نے فرمايا و ماملکت يمنک مما افاء الله عليک — صرف حضرت ماريه قبطيه هيں *

> قوله تعالى يا ايها النبي انا احللنا لک ازواجک اللاتي اتيت اجو جورهن وما ملکت يمينک مما افاء الله عليک

الله تعالى نے اِسي سوره ميں اُس پهلي آيت کے بعد اپنے نبي کو يهه حکم ديا که نهيں حلال هيں تجهکو عورتيں اِس کے بعد اور نه يهه که ان جوروؤں کے بدلے اور جوروئيں کرے اگرچه اُن کا حسن تجهکو اچها لگتا هو *

> قوله تعالى — و لا يحل لک النساء من بعد و لا ان تبدل بهن من ازواج و لو اعجبک حسنهن الا ماملکت يمينک

اِس آيت ميں جو لفظ نساء کا تها جسکے معني عورتوں کے هيں ايسا عام تها جس سے ما ملکت يمينک سے هي حکم امتناعي متعلق هوتا تها اِس ليئے خدا تعالى نے اُس کو مستثنى فرمايا اور وه جو مستثنى هوئيں صرف حضرت ماريه قبطيه تهيں *

اب که ان آيتوں سے يهه بات ثابت هوئي که يهه واقعات موافق رسم زمانه عرب هوئے تهے اور بعد وقوع بالتخصيص جائز رکهے گئے تهے اِس ليئے آينده کے استرقاق کي دليل نهيں هوسکتے خصوصاً جب که قابله و استيلا جو نذر و هديه ميں بهي محقق هوتا هى باعث رقيت نهيں رها *

ريحانه کا يهه حال هى که وه يهود بني قريظه ميں کي ايک عورت تهيں اور قبل نزول آيت من و فدا کے تمام سباياے بني قريظه لونڈي و غلام بنا ليئے گئے تهے جسکا حال هم اوپر بيان کرچکے اور يهه بهي بيان کرچکے که دليل استرقاق نهيں هوسکتا اور نيز قبل نزول آيت حريت تها معهذا همکو اس بات سے که وه بطور حرم تصرف رسول خدا صلعم ميں آئي تهيں يا آزاد کرنے کے بعد اُنسے نکاح کيا تها بالکل انکار هى — کسي معتبر حديث ميں انميں سے کسي بات کا ذکر نهيں هى بلکه سيرت هشامي ميں جو روايت مندرج هى اُس سے ان دونوں باتوں کا غلط هونا پايا جاتا هى چنانچه اُسميں لکها هى که رسول خدا صلعم نے اسارے بني قريضه سے ريحانه بنت عمر ابن جنافه کو جو ايک عورت بني عمر و بن قريظه ميں سے تهيں اپنے ليئے چن ليا تها (قيدي اُس لڑائي کے تقسيم هوئے تهے شايد آپ نے اُنکو چن ليا هو) پس وه رسول خدا صلعم کے پاس رهيں يهاں تک که حضرت نے اُنکو چهوڑ کر انتقال فرمايا اور وه حضرت هي کي ملک ميں تهيں اور رسول خدا صلعم نے ريحانه سے يهه بات کهي تهي که ميں تم سے نکاح کرلوں اور پردے ميں بٹهاؤں ريحانه نے کها که نهيں يا رسول الله مجهکو يوں هي اپني لونڈي رهنے دو که يهه بات مجهه پر بهي اسان هى اور آپ پر بهي اسان هى پس رسول خدا صلعم نے اُنکو اُسي طرح چهوڑ ديا *

> قال و کان رسول الله صلعم قد اصطفى لنفسه ريحانة بنت عمرو بن جنافة احدے نساء بني عمرو بن قريظه فکانت عند رسول الله صلعم حتى توفي عنها وهي في ملکه و قد کان رسول الله صلعم عرض عليها ان يتزوجها ويضرب عليها الحجاب فقالت يا رسول الله بل تترکني في ملکک فهو اخف علي و عليک فترکها

اب هم پوچهتے هيں که اگر رسول خدا صلعم اُنکو اپنے تصرف ميں لا هي چکے تهے تو اُن سے پيغام نکاح کرنے اور اُن کے انکار کرنے

بمقام عليگڈه — مطبع عليگڈه انسٹيٹيوٹ ميں چهپا اور باهتمام
حافظ محمد عبدالرزاق کے شايع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] يكم شوال المكرم سنه ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۱۷

تتمه مضمون نمبر ۵۴

كي كچهه وجهه معقول نه تهي پس اسي روايت سے ظاهر هوتا هى كه اُن پر رسول خدا صلعم نے كچهه تصرف نهيں كيا تها مورخين نے اپني بدطينتي پر قياس كركر صرف اس بد گماني سے كه جب رسول خدا صلعم نے اُنكو بطور لونڈي كے ركها تها تو ضرور تصرف بهي كيا هوگا يهه بات لكهدي '' وطيها بملك اليمين '' حالانكه اسكا كچهه ثبوت نهيں — واه كيا معتقدين رسول كے هيں كه جو برائياں اُنميں هيں وه سب پيغمبر كي نسبت بهي قياس كرتے هيں اور جب هم اُن سے مخالفت كرتے هيں اور كهتے هيں كه ايسي بدگماني پيغمبر سے مت كرو تو همارے زمانه كي لنبي ڈاڑهي اور اونچے پيجامه والے همكو غير مقلد ايمهٔ اربع اور كافر اور ملحد بتاتے هيں اور هم اپني اس كفر كو اُن كے ايمان سے بهت اچها سمجهتے هيں — لوكان الكفر حب النبي محمد فاني اشهد بالله اني كافر *

— تيسري بے نام حرم جسكي نسبت لكها هى كه وهبت زينب بنت جحش اسكا كچهه پته نهيں هى نه نام نشان هى نه كچهه ثبوت هى اور يهه عام قاعدة مقلدين كا هى كه بےدهڑك اور بلاسند جو بات چاهتے هيں رسول كي طرف منسوب كرديتے هيں ۔ اور جو اتهام چاهتے هيں آنحضرت صلعم پر لگا ديتے هيں گو يهه اتهام عمداً نهو اور اسليئے جهنم ميں نجائيں مگر اسميں كچهه ثواب بهي نهيں پانے كے *

چوتهي بے نام حرم كا بهي يهي حال هى جس كي نسبت لكها هى كه '' اصابها في بعض السبي '' اگرچه اس فرضي حرم كا بهي كهيں پتا نملتا تها مگر هم نے اسبات كا كهوج لگايا كه رسول خدا صلعم كي جناب پر اِن اتهام كرنے والوں كو موقع اتهام كيونكر هات ايا بهت غور كرنے كے بعد غزوه بني فرازه كا حال همكو ملا جس ميں ايک خوبصورت لڑكي بني فرازه كي قبل نزول ايت حريت سلمه كے هاتهه آئي تهي اور جناب رسول خدا صلعم نے باصرار اُس كو سلمه سے مانگ ليا تها اِن بے ادب مقلدين نے اُسكو بهي حرم آنحضرت صلعم ميں خيال كرليا حالانكه آنحضرت صلعم نے اُسكو ليكر مكه ميں اُس كے كنبه كے پاس بهيجديا تها اور اُس كے بدلے مسلمان قيدي چهوڑا ليئے تهے چنانچه اس واقعه كي حديث صحيح مسلم سے هم ابهي لكهه چكے هيں *

ذكر آنحضرت صلعم كي بعض ازواج مطهرات كا

حضرت جويريه بنت الحارث آنحضرت صلعم كي ازواج مطهرات ميں سے هيں اُن كا بهي كچهه ذكر اس مقام پر لكهنا ضرور هى — أن كے ازدواج كي نسبت اسقدر مختلف روايتيں هيں كه اُنكو ديكهكر

ابطال غلامي

تعجب معلوم هوتا هی — صحیح مسلم کي ایک حدیث سے معلوم هوتا هی که حضرت جویریه قبل هجرت مکه میں حضرت فاطمه علیهاالسلام کے پاس تهیں اور کافر جو نماز پڑهتے میں آنحضرت صلعم کو ستاتے تهے اُس میں آنحضرت کي مدد کرتي تهیں جس سے اُن کے اسلام پر استدلال هوسکتا هی — پهر اُسي صحیح مسلم کي دوسري حدیث میں هی که اُنکو بني مصطلق کے غزوه میں جناب رسول خدا صلعم نے بطور لونڈي کے قیدي کیا — پهر ایک روایت میں آیا هی که رسول خدا صلعم نے فدیه لیکر اُن کو چهوڑ دیا پهر وه مسلمان هوگئیں اور رسول خدا صلعم نے اُن سے نکاح کیا — ایک روایت میں هی که ثابت ابن قیس کي قید میں پڑیں اور اُنهوں نے لونڈي بنایا پهر رسول خدا صلعم نے اُنکو ثابت سے مول لیا پهر آزاد کیا پهر نکاح کیا — ایک روایت میں هی که ثابت نے اُنکو مکاتب کیا وه رسول خدا صلعم پاس گئیں اور مدد چاهي آنحضرت نے کتابت کو ادا کیا اور نکاح کرلیا چنانچه یهه سب پریشاں روایتیں اسمقام پر لکهي جاتي هیں *

صحیح مسلم میں ابن مسعود سے یهه حدیث هی که ایک دفعه

> عن ابن مسعود قال بینما رسول الله صلی الله علیه و سلم یصلي عندالبیت و ابوجهل و اصحاب له جلوس و قد نحرت جزور بالامس فقال ابوجهل ایکم یقوم الی سلا جزور بني فلان فیاخذه فیضعه في کتفی محمد اذا سجد فانبعث اشقي القوم فاخذه فلما سجدالنبي صلی الله علیه و سلم وضعه بین کتفیه قال فاستضحکوا وجعل بعضهم یمیل الی بعض و انا قایم انظر لوکانت لي منعة طرحته عن ظهر رسول الله صلی الله علیه و سلم والنبي صلی الله علیه و سلم ساجد مایرفع راسه حتی انطلق انسان فاخبر فاطمة فجاُت هي و جویریة فطرحته عنه

رسول خدا صلی الله علیه و سلم نزدیک خانه کعبه کے نماز پڑهتے تهے اور ابو جهل اپنے یاروں میں بیٹها هوا دیکهه رها تها اور وهاں اونٹ ذبح هوئے تهے که ابوجهل نے اپنے یاروں سے کہا که بهلا کون ایسا شخص هی جو اُٹهه کر اونٹ کي اوجهڑي وغیره آنحضرت کے دونوں شانوں کے درمیان میں رکهدے جبکه آنحضرت سجده میں جاویں پس ایک بڑا شقي اُٹها اور جب آں حضرت سجده میں گئے تو اُس نے وه اُوجهڑي آپ کے دونوں شانوں کے درمیان میں رکهدي اور پهر سب کے سب هنسے اور ایک دوسرے کو اشاره کرنے لگا اور عبدالله ابن مسعود کہتے هیں که میں کهڑا هوا دیکهتا تها اگر مجهکو مجال هوتي تو میں اُس کو پهینک دیتا پس آں حضرت سجده میں ٹهرے رهے آپ نے سر نه اُٹهایا یهاں تک که ایک شخص نے حضرت فاطمه کو خبر دي جب حضرت فاطمه اور جویریه نے آکر اُسکو پهینکا *

یهه دوسري حدیث بهي صحیح مسلم میں هی که حمله کیا رسول

> قد اغار رسول الله صلی الله علیه و سلم علی بني المصطلق وهم غارون و انعامهم تسقی علی الماء فقتل مقاتلتهم و سبا سبیهم واصاب یومئذ قال احسبه جویریة اوالبتة ابنت بنت الحارث و في روایة جویریة بنت الحارث ولم یشک

خدا صلی الله علیه و سلم نے اُوپر قوم بني مصطلق کے اُس حالت میں که وه متفرق تهے اور اُن کے جانور وغیره پاني پیتے تهے پس قتل کیا آپ نے مقاتله کرنے والوں کو اور قید کیا قیدیوں کو اور اُسي روز هاتهه آئي کہا راوي نے گمان کرتا هوں میں که کہا جویریه یا کہا یقیناً بنت حارث اور ایک روایت میں کہا جویریه بیٹي بنت حارث اور اس میں کچهه شبهه نهیں کیا *

اور سیرت هشامي میں یهه روایت لکهي هی که ابن

> قال ابن هشام و یقال لما انصرف رسول الله صلعم من غزوة بني المصطلق و معه جویریة بنت الحارث فکان بذات الجیش دفع جویریة الی رجل من الانصار و دیعة و امره بالاحتفاظ بها و قدم رسول الله صلعم المدینة فاقبل ابوها الحارث بن ابي ضرار بفداء ابنته فلما کان بالعقیق نظر الی الابل الذي جاء بها للفداء فرغب في بعیرین منها فغیبهما في شعب من شعاب العقیق ثم اتی النبي صلعم فقال یا محمد اصبتم ابنتي و هذا فداءها فقال رسول الله صلعم فاین البعیر ان اللذان غیبت بالعقیق في شعب کذا وکذا فقال الحارث اشهد ان لااله الاالله و انک رسول الله فوالله ما اطلع علی ذلک الاالله فاسلم الحارث و اسلم معه ابنان له و ناس من قومه وارسل الی البعیرین فجاء بهما فدفع الابل الی النبي صلعم ودفعت الیه ابنته جویریة فاسلمت و حسن اسلامها و خطبها رسول الله صلعم الی ابیها فزوجه ایاها و اصدقها اربعماة درهم وکانت قبل رسول الله صلعم عند ابن عم لها یقال له عبدالله

هشام سے روایت هی که جب آں حضرت بني المصطلق کے غزوه سے لوٹے تو آپ کے ساتهه جویریه بنت الحارث بهي تهیں پس لشکر میں ایک انصاري شخص کے پاس بطور امانت اُس جویریه کو بهیجدیا اور اُس کي حفاظت کي تاکید کي اور آں حضرت مدینه منوره کو تشریف لے آئے پس اُس جویریه کا باپ حارث بن ضرار اپني بیٹي کا فدیه لیکر آیا پس جبکه عقیق کے قریب آیا تو جو اُونٹ فدیه کے لیئے لایا تها اُن میں سے دو اونٹوں کو لالچ سے چهپا آیا اور آں حضرت کے پاس آکر کہا که اے محمد صلی الله علیه و سلم آپ کے هاتهه میري بیٹي لگ گئي پس یهه اُونٹ اُس کے بدلے کے هیں آں حضرت نے فرمایا که وه دونوں اُونٹ کهاں هیں جن کو تو عقیق کي کهائیوں میں چهپا آیا هی اور آں حضرت نے ٹهیک ٹهیک اُن کا پتا دیا اُس وقت حارث نے کہا اشهد ان لااله الاالله و انک رسول الله قسم الله کي تمهیں اطلاع دي تجهکو اُونٹوں کے حال کي مگر خداے

ابطال غلامي

پاک نے پس حارث مسلمان هوا اور اُس کے ساتهه اُس کے دو بیٹے مسلمان هوئے اور بهت سے آدمي اُس کي قوم کے مسلمان هوئے اور ایک آدمي کو بهیجکر اُسنے وہ دونوں اونت منگالیئے اور آنحضرت کو دیدیئے آنحضرت نے اُسکي بیٹي اُس کے حوالہ کي جس کا نام جریریه تها پس وہ مسلمان هوگئي اور بهت پکي مسلمان هوئي پس آں حضرت نے اسکو نکاح کا پیام دیا پس اُس کے باپ نے اُسکا نکاح آنحضرت کے ساتهه کردیا اور چارسو درهم اُس کا مهر هوا اور آنحضرت کے نکاح سے پہلے بهي جویریه اپنے چچا کے بیٹے عبدالله کے نکاح میں تهي *

• یهي قصه بعینه استیعاب میں به تحت بیان حال حارث بن ابي ضرد پدر جریریه کے لکها هی اور به تحت بیان حال عبدالله بن حارث کے بهي یهي قصه هی مگر کچهه خفیف سا اختلاف هی *

مگر خود جویریه کي نسبت جو روایتیں هیں وہ کیسي مختلف هیں سیرت هشامي میں لکها هی که یهه بات کهي گئي هی که رسول خدا صلعم نے اُن کو ثابت بن قیس سے مول لیا پهر

قال ابن هشام و یقال اشتراها رسول الله من ثابت ابن قیس فاعتقها و تزوجها واصدقها اربعمایة درهم

آزاد کردیا اور اُنسے نکاح کیا اور چارسو درهم اُنکا مهر باندها *

اور استیعاب میں اور هي کچهه لکها هی اُسکا مختصر سیرت هشامي میں بهي موجود هی مگر اسمقام پر هم استیعاب کي روایت جو مفصل هی لکهتے هیں استیعاب میں بیچ حال جویریه بي بي رسول خدا کے لکها هی که آں حضرت نے اُن کو یوم مریسیع سنه ٥ هجري میں اور بعض نے کها هی که سنه ٦ هجري میں قید کیا تها مگر اس میں کسیکا اختلاف نهیں هی که یهه اسي غزوہ میں هاتهه لگي تهي اور اس سے پہلے یهه سافع ابن صفوان کے نکاح میں تهي اور ثابت بن قیس بن سماس اور اُسکے چچاکے بیٹے کے حصه میں آئي تهي اور اُسنے اُسکو مکاتب کردیا تها اور یهه جویریه ایک خوبصورت عورت تهي حضرت عایشه نے فرمایا هی که جویریه ایسي عورت تهي که اسمیں ایک قسم کي ملاحت اور حلاوت دونوں باتیں تهیں اور جو شخص اُس کو دیکهتا تها اُس کے دل میں وہ کهب جاتي تهي پس وہ آں حضرت کے پاس اس لیئے آئي که آپ اُس کي خلاصي میں کچهه اعانت فرماریں حضرت عایشه فرماتي هیں که وہ آنحضرت کے حجرہ کے دروازہ پر جا کهڑي هوئي پس مجهکو ناگوار گذرا اور میںنے جان لیا که جو بات اسمیں میںنے دیکهي هی وهي وہ دیکهینگے پس اُس جویریه نےکها که یا رسول الله میں جویریه بنت حارث هوں اور حارث سیدالقوم هی اور جوکچهه میرےنصیب میں لکها تها وہ آپ کومعلوم هي هی اور میں ثابت بن قیس اور اُسکے چچا زاد بهائي کے حصه میں آئي هوں پس اُس نے مجهکو مکاتب کردیا هی اس لیئے میں آپ کي خدمت میں آئي هوں که آپ میري خلاصي میں معاونت فرماویں آں حضرت نے فرمایا که اگر تجهکو اس سے بهتر بات نصیب هو تو تو راضي هی اُسنے کها که وہ کیا هی آنحضرت نے کها که میں تیرے بدلیکا روپیه دیکر تجهکو چهڑا لوں اور تجهه سے نکاح کرلوں اُسنے کها که مجهے منظور هی پس اسیوقت یهه خبر لوگوں میں مشهور هوگئي که انحضرت نے جویریه بنت حارث سے نکاح کرلیا پس بعض لوگوں نے کها که انحضرت نے سحر کیا پس جس کسي کے پاس قوم بني المصطلق کے قیدي تهے سب نے چهوڑ دیئے حضرت عایشه فرماتي هیں که پهر میںنے کوئي عورت جویریه سے بڑهکر بابرکت اُسکي قوم کي نديکهي اور اسکا نام برہ تها پس آنحضرت نے اُسکو بدل کر جویریه رکهدیا اور اُس نے سنه ٥٦ میں ربیع الاول کے مهینے میں وفات پائي *

في الاستیعاب في ترجمة جویریة زوج النبي صلعم — سباها رسول الله صلعم یوم المریسیع في سنة خمس و قیل في سنة ست و لم یختلفوا انها اصابها في تلک الغزوة وکانت قبله تحت سافع بن صفوان المصطلقي وکانت قد وقعت في سهم ثابت بن قیس بن سماس و ابن عم له وکاتبه علی نفسها و کانت امرأة جمیلة قالت عایشة کانت جویریة علیها حلاوة و ملاحة ولایکاد یریها احد الا وقعت بنفسه قالت فاتت رسول الله تستعینه علی کتابتها قالت فوالله ماهو الا ان رایتها علی باب الحجرة نکرهتها و عرفت انه سیری منها مثل الذي رایت فقالت یا رسول الله انا جویریة بنت الحارث بن ابي ضرار سید قومه و قد اصابني من الامر مالم یخف علیک فوقعت في السهم لثابت ولا بن عم له فکاتبه علی نفسي و جئتک استعینک فقال لها هل لک في خیر من ذلک قالت و ماهو یا رسول الله قال اقضی کتابک ، واتزوجک قالت نعم قال قد فعلت و خرج الخبر الی الناس ان رسول الله صلی الله علیه و سلم تزوج جویریة بنت الحارث فقال الناس صهر رسول الله صلعم فارسلوا ما في ایدیهم من سبایا بني المصطلق قالت عایشة فلانعلم امرأة کانت اعظم برکة علی قومها منها وکان اسمها برة فغیر رسول الله صلعم اسمها و سماها جویریة وتوفیت في ربیع الاول سنة ست و خمسین

پس یهه تمام روایتیں جو ایسي مختلف هیں اور بعض بے سند هیں اور بعض ایسي بےادبي کي باتیں آنحضرت صلعم کي نسبت منسوب کي هیں جیسیکه خود اُن راویوں کي طینت تهي تو بجز اُن لوگوں کے جنکي آنکهیں ظلمت تقلید سے کسي چیز کو نهیں دیکهتیں اور کون سچا مسلمان جو درحقیقت رسول صلعم کي محبت کو تمام چیزوں سے اور زید و عمرو کي محبت سے زیادہ عزیز سمجهتا هو اُسکو تسلیم کریگا اور کیونکر ان واقعات مشتبه کو فعل رسول خدا صلعم قرار دیکر اُسپر ایک مسئله عظیم الشان معرکة الارا کي بنیاد قایم کریگا

بااين همه هم كهتے هيں كه وه جو كچهه هوا قبل نزول آيت من و فدا هوا اور اس ليئے وه واقعات كسي طرح پر هوئے هوں بنياد مسئله استرقاق نهيں هوسكتے *

حضرت صفيه بنت حي ابن اخطب اليهودي اكثر روايتوں ميں هى كه حضرت صفيه خيبر كي لڑائي ميں پكڑي گئيں اور بطور لونڈي كے دحيه كلبي كے حصه ميں آئيں اُن سے مول ليكر رسول خدا صلعم نے اُن سے نكاح كيا چنانچهه مواهب اور اور كتابوں ميں بهي اسي طرح لكها هى اور مواهب كي عبارت يهه هى كه

صفية بنت حي ابن اخطب اليهودي وقعت في سهم دحية بن خليفة الكلبي فاشتراها رسول الله صلعم بارؤس اختلف في عددها و اعتقها وتزوجها و ذالك سنة سبع

صفيه بنت حي ابن اخطب يهودي دحيه بن خليفة الكلبي كے حصه ميں آئي تهيں مگر اُنكو انحضرت نے بدلے باروس كے جسكے عدد ميں اختلاف هى خريد ليا اور آزاد كركے نكاح كرليا اور يهه سنه ٧ ميں هوا *

اور سيرت هشامي ميں جو روايت هى اُسميں اختلاف هى اُس سے دحيه سے خريد كرنا نهيں معلوم هوتا چنانچهه اُسكي عبارت يهه هى كه

وتزوج رسول الله صلعم صفية بنت حي بن اخطب سباها من خيبر فاصطفاها لنفسه واولم رسول الله صلعم وليمة مافيها شحم ولالحم وكان سويقا و تمرا

اور نكاح كيا آنحضرت نے صفيه بنت حي بن اخطب سے اسكو آپ نے قيد ميں پكڑا تها جنگ خيبر ميں پس آنحضرت نے انكو خاص اپنے واسطے پسند كرليا تها اور آپ نے اسكا وليمه كيا تها جسميں نه گوشت تها نه شحم تهي صرف ستو اور چهوهارے تهے *

اور ابن شهاب كي روايت ميں هى كه كانت مما افاء الله عليه اور يهه روايت بالكل مخالف روايت خريد كے هى مگر اس سب سے زياده بخاري كي حديث هى جس سے يهه بات معلوم هوتي هى كه حضرت صفيه كو كسي نے لونڈي يا ماملكت ايمانكم ميں سمجها هي نهيں در اصل واقعه اتنا معلوم هوتا هى كه اُنكا شوهر كنانه ابن الحقيق خيبر كي لڑائي ميں مارا گيا وه رانڈ رهگئيں اُن سے حضرت نے نكاح كرليا راويوں نے اُنكو سبايا ميں سمجها اور اُسپر قياساً قصے بناديئے چنانچهه وه حديث بخاري كي يهه هى *

عن حميد انه سمع انسا يقول اقام النبي صلى الله عليه وسلم بين خيبر و المدينة ثلثة ليال يبنى عليه بصفية فدعوت المسلمين الى وليمته و ما كان فيها من خبز ولا لحم و ما كان فيها الا ان امر بلالا بالانطاع فبسطت فالقى عليها التمر والاقط والسمن فقال المسلمون احدى امهات المومنين او ما ملكت يمينه قالوا ان حجبها فهي احدى امهات المومنين فان لم يحجبها فهي ماملكت يمينه فلما ارتحل وطاء خلفه و مد الحجاب

حميد سے روايت هى انهوں نے انس سے سنا هى كه آنحضرت نے تين شب درميان خيبر اور مدينه كے قيام فرمايا اور وهيں حضرت صفيه سے صحبت كي اور انكے وليمه كے واسطے خود ميں نے هي مسلمانوں كو بلايا مگر اس وليمه ميں روٹي ياگوشت كچهه نه تها صرف يهه تها كه آنحضرت نے حضرت بلال كو حكم ديا كه تم دسترخوان بچهادو اُنهوں نے دسترخوان بچها ديا پس آپ نے اُس پر چهوهارے اور اقط (يهه ايك كهانا دهي سے عرب ميں بنتا هى) اور مسكه ركهديا پس مسلمانوں نے كها كه آيا يهه آنحضرت كي بيوي هيں يا كوئي لونڈي هيں لوگوں نے جواب ديا كه اگر آنحضرت اُنكو پرده ميں ليجاويں تو بيوي هيں نهيں تو لونڈي هيں پس جب آپ نے كوچ كيا تو صفيه كو پس پشت بيٹهاكر پرده روپ ديا *

پس ان مختلف روايتوں سے يهه بات كه درحقيقت كيا واقعه پيش آيا اور فعل جناب رسول خدا صلعم كا كس طرح اور كس سبب سے واقع هوا بخوبي ثابت و متحقق نهيں هوتا اور اسي ليئے يهه واقعات كسي مسئله عظيمه شرعيه كي بنياد نهيں هوسكتے معهذا اگر فرض كيا جاوے كه يهه سب واقعات اسي طرح پر واقع هوئے تهے اور استرقاق اسارى عمل ميں آيا تها تو بهي يهه سب واقعات ماقبل نزول آيت من وفدا كے هيں اور اسليئے بنياد مسئله استرقاق اسارى نهيں هوسكتے *

روايات متفرقه

بخاري و مسلم ميں ابو هريره سے يهه روايت هى كه ايك شخص نے

قال اهدى رجل لرسول الله صلعم غلاما يقال له مدعم يحط رحلا لرسول الله صلى الله عليه وسلم اذ اصابه سهم عاير فقتله الخ

رسول خدا صلعم كے واسطے ايك غلام بطور هديه بهيجا جسكا نام مدعم تها پس ايك مرتبه وه آنحضرت كا اسباب اوتارتا تها كه ناگاه اسكے ايك مقام پر ايك تير آلگا اور اس سے وه مرگيا *

يهه حديث همارے مدعا كے مخالف نهيں هى اسلئيے كه ابتداے اسلام ميں جو لوگ غلام تهے وه سب بطور غلام تسليم كيئے گئے تهے *

ابطال غلامي

خاتمه

بعض شبهات كے جواب ميں

اگرچه هماري اِس تحرير سے بخوبي تشفي هوتي هى كه جناب رسول خدا صلعم نے غلامي كو مذهب اسلام سے معدوم كرديا تب بهي بلاشبهه مسلمانوں كے دل ميں دو شبهے پيدا هونگي — اول — يهه كه بعد رسول خدا صلعم كے خلفاے راشدين رضي الله تعالى عنهم اجمعين كے عهد خلافت ميں نسبت قيديوں كے كيا عملدرآمد رها اور صحابه اور تابعين كے زمانه ميں جسكي نسبت رسول مقبول صلعم نے فرمايا هى كه خيرالقرون قرني ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم كيا هوا — دوم — يهه كه تيرهويں صدي ميں تمام اهل قبله اور اجماع امت كے برخلاف يهه مسئله كيونكر تسليم هوسكتا هى *

پهلے شبهه كي تحقيق نهايت سچ اور بالكل صحيح اور مطابق واقع كے يهه هى كه خلفاے راشدين كا انحصار صرف پانچ ميں هى — ابوبكر صديق — عمر فاروق — عثمان غني — علي مرتضي — حسن مجتبي خاتم الخلفاء رضي الله تعالى عنهم اجمعين — اور اُنكا زمانه خلافت صرف تيس برس هى اُسكے بعد زمانه خلافت نهيں هى بلكه عهد دولت ملوک عضوض هى الا ماشاء الله غرض كه اُس زمانه كے بعد كسي شخص پر خليفه نبي اور جانشين پيغمبر كا اطلاق نهيں هوسكتا البته بادشاهان اسلام تهے جنميں سے بهت سوں نے هزاروں ظلم اور هزاروں كام خلاف مذهب اسلام كيئے اور بعضوں نے كچهه كم اور كسيئے بهت زياده انصاف كيا اور احكام مذهب اسلام كي پيروي كي اور حتى المقدور اُن كو بجا لايا پس جسقدر همكو تفتيش هى وه صرف اُنهي پانچ خليفوں كے زمانه كي هى نه اور كسي عهد كي *

مگر اولا نهايت ٹهنڈے دل سے اور انصاف سے اور بيهوده اور غلط مذهبي غلو كو ايک لمحه كے ليئے چهوڑ كر يهه بات سمجهني چاهيئے كه جناب رسول خداصلعم كے يهه فرمانے سے كه خيرالقرون قرني ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم يهه لازم نهيں آتا كه اُس زمانه كے لوگ معصوم اور بشريت سے مبرا هيں بلكه وه سب انسان مگر همارے سردار اور پيشوا اور همارے سرتاج تهے اُنكا قول و فعل همارے ليئے هدايت هى مگر نه اِس وجهه سے كه وه خاص اُن كا قول و فعل هى بلكه اس يقين يا حسن ظن سے كه وه قول و فعل رسول خدا صلعم كا قول و فعل هى يا هوگا پس تمام اقوال اور افعال صحابه كو واجب العمل سمجهنے كے ليئے يا هم كو يقين كامل هونا چاهيئے كه بلاشبهه يهه قول و فعل رسول مقبول كا هى يا اُس كے ايسا هونے كا هم كو حسن ظن هونا چاهيئے اور حسن ظن اُسي وقت تک باقي رهتا هى جب كه برخلاف اُس كے كوئي ثبوت موجود نهيں هوتا الا جب خلاف اُس كے ثبوت موجود هوا تو اُسيدم حسن ظن ساقط هوگيا — اور يهه خيال كرنا كه اگر هم كسي صحابي كے قول و فعل كي نسبت يهه گمان كريں كه مطابق قول و فعل رسول مقبول كے نه تها تو اُن كي شان كے منقصت اور كمال بے ادبي اور همارے ايمان كے نقصان كي بات هى ايک غلط اور بيجا غلو مذهبي هى صحابه هزاروں كام اپني سمجهه اور اپنے اجتهاد سے كرتے تهے اور جب اُس كي غلطي ظاهر هوتي تهي يا كسي دوسرے صحابي سے اُس كے برخلاف قول يا فعل رسول مقبول كا دريافت هوتا تها في الفور اُس سے رجوع كرتے تهے بهت كثرت سے مسائل هيں كه جن ميں باهم صحابه كے اختلاف رها هى اور اُن دونوں كا صحيح هونا محال هى كبهي كسي صحابي نے اپنے معصوم هونے كا دعوى نهيں كيا پس يهه تمام اوهام بيجا اور غلو مذهبي هى جو خود هم نے اپنے دل سے پيدا كيا هى *

صحابه كي پيروي اُمور مذهبي ميں هم اپني نجات كا باعث سمجهتے هيں مگر همارا فرض هى كه اول هم يهه بات ديكهيں كه رسول مقبول صلعم نے كيا فرمايا هى جب آنحضرت كا قول نملے تو ديكهيں كه صحابه كيا فرماتے هيں جب وه نه معلوم هو تو ديكهيں كه تابعين كيا كهتے هيں پهر اُن كي صحت و غلطي كا امتحان كركر اُس كو تسليم كريں *

بعينه اس كي ايسي مثال هى كه هم كو احكام مذهبي بجا لانے ميں اول قران مجيد پر عمل كرنا چاهيئے پهر حديث پر پهر قياس منصوص العلت اور اجتهاد پر پهر جب كه هم اساري كي نسبت نص صريح قران مجيد ميں پاتے هيں اور مزيدے براں ثابت هوتا هى كه روز وفات تک اُسي پر رسول خدا صلعم كا عمل رها هى تو اب هم كو اس بات كي تفتيش كي كه خلفاے راشدين كے زمانه ميں كيا هوا كچهه حاجت نهيں رهي كيونكه اُس زمانه ميں كچهه هي هوا اور كچهه هي اُس كا سبب قرار ديا جاوے همكو تو اپنے محبوب رسول كي پيروي ضرور هوگي اور مسئله اسلام كا تو وهي قرار پاويگا جو قران مجيد ميں هى نه اور كوئي *

با ايں همه هم صحابه كرام اور خلفاے خمسه راشدين كے زمانه كے حالات دريافت كرنے كے نهايت آرزومند هيں اُن حالات و واقعات سے همكو بڑي هدايت هوتي هى اور جو مسئله كه همنے قران سے يا حديث سے نكالا هى اُس كے صحيح هونے اور اُس استنباط كے درست هونے كے ليئے كسوٹي هوتے هيں جن سے هماري سمجهه كا كهوٹا كهرا هونا پركها جاتا هى مگر مشكل هى كه جو محاربات كه خلفاے خمسه راشدين

کے وقت میں هوئے اُن پر لایق اعتماد اور طمانیت کے اطلاع حاصل هونے کو همارے پاس کوئي ذریعه موجود نهیں هی کتب احادیث میں وه واقعات بہت کم هیں کتب سیر و تواریخ میں وه پائے جاتے هیں مگر وه الف لیله و قصه حاتم طائي سے کچهه زیاده رتبه نهیں رکهتیں اس لیئے که اپنے ثبوت کے لیئے بالکل محتاج دوسري سند یادلیل یا کسي اور وجهه قابل اعتماد کي هیں پس اگر وه روایتیں اور کتابیں همارے مذهب کي بنیاد قرار پاویں اور اُن پر مسائل مذاهب کا مدار ٹهہرے تو مسلماني مذهب تو لونڈوں کا کهیل اور دیو پري کا قصه هو جاویگا نعوذ بالله منها *

علماء محدثین رحمهم‌الله اجمعین نے احادیث کے جمع کرنے اور اُن کي صحت کي تنقیح میں نهایت کوشش کي هی اُسپر بهي حدیث کي کتابوں کا یہاں تک که بخاري و مسلم کا بهي یهه حال هی که بعد تنقیح کے بهي اُنکي احادیث مندرجه مفید ظن یا ظن غالب کي هیں تو واے بر حال کتب سیر و تواریخ کے که اُن سے تو بجز چند واقعات ناقابل الاشتباه کے وقوع کي اطلاع کے اور کوئي نتیجه نهیں نکلتا اگر اُن کتابوں کو هم استنباط مسائل مذهبي میں دخل دیں تو هم صاف صاف هندوؤں کے مقلد هونگے جنہوں نے مهابهارت کو اپنے هاں کتب مقدسه میں داخل کرلیا هی *

دوسرا شبهه تو نهایت هي لغو اور نالائق التفات هی یهه مسئله هی که اجماع امت سے کوئي حکم شرعي قایم مثل حکم منزل من‌الله قایم هوجاتا هی غلط محض هی لاتجتمع امتي علی‌الضلالة اور من شذ شذ في‌النار کي صحت تسلیم کرنے کے بعد بهي کبهي انکا یهه مطلب که خدا یا رسول خدا صلعم نے جماعت کو دوسرا شارع یا موجد احکام مذهب بنایا تها یا اُسکو معصوم یا ناقابل سهو و خطا ٹهرایا تها نه تها اسکي بحث کے لیئے ایک دوسرا رساله چاهیئے! مگر اس مقام پر اسقدر لکهنا چاهیئے که صحیح مسئله اسلام کا یهه هی که جس طرح ایک آدمي کا خطا میں پڑنا ممکن هی اسي طرح ایک گروه کا بلکه ایک زمانه کے زمانه کے لوگوں کا خطا میں پڑنا ممکن هی پس اجماع امت هرایک شخص پر جو اُس اجماع کو غلط یا غلط بنیاد پر سمجهتا هو واجب‌العمل نهیں هی *

غلامي پر جو اجماع امت هوا هی اب اُسکي غلطي علانیه ظاهر هوتي هی اول تو نص صریح قراني کے برخلاف هی دوسرے اُس اجماع کا سبب کوئي حکم احکام مذهبي سے نه تها بلکه ایک اتفاقیه طبعي ایسا سبب تها که نادانسته اُس ایت سے غفلت هوگئي چند روز اتفاقیه غفلت رهي اُس زمانه کے بعد کے لوگوں نے اُس ذهول کو امر قصدي اور ارادي سمجها اور اُس سے استنباط مسائل کیا اُسکے بعد ظلمت تقلید نے دنیا میں اندهیرا کردیا اور سب اُسکي پیروي کرتے رهے اور از خود بلا قصد اجماع اُسپر اجتماع هوگیا *

تفصیل اسکي یهه هی که عرب میں رواج لونڈي و غلام کا اور لڑائي کے قیدیوں کو لونڈي و غلام بنانے کا ایسا قدیم چلاآتا تها اور ایسا بے عیب سمجها جاتا تها که کسیکے دلمیں اسکا خیال بهي نه تها که اُسکي موقوفي هوگي اس خیال کو بعض واقعات ابتدائي زمانه اسلام نے جسمیں لڑائي کے قیدیوں کو بطور رسم زمانه قدیم لونڈي و غلام سمجها اور نیز مذهب اسلام کے اُن احکام نے جن سے وه لونڈي و غلام جو قبل نزول آیت حریت لونڈي و غلام هوچکے تهے بطور لونڈي و غلام کے تسلیم کیئے گئے تهے اور متعدد احکام اُنکي نسبت قران و حدیث میں موجود تهے اور بهي زیاده مستحکم اور پخته کردیا تها اخیر غزوات میں آیت من و فدا نازل هوئي اُس آیت میں بهي قیدیوں کي نسبت احکام محصوره صادر هوئے اور اُنکا لونڈي و غلام بنانا الفاظ صریح سے نهیں بلکه بوجهه حصر باطل کیا گیا بعد نزول اُس آیت کے جناب رسول خدا صلعم نے اگرچه تمام اساری پر من وفدا کیا الا جو که قبل نزول اس آیت کے بهي ایسا هوتا تها اس سبب سے خیال حصر موجوده آیت پر نهوا اور اُسکے بعد قلیل زمانه میں رسول خدا صلعم نے رحلت فرمائي صحابه کے زمانه میں اُسپر خیال نهونا بوجوهات مذکوره بالا کچهه تعجب کي بات نهیں هی شراب کي حرمت نازل هونے کے بعد کوئي نهیں سمجها تها که شراب حرام هوگئي هی یہاں تک که تین دفعه اُسکي حرمت نازل هوئي بیع‌امهات اولاد ممنوع هونے پر ابتدائے عهد خلافت حضرت عمر تک بیع هوتي رهي متعه کے غیر ممنوع هونے پر متعدد صحابه بلکه حضرت علي مرتضی کو بهي خیال نه تها علاوه اسکے خلفاے راشدین کے زمانه میں اسپر خیال نهونے کا یهه بهي سبب هوا که اُن کے وقت میں اس مسئله پر بحث هونے کا بهت کم موقع ملا حضرت ابوبکر صدیق کي خلافت مرتدین کے مطیع کرنے میں ختم هوگئي اور حضرت عمر اور حضرت عثمان کے زمانه میں دارالخلافه سے بهت دور دور کے فاصله پر لڑائیاں هوئیں اور حضرت علي مرتضی کي خلافت آپس کے جهگڑے میں انجام هوئي اور حضرت امام حسن علیه‌السلام کي خلافت تو آفتاب یوم باراں کي مانند تهي اور یهه بڑے قوي اسباب تهے جنکے سبب سے ایت من و فدا کا حصر خیال سے خارج رها *

اُس زمانه کے بعد لوگوں کي توجهه اسبات پر زیاده تر تهي که اُس زمانه کے واقعات کو جهاں تک هوسکے دلایل سے قوي کریں اس لیئے غلامي کي نسبت ایات تلاش هونے لگیں اور بمجبوري ایت من و فدا کو منسوخ بتانے لگے پهر حال یهه جو کچهه هوا اُس کي نسبت

یهه بات تسلیم هوسکتي هی که اُس زمانه کے لوگوں کي غلطي کي نسبت یهه راے تهي مگر وه راے مذهب اسلام کا مسٔله اور حکم منزل من الله نهیں قرار پاسکتا اور نه اسلام پر اُن لوگوں کي راے سے کچهه داغ لگ سکتا هی *

مگر یهه بات ظاهر هی که یهه بحث جو همنے شروع کي ایک ایسي بحث هی که ساڑهے باره سو برس کے درمیان میں شاید کسي نے نهیں کي اور بلاشبهه اسوقت هم پر خرق اجماع اور تخلف اجماع اُمت کا الزام لگایا جاتا هی مگر چونکه مسلمانوں کا مقرر کیا هوا یهه ایک مسٔله هی که اجماع ثاني اجماع اول کو منسوخ کردیتا هی اور اجماع ثاني شروع هونے کے لیئے ضرور هی که کوئي نکوئي شخص اجماع اول سے اختلاف کرے پس وه شخص میں هوں اور کیا عجب هی که اِس پر اجماع هوجاوے اور اجماع ثاني اجماع اول کو منسوخ کردے اور یهه جهوٹا داغ جو همنے اپني غلطي سے اسلام کے خوبصورت چهره پر لگایا هی همیشه کے لیئے مٹ جاوے *

اے میرے بهائي مسلمانو یهه سب باتیں جو اسوقت تمهارے دل میں هیں بسبب خیالات کے محدود هونے کے هیں جو هر ایک قوم اور هر ایک مذهب میں بسبب محدود هونے علم کے تهے مگر اب وه زمانه نهیں رها اور انسان کي هر ایک چیز کو ترقي اور اُس کے خیالات کو وسعت هوتي جاتي هی پس وه زمانه کچهه دور نهیں هی که جسطرح اب تم میري بات سے نفرت کرتے هو اُسیطرح ان سب باتوں کي دل سے تصدیق کرو اور اُس وقت تمکو اسلام کي حقیقت معلوم هوگي اور جسقدر که اس وقت اُس کے بن سمجهي خوبي تمهارے دل میں هی اُس سے هزار درجه زیاده سچي اور دلکي تصدیق کي هوئي خوبي تمهارے دل میں سمائیگي اور اُس وقت پکے مسلمان هوگے *

اللهم ارزقنا حقیقة الاسلام و امتنا علیه آمین

راقـــــــم

سید احمد

نمبر ۵۳

کتب احادیث

کسي مسٔله یا طریقه یا عادت یا رسم و رواج پر بحث کرنے میں وه اقوال انسان کو بڑي غلطي میں ڈالتے هیں جو حدیث کے نام سے مشهور هیں جو که اب تمام حدیثیں کتابوں میں لکهي هوئي هیں اس لیئے همکو دیکهنا چاهیئے که علماء متقدمین و متاخرین نے کتب حدیث کي بلحاظ اعتبار و عدم اعتبار کے کسطرح تقسیم کي هی *

شاه ولي الله صاحب که علماء متاخرین میں جامع سلف اور مقتداے خلف تهے اُنهوں نے نهایت عمده طرح پر کتب حدیث کي تفصیل بیان کي هی اُسیکو هم بهي اس مقام پر بیان کرتے هیں *

وه لکهتے که کتب احادیث باعتبار صحت و شهرت اور قبول کے کئي درجه پر هیں *

صحت کے معني اُنهوں نے یهه لیئے هیں که مصنف نے احادیث صحیحه اُس میں لکهي هوں اور اُس کے سوا جو حدیث لکهي هو اُسکا نقص بهي اُسیکے ساتهه لکهدیا هو *

شهرت کے اُنهوں نے یهه معني لیئے هیں که هر زمانه میں اهل حدیث اُسکو پڑهتے پڑهاتے رهے هوں اور اُس کي هر ایک چیز بیان میں آگئي هو *

قبول سے وه یهه مراد لیتے هیں که علماء حدیث نے اُس کتاب کو معتبر و مستند سمجها هو اور کسي نے اُس سے انکار نکیا هو *

پهر وه لکهتے هیں که ان تینوں باتوں میں سب سے اول درجه کي تین کتابیں هیں — موطا امام مالک — صحیح بخاري — صحیح مسلم — وه لکهتے هیں که ان تینوں کتابوں کي حدیثیں اصح الاحادیث هیں اگرچه انهي میں بعضي حدیثیں بعض سے زیاده تر صحیح هیں *

ان کتابوں کے بعد دوسرے درجه میں اُنهوں نے — جامع ترمذي — سنن ابوداؤد — سنن نسائي — کو قرار دیا هی *

وه انهي چهه کتابوں کو صحاح سته کهتے هیں لیکن اکثروں نے موطا کو صحاح میں سے خارج رکها هی اور ابن ماجه کو داخل کیا هی *

شاه ولي الله صاحب کا یهه بهي قول هی که مسند امام احمد بهي اسي دوسرے درجه میں داخل هونے کے لایق هی مگر اُس میں ضعیف حدیثیں بهت هیں *

تیسرے درجه میں اُنهوں نے ان کتابوں کو شمار کیا هی — مسند شافعي — سنن ابن ماجه — مسند دارمي — مسند ابو یعلي موصلي — مصنف عبدالرزاق — مصنف ابوبکر بن ابي شیبه — مسند عبد بن حمید — مسند ابو داؤد طیالسي — سنن دار قطني — صحیح ابن حبان — مستدرک حاکم — کتب بیهقي — کتب طحاوے — تصانیف طبراني *

وه لکهتے هیں که اگرچه ان کتابوں کے مصنف عالم متبحر تهے لیکن انمیں اچهي بري یهاں تک که موضوع حدیثیں بهي شامل هیں *

چوتھے درجہ میں اُنہوں نے ان کتابوں کو گنا ھی - کتاب الضعفا لابن حبان - تصانیف الحاکم — کتاب الضعفا للعقیلي — کتاب الکامل لابن عدي — تصانیف ابن مردویہ — تصانیف خطیب — تصانیف ابن شاھین — تفسیر ابن جریر - فردوس دیلمي — سایر تصانیف فردوس دیلمي — تصانیف ابي نعیم — تصانیف جوزقاني — تصانیف ابن عساکر — تصانیف ابوالشیخ — تصانیف ابن نجار *

وہ لکھتے ھیں کہ یہہ کتابیں محض نامعتمد ھیں اور اس لایق نہیں ھیں کہ کسي عقیدہ کے اثبات میں یا کسي عمل کے جواز میں ان کتابوں سے سند لي جاوے عمدہ بات جو شاہ صاحب نے لکھي ھی وہ یہہ ھی کہ حضرت شیخ جلال الدین سیوطي کے رسایل و نوادر کا مادہ یھي کتابیں ھیں اور اسقدر میں اور لکھتا ھوں کہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دھلوي کي بھي تمام تصنیفات انھي نا معتمد کتابوں پر مبني ھیں *

اسي بیان کے ساتھہ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب فرماتے ھیں کہ وضعي یعني بنائي ھوئي حدیثوں کے پہچاننے کي یہہ صورتیں ھیں اول یہہ کہ — تاریخي واقعہ کے برخلاف ھو — دوسرے — یہہ کہ صرف کسي دشمن نے روایت کي ھو — تیسرے — یہہ کہ ایسي بات کہي ھو کہ جس کا جاننا اور ادا کرنا سب پر فرض ھو مگر صرف وھي ایک شخص روایت کرتا ھو — چوتھے — یہہ کہ قرینہ حالیہ اُسکے جھوٹے ھونے پر دلالت کرے — پانچویں — یہہ کہ عقل اور قواعد شرع کے برخلاف ھو — چھٹے — یہہ کہ ایک ایسا قصہ مذکور ھو کہ اگر درحقیقت وہ ھوا ھوتا تو ھزاروں آدمي اُسکو دیکھتے مگر اُسکو صرف وھي شخص بیان کرتا ھی — ساتویں یہہ کہ الفاظ خلاف محاورہ اور مضمون نامعقول ھو - اٹھویں — یہہ کہ چھوٹے سے گناہ میں نہایت سخت عذاب یا چھوٹے سے نیک کام میں بہت زیادہ ثواب کا ھونا بیان ھوا ھو - نویں — یہہ کہ چھوٹے چھوٹے کاموں پر حج عمرہ کے ثواب ملنے کا بیان ھو — دھم — یہہ کہ کسي کو مثل انبیاء کے مستحق ثواب کا کسي کام میں بیان کیا ھو — گیارھویں — یہہ کہ حدیث بیان کرنے والے نے اُسکے جھوٹے ھونے کا خود اقرار کیا ھو *

بعد اس کے شاہ صاحب ارقام فرماتے ھیں کہ بہت سے لوگوں نے مختلف سببوں سے جھوٹي حدیثیں بنالي ھیں بعضوں نے اس خیال سے کہ لوگوں کو قران مجید کے پڑھنے و تلاوت کرنے کا شوق پیدا ھو ھر ایک سورۃ کي فضیلت میں حدیثیں بنالیں — بے دینوں نے اسلام کي ھنسي اُڑانے کو مضامین دور از قیاس کي حدیثیں مشہور کردیں مشہور ھی کہ چودہ ھزار حدیثیں ھیں جو اھل زندقہ کي بنائي ھوئي مشہور ھیں اسي طرح ایک فرقہ کے متعصب نے اپني تائید یا دوسرے کي تذلیل کے لیئے حدیثیں بنالي ھیں — وعظ کہنے والوں نے بہت سي حدیثیں اپني طرف سے گڑہ لي ھیں — اور بعضي دفعہ اولیاء اللہ بھي اس خرابي میں پڑگئے ھیں کہ اُنہوں نے خواب میں دیکھا کہ یہہ بات رسول خدا صلعم نے اُن سے کہي پس مثل حدیث مسموع کے بیان کردي بعض لوگوں نے بزرگوں اور عالموں سے کوئي بات سني اور اُس کو یہہ سمجھہ گئے کہ یہہ حدیث ھی اور مثل حدیث کے مشہور ھوگئي چنانچہ اس قسم کے بہت سے اقوال بطور حدیث مشہور ھیں پس صرف حدیث کا نام سنکر گھبرانا اور توھمات مذھبي میں پڑ جانا نہیں چاھیئے بلکہ اول اُس حدیث کي تحقیقات اور تفتیش کرني چاھیئے کہ وہ کیسي حدیث ھی اور کسقدر اعتبار رکھتي ھی پھر جب سب طرح امتحان میں پوري نکلے اور معلوم ھو کہ در حقیقت یہہ پوري اور پکي صحیح حدیث ھی اُس کو سر اور آنکھوں پر رکھے ورنہ دود کي مکھي کي طرح اُس کو نکال کر پھینک دے کیونکہ شاہ عبدالعزیز صاحب کا قول ھی کہ " حدیث بے سند گوز شتر است " اگر ھم مسلمان ایسي لغو اور بے سند باتونکو اپنے مذھب میں شامل کریں اور پوچ اور واھیات قصوں کو جن کي کچھہ اصل نہیں ھی مذھبي قصہ اور الھامي واقعات سمجھنے لگیں تو ھمارا مذھب ھنسي ٹھٹا ھو جاویگا اور لون کے گھر سے بھي زیادہ ناپائدار اور مکڑي کے جالے سے بھي زیادہ بودا بن جاویگا علماء متقدمین نے نہایت سختي سے بطور ایک دشمن کے حدیثوں کا امتحان کرنے میں کوشش کي ھی پس یہہ بات کہ حدیث بے سند یا ضعیف یا مشتبہہ کو حدیث نہ سمجھا جاوے اور مذھبي باتوں میں اُسے داخل نہ کیا جاوے بے دیني کي بات نہیں ھی بلکہ نہایت ایمانداري اور اسلام کي بڑي درستي کا کام ھی *

راقم

سید احمد

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور باھتمام
حافظ محمد عبدالرزاق کے شایع ھوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تهذيب الاخلاق

جلد دوم] یکم ذیقعدہ سنہ ۱۲۸۸ هجري [نمبر ۱۸

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

تشريح قيمت و تصرف منافع تهذيب الاخلاق

جسقدر روپيه بابت اِس پرچه کے بطور چندہ خواہ بطور قيمت وصول هو وہ کسي خاص شخص کي ملکيت نهوگا بلکه اِس پرچه کے اجرا و ترقي ميں صرف کيا جاويگا *

مسلمانوں ميں سے جو شخص ساٹهه روپيه سالانه پيشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچه کے متعلق معاملات ميں ممبر متصور هوگا *

يهه پرچه هر مهينے ميں ايک بار يا دو بار يا تين بار جيسا که مقتضاے مضامين هوگا چهپا کريگا خريداروں کو چار روپيه سالانه قيمت پيشگي ديني هوگي اور اخراجات روانگي پرچه سے اُن کو کچهه تعلق نهوگا *

• اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچه خريدنا چاهيگا اُس کو في پرچه چهار آنه معه اخراجات روانگي پرچه دينا هوگا *

ممبروں کو بلا قيمت يهه پرچه مليگا اور اُن کو اُس کے تقسيم کا بهي بلا قيمت جسکو وہ چاهيں اختيار هوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خريداران و ناظرين تهذيب الاخلاق

اِس پرچه کي بابت جس صاحب کو کچهه خط و کتابت کرني منظور هو يا خريداري اِس پرچه کي مد نظر هو يا کوئي مضمون اِس پرچه ميں مندرج هونے کے ليئے بهيجنا هو يا زر قيمت اخبار يا زر چندہ يا کچهه روپيه بطور ڈونيشن کے عنايت فرمانا هو تو سيد احمد خاں صاحب بهادر سي ايس آئي پاس بمقام بنارس بهيجا جاوے غرضکه تمام خط و کتابت بابت اِس پرچه کے اُنهي سے کي جاوے کيونکه يهه پرچه عليگڈہ ميں چهپکر اُن کے پاس چلا جاتا هى اور وهاں سے تقسيم هوتا هى اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رهتا هى *

اس پرچه ميں صرف مضامين مفيدہ جو مسلمانوں سے متعلق هيں چهاپه هوتے هيں اور اس سبب سے اخبار امصار و ديار اس ميں مندرج نهيں هوتے — مقصود اس پرچه کے اجرا سے يهه هى که مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تهذيب کي ترقي هو اور جو غلط اوهام اُس ترقي کے مانع هيں وہ مٹاے جاويں *

مضمون نمبر ۵۴

تفسیر بالرائے

مسلمان یہہ اعتقاد کرتے ہیں کہ اپنی عقل سے قران مجید کی تفسیر کرنی اور معنی بیان کرنے منع ہیں اور اپنے اس اعتقاد کے ثبوت پر اس حدیث کو کہ "من فسرالقران برائہ فلیتبوأ مقعدہ من النار" پیش کرتے ہیں یعنی جس شخص نے قران کی تفسیر اپنی عقل سے کی تو وہ اپنی جگہہ دوزخ کی آگ میں ٹہرالے *

مگر جو معنی کہ اُنہوں نے تفسیر بالرائے کے سمجھے ہیں وہ غلط محض ہیں وہ یہہ سمجھتے ہیں کہ قران مجید کی تفسیر میں جو کچھہ اگلے مفسروں نے کہا ہی اور جو کچھہ اگلی تفسیروں میں لکھا ہی اُس کے سوا اور کچھہ مطالب قران مجید کے لفظوں سے نکالنا منع ہی پس اُس کے سوا جو کوئی شخص قران مجید کے کسی لفظ کے اور معنی کہتا ہی یا کسی آیت کی تفسیر دوسری طرح پر کرتا ہی وہ تفسیر بالرائے کرتا ہی اور دوزخ کی آگ کا مستحق ہوتا ہی *

یہہ سمجھہ اُن کی بالکل غلط ہی اور علماء متقدمین کے اقوال اور طریقہ اور مذہب کے بھی برخلاف ہی امام حجۃالاسلام غزالی فرماتے ہیں کہ † "تفسیر قران برائہ کے یہہ معنی ہیں کہ اُس کی غرض اور سمجھہ میں ایک مطلب کا بیان کرنا ہو اور وہ اُس پر قران کی گواہی لاوے اور قران مجید کو ایسے مطلب پر اینچاوے کہ اُس مطلب میں آیت کے نازل ہونے پر نہ لفظوں کے لغوی معنی دلالت کریں اور نہ کوئی نقلی روایت موجود ہو" پس بلا شبہہ اس طرح پر قران کی تفسیر منع ہی *

بعد اس کے امام غزالی صاحب لکہتے ہیں کہ ‡ "اس بات سے یہہ نہ سمجھا جاوے کہ قران کی تفسیر استنباط سے اور غور و فکر سے بھی کرنی منع ہی کیوں کہ بہت سی آیتیں ایسی ہیں کہ اُن کے پانچ پانچ چھہ چھہ سات سات معنی صحابہ اور مفسرین سے نقل ہوئے ہیں اور اُن میں سے کوئی بھی رسول خدا صلعم سے نہیں سُنا اور وہ معنی آپس میں ایک دوسرے کے برعکس بھی ہوتے ہیں اور سب کے سب صحیح نہیں ہوسکتے اور اس سے پایا جاتا ہی کہ وہ اپنے اپنے غور اور اپنی اپنی سمجھہ سے نکالے تھے اسی لیئے رسول خدا صلعم نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کو دعا دی تھی کہ اللہ اُس کو دین میں سمجھہ دار کرے اور اُس کو قران کے معنی بیان کرنے سکھاوے" *

اسی طرح ایک جگہہ فرماتے ہیں کہ † "بہت سے دقیق معنی اور قران کے بھید ایسے ہیں کہ غور و فکر کرنے والوں کے دل میں آتے ہیں کہ اُن سے تفسیر کی کتابیں بالکل خالی ہیں اور بڑے بڑے مفسرین کو بھی اُن کی خبر نہیں ہوئی" *

غرضکہ اس بیان سے ظاہر ہو گیا کہ خدا کی کتاب پر غور کرنا اور اُس کے الفاظ سے معانی اور مطالب کی تحقیق کرنا اور صرف اگلے مفسرین کی پیروی ہی نکرنا بلکہ جو علوم کہ اب حاصل ہوئے ہیں اُن کا قران مجید کے الفاظ سے جانچنا منع نہیں ہی اور نہ ایسا کرنا تفسیر بالرائے ہی اور یہہ کیونکر تفسیر بالرائے ہوسکتی ہی اس لیئے کہ تفسیر بالرائے ہونے میں یہہ بات ضرور تھی کہ الفاظ کے لغوی معنی یا نقل اُس پر دلالت نہ کرتے ہوں اور اب جو ہم تفسیر قران کی کرتے ہیں وہ تو اُس سے بھی زیادہ سند یعنی حقایق محققہ پر کرتے ہیں اور اپنی عقل یا قیاس کو مطلق دخل نہیں دیتے پس وہ تفسیر بالرائے کیونکر ہوسکتی ہی بلکہ وہ تفسیر تو فی الحقیقت حقیقت قران ہی جس کی روشنی خدا سب کو نصیب کرے — آمین *

راقم مہدی علی
ڈپٹی کلکٹر ضلع مرزا پور

نمبر ۵۵

وجود آسمان

مسلمان جو یہہ سمجھتے ہیں کہ قران مجید کی روسے ہر ایک مسلمان کو اسبات کا اعتقاد کرنا فرض ہی کہ آسمان ایک مجوف کروی جسم گنبد کی مانند ہی اور انڈے کے چھلکے کی طرح دنیا کو گھیرے ہوئے ہی اور زمین مثل انڈے کی زردی کے اُس میں ہی اور تمام ستارے اُس میں جڑے ہوئے ہیں یہہ سمجھہ اور یہہ اعتقاد اُنکا غلط ہی *

---

† من فسرالقران برائہ ھوان یکون غرضہ ورائہ تقریر امر و تحقیقہ فیستجر شہادۃالقران الیہ و یحملہ علیہ من غیر ان یشہد التنزیلہ علیہ دلالۃ لفظیۃ لغویۃ او نقلیۃ

‡ ولا ینبغی ان یفہم منہ انہ یجب ان لا یفسرالقران بالاستنباط والفکر فان من الایات ما نقل فیہا من الصحابۃ والمفسرین خمسۃ معان و ستۃ و سبعۃ و یعلم ان جمیعہا غیر مسموعۃ من النبی صلعم فانہا قد تکون متنافیۃ لا تقبل الجمع فیکون ذالک مستنبطاً بحسن الفہم و طول الفکر ولہذا قال صلی اللہ علیہ وسلم لابن عباس رضی اللہ عنہ اللہم فقہہ فی الدین و علمہ التاویل

† فکم من معان دقیقۃ من اسرارالقران تخطر علی قلب المتجردین للذکر والفکر یخلو عنہا کتب التفاسیر ولا یطلع علیہا افاضل المفسرین

حکماء یونان نے اپني حکمت اور اپنے علم ھیئت میں آسمان کو جسم کروي محیط زمین کے اور ستاروں کا اُس میں جڑا ھوا ھونا بیان کیا تھا یھودي بھي آسمانوں کو ایساھي سمجھتے تھے مسلمانوں نے بھي قرآن مجید کي آیات متشابہات پر جن میں آسمانوں اور ستاروں کا ذکرھی بخوبي غور و فکر نہیں کیا اور جیسا کہ اُس زمانہ میں رواج تھا اور جہاں تک اُس زمانہ میں ترقي علم کي ھوئي تھي اُسي کے مطابق اُن کے معني کہدیئے ورنہ قرآن مجید سے اس اعتقاد کا ثبوت مطلق نہیں ھی *

قرآن مجید میں ایات متشابہات کا ھونا خصوصاً اُن اُمور میں جو زمین و آسمان اور ستاروں اور فرشتوں اور بہشت و دوزخ سے علاقہ رکھتے ھیں نہایت حکمت اور ایک عجیب قدرت کي بات ھی اگر حقایق واقعي موجودات کي بذریعہ ایات محکم قرآن مجید میں بیان کي جاتي تو تمام دنیا اُس میں حیران و پریشان ھوجاتي اور تعلیم روحاني جو اصلي مقصود قرآن مجید تھي غیر مقصود جھگڑوں میں برباد ھوجاتي اس لیئے اُن حقایق کا بیان بذریعہ ایات متشابہات کے ھوا جن کے الفاظ مستعملہ مخالف علم و ادراک اُس زمانہ کے لوگوں کے نہ تھے اور اُن کے معاني محققہ حقیقت اشیاء کماھي علیہ پر دلالت کرتے تھے اور یہہ طرز بیان ایسا عمدہ ھی کہ اعجاز قرآن میں شمار ھوسکتا ھی *

پس اب ھم مسلمانوں کو یہہ اعتقاد کرنا چاھیئے کہ در حقیقت آسمان کوئي وجود مجسم مثل گول گنبد یا چورس چھت کے نہیں ھی بلکہ تمام ستارے چاند اور سورج جن میں زمین بھي ایک ستارہ ھی فضاے بسیط میں معلق ھیں اور قدرتي ستون کے ذریعہ سے جسکو ھم نہیں دیکھہ سکتے اور جسکا نام اسان شرع میں عمد غیرمرئي اور زبان اھل علم میں جذب ھی اپني اپني جگہہ پر قایم ھی جوکہ ھمارے سر کے اوپر ھی اُس کا نام آسمان ھی جس طرح کہ ھم اپنے سر پر کي چیزوں کو جو حقیقت میں امریکا کے رھنے والوں کے تحت قدم ھیں آسمان کے لفظ سے تعبیر کرتے ھیں اسیطرح امریکا کے رھنے والے اپنے سر پر کي چیزوں کو جو در حقیقت ھمارے تحت قدم ھیں آسمان کے لفظ سے تعبیر کرتے ھیں *

یہہ کچھہ ھمارا ھي قول نہیں ھی بلکہ اگلے مسلمان عالم بھي اسبات کے قایل ھوئے ھیں امام فخرالدین رازي اپني تفسیر میں لکھتے ھیں " السماء عبارۃ من کل ما ارتفع " یعني آسمان کا لفظ ھر اوپر کي چیز پر بولا جاتا ھی *

قرآن مجید میں بھي سماء کا لفظ انھي معنوں میں آیا ھی جہاں خدا تعالی نے فرمایا ھی کہ " و انزل من السماء ماء " یعني برسایا خدا نے اوپر سے پاني پس اس جگہہ سماء یعني آسمان کے لفظ سے اگلے لوگوں کے نزدیک بھي یوناني حکیموں والا آسمان مراد نہیں بلکہ صرف اوپر کي سمت مراد ھی *

قرآن مجید سے بھي ثابت ھوتا ھی کہ آسمانوں کا ایسا وجود جیساکہ یوناني حکیموں نے بیان کیا ھی نہیں ھی کیونکہ خدا تعالی نے ستاروں کي نسبت فرمایا ھی کہ وہ تیرتے پھرتے ھیں پھر اگر وہ آسمان میں جڑے ھوئے ھوتے تو وہ تیرتے کیونکر پھرتے اس سے ثابت ھوتا ھی کہ آسمان کوئي وجود مجسم نہیں ھی اور نہ ستارے کسي میں جڑے ھوئے ھیں بلکہ معلق ھیں اور خود اپني اپني جگہہ میں تیرتے پھرتے ھیں *

فلک کے معني بھي جو مسلمانوں نے مثل آسمان کے جسم مجوف کروي محیط ارض قرار دیئے ھیں یہہ بھي غلط ھی بلکہ فلک کے معني اُس دایرہ کے ھیں جو کسي ستارہ کي گردش سے ذھن میں یا خیال میں پیدا ھوجاتا ھی جیسیکہ بنیٹي پھراتے میں تمنے دیکھا ھوگا کہ گول چکر بنجاتا ھی حقیقت میں وہ چکر نہیں ھی بلکہ صرف بنیٹي کے سروں کي گردش کرنے کا رستہ ھی جو خیال میں مثل فلک یعني دایرہ کے دیکھائي دیتا ھی یا جب کبھي لڑکے ڈور کے سرے میں پتھر یا گیند باندہ کر زور زور سے پھراتے ھیں تو ایک وھمي حلقہ معلوم ھونے لگتا ھی حقیقت میں وہ حلقہ مجسم نہیں ھی بلکہ اُس پتھر یا گیند کي گردش کي راہ ھی جو وھم میں مثل فلک یعني دایرہ کے دکھائي دیتي ھی *

قرآن مجید کي اس آیت سے کہ " کل في فلک یسبحون " یعني ھر ستارہ ایک گھیرے میں تیرتا پھرتا ھی بالکل ٹھیک ٹھیک فلک کے یہي معني ثابت ھوتے ھیں جو ابھي ھم نے بیان کیئے *

شارح چغمیني نے بھي لکھا ھی کہ " ان الفلک یطلق علی غیرالمجسم ایضا کالدوایر ومحیطاتھا " یعني فلک کا لفظ غیر مجسم چیز پر بھي بولا جاتا ھی جیسیکہ دایرہ پر یا حلقہ پر *

امام فخرالدین رازي لکھتے ھیں کہ " او دائرۃ یفعلھاالکواکب بحرکتہ " یعني فلک ایک دایرہ بھي ھوسکتا ھی جو ستارہ اپني چال سے بناتا ھی *

اور اس بات کے ثبوت کے لیئے کہ آسمان سے صرف ستاروں کا رستہ مراد ھی بڑي دلیل یہہ ھی کہ خود خدا تعالے نے ایک جگہہ قرآن مجید میں آسمانوں کے لفظ کے بدلے ستاروں کي راہ فرمایا ھی جیسا کہ اس آیت میں ھی " و خلقنا فوقکم سبع طرایق " جیسا کہ خدا تعالی نے اس طرح فرمایا ھی کہ ھم نے سات آسمان پیدا کیئے ھیں اسي طرح اس آیت میں یہہ فرمایا کہ ھم نے تمہارے اُوپر سات

راهیں پیدا کي هیں آسمانوں کي جگهه راهیں فرمائیں جس سے ثابت هوتا هی که آسمان اور ستاروں کے چلنے کي راه ایک چیز هی اور راه ستاروں کي ضرور نہیں که جسم مجسم هو بلکه کرات معلق کي فضاے بسیط میں جس طرف حرکت هی وهي اُس کي راه هی *

اب اُن لفظوں سے بحث باقي رهي جن میں صفات آسمانوں کي بیان هوئي هی اور جس سے آسمانوں کے مجسم هونے کا شبهه پڑتا هی مگر حقیقت میں اُن سے بهي مجسم هونا آسمانوں کا ثابت نہیں هوتا *

اول یهه که ایک جگهه خدا تعالے نے فرمایا هی که خلق سبع سموات طباقا یعني سات آسمان تهه به تهه اور اس سے یهه سمجها جاتا هی که ایک اسمان دوسرے آسمان سے ایسا ملا هوا هی جیسیکه پیاز کے پرت اور یهي مذهب حکماے یونان کا بهي تها که ایک آسمان کا مقعر نیچے کے آسمان کے محدب سے ملا هوا مانتے تهے *

مگر امام فخرالدین رازي نے ان معنوں کو تو باطل کردیا وه کہتے هیں که " لعل المراد کونها طباقا کونها متوازیة لا انها متماسة " یعني تهه به تهه هونے سے یهه ضرور نہیں هی که وه ایک دوسرے سے ملے هوئے هوں شاید اُن کا ایک دوسرے کے متوازي هونا مراد هو *

مگر حقیقت میں یهه معني بهي جو امام فخرالدین رازي نے لیئے هیں صحیح نہیں هیں اصل یهه هی که سماء یعني آسمان کا لفظ عربي زبان کے محاورہ میں هر اوپر کي چیز پر جو بلا تعلق زمین کے معلق دکهائي دیتي هو بولا جاتا هی مثلاً چاند سورج ستاروں پر بهي سماء کے لفظ کا اطلاق هوتا هی اور اُن کي حرکت سے جو دایرہ یا گهیرہ متخیل هوتا هی اُس پر بهي سماء کے لفظ کا اطلاق هوتا هی بادلوں پر بهي سماء کا لفظ بولا جاتا هی اور یهه نیلي نیلي چهت جو همکو دکهائي دیتي هی اُس پر بهي سماء کا لفظ بولا جاتا هی اُوپر کي سمت پر بهي جو خلاء بسیط هی سماء کے لفظ کا اطلاق هوتا هی پس خلق سبع سموات طباقا کے یهه معني هیں که خلق الله تعالے هذه السمت المرتفعة علی سبع ارتفاعات طباقا یعلمها اهل ذالک الزمان بعدد سبع اجرام عظام یقال لها الکواکب السبع — یعني الله تعالی نے اس اُونچائي کو سات اُونچے طبقوں میں پیدا کیا هی جس کو اُس زمانه کے لوگ سات بڑے بڑے جسموں کے سبب جن کو سات ستارے کہتے تهے درجه بدرجه جدا جدا سمجهتے تهے جیسیکه هم ایک سطح پر نقاط مفروضه مقرر کرکر اُس سطح واحد کو طبقات قرار دے دیں پس اس آیت سے یوناني حکیموں کے آسمان کا وجود ثابت نہیں هوتا *

دوسرے یهه که ایک جگهه قران مجید میں آیا هی و بنینا فوقکم
سبعا شدادا و جعلنا سراجا وهاجا — یعني بنائیں هم نے اتمهارے اُوپر
سات مضبوط چیزیں اور کیا هم نے ایک کو چراغ روشن — اس آیت
میں جن سات مضبوط چیزونکا ذکر هی اُن سے یوناني حکیموں کے سات
آسمان مراد لینے کي کوئي وجهه نہیں هی بلکه اُن سات مضبوط
چیزوں سے وهي سات سیارے مراد هیں جن کو اُس زمانه کے لوگ
بهي جانتے تهے اور جب که اُس کے بعد یهه فرمایا هی کیا هم نے
ایک کو چراغ روشن جس سے علانیه سورج مراد هی جس کو لوگ
اُن سات میں سے ایک سمجتے تهے تو اب کچهه شبهه نہیں رها که
اُن سات چیزوں سے یوناني حکیموں والے سات آسمان مراد نہیں هیں
بلکه وه سات چیزیں مراد هیں جن کو اُس زمانه کے لوگ سبع سیارہ
کہتے تهے *

تیسرے یهه که ایک جگهه قران مجید میں آیا هی الله الذي
رفع السموات بغیر عمد ترونها — اس آیت سے بهي یوناني حکیموں والا
آسمان ثابت نہیں هوتا بلکه یهه آیت بالکل اُس مطلب کو جو
هم نے بیان کیا هی واضح کردیتي هی اس لیئے که اس آیت کے
معني یهه هیں که الله وه هی جسنے اُٹها دیا اوپر والي چیزوں کو بغیر
ستون کے جسکو تم دیکهو — اِس سے معلوم هوا که جو چیزیں همکو
اوپر دکهائي دیتي هیں اُن کے لیئے ستون تو هی مگر وه ایسا ستون
هی که همکو دکهائي نہیں دیتا اب سمجهو که وه ستون کیا هی وهي
قوت جاذبه هی جو خدا تعالی نے اپني قدرت کامله سے هر ایک کرہ
معلق میں پیدا کي هی جسکے سبب تمام اوپر کي چیزیں معلق بغیر
ظاهري ستون یا سہارے کے کهڑي هیں *

امام فخرالدین رازي نے جو کچهه اِس مقام پر لکها هی اُس سے
پایا جاتا هی که بعض مفسرین کي یهي راے تهي که خلاء غیر محدود
میں کرات معلق هیں چنانچه وه اسي آیت کي تفسیر میں لکهتے هیں
— و عندي فیه وجه آخر احسن من الکل وهو ان العماد ما یعتمد علیه
و قد دللنا علی ان هذه الاجسام انما بقیت واقفة في الجو العالي
بقدرت الله تعالی و حینئذ یکون عمدها هو قدرة الله تعالی فنتج
انه رفع السماء بغیر عمد ترونها ای لها عمد في الحقیقة الا ان تلک
العمد هي قدرت الله تعالی و حفظه و تدبیره و ابقاؤه ایاها في الجو
العالي و انهم لایرون ذالک التدبیر ولایعرفون کیف ذالک الامساک —
یعني امام فخرالدین رازي کہتے هیں که میرے نزدیک اِس آیت کي
تفسیر میں سب سے اچهي ایک اور بات هی اور وه یهه هی که عماد
اُس چیز کو کہتے هیں جسکے سہارے سے کوئي چیز ٹهري رهے
همنے ثابت کیا هی که یهه تمام جسم صرف خدا کي قدرت سے عالي

وسیع مجو میں ٹہرے ہوئے ہیں تو اب وہي خدا کي قدرت اُن کے لیئے ستون ہوگي پس نتیجہ یہہ نکلا کہ خدا تعالی نے آسمان یعني اُوپر کي چیزوں کو بغیر ایسے ستون کے جسکو تم دیکھو اُٹھا رکھا ھی یعني اُن کے لیئے حقیقت میں تو ستون ھی مگر وہ ستون کیا ھی وہ خدا کي قدرت اور اُسکي نگہباني اور تدبیر اور اُسکا ٹھرائے رکھنا ایسي چیزوں کا اتنے بڑے جو میں ھی اور بے شک بندے اُن تدبیروں کو نہیں دیکھتے اور ان باتوں کو نہیں جانتے *

اگر اِس زمانہ میں امام فخرالدین رازي ہوتے تو اُن کو اتني بڑي تقریر اور ٹیڑھي سیدھي باتیں نہ بناني پڑتیں بلکہ وہ نہایت آساني سے سمجھہ لیتے کہ وہ ستون جسکو ہم نہیں دیکھتے جس سے تمام کرات معلقہ تھمے ہوئے ہیں وہ قوت جذب ھی جو خدا نے ہرایک میں پیدا کي ھی *

چوتھے یہہ کہ قران مجید میں آسمان کي نسبت تین لفظ اور آئے ہیں جنکي تفسیر میں کم غور کرنے والوں کو دقت پڑتي ھی اور وہ لفظ یہہ ہیں — سقفا محفوظا — مالہا من فروج — والسقف المرفوع — اور وہ سمجھتے ہیں کہ ان تینوں لفظوں سے ثابت ہوتا ھی کہ آسمان چھت کي مانند ھی اور جب چھت کي مانند ہوا تو ضرور جسم ہوگا *

اِس خیال پر بعض مفسرین کي اور شامت آئي کہ وہ یہہ سمجھے کہ جب چھت کي مانند ہوا تو ضرور چورس ھي ہوگا اور دیواروں پر ھي رکھا ہوا ہوگا اِس خیال باطل سے اُنہوں نے کہدیا کہ قران سے پایا جاتا ھی کہ آسمان چورس ھی اور بڑے اُونچے اُونچے پہاڑوں پر ٹکا ہوا ھی امام فخرالدین رازي نے ایک لغو طور پر جیسا کہ اُس زمانہ کے فیلسوفوں کا دستور تھا اِس بیان کو رد کیا ھی مگر اصل یہہ ھی کہ یہہ الفاظ کچھہ بھي منافي یا مخالف حقیقت کے نہیں ہیں ہم اُوپر بیان کرچکے ہیں کہ آسمان ہر اُوپر کي چیز پر بولا جاتا ھی پس یہہ نیلي نیلي چیز جو ہمکو دکھائي دیتي ھی اور جو حقیقت میں مثل دخان یا ہوائے محیط کے ایک جسم بھي رکھتي ھی اور ہماري دنیا کے چاروں طرف محیط ھی اور دنیا کے رہنے والوں کو مثل سقف گنبدي کے دکھائي دیتي ھی اس پر بھي آسمان کا اطلاق ہوتا ھی مگر یہہ نیلي چیز یوناني حکیموں والا آسمان نہیں ھی پس اگر اِس نیلي چیز پر سقف مرفوع اور سقف محفوظ کا اطلاق ہوا تو مشکل اور دقت کیا پیش آئي *

ایک اور مصیبت مفسرین پر پڑي ھی کہ قران مجید میں آسمان کي نسبت لفظ دخان بھي آیا ھی جس سے معلوم ہوتا ھی کہ وہ صرف دھواں ھی ابتر مفسرین کے ہوش گئے اور سمجھے کہ اب تو یوناني حکیموں والا آسمان بھي نرہا اور ھینڈ چاي کي طرح سونے کا گھر خاک ہوگیا تو اسپر جناب شاہ ولي اللہ صاحب حجۃاللہ البالغہ میں ارقام فرماتے ہیں کہ دیکھنے والوں کي آنکھہ میں دھوئیں کي مانند دکھائي دے مگر اصل میں ایسا نہو اسپر ابن مسعود کا ایک قول بےسند نقل کیا ھی کہ بھوک کے مارے آنکھوں میں آسمان مثل دھوئیں کے دیکھائي دیگا پھر فرماتے ہیں کہ میاں قران کي باتوں سے انکار کرنا منع ھی اگر سمجھہ میں نہ آوے تو ظاہري اُسکے معنوں ھي پر ایمان رکھنا چاھیئے کہ اوّل درجات ایمان اُنکا مان لینا اور تصدیق کرلینا ھی مگر ہم دست بستہ عرض کرتے ہیں کہ جناب ہم اوّل درجات ایمان نہیں چاھتے ہم تو اعلی درجات ایمان پر پہونچے ہوئے ہیں *

یہہ باتیں ہم نے کچھہ گستاخي کي راہ سے نہیں لکھیں بلکہ جتنا کہ ہم امام رازي اور مولانا شاہ ولي اللہ صاحب کا ادب کرتے ہیں اور اُنکو علماء محققین رباني سے سمجھتے ہیں اتنا کوئي نہ کرتاہوگا نہ سمجھتا ہوگا مگر اس تحریر سے ہمارا مطلب یہہ ھی کہ لوگ یہہ بات سمجھیں کہ حقیقت اشیاء روز بروز زیادہ تر منکشف ہوتي جاتي ھی اور جسقدر کہ ہمارا علم ترقي پاتا ھی اُسیقدر کلام رباني کي حقیقت زیادہ تر واضح ہوتي ھی پس اقوال مفسرین سابق ھي پر ہمکو منحصر رہنا نہیں چاھیئے *

ہماري دنیا کو ایک مادہ رقیق سیال محیط ھی جسکا نام دخاں کہو خواہ ہوائے محیط کرہ ارض خواہ اور کچھہ اور وہي مادہ اسبات کا سبب ھی کہ ہمکو یہہ نیلي چھت جسکو آسمان بھي کہتے ہیں دکھائي دیتي ھی پس یہہ بات کہنا کہ آسمان دخان ھی بالکل حقیقت کے مطابق ھی اور کچھہ بھي تاویل اور تردد کي حاجت نہیں ھی یہہ ساري خرابي اس لیئے پڑتي ھی کہ ہم نے اپني غلطي سے ہر جگہہ لفظ اسمان کا مصداق یوناني حکیموں کے آسمان کو سمجھہ رکھا ھی *

پانچویں یہہ کہ قران مجید میں آسمان کي نسبت فتح ابواب بھي آیا ھی جس سے معلوم ہوتا ھی کہ آسمان ایک جسم مجسم ھی اور اُسمیں چوکھٹ اور کواڑ اور قبضی کڑے کنڈے سب لگے ہوئے ہیں جسکے سبب دروازے کھلتے بند ہوتے ہیں اور ضرور سنتري بھي دروازے کھولنے بند کرنے کو کھڑے ہونگے پھر آسمان کے وجود مجسم و مستحکم سے کیونکر انکار کیا جاسکتا ھی مگر اسپر ہمکو بحث کرني ضرور نہیں کیونکہ خود اگلے مفسرین اسکو رد کرچکے ہیں — قال الامام الغزالي و ھو علی طریق الاستعارة فان الظاھر ان الماء کان من السحاب و علی ھذا فھو کما یقول القایل في المطر الوابل جرت مزاریب

السماد و فتح ابواب القرب — يعني امام غزالي صاحب فرماتے هيں كه شدت سے مينهه برسنے ميں جو خدا تعالى نے يهه فرمايا هى كه آسمان كے دروازے كهل گئے تو ايسا كهنا بطور استعارة كے هى كيونكه يهه بات تو ظاهر هى كه مينهه يوناني حكيموں والے آسمان ميں سے تو برستا نهيں بلكه بادلوں ميں سے برستا هى پس آسمان كے دروازوں كا كهلنا ايسا هى جيسے كوئي شدت كے مينهه برسنے ميں يوں كهے كه آسمان كے پرنالے بهه نكلے اور پكهالوں كے منهه كهل گئے *

چوتهے يهه كه بعضي جگهه قران مجيد ميں آسمانوں كے پيدا كرنے اور بنانے كا ذكر كيا اور چند جگهه أن كا شق هونا اور پهٹ جانا فرمايا هى پهر اگر وه مثل يوناني حكيموں كے آسمان كے مجسم نهوتا تو خدا تعالى يهه باتيں آسمانوں كي نسبت كيونكر منسوب كرتا *

مگر سمجهنا چاهيئے كه خدا تعالى نے بهت سي جگهه قران مجيد ميں غير مجسم چيزوں پر خلق كے لفظ كا اطلاق فرمايا هى بلكه حالات مفروضه اور اشياء معدومه كي نسبت بهي ايسے لفظوں كا اطلاق هوا هى مثلاً فرمايا هى كه ”جعل في السماء بروجا“ يعني بنائے آسمان ميں برج حالانكه كسي كے نزديك وه كوئي جسماني چيز نهيں هى موت اور حيات سب كے نزديك صرف فرضي حالتيں هيں ان كي نسبت بهي خلق كا لفظ قران مجيد ميں آيا هى كما قال الله تبارك و تعالى ”خلق الموت و الحيواة“ عقل كي نسبت بهي پيدا كرنے كا لفظ آيا هى معهذا جب كه يهه بات ثابت هوچكي هى كه اوپر كي تمام چيزوں پر آسمان كا لفظ بولا جاتا هى تو أنميں بهت سي چيزيں ايسي هيں كه وجود اصلي بهي ركهتي هيں پس يهه بات كهني كه اوپر كي چيزوں كو خدا نے بنايا هى — خدانے پيدا كيا هى اوپر كي چيزيں پهٹ جاوينگي شق هوجاوينگي كچهه بهي حقيقت كے برخلاف نهيں هى اور نه كسي قسم كي تاويل كي حاجت هى غلطي تو جب هي پڑتي هى جبكه قران كو چهوڑكر يوناني حكيموں كي پيروي كوكر سماء كے لفظ سے يوناني حكيموں كا بنايا هوا اسمان مراد ليا جاے *

اب سبع سموات كي بحث باقي رهي يعني اگر طبقات آسمان كے وه معني ليئے جاويں جو سبع سموات طباقا ميں بيان هوئے تو وه سات نهيں قرار پاسكتے بلكه سات سے زيادة هيں اور روز بروز نكلتے چلے آتے هيں چند روز هوئے كه ايك هرشل سيارة كا طبقه نكلا تها اور ابهي نبچوں سيارة كا ايك طبقه نكلا هى اور معلوم نهيں كه اور كتنے نكلتے آوينگے پهر أنكو سات ميں منحصر كرنا كيونكر صحيح هوگا *

مگر يهه سمجهه كه خدانے أن طبقوں كو سات ميں منحصر كرديا هى غلط هى كوئي تعداد بيان كرنے سے عدد زائد كي نفي لازم نهيں آتي امام رازي صاحب فرماتے هيں فان قال قائل هل يدل التنصيص على سبع سموات على نفي العددالزايد قلنا الحق ان تخصيص العدد بالذكر لايدل على نفي الزايد — يعني اگر كوئي كهنے والا يهه كهے كه كيا سات آسمانوں كي صريح تعداد بيان كرني اسبات پر دلالت كرتي هى كه أس سے زيادة آسمان نهيں هيں تو هم كهينگے كه حق يهه هى كه كسي عدد كو بيان كرنے ميں خاص كرلينا أس سے زيادة نهونے پر دلالت نهيں كرتا — پس صاف ظاهر هوگيا كه اگلے عالموں كے نزديك بهي سات هي ميں آسمانوں كا انحصار نهيں پايا جاتا تها *

غرضكه بيان مذكورة سے ثابت هى كه الفاظ اور آيات قران مجيد سے وه آسمان جسكو يوناني حكيموں نے بنايا تها اور جسكي حقيقة ى هيئت قديمه ميں بيان كي گئي هى ثابت نهيں هوتي اور أسكا منكر منكر نص قراني نهيں سمجها جاسكتا اور مسئله هيئت جديد جو اس امر كي نسبت هى وه مخالف قرآن مجيد نهيں پايا جاتا — فتدبر *

راقـــــم
مهدي علي ڈپٹي كلكٹر ضلع مرزاپور

نمبر ٥٦

طعام اهل كتاب

جب سے هم لوگوں ميں طعام اهل كتاب كي اباحت اور حرمت كي نسبت گفتگو شروع هوئي هى تب سے اكثر لوگوں كو اس امر كي تحقيق كي خواهش هى كه اصحاب نبوي اور أن لوگوں كا جو قرون ثلثه ميں تهے كيا طريقه تها ايا وه اهل كتاب كے كهانے كو حلال جانتے تهے يا حرام يا مكروه سمجتے تهے اور أنكي دعوت كو قبول كرتے تهے يا نهيں چنانچه جن لوگوں نے اهل كتاب كے كهانے اور أن كے ساتهه كهانے كو مباح اور جائز تصور كيا أنهوں نے اسلاف كرام كے اقوال سے أس كے جواز كو ثابت كيا مگر اب تك كسي نے صحابه كي عام رسم و رواج كو اس معامله كي نسبت همارے پچهلے محققين اور علماء كے كلام سے ثابت نكيا *

ميں مدت سے إس كي تحقيق ميں هوں چنانچه اتنا تو مجهے ثابت هوگيا تها كه حضرت عمر رضي الله تعالى عنه جب كسي اهل كتاب سے مصالحه كرتے اور أن سے عهد ليتے تو عهد نامه ميں منجمله اور شرائط كے ايك يهه بهي شرط كرتے تهے كه جب كسي مسلمان كا أن كے يهاں گذر هووے تو تين دن تك مهماني كريں مگر يهه بات صاف معلوم نهوئي تهي كه أسوقت مهماني كا كيا قاعدة تها آيا اهل كتاب خشك دانے ديديا كرتے تهے يا قيمت كهانے كي نذر كيا كرتے تهے يا اپنے گهركا پكا هوا كهانا كهلاتے تهے يا خود بهي أن مسلمان مهمان كے ساتهه بيٹهه كر كهانا كهاتے تهے چنانچه مدت سے مجهكو اس امر كي تلاش تهي كه آج ميں كتاب تبعيدالشيطان بتقريب اغاثةاللهفان كو جو خلاصه كتاب اغاثةاللهفان في مصائدالشيطان تصنيف علامه ابن قيم كا هى ديكهه رها تها كه أسميں ميںنے ايك مضمون ديكها جس سے صاف ثابت هوگيا كه اصحاب نبوي نه صرف اهل كتاب كے كهانے كو جائز جانتے تهے بلكه أنكي ضيافت كو قبول كرتے أن كے يهاں كے پكے هوئے كهانے كو أن كے گهر اور أن كے عبادت خانوں ميں جاكر كهاتے چنانچه أس كتاب كي اصل عبارت اور ترجمه كو ذيل ميں لكهتا هوں پس جو ديندار مسلمان آج كل كے لوگوں پر اطلاق كفر اور تنفر كا أس بات كے كرنے سے جو صحابه نبوي كيا كرتے تهے كيا كرتے هيں نه كريں اور صرف پابندي رسم و رواج سے درپردة الزام اصحاب رسول پر نه لگاويں *

 احادیث غیر معتمد

عبارت اصل کتاب

ومن ذالک انہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کان یجیب من دعاہ فیاکل من طعمہ و اضافہ یہودي بخبز شعیر و اہالۃ سنخۃ و احل اللہ اطعمۃ اہل الکتاب و کان المسلمون یاکلون من اطعمتہم و شرط علیہم عمر ضیافۃ من یمر بہم من المسلمین و قال اطعموھم مما تاکلون ولما قدم عمر الشام صنع لہ اہل الکتاب طعاماً فدعوہ فقال این ھو قالوا في الکنیسۃ فکرہ دخولہا وقال لعلي اذہب بالناس فذہب بالمسلمین و اکلوہ و جعل علی ینظر الی الصور بالکنیسۃ و یقول ما علی امیر المومنین لو دخل و اکل *

ترجمہ

اور اس میں سے ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کي جو شخص دعوت کرتا آپ قبول فرماتے اور اُس کا کھانا کھاتے اور ایک یہودي نے آپ کي ضیافت جو کي روٹي اور بگڑے سالن سے کي تھي اور خدا تعالی نے اہل کتاب کا کھانا حلال فرمایا ہی اور مسلمان اُن کا کھانا کھایا کرتے تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُن سے شرط کرائي تھي کہ جو مسلمان تمھارے پاس آوے اُس کي ضیافت کرو اور جو تم کھاتے ہو اُس کو کھلاؤ اور جب آپ شام میں تشریف لائے تو آپ کے لیئے اہل کتاب نے کھانا طیار کیا اور بولایا آپ نے پوچھا کہ وہ کہاں ہی اُنھوں نے کہا کہ گرجا میں ہی آپ نے اُس کے اندر جانا مکروہ سمجھا اور حضرت علي رضی اللہ سے فرمایا کہ تم لوگوں کو لیجاؤ چنانچہ وہ لیگئے اور کھانا کھایا حضرت علي رضی اللہ گرجا کي تصویروں کو دیکھتے تھے اور فرماتے تھے کہ اگر امیرالمومنین عمر رضی اللہ عنہ بھي آتے اور کھاتے تو کچھہ اُن کا ہرج نہ تھا *

واضح ہو کہ شام کے لوگ اُس زمانہ میں عیسائي رومن کیتھلک تھے *

راقـــــــم

مہدي علي ڈپٹي کلکٹر راہت گنج
ضلع مرزاپور

نمبر ۵۷

احادیث غیر معتمد

اسلام کا ادب اور اُسکي دوستي اور کمال ایمانداري اسبات میں ہی کہ حدیثوں کي تنقیح کي جاوے اور جس میں ذرا بھي شک ہو اُسے دود کي مکھي کي طرح نکال کر پھینک دے — حدیث کي تنقیح نکرنا اور ہر حدیث کو سمجھنا کہ پیغمبر خدا صلعم کا قول ہی نہایت بےادبي اور اسلام کي دشمني ہی پس سچي دوستي اور حقیقي ادب بھي ہی کہ غیر کے کلام کو اپنے نبي پاک کے کلام سے علاحدہ کردے *

حضرت علامہ مجدالدین فیروز آبادي نے جو اکابر علماء حدیث سے ہیں سفرالسعادۃ کے خاتمہ میں بہت سي باتیں لکھي ہیں اور بیان کیا ہی کہ ان باتوں کي نسبت بہت سي حدیثیں بیان ہوئي ہیں اُن میں سے کچھہ بھي صحیح اور علماء حدیث کے نزدیک ثابت نہیں چنانچہ اُسي مضمون کو ہم بھي لکھتے ہیں تاکہ لوگوں کو معلوم ہو کہ کیسي کیسي مشہور حدیثوں کو علماء معتبر قابل اعتماد نہیں سمجھتے تھے پس جو حدیثیں کہ معتبر نہیں ہیں اُنکو نہ ماننا عین دینداري ہی چنانچہ مفصلہ ذیل باتیں اُس کتاب میں مندرج ہیں *

۱ ایمان کے بیان میں جو حدیثیں ہیں کہ ایمان قول اور عمل کا نام ہی اور گھٹتا اور بڑھتا ہی یا نہ گھٹتا ہی نہ بڑھتا ہی اُن میں سے کوئي حدیث بھي پیغمبر خدا صلعم کي نہیں ہی بلکہ صحابہ اور تابعین کے اقوال ہیں *

۲ — مرجیہ اور قدریہ اور جہمیہ اور اشعریہ کي نسبت جسقدر حدیثیں ہیں کوئي بھي اُن میں سے صحیح نہیں ہی *

۳ — اسباب میں کہ کلام اللہ قدیم غیر مخلوق ہی بہت حدیثیں ہیں مگر پیغمبر خدا صلعم کي کوئي حدیث نہیں ہی صحابہ و تابعین کے اقوال ہیں *

۴ — ملائکہ کي پیدایش میں اور حضرت جبرئیل کے پروں کے قطروں سے فرشتوں کے پیدا ہونے میں کوئي حدیث صحیح نہیں ہی *

۵ — محمد اور احمد نام رکھنے کي خوبي اور بزرگي میں یا اُس کي ممانعت میں کوئي حدیث صحیح نہیں ہی *

۶ — عقل کي اصلیت اور اُسکي فضیلت کے بیان میں کوئي حدیث صحیح نہیں ہی *

۷ — خضر و الیاس کي عمر اور اُس کي درازي کے باب میں کوئي حدیث صحیح نہیں ہی *

۸ — علم کے باب میں اور اسمیں کہ علم کا طلب کرنا فرض ہی کوئي حدیث صحیح نہیں ہی *

۹ — علم کے چھپانے کي برائي میں بھي کوئي صحیح حدیث نہیں ہی *

۱۰ — قران اور سورتوں کي خاص خاص فضیلتوں میں جسقدر حدیثیں ہیں سوائے چند کے اُن میں سے بھي کوئي حدیث صحیح نہیں ہی *

۱۱ — حضرت ابوبکر کي فضیلت کي مشہور حدیثیں موضوع اور مفتریات سے ہیں *

۱۲ — حضرت علي کے فضایل میں بجز ایک حدیث کے اور کوئي ثابت نہیں *

۱۳ — معاویہ کے فضایل میں کوئي صحیح حدیث نہیں ہی *

۱۴ — امام ابو حنیفہ اور شافعي کي بزرگي یا برائي میں جسقدر حدیثیں ہیں سب موضوع اور مفتري ہیں *

۱۵ — بیت المقدس اور صخرہ اور عسقلان اور قزوین اور اندلس اور دمشق کي فضیلت میں کوئي صحیح حدیث نہیں ہی *

۱۶ — قلتین پاني جب ہو تو ناپاک نہیں ہوتا بعضے اِس حدیث کو صحیح کہتے ہیں بعضے غیر صحیح مگر اکابر اہل حدیث نے اپني تصنیفات میں اس حدیث کو بیان کیا ہی (میرے نزدیک پاني کے باب میں صحیح حدیث صرف ایک ہی الماء طاہر و طہور الخ) *

احادیث غیر معتمد

احادیث غیر معتمد

۱۷ — دھوپ سے گرم ھوئے پانی کے مکروہ ھونے کی نسبت بھی کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۱۸ — وضو کے بعد ھات پاؤں کا پانی پونچھہ لینے کے باب میں بھی کوئی حدیث صحیح نہیں ھی *

۱۹ — دھاڑھی کے خلال اور کانوں اور گردن پر مسح کرنے میں بھی کوئی حدیث صحیح ھی *

۲۰ — نبیذ سے وضو کرنے کی بھی کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۲۱ — عورت کو چھونے سے وضو کرنے میں کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۲۲ — مردہ کو غسل دینے کے بعد خود غسل کرنے کی بھی کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۲۳ — حمام میں جانے سے منع ھونے میں کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۲۴ — اس باب میں کہ بسم اللہ ھر سورۃ کی آیت ھی اور نماز میں اُس کو پکار کر پڑھنا چاھیئے کوئی حدیث صحیح نہیں ھی *

۲۵ — اس باب میں کہ امام ضامن ھی اور موذن موتمن ھی اور مسجد کے ھمسایہ میں رھنے والے کی نماز بغیر مسجد کے نہیں ھوتی اور ھر نیک و بد کے پیچھے نماز جایز ھی کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۲۶ — جس شخص پر قضا نمازیں ھوں اُس کی نماز نہ ھونے میں کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۲۷ — سفر میں پوری نماز پڑھنے اور روزہ رکھنے کے گناہ ھونے میں کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۲۸ — فجر کی نماز اور وتر میں قنوت پڑھنے میں کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۲۹ — مسجد میں جنازہ کی نماز نہ پڑھنے میں اور تکبیرات جنازہ میں رفع یدین کرنے میں کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۳۰ — اس باب میں کہ نماز کوئی چیز قطع نہیں کرتی کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۳۱ — اور اس باب میں کہ طلب کرو تم خیر کو رحم دلوں اور خندہ رو لوگوں سے کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۳۲ — اور اس باب میں کہ مالداروں کا غربا کی حاجت براری سے پہلو تہی کرنا موجب زوال نعمت ھی اور احسان کرنے میں ثواب ھی کوئی حدیث صحیح نہیں ھی *

۳۳ — صلواۃ التسبیح اور صلواۃ رغایب اور صلوۃ نصف شعبان و نصف رجب و صلواۃ ایمان اور صلواۃ لیلۃ المعراج و لیلۃ القدر اور صلوۃ ھر شب رجب و شعبان و رمضان کے باب میں کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۳۴ — گھئے کی اور شہد کی اور ترکاری کی زکوۃ کے باب میں کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۳۵ — روز عاشورہ کے فضایل اور اعمال کے باب میں سوا ے روزہ کے مستحب ھونے کے اور رجب کے روزہ کی فضیلت میں کوئی حدیث صحیح نہیں ھی اور اسی طرح جو حدیثیں صدقات اور خضاب اور سر میں تیل ڈالنے اور سرمہ لگانے کی اور دانہ اوبالنے کی فضیلت میں آئی ھیں سب موضوع ھیں *

۳۶ — پچھنے لگانے سے روزہ جاتے رھنے میں کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۳۷ — اس باب میں کہ جو مقدور رکھہ کر حج نہ کرے وہ یہودی ھو کر مریگا یا عیسائی کوئی حدیث صحیح نہیں ھی *

۳۸ — جس قرض میں نفع ھو وہ سود ھی اس باب میں بھی کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۳۹ — چھری سے گوشت کاٹ کر کھانا منع ھونے میں کوئی حدیث صحیح نہیں ھی *

۴۰ — رسول خدا صلعم کے فارسی میں کلام کرنے میں یا فارسی زبان بولنے کے مکروہ ھونے میں کوئی حدیث صحیح نہیں ھی *

۴۱ — دعا مانگ کر دونوں ھاتوں کو منہہ پر ملنے میں کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۴۲ — سفید مرغ اور مہندی کی فضیلت میں کوئی حدیث صحیح نہیں ھی *

۴۳ — اس باب میں کہ ولدالزنا جنت میں نہ جاویگا کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۴۴ — اس باب میں کہ اجماع حجۃ ھی کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

۴۵ — اس باب میں کہ قیاس حجۃ ھی کوئی حدیث صحیح نہیں ھی *

۴۶ — اس باب میں کہ قیامت کی نشانیاں فلاں فلاں مہینوں میں ظاھر ھونگی اور دوسو برس بعد سے قیامت کی نشانیاں ظاھر ھونگی کوئی صحیح حدیث نہیں ھی *

یہہ چند باتیں بطور مثال کے ھم نے لکھی ھیں مگر سفرالسعادۃ میں اور بہت سی باتیں اسی قسم کی ھیں جن کی نسبت صحیح حدیثیں نہیں ھیں اس تمثیل سے ھماری غرض یہہ ھی کہ جب تک حدیث کی صحت بخوبی پرتال نہ لیجاوے اُس وقت تک اُس صحت تسلیم کرنی نہ چاھیئے کیونکہ ایسا کرنے سے اسلام میں اتا ھی اور صرف اس بات پر کہ یہہ حدیث فلاں کتاب میں مذ ھی بھروسا کرنا محض بیجا ھی گو کہ وہ کتاب صحیح بخاری کیوں نہو *

راقـــــم
سید احمد

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور باھتمام
حافظ محمد عبدالرزاق کے شایع ھوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد دوم] ١٥ ذیقعدہ سنہ ١٢٨٨ ہجري [نمبر ١٩

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و تصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ اے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ھی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ھی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ھی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپے ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ھی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام اُس ترقي کے مانع ہیں وہ مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۵۸

تطبیق منقول بامعقول

کوئي خیال اس سے زیادہ غلط نہیں هی کہ دین کے اصول جو خدا نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کي معرفت بتلائے وہ مطابق اُن اصول کے نہیں هیں جو عقل سے ثابت هوتے هوں اور کوئي امر اس سے زیادہ تر مذهب پر الزام نہیں دیتا جیسا کہ یہہ مسئلہ کہ نقل میں عقل کو دخل دینا شرعاً ناجائز هی اس غلط خیال کے پیدا هونے کا کوئي سبب کیوں نہو اور اس مسئلہ کے جاري کرنے والوں نے کیسا هي کچھہ فائدہ کیوں نہ سوچا هو مگر حقیقت میں دین کے غلط اور بنائے هوئے پر اس سے زیادہ اور کسي دلیل و برهان کي حاجت نہیں هی کہ یہہ کہا جاوے کہ اُسکے اصول کو عقل سے جانچنا ناجائز هی یا وہ عقل کے خلاف هیں کیونکہ جو مذهب فی ذاتہ سچا اور صحیح هی اور خاص خدا کا دیا هوا هی نہ انسان کا بنایا هوا تو اُسمیں کوئي ایک بات بھي ایسي نہوگي جو عقل کے خلاف هو اس لیئے کہ جو شی عقلا محال هو اُسکا واقع هونا بھي غیر ممکن هی پس اگر کسي دین و مذهب میں کوئي بات ایسي هو جو مخالف عقل کے هو تو حقیقت میں وہ دین و مذهب هي سچا اور صحیح اور خدا کا دیا هوا نہوگا بلکہ انسان کا بنایا هوا هوگا پس جتنے دین دنیا میں جاري هیں اُن کي صحت اور غلطي کے جانچنے کے لیئے اگر خدا نے همکو کوئي آلہ دیا هی تو وہ صرف عقل هی پس اگر اُسي کے استعمال کو کسي دین کے باني نے ناجائز اور ممنوع اور حرام کردیا هو تو گویا اُس نے پہلے هي سے اهل عقل پر ظاهر کردیا کہ یہہ دین خدا کا دیا هوا نہیں هی جس سے غلطي کا هونا غیر ممکن هی بلکہ ایک ایسے انسان کا بنایا هوا هی جسکي غلطیاں بہ نسبت صحت کے زیادہ هوتي هیں اور اُسي غلطي کے چھپانے کے لیئے اُسکے باني نے عقل سے جانچ اور امتحان کرنے کو منع کردیا پس جو دین و مذهب ایسا هو کہ جس کے باني نے عقل کو بیکار کردیا هو اور اُس سے کام لینے سے ممانعت کردي هو تو اُس دین کو کوئي قبول نکریگا مگر احمق اور جاهل کیونکہ بنا اُسکي جہالت پر هی *

لیکن هم اپنے دین اسلام کي نسبت کبھي یہہ خیال نہیں کرتے کہ وہ خدا کا دیا هوا نہیں هی اور اُسکے اصول عقل کے مطابق نہیں هیں بلکہ هم یقین کرتے هیں کہ همارا دین سچا دین هی کیونکہ جو کچھہ خدا نے همکو بتلایا هی وہ نفس الامر کے مطابق اور اصول عقلي کے موافق هی اور همارے اس یقین کي تکمیل خدا کے کلام اور همارے رسول کے اقوال سے هوتي هی اس لیئے کہ همارے خدا اور همارے رسول نے کبھي نہیں کہا کہ تم عقل سے کام نہ لو اور جاهلوں کي طرح کسي بات کو مانو بلکہ دین کا مدار بالکل عقل پر رکھا اور سب کو عقل سے کام لینے کي نہ صرف اجازت دي بلکہ اُسکي تاکید فرمائي همارے خدا کا پاک کلام اسي دعوی سے بھرا هوا هی کہ جس کسیکو اس دین کي حقیقت میں شک هو وہ سوچے اور عقل سے جانچ کرے تاکہ هر بات کو مطابق نفس الامر کے اور موافق عقل کے پاکر اُسکي حقیقت پر یقین کرے کماقال اللہ تعالی " ماتری فی خلق الرحمن من تفاوت فارجع البصر هل تری من فطور ثم ارجع البصر کرتین ینقلب الیک البصر خاسئا و هو حسیر " *

جو لوگ یہہ خیال کرتے هیں کہ منقول اور معقول میں مخالفت هی وہ حقیقت میں عقل اور دین کي حقیقت سے بے خبر هیں اس لیئے هم دونوں کي ماهیت بیان کرتے هیں جس کے جاننے کے بعد کوئي نہیں کہہ سکتا کہ منقول اور معقول میں مخالفت هی *

جتني چیزیں خدا نے اس دنیا میں پیدا کي هیں اُنکي فی ذاتہ ایک حقیقت هی اور انسان کو خدا نے اُن چیزوں کي حقیقتوں کے دریافت کرنے کي ایک قوت اور استعداد دي هی اُسي قوت کا نام عقل اور اُس حقیقت کے دل میں یا دماغ میں آجانے کو علم کہتے هیں پس علوم عقلي وہ هیں جو بذریعہ عقل کے دریافت کیئے جاویں خواہ وہ ضروري اور بدیہي هوں کہ بغیر دلیل و برهان کے سمجھہ میں آسکیں خواہ وہ نظري اور کسبي هوں جو فکر و استدلال سے حاصل هوسکتے هوں اور علوم دیني وہ هیں جو کہ خدا نے معرفت کسي سچے پیغمبر کے ظاهر کیئے هوں خواہ وہ متعلق عقاید کے هوں جو اصلي اصول دین کے هیں یا متعلق اعمال کے هوں جو عقاید کي تائید اور ظاهري تکمیل کے لیئے بتلائے گئے هوں جو فروع اُن اصول کي هیں پس جن چیزوں کو خدا نے پیدا کیا وہ حقیقت میں اُسکا فعل هی اور جب اُسکي حقیقت کو معرفت کسي پیغمبر کے بتلادیا وہ اُسکا قول هی پس کون احمق اور جاهل هی جو یہہ کہہ سکے کہ خدا کا قول مخالف اُسکے فعل کے هوسکتا هی یا قانون قدرت اُسکا تبدل شرایع اور اختلاف ادیان سے تبدیل اور مختلف هوسکتا هی یا حقیقت کسي چیز کي کسي دین کے بدلنے سے بدل سکتي هی جو کوئي ایسا خ کرے وہ دین سے بے بہرہ هی اور عقل سے بھي بے نصیب اور یہہ امر ثابت هوگیا کہ حقیقت اشیا کي کبھي بدل نہیں سکتي قانون قدرت میں کچھہ ترمیم هو نہیں سکتي پس جو علوم هیں کہ جن سے اشیا کي حقیقت معلوم هو اُنہیں کو هم علوم اور علوم حکمي کہتے هیں جیسا کہ همارے یہاں کے ایک محقق لکھا هی کہ " ان العلم ینقسم الی حکمي و غیر حکمي و وجہ الضبط

دائم اما ان لایتغیر بتغیرالامکنۃ والازمان ولایتبدل بتبدیل الدول والادیان فالاول العلوم الحکمیۃ و یقال لہاالعلوم الحقیقیۃ ایضاً ای الثابتۃ علی مرالدھور والاعوام " اور جو علوم ایسے ھیں کہ جنکو خاص خدا نے معرفت کسی رسول کے بتلایا ھو اُنکو ھم علوم دیني کہتے ھیں جیسا کہ امام غزالي فرماتے ھیں " اماالعلوم الدینیۃ فہي ماخوذۃ بطریق التقلید من الانبیاء صلوات اللہ علیہم وسلامہ و ذلک یحصل بالتعلیم بکتاب اللہ تعالی و سنۃ رسولہ صلی اللہ علیہ وسلم و فہم معانیہما بعد السماع " *

اب ھمکو یہہ سوچنا چاھیئے کہ آیا ھم علوم دیني کي حقیقت بغیر استعانت عقل کے دریافت کرسکتے ھیں یا نہیں چنانچہ اسکي نسبت ھمارے محققین کا اقرار ھی "لایمکن فہمہ بعد سماعہ الا بالعقل فلاغنا بالعقل عن السماع و لاغنا بالسماع عن العقل فالداعي الي محض التقلید مع عزل العقل بالکلیۃ جاھل و المکتفي بمجردالعقل عن انوار القران و السنۃ مغرور فایاک ان تکون من احدالفریقین و کن جامعا بین الاصلین (احیاء جلد ٣ صفحہ ١١) " اور جب بغیر استعانت عقل کے علوم دیني کي حقیقت کا سمجھنا ھي مشکل ھی تو کیونکر وہ علوم عقلي مخالف دیني علوم کے ھونگے مگر جو لوگ ظاھر میں دونوں کو مخالف بتاتے ھیں اُسکے دو سبب ھیں ایک یہہ کہ جو علوم حقیقت میں عقلي نہیں ھیں بلکہ وھمي اور خیالي ھیں اُنکو غلطي سے عقلي علوم سمجھنا دوسرے جو علوم حقیقت میں دیني نہیں ھیں یعني جنکو خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں بتلایا اُنکو دیني علوم تصور کرنا مثلاً یہہ مسئلہ حکماء یونان کا کہ خدا عالم بالجزئیات نہیں ھی بے شک مخالف ھمارے اس دیني عقیدہ کے ھی کہ خدا سب چیز کو جانتا ھی یا یہہ قول جاھل مسلمانوں کا کہ زمین گاے کے سینگ پر ھی بلاشبہہ مخالف علوم عقلي کے ھی پس مخالفت اس قول کي کہ خدا عالم بالجزئیات نہیں ھی ھمارے دیني عقیدہ سے اس وجہہ سے نہیں ھی کہ وہ قول عقل سے ثابت ھی بلکہ اسوجہہ سے ھی کہ حقیقت میں اُسکا ثبوت دلایل عقلي سے نہیں ھی بلکہ صرف وھمي اور خیالي دلیل سے اور یہہ قول جہلا کا کہ زمین گاے کے سینگ پر ھی مخالف علوم عقلي کے نہ اس وجہہ سے ھی کہ یہہ قول بتلایا ھوا خدا و رسول کا ھی بلکہ اس سبب سے ھی کہ اُسکي کچھہ اصلیت دین میں نہیں ھی مگر جب دونوں باتیں اپنے اصول کے مطابق ھونگي یعني علوم عقلي حقیقت میں علوم عقلي ھوں اور بلا آمیزش وھم اور خیال کے عقل سے ثابت ھوں وہ مخالف اُن علوم دیني کے ھو ھي نہیں سکتے جو کہ خاص خدا و رسول کے بتلائے ھوئے ھوں اور جسمیں کسي نے بیچ میں کچھہ ملا نہ دیا ھو اور کسي نے اپني غلطي سے اُنمیں تحریف معنوي نہ کي ھو اس لیئے جو شخص علوم عقلي اور علوم دیني کي مخالفت کا قایل ھی اُسکو بھي یہي دھوکہ اور یہي مغالطہ ھوا ھی ورنہ کوئي انسان ایسا نہیں ھی جو یہہ خیال بھي کرے کہ خدا کا قول اُسکے فعل کے مخالف ھوگا کیا کوئي کہہ سکتا ھی کہ خدا نے زمین کو گول بنایا ھو اور معرفت پیغمبر کے اُس کا مسطح ھونا بتلایا ھو نہیں ایسا کبھي نہیں ھوسکتا جو قول خدا کا ھی وہ ھرگز اُس شی کي اصلي حقیقت کے مخالف نہوگا اس لیئے جو شخص اپنے دین کي سچائي پر خود کامل یقین رکھنا اور اُس کي سچائي اوروں پر ثابت کرنا چاھے اُسے ضرور ھی کہ وہ اپنے دین کے اصول کي عقلي اصول سے مطابقت دکھلا دے نہ کہ بجاے اِس کے اپنے دین کي حفاظت کے لیئے یہہ حکم جاري کردے کہ اصول دین کو عقل سے جانچنا اور منقول کو معقول سے ملانا ناجایز ھی اور دونوں میں في ذاتہ تناقض ھی ھمارے مذھب کا ایک محقق لکھتا ھی † کہ جو شخص یہہ خیال کرتا ھی کہ علوم عقلي علوم شرعي کے مخالف ھیں اور دونوں میں موافقت غیر ممکن ھی یہہ خیال چشم بصیرۃ کے اندھے پن سے پیدا ھوتا ھی خدا ایسے خیال سے بچاوے ایسا خیال کرنے والا جبکہ بعض علوم شرعي کو بعض علوم عقلي سے مخالف پاتا ھی اور دونوں میں توافق نہیں کرسکتا تو وہ یہہ سمجھتا ھی کہ یہہ اختلاف اصل دین میں ھی پس وہ دین سے ایسا نکل جاتا ھی جیساکہ بال آٹے سے اور اسکا سبب یہي ھی کہ اُس کے عجز و قصور نے اُس کے دل میں یہہ خیال پیدا کردیا کہ درحقیقت دین ھي میں اختلاف ھی افسوس ایسے آدمي کے حال پر *

تطبیق معقول و منقول میں اکثر چند شبہات لوگوں کے دلوں میں گذرتے ھیں اور علوم و فنون کي تحصیل واسطے تطبیق منقول کے اُن کے نزدیک بےسود و ناجایز یا ممنوع سمجھي جاتي ھی *

پہلا شبہہ تطبیق معقول و منقول میں یہہ ھی

کہ انسان کي عقل کامل نہیں ھوتي اور وھم اور شک کي آمیزش سے کوئي عقلي مسئلہ پاک نہیں ھوتا خلاف منقول کے کہ جو کچھہ خدا

---

† وظن من یظن ان العلوم العقلیۃ مناقضۃ للعلوم الشرعیۃ وان الجمع بینہما غیر ممکن ھو ظن صادر عن عمی في عین البصیرۃ نعوذباللہ منہ بل ھذا القائل ربما تناقض عندہ بعض العلوم الشرعیۃ لبعض فیعجز عن الجمع بینہما فیظن انہ تناقض في الدین فیتحیربہ فینسل من الدین انسلال الشعرۃ من العجین وانما ذلک لان عجزہ في نفسہ خیل الیہ نقضا في الدین و ھیہات و انما مثالہ مثال الاعمی الذي دخل دارقوم فتعثرفیہا باواني الدار فقال لہم مابال ھذہ الاواني ترکت علی الطریق لم ترد الی مواضعہا فقالوالہ تلک الاواني في مواضعہا وانما انت لست تہتدي للطریق لعماک فالعجب منک انک لاتحیل عثرتک علی عماک وانما تحیلہا علی تقصیر غیرک فہذہ نسبۃ العلوم الدینیۃ الی العلوم العقلیۃ (احیاء)

تطبیق منقول بامعقول

انہ اما ان لایتغیر بتغیرالامکنۃ والازمان ولایتبدل بتبدیل الدول والادیان ۃالاول العلوم الحکمیۃ و یقال لہ العلوم الحقیقیۃ ایضاً ای الثابتۃ علی مرالدہور والاعوام " اور جو علوم ایسے ہیں کہ جنکو خاص خدا نے معرفت کسي رسول کے بتلایا ہو اُنکو ہم علوم دیني کہتے ہیں جیسا کہ امام غزالي فرماتے ہیں " اماالعلوم الدینیۃ فہي ماخوذۃ بطریق التقلید من الانبیاء صلوات اللہ علیہم وسلامہ و ذلک یحصل بالتعلیم بکتاب اللہ تعالی و سنۃ رسولہ صلی اللہ علیہ وسلم و فہم معانیہما بعد السماع " *

اب ہمکو یہہ سوچنا چاہیئے کہ آیا ہم علوم دیني کي حقیقت بغیر استعانت عقل کے دریافت کرسکتے ہیں یا نہیں چنانچہ اسکي نسبت ہمارے محققین کا اقرار ہی "لایمکن فہمہ بعد سماعہ الا با لعقل فلاغنا بالعقل عن السماع و لاغنا بالسماع عن العقل فالداعي الي محض التقلید مع عزل العقل بالکلیۃ جاہل و المکتفي بمجردالعقل عن انوار القران و السنۃ مغرور فایاک ان تکون من احدالفریقین و کن جامعا بین الاصلین (احیاء جلد ۳ صفحہ ۱۱) " اور جب بغیر استعانت عقل کے علوم دیني کي حقیقت کا سمجھنا ہي مشکل ہی تو کیونکر وہ علوم عقلي مخالف دیني علوم کے ہونگے مگر جو لوگ ظاہر میں دونوں کو مخالف بتاتے ہیں اُسکے دو سبب ہیں ایک یہہ کہ جو علوم حقیقت میں عقلي نہیں ہیں بلکہ وہمي اور خیالي ہیں اُنکو غلطي سے عقلي علوم سمجھنا دوسرے جو علوم حقیقت میں دیني نہیں ہیں یعني جنکو خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں بتلایا دیني علوم تصور کرنا مثلاً یہہ مسئلہ حکماء یونان کا کہ خدا عالم عزئیات نہیں ہی بے شک مخالف ہمارے اس دیني عقیدہ کے ہی خدا سب چیز کو جانتا ہی یا یہہ قول جاہل مسلمانوں کا کہ گاے کے سینگ پر ہی بلاشبہہ مخالف علوم عقلي کے ہی پس نت اس قول کي کہ خدا عالم بالجزئیات نہیں ہی ہمارے دیني ہ سے اس وجہہ سے نہیں ہی کہ وہ قول عقل سے ثابت ہی بلکہ جہہ سے ہی کہ حقیقت میں اُسکا ثبوت دلایل عقلي سے نہیں ہی ہ صرف وہمي اور خیالي دلیل سے اور یہہ قول جہلا کا کہ بن گاے کے سینگ پر ہی مخالف علوم عقلي کے نہ اس وجہہ ہی کہ یہہ قول بتلایا ہوا خدا و رسول کا ہی بلکہ اس سبب ہی۔کہ اُسکي کچھہ اصلیت دین میں نہیں ہی مگر جب نوں باتیں اپنے اصول کے مطابق ہونگي یعني علوم عقلي یقت میں علوم عقلي ہوں اور بلا آمیزش وہم اور خیال کے ، سے ثابت ہوں وہ مخالف اُن علوم دیني کے ہو ہي نہیں تے جو کہ خاص خدا و رسول کے بتلائے ہوئےہوں اور جسمیں کسي نے میں کچھہ ملا نہ دیا ہو اور کسي نے اپني غلطي سے اُنمیں یف معنوي نہ کي ہو اس لیئے جو شخص علوم عقلي اور علوم

تطبیق منقول ب

دیني کي مخالفت کا قایل ہی اُسکو بھي یہي دھوکہ اور یہي مغالطہ ہوا ہی ورنہ کوئي انسان ایسا نہیں ہی جو یہہ خیال بھي کرے کہ خدا کا قول اُسکے فعل کے مخالف ہوگا کیا کوئي کہہ سکتا ہی کہ خدا نے زمین کو گول بنایا ہو اور معرفت پیغمبر کے اُس کا مسطح ہونا بتلایا ہو نہیں ایسا کبھي نہیں ہوسکتا جو قول خدا کا ہی وہ ہرگز اُس شی کي اصلي حقیقت کے مخالف نہوگا اس لیئے جو شخص اپنے دین کي سچائي پر خود کامل یقین رکھتا اور اُس کي سچائي اوروں پر ثابت کرنا چاہے اُسے ضرور ہی کہ وہ اپنے دین کے اصول کي عقلي اصول سے مطابقت دکھلا دے نہ کہ بجاے اِس کے اپنے دین کي حفاظت کے لیئے یہہ حکم جاري کردے کہ اصول دین کو عقل سے جانچنا اور منقول کو معقول سے ملانا ناجایز ہی اور دونوں میں في ذاتہ تناقض ہی ہمارے مذہب کا ایک محقق لکھتا ہی † کہ جو شخص یہہ خیال کرتا ہی کہ علوم عقلي علوم شرعي کے مخالف ہیں اور دونوں میں موافقت غیر ممکن ہی یہہ خیال چشم بصیرۃ کے اندھے پن سے پیدا ہوتا ہی خدا ایسے خیال سے بچاوے ایسا خیال کرنے والا جبکہ بعض علوم شرعي کو بعض علوم عقلي سے مخالف پاتا ہی اور دونوں میں توافق نہیں کرسکتا تو وہ یہہ سمجھتا ہی کہ یہہ اختلاف اصل دین میں ہی پس وہ دین سے ایسا نکل جاتا ہی جیساکہ بال آٹے سے اور اسکا سبب یہي ہی کہ اُس کے عجز و قصور نے اُس کے دل میں یہہ خیال پیدا کردیا کہ درحقیقت دین ہي میں اختلاف ہی افسوس ایسے آدمي کے حال پر *

تطبیق معقول و منقول میں اکثر چند شبہات لوگوں کے دلوں میں گذرتے ہیں اور علوم و فنون کي تحصیل واسطے تطبیق منقول کے اُن کے نزدیک بےسود و ناجایز یا ممنوع سمجھي جاتي ہی *

پہلا شبہہ تطبیق معقول و منقول میں یہہ ہی

کہ انسان کي عقل کامل نہیں ہوتي اور وہم اور شک کي آمیزش سے کوئي عقلي مسئلہ پاک نہیں ہوتا خلاف منقول کے کہ جو کچھہ خدا

---

† وظن من یظن ان العلوم العقلیۃ مناقضۃ للعلوم الشرعیۃ وان الجمع بینہما غیر ممکن ہو ظن صادر عن عمی في عین البصیرۃ نعوذباللہ منہ بل ہذا القائل ربما تناقض عندہ بعض العلوم الشرعیۃ لبعض فیعجز عن الجمع بینہما فیظن انہ تناقض في الدین فیتحیر بہ فینسل من الدین انسلال الشعرۃ من العجین وانما ذلک لان عجزہ في نفسہ خیل الیہ نقصا في الدین و ہیہات و انما مثالہ مثال الاعمی الذي دخل دارقوم فتعثر فیہا باواني الدار فقال لہم مابال ہذہ الاواني ترکت علی الطریق لم ترد الی مواضعہا فقالوا لہ تلک الاواني في مواضعہا وانما انت لست تہتدي للطریق لعماک فالعجب منک انک لاتحیل عثرتک علی عماک وانما تحیلہا علی تقصیر غیرک فہذہ نسبۃ العلوم الدینیۃ الی العلوم العقلیۃ (احیاء)

ور اس کے رسول نے فرمایا اُس میں کبھي غلطي هو هي نهیں سکتي پس ایسي چیز کو جس میں حق و باطل کي تمیز نهو ایسي چیز سے ملانا جس میں غلطي کا احتمال هي نهو سواے پریشاني طبیعت اور تحریک مادة الحاد اور پیدا کرنے شکوک و شبهات کے عقاید دیني پر کچهه حاصل نهیں ایسے شبهه کرنے والے یهه نهایت عمدة اور مضبوط دلیل بیان کرتے هیں که اب تک اس دنیا میں هزاروں حکیم اور فلسفي اور عاقل گذرے اور صدها برس تک هزاروں محقق چند عقلي مسایل کي صحت پر مقر رهی مگر پهر ایک ایسا زمانه آیا که اُن کے مسلمات عقلیه کي غلطي کهل گئي اور جو کچهه وه سوچے سمجهے تهے اُس کي کچهه اصلیت پائي نه گئي پس اگر انسان کي عقل ادراک حقایق کے لیئے کافي هوتي اور اُس کے دریافت پر بهروسه هوتا تو کیوں ایسي غلطیاں هوتیں اس سے ظاهر هوتا هی که عقل حقیقت اشیاء کے ادراک میں قاصر هی اور جوکچهه عقلا حکما نے سوچا سمجها وه اطمنان کے لایق نهیں هی تو خدا اور رسول کے کلام کو اُس سے ملانا حق کو باطل سے تطبیق دینا هی *

یهه شبهه بےشک غور کرنے کے لایق هی مگر ایسا قوي و مدلل نهیں هی که اُس سے تطبیق منقول و معقول کي ضرورت اور جواز سے انکار کیا جاوے کیونکه یهه بات تو یقیني معلوم هی که هر چیز کي في نفسه ایک حقیقت هی اور خدا نے جو قوت مدرکه همکو دي هی وه اُن اشیاء کي حقیقت دریافت کرنیکے لیئے دي هی † اور اُن اشیا کے حقایق دریافت کرنیکي ترغیب اور تحریص بهي اپنے کلام میں جابجا فرمائي هی اور غور کرنے والوں اور سوچنے والوں کي بزرگي بهي بیان کي هی پس اگر اُس قوت مدرکه سے کام لینے اور عقل سے سوچنے کي همکو اجازت نهوتي تو نه همکو عقل دي جاتي نه غور و فکر کي ترغیب هوتي پس همکو عقل کا دینا اور یتفکرون في خلق السموات و الارض کهکر همکو اُس کے حقایق دریافت کرنے پر برانگیخته کرنا هي اس بات کي عمدة دلیل هی که هم حقایق اشیا کو دریافت کرسکتے هیں اور چونکه هماري عقل وهم اور خیال کي آمیزش سے پاک نهیں هی اِس لیئے جو کچهه هم سوچیں اور سمجهیں اور تحقیق کریں اُس میں غلطي کا احتمال بهي هوسکتا هی لیکن هماري تحقیق دو قسم کي هوسکتي هی یا ایسي تحقیق که سواے دیني دلیل کے کوئي ثبوت بین ایسا نهو جسکو هم مشاهدة اور معاینه اور تجربه سے ایسا صحیح سمجهیں که غلطي کا احتمال هي نهو یا علاوه اس دیني دلیل کے اُس کا ثبوت کامل مشاهدة اور معاینه اور تجربه سے بهي هو پس پهلي قسم کي تحقیق پر بلاشک هم احتمال غلطي کا کرسکتے هیں اور دوسري قسم کي تحقیق پر اُس کا خیال نهیں کرسکتے اسي سے ثابت هوا که جسطرح پر همارے سب معقولات برحق اور صحیح اور مطابق واقع نهیں هوسکتے اسیطرح همارے سب منقول غلط اور پوچ اور باطل نهیں هوسکتے *

اب همکو چاهیئے که هم معقولات کا امتحان کریں اور اُس کي صحت اور غلطي کو جانچیں اگر همکو امتحان کے بعد اُس کي صحت پر یقین هوجاوے تو همکو اگر هم سچے مسلمان اور پکے دیندار هیں اور عقل اور سمجهه بهي رکهتے هیں اور تعصب اور جهالت سے پاک هیں تو لازم هی که اُنهیں باتوں کا اگر اُن کا ذکر کچهه هم دین میں هو اُس معقولات سے متحد اور مطابق هونا سب پر کردیں اور اگر بظاهر کچهه اختلاف هو اُس کي وجوه پر غور کریں ایک سچے با ایمان آدمي کے موافق اُس اختلاف کو حل کریں اگر ایسا کرینگے تو ضرور هم کامیاب هونگے اور دونوں کو ایک دکهاوینگے *

خیال کرو که اگلے حکماء یونان جو کچهه سوچے سمجهے تهے ا جو مسئلے عقلي وه بیان کرتے تهے اُن کي دلیلیں صرف ذهني اور عق هوتي تهیں اور احتمال غلطي کا بلکه ظن غالب خطا کا هوتا ت اِس لیئے هم اُن کو غلط کهه سکتے تهے مگر جو حکمت کي باتیں ا بیان کي جاتي هیں اگر وه هیں جنکا ثبوت مشاهدة اور تجربه ا ایسي تحقیقات پر هی که آنکهه دیکهي چیز سے کم نهیں تو اگر ایسے اصول اور مسلمات کو غلط کهیں اور بلا امتحان اور بغیر جا

† امام غزالي فرماتے هیں که وه صفت جس سے انسان انسان هو اور جس نے اُس کو حیوان سے جدا کردیا هوالذي استعد به لقبول العلوم النظریة و تدبیرالصناعات الخفیة الفکریة وه ایک استعداد قبول کرنے علوم نظریه کي اور پیدا کرنے تدبیر صنعتوں پوشیدة کي هی اور ایسي استعداد کا نام عقل هی اور کوئي انسان نهیں هی جسکو یهه استعداد ندي گئي هو تمام علوم اور جمیع فنون اُسي سے پیدا هوتے هیں گویا وه سب اُس میں پوشیدة هیں اور صرف ایک سبب کي حاجت هی جو اُن علوم کو اُس سے پیدا کرے کوئي علم اور فن نهیں هی که جو اُس سے خارج هو اور اُس میں پوشیدة نهو عقل کے اور علوم کے اُس میں پوشیدة هونے کي مثال بعینه پاني اور مٹي کي هی که کوئي زمین نهیں هی جس میں پاني نهو مگر اُس کا نکلنا محتاج کهودنے اور نکالنے اُوپر کي مٹي کا هی یا اُس کي تمثیل مثل روغن کے هی که وه هودودة میں موجود هی مگر اُس کا پیدا هونا ایک تدبیر خاص پر موقوف هی پس جو شخص اُس استعداد کو کام میں لاوے اور عقل کو بیکار کردے وه درحقیقت اُس استعداد کو ضایع کرتا هی جو خدا نے اُسکو دي هی اور وه انسان هوکر اپنے آپ کو حیوان بناتا هی اُس استعداد کا کمال اور ترقي تجربه اور تحقیقات اور محنت پر موقوف هی قدرت نے بدو فطرت میں وه قوت سب کو دي هی جو اُس کو کام میں لاتے هیں وه اُس کي حقیقت سے واقف هوتے هیں اور اُس کے ثمرات اور نتایج کا لطف اُٹهاتے هیں جو اُس کو کام میں نهیں لاتے وه اُس کي حقیقت هي کے منکر هوجاتے هیں اور اُس کو استعمال میں لانے اور اُس سے فائدة اُٹهانے سے محروم رهتے هیں —

غلط اور باطل کہدیں تو صرف مکابرہ اور اپنی نادانی کا ظاہر هی *

فرض کرو کہ مسلمانوں کے مذهب میں یہہ لکھا ہوا هی کہ زمین کا پانچ سو برس کی راہ هی اور اب تحقیقات سے ثابت هوا کہ اُسکا ۷۹۲۶ میل هی اور زیادہ سے زیادہ دو برس میں یہہ راہ طی هوسکتی ی تو اب مسلمانوں کو کیا کرنا چاهیئے زمین کا قطر پانسو برس کی راہ کا انیں اور اِس تحقیقات کو غلط اور پوچ کہدیں یا اُسکی تحقیقات کریں ر اهل اسلام اُس تحقیقات کو غلط کہدیں تو اُس سے اسلام کو کیا فاید هوگا یہہ هوگا کہ لوگ اِسلام کو مجموعہ جہالت جانینگے اور مسلمانوں و احمق اور جاهل سمجھینگے اور ذی علم اور تربیت یافتہ لوگوں کو سلام کی حقیت سے منکر هونے کا ذریعہ پیدا کرینگے اور اگر اهل اسلام اس تحقیقات کو ٹھنڈے دل سے سنیں اور اُس کی وجوہ اور دلایل کو سوچیں اور اُسپر غور کریں تو اُسے کیا حاصل هوگا دو باتوں میں سے یک فایدہ هوگا یا یہہ کہ وہ اس تحقیقات کے اصول اور دلایل کی غلطی ثابت کردینگے اور اپنے مذهبی قول کی صحت ظاهر کرینگے یا وہ اُس تحقیقات کی صحت کو قبول کرینگے اور ایسے بین اور ظاهری ختلاف کے دور کرنے پر متوجہہ هونگے اور اِس امر کی تحقیق کرینگے ہ یہہ قول جسکو هم مذهبی قول سمجھتے هیں خدا کا فرمایا هوا هی رسول کا بتلایا هوا هی اس کی اصل کیا هی اِس تحقیقات سے اُن و یہہ فایدہ هوگا کہ اُس قول کا کچھہ پتہ نہ چلیگا اور خدا کے کلام اور رسول کی کتاب سے اُس کی اصلیت هی کچھہ ثابت نہوگی بلکہ ایک وضعی اور غلط اور بے بنیاد بات معلوم هوگی اور جو الزام دین اسلام پر عاید هوتا تھا وہ رفع هو جاویگا اور اسلام کی حقیقت پر کسی معترض کا مونھہ نہ کھلیگا پس خیال کرو کہ یہہ محقق دوست شریعت کا اور عاشق اسلام کا هی یا وہ مقلد نعوذ باللہ من کتمان الحق و قد کان الحق بالاتباع احق *

● یہہ بھی خیال کرنے کی بات هی کہ جو علوم آج کل جاری هیں اور جنکی تحقیقات روز بروز هوتی جاتی هی اس کا کچھہ اثر مذهب اسلام پر پہنچیگا یا نہیں اور اگر پہنچیگا تو اُس کا علاج کیا هی یہہ تو کوئی زبان پر لا نہیں سکتا کہ اس کا اثر مذهب اسلام پر نہیں پہنچ سکتا کیونکہ اکثر علوم وہ هیں جو هماری مانی هوئی مذهبی باتوں کے خلاف هیں اور جب اُس کا بد اثر مذهب پر پہنچنا یقینی هی تو اُسکے دفع کرنے کی فکر ضروریات سے هی بلکہ خود از روے اصول مذهب کے فرض کفایہ هی پس اگر هم اُس کی تدبیر صرف یہہ خیال کریں نہ اُن علوم کی تعلیم کو حرام اور منع کہدیں تو وہ تدبیر کافی نہیں هی دو وجہہ سے اول یہہ کہ اب معتضد باللہ خلیفہ عباسی کا عہد خلافت نہیں هی کہ کتب فلسفہ اور معقولات کا پڑھانا اور علوم عقلی کا تعلیم کرنا همارے علما کے فتوی سے بند هوجاوے اور مولویوں کے کہدینے سے ان علوم کا پڑھنا پڑھانا موقوف هو جاوے دوسرے اگر بعض مسلمان یا کل اهل اسلام پر اُن کا فتوی اثر کرے اور مسلمان اُن علوم و فنون سے جاهل بھی رهیں تو معترض کے اعتراضات اور منکرین اسلام کے شبہات کلی دفع کرنے کا کیا علاج هی اور جو قوت اُن کے انکار کو بسبب حاصل نہونے جواب شافی کے هوگی اُس کا عذاب کس کی گردن پر هی *

سچ تو یہہ هی کہ جو حالت اس زمانہ کی هی اُس پر نظر کرکے یہہ کہنا کہ معقولات کی تعلیم حرام هی سراسر نادانی هی اس کی مثال ایسی هی کہ کسی مقام کے رهنے والے کسی بلندی پر روشنی کے شعلے دیکھیں اور آگ لگنے کے خوف سے مضطر هوکر اپنے رئیس سے صلاح پوچھیں اور وہ کہہ دے کہ سب اپنی آنکھیں بند کر لو اور اس آگ کو جو نمونہ جہنم کا هی نہ دیکھو پس نتیجہ اُس کا اُس قوم کے حق میں کیا هوگا اگر وہ روشنی حقیقت میں جلانے والی آگ هی تو وہ آکر اُس قوم کے گھر بار کو جلا دیگی اور نام و نشان اُن کا نہ رکھیگی اور اگر وہ روشنی تاریکی کی دور کرنے والی اور گھروں کی روشن کرنے والی هی تو اُس سے وہ قوم محروم رهیگی پس اُس قوم کے دوست کا یہہ کام نہیں هی کہ وہ آنکھہ بند کرانے اور چپ بیٹھہ رهنے کی صلاح دے بلکہ اُس قوم کے سچے اور عاقل دوست کا کام یہہ هی کہ سب کو برانگیختہ کرے اور اُس کی حقیقت دریافت کرنے کا شوق دلاوے تاکہ چھوٹے بڑے سب اُس کو غور سے دیکھیں اور چھت پر چڑہ چڑہ کر اُس کی تحقیق کریں اگر در حقیقت وہ جلانے والی آگ هو تو قبل اس کے کہ اُن کے گھر تک پہونچے اُسے پانی سے بجھاویں اور اگر وہ گھروں کی روشن کرنے والی قندیل هو تو اُس سے اپنے گھروں کو بھی روشن کریں *

همارے مذهب کے وہ عالم بھی مقتدا تھے جنھوں نے علوم یونانیوں کی ترویج پر کہا تھا کہ " یا معشرالخلان انی انست نارا فی برادی هذالفنون آتیکم منہا بخبر اوقبس لعلکم تصطلون " اور همارے هی دین کے وہ بھی پیشوا تھے جنھوں نے ریاضی کے منکرین کی نسبت فرمایا تھا کہ " قد اتخذہ القوم ظہر یا وظنوہ شیئاً فریا " اور اب هماری هی قوم کے وہ لوگ هیں کہ ان علوم و فنون سے ناواقف هیں اور جاهلوں کی طرح اُس کی حقیقت سے منکر هیں اور اپنی قوم کو اُس کی تحصیل سے مانع هیں اِس سے هماری قوم جہالت کے دریا میں غرق هوتی جاتی هی اور تعصبات کے تاریک جنگل میں بھٹکی پھرتی هی اور اگر کوئی شاذ و نادر اُس سے نکلتا هی تو اُس کا

یہہ شبہہ زیادہ اس سبب سے پیدا ہوا کہ کسي زمانہ میں باطنیہ فرقہ نے تمام آیات کو ماول کردیا اور اُس کے ظاھري معنوں سے انکار کیا مگر ھماري یہہ غرض نہیں کیونکہ اگر ایسا ھو تو بغیر مناسبت اور رعایت الفاظ کے فرضي معني بنائے جاویں اور نعم سے مراد لا اور ایش سے مزاد آرے لیجاوے تو تطبیق سے کیا حاصل ھوگا تطبیق تو اُس حالت میں مفید ھوگي کہ بناوٹ اور تکلف نہ پایا جاوے اور عقل سلیم اُسي تاویل کو تسلیم کرلے لیکن جتني پابندي ظاھري الفاظ کي بعض علما نےکي ھی وہ بھي شارع کے مقصود کے برخلاف ھی کیونکہ جب خدا نے بندوں سے خطاب کیا اور اُنکو ترغیب اور تہدید کي تو اُنکي سمجھہ اور فہم اور علم کے مناسب اُن سے گفتگو کرنا اُس حکیم کي مقتضاے حکمت تھا اور جن باتوں کو وہ خوشي اور رنج کي سمجھتے تھے اُسي پیرایہ میں اُنکا سمجھانا مناسب تھا پس اگر خدا نے اپني قدرت کے اظہار میں فرمایا کہ سب آسمان اور زمین میرے ھي ھاتھہ کے بنائے ھوئے ھیں اور سب آسمانوں سے اوپر عرش پر میرا مقام ھی اور میرے تخت کو بڑے بڑے فرشتے اُوٹھائے ھوئے ھیں اور میں آسمانوں کو کپڑے کي طرح جب چاھونگا تہ کرڈالونگا تو خود عقل شہادت دیتي ھی کہ مراد اس سے اظہار قدرت ھی نہ بیان حقیقت پس اگر کوئي ظاھري لفظوں کي ایسي رعایت کرے کہ خدا کے ھاتھوں سے مراد ھمارے سے ھاتھہ ھیں اور عرش سے مراد تخت طاوسي سا تخت زرنگار ھی اور حاملان عرش سے سلطاني بانات کي وردي پہنے ھوئے کہار مراد ھیں تو یہہ اُسکي ناداني ھی اور اس سے جو کچھہ اعتراض شریعت پر وارد ھووے اُسکا الزام اُس نادان پر ھی نہ شریعت پر *

پس ظاھري الفاظ کي حدسے زیادہ رعایت کرنے سے بڑا نقصان ھوا لوگ حقیقت سے دین و مذھب کي بے خبر ھوگئے دلوں سے اصلي نور ایمان کا جاتا رھا اسلام پر جو کہ روحاني لذتوں کا پہونچانے والا اور انسان کا اعلی درجہ کي تہذیب و شایستگي بخشنے والا ھی ظاھري صفائي اور جسماني لذتوں کي رھنمائي کا غلط الزام لوگوں نے لگایا تناقض اور اختلاف دینیات میں بڑہ گیا تاویلات رکیکہ کرنے کي ضرورت ھوئي جوابات باردہ دینے سے ضعف دین اسلام کا ظاھر ھوا کہ اگر کاملین مذھب اسلام کو قایم نرکھتے تو ان ظاھري عالموں کي بدولت مذھب اسلام میں سوائے نام کے کچھہ نرھتا اور بجز پوست اور چھلکے کے کچھہ باقي نرھتا مگر رحمت ھو خدا کي اُن علماء پر جنھوں نے دین کو قایم رکھا اور اصول اور احکام شریعت کے حقایق کو ظاھر کیا و لنعم ماقال الامام الغزالي رحمة الله علیه ان من یاخذالعلوم من الالفاظ المنصوصة الماٰولة والعمومات المحققة کان الضلال علیه اغلب مالم یهتد بنور الله تعالیٰ الي ادراک العلوم علی ماهي علیه *

ظاھري الفاظ کي پابندي پر ایک اور غلطي یہہ ھوئي کہ علاوہ قران و حدیث کے لوگوں کے اقوال بھي قابل استناد ٹھہرائے گئے اور وہ الفاظ جو کسي نامي آدمي کي زبان سے نکلے اور وہ حرف جو کسي مشہور شخص کے قلم سے نکلے وہ بھي دین میں داخل کیئے گئے اور اُن لفظوں اور حرفوں کي بھي رعایت ضروري سمجھي گئي اُسپر حکایات کاذبہ اور قصص باطلہ اور روایات ضعیفہ نے اسلام کي یہہ کیفیت کردي کہ مذھب اسلام اضحوکہ طفلان ھوگیا اور دین کو لوگ کہانیوں اور قصوں کا مجموعہ سمجھنے لگے *

اگر چشم انصاف سے دیکھا جاوے اور تعصب اور لجاج کو دخل نہ دیا جاوے تو کیا فرق ھی ھندوؤں کے اس قول میں کہ میرو پہاڑ دنیا کا مرکز ھی اور اُسکے پہلو جواھرات کے ھیں اور اُسکي چوٹي پر زمین کي بیکنٹھہ ھی اور سات سمندر دودہ اور شراب اور گنّے کے رس کے اُسکے گرد ھیں اور ھمارے اس قول میں کہ زمین چھٹي ھی اور گاے کے سینگ پر رکھي ھی اور سات آسمان سونے چاندي یاقوت موتي کے ھیں اور کوہ قاف زمرد کا پہاڑ ھی اُسپر ستون آسمان کے کھڑے ھوئے ھیں پس اگر ھم ھندوؤں کي کتابوں پر ھنسیں اور اپنے انس خرافات پرغور نہ کریں تو افسوس ھی ھماري سمجھہ اور شرم پر اذاالقیت جلباب الحیاء فقل ماشئت فان من لاحیاء له لاایمان له *

اگر ایمان اور عقل کو دخل دیا جاوے تو آج اس سے زیادہ کسي چیز کي ضرورت نہیں ھی کہ جو کچھہ اگلے فلاسفہ اسلام نے کیا وہ ھم کریں اور علوم و فنون جدیدہ صرف واسطے تقویت دین کے تحصیل کریں اور اسرار مکتوم کو کھولیں اور حکایات اور اباطیل کو دین کي کتاب سے حک کریں اور جو جھوٹے قصوں اور بے اصل باتوں نے خوبصورت اور روشن چھرہ کو اسلام کے داغدار کردیا ھی اُن داغوں کو مٹاویں اور اُن سیاہ بادلوں کو جو اسلام کے روشن آفتاب کے گرد جمع ھوگئے ھیں ھوا میں اُڑاویں تاکہ سب اُس کے نور سے ھدایت پاویں نہ نہ اُس عارضي سیاھي کے سبب سے ٹھوکریں کھاویں اگر اھل ایمان کے نزدیک یہہ کام اسلام کا نہیں ھی تو معلوم نہیں کہ اسلام کا کام کیا ھی *

اس میں کچھہ شک نہیں ھي کہ جاھلوں بلکہ اکثر عالموں کو یہہ خیال ھوتا ھی کہ جو بات دین سے منسوب ھوگئي ھو گو وہ واقع میں دین کي ھو یا نہو مگر اُس کي حمایت ھي کرني چاھیئے مگر یہہ غلطي ھی خیال کرو کہ اگر چرک اور میل اور کثافت بدن پر جمع ھو جاوے اور امتداد مدت اور بے احتیاطي کے سبب سے وہ ایک تہ جسم کي ھو جاوے تو کیا اُس کا دور کرنا جسم کے اصلي اجزا کا جدا کرنا اور اُس کي ھیئات اور شکل کا بدلنا ھی ھرگز نہیں بلکہ اُس جسم کي طہارت کو ظاھر کرنا اور اُس کو اصلي ھیئات پر لانا اور اُس کي کثافت اور میل کو چھوڑانا ھی پس گو کوئي جاھل غلطي سے ایسي کثافت دور کرنے والے کو دشمن جانے مگر حقیقت میں وہ سچا دوست اور پکا خیرخواہ اُس جسم کا ھی *

راقم مہدي علي ڈپٹي کلکٹر
ضلع مرزاپور

ترقي علوم

نمبر ۵۹

مسلمانوں میں ترقي علوم کي ایک عجیب سلسلہ سے هوئي هی سب سے اول بنیاد ترقي علوم کي جنگ یمامہ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق کي خلافت میں هوئي کہ اُنہوں نے زید ابن ثابت کو متعین کیا کہ قران مجید کو اول سے آخر تک یکجا جمع کرکر بطور ایک کتاب کے لکھدیں چنانچہ اُنہوں نے لکھا جیسا کہ اب موجود هی *

دوسري دفعہ مسلمانوں کے علوم کو اُسوقت ترقي هوئي جبکہ لوگوں نے حدیث کو جمع کرنے کا ارادہ کیا اگرچہ اول اول لوگ اسکو برا جانتے تھے (اور شاید اُنکي راے صحیح هو) مگر دوسري صدي میں سب نے اُسکي ضرورت کو قبول کیا اور حدیثوں کو جمع کرنے اور حدیث کي کتابوں کے لکھنے کي طرف متوجہ هوگئے *

اس بات میں اختلاف هی کہ سب سے اول کس نے اس کام کو شروع کیا بعضے کہتے هیں کہ سب سے اول امام عبد الملک بن عبدالعزیز ابن جریج بصري نے جنھوں نے سنہ ۱۵۵ هجري میں وفات پائي کتاب تصنیف کي اور بعضے کہتے هیں کہ ابو نصر سعید ابن عروبہ نے جنھوں نے سنہ ۱۵۶ هجري میں انتقال کیا کتاب تصنیف کي اور بعضے کہتےهیں کہ ربیع ابن صبیح نے جو سنہ ۱۶۰ هجري میں مرگئے سب سے اول کتاب لکھي اور اسي زمانہ کے قریب میں سفیان بن عیینہ اور مالک ابن انس کي تصنیفات مدینہ میں اور عبداللہ ابن وهب کي تصنیفات مصر میں اور معمر اور عبدالرزاق کي تصانیف یمن میں اور سفیان ثوري اور محمد ابن فضیل ابن غزوان کي کوفہ میں اور حماد ابن سلمہ اور روح ابن عبادہ کي بصرہ میں اور هشیم واسط اور عبداللہ ابن مبارک کي خراسان میں شایع هوئیں *

تیسري دفعہ مسلمانوں کے علوم کي ترقي اُسوقت هوئي کہ بعض لوگوں نے عقاید مذهبي میں اختلاف کیا اور فرق بدع و اهواء کا شیوع هوا اور علم کلام میں کتابیں تصنیف هوني شروع هوئیں پھر اسي علم کلام کو اور زیادہ ترقي هوگئي جبکہ تردید مسائل فلسفہ یونانیہ بھي جو عقاید اسلام کے برخلاف تھے اسمیں شامل کیئے گئے — سب سے اول اس علم میں حارث محاسبي نے کتاب تصنیف کي جو حضرت امام احمد حنبل کا همعصر تھا اول اول علماء اور اتقیا اس علم کو زندقہ والحاد سمجھتے تھے پھر رفتہرفتہ اسکي ایسي ضرورت معلوم هوئي کہ فرض کفایہ تک نوبت پهونچ گئي *

چوتھي دفعہ مسلمانوں کے علوم کي ترقي خلفاء عباسیہ میں هوئي کہ یونانیوں کے علوم یوناني زبان سے عربي میں هوئے اور مسلمانوں میں رایج هوئے اول اول ان علوم کے پڑ پر بھي کفر و ارتداد کے فتوی هوئے مگر چند روز بعد یهي فضیلت و کمال قرار پائے *

پانچویں دفعہ مسلمانوں کے علوم کي ترقي اُسوقت هوئي مسلمان عالموں نے معقول و منقول کي تطبیق کو ایک امر لا ضروري سمجھا اور یقین کیا کہ بغیر اسکے انسان کا ایمان نہیں هوسکتا *

اس فن میں سب سے زیادہ کمال امام غزالي رحمةاللہ حاصل کیا اُنکي کتاب احیاءالعلوم گویا سرچشمہ اس فن کا هی ابتدا میں امام غزالي کي نسبت بھي کفر کے فتوی هوئے اور اُنکي کے جلادینے کے اشتہار کیئے گئے مگر اخر کو حجةالاسلام اُنکا لـ اور اُنکي کتاب کو تمام عالم نے تسلیم کیا *

اُسکے بعد بہت کم کتابیں اس فن میں تصنیف هوئیں مگر زمانہ میں مولانا شاہ ولي اللہ صاحب رحمة اللہ علیہ اس متوجہ هوئے اور کتاب حجةاللہ البالغہ لکھي جو بلحاظ زمانہ کے درحقیقت نہایت عمدہ اور عجیب لطیف کتاب هی *

مگر اب یہہ تمام وقت جنکي کہاني همنے بیان کي گذر گئے اب بڑي ضرورت هی کہ مسلمانوں میں دو طرح پر علوم کي ترقي هو

اول جس طرح کہ قدیم یوناني فلسفہ اور حکمت هم مسلمانوں نے حاصل کي تھي اب فلسفہ و حکمت جدیدہ کے حاصل کرنے م ترقي کریں کیونکہ علوم یونانیہ کي غلطي اب علانیہ ظاهر هوگئي هی اور علوم جدیدہ نہایت عمدہ اور مستحکم بنیاد پر قا هوئے هیں *

دوسرے یہہ کہ جس طرح علماء سابق نے معقول یونانیہ منقول اسلامیہ کي مطابقت میں کوشش کي تھي اسي طرح حال معقول جدیدہ اور منقول اسلامیہ قدیمہ کي تطبیق میں کوشش کي جاوے تاکہ جو نتائج همکو پہلے حاصل هوئے تھے وہ اب بھي حاصل هوں *

اس کام کے کرنے میں بلاشبہہ بہت سے نادان برا کہینگے اور ز طعنہ دراز کرینگے مگر هم کو اسپر کچھہ خیال کرنا نہیں چاهیئم کیونکہ جن اگلے لوگوں نے ایسا کیا تھا اُن کا بھي یهي حالت هوا تھا مگر آخر کو سب لوگ اُسي کي قدر کرینگے *

راقــــــــم
سید احمد

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور باهتمام
حافظ محمد عبدالرزاق کے شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد دوم] یکم ذیحجہ سنہ ۱۲۸۸ ہجری [نمبر ۲۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و تصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت
صول ہو وہ کسی خاص شخص کی ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے
جرا و ترقی میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساتھہ روپیہ سالانہ پیشگی بطور
چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ
قتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ
یمت پیشگی دینی ہوگی اور اخراجات روانگی پرچہ سے اُن کو کچھہ
لاق نہوگا *

اگر کوئی شخص کوئی خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو فی پرچہ
ہار آنہ معہ اخراجات روانگی پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کے تقسیم کا
ھی بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کی بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرنی
منظور ہو یا خریداری اِس پرچہ کی مد نظر ہو یا کوئی مضمون اِس
پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا
زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد
خاں صاحب بہادر سی ایس آئی پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ
تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھی سے کی جاوے کیونکہ یہہ
پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے
تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق
ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں
مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ
مسلمانوں کی حسن معاشرت اور تہذیب کی ترقی ہو اور جو غلط اوہام
ترقی کے مانع ہیں وہ مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۶۰

اعتقادي باللہ

اشہدان لا الہ الا اللہ

میں نہایت سچے دل سے اس بات پر یقین رکھتا ھوں کہ تمام عالموں کا بنانے والا کوئي ھی' اور اُسي کو ھم کہتے ھیں اللہ وہ ھمیشہ سے ھی اور ھمیشہ رھیگا ' اُس کا ھونا ضروري ھی' اور اُسکا نہونا ممکن نہیں ' وہ سب سے بڑا ھی ' اور تمام صفات کمال اُسکي ذات میں موجود ھیں' اُسکا سا کوئي نہیں نہ ھونے میں کیونکہ ھونا اُسکي ذات ھی ' اور نہ کسي صفت میں کیونکہ اُسکي تمام صفتیں ھي اُسکي ذات ھی ' وہ زندہ ھی نہ جان سے بلکہ اپني ذات سے' وہ جانتا ھی نہ کسي جاننے والي چیز سے بلکہ اپني ذات سے' وہ دیکھتا ھی نہ کسي دیکھنے والي چیز سے بلکہ اپني ذات سے' وہ سنتا ھی نہ کسي سننے والي چیز سے بلکہ اپني ذات سے' وہ بولتا ھی نہ کسي بولنے والي چیز سے بلکہ اپني ذات سے' وہ تمام نقصانوں سے پاک ھی اور تمام عیبوں سے بے عیب ؛ یہہ مثل کہ بے عیب ذات خدا کي ھی بالکل اُسپر ٹھیک ھی ' تمام مخلوقات کا وھي خالق ھی اور تمام معلومات کا وھي عالم ھی ' سب ممکن چیزوں پر قادر ھی الحي القایم ھی ' دانا و بینا ھی ' نہ اُسکا کوئي مشابہ ھی ' اور نہ اُسکا کوئي مصاحب اور مددگار اور نہ اُسکي مانند کوئي ھی اور نہ اُسکا کوئي شریک ' نہ وجوب وجود میں ' اور نہ استحقاق عبادت میں ' اور نہ پیدا کرنے میں اور نہ صلاح و تدبیر بتانے میں ' پس اُسکے سوا کوئي کسي قسم کي عبادت یعني اظہار اپنے تذلل اور اُسکي غایت الغایت تعظیم کا مستحق نہیں ھی پس ھماری تذلل کا اور جو طریقہ اُسکي تعظیم کا ٹھرایا گیا ھو اُس طریقہ کي تعظیم کا استحقاق اُسکے سوا دوسرے کو نہیں *

وھي بیمار کو اچھا کرتا ھی اور وھي سب کو رزق پہونچاتا ھی وھي بلاؤں کو ٹالتا ھی اور وھي خوشیوں کو لاتا ھی مگر یہہ سب باتیں اپنے قانون قدرت کے مطابق کرتا ھی *

اُس کا قانون قدرت کبھي ٹوٹتا نہیں وہ ھر طرح کے قانون قدرت کے بنانے پر قادر ھی مگر جو قانون قدرت کہ اُس نے بنا دیا پھر اُسکے برخلاف کچھہ ھوتا نہیں *

قدرت کے قانون بنانے میں کسي سبب کا محتاج نہیں بدیع

السموات والارض واذا قضی امرا فانما یقول لہ کن فیکون امر کے لفظ سے وھي قانون قدرت مراد ھی جسکو بغیر کسي سبب کے صرف کن کے لفظ سے یعني ارادہ سے جو مقتضاے کمال ھی بتادیتا ھی *

وہ کسي میں سماتا نہیں اور نہ کسي میں ملتا ھی تعدد و حدوث آ ھي نہیں سکتا نہ اُس کي ذات میں اور صفات میں اُس کا تعلق متعلقات سے بھي حادث نہیں ھی متعلقات سے اُن کے وقتوں میں وھم حدوث اور خیال تعدد مگر اُس میں نہ حدوث ھی اور نہ کسیطرح کا تعدد *

وہ نہ جوھر ھی نہ عرض ھی نہ جسم ھی نہ کسي مکان میں ھی نہ کسي خاص جگہہ میں ھی نہ یہہ کہا جاسکتا یہاں ھی یا وھاں ھی نہ اُس میں حرکت ھی اور نہ اُس پر سکون اطلاق ھوسکتا ھی اور نہ اُس کي نسبت کسي جگہہ سے آنا اور جگہہ میں جانا بولا جاسکتا ھی اُس کے لیئے کوئي طرف و جہت متعین نہیں اینما تولوا فثم وجہہ اللہ اُس کا عرش پر ھونا انسانوں کو اُسکي بڑائي کا خیال دلاتا ھی نہ اُس کا عرش پر کي سمت پر ھونا اوپر تو ایک اضافي سمت ھی جو ھماري اوپر کي ھی وہ کسي دوسروں کے نیچے کي سمت ھی مگر عرش پر ھونے ھر ایک کے دل پر وحشي سے لیکر مہذب فلسفي تک کے دل پر اُس بڑائي کا خیال آتا ھی *

مرنے کے بعد مومنین و موحدین اُسکو دیکھیں گے وہ ایک روحاني انکشاف ھوگا جو عقلي تصدیق سے جیسیکہ اس دنیا میں ھم رکھتے ھیں بدرجہا بڑھکر ھو جسکي نسبت عرف عام میں آنکھوں سے دیکھنا کہا جاتا ھی مگر اُس رویت کے لیئے نہ سمت ھوگي یہہ بصر نہ صورت ھوگي نہ شکل نہ رنگ ھوگا نہ کوئي ڈھنگ مقابلہ ھوگا نہ آمنا سامنا محض ھو کا مقام ھوگا *

کفر و معاصي کا بھي اُسي قانون قدرت کے موافق وھي خالق ھی مگر اُس نے اپنے قانون قدرت سے انسان کو ایسا بنایا ھی جسمیں اُن سے بچنے کي قدرت رکھي ھی اِس لیئے اگرچہ خدا اُنکا خالق ھی مگر خود انسان اپني قدرت و اختیار سے اُن کا کاسب ھی گو بلحاظ قانون قدرت کاسب کا بھي خدا ھي پر اطلاق ھوسکے مگر اُسکو نہ کفر و معاصي سے کچھہ نقصان ھی اور نہ عبادت کي حاجت *

اُس کے تمام کام سراسر حکمت ھیں جو کچھہ کہ اُس سے ھو وہ سب نیک ھی کماقیل — انچہ از پردہ خفا بمنصہ ظہور جلوہ گراست ھمہ نیکو است *

پیر ما گفت خطا درقلم صنع نرفت
افریں بر نظر پاک خطا پوشش باد

پس جور و ظلم کي نسبت اُسکي طرف نہیں ھوسکتي وہ اپني مخلوق کو پیدا کرتا ھی جس طرح کہ اُسکي حکمت کا تقاضا ھوتا ھی عدل و حکمت کے لیئے ھر ایک کو اُسي کے حال میں دیکھنا چاھیئے

کیونکہ عدل و حکمت نسبتی چیز نہیں ہی بلکہ ہر ایک کے بمنزلہ اُسکے خاصہ کے ہی جسکی تعریف میں آیا ہی ما یوجد فیہ وجد فی غیرہ *

اُس کے سوا کوئی حاکم نہیں مگر اس سے یہہ لازم نہیں آتا وہ اندھا دھوندی سے لغو و بے فائدہ احکام جاری کرنے لگے پس اعتقاد رکھنا کہ حسن و قبح اشیاء کی اور کسی فعل پر ثواب یا ب ہونا صرف خدا کے حکم اور اُسکے امر و نہی کے سبب سے ہی س لغو اعتقاد ہی بلکہ حسن و قبح اشیاء کی اور کسی فعل پر اب و عقاب کا ہونا اسی قانون قدرت پر مبنی ہی اور خدا کے احکام سی قانون قدرت یان ہی پس اُن میں سے بعض تو ایسے ہیں کہ اُن کے حسن و قبح کو ابتداً ہی عقل انسان کی دریافت کرلیتی ہی ور بعض ایسے ہیں کہ بعد الاخبار من الرسل من اللہ تعالی اُن کے حسن و قبح کو عقل تسلیم کرتی ہی *

نہذا اعتقادی باللہ الواحد الاحد الصمد الذی لم یلد و لم یولد ولم یکن لہ کفوا احد و قد قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال لا الہ الا اللہ مستیقنا بہا قلبہ دخل الجنۃ فانا من اہل الجنۃ انشاء اللہ تعالی بحرمۃ سیدنا محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم تسلیما کثیرا کثیرا *

راقم

سید احمد

نمبر ۶۱

اقسام حدیث

انسان کی روحانی ترقی اور دنیاوی بہبودی اور حسن معاشرت اور علم و تجربہ کا کمال بہت کچھہ اُس کے مسایل مذہبی کی تنقیح پر موقوف ہی اوہام مذہبی کی تاریکی انسان کے دل کو سیاہ اور اس کے دماغ اور عقل کو کند اور خراب کردیتی ہی اس لیئے جو لوگ کہ مسلمانوں کی ترقی علوم اور ترقی تہذیب و شایستگی پر بحث کرتے ہیں اُن کو ایسے مسایل مذہبی سے بحث کرنا جو غلطی سے اُن چیزوں کے مانع خیال کیئے جاتے ہیں ناگزیر ہوتا ہی *

منجملہ اُنہی موانع کے بہت سے مسایل ہیں جن کی بنیاد غلط یا نامعتبر حدیثوں پر مبنی ہوتی ہی مسلمانوں میں یہہ ایک خیال عام ہوگیا ہی کہ جو بات کسی حدیث میں آئی ہی اُس سے انکار کفر یا خوف معصیت ہی مگر اس بات پر خیال نہیں جاتا یہہ بات سنیں کہ فلاں بات کسی حدیث میں ہی تو اول چاہیے تحقیق کریں کہ آیا وہ حدیث بھی معتبر ہی یا نہیں اور در حقیقت وہ قول یا فعل یا تقریر رسول خدا صلعم کی ہی یا نہیں *

غالباً لوگ یہہ سمجھتے ہونگے کہ تحقیق حدیث کا زمانہ گذر گیا اور جو کچھہ کہ اگلے علماء تحقیق کرکر لکھہ گئے ہیں وہی احادیث محققہ ہیں اب ہمارے لیئے صرف اتنی بات کا جاننا کافی ہی کہ وہ حدیث کتب حدیث میں مندرج ہی اور علماء نے اُس کو صحیح لکھا ہی *

ہمارا بھی مطلب اس مقام پر کسی نئی تحقیق سے نہیں ہی بلکہ ہم اُنہی حدیثوں کی نسبت جو کتب احادیث میں مندرج ہیں یہہ بات دیکھنی چاہتے ہیں کہ اِن میں سے کونسی حدیث درحقیقت قول یا فعل یا تقریر رسول خدا صلعم کی ہی اور کونسی اُن کی نہیں ہی بلکہ دوسرے شخص کی ہی تاکہ ہم اپنے رسول مقبول کے کلام کو دوسرے شخص کے کلام سے بالکل جدا کرلیں پس اسی مراد سے ہم اقسام حدیث کو جو علماء حدیث نے بیان کی ہیں اس مقام پر لکھتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ ان اقسام کی جتنی حدیثیں ہیں اُن میں سے کسی پر اس بات کا یقین کامل نہیں ہوسکتا کہ در حقیقت پیغمبر خدا صلعم کی حدیث ہی بلکہ بعضی قسموں کی نسبت تو یقین ہی کہ وہ آں حضرت صلعم کی حدیث نہیں ہی اور بعض قسمیں مشتبہ ہیں ممکن ہی کہ پیغمبر خدا صلعم کی حدیث ہوں اور ممکن ہی کہ نہوں چنانچہ اقسام مذکورہ یہہ ہیں *

اول حدیث بالمعنی — تمام علماء اور محدثین اس بات پر متفق ہیں کہ روایت احادیث کی بالفاظہ نہیں ہی بلکہ بالمعنی ہی یعنی احادیث مروجہ کے لفظ بعینہ وہ لفظ نہیں ہیں جو رسول خدا صلعم نے فرمائے تھے بلکہ راویوں نے اُن کا مطلب اپنے لفظوں میں بیان کیا ہی اور بخاری اور مسلم کی حدیثیں بھی ایسی ہی ہیں اور اسی طرح پر روایت ہوئی ہیں پس ہم اُس کے ہر ایک لفظ کو صاحب وحی کی طرف منسوب نہیں کرسکتے بلکہ صحابی و تابعی کی طرف بھی بالعزم نسبت نہیں کرسکتے کیونکہ ممکن ہی کہ وہ الفاظ سب سے اخیر راوی کے ہوں جس نے بخاری یا مسلم یا اور کسی سے روایت کی بلکہ کیا عجب ہی کہ بعض مقام پر خود بخاری یا دوسرے مصنف جامع حدیث کے لفظ ہوں *

اس کی تصدیق خود بخاری کی بہت سی حدیثوں کے آپس میں مقابلہ کرنے سے ہوتی ہی چنانچہ اس مقام پر تمثیلاً ہم دو حدیثوں کا آپس میں مقابلہ کرتے ہیں *

حدیث اول — حدثنا بشر بن خالد قال اخبرنا محمد عن شعبۃ عن سلیمان عن ابی وایل — قال ابو موسی لعبداللہ بن مسعود

اذالم يجدالماء لايصلي قال عبدالله نعم ان لم اجدالماء شهرا لم اصل لو رخصت لهم في هذا كان اذا وجد احدهم البرد (احدكم البرد) قال هكذا يعني تيمم وصلي قال قلت فاين قول عمار لعمر قال اني لم ار عمر قنع بقول عمار *

حديث دويم — حدثنا عمر بن حفص قال ثنا ابي قال ثنا الاعمش قال سمعت شقيق بن سلمة قال كنت عند عبدالله و ابي موسى فقال له ابو موسى ارايت يا اباعبدالرحمن اذا اجنب فلم يجد ماء كيف يصنع فقال عبدالله لا يصلي حتي يجدالماء فقال ابو موسي فكيف تصنع بقول عمار حين قال له النبي صلى الله عليه وسلم كان يكفيك قال الم تر عمر لم يقنع بذلك منه فقال ابو موسى فدعنا من قول عمار كيف تصنع بهذه الاية فما درى عبدالله مايقول فقال انا لو رخصنا لهم في هذا لاوشك اذا برد على احدهم الماء ان يدعه و تيمم فقلت لشقيق فانما كره عبدالله لهذا فقال نعم *

دونوں حديثوں ميں وه گفتگو مذکور هى جو درباب تيمم کے ابو موسى اور عبدالله ابن مسعود ميں هوئي تهي — پهلي حديث ميں تو مجملاً يهه بيان هوا هى که ابو موسي نے عبدالله ابن مسعود سے کها نه کيا جس شخص کو نهانے کي حاجت هو جب اُس کو پاني نملے تو وه نماز نه پڑهے عبدالله ابن مسعود نے کها که هاں اگر مجهکو مهينه بهر پاني نملے تو ميں نماز نه پڑهوں اگر ميں اُن کو تيمم کي اجازت دوں تو اُس وقت دوں که کسيکو سردي هوگئي هو کها که ايسا يعني تيمم کيا و نماز پڑهي ابو موسى نے کها که ميں نے عبدالله ابن مسعود سے کها که پهر وه کيا بات هوئي جو عمار نے عمر سے کهي تهي عبدالله بن مسعود نے کها که ميں خيال کرتا هوں که عمر عمار کي بات سے راضي نهيں هوئے تهے *

دوسري حديث ميں اسي واقعه کو دوسري تقرير سے بيان کيا هى که ابو موسى نے عبدالله بن مسعود سے کها که تم کيا خيال کرتے هو اے عبدالرحمن کے باپ که جب کسي کو نهانے کي حاجت هوجاوے اور اُس کو پاني نه ملے تو کيا کرے تب عبدالله بن مسعود نے کها که نماز نه پڑهے جب تک پاني نملے ابوموسى نے کها که تو آپ عمار کے قول کو کيا کرينگے جبکه رسول خدا صلى الله عليه وسلم نے اُن کو فرمايا تها که تيمم هي تجهکو کافي تها عبد الله نے کها که کيا تم نهيں ديکهتے که عمر اُن سے اسبات پر راضي نهيں هوئے تهے ابو موسى نے کها که هم عمار کے قول کو چهوڑ ديتے هيں آپ قران کي آيت ميں (جس ميں تيمم کا حکم هى) کيا کرينگے پهر عبدالله کي کچهه سمجهه ميں نه آيا که کيا کهيں پهر کها که جب هم اُن کو تيمم کي اجازت ديں که پاني کسي کو سردي پهونچاوے که اُس کو چهوڑدے اور تيمم کرلے *

اب ديکهو که ايک هي حديث هى اور ايک هي مطالب کو ايک راوي نے ايک تقرير سے اور دوسرے راوي نے دوسري بيان کيا هى اور اس سے بخوبي ثابت هى که حديث کي روا نهيں هوتي تهي بلکه بالمعني هوتي تهي *

اس بحث سے يهه نتيجه نکلتا هى که جسقدر احکام احا الفاظوں سے بخصوصيت الفاظ يا بوجهه تقديم و تاخير الفاظ يا خاصيت ابواب وغيره ازروے قواعد صرف و نحو و معاني و بيان جاتے هيں وه سب احکام اجتهادي هيں جو علماء نے الفاظ موجو نکالے هيں مگر امکان هى که رسول خدا صلى الله عليه وسلم مقصود نهو پس اس قسم کے تمام احکام منصوص نهيں هوسکت اجتهادي هيں يحتمل الخطاء والصواب *

دوم در حکم مرفوع — يعني درحقيقت حديث مرفوع تو وه هى که جس ميں بالتصريح يهه بات کهي گئي هو که رسول خدا نے فرمايا هى يا خود کيا هى يا آپ کے سامنے هوا هى ليکن اگر حديث ميں يهه بات بالتصريح نه بيان هوئي هو بلکه کسي صح يا تابعي نے کوئي ايسي بات کهي هو يا کي هو که عقل اور اجتهاد اُس کو کچهه تعلق نهو بلکه منقولات ميں سے هو مثلاً قيامت کا يا آينده کي خبر يا کوئي صحابي يا تابعي يوں کهے که پيغمبر صلعم کے زمانه ميں هم يوں کرتے تهے يا اسطرح پر کرنا سنت هى يهه حديث بهي در حکم مرفوع هى اور بعض علماء کا يهه قول هى ايسي حديث سے يهه بهي احتمال هى که صحابه اور خلفاے راشدين کي سنت مراد هو *

مگر ميں يهه بات کهتا هوں که يهه راے علماء متقدمين کي جو نسبت اُس حديث کے هى جس کو در حکم مرفوع قرار دي هى کوئي منصوص يا منقول بات نهيں هى بلکه اُن علماء کي راے هى اور وه بهي صرف اٹکل اور اندازه سے لکهي گئي هى مگر ايسي حديث کو در حکم مرفوع قرار دينا محض غلط اور بلاشبهه راے کي غلطي هى اس ليئے که يهه بات تحقيق هى که يهوديوں کے هاں بهي قيامت کي نسبت اور آينده کي خبروں ميں بهت سي روايتيں زبان زد تهيں اور يهوديوں کے هاں کي روايتوں کے ذکر کرنے کي خود پيغمبر خدا صلعم نے اجازت دي تهي پس ممکن هى که وه بيان صحابي يا تابعي کا کوئي روايت روايات يهود سے هو نه قول پيغمبر صلعم کا اور صرف اسبات کے کهنے سے که پيغمبر خدا صلعم کے زمانه ميں هم يوں کيا کرتے تهے اُس فعل کے سنت هونے پر بهي يقين نهيں هوسکتا ممکن هى که سنت هو اور ممکن هى که ايسا فعل هوا هو اُس زمانه ميں جس زمانه کا ذکر راوي نے کيا بموجب رسم

جاهلیت کے هوتا آیا هو اور سنت اُس کے برخلاف هو غرضکه ایسی حالت میں یقین کلی اسبات پر نه وه بلاشبهه قول یا فعل رسول هی هی نہیں هوسکتا *

سوم موقوف — یعنی ایسی حدیث جس میں قول یا فعل یا تقریر صحابی کا بیان هو اور جناب رسول خدا صلعم کی طرف نسبت نه کیا گیا هو *

چهارم مقطوع — یعنی وه حدیث جو تابعی تک پہنچکر ره جاوے اور اُس سے اوپر نه بڑھے *

پنجم معلق — یعنی وه حدیث جسکے کل راوی یا مبادی سند سے کچهه راوی چهوٹ گئے هوں *

ششم مرسل یا منقطع — یعنی وه حدیث جسکی اخیر سند میں تابعی کے بعد راوی کا نام نه لیا هو مثلاً تابعی یهه کهے که پیغمبر خدا صلعم نے فرمایا هی اور کسی صحابی کا درمیان میں نام نه لے *

هفتم معضل — یعنی وه حدیث جسکے راویوں سے درمیان کے راوی چهوٹ گئے هوں *

پس ان پانچوں قسموں کی حدیثوں میں سے کسی حدیث پر یقین نہیں هوسکتا نه بلاشبهه وه قول یا فعل یا تقریر رسول مقبول صلعم کی هی *

علماے سابقین نے جو کچهه اُن کی نسبت بیان کیا هی وه سب اُن کی راے اور اُن کی سمجهه بلا کسی منقول سند کے هی فرض کیا جاوے که ظن غالب اُن کی نسبت حدیث نبوی هونے کا هو الا اُس پر یقین نہیں هوسکتا *

منجمله اقسام مذکوره بالا کے حدیث معلق پر جو صحیح بخاری کے هر باب کے شروع میں هیں لوگوں نے گفتگو کی هی علماء سابقین کا یهه قول هی که اِس قسم کی حدیثیں جو صحیح بخاری میں هیں وه سب صحیح هیں اور بمنزله حدیث معضل کے هیں یعنی بمنزله ایسی حدیث کے جسکا کوئی راوی نه چهوٹا هو اِس لیئے که بخاری نے التزام کیا هی که سواے حدیث صحیح کے اور کوئی حدیث اپنی کتاب میں نه لاوے *

میں کہتا هوں که یهه راے بسبب حسن ظن کے به نسبت بخاری کے قرار پائی هی پس تعلیقات بخاری کا بمنزله حدیث معضل کے قرار دینا صرف حسن ظن هوا نه یقینی و ... ان بینهما *

اِسی طرح حدیث مرسل کی نسبت بحث هوئی هی جمهور علماء کا یهه مذهب هی که حدیث مرسل کو حدیث نبوی قرار دینے میں توقف چاهیئے یعنی وه نه تو اُس کو کهه سکتے هیں که حدیث نبوی هی نه کهه سکتے هیں که نہیں هی یعنی اُس میں شک هی ممکن هی که حدیث نبوی هو اور ممکن هی که نهو یعنی اُس کے حدیث نبوی هونے پر یقین نہیں هوسکتا اِس لیئے که ایک تابعی دوسرے تابعی سے بهی روایت کیا کرتا تها اور جو راوی چهوٹ گیا هی معلوم نہیں که ثقه هی یا نہیں اور یهه راے بالکل صحیح و درست معلوم هوتی هی *

مگر حضرت امام ابو حنیفه اور حضرت امام مالک کے نزدیک وه حدیث بالکل مقبول هی وه یهه بات فرماتے هیں که تابعی نے جو اوپر کا راوی چهوڑ دیا تو اُس کو اُس حدیث کی صحت پر کامل یقین هوگا ورنه وه اُس کو پیغمبر خدا صلعم کی نسبت منسوب نکرتا *

حضرت امام شافعی فرماتے هیں که اگر حدیث مرسل کی تقویت اَور کسیطرح پر بهی هوسکے تو وه حدیث قابل قبول هی *

حضرت امام احمد حنبل کی راے اِس باب میں یکسر نہیں هی ایک قول اُن کا هی که ایسی حدیث قبول کیجاوے ایک قول هی که توقف کیا جاوے *

بهر حال جو لوگ که حدیث مرسل کو قابل قبول ٹهراتے هیں اُنکی راے کی بنا صرف حسن ظن پر هی مگر کسیکو جزم اور یقین اِس بات پر نہیں هوسکتا که بلاشک وه حدیث پیغمبر خدا صلعم کی هی *

هشتم مدلس — یعنی وه حدیث جسکی روایت میں اُس شخص کا نام جس سے راوی نے حدیث سنی چهوڑ کر اُس سے اوپر کے راوی کا نام ایسے طور پر لیا جاوے جس سے یهه شبهه پڑے که اس راوی نے اُسی سے یهه حدیث سنی هی *

ایسی حدیث کی نسبت علماء کی یهه راے هی که اگر وه راوی ثقه اور نیک هی اور کوئی غرض فاسد اس میں نہیں رکهتا تو وه حدیث قبول کرنے کے لایق هی *

میں کہتا هوں که ایسی حدیث کے قبول کرنے کا مدار بهی صرف حسن ظن پر ٹهرا مگر اِس بات کا ثبوت یا یقین که یهه حدیث بے شک رسول مقبول صلعم کی هی حاصل نہیں هوتا *

نهم مضطر — وه حدیث هی جسکے راوی کو راویوں کے نام یا حدیث کی عبارت به ترتیب یاد نرهی هو *

دهم مدرج — وه حدیث هی جسمیں راوی نے کسی مطلب کے لیئے اپنی عبارت بهی ملادی هو *

ایسی حدیثوں پر کبهی یقین نہیں هوسکتا نه پیغمبر خدا صلعم کی حدیثیں هیں کیونکه ترتیب کی درستی اور عبارت زاید اگر حذف هی کیجاوے تو بهی یهه بات یقین کے لایق نہیں هی که بقیه الفاظ بے کم وکاست بلاشبهه رسول مقبول صلعم کے فرمائے هوئے هیں *

اقسام حديث

يازدهم معنعن — يعني وه حديث جسكو راوي نے عن فلاں عن فلاں كركر بيان كيا هو *

يهه ايک ايسي قسم كي حديث هى جس سے تمام حديث كي كتابيں بهري پڑي هيں اور اس قسم كي حديثيں بهت زياده غور كرنے كے لايق هيں *

واضح هو كه علماء حديث ميں حديث كي روايت ميں چار لفظ مستعمل هيں — حدثنا — اخبرنا — انبأنا — يهه تينوں لفظ جب بولے جاتے هيں تو سمجها جاتا هى كه پچهلے راوي نے اوپر كے راوي سے يهه حديث سني يا سيكهي هى مگر چوتها لفظ — عن — كا مشتبهه لفظ هى اس لفظ سے دونوں احتمال هيں كه پچهلے راوي نے اوپر كے راوي سے يهه حديث سني هو اور يهه بهي احتمال هى كه أس سے نه سني هو بلكه جس سے سني هو أس كا نام چهوڑكر أس سے اوپر كے راوي كا نام لے ديا هو *

پس اسبات كے قرار دينے ميں كه ايسي حديث كا كيا حال هى اختلاف هى شايد اسبات پر سب متفق هيں كه اگر أس ميں كوئي راوي ايسا هو جو كسي غرض فاسد سے أس راوي كا نام چهپايا كرتا هو جس سے درحقيقت أس نے حديث سني هى تب تو يهه حديث معتبر نهوگي اور اگر ايسا نهيں هى تو معتبر هوگي أس كے بعد علماء ميں اختلاف هى بعض عالموں كا يهه قول هى كه ايسي حديث كے معتبر هونے كے ليئے يهه بهي ضرور هى كه جس شخص نے بلفظ عن كسي سے روايت كي هى أن دونوں كا آپس ميں ملاقات هونا اور حديث سيكهنے كا أنكو موقع بهي هونا ثابت هو چنانچه بخاري كا مذهب يهي هى مگر مسلم إن باتوں كو قبول نهيں كرتا اور كسي شرط كو ضروري نهيں سمجهتا *

بهر حال همكو إن مذهبوں ميں بحث نهيں هى همكو صرف يهه بات دكهاني هى كه جس حديث ميں بلفظ عن روايت هوئي هى أس ميں برابر رسول مقبول صلعم تک راويوں كے نهونے كا احتمال هى اور اسي سبب سے يهه بهي احتمال هى كه وه حديث رسول خدا صلعم كي حديث نهو جن لوگوں نے كه مختلف شرطوں كے ساتهه أس كو حديث نبوي سمجها هى صرف قياس و تخمين و حسن ظن كے سبب سمجها هى كوئي ثبوت يا كوئي نص أس پر أن كے پاس نهيں هى پس ايسي حديث پر جزم و يقين اسبات كا كه بلاشبهه وه حديث پيغمبر خدا صلعم كي حديث هى نهيں هو سكتا *

دوازدهم مؤنن — يعني وه حديث جس ميں كسي راوي نے ان كے لفظ سے روايت كي هو اور اسكا حال بهي بجنسه ويسا هى جيساكه ... لفظ ... روايت كا هى *

علاوه إس كے بهي اور بهت سي قسميں حديثوں كي هيں جو ايك حسن اور درجه روات اور مضمون حديث وغيره سے علاقه ركهتي هيں مگر هم اُن كا اسمقام پر ذكر كرنا نهيں چاهتے كيونكه باقي اقسام حديثوں سے بالفعل جن ميں كچهه نقصان هى وه تو ناقص اور نامعتبر هي هيں هم صرف حديثوں پر بحث كرني چاهتے هيں جن ميں أس قسم كا نقصان نهيں هى اور پهر أن پر اسبات كا شبهه هى كه آيا درحقيقت وه حديث رسول مقبول صلعم كي هى يا نهيں پس يهه باره قسميں احاديث والے صحيح كي جو همنے بيان كيں ايسي هي هيں كه هر عاقل شخص اس سے بات كهے گا كه أن ميں سے حديث نبوي هونا بهي ممكن هى الا أن ميں سے كسيكا بهي باليقين حديث نبوي هونا ثابت نهيں هى *

علماء متقدمين نے جو كچهه راے اسكي نسبت قايم كي هى وه صرف أن كي راے هى كوئي حديث يا حكم من جانب شارع أس پر نهيں هى پس همارا بهي يهي مقصود هى كه جهاں تک ممكن هو هم بهي أن راويوں اور بزرگوں كا ادب ملحوظ ركهيں اور هميشه دل سے حسن ظن أن كي طرف ركهيں مگر ايسا كرنے ميں بالكل اندهے نهو جاويں اور خود كچهه بهي خيال نكريں بلكه همارا فرض هى كه هم أن حديثوں كے حديث نبوي ٹهرانے كے ليئے كوئي عمده اصول قرار ديں پس وه اصول يهه هيں *

اول — همكو ديكهنا چاهيئے كه ايا وه حديث احكام قران مجيد كے برخلاف هى يا نهيں اگر هو تو همكو يقين كرنا چاهيئے كه وه حديث نبوي نهيں هى جيسيكه حضرت عايشه رضي الله عنها نے حديث سماع موتى كي حديث نبوي هونے سے بسبب مخالفت قران كے انكار كيا باوجوديكه صحابي أس كے راوي تهے اور نهايت قليل زمانه عهد بركت عهد رسول مقبول صلعم سے گذرا تها *

دوم — أس حديث ميں اشياء موجوده ميں سے كسي شى كي حقيقت الهام سے بطور واقع كے بيان كي هو نه بطور عرف عام كے اور وه بيان درحقيقت أس موجوده شى كي حقيقت كے برخلاف هو تو وه حديث حديث نبوي نهيں هى *

سوم — أس حديث ميں كوئي ايسا واقعه بيان هو جو تاريخ سے علاقه ركهتا هى اور تاريخ سے ثابت هو كه وه واقعه صحيح نهيں هى تو هم أس حديث كو هرگز بطور حديث نبوي تسليم نهيں كرنے كے *

چهارم — أس حديث ميں ايسا واقعه حسى بيان كيا گيا هو كه اگر وه واقع هوتا تو هزاروں آدمي أس كو ديكهتے مگر أس كا هونا صرف أسي حديث كے راوي بيان كرتے هيں تو أس حديث كو بهي هم حديث نبوي نهيں قرار دينے كے *

پنجم — أس حديث ميں ايسي بات هو جو تمام لوگوں سے علاقه ركهتي هو اور جس كا جاننا سب كو ضرور تها مگر أس سے

جاہئیے حدیث کے راوی واقف تھے نہ اور کوئی تو وہ حدیث بھی
جایسا نہیں ہوسکتی *

ہی ... اُس حدیث میں کوئی بات برخلاف اُن احکام اور
... اسلام کے ہو جو معتبر حدیثوں سے ثابت ہوچکے ہیں
یا ... کو بھی حدیث نبوی قرار نہیں دے سکتے *

... اُس حدیث میں ایسے عجائبات بیان ہوئے ہوں جسے
... نہ کرتی ہو اور جب تک کہ اُن کا الہام سے بیان ہونا نہ
... تو وہ تسلیم کرنے کے لایق نہوں پس جبکہ ایسے عجائبات
... کی حدیثوں میں مذکور ہوں جنکا اوپر ذکر ہوا تو اُن حدیثوں
... حدیث نبوی میں داخل نہیں کرسکتے اسلیئے کہ بہ سبب اُن
... اور احتمالوں کے جو اس قسم کی حدیثوں میں ہیں اور
... اوپر بیان ہوا اُن عجائبات کا الہام سے بیان ہونا اور جناب رسول
... لعم کا اُن عجائبات کو بیان کرنا ثابت نہیں ہوتا اور جب نہ
... الہام سے بیان ہونا ثابت نہیں ہی تو اُس حدیث کو جس میں وہ
... ت ہیں حدیث نبوی بھی قرار نہیں دے سکتے *

... سی قسم میں وہ حدیثیں بھی داخل ہیں جن میں تھوڑے سے
... بڑے بڑے ثوابوں کا اور جنت میں محلوں کے بننے کا یا ادنی
... میں سخت سخت عذابوں کا ذکر ہوا ہی *

... تمام مذکورہ بالا کی حدیثیں تمام کتب احادیث میں یہاں تک
... ری و مسلم میں بھی موجود ہیں پس ہم جو کچھہ کہتے ہیں
... قدر کہتے ہیں کہ اس قسم کی حدیثوں میں سے کسی حدیث
... اس وجہہ سے کہ فلاں حدیث کی کتاب میں مندرج ہی
... نبوی کہنا نہیں چاہیئے بلکہ اُن اصول ہشتگانہ سے اُنکا امتحان
... م ہی اگر اُس میں بھی وہ ٹھیک اور پوری اُترے اُسوقت
... نسبت حدیث نبوی ہونے کا ظن غالب کہنا چاہیئے کیونکہ اس
... کے بعد بھی اس سبب سے کہ اُس حدیث کی روایت ہی اس
... ہی جس سے حدیث نبوی ہونے کا ثبوت نہیں ہی اُس
... کو بالجزم اور بالیقین حدیث نبوی نہیں کہہ سکتے *

راقـــــــم
سید احمد

نمبر ۶۲

تعلیم مذہبی

... تو گویا بالاتفاق تمام مسلمان اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ
... پڑھنے اور علوم جدیدہ کے سیکھنے سے مسلمان اپنے عقاید
... میں سست ہوجاتے ہیں بلکہ اُنکو لغو سمجھنے لگتے ہیں اور
... ہوجاتے ہیں اور اسی سبب سے مسلمان اپنے لڑکوں کو انگریزی
... نے ... *

مسلمانوں پر کیا موقوف ہی انگریز بھی ایسا ہی خیال کرتے ہیں چنانچہہ ڈاکٹر ہنٹر صاحب نے اپنی کتاب میں جو حال میں اُنہوں نے ہندوستان کے مسلمانوں کی نسبت لکھی ہی یہہ فقرہ مندرج فرمایا ہی *

” کوئی نوجوان خواہ ہندو خواہ مسلمان ایسا نہیں ہی جو ہمارے انگریزی مدرسوں میں تعلیم پائے اور اپنے بزرگوں کے مذہب سے بد اعتقاد ہونا نہ سیکھے — ایشیا کے شاداب اور تر و تازہ مذہب جب مغربی (یعنی انگریزی) علوم کی سچائی کے قریب آتے ہیں جو مثل برف کے ہی تو سوکھہ کر لکڑی ہوجاتے ہیں “ امنا و صدقنا یہہ قول ڈاکٹر ہنٹر صاحب کا بالکل سچ اور بتمامہ سچ ہی *

اب مسلمانوں کو بھی اسکی فکر پڑی ہی وہ دیکھتے ہیں کہ انگریزی پڑھنے کی ضرورت تو روز بروز زیادہ ہوتی جاتی ہی اور بغیر انگریزی پڑھے اب گذارہ نہیں ہوسکتا مگر وہ مذہب کو بھی عزیز سمجھتے ہیں اور اُسکو ہاتھہ سے جاتا ہوا دیکھہ کر بالکل بیقرار اور بے چین ہیں اور طرح طرح کی تدبیریں سوچتے ہیں اور ہم ایک کونے میں کھڑے ہوئے ہنستے ہیں اور آہستہ آہستہ کہتے ہیں کہ میاں اگر تمہارا مذہب ایسا ہی بودا تھا تو جانے دو ایسی بودی چیز رہی تو کیا اور گئی تو کیا مگر جب کوئی ہماری چپکی چپکی آواز سن لیتا ہی تو ہم پر فراتا ہی کہ کیا ہمارا مذہب کم زور ہی مگر دامیں کہتا ہی کہ بات تو سچ کہی ہی بودا تو ہی کہ ذرا سی انگریزی پڑھنے سے ڈھا جاتا ہی *

بڑے بڑے معمم و مشمشل قدوس عالموں نے بہت غور کے بعد یہہ تجویز کی کہ انگریزی تعلیم کے ساتھہ مذہبی تعلیم بھی دی جاوے اور کتب درسیہ عقاید اور فقہ و اصول و تفسیر و حدیث و علم کلام بھی انگریزی کے ساتھہ پڑھائی جاویں تاکہ عقاید مذہبی پختہ و درست رہیں اور علوم غربیہ کے ریلے میں بہہ نجاویں *

مگر میں یہہ عرض کرتا ہوں کہ محققانہ تعلیم مذہبی اصول حقہ واقعیہ پر بلاشبہہ مانع نقصان عقاید حقہ اسلامیہ کے ہوگی مگر تقصیر معاف ہو یہہ اندھی تقلیدی تعلیم مذہبی تو مانع نقصان عقاید نہیں ہوسکتی اور یہہ کتب درسیہ مذہبیہ تو لامذہبی کا علاج کر نہیں سکتیں بلکہ اگر یہہ کتابیں انگریزی تعلیم اور مغربی علوم کے ساتھہ پڑھائی جاوینگی تو اور زیادہ لامذہبی اور بد اعتقادی پھیلے گی اِس لیئے کہ سوائے قران مجید کے جسقدر کتب مذہبیہ اس زمانہ تک موجود ہیں ہزاروں غلطیوں سے معمور ہیں کوئی ایک کتاب بھی ایسی نہیں ہی جسمیں کوئی نہ کوئی عظیم الشان غلطی موجود نہو اور جس نے اسلام کی سچی اور صحیح سیدھی سادی حقیقت کو وہمی اور خیالی نہ بنادیا ہو *

مقدس لوگوں نے موجودہ مذہبی تعلیم کو اُس لامذہبی کا [علاج] سمجھا ہی اُنہوں نے یہہ خیال کیا ہوگا کہ جس زمانہ [میں] فلسفہ یونانیہ مسلمانوں میں شایع ہوا تو بڑے زور و شور سے [زندقہ] و الحاد نے رواج پایا مگر اُس زمانہ کے عالموں نے فلسفہ یونانیہ [کے] ساتھہ عقاید مذہبی کی تعلیم کو شامل کردیا جس کے سبب سے [زند]قہ و الحاد جاتا رہا *

مگر میری یہہ عرض ہی کہ اگر اُس زمانہ میں ایسا ہوا بھی [تو] حال کے زمانہ میں اُن کتابوں سے اُس نتیجہ کی اُمید رکھنا [قیاس] مع الفارق ہی جس زمانہ میں کہ فلسفہ یونانیہ مسلمانوں میں [شایع ہ]وا اور اُس زمانہ میں جو کتب مذہبیہ تھیں اُنکو بھی اُس [زمانہ] کے عالموں نے اُس زندقہ اور الحاد کے روکنے کو کافی نہ سمجھا اس لیئے اُنہوں نے نئی نئی کتابیں علم کلام کی تصنیف کی [تھیں] اور اُن کتابوں میں اُنہوں نے زندقہ و الحاد دور کرنے کے لیئے [اص]ول قرار دیئے تھے یعنی یا تو اُن مسائل فلسفہ یونانیہ کی جو [مسائل] مذہبی کے برخلاف تھے غلطی ثابت کردیتے تھے یا مسائل مذہبی کی تطبیق مسائل فلسفیہ سے کردیتے تھے مگر اب میں نہایت ادب سے پوچھتا ہوں کہ جو کتب مذہبی اب تک ہمارے ہاں موجود ہیں اور پڑھنے پڑھانے میں آتی ہیں ان میں سے کون سی کتاب ہی جس میں فلسفہ مغربیہ اور علوم جدیدہ کے مسائل کی تردید یا تطبیق مسائل مذہبیہ سے کی ہو *

وجود سموات سبع کی ابطال پر جو دلیلیں ہیں اُن کی تردید کس کتاب میں لکھی ہی اثبات حرکت زمین اور ابطال حرکت دوری آفتاب پر جو دلیلیں ہیں اُن کی تردید کس سے جاکر پوچھیں عناصر اربع کا غلط ہونا جو اب ثابت ہوگیا اُس کا کیا علاج کریں

آیہ کریمہ و لقد خلقنا الانسان من سلالة من طین ثم جعلناه نطفة فی قرار مکین ثم خلقنا النطفة علقة فخلقنا العلقة مضغة فخلقنا المضغة عظاماً فکسونا العظام لحما کی جو تفسیر عالموں نے لکھی ہی فن تشریح کی رو سے وہ غلط معلوم ہوتی ہی ہم اپنی آنکھوں سے بوتلوں میں بھرے ہوئے نطفہ سے لیکر بچہ کے پیدا ہونے تک کے تغیرات کو دیکھتے ہیں جو مفسرین کی تفسیروں کی غلطی کو ثابت کرتے ہیں پھر کیونکر ہم اُس پر اعتقاد رکھیں — خدا کی بات اور اُس کا کام ایک ہونا چاہیئے یہہ مسئلہ تمام دنیا نے تسلیم کرلیا ہی پھر اُس کی تصدیق مذہب اسلام کی کس کتاب میں ڈھونڈیں اور کس ملاں و اخوند سے جاکر پوچھیں جب کوئی بات بھی ان میں سے موجودہ کتب مذہبی میں نہیں ہی تو اُن سے لامذہبی جو فلسفہ مغربیہ و علوم محققہ جدیدہ سے ہوتی ہی کیونکر رفع ہوگی یہہ باتیں نہایت صاف ہیں اُن کو ظاہر میں ماننا دوسری بات ہی مگر کوئی نہوگا جو اپنے دل میں ان باتوں کو سچ نجانتا ہوگا [اس] حالت میں ان کتابوں کا نہ پڑھنا اُن کے پڑھنے سے ہزار درجہ [بہتر] ہی مسلمان ہونے اور بہشت میں جانے کو خدا کو ایک و پیغمبر کو برحق جاننا کافی ہی عمل کو نماز پڑھ لینی روزہ رکھہ دینا بس اُن غیر مفید کتابوں کے پڑھنے سے کیا حاصل ہی *

ہاں اگر مسلمان مرد میدان ہیں اور اپنے مذہب کو سچا سمجھتے ہیں تو بے دھڑک میدان میں آویں اور جو کچھہ اُن کے بزرگوں نے فلسفہ یونانیہ کے ساتھہ کیا تھا وہ فلسفہ مغربیہ محققہ جدیدہ کے ساتھہ کریں تب البتہ اُن کا پڑھنا پڑھانا [مفید] ہوگا ورنہ اپنے منہہ میاں مٹھو کہہ لینے سے کچھہ فائدہ نہیں

راقم

نمبر ۶۳

علوم جدیدہ

ہماری تحریروں میں اکثر لفظ "علوم جدیدہ" آتا ہی [اور] اُسکی مراد میں لوگوں کو شبہہ رہتا ہوگا اسلیئے اُسکی تفسیر مناسب معلوم ہوتی ہی *

واضح ہو کہ علوم جدیدہ سے تین قسم کے علوم مراد ہیں جو متقدمین یونانیہ اور حکماے اسلامیہ کے زمانہ میں مطلق [نہ تھے] اور اب حال میں ایجاد ہوئے ہیں مثلاً جیالوجی اور ایلا[کٹرسٹی] وغیرہ — دوسرے وہ علوم جنکا نام تو متقدمین یونانین اور [حکماے] اسلامیہ میں تھا مگر جن اصول پر وہ علوم مبنی تھے [وہ] ا[صول غلط] ثابت ہوکر متروک ہوگئے اور اب نئے اصول قایم ہوئے جنکو قدیمہ سے کچھہ مناسبت نہیں اور بجز اتحاد نام کے اور کچھ نہیں رہا مثلاً علم ہیئت اور کمسٹری وغیرہ — تیسرے وہ [علوم جو] متقدمین یونانیہ اور حکماء اسلامیہ کے زمانہ میں بھی تھے اُ[ن کے] اصولوں میں بھی کچھہ اختلاف نہیں ہوا مگر اب اُنکو کمال [ترقی] ہوگئی ہی کہ زمانہ حال میں بالکل نئے معلوم ہوتے ہیں [جیسے] میکینکس یعنی علم آلات جو ہمارے ہاں بلفظ علم جرثقیل [مشہور] ہی اور علم حساب جبر مقابلہ علم ہندسہ وغیرہ پس ہم اپنے پرچہ ہذا سے امید رکھتے ہیں کہ وہ جہاں ہماری تحریر میں [علوم] جدیدہ کا لفظ دیکھیں اُس سے ہماری مراد ان تینوں قسموں سے [ہر] قسم کو یا کل کو مجموعاً و منفردا تصور فرماویں *

راقم
سید احمد

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور باہتمام
حافظ محمد عبدالرزاق کے شایع ہوا

کتب خانہ
جامعہ عثمانیہ

۱۔ اراکین مجلس اعلیٰ مجلس [illegible] ایک [illegible] کتابیں [illegible] رکھ سکیں گے

۲۔ اساتذہ جامعہ عثمانیہ [illegible] کتابیں [illegible] ایک ماہ [illegible] پاس رکھ سکیں گے

۳۔ طلبائے ایم اے ال ال بی [illegible] دو کتابیں [illegible] پاس رکھ سکیں گے

۴۔ طلبائے [illegible] کتابیں [illegible] ایک کتاب [illegible]

۵۔ مدت مقررہ ختم ہونے پر کتابیں واپس [illegible] لازم ہے

۶۔ کتابوں پر کسی قسم کا نشان بنانا [illegible]

۷۔ [illegible] کتابیں جاری نہ کی جائیں گی

۸۹۱۵۲

کتب خانہ
جامعہ عثمانیہ

۱۔ اراکین مجلس اعلیٰ، مجلس [illegible] ایک وقت میں [illegible] کتابیں [illegible]

۲۔ اساتذہ جامعہ عثمانیہ [illegible] ایک وقت میں پانچ کتابیں [illegible] اس کو [illegible]

۳۔ طلبائے ایم اے، ال ال بی [illegible] دو کتابیں [illegible] لے سکیں گے۔ اور [illegible] طلبہ [illegible] کتابیں اپنے پاس رکھ سکیں گے۔

۴۔ مدت مقررہ پر کتاب واپس نہ کی گئی تو [illegible] جاری کی جا سکیں گی [illegible] ایک ہفتہ [illegible] فی کتاب [illegible] لازم ہے۔ [illegible] کتابیں گم یا خراب ہو جائیں تو [illegible]

۵۔ کتابوں پر کسی قسم کا نشان یا حاشیہ [illegible] لگایا جائے۔

۶۔ قلمی نسخے اور حوالے کی کتابیں جاری نہیں کی جا سکیں گی۔ فقط

[illegible]